وكل هذا حاله يكون ممن ثقلت موازينه فهو في عيشة راضية هذا حال من اجتنب جميع الكبائر
اور ایسی ہی لوگ ہونگی جنکی تولین بہاری ہونگی سو وہ نہایت پسندیدہ آرام مین ہین یہہ حال تو اوسکا ہی جو تمام کبایر سی بچتا رہا

وادی جمیع الفرائض واما من ارتکب بعضا من الکبائر او ترك بعضا من الفرائض فانه ان تاب توبة
اور اوسنی تمام فرایض ادا کئی اور جسنی کچھ کچھ کبیرہ گناہ بہی کئی اور کوئی کوئی فرض بہی نہ ادا کیا تو ایسی شخص نی اگر کامل توبہ کی

نصوحا قبل قرب الاجل یلتحق ممن لم یرتکب ذنبا لان التائب من الذنب کمن لا ذنب له والثوب المغسول
حالت نزع سی پہلی تو یہہ اونہیں شامل ہی جسنی کوئی گناہ نہیں کیا اسلئی کہ گناہ سی توبہ کرنیوالا ایسا ہی جیسی بی گناہ اور دہویا ہوا کپڑا ایسا ہوتا ہی

کالثوب الذی لم یتوسخ وان لم یتب بل مات قبل التوبة فامرہ مخطر عند الموت اذ ربما یکون موته علی
جیسی میلا نہیں ہوا اور اگر توبہ نہیں کی بلکہ توبہ سی پہلی مرگیا تو اوسکی حق میں مرتی وقت کا اندیشہ ہی اسواسطی اکثر اوقات ایسی موت

الاصرار سببا لزوال ایمانه فیختم له بسوء الخاتمة ویبقی فی جهنم ابد الاباد وان لم یختم له بسوء الخاتمة
اسرار پر باعث ایمان کی زوال کی ہوجاتی ہی پہر اوسکا خاتمہ بد ہوگا اور ہمیشہ کو دوزخ میں پڑا رہیگا اور اگر اوسکا خاتمہ بد نہوا

بل مات علی الایمان فان لم یعف الله تعالی یعذب عذابا یزید علی عذاب المناقشة فی الحساب ویکون
بلکہ ایمان سی موا پہر اگر اللہ تعالی نی معاف نکیا تو اوسکو ایسا عذاب ہوگا جو حساب میں سختگیری کی عذاب سی زیادہ ہو اور

کثرة العقاب من حیث المدة بحسب کثرة الاصرار ومن حیث الشدة بحسب شدة قبح الکبائر ومن حیث
افزایش عذاب کی درازی مدت سی باعتبار زیادتی اصرار کی ہوگی اور افزایش سختی میں باعتبار سختی گناہ کی ہوگی اور

اختلاف النوع بحسب اختلاف انواع المعاصی وعند انقضاء مدة العقاب ینزل فی درجات اصحاب
تبدیل عذاب کی باعتبار تبدیل گناہ کی یعنی جیسا گناہ ویساہی عذاب ہوگا اور بعد گذرجانی مدت عذاب کی وہ شخص اونکی مرتبہ میں شامل ہوویگا جنکو

الیمین وفی الخبر ان اخر من یخرج من النار یعطی مثل الدنیا کلها عشرة اضعاف ولا یخرج من النار الا موحد
اعمالنامہ داہنی ہاتہہ میں ملینگی اور حدیث میں ہی کہ سب سی پیچہی جو دوزخ سی باہر آویگا اوسکو تمام دنیا سی دس گونہ زیادہ عنایت ہوگا اور دوزخ میں سی سوا موحد کی

ولیس المراد من الموحد من یقول بلسانه لا اله الا الله فقط لان اللسان من هذا العالم الذی یعبر عنه
کوئی خلاص نہوویگا اور موحد سی مراد وہ شخص نہیں ہی جو صرف زبان سی لا اله الا الله کہا کری اسلئی کہ زبان آلہ اس عالم کا ہی جسکو

بعالم الملك والشهادة فلا ینفع النطق به الا فی هذا العالم حیث یدفع سیف المسلمین عن رقبته وایدی
عالم ملک اور شہادت کہتی ہیں سو زبانی کلمہ پڑہنی سی صرف اسی عالم میں فائدہ ہوگا اسواسطی کہ تلوار مسلمانوں کی اوسکی گردن سی دور رہیگی اور ہاتہہ

الغانمین عن ماله ومدة الرقبة والمال مدة الحیوة واذا لم یبق الرقبة والمال لا ینفع النطق به وانما ینفع الصدق
غنیمت کرنیوالوں کا اسکی مال سی الگ رہیگا اور گردن اور مال تو زندگی بہر ہی پہر جب گردن اور مال نرہیگا یعنی بعد موت کی وہ کلمہ پڑہنا کچھ کام نہ آویگا

فی التوحید وکمال التوحید الاستقامة علی فعل المامورات وترك المنهیات ولا یتاتی ذلك الا بغلبة الیقین
توحید میں صرف تصدیق کام آویگی اور کمال توحید کا مامورات کی عمل کرنی پر اور منہیات کی ترک کرنی پر قایم رہنی سی ہی اور یہہ تو تب حاصل نہیں ہوتی

علی القلب بعد نفی الشك عنه فان من غلب علی ظنه ان من یعمل مثقال ذرة خیرا یره ومن یعمل مثقال ذرة
جبتک دل پر یقین غالب نہو اور شک دل میں سی نجاتا رہی کیونکہ جسکی گمان میں یہہ بات جم گئی کہ جو ذرہ بہر بہلائی کو عمل میں لاویگا وہ دیکہیگا اور جو ذرہ بہر برائی کریگا

شرا یره لا شك ان یحرص علی تحصیل الطاعات ویحفظ قلیلها وکثیرها ویترك الذنوب والسیات
سو دیکہیگا تو بیشک وہ شخص جہانتک بنی عبادت کو حاصل کریگا اور عبادت میں سی تمام چہوٹی اور بڑی کی حفاظت کریگی اور تمام گناہ اور برائیوں کو چہوڑیگا

ویجتنب صغیرها وکبیرها وقلیلها وکثیرها وهذا هو الایمان الحقیقی والتوحید الیقینی والناس فی هذا
اور تمام صغیرہ اور کبیرہ سی اور تہوڑی اور بہت سی بچیگا اور یہہ ہی حقیقی ایمان اور یقینی توحید ہی اور آدمی اس توحید کی اندر

التوحید متفاوتون فمنهم من له توحید مثل الجبال ومنهم من له توحید مثل دینار ومنهم من له توحید
مختلف درجہ کی ہیں بعضی وہ ہیں جنکی توحید برابر پہاڑ کی ہی اور بعضی ایسی ہیں جنکی توحید برابر دینار کی ہی اور بعضی ایسی کہ جنکی توحید

مقدار خردلة وذرة فمن فی قلبه مثقال دینار من الایمان فهو اول من یخرج من النار وآخر من یخرج

برابر دانہ رائی اور ذرہ کی ہی پھر جسکی دل مین ایمان برابر دینار کی ہی وہ سب سی پہلی دوزخ کی اندر سی باہر آویگا اور سب سی پیچھی دوزخ کی

منها من فی قلبه مقدار ذرة من الایمان واکثر ما یدخل الموحدین النار مظالم العباد وقد جاء فی الاثر

اندر سی وہ نکلیگا جسکی دل مین ایمان برابر ذرہ کی ہی اور موحد آدمی اکثر دوزخ مین بسبب حق العباد کی جاوینگی اور حدیث اثر مین آیا ہی

ان العبد لیوقف بین یدی الله تعالی وله حسنات امثال الجبال لو سلمت له لکان من اهل الجنة فیقوم

کہ ایک شخص سامنی الله تعالی کی کھڑا ہوگا اور اوسکی حسنات پہاڑ کی برابر ہون گی اگر وہ سب اوسکی لئی بچی رہتین تو بیشک جنتی ہوتا پہر اوکی

اصحاب المظالم فکان قد سب هذا وضرب هذا واستخدم هذا واخذ مال هذا فیقتص من حسناته

مدعی کہڑی ہونگی اوسنی اوسکو گالی دی تہی اور اوسکو مارا تہا ایک سی خدمت لی تہی کسیکا مال چہین لیا تہا اب ان سبکا بدلہ اوسکی حسنات مین سی

حتی لا یبقی له حسنة فیقول الملئکة یا ربنا قد فنیت حسناته وبقی الطالبون کثیر فیقول الله تعالی

آخر اوسکی پاس کچہہ بہی نہین بچیگا پہر فرشتی کہینگی یا الہی اوسکی حسنات تو ہو لیئ اور مدعی بہت موجود ہین الله تعالی فرماویگا

القوا من سیاتهم علی سیاته وصکوا له صکا الی النار وکما یهلک الظالم بسیئة غیره بطریق القصاص

اونکی گناہ اسکی ذمہ پر رکہدو اور اوسکی لئی دروازہ دوزخ کا کہولدو اور جیسی ظالم غیرونکی گناہ سی یعنی بدلہ مین مارا جاتا ہی

فکذلک ینجو المظلوم بحسنة الظالم اذ تنقل حسنته الیه عوضا عما ظلمه به واذا تقرر هذا فالواجب

ایسی ہی مظلوم ظالم کی حسنات سی بچ جاتا ہی جب ظالم کی حسنات مظالم کی بدلہ مین مظلوم کو ملجاتی مین جب یہہ بات ٹہری تو ہر مسلمان پر واجب ہی

علی کل مسلم البدار الی محاسبة نفسه کما روی عن عمر بن الخطاب انه قال حاسبوا انفسکم قبل ان

کہ جلد اپنی ذات کا حساب سمجہہ لی چنانچہ روایت ہی عمر بن الخطاب سی کہ فرماتی ہین اپنا حساب سمجہہ رکہو پہلی

تحاسبوا وزنوا انفسکم قبل ان توزنوا فانکم ان کنتم تحاسبون انفسکم الیوم وتزنونها للعرض الاکبر

حساب دینی سی اور اپنا کیا تول رکہو پہلی تول دینی سی کیونکہ اگر تم آج اپنا حساب سمجہہ لوگی اور بڑی وقت کی واسطی تول رکہوگی

یکون الحساب علیکم غدا اهون وتعرضون یومئذ لا تخفی علیکم خافیة وطریق المحاسبة ان

تو کل کو حساب تم پر بہت آسان ہوگا اوسدن سب سامنی ہوگا کوئی بات چہپی نرہیگی اور حساب سمجہنی کا یہہ ڈہب ہی

ینظر المرء فی احواله هل علیه شئ من حقوق الله تعالی وحقوق الناس ام لا فیقضی ما فاته من فرائض

کہ آدمی اپنی حال مین غور کری آیا مجہپر کوئی حق الله یا حق العباد باقی ہی یا نہین پہر چاہئی کہ ادا کری اگر کوئی فرض

الله تعالی ویرد المظالم حبة حبة ویستحل کل من تعرض له بیده ولسانه وقلبه بان اساء له الظن

الہی رہ گیا ہو اور حق العباد کا دانہ دانہ پہیر دی اور معاف کرالی ہر ایک سی جسکو ستایا ہوا ہاتہہ سی اور زبان سی اور دل سی اسطور کہ اوسکی حق مین بدگمانی کی

ویطیب قلوبهم حتی یموت ولم یبق شئ علیه من حقوق الله تعالی وحقوق العباد ویدخل الجنة بغیر

اور اونکا دل خوش کر دی آخر ایسی حال مین مری کہ اوسکی ذمہ پر کوئی حق الله اور حق العباد باقی نہو اور بہشت مین بی

حساب یسرنا الله بفضله **المجلس التاسع فی لزوم الاتباع للنبی صلی الله علیه**

حساب چلا جا الہی اپنی فضل سی ہمپر آسان کر دی نوین مجلس ضروری ہونی مین اتباع نبوی صلی الله علیه

وسلم فیما جاء به وفیه تحقیق قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یؤمن احدکم

وسلم کی تمام احکام مین جو لای ہین اور اسمین تحقیق ہی فرمایا رسول الله صلی الله علیه سلم نی مؤمن نہین ہوگا کوئی تم مین سی

حتی یکون هواه تبعا لما جئت به هذا الحدیث من صحاح المصابیح رواه عبد الله بن عمرو بن العاص

جبتک ہووی خواہش اوسکی مطابق میری لائی ہوئی کی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی عبد الله بن عمرو بن العاص کی روایت سی

معناه ان احدكم لا يبلغ درجة كمال الايمان حتى يخالف هواه ويتبع الحق ولا يسلط هواه على الحق
اسکی معنی یہہ ہین کہ البتہ کوئی تم مین سی نہین پاویگا درجہ کمال ایمان کا یہان تک کہ اپنی ہوا ہوس کی خلاف کری اور تابع حق کا ہو اور اپنی ہوا ہوس کو حق پر غالب نکری
بل يكون الحق الذى جئت به مسلطا على الهوى فان من يعمل بهوى نفسه لا يريد نفسه شيئا الا
بلکہ حق ہی جو مین لایا ہون خواہش پر غالب رہی کیونکہ جو شخص مطابق اپنی خواہش نفسانی کی عمل کیا کری تو پہر اسکا نفس جو خواہش کریگا
يرتكبه ويخالف مولاه ويجعل هواه الها لنفسه كانه يعبده ولهذا قال النبى عليه السلام ما عُبِدَ تحت
سو عمل کریگا اور اپنی مولی کا مخالف ہوکر اپنی خواہش نفسانی کو اپنا معبود بناویگا گویا یہہ اوسکی پرستش کرتا ہی اسیلئی فرمایا ہی نبی صلی اللہ علیہ نی نہین پوجا گیا آسمان کی
السماء اله ابغض الى الله تعالى من الهوى وفى رواية ان ابغض اله عُبِد فى الارض عند الله تعالى
تلی کوئی معبود جو بدتر ہو نزدیک اللہ تعالی کی ہوا سی اور ایک روایت مین یہہ ہی بیشک بدتر معبود جو پوجا جاتا ہی زمین پر نزدیک اللہ کی
هو الهوى وفى الحقيقة ان من تامل يعلم ان من يعبد الصنم لا يعبد الصنم وانما يعبد هواه لكون
ہوا ہی اور حقیقت مین جو شخص غور کرکر دیکہی تو جان لی کہ جو آدمی بت کو پوجتا ہی وہ بت کو نہین پوجتا اپنی ہوا کی پرستش کرتا ہی کیونکہ اوسکا
نفسه مائلة الى دين ابائه فيتبع ذلك الميل الذى يعبر عنه بالهوى اذ من عادة اهل الهوى ان يستحسنوا
دل باپ دادون کی دین پر جہک رہا ہی سو یہہ شخص اوسی توجہ دلی کی پیچہی لگا ہوا ہی اسی کو ہوا کہتی ہین اسلئی کہ اہل ہوا کی یہہ عادت ہی کہ جو بات اونکی خوشی کی
كلما يوافق هواهم وان كان جالبا لكل شر ووبال وان يستقبحوا كل ما يخالف هواهم وان كان جالبا لكل خير
موافق ہو اوسکو اچہا سمجہین اگرچہ اوسی تمام برائی اور وبال آپڑی اور جو بات اونکی خوشی کی خلاف ہو اوسکو برا سمجہین اگرچہ اوسمین تمام بہلائی
ونوال فالسعيد من يخالف هواه ويطيع مولاه والشقى من يتبع هواه ويخالف مولاه ويكون هالكا
اور خوبی ہو سو نیک بخت وہ ہی جو اپنی خواہش نفسانی کی خلاف اور مولی کی اطاعت کری اور بدبخت وہ ہی جو اپنی خواہش نفسانی کی پیچہی مولی کا خلاف کرکر ہلاک
لان من يتبع هواه يفعل ما يضره ويهلك حالا ومالا وهو لا يشعر او يشعر لكن لخفة عقله يرجح
اسواسطی جو اپنی ہوای نفسانی کا تابع ہوگا تو وہ ہی عمل کریگا جو اوسکی حق مین مضر و در دنیا اور آخرت مین ہلاک کردی اور وہ خیال نہین کرتا یا خیال تو کرتا ہی پر بیوقوفی کی
اللذة الحاضرة التى لا بقاء لها على العقوبات العظيمة التى لا نهاية لها ويظن لعمى بصيرته وغاية حماقته
حال کی لذت کو جسکو اصلا قیام نہین ہی اون بڑی بڑی عذابونسی جنکی کچہہ انتہا نہین ہی بہتر جانتا ہی اور یہہ کا اندہا اپنی حماقت سی یہہ گمان کرتا ہی
انه ظفر بشئ من اللذائذ ولا يعلم ذلك الاحمق انه يخرج من الدنيا ويرى انه لم يظفر بشئ من اللذائذ
کہ مین نی خوب عیش اوٹہائی اور احمق یہہ نہین سمجہتا کہ دنیا سی نکلتی ہی یعنی مرتی ہی دیکہہ لیگا کہ اوسکو کچہہ بہی مزہ حاصل نہوا
اصلا لا من لذائذ الدنيا ولا من لذائذ الاخرة بل اتبع هواه فيما ليس بشئ لان لذائذ الدنيا عنه تزول
نہ تو دنیا ہی مین مزا اوٹہایا اور نہ آخرت مین کچہہ عیش پایا بلکہ بیکار نفسانی باتون مین لگا رہا کیونکہ دنیا کا عیش تو جاتا رہیگا
ولذائذ الاخرة ليس له اليه الوصول فيبقى فى حسرة وندامة حين لا ينفعه الندم وقد قال ابن عباس
اور آخرت کا عیش کبہی میسر نہوگا اب صرف حسرت اور ندامت مین مبتلا رہیگا سو اب ندامت سی کیا ہوتا ہی ابن عباس کہتی ہین
ما ذكر الله الهوى فى القران الا ذمه فانه تعالى قال بَلِ اتَّبَعَ الَّذِينَ ظَلَمُوٓا اَهْوَآءَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ وقال وَاِنَّ
کہ اللہ تعالی نی قرآن مین جہان ہوا ہوس کا ذکر کیا ہی سب برائی سی کیا ہی اللہ تعالی نی فرمایا ہی بلکہ چلی ہین یہہ بی انصاف اپنی چاؤ پر بن سمجہی اور کہا اور بہت لوگ
كَثِيرًا لَّيُضِلُّونَ بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ وقال وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ فعلم من
بہکاتی ہین اپنی خیال پر بغیر تحقیق اور کہا اور اوس سی زیادہ بہکا کون جو چلی اپنی چاؤ پر بن راہ بتائی اللہ کی
هذه الايات ان اتباع الهوى لا يكون فى الاكثر الا بغير علم بالحق فلا بد للمؤمن ان يعرف الحق ويميزه عن
ان آیات سی معلوم ہوا کہ ہوا ہوس مین مبتلا ہونا اکثر اوقات بسبب ناواقفی امر حق کی ہوتا ہی سو مرد مؤمن کو لازم ہی کہ امر حق کو دریافت کرکر باطل سی

ما ذكر الله الهوى فى القران الا ذمه

(بیان ہوا و ہوس)

الباطل ويعمل بالحق ويختاره على الباطل لان من لم يعرف الحق فهو ضال ومن عرفه واختار عليه

اوسکی تمیز حاصل کری پہر حق پر عمل کری اور باطل پر اوسکو پسند کری کیونکہ جو شخص حق کو نہیں پہچانتا وہ گمراہ ہوتا ہی اور جو شخص حق کو تو پہچانی پہر غیر حق کو

غيره فهو مغضوب عليه ومن عرفه واتبعه فهو منعم عليه وقد امرنا الله تعالى ان نسئله في كل يوم

پسند کری تو اوسپر خدا کا غضب ہوتا ہی اور جو حق کو پہچان کر اوسکی اطاعت کری اوسپر خدا کی رحمت ہی اور ہمکو اللہ کا حکم ہی کہ ہم اوس سی یہہ دعا مانگا کرین روز

وليلة مرات عديدة ان يهدينا صراط الذين انعم عليهم غير المغضوب عليهم ولا الضالين وبين في

رات مین کئی کئی بار کہ دکہا ہمکو رستہ اون لوگون کا جن پر تو نی رحمت کی نہ رستہ اون لوگون کا جن پر تو نی غضب فرمایا اور نہ گمراہ ہونیکا اور

ضمنه ان اهل السعادة هم الذين عرفوا الحق واتبعوه وكانوا مهتدين وان اهل الشقاوة هم الذين

اسہی کی ضمن مین بیان کیا کہ سعادتمند وہ لوگ ہوتی ہین جنہون نی حق کو پہچان کر اطاعت کی اور راہ بہت پایا اور بدبخت وہ لوگ ہین جنہونی

لم يعرفوا الحق بل جهلوه وخرجوا منه وكانوا ضالين او عرفوه وخالفوه ولم يتبعوه بل اتبعوا غيره و

حق کو نہ پہچانا اور جہالت کی مارے حق سی خارج ہوکر گمراہ ہو گئی یا حق کو پہچان کر اوسکا خلاف کیا اور اطاعت نکی بلکہ غیر حق کی اطاعت کی اور

كانوا مغضوبا عليهم وقد ثبت في الحديث ان المغضوب عليهم اليهود وان الضالين النصرى وانما

اونپر غضب نازل ہوا اور حدیث سی ثابت ہی کہ مغضوب علیہم سی مراد یہود ہین اور ضالین سی مراد نصاری ہین اور کیا وجہ ہی

سمى اليهود بالمغضوب والنصرى بالضالين مع كون كل واحد منهما ضالا ومغضوبا عليهم لكون

کہ یہود مغضوب علیہم ٹہری اور نصاری ضالین ٹہری باوجودیکہ یہہ دونو گمراہ اور سزاوار غضب کی ہین اسہی وجہ سی

كل واحد منهما مختصا بما غلب عليه من الجهل والعناد فان اليهود كانوا امة عناد فخصوا بالغضب

کہ دونو فرقون کو خصوصیت ہی غلبۂ جہل اور عناد سی سو یہودیون مین تو عناد زیادہ تہا وہ تو سزاوار غضب کی ہوگئی

والنصرى كانوا امة جهل فخصوا بالضلال ولهذا قال سفيان بن عيينة من فسد من علمائنا

اور نصاری مین جہالت زیادہ تہی وہ گمراہی سی مخصوص ہوئی اسہیلئی سفیان بن عیینہ کہتی ہین کہ ہم مین سی جو عالم ہوکر بگڑ جاوی

ففيه شبه من اليهود لان اليهود عرفوا الحق ولم يتبعوه بل عدلوا عنه وكانوا مغضوبا عليهم

تو وہ یہودیونسی ملتا ہی کیونکہ یہودیون نی حق کو پہچان کر اطاعت نکی بلکہ حق سی الگ ہوگئی پہر قابل غضب الہی کی ہوگئی

ومن فسد من عبادنا ففيه شبه من النصارى لان النصارى لم يعرفوا الحق بل جهلوه وكانوا

اور ہم مین سی جو عابد بگڑ جاوی تو وہ نصرانیونسی ملتا ہی کیونکہ نصرانیون نی حق کو نہین پہچانا بلکہ نادانستہ رہی

ضالين فانه تعالى جعل العبادة سببا للثواب والمعصية سببا للعقاب فمن يرجو الثواب و يخاف

آخر گمراہ ہوئی بیشک اللہ نی عبادۃ کو واسطہ ثواب کا بنایا ہی اور گناہ کو واسطہ عذاب کا بنایا پہر جو شخص آرزو ثواب کی کری اور

العذاب لابد له ان يعرف العبادة والمعصية ليشتغل بالاولى ويصل الى الثواب ويحترز عن الثانية

عذاب سی ڈری تو اوسکو لازم ہی کہ عبادت اور معصیت کی حقیقت دریافت کری تاکہ عبادۃ کی شغل سی ثواب پاوی اور گناہ سی پرہیز کرکر

وينجو من العذاب لان من لم يعرفهما ولم يفرق بينهما يضع احدهما مقام الاخرى فيكون من الخسرين

عذاب سی بچی کیونکہ جو شخص ان دونون سی خوب واقف نہوگا اور دونون مین فرق نہ کریگا ایکو دوسری کی جگہہ برت لیگا پہر اوسکو بڑا ہی خسارہ ہوگا

وذلك لان في قلب الانسان قوتين قوة العلم وقوة الارادة وهما لا يتعطلان ابدا ولا يحصل

اور یہہ بات اسلئی کہ انسان کی دل مین دو قوتین ہین قوت علم کی اور قوت ارادہ کی اور یہہ دونو کبہی بیکار نہین ہوتی اور انکی بدون

عمل الا بهما سواء كان خيرا او شرا لان من يفعل شيئا سواء كان خيرا او شرا لا يفعله ما لم يرد

کوئی عمل نہین ہوسکتا برابر ہی کہ نیک ہو یا بد ہو اسلئی کہ جو شخص کچہہ کام کرتا ہی برابر ہی کہ بہلا ہو یا برا ہو تو بدون ارادہ کی نہین کرسکتا

ولا يريده ما لم يعلمه فكمال الانسان وصلاحه باستعمال هاتين قوتين فيما ينفعه فى الدارين
اور ارادہ اوسکا بدون علم کی نہیں ہوسکتا سو تمام خوبی اور بہلائی آدمی کی ان دونو قوتوں کو دارین کی منفعت مین استعمال کرنیسی ہی

ويعينه فى نيل الدولتين فلا بد له من استعمال قوة العلم فى ادراك الحق وتمييزه عن الباطل
اور ان دونو دولتوں کی حصول مین مددگار بنانی سی سو آدمی کو چاہی کہ قوت علمی کو حق الامر کی دریافت کرنی مین استعمال کرکر حق کو باطل سی جدا کری

واستعمال قوة الارادة فى طلب الحق وايثاره على الباطل لانه اذا لم يستعمل قوته العلمية فى معرفة
اور قوت ارادی کو حق کی تلاش مین استعمال کرکر حق کو باطل پر اختیار کری کیونکہ جب یہہ شخص اپنی قوت علمی کو حق کی پہچان مین استعمال نکریگا

الحق وادراكه فلا جرم انه يستعملها فى معرفة الباطل وما يليق به واذا لم يستعمل قوته الارادية
تو بیشک اوسہی قوت کو باطل کی پہچان مین اور جو اوسکی متعلق ہی استعمال کریگا اور اگر اپنی قوت ارادی کو

فى طلب الحق والعمل به فلا شك انه يستعملها فى طلب الباطل والعمل به ثم ان الانسان مجبول
طلب حق مین اور حق کی عمل مین نہین صرف کریگا تو بیشک اوسکو باطل کی طلب اور اوسکی عمل مین صرف کریگا پہر آدمی کی خلقی عادت ہی

على معرفة صانعه ويقتضى طبعه عبادة خالقه والتقرب اليه بحكم الفطرة التى فطر الناس
کہ اپنی پیدا کرنیوالی کو پہچانی اور اوسکی طبیعت کی خواہش ہی کہ اپنی خالق کی عبادت اور نزدیکی حاصل کری باعتبار اصل پیدایش کی جسپر آدمیون کی پیدایش ہی

عليها لكن لا عبرة بالمعرفة الجبلية والعبادة الطبيعية لانها تكون على مقتضى النفس متابعة
پر عادت کی موافق پہچان کا کچہہ اعتبار نہین ہی اور طبیعی عبادت کی کچہہ اصل نہین کیونکہ ایسی عبادت بطور خواہش نفس اور متابعت

هواها فلا يخلو عن شوب الشرك وانما المعتبر المعرفة والعبادة على وفق الشرع لا على وفق الطبع
ہوا ہوس کی ہوتی ہی سو اسمین ملونی شرک کی ضرور ہوتی ہی معرفت اور عبادۃ وہ ہی معتبر ہی جو شرع کی موافق ہو نہ جو کہ مطابق طبع کی ہوا کری

الا ترى ان ابليس كان فى طبعه السجود لربه حتى عبد الله تعالى فيما يروى ثمانين الف سنة
کیا تجکو معلوم نہین ہی کہ ابلیس بخواہش طبع رب کو سجدہ کرتا تہا ایسا کہ موافق ایک روایت کی اسی ہزار برس خدا کی عبادت کی

وانتظم بكثرة عبادته فى سلك الملئكة المقربين ثم لما امر بالسجود على خلاف طبعه ابى واستكبر وكان
اور اس عبادت کی برکت سی مقرب فرشتوں کی جماعت مین شامل ہوگیا تہا پہر جب اوسکو سجدہ کا حکم اوسکی خلاف طبع ہوا تو انکار کیا اور تکبر کرنی لگا اور

من الكفرين فان من يتبع طبعه وهواه فانه لا يفعل شيئا من المعروفات الا ما يوافق هواه ولا يترك
کافر ہوگیا پس جو شخص اپنی طبیعت اور ہواء نفسانی کا تابع ہوتا ہی تو وہ حسنات مین سی بہی وہ عمل کرتا ہی جو اوسکی خواہش کی موافق ہو اور

شيئا من المنكرات الا ما يخالف هواه وقد قال بعض السلف من لم يعمل من الحق الا ما يوافق هواه
منکرات مین سی بہی وہ ہی ترک کرتا ہی جو اوسکی خواہش کی خلاف ہو اور بعضی متقدمین کا قول ہی کہ جو شخص حق الامر مین سی وہ ہی عمل کری جو اوسکی مرضی کی مطابق

ولم يترك من الباطل الا ما يخالف هواه لا يصل اجر ما عمل من الحق ولا ينجو من وزر ما ترك من الباطل
اور باطل مین سی وہ ہی کام چہوڑی جو اوسکی مرضی کی مخالف ہو تو نہ اوسکو حق پہ عمل کرنیکا ثواب ملی اور نہ باطل کی ترک کرنی پر گناہ سی بچی

بل يكون هذا سببا لسوء خاتمته وشوم عاقبته فان لسوء الخاتمة اسباب يجب على المؤمن
بلکہ اوسکی یہہ عادت باعث ہوگی خاتمہ بد کا اور انجام بد کا کیونکہ خاتمہ بد کی بہت اسباب ہوتی ہین مومن آدمی پہ واجب ہی

ان يحترز عنها منها الفساد فى الاعتقاد وان كان مع كمال الزهد والصلاح فان من كان له فساد
کہ اون سی بچتا رہی اونمین سی ایک اعتقاد کا فساد ہی اگرچہ اوسکی ساتہہ زہد اور صلاح بہی کامل ہوا کری کیونکہ جسکا اعتقاد فاسد ہوتا ہی

فى اعتقاده مع كونه قاطعا متيقنا به ليس غير ظان انه اخطأ فيه قد ينكشف له فى حال سكرات
باوجودیکہ وہ قطعی اور اوسکو یقینی جانتا ہی اوسکو یہہ گمان نہین ہی کہ مین اسباب مین خطا پر ہوں پہر جب نزع کی وقت یہہ ظاہر ہوگا

بطلان ما اعتقده فیظن ان سائر ما اعتقده من الاعتقادات الحقة مثل هذا الاعتقاد باطل

کہ اوسکا یہہ اعتقاد باطل تہا تو اوسکو یہہ خیال ہوگا کہ اوسکی تمام اعتقادات حق ہی مانند اسہی اعتقاد کی باطل ہین

لا اصل له ان لم یکن عنده فرق بین اعتقاد واعتقاد فیکون انکشاف بطلان بعض اعتقاده

انکی کچہہ اصل بنیاد نہین ہی اگر اوسکو ہر ہر اعتقاد مین فرق حاصل نہ تہا سو اوسکو بعض اعتقاد باطل ظاہر ہوتی ہی

سببا لزوال بقیة اعتقاداته فان خرج روحه فی هذه الحالة قبل ان یتدارك ویعود الی اصل

سب اعتقاد زایل ہو جاینگی پہر اگر ایسی حالت مین اوسکی جان نکل گئی پہلی اسکی کہ اوسکا تدارک اور تلافی کر کر اصل

الایمان یختم له بالسوء ویخرج من الدنیا بغیر ایمان فیکون من الذین قال الله تعالی فیهم

ایمان حاصل کرلی تو اوسکا خاتمہ بد ہوگا اور دنیا سی بی ایمان جا دیگا پہر اون لوگون مین داخل ہوگا جنکی حق مین اللہ یہہ فرماتا ہی

وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللَّهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ وقال فی آیة اخری قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْأَخْسَرِينَ أَعْمَالًا

اور نظر آیا اونکو اللہ کی طرف سی جو خیال نہین رکہتی تہی اور فرمایا ایک اور آیت مین کہہ ہم بتا دین تمکو کن کی گئی بہت اکارت کام

الَّذِينَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ يُحْسِنُونَ صُنْعًا فان کل من اعتقد

جنکی دوڑ بہٹک رہی ہی دنیا کی زندگی مین اور وہ سمجہتی ہین کہ خوب بناتی ہین کام بیشک جو شخص کسی شی کو برخلاف واقع

شیئا علی خلاف ما هو علیه اما نظرا برایه وعقله او اخذا ممن هذا حاله فهو واقع فی هذا الخطر ولا

یعنی غلط اعتقاد کرلی یا تو صرف اپنی سمجہہ بوجہہ سی یا کسی ایسی ہی شخص سی سن سنا کر تو اوسکی حق مین یہہ ہی اندیشہ ہی اور

یدفعه الزهد والصلاح وانما یدفعه الاعتقاد الصحیح المطابق لکتاب الله تعالی وسنة رسوله

زہد اور صلاح سی یہہ اندیشہ دفع نہین ہو سکتا اس اندیشہ کو وہ ہی اعتقاد دفع کرتا ہی جو صحیح اور کتاب اللہ اور سنت رسول کی مطابق ہو

لان العقائد الدینیة لا یعتد بها الا ما اخذت منهما ومنها الاصرار علی المعاصی فان له اصرار

اسواسطی کہ عقاید دینی وہ ہی معتبر ہین جو کتاب اور سنت کی مطابق ہوتی ہین اور اونہین اسباب مین سی ایک سبب ہی گناہون پر اڑ جانا بیشک جو شخص

علی المعاصی یحصل فی قلبه الفها وجمیع ما الفه الانسان فی عمره یعود ذکره عند موته فان کان

اڑ جاتا ہی تو اوسکی دلمین گناہ کی محبت پیدا ہو جاتی ہی اور انسان کی تمام محبوب چیزین زندگی بہر کی موت کی وقت یاد آتی ہین پس اگر اسکو

میله الی الطاعات اکثر یکون اکثر ما یحضره عند الموت ذکر الطاعات وان کان میله الی المعاصی

رغبت عبادات کی زیادہ ہوگی تو موت کی وقت عبادات بہت یاد آوینگی اور اگر اسکو رغبت گناہون کی

اکثر یکون اکثر ما یحضره عند الموت ذکر المعاصی فربما یغلب علیه حین نزول الموت به قبل التوبة

بہت ہوگی تو مرتی وقت وہ ہی گناہ بہت یاد آوینگی سو اکثر اوقات مرتی وقت توبہ سی پہلی

شهوة من الشهوات ومعصیة من المعاصی فیتقید قلبه بها ویصیر حجابا بینه وبین ربه وسببا

کوئی شہوت شہوات مین سی اور کوئی گناہ گناہون مین سی اوسپر غالب ہو جاتا ہی پہر اوسکا دل اوسہی مین لگا رہ جاتا ہی وہ ہی اوسمین اور اوسکی رب مین پردہ ہو جاتا ہی

لشقاوته فی آخر حیوته لقوله علیه السلام المعاصی برید الکفر والذی لم یرتکب ذنبا اصلا

آخر دم وہ ہی اوسکی شقاوت کا سبب ہو جاتا ہی واسطی ارشاد نبی علیہ السلام کی کہ گناہ کفر کی ایلچی ہوتی ہین اور جسنی کبہی کوئی گناہ نہین کیا یا

او ارتکب وتاب فهو بعید عن هذا الخطر واما الذی ارتکب ذنوبا کثیرة حتی کانت اکثر من طاعاته

گناہ تو کیا پہر توبہ کی سو ایسا شخص اس اندیشہ سی الگ ہی اور جو شخص اکثر گناہ کرتا رہا ایسا کہ اوسکی عبادات سی زیادہ ہوگئی

ولم یتب عنها بل کان مصرا علیها فهذا الخطر فی حقه عظیم جدا اذ قد یکون غلبة الالف بها

اور اونسی توبہ بہی نکی بلکہ گناہ ہی مین مبتلا رہا تو اوسکی حق مین اس خطرہ کا اندیشہ ہی اسلئی کہ بعضی وقت بسبب غلبہ محبت کی

سببا لان یتمثل فی قلبه صورتها ویقع منه میل الیها ویقبض روحه علیها فیکون سببا لسوء
اوسکی دلمین گناہ کی صورت مجسم ہوجاتی ہی اوراس شخصکو اوسکی طرف رغبت آتی ہی اوراسی حالت مین اوسکی جان نکل جاتی ہی یہہ ہی سبب ہوتا ہی اوسکی
خاتمته ویعرف ذلك بمثال وهو ان الانسان لاشك انه یری فی منامه من الاحوال التی الفها طول
خاتمہ بدکا یہہ بات مثال سی خوب سمجہ مین آتی ہی مثال یہہ ہی کہ آدمی بیشک سوکر خواب مین وہ حالات دیکہا کرتا ہی جو عمربہر مجبوب ہوتی ہین
عمره حتی ان الذی قضی عمره فی العلم یری من الاحوال المتعلقة بالعلم والعلماء والذی قضی عمره
اتنا کہ جسنی اپنی عمر پڑہنی لکہنی مین صرف کی ہی تو وہ وہ ہی حالات دیکہتا ہی جو علم اور علما سی متعلق ہین یعنی دوات قلم کتاب اور جسنی اپنی عمر
فی الخیاطة یری من الاحوال المتعلقة بالخیاطة والخیاط اذ لا یظهر فی حال النوم الا ما حصل له
درزی گری مین کہوئی تو وہ وہ ہی حالات دیکہتا ہی جو درزیگری سی متعلق ہین یعنی گز قینچی اسلئی کہ نیند مین وہ سوجہتا ہی جو بسبب کثرت الفت کی
مناسبة مع قلبه بطول الالف والموت وان کان فوق النوم لکن سکراته وما یتقدمه من
اوسکی دلسی مناسبت رکہتا ہی اور موت اگرچہ نیند کی نسبت برتر ہی پر اوسکی سکرات اور حال جو موت سی پہلی گذرتا ہی
الغشیة قریب من النوم فطول الالف بالمعاصی یقتضی تذکرها عند الموت وعودها فی القلب
جیسی غشی یہہ نیند ہی کی مثال ہوتی ہین اور کثرت الفت کی معاصی سی یہہ ہی چاہتی ہی کہ معاصی موت کی وقت دلمین ہٹ کر یاد آئین
وتمثلها فیه ومیل النفس الیها وان قبض روحه فی تلك الحالة یختم له بالسوء ومنها العدول عن
اور دلمین صورت پکڑین اور نفس کو اودہر رغبت ہو ایسی حالت مین اگر اوسکی جان قبض ہوگئی تو اوسکا خاتمہ بد ہوگا اور اون اسباب مین سی ایک سبب یہہ ہی
الاستقامة فان من کان مستقیما فی ابتدائه ثم تغیر عن حاله وخرج مما کان علیه فی ابتدائه یکون
کہ استقامت سی تجاوز کری البتہ جو شخص پہلی تو سیدہا راہ پہر اپنا حال پلٹ کر وہ سیدہا راہ چہوڑ دیا جو ابتدا مین تہا یہہ ہی خاتمہ بد کا
سببا لسوء خاتمته کابلیس الذی کان فی ابتدائه رئیس الملئکة ومعلمهم واشدهم اجتهادا فی العبادة
سبب ہوتا ہی جیسی شیطان کہ پہلی تو تمام فرشتون کا سردار اور اونکا استاد تہا اور عبادت پر بہت کوشش کیا کرتا
حتی قیل لم یبق فی سبع سموات وسبع ارضین موضع شبر الا وهو قد سجد فیه ثم لما امر بالسجود
اتنا کہ کہتی ہین کہ ساتون آسمان اور ساتون زمین مین ایک بالشت بہر جگہہ اسکی سجدہ سی خالی نہین تہی پہر جب اوسکو حکم ہوا آدم علیہ السلام کی
لادم ابی واستکبر وکان من الکفرین وکبلعام بن باعورا الذی اتاه الله ایاته فانسلخ منها بخلوده
سجدہ کا تو انکار کیا اور تکبر کرنی لگا اور کافر ہوگیا اور جیسی بلعام بن باعورا جسکو اللہ تعالی نی اپنی نشانیاں دین پر اوسنی الگ ہوکر ہمیشگی
الی الدنیا واتباع هوٰیه وکان من الغاوین وکبرصیصا العابد الذی قال له الشیطان اکفر فلما کفر
دنیا اور ہوا پرستی کی آرزو کی اور گمراہ ہوگیا اور جیسی برصیصا عابد جب اوسی شیطان نی کہا انکار کر پہر جب وہ منکر ہوا
قَالَ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّیْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ فان الشیطان اغراه علی الکفر فلما کفر تبرأ منه مخافة ان یشارکه فی العذاب
تو کہا مین الگ ہون تجہسی مین ڈرتا ہون اللہ سی جو رب ہی ساری جہان کا البتہ شیطان نی اوسکو کفر کی رغبت دلائی جب اوسنی کفر کیا تو اوسی الگ ہوا اس خوف سی کہ ایسا نہو کہ مین ہی اسکی ساتہہ
ولم ینفعه ذلك کما قال الله تعالی فَکَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِی النَّارِ خَالِدَیْنِ فِیْهَا وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِیْنَ ومنها ضعف الایمان فان من کان
اگرچہ اسکی کچہہ اوسکو فائدہ نہوا چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی پہر آخر اون دونو کا یہہ ہی کہ وہ دونون آگ مین سدا رہین اوسمین اور یہہ ہی سزا گنہگارون کی اور اونہی اسباب مین سی ایمان کی سستی ہی
فی ایمانه ضعف یضعف حب الله تعالی فیه ویقوی حب الدنیا فی قلبه ویستولی علیه بحیث لا یبقی فیه موضع لحب الله
ایمان مین سستی ہوگی اوسکو محبت الٰہی مین سستی ہوگی اور دنیا کی محبت اوسکی دل مین قوی اور ایسی غالب ہوجائیگی کہ محبت الٰہی کی لئی ذرہ بہر جگہہ باقی نرہیگی
الا من حیث حدیث النفس بحیث لا یظهر له اثر فی مخالفة النفس ولا یؤثر فی الکف عن المعاصی
ہان اگر ہووی تو مثل خیالات نفسانی کی جسکا اثر نفس کی مقابلہ مین کچہہ بہی ظاہر نہو اور نہ گناہون سی باز رہنی مین اثر کریگا

ولا فی الحث علی الطاعات فینهمك فی الشهوات وارتکاب السیأت فیتراکم ظلمات الذنوب

اور نہ طاعات کی رغبت پر پس صرف شہوات میں کہپا رہیگا اور معاصی کرتا رہیگا پہر دل پر تہ بر تہ سیاہی گناہوں کی

علی القلب فلا تزال تطفیٔ ما فیه من نور الایمان مع ضعفه فاذا جاءت سکرات الموت

چڑہتی جاوی گی پہر جسقدر اوسمین نور ایمان کا ہوگا ضعیف ہوکر بجہتا چلا جاویگا پہر نزع کی وقت

یزداد حب الله تعالی ضعفا فی قلبه لما یری انه یفارق الدنیا وهی محبوبة له وحبها غالب علیه

حب الٰہی میں اور بہی زیادہ دل میں سستی پیدا ہوگی کیونکہ یہہ شخص آپ جانتا ہی کہ دنیا مجہسی چہٹی اور دنیا چونکہ اوسکی پیاری اور اوسکی محبت اوسپر غالب ہی

لا یرید ترکها ویتألم من فراقها ویری ذلك من الله تعالی فیخشی ان یحصل فی باطنه بغضه تعالی

تو چہوڑنی نہیں جاتی اوسکی فراق سی رنجیدہ ہوتا ہی اور اس فراق کو خدا کی طرف سی جانتا ہی اب یہہ ڈر ہی کہ اوسکی دل میں بجای حب الٰہی کی بغض نہ پیدا ہوجاوی

بدل الحب وینقلب ذلك الحب الضعیف بغضا فان خرج روحه فی اللحظة التی خطرت فیها هذه

اور وہ تہوڑیسی محبت جو ہی بغض نہو جاوی اگر اوسکی جان ایسی حالت میں کہ جب یہہ خیالات پیش تہی نکل گئی

الخطر یختم له بالسوء ویهلك هلاکا مؤبدا والسبب المفضی الی هذه الخاتمة حب الدنیا والرکون

تو اوسکا خاتمہ بدہی ہوگا اور ہمیشہ کو جاتا رہا اور باعث اسکا جسی یہہ خاتمہ ہوا دنیا کی محبت اور دنیا کی رغبت

الیها والفرح بها مع ضعف الایمان الموجب لضعف حب الله تعالی وهو الداء العضال قد عم

اور دنیا کی خوشی ہی تسپر سستی ایمان کی جسی محبت الٰہی میں سستی آگئی اور یہہ ہی بیماری سخت ہی جو

اکثر الخلق فان من یغلب علی قلبه عند الموت امر من امور الدنیا ویتمثل ذلك الامر فی قلبه ویستغرقه

تمام خلق کو لگ رہی ہی کیونکہ جسکی دل پر مرتی دم کوئی بات دنیا کی چہا جاوی اور وہ ہی بات اوسکی دل میں تصویر کی طرح صورت پکڑ کر اوسکو ایسا

حتی لا یبقی لغیره متسع فان خرج روحه فی تلك الحالة یکون راس قلبه منکوسا الی الدنیا ووجهه

کہ غیر کی لئی کچہہ گنجایش نرہی پہر اگر ایسی حالت میں اوسکی جان نکل گئی تو اوسکا دل دنیا ہی کی طرف جہکا ہوا اور اوسکا منہہ دنیا ہی

مصروفا الیها ویحصل بینه وبین ربه حجاب ولا یمکنه ان یکتسب بعد الموت صفة اخری

کیطرف متوجہ رہی گا اور اوسمیں اور اوسکی رب میں پردہ حایل ہوگا اب یہہ طاقت نہیں کہ موت کی بعد ایسی صفت حاصل کری

تضاد صفة الغالبة علیه اذ لا تصرف فی القلوب الا باعمال الجوارح وبالموت تبطل الجوارح واعمالها

جسی وہ صفت جاتی رہی جو اوسپر غالب تہی اوسلئی کہ دل پر تصرف بدون اعضاء جسمانی کی نہیں ہوسکتا اور مرنی سی اعضاء جسمانی سب باطل اور اونکی اعمال

ولا مطمع فی الرجوع الی الدنیا حتی یمکن التدارك ویبقی فی حسرة وندامة فمن اراد النجاة من هذه

اور اب یہہ بہی توقع نہیں کہ دنیا میں ہٹ کر آویگی تاکہ اوسکا عوض ہوسکی اب سواء حسرت اور ندامت کی کچہہ نہیں ہی پس جو شخص اس ہلاکت سی بچا چاہی

الورطة فعلیه بعد اخراج حب الدنیا من قلبه وحفظ جوارحه عن المعاصی وقلبه عن الفکر

تو اوسکو لازم ہی کہ پہلی دنیا کی محبت دلمیں سی دور کری اور اپنی اعضا کو گناہوں سی اور اپنی دل کو دنیا کی فکر سی بچاوی

فیها والاحتراز عن مشاهدتها ومشاهدة اهلها لان ذلك ایضا یؤثر فی قلبه ویصرفه فکره الیه

اور دنیا اور اہل دنیا کی دیکہنی سی پرہیز کری کیونکہ یہہ بہی دلمیں اثر کر کر اوسکی فکر کو دنیا کی طرف لگا دیتا ہی

ان یواظب علی الطاعات لکونها ثمرة محبة الله تعالی ولا یتصور محبة الله تعالی الا بعد معرفته تعالی

پہر عباوات پر مداومت کری کیونکہ محبت الٰہی کا یہہ ہی ثمرہ ہی اور محبت الٰہی بدون معرفت الٰہی کی نہیں ہوسکتی

اذ لا یحب الانسان ما لا یعرفه وانما یحب ما یعرفه فمن عرف الله تعالی وعرف ان جمیع النعم الواصلة

اس لئی کہ آدمی نا معلوم چیز کو محبوب نہیں رکہتا محبوب وہ ہی ہوتی ہی جو معلوم ہو پہر جسنی الله کو پہچانا اور یقین کیا کہ تمام نعمتیں جو مجہکو ملیں

اليه والى غيره ليس الا منه تعالى لاجرم يحبه فاذا احبه يسعى فى تحصيل مرضاته بالاحتراز
یا اور دل کو مین سب اللہ ہی کی عنایت ہی تو خواہ مخواہ اوسکو دوست رکہیگا پہر جب اوسکو اپنا محبوب بنایا

عن الافعال القبيحة والاشتغال بالاعمال الحسنة فعلم من هذا ان المقصود من العلوم والاعمال
تو افعال بد سی پرہیز کرکر اور نیک اعمال مین مشغول ہوکر اوسکی رضامندی حاصل کریگا اسی معلوم ہوا کہ مقصود اصلی علوم اور اعمال سی

معرفة الله تعالى حتى يثمر المعرفة المحبة اذ لا ينبغى لاحد ان يفارق الدنيا الا محبا الله تعالى و
اللہ تعالی کے معرفت ہی تاکہ معرفت سی محبت حاصل ہو کیونکہ بہتر یہہ ہی کہ جو کوئی دنیا سی جدا ہو تو خدا کی محبت مین اور

محبا للقائه فان من احب لقاء الله تعالى احب الله لقاءه ومن قدم على محبوبه يعظم سروره
اوسکی ملاقات کی شوق مین جدا ہو اسلئے کہ جو شخص خدا کی ملاقات کا مشتاق ہوگا تو خدا اوسکی ملاقات کا مشتاق ہوگا اور جو شخص اپنی محبوب پاس جاتا ہی

بقدر محبته لا محبا للدنيا لانه يفارقها ومن يفارق محبوبه يشتد المه وعذابه فمهما كان
تو اوسکی بقدر محبت کی عزت ہوتی ہی دنیا کی محبت مین جان ندی اسلئے کہ دنیاسی تو جدا ہوتا ہی اور جو شخص اپنی محبوب سی جدا ہوتا ہی تو اوسکو بڑا ہی رنج ہوتا ہی جبتک

الغالب على القلب حب الولد والمال والمسكن والعقار فهذا رجل جميع محابه فى الدنيا والدنيا
دل پر محبت اولاد اور مال اور گہر باہر کی غالب ہوتی ہی تو یہہ ایسا شخص ہی کہ اسکی تمام محبوب دنیا مین ہین اور دنیا ہی

جنته فموته خروج من الجنة وحيلولة بينه وبين محبوبه ولا يخفى الم من يحال بينه وبين
اسکی لئی بہشت ہی پس موت اسکو جنت سی نکالتی ہی اور اسکو اسکی محبوبون سی دور کرتی ہی اور ظاہر ہی جسکا محبوب چہوٹتا ہی اسکو کیسا رنج والم ہوتا ہی

محبوبه واما اذا لم يكن له محبوب سوى الله تعالى فالدنيا سجنه فموته خروج من السجن ولقى
اور وہ شخص جسکا محبوب سوای ذات الہی کی کوئی نہو تو دنیا اسکی حق مین دوزخ ہی سو اسکی موت گو یا دوزخ سی نکل کر اپنی محبوب سی

محبوبه فهذا اول ما يلقاه كل من يفارق الدنيا عقيب موته من الفرح والالم فضلا عما اعده
ملتا ہی پس یہہ پہلی خوشی اور الم ہی جو دنیاسی مرکر جانی والوں کو حاصل ہونیوالا ہی پہر آگی کیا کہنا ہی جو

الله تعالى من النعيم المقيم لعباده الصالحين ومن العذاب الاليم للذين استحبوا الحيوة الدنيا و
اللہ تعالی نی صلحاء کی واسطی عیش دائمی اور دنیا کی زندگی اور تازگی پسند کرنیوالوں کی واسطی جو

رضوا بها ولم يستعدوا للقاء الله تعالى وحكى ان سليمن بن عبد الملك لما دخل
اللہ تعالی کی ملاقات کا سامان نکرتی تہی عذاب دردناک تیار کر رکہا ہی بیان کرتی ہین کہ سلیمان بن عبد الملک حج کی ارادہ

المدينة حاجا قال هل بها رجل ادرك عدة من الصحابة قالوا نعم ابو حازم فارسل اليه فلما اتاه
مدینہ شریف مین آیا تو پوچہا یہان کوئی ایسا مرد ہی جسنی کئی صحابہ کو پایا ہو جواب دیا ہان ابو حازم ہی آدمی بہیجکر اسکو بلایا جب وہ آئی

قال يا ابا حازم ما لنا نكره الموت قال انكم عمرتم الدنيا وخربتم الاخرة فتكرهون الخروج من
تو کہا ای ابو حازم ہمکو موت کیون بری لگتی ہی جواب دیا تمنی دنیا کو آباد کیا ہی اور آخرت کو اوجاڑا ہی سو تم آبادی سی اوجاڑ زمین

العمران الى الخراب قال صدقت ثم قال ليت شعرى ما لنا عند الله تعالى غدا قال اعرض عملك
جانا برا سمجہتی ہو کہا تونی سچ کہا پہر پوچہا کاشکی ہمکو معلوم ہوتا کہ کل خدا کی ہان ہمارا کیا حال ہونیوالا ہی جواب دیا اپنی اعمال کو

على كتاب الله تعالى قال فاين اجده قال فى قوله تعالى اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِىْ نَعِيْمٍ وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِىْ جَحِيْمٍ قال
قرآن کی مطابق کرکی معلوم کرلی پوچہا کس جا مقابلہ ہوسکتا ہی جواب دیا اس آیت مین بیشک نیک لوگ عیش مین ہین اور بیشک گنہگار دوزخ مین ہین پوچہا

فاين رحمت الله قال ان رحمت الله قريب من المحسنين قال ليت شعرى كيف العرض على الله تعالى
پہر رحمت اللہ کی کہان ہوگی جواب دیا بیشک اللہ کی رحمت قریب ہی نیکی والون سی پوچہا کاشکی معلوم ہوتا کہ کل کو کسطور اللہ کی سامنی جانا ہوگا

غدا قال اما المحسن فكالغائب الذی یقدم علی اهله واما المسیئ فکالابق یقدم علی مولاه فبکی

جواب دیا نیکی والا تو جیسی بچھڑا ہوا اپنی اہل کی پاس آتا ہی اور بدکار جیسی غلام بھاگا ہوا اپنی مولی کی سامنی آتا ہی پھر سلیمان

سلیمٰن حتی علا صوته واشتد بکاؤه ثم قال اوصنی قال ایاک ان یراک الله حیث نهاک

روپڑا اور آواز بلند ہوئی اور بہت ہی رویا پھر کہا مجکو وصیت کر جواب دیا بچارہ کہ تجکو اللہ دیکھی ایسی جگہ جہانسی منع کیا ہی

ویفقدک حیث امرک المجلس العاشر فی بیان الفرق بین المؤمن والمسلم

اور نہ دیکھی جس جگہہ امر فرمایا ہی دسوین مجلس فرق کی بیان مین مؤمن اور مسلم مین

وبین المجاهد والمهاجر قال رسول الله صلی الله علیه وسلم المؤمن من امنه الناس

اور مجاہد اور مہاجر مین فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی مؤمن وہ ہی جکی ہاتہہ سی لوگ

علی دمائهم واموالهم والمسلم من سلم المسلمون من لسانه ویده والمجاهد من جاهد نفسه

اپنی جانین اور مال بچالین اور مسلم وہ ہی کہ مسلمان جکی زبان اور ہاتہہ سی سلامت بچ رہین اور مجاہد وہ ہی جسنی اپنی جان کو

فی طاعة الله تعالی والمهاجر من ترک الخطایا والذنوب هذا الحدیث من حسان المصابیح رواه

اللہ تعالی کی فرمان برداری مین کیا اور مہاجر وہ ہی جو خطا اور گناہون کو ترک کری یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین سی ہی

فضالة بن عبید ومعناه ان المؤمن لیس من یدعی الایمان فقط بل المؤمن الکامل فی ایمانه

فضالہ بن عبید کی روایت سی اسکی معنی یہہ ہین کہ مؤمن وہ نہین ہی جو ایمان کا صرف دعوی کیا کری بلکہ کامل مؤمن اپنی ایمان مین وہ ہی

هو الذی ظهر امانته واستقامته بحیث یکون الناس منه امینا لا یخافونه علی سفک دمائهم

جسکی امانت اور استقامت ایسی ظاہر ہووی کہ خلق اللہ اوسکو امین جان کر یہہ خوف نکرین کہ ہمکو ناحق مار ڈالیگا

واخذ اموالهم ظلما والمسلم لیس من یتکلم بکلمتی الشهادة فقط بل المسلم الکامل فی اسلامه

یا لوٹ لیگا اور مسلم وہ نہین ہی کہ صرف دونو کلمہ شہادت کی بڑہا کری بلکہ کامل مسلمان اپنی اسلام مین

هو الذی لا یؤذی احدا من المسلمین لا بلسانه بالشتم والغیبة والنمیمة والبهتان ولا بیده بالضرب

وہ ہی جو کسیکو مسلمانون مین سی ایذا نہ دی نہ تو اپنی زبان سی کالی گلوزدی کرا اور غیبت کر کرا اور سخن چینی کر کرا اور تہمت لینی سی اور نہ اپنی ہاتہہ سی مار کر

والقتل واخذ ماله بغیر حق وانما خص الید واللسان بالذکر من بین سائر الاعضاء مع الایذاء

یا قتل سی اور ناحق مال چہین کر اور تمام اعضا مین سی صرف ہاتہہ اور زبان کو کس لئی خاص کر ذکر کیا ہی باوجودیکہ ایذا

کما یکون بهما یکون بغیرهما من الاعضاء کالعین والاذن والرجل اذا نظر الی بیت الغیر او استمع

جیسی زبان اور ہاتہہ سی ہوتی ہی ایسی ہی اور اعضا سی بھی ہوتی ہی سوا زبان اور ہاتہہ کی جیسی آنکہہ اور کان اور پانو جب جہانکی بیگانہ گہر مین یا کان لگا

قولهما لا برضاه او دخل ملکه بغیر اذنه لان اکثر الایذاء یحصل بهما واما الجمع بینهما فلان

کسی بات پر اوسکی بی مرضی یا جا گہسی اوسکی ملک مین بی اجازت اسلئی ذکر کیا کہ اکثر ایذا انہین دونو سی ہوتی ہی اور دونو کو جمع اسلئی کیا ہی

کف الید یحتمل ان یکون بسبب الضعف وعدم القدرة واذا ضم الیه کف اللسان یتعین

کہ ہاتہہ کا روکنا شاید کہ بسبب ناتوانی کی ہو کہ اتنی طاقت نہین ہی اور جب زبان کو اوسکی ساتہہ روکا تو یہہ مقرر ہو گیا

ان کف الید کان للاسلام والمجاهد لیس من یقاتل الکفار فقط بل المجاهد الکامل من یقاتل

کہ ہاتہہ کا روکنا اسلام ہی کی جہت سی ہی اور مجاہد وہ نہین ہی کہ صرف کفار سی جنگ کیا کری بلکہ مجاہد کامل وہ ہی جو اپنی نفس سی جنگ کری

نفسه ویحملها علی طاعة الله تعالی ویمنعها عن معصیته تعالی لان نفس الانسان اشد عداوة

اللہ تعالی کی فرمان برداری پر لگاری اور اللہ کی نافرمانی سی اوسکو روک دی اس لئی کہ نفس انسانی انسان کا کفار کی نسبت زیادہ تر

معه من الكفار لكون الكفار في ابعد مكان منه لا يتفق تلاحقهم به وتقاتلهم معه الا حيانا

دشمن ہوتا ہی اسلیئی کہ کفار تو اوس سی دور مسافت پر ہوتی ہین اونسی اتفاقا کبہی کبہی مقابلہ اور مقاتلہ پیش آجاتا ہی

بعد حين واما نفسه فانها ابدا تلازمه وتقاتله وتمنعه عن الخيرات والطاعات وتحمله على

رہا یہہ نفس یہہ تو ہروقت اسکی ساتہہ لگا ہوا لڑتا رہتا ہی اور خیرات اور طاعات سی روکی جاتا ہی اور

المعاصي وانواع الفسادات ولاشك ان القتال مع العدو الملازم اهم من القتال مع العدو

گناہ اور طرح طرح کی فساد پر رغبت دیتا ہی اور بیشک جنگ پاس کی دشمن کی دشوار ہوتی ہی جنگ دور کی دشمن سی

البعيد يشهد لهذا قوله يا ايها الذين امنوا قاتلوا الذين يلونكم من الكفار فانه تعالى امر المؤمنين

یہہ قول اسکا شاہد ہی ای ایمان والو لڑتی جاؤ اپنی نزدیک کی کافروں سی کیونکہ اللہ تعالی مؤمنوں کو

ان يبتدوا بقتال الكفار الذين كانوا اقرب منهم فاذا فرغوا من الاقرب فليقاتلوا الابعد والمهاجر

یہہ امر فرماتا ہی کہ پہلی قتال اون کفار سی کرین جو اونسی پاس ہین جب پاس کی کفار سی فارغ ہوجاوین تو دور کی کفار سی لڑین اور مہاجر

ليس من هاجر من مكة الى المدينة قبل فتح مكة فقط حتى تنقطع الهجرة بعد فتح مكة بل الهجرة

وہ ہی نہین ہی جو گہر چہوڑ کر مکہ سی مدینہ کو چلا گیا فتح مکہ سی پہلی پہلی کہ بعد فتح مکہ کی ہجرت ہو چکی بلکہ ہجرت

باقية الى يوم القيمة لانها انتقال من الكفر الى الايمان ومن دار الحرب الى دار الاسلام ومن

قیامت تک ہوتی رہی گی اسواسطی کہ ہجرت تو یہہ ہی کفر کو چہوڑ کر ایمان حاصل کرنا اور کافروں کی ملک سی مسلمانوں کی ملک مین جانا اور

السيات الى الحسنات وهذه الاشياء باقية مادام التكليف باقيا فالمهاجر الكامل هو الذي

گناہوں کو چہوڑ کر حسنات پر عمل کرنا اور یہہ امور تو باقی رہینگی جبتک خطاب الہی باقی ہی پس کامل مہاجر وہ ہی جو

يترك جميع ما نهى الله تعالى من المعاصي ويشتغل بما امر الله تعالى من محاسن الاعمال كما جاء

تمام ممنوعات شرعی کو ترک کری کوئی ہی گناہ ہو اور اللہ تعالی کی امر بجالانی مین مشغول رہی کیسا ہی نیک عمل ہو چنانچہ

في حديث اخر انه عليه الصلوة والسلام قال المهاجر من هجر ما نهى الله تعالى عنه فانه عليه الصلوة

ایک اور حدیث مین آیا ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا مہاجر وہ ہی جو ترک کری وہ کار جو منع کیا ہی اللہ تعالی نی پس پیغمبر صلی اللہ علیہ

والسلام بين في هذا الحديث ان الهجرة الكاملة التامة هي هجران الفواحش والمنكرات والجد في

وسلم نی اسحدیث مین بیان فرمایا کہ پوری اور کامل ہجرت فواحش اور منکرات کی چہوڑنی اور

الطاعات والعبادات لكن ينبغي ان يعلم صحة الطاعات والعبادات موقوفة على صحة الاعتقاد

طاعت اور عبادت مین کوشش کرنیسی ہوتی ہی لیکن یہہ سمجہنا ضرور چاہیئی کہ طاعات اور عبادات کبہی صحیح اور درست نہین ہوتی جبتک اعتقاد درست نہو

لان الايمان اصل والعمل فرع والعبد اذا لم يعرف ما الايمان والهداية لا يعرف ما الكفر والضلالة

اسواسطی کہ ایمان جڑ ہی اور عمل شاخ اور آدمی کو جب یہہ ہی خبر نہین کہ ایمان اور ہدایت کیا ہوتا ہی تو وہ کیا جانی کہ کفر کیا اور گمراہی کیا ہی

فتارة تجري على لسانه كلمة التوحيد على طريق الاعتياد لا بالعلم والاعتقاد وتارة يتلفظ

پہر تو کبہی اوسکی زبان پر کلمہ توحید کا آجاویگا عادت کی موافق بدون علم اور اعتقاد کی اور کبہی کلمہ

بالفاظ الكفر ويدخل في حيز الارتداد ومن كان في الاعتقاد بهذه المرتبة لو بقي الف سنة

کفر کا بک دیگا جسمین مرتد ہو جاوی اور جسکا اعتقاد اس درجہ کا ہو تو اگر ہزار برس تک

في الصوم والصلوة لن ينفعه ذلك الاعتقاد يوم العرض الاكبر ومصيره الى النار ومن زعم انه مسلم

روزہ نماز کیا کریگا تو ہرگز ہرگز یہہ اعتقاد پیشی کی دن کچہہ فائدہ نہ دیگا آخر ایسی کا انجام آگ ہی اور جو یہہ گمان کری کہ وہ مسلم ہی

وتقاعد من تعلم قدر ما هو فرض عین علیه من عقائد الایمان لا یوجد فیه من الایمان الا
پھر سستی کری سیکھنی مین عقاید ایمان کی جسقدر اوسپر فرض عین ہی تو اوسمین ایمان کا صرف دعوی ہی دعوی پایا جاتا ہی
مجرد الدعوی وهذا النوع من الایمان انما یظهر فائدته فی الدنیا حیث لا یوخذ منه الجزیة کما
ایسی ایمان کا فائده صرف دنیا ہی مین ہوجاتا ہی اسلئی که اوسی خراج نہین لیا جاویگا جیسی
توخذ من الکفار لکن یبعد له الوصول فی العقبی الی درجة الابرار فان العبد بمجرد الاتیان بکلمتی
اور کفار سی لیا جاتا ہی لیکن اسکو درجه صلحاء کا آخرت مین ملنا بہت دشوار ہی کیونکه آدمی صرف کلمه شہادت کا پڑھ کر
الشهادة وتقریر الفاظ الایمان علی طریق العادة وعد نفسه من المؤمنین من غیر فهم معناها
اور عادت کی موافق الفاظ ایمان کی بول کر اور اپنی آپ کو مؤمنین مین شمار کرکر بدون سمجہنی معنون کی
لا یصیر مؤمنا بینه وبین الله تعالی حتی یصدق بقلبه جمیع شرائعه وینقاد فی جمیع احکامه
خدا کی علم مین مؤمن نہین ہوسکتا یہان تک که اپنی دل سی تمام احکام شرعی کی تصدیق کری اور تمام احکام کا مطیع ہووی
ولا یتشکک ولا یتردد فی شیء منها ولوجود هذا التصدیق والانقیاد فی القلب علامات منها ان
اور کسی بات مین اصلا شک اور تردد نہ لاوی اور بہت نشانیان ہین که جسی یہه تصدیق اور انقیاد دل مین موجود معلوم ہو ایک یہه ہی
لا یفرغ عن امر دینه بل یسعی فی اصلاحه بتعلمه من اهله والعمل به ومنها ان لا یشق علی قلبه
که دین کی معامله سی نکما ہوکر نه ہو بیٹھی بلکه دین کی درستی مین کوشش کرتا رہی اپنی اہل کو سکہاوی اور عمل کرتا رہی اور ایک علامت یہه ہی که اوسکی دلپر دشوار نگذری
اذا اخبر عن شیء من امر دینه ولا یتهاون به ولا یتکبر عنه بل یقبله ویطیعه وان کان ذلک الامر
جب امور دینی مین سی کوئی سا حکم سنی اور اوسکو حقیر نه سمجہی اور اوسی گردن کشی نکری بلکه اوسکو مان لی اور اطاعت کری اگرچه وه حکم کیا ہی
فی غایة الصعوبة والمخبر فی غایة الحقارة ومنها ان لا یکون له هواه امیرا والشرع تابعا له بان
سخت دشوار ہو اور وه حکم سنانیوالا کیسا ہی ذلیل وخوار ہو اور ایک یہه نشانی ہی که اوسکی ہوای نفسانی حاکم نہو جاوی اور شرع اوسکی تابع نبنی اسطور
لا یاخذ من الشرع شیئا الا ما یوافق هواه بل یجب ان یکون له الشرع امیرا وهواه اسیرا له فلا یاخذ
که شرعی احکام مین سی وه ہی اختیار کیا کری جو اوسکی مرضی کی موافق ہو بلکه واجب ہی که شرع ہی اوسکی حاکم اور اوسکی ہوا وہوس مقید ہو باہر
من هواه ومراده شیئا الا باذن الشرع وان کان فیه نقصان المال والجاه والعرض کما اخبر به النبی
اپنی خواہش مین سی بدون اجازت شرع کی کچھہ اختیار نه کرسکی اگرچه اسمین مال اور مرتبه کا نقصان ہوجا اور عزت بگڑ جاوی چنانچه نبی صلی الله
علیه السلام وقال لا یؤمن احدکم حتی یکون هواه تبعا لما جئت به فاذا وجد فی العبد تلک العلامات
علیه وسلم نی خبر دی ہی فرمایا که کوئی تم مین سی مؤمن نہوگا جبتک که اوسکی مرضی تابع میری احکام کی نہوجاوی جب آدمی مین یہه علامات موجود ہو جاوین
کان مؤمنا حقا وهذا هو الایمان المنجی من العذاب الابدی لکن بشرط التحفظ من جمیع ما یهدم هذا
تو وه بیشک مؤمن حقیقی ہی اور یہه ہی ایمان ہی جو عذاب ابدی سی نجات دیتا ہی لیکن بشرطیکه بچا رکہی تمام ایسی حالات سی جو اس تصدیق کو
التصدیق وینافیه مما یجری علی قلبه ولسانه وسائر جوارحه مما یوجب الکفر فان الایمان لا یزول الا
بگاڑ دیں اور کہودین وه خطرات دلی اور زبانی اور تمام اعضا کی بن جن جن سی کفر لازم آجاوی کیونکه ایمان بدون کفر کی نہین گم ہوتا
بالکفر والکفر ثلثة انواع النوع الاول کفر جهلی وسببه عدم الاصغاء وعدم الالتفات وعدم التامل
اور کفر تین قسم کا ہوتا ہی پہلی قسم کفر جہلی ہوتا ہی اوسکا سبب یہه ہی نه سننا اور توجه نکرنی اور غور اور فکر نه کرنا
فی الآیات والدلائل مثل کفر العوام فان اکثرهم لا یعرفون ما وجب علیهم معرفته من عقائد الایمان
آیات مین اور دلائل مین جیسی کفر عام لوگون کا کیونکه اکثر عوام یہه بہی نہین جانتی که اونپر کون کون سی عقاید ایمانی کا سمجہنا واجب ہی

بل بعضهم ينطق بكلمتي الشهادة لكن لا يعرف معناهما ولا يميز بين الله تعالى ورسوله والنوع الثاني
بلکہ بعضی لوگ شہادت کی دونو کلمی تو پڑہتی ہین پر اونکی معنی نہین جانتی اور اللہ مین اور اوسکی رسول مین تمیز نہین کرتی دوسری قسم کفر
كفر جحودي وسببه اما الاستكبار مثل كفر فرعون وملائه او خوف زوال الرياسة وعدم الوصول
انکاری ہوتا ہی اسکا سبب یا تو خود بینی اور تکبر جیسی کفر فرعون اور اوسکی امراؤ کا یا خوف ریاست کی جاتی رہنی کا اور سرداری میسر نہونی کا
اليها مثل كفر هرقل او خوف الذم والتعيير مثل كفر ابي طالب والنوع الثالث كفر حكمي وهو الذي
جیسی کفر ہرقل کا یا خوف بدنامی کا اور شرم جیسی کفر ابو طالب کا اور تیسری قسم کفر حکمی ہوتا ہی یہہ وہ کفر ہی
جعله الشرع من علامات التكذيب كشد الزنار وسجود الصنم او كان عن استخفاف ما يجب تعظيمه
جسکو شرع نی نشانی تکذیب کی مقرر کی ہی جیسی جنیئو کا گلی مین ڈالنا اور بت کو سجدہ کرنا اور حقارت کرنی اون چیزون کی جنکی شرع مین تعظیم ہی
كالقاء المصحف في المزبلة واستهزاء العلم والعلماء وما هو من امور الدين او عن استحلال حرام
نعوذ باللہ جیسی مصحف کو کوڑی مین ڈالدینا اور علم اور علماء اور اور امور دینی کا ٹھٹھا کرنا یا حرام لعینہ کو جسکی
لعينه وثبت حرمته بدليل قطعي كالزنا وشرب الخمر ومن فعل شيئا من ذلك يحبط جميع اعماله
حرمت دلیل یقینی سی ثابت ہوچکی ہو حلال سمجھنا جیسی زنا اور شراب کا پینا اور جسنی اس مذکورات مین سی کوی کام کیا اوسکی تمام عمل سوخت ہوجاتی ہین
الدينية فيلزم تجديد النكاح وتكرار الحج ان كان قادرا بعد التوبة واما غير تلك الذنوب صغيرة
پہر نئی سرسی نکاح کرنا چاہیی اور حج پہر ادا کرنا چاہیی اگر بعد توبہ کی مقدور رکہتا ہو اور سوای ان مذکورات کی باقی کی گناہونسی
كانت او كبيرة فلا يخرج المؤمن بفعلها من الايمان بل يكون فاسقا لكن يخاف عليه امر عظيم
صغیرہ ہون یا کبیرہ تو مرد مؤمن کسی گناہ کی شامت سی ایمان سی خارج نہین ہوتا بلکہ فاسق ہوجاتا ہی لیکن اوسپر مرتی دم بڑا اندیشہ ہی
عند النزع ان كان مصرا عليها ولم يتب عنها لما روي انه عليه السلام قال المعاصي بريد الكفر
اگر وہ شخص گناہ پر جم رہا تہا اور توبہ نہین کی ہی اسلئی کہ روایت ہی کہ فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وسلم نی گناہ کفر کی ایلچی ہوتی ہین
فعلى هذا يجب على كل مؤمن ان يتوب عن الذنوب كلها في الحال لان التوبة عن الذنوب صغيرة كانت
اس حدیث کی موافق ہر مؤمن پر واجب ہی کہ تمام گناہونسی ابہی فی الحال توبہ کری کیونکہ توبہ کرنا گناہونسی صغیرہ ہون
او كبيرة واجبة على الفور اما وجوبها فلقوله تعالى وَتُوبُوا إِلَى اللّٰهِ جَمِيعًا أَيُّهَ الْمُؤْمِنُونَ ولقوله تعالى
یا کبیرہ فی الفور ترت واجب ہی وجوب توبہ کا اس آیت سی ثابت ہی توبہ کرو اللہ کی آگی سب ملکر ای ایمان والو اور اس آیت سی
يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا تُوبُوا إِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَصُوحًا فانه تعالى قد امر في هاتين الايتين بالتوبة والامر للوجوب
ای ایمان والو توبہ کرو اللہ کی طرف صاف دلکی توبہ بیشک اللہ تعالی نی ان دونو آیتون مین توبہ کا حکم فرمایا اور امر واسطی وجوب کی ہی
فيكون التوبة واجبة واما وجوبها على الفور فلئلا يلزم بالتاخير الاصرار المحرم الذي يؤدي الى الهلاك
سو توبہ واجب ہوگئی اور توبہ کا ترت واجب ہونا اسلئی ہی ناکہ تاخیر کرنیسی اصرار حرام نہو جاوی جسکا انجام ہلاکت ہوتا ہی
لما روي عن ابن عباس انه عليه السلام قال هلك المسوفون والمسوف من يقول سوف اتوب وفي حديث
اسلئی کہ روایت ہی ابن عباس رض سی کہ فرمایا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی ہلاک ہوئی دیر اور تاخیر کرنیوالی اور مسوف اوسکو کہتی ہین جو یہہ کہا کری ابہی توبہ کرونگا اور
اخر انه عليه الصلوة والسلام قال كل بني ادم خطاء وخير الخطائين التوابون فلا بد للمؤمن
کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا تمام بنی آدم بڑی ہی خطاوار ہین اور خطاوارون مین سی اچہی وہ ہین جو بہت توبہ کرتی ہین پس مؤمن کو
ان يداوم على التوبة ليكون من التوابين فانه تعالى دعا عباده المؤمنين بعدما اذنبوا الى التوبة
لازم ہی کہ ہمیشہ توبہ کرتا رہی تاکہ ثواب مین داخل ہووی کیونکہ اللہ تعالی نی اپنی مؤمن بندون کو بعد گناہ کرنی کی توبہ کی ہدایت کی ہی

وامرهم بها وسمّاهم المؤمنین ثم بیّن ما لهم من الکرامة والمغفرة فقال عَسٰی رَبُّکُمْ اَنْ یُّکَفِّرَ عَنْکُمْ
اور توبہ کا حکم کیا ہی اور اونکو مؤمن کہکر پکارا ہی پہر بیان فرمایا جو اونکی لئی عزت اور بخشش ہوگی سو فرمایا شاید تمہارا رب اوتاری تمسی تمہاری
سَیِّاٰتِکُمْ وَیُدْخِلَکُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وقال فی اٰیة اخری وَالَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً
برائیاں اور داخل کری تمکو باغوں میں جنکی نیچی بہتی نہریں اور فرمایا ایک اور آیت میں اور وہ لوگ جب کر بیٹھیں کچھ کہلا گناہ
اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَکَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ وَمَنْ یَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَمْ یُصِرُّوْا عَلٰی مَا
یا برا کریں اپنی حق میں تو یاد کریں اللہ کو اور بخشش مانگی اپنی گناہوں کی اور کون ہی گناہ بخشتا سوای اللہ کی اور نہ اڑجا دیں اپنی
فَعَلُوْا وَهُمْ یَعْلَمُوْنَ اُولٰٓئِکَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ
کئی پر جانتی ہوئی اونکی جزا ہی بخشش اونکی رب کی اور باغ جنکی نیچی بہتی نہریں رہ پڑی اونمیں
فِیْهَا وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ ثم اخبر انه یحبهم لتطهرهم بالتوبة عن انجاس الذنوب فقال اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ
اور خوب مزدوری ہی کام کرنیوالوں کی پہر یہہ خبر دی کہ اوسکو پسند ہی کہ اونکو پاک کری توبہ کرا کر گناہوں کی نجاست سی سو فرمایا بیشک اللہ کو خوش آتی ہیں
التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِیْنَ فاذا کان کذلك فکیف لا یشتغل المؤمن بالتوبة وکیف ینفك عنها لکن
توبہ کرنیوالی اور خوش آتی ہیں ستہرائی والی جب یہہ ٹہرا تو مؤمن ہوکر توبہ کیونکر نکریگا اور توبہ سی کیسی جدا ہوگا لیکن
لها اربعة شروط ان اختل شرط منها لا یتحقق التوبة الاول الندم بالقلب علی فعل من الذنوب فی
توبہ کی چار شرطیں ہیں اگر ایک بہی شرط جاتی رہی گی تو توبہ کا پتا نہیں پہلی دل سی شرمندہ ہونا گناہوں کی کرنی پر
الماضی والثانی ترك المعصیة فی الحال والثالث العزم علی ان لا یعود الی مثلها فی الاستقبال والرابع
زمانہ گذشتہ میں دوسری فورًا گناہ کو ترک کرنا تیسری عزم کرنا کہ آیندہ کو پہر کبہی ایسی حرکت نکروں گا چوتہی
ان یکون ذلك خوفا من الله تعالی لا لامر اخر فان من ندم علی شرب الخمر وترکه لما فیه من الصداع
یہہ کہ تینوں امر اللہ تعالی کی خوف سی ہوں کسی اور سبب سی نہوں کیونکہ اگر کوئی شخص شراب پی کر نادم ہوا اور اوسکو ترک کیا اسلئی کہ اوسی سر درد ہوتا ہی
وزوال العقل والخلل بالمال والعرض لا یکون تائبا شرعا ولا ینال الثواب الموعود للتائبین وکذلك
اور بہکتا ہی اور مال تلف ہوتا ہی اور عزت جاتی ہی تو شرعًا یہہ شخص تائب نہیں ہی اور جو ثواب تائب کی واسطی مقرر ہی یہہ نہیں پاویگا اور ایسی ہی
من قال بلسانه استغفر الله وقلبه مصر علی المعصیة فاستغفاره ذلك یحتاج الی استغفار مقا
جسنی زبان سی کہا استغفر اللہ اور دل اوسکا گناہ پر اڑا رہا تو ایسی توبہ سی شرمندہ ہوکر توبہ کرنی چاہئی
بالندم لما روی ان علیا رای رجلا قد فرغ من صلاته وقال سریعا اللهم انی استغفرك واتوب الیك
کیونکہ روایت ہی کہ حضرت علی نی ایکو دیکہا کہ اوسنی نماز سی فارغ ہوتی جلدی سی یہہ کہا الہی میں بخشش مانگتا ہوں اور تیری طرف رجوع کرتا ہوں
فقال علی یا هذا ان سرعة اللسان بالاستغفار توبة الکذابین وتوبتك تحتاج الی توبة وعن الحسن
پس حضرت علی نی کہا ای شخص جلدی سی زبان توبہ پر چلانی جہوٹہوں کی توبہ ہوتی ہی تیری یہہ توبہ قابل توبہ کی ہی اور حسن
البصری انه قال استغفارنا یحتاج الی استغفار قال القرطبی هذا قوله فی زمانه فکیف فی هذا الزمان
بصری سی روایت ہی کہ کہتی تہی ہماری توبہ قابل توبہ کرنی کی ہی قرطبی کہتی ہیں یہہ قول حسن بصری کا اونکی زمانہ میں ہی پس اس زمانہ کا تو کیا حال ہی
الذی یری الانسان فیه مکبا علی الظلم حریصا علیه ولا یقلع عنه والسبحة فی یده یزعم انه یستغفر
کہ ہم دیکہتی ہیں انسان کو کہ حرص کا مارا ظلم پر دہکا چلا جاتا ہی اور ہرگز باز نہیں آتا اور تسبیح ہاتہ میں لی ہوئی ہی اس خیال پر کہ توبہ کریگا
منه وذلك استهزاء منه واستخفاف لما روی انه علیه السلام قال المستغفر باللسان المصر علی
اب یہہ ٹہٹہا چہل اور حقارت ہی چنانچہ روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کہ زبانی توبہ کرنیوالا گناہ پر لگا ہوا

الذنب کالمستہزی بربہ وانما التوبۃ ان یستغفر بلسانہ وینوی بقلبہ ان لا یعود الی الذنب اصلا
گویا اپنی رب سی ٹھٹھول کرتا ہی اور توبہ یہہ ہوتی ہی کہ زبانسی بخشش مانگی اور دل سی یہہ نیت کری کہ پہر کبھی نا فرمانی نکروں گا

فاذا فعل ذلک یغفر اللہ ذنبہ وان کان ذنبہ عظیما اذ لیس ذنبا اعظم من الکفر وقد قال اللہ تعالی
جب ایسی توبہ کرتا ہی تو اللہ تعالی اوسکی خطا معاف کردیتا ہی کیسا ہی گناہ ہو کیونکہ کفر سی بڑا کوئی گناہ نہین ہی اور اللہ کافرون کی حق مین

فی حق اھل الکفر قُلْ لِلَّذِیْنَ کَفَرُوْا اِنْ یَّنْتَھُوْا یُغْفَرْ لَھُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ فما ظنک فیما دونہ من المعاصی
یہہ فرماتا ہی تو کہدی کافرون کو اگر باز آوین تو معاف ہو اونکو جو ہو چکا پہر تو کیا سمجھتا ہی کفر سی کمتر گناہون کو

مسلم عاقل بالغ حرا كان او عبدا ذكرا كان او انثى لانه مخبر بامر ديني وهو وجوب الصوم على الناس فيقبل

مسلمان کی کہ عاقل اور جوان ہو ازاد ہو یا غلام مرد ہو یا عورت مقبول ہی اسواسطی کہ امر دینی کی خبر دیتا ہی یعنی لوگوں پر روزہ واجب ہی سو اوسکی خبر مقبول ہوگی

خبره لكن بشرط ان يفسر ويقول رايته خارج البلد او بين خلال السحاب واما بدون التفسير فلا يقبل لمكان

لیکن بشرطیکہ تفصیل بیان کری کہ میں نی چاند شہر سی باہر یا ابر کی اندر دیکہا ہی اور بدون تفصیل کی معتبر نہو گی کیونکہ

التهمة والفاسق اذا ابصر هلال رمضان ينبغي له ان يشهد عند القاضي لاحتمال قبول شهادته لكن

شبہ کی جگہہ ہی اور اگر فاسق ہلال رمضان کا دیکہی تو اوسکو چاہئی کہ قاضی کی روبرو جاکر گواہی دی شاید کہ اوسکی گواہی مقبول ہوجاوی لیکن

القاضي يرد شهادته لان خبر الفاسق في الديانات مردود غير مقبول ويشترط العدالة وقال الطحاوي لا يشترط

قاضی اوسکی شہادت کو رد کردی کیونکہ فاسق کی خبر دیانات میں مردود ہوتی ہی مقبول نہیں ہوتی عدالت شرط ہی اور طحاوی نی کہا ہی کہ عدالت

العدالة ومن المشائخ من قال اراد به المستور ولا يشترط الدعوى ولا لفظ الشهادة ويقبل في هلال رمضان شهادة

شرط نہیں ہی اور بعضی مشائخ کہتی ہیں کہ اس سی مراد مستور الحال ہی اور دعوی بہی شرط نہیں ہی اور نہ لفظ شہادت کچہہ ضرور ہی اور رمضان کی ہلال میں

الواحد على شهادة الواحد ومن راى هلال رمضان في الرستاق ولم يكن هناك وال ولا قاض فان كان

ایک شخص کی گواہی ایک شخص کی گواہی پر مقبول ہی اور جسنی رمضان کا ہلال ایسی گانو گوین میں دیکہا جہان نہ امیر ہو اور نہ قاضی تو اگر وہ

الرائي ثقة يصوم الناس بقوله ثم اذا قبل القاضي شهادة الواحد في هلال رمضان وصام الناس ثلثين

دیکہنی والا ثقہ ہی تو سب لوگ اوسکی کہنی سی روزہ رکہیں پہر اگر قاضی نی ایک آدمی کی گواہی رمضان کی ہلال کی قبول کرلی اور اوسکی موافق تیس روزی

يوما ولم يروا هلال الفطر لا يفطرون فيما روي عن ابي حنيفة وابي يوسف لان الفطر لا يثبت بشهادة الواحد

پوری ہوگئی تو بہی عید کا چاند نظر نہیں آیا تو بہی افطار نکریں موافق روایت ابوحنیفہ اور ابو یوسف کی اسواسطی کہ افطار ایک آدمی کی گواہی سی ثابت نہیں ہوتا

وعن محمد انهم يفطرون ويثبت الفطر في ضمن ثبوت الرمضانية بشهادة الواحد وان كان لا يثبت ابتداء

اور محمد سی روایت ہی کہ افطار کریں کیونکہ افطار ثبوت رمضان کی ضمن میں ایک ہی آدمی کی گواہی سی ثابت ہوجاتا ہی اگرچہ ابتداءً ثابت نہیں ہوتا

فان في هلال الفطر اذا كان في السماء علة لا يقبل الا بشهادة حرين او حر وحرتين لتعلق حق العباد به لانهم

بیشک شوال کی چاند دیکہنی میں اگر آسمان میں ابر یا گرد غبار ہو تو مقبول نہیں بدون گواہی دو آزاد مردوں یا ایک آزاد مرد اور دو آزاد عورتوں کی اسواسطی کہ اسمیں حق عباد

ينتفعون به فيثبت بما يثبت به سائر حقوقهم بخلاف هلال رمضان فان المتعلق به حق الشرع
اس سی فائدہ مند ہوتی ہین سواوسہی طرز ثابت ہوگا جسطور اونکی تمام حقوق ثابت ہوتی ہین بخلاف ہلال رمضان کی کیونکہ اوس سی صرف حق شرع کا متعلق ہوتا
وهو الصوم فيكتفي بخبر الواحد واما اذا لم يكن في السماء علة فلا يقبل شهادة الواحد في هلال رمضان
یعنی روزہ سوایک آدمی کی گواہی کفایت کرتی ہی اور اگر آسمان صاف ہو تو پہر ایک آدمی کی گواہی رمضان کی ہلال مین مقبول نہین ہوگی
ولا شهادة الاثنين في هلال الفطر وانما يقبل شهادة جمع كثير يقع العلم بخبرهم واختلفوا في مقدار
اور نہ دو کی گواہی عید الفطر کی ہلال مین پہر تواتنی بڑی جماعت چاہئی جنکی خبر سی یقین حاصل ہوجاوی اور اوس جماعت کی مقدار مین اختلاف ہی
ذلك فقيل لا بد من اهل محلة وقيل لا بد من خمسين رجلا وعن محمد لا بد ان يتواتر الخبر من كل جانب
بعضی کہتی ہین ایک محلہ کی آدمی چاہئین اور بعضی کہتی ہین پچاس آدمی ہون ۔ اور امام محمد سی روایت ہی ہر طرف سی پی درپی خبر کا آنا چاہئی
والصحيح انه مفوض الى راى الحاكم لان المراد بالعلم الحاصل بخبرهم هو العلم الشرعي الموجب للعمل وهو غلبة
اور صحیح یہہ ہی کہ حاکم کی رائی پر حوالہ ہی اسواسطی کہ مراد علم سی جو اونکی خبر سی حاصل ہو وہ علم شرعی ہی جس سی عمل کرنا واجب ہوجا یعنی ظن غالب
الظن لا العلم بمعنى التيقن وان جاء واحد من خارج المصر فشهد برؤية الهلال ثمه ففي ظاهر الرواية
علم بمعنی یقین نہین ہی اور اگر ایک شخص شہر کی باہر سی آکر گواہی دی کہ وہان چاند دیکہا ہی ظاہر روایت مین اوسکی گواہی مقبول نہین ہوگی
لا يقبل شهادته لقيام التهمة وذكر الطحاوي ان شهادته مقبولة لقلة المانع في خارج المصر وكذا لو شهد
کیونکہ شبہ کا مقام ہی اور طحاوی نی ذکر کیا ہی کہ اوسکی شہادت مقبول ہی اسواسطی شہر سی باہر رکاوٹ کم ہوتی ہی اور ایسی ہی اگر چاند
برؤية الهلال في المصر على مكان مرتفع ومن راى هلال رمضان وحده وشهد ولم يقبل شهادته كان عليه
دیکہنی کی شہر کی اندر اونچی مقام پر سی گواہی دی اور جسنی رمضان کا چاند تن تنہا دیکہا اور گواہی دی تو مقبول نہوئی تو بہی اوسکو لازم ہی
ان يصوم لقوله عليه السلام صوموا لرؤيته فانه قد راه فيلزمه الصوم وان افطر كان عليه القضاء دون
کہ روزہ رکہی اس حدیث کی موافق روزہ رکہو چاند دیکہہ کر کیونکہ اسنی چاند دیکہا ہی سو اسکو روزہ رکہنا لازم ہی اور اگر افطار کریگا تو اوسپر قضا لازم ہوگی
الكفارة وان افطر قبل ان ترد شهادته اختلفوا فيه والصحيح ان لا يجب عليه الكفارة والحاكم اذا راى هلال
کفارہ نہین آویگا اور اگر شہادت رد ہونی سی پہلی افطار کرڈالا تو اس صورت مین اختلاف ہی صحیح یہہ ہی کہ کفارہ واجب نہین اور اگر حاکم تن تنہا رمضان کا
رمضان وحده يصوم ولا يامر الناس بالصوم ولو ان الناس غم عليهم هلال رمضان واكملوا شعبان
چاند دیکہہ لی تو وہ آپ روزہ رکہی اور ون کو روزہ کا حکم نہ دی اور اگر لوگون کو رمضان کا چاند بسبب ابر کی نظر نہ آیا اور اونہون نی شعبان کی
ثلثين يوما ثم صاموا رمضان ثمانية وعشرين يوما ثم راوا هلال شوال فانهم ان كانوا عدوا شعبان
تیس دن پوری کرکی رمضان کی روزی اٹہائیس دن رکہی تہی پہر شوال کا چاند نظر آگیا اب اگر انہون نی گنتی شعبان کی
عن غير رؤية قضوا يومين وان كان عدوه عن رؤية قضوا يوما واحدا فيكون شهر رمضان في تلك
بی چاند دیکہی پوری کی تہی تو دو روزی قضا کرین اور اگر چاند دیکہہ کر گنتی پوری کی تہی تو ایک روزہ قضا کرین اب ماہ رمضان اوس سال مین۔
السنة تسعة وعشرين يوما حتى انهم لو كانوا راوا هلال شوال بعد ما صاموا رمضان تسعة وعشرين
انتیس دن کا ہوا یہان تک کہ انہون نی اگر عید کا چاند رمضان کی انتیس روزی رکہہ کر دیکہا
يوما لا يلزمهم شيء ولو ان اهل بلدة راوا هلال رمضان فصاموا تسعة وعشرين يوما فشهد جماعة
تو اونپر کچہہ لازم نہین آتا اور اگر ایک شہر والون نی رمضان کا چاند دیکہہ کر انتیس روزی رکہی پہر ایک جماعت نی قاضی کی پاس
عند القاضي في اليوم التاسع والعشرين ان اهل بلدة كذا راوا هلال رمضان في ليلة كذا قبلكم بيوم
انتیسوین تاریخ مین یہہ گواہی دی کہ فلانی شہر والون نی رمضان کا چاند فلانی رات مین تمسی ایک دن پہلی دیکہہ کر روزی

فصاموا وهذا اليوم يوم الثلثين من رمضان واهل هذه البلدة لم يروا الهلال في تلك الليلة
رکھی ہین اور یہہ آج رمضان کی تیسوین تاریخ ہی اور اس شہر والون نی اوس رات کو چاند نہین دیکھا
والسماء مُصْحِيَة لا يباح لهم الفطر غدا ولا يترك التراويح في تلك الليلة لان هذه الجماعة لم يشهدوا
اور آسمان صاف تہا تو اونکو اگلی دن افطار کرنا جایز نہین ہی اور نہ اوس رات مین تراویح ترک کرنی جایز اسواسطی کہ اس جماعت نی چاند دیکھنی کی گواہی
بالروية ولا على شهادة غيرهم وانما حكوا روية غيرهم واما لو كانوا شهدوا عند القاضي ان قاضي بلدة
نہین دی اور نہ غیر کی گواہی پر گواہی دی ہی انہون نی اورون کی دیکھنی کی خبر بیان کی ہی اور اگر وہ جماعت قاضی کی سامنی یہہ گواہی دیتی کہ فلانی شہر کی قاضی کی
كذا شهد عنده شاهدان بروية الهلال في ليلة كذا وقضى ذلك القاضي بشهادتهما جاز لهذا القاضي
سامنی دو گواہون نی فلانی رات مین چاند دیکھنی کی گواہی دی تہی اور اوس قاضی نی اونکی گواہی کی موافق حکم دیا ہی تو اب اس قاضی کو جایز ہوتا
ان يقضي بشهادتهما لان قضاء القاضي الاول حجة وهذا على قول من قال لا عبرة باختلاف المطالع
کہ انکی گواہی کی موافق حکم دیتا اسواسطی کہ حکم پہلی قاضی کا حجت ہی اور یہہ حکم اوسکی قول کی موافق ہی جو اختلاف مطالع کا اعتبار نہین کرتا
حتى اذا صام اهل بلدة ثلثين يوما للروية واهل بلدة اخرى تسعة وعشرين يوما للروية ايضا
یہان تک کہ اگر ایک شہر والون نی چاند دیکہہ کر تیس روزی رکہی اور ایک اور شہر والون نی چاند ہی دیکہہ انتیس روزی رکہی
فعلى هذا على من صام تسعة وعشرين يوما قضاء يوم والاشبه على ما ذكره الزيلعي ان يعتبر لان
تو اس صورت مین جنہون نی انتیس روزی رکہی اون پر ایک روزی کی قضا ہی اور موافق بیان زیلعی کی بہتر یہہ ہی کہ اختلاف مطالع معتبر ہو اسلئی
كل قوم يخاطبون بما عندهم والدليل على اعتباره ما روي عن كريب انه قال قدمت الشام واستهل
کہ ہر قوم کو وہ ہی حکم ہی جو اونکی پاس ہی اور یہہ دلیل اختلاف مطالع کی اعتبار کی کریب کی روایت ہی کہ وہ کہتا ہی کہ مین شام مین وارد ہوا اور مجہکو
علي شهر رمضان فرايت الهلال ليلة الجمعة ثم قدمت المدينة في اخر الشهر فسئلني عبد الله بن عباس
ماہ رمضان کا چاند آگیا سو مینی شب جمعہ کو چاند دیکہا پہر مین مدینہ شریف مین آخر مہینی مین آیا تو مجہسی عبد اللہ بن عباس نی پوچہا
فقال متى رايتم الهلال فقلت رايناه ليلة الجمعة فقال نحن رايناه ليلة السبت فلا نزال نصوم حتى
تمنی رمضان کا چاند کب دیکہا تہا مین نی کہا ہمنی چاند شب جمعہ کو دیکہا تہا عبد اللہ بن عباس نی کہا ہمنی ہفت کی شب کو دیکہا سو ہم روزی رکہی جاوینگی یہانتک
نكمل ثلثين او نراه فقلت له افلا تكتفي بروية معاوية وصيامه فقال لا هكذا امرنا رسول الله عليه السلام
کہ تیس دن پوری ہو جاوین یا چاند نظر آجاوی پہر مین نی کہا معاویہ کی دیکھنی اور روزہ رکہنی پر کیون نہین اکتفا کرتی پہر کہا نہین ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی یہہ حکم دیا ہی
وذلك لان انفصال الهلال عن شعاع الشمس يختلف باختلاف الاقطار كما ان دخول الوقت وخروجه
اور یہہ اسلئی ہی کہ الگ ہونا ہلال کا آفتاب کی شعاع سی بسبب اختلاف مسافت کی مختلف ہو جاتا ہی جیسی ایک وقت کا آنا اور نکلنا
يختلف باختلاف الاقطار فان الشمس اذا زالت في المشرق لا يلزم منه ان تزول في المغرب بل كلما تحركت
اختلاف مسافتی مختلف ہو جاتا ہی کیونکہ آفتاب کو اگر مشرق مین زوال ہووی تو لازم نہین آتا کہ مغرب مین بہی زوال ہو جا بلکہ آفتاب جب کوئی درجہ
درجة فذلك طلوع لقوم وغروب لاخرين ونصف ليل لبعض وطلوع فجر لغيرهم وروي ان ابا موسى
قطع کریگا تو وہ ایک کی لئی طلوع ہی اور دوسری کی واسطی غروب ہی اور کسیکو آدہی رات ہی اور کسیکو طلوع فجر ہی اور روایت ہی کہ ابو موسی
الضرير الفقيه قدم الاسكندرية فسئل عمن صعد المنارة فراى الشمس بعد غروبها في البلدة بزمان طويل
نابینا فقیہ اسکندریہ مین آئی اونسی کسی نی حال ایسی شخص کا پوچہا کہ اونچی مینار پر چڑہ کر آفتاب کو دیکہا اور شہر مین بہت دیر پہلی غروب ہو چکا ہی
يحل له الافطار فقال لا يحل له الافطار ويحل لاهل البلدة لان كل احد مخاطب بما عنده ومن راى هلال
یا اسکو افطار کرنا درست ہی فقیہ نی جواب دیا اسکو افطار حلال نہین ہی اور شہر والون کو درست ہی اسلئی کہ ہر ایک کو وہ ہی حکم ہی جو اسکی پاس ہی اور جسنی ہلال

الفطر وقت العصر فظن انقضاء مدة الصوم وافطر قال في المحيط اختلفوا في وجوب الكفارة والاكثر
فطر کا عصر کی وقت دیکہا پہر اس خیال سی کہ مدت روزی کی گذر گئی افطار کر ڈالا محیط مین کہا ہی کہ علماء کو درباب وجوب کفارہ کی اختلاف ہی اکثرون کا مذہب

على الوجوب وقد ظن بعض الناس ان النهي عن الصوم قبل رمضان بيوم او يومين لاراده اغتنام
یہہ ہی کہ کفارہ واجب ہی اور بعضی لوگون کو یہہ گمان ہی کہ روزی کی ممانعت رمضان سی ایک یا دو دن پہلی اس لئی ہی کہ

الاكل والشرب واخذ النفوس شهواتها قبل ان تمتنع منها بالصيام وهذا كله خطاء وجهل اذ قد ذكر
کہانا پینا اور نفوس کو اپنی شہوات سی متلذذ ہونا اس سی پہلی کہ روزون کی سبب ممانعت ہوجاوی غنیمت ہی یہہ تمام خیالات خطا اور جہالت ہی اس واسطی کہ ذکر

ان اصل ذلك متلقى من النصارى فانهم عند قرب صومهم يفعلون كذلك فيلزم التشبيه بهم وقد كان
کرتی ہین کہ یہہ اصل مین نصاری سی لیا ہی کیونکہ نصاری کی جب روزی نزدیک آتی تہی تو ایسا ہی کیا کرتی تہی پہر نصاری سی تشبیہ لازم آتی ہی اور

النهي عن الصوم في ذلك الوقت لمنع التشبيه بالكافر فيما امنه بد وهو مذموم شرعا لقوله عليه السلام
نہی روزہ کی اوسوقت مین صرف کفار کی مشابہت کی سبب سی تہی جس جگہہ ایسی مشابہت رفع ہوسکتی ہی اور تشبیہ شرعا مذموم ہی واسطی ارشاد رسول علیہ السلام کی

من تشبه بقوم فهو منهم وربما لا يقتصر بعضهم على الشهوات المباحة بل يتعدى الى المحرمات فمن
جو شخص مشابہ ہوا کسی قوم سی پس وہ انہی مین سی ہی اور کبہی کبہی بعضا شخص شہوات مباح پر حصر نہین کرتا بلکہ محرمات مین داخل ہوتا ہی جسکا

كان هذا حاله فالبهائم اعقل منه وله نصيب وافر من قوله تعالى ولقد ذرأنا لجهنم كثيرا من
ایسا حال ہو تو اوس سی ڈنگر ہوشیار ہین اور اوسکا اس آیت مین بڑا حصہ ہی اور ہمنی پہیلا رکہی ہین دوزخ کی واسطی بہت

الجن والانس لهم قلوب لا يفقهون بها ولهم اعين لا يبصرون بها ولهم آذان لا يسمعون بها اولئك
جن اور آدمی جنکو دل ہین اوس سی سمجہتی نہین اور آنکہین ہین اونسی دیکہتی نہین اور کان ہین اونسی سنتی نہین وہ لوگ

كالانعام بل هم اضل وبعضهم لا يجتنب كبائر الذنوب الا في رمضان فيطول عليه ويكره صيامه ويشق
جیسی چوپائی بلکہ اونسی زیادہ بیراہ ہین اور بعضی شخص گناہ کبیرہ سی سوا رمضان کی کبہی نہین باز آتی سو اونکو رمضان دوبہر ہوجاتا ہی اور روزہ بہی مکروہ معلوم ہوتا ہی

على نفسه مفارقتها لمألوفاتها فيعد الايام والليالي ليعود الى المعاصي وبعضهم لا يصلي الا في رمضان فيستثقل
اور اوسکی دل پر مفارقت کبایر کی دشوار ہوتی ہی جیسی موت ہوگئی پہر دن رات گنتا ہی تاکہ معاصی پہر حاصل کری اور بعضی سوا رمضان کی نماز نہین پڑہتی پہر

رمضان لاستثقال العبادات المشروعة فيه من الصلوة والصيام وبعضهم لا يصبر على المعاصي في اواخر
رمضان اون پہ بہاری پڑ جاتا ہی بسبب گرانی عبادات کی جو رمضان مین ہوتی ہین نماز روزی اور بعضون کو گناہون سی صبر نہین تو پہر وہ رمضان مین

في رمضان وهذا هو الخسران المبين

المجلس السادس والعشرون في بيان فضيلة رمضان

ہی مبتلا رہتا ہی اور یہہ ظاہر ٹوٹا اوٹہانا ہی — چہبیسوین مجلس رمضان کی فضیلت مین

ورعاية حقه قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا دخل رمضان فتحت ابواب السماء وفي
اور اوسکی حق کی رعایت مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جب رمضان آتا ہی تو آسمان کی دروازی کہل جاتی ہین اور ایک

رواية ابواب الجنة وغلقت ابواب جهنم وصفدت الشياطين هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه
روایت مین جنت کی دروازی اور دوزخ کی دروازی بند کئی جاتی ہین اور سب شیاطین قید ہوجاتی ہین یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین سی ہی

ابو هريرة وهو ان حمل على معناه الظاهر لا يفيد زيادة فائدة لان الانسان مادام في الدنيا لا يتيسر له الصعود
ابوہریرہ کی روایت سی اس حدیث کی اگر ظاہر معنی مراد لیوین تو کچہ خوب بڑا فائدہ نہین ہی اس لئی کہ انسان جبتک دنیا مین ہی تو اوسکو آسمان پر چڑہنا نہین

الى السماء ولا الدخول في احدى الدارين فاي فائدة في فتح الابواب واغلاقها الا ان يقال من مات من
ہوسکتا اور نہ بہشت اور دوزخ مین داخل ہوسکتا ہی پہر دروازون کی کہلنی اور بند ہونی سی کیا فائدہ ہوا مگر یون کہین کہ جو شخص صلحاء ایمان والون مین سی

صلحاء اهل الایمان اذا فتحت ابواب الجنة یاتیهم من روحها ونسیمها فوق ماکان یاتیهم قبل الفتح و

مرجاتا ہی توجب دروازی جنت کی کہلجاتی ہین تواونکو جنت کی ہوا اور خوشبو زیادہ تر آتی ہی بہ نسبت اوسکی کہ دروازی کہلنی سی پہلی آتی تہی اور

من مات من عصاتهم اذا غلقت ابواب جهنم لا یصیبهم من حرها وسمومها کما کان یصیبهم من حرها

جو گنہگار مرجاتا ہی تو اگر دروازی دوزخ کی بند ہوتی ہین تو اونکو اوسکی گرمی اور لپٹ اوتنی نہین آتی جتنی گرمی

وسمومها قبل التغلیق وهو بعید لانه انما ذکر لترغیب الناس فیما امروا به من صوم شهر رمضان وتحریصهم

اور لپٹ بند ہونی سی پہلی آتی تہی اور یہہ معنی بعید ہین اسواسطی کہ یہہ مضمون صرف واسطی آدمیون کی ترغیب کی ہی جو اونکو حکم ہوا ہی ماہ رمضان کی روزون کا

علیه حتی یستعدوا له وتصیر ابواب الجنان کانها فتحت لهم وابواب النیران کانها اغلقت علیهم فیلزم

تاکہ روزی کی واسطی تیار ہوجاوین اور گویا جنت کی دروازی اونکی لئی کہل گئی اور دوزخ کی دروازی گویا اونکی اوپر بند ہوگئی اب کوئی تاویل

الرجوع الی التاویل بان یقال فتح ابواب السماء کنایة عن تواتر نزول الرحمة وتوالی صعود الطاعات لان الباب اذا

کرنی لازم ہی کہ یون کہین کہ کہلنا آسمان کی دروازون کا اشارہ ہی پی درپی رحمت کی آنیکا اور پی درپی عبادت کی چڑہنی کا اسواسطی کہ جب دروازہ

فتح یخرج ما فی داخله متتابعا ویدخل ما فی خارجه متوالیا ویؤید هذا التاویل ما جاء فی روایة اخری فتحت

کہلجاتا ہی تو جو اوسکی اندر ہی فورًا نکل آتا ہی اور جو باہر ہوتا ہی وہ فورًا داخل ہوجاتا ہی اور اس تاویل کی تائید وہ ہی جو ایک اور روایت مین آیا ہی کہلجاتی ہین

ابواب الرحمة وفتح ابواب الجنة کنایة عن حصول ما یؤدی الی دخولها من انواع العبادات وتغلیق

دروازی رحمت کی اور جنت کی دروازون کا کہلنا اشارہ ہی اون امور کی حاصل ہونیکا جو جنت کی اندر پہنچاوین یعنی ہر قسم کی عبادتین اور بند ہونا

ابواب جهنم کنایة عن انتفاء ما یؤدی الی دخولها من انواع السیات لان الصائم یتنزه عن الکبائر

دوزخ کی دروازون کا اشارہ ہی دور ہونی اون امور کا جو دوزخ مین داخل کردیتی ہین یعنی ہر قسم کی گناہ اسواسطی کہ روزہ دار ایسی کبایر گناہون سی بچتا ہی

التی من جملتها الاصرار علی الصغائر فیغفر له ببرکة الصوم سائر الذنوب کما جاء فی الحدیث الصلوات الخمس

جنکی اندر اڑکرنی صغیرہ گناہون کی بہی داخل ہی سو روزہ کی برکت سی اوسکی تمام گناہ معاف ہوجاتی ہین چنانچہ حدیث مین آیا ہی کہ پانچون نمازین

والجمعة الی الجمعة ورمضان الی رمضان مکفرات لما بینهن ان اجتنبت الکبائر وتصفید الشیاطین

اور جمعہ اگلی جمعہ تک اور رمضان اگلی رمضان تک بیچ کی گناہون کو مٹادیتی ہین اگر کبیرہ گناہونسی پرہیز کی جا اور قید ہونا شیاطین کا

یحتمل ان یکون المراد به ما هو الظاهر من کون الشیاطین مقیدة تعظیما للشهر وعلامة ذلک ان اکثر المنهمکین

احتمال یہہ ہی کہ اس سی مراد وہ ہی معنی ظاہری ہون کہ شیاطین واسطی تعظیم اس مہینی کی قید ہوجاتی ہین اسکی نشانی یہہ ہی کہ اکثر لوگ گناہون مین کہپی ہوئی

فی الطغیان یجتنبون المعاصی ولا یزدادون بعد حرصهم علیها ویشرعون فی اقامة الصلوة بعد ما کانوا

گناہون اور بدی سی بچنی لگتی ہین باوجودیکہ گناہون کی بڑی حریص ہوتی ہین اور نماز پڑہنی شروع کردیتی ہین باوجودیکہ نمازمین

یتهاونون بها ویقبلون علی استماع النصیحة وتلاوة القران واما ما یری من بعض الفسقة انهم لا یمتنعون

کاہل سستی کرتی تہی اور وعظ نصیحت سنی پر اور قرآن کی تلاوت پر متوجہ ہوجاتی ہین اور یہہ جو فاسق معلوم ہوتی ہین کہ اپنی فسق سی ذرہ باز

عن فسقهم بل ان ترکوا نوعا منه یاتون نوعا اخر فذلک من اثر ما بقی فی نفوسهم الخبیثة من تسویلات

نہین آتی بلکہ اگر ایک قسم ترک کرتی ہین تو دوسری قسم کرنی شروع کردیتی ہین سو یہہ اثر اوس خباثت کا ہی جو اونکی دلونمین وسوسہ شیطانی باقی ہین

الشیاطین وقال بعض العلماء لفظ الشیاطین وان کان عاما الا ان المراد به رؤساؤهم ویؤیده ما جاء فی بعض

اور بعضی علماء کہتی ہین لفظ شیاطین کا اگرچہ عام ہی پہ مراد اس سی شیطانون کی گرو کہنٹال ہین اسکی تائید ہی جو اس حدیث کی بعضی

طرق هذا الحدیث وسلسلت مردة الشیاطین فیقع الفساد بتسویلات غیرهم من شیاطین الانس والجن

روایت مین واقع ہوا ہی کہ اور قید ہوجاتی ہین سرکش شیطان پہر فساد اورون کی وسوسہ سی جو شیاطین جن اور انسان کی ہین واقع ہوتا ہی

وقیل هو مجاز عن امتناع نفوس الصائمین عن قبول وساوسهم وذلك لان رمضان اذا دخل یشتغل الناس بالصوم
اور کہتی ہین کہ یہہ مجاز ہی اصل روزہ داروں کی دل شیطانی وسوسہ قبول کرنی سی باز رہتی ہین اسواسطی کہ جب رمضان آتا ہی تو آدمی روزہ مین مشغول ہوجاتا ہی
فتنکسر قوتهم الحیوانیة التی هی مبدء الشهوة والغضب المتداعیین الی انواع الفسوق والفجور وتنبعث قواهم
سو اونکی قوت حیوانی ضعیف ہوجاتی ہی جو باعث شہوت اور غصہ کی ہو کر ہر قسم کی فسق اور فجور کی طرف لیجاتی تہی اور اونکی قوت عقلی
العقلیة داعیة الی الطاعات ناهیة عن المنکرات فتجعلهم مقبلین علی وظائف العبادات معرضین عن
پیدا ہو کر طاعات کی طرف بلاتی ہی اور منکرات سی منع کرتی ہی پہر اونکو روز مرہ کی مقرری عبادات پر متوجہ اور ہر قسم کی منکرات سی
اصناف المنکرات فیصیرون کانهم فتحت لهم ابواب الجنان وغلقت علیهم ابواب النیران ولم یبق
بیزار کردیتی ہی پہر وہ ایسی ہوجاتی ہین کہ اونکی لئی بہشت کی دروازی کہل گئی اور دوزخ کی دروازی اون پر بند ہوگئی اور
علیهم للشیطان سلطان وروی عن ابی هریرة انه علیه السلام قال اذا کان اول لیلة من شهر رمضان
اون پر شیطانون کا اصلا تسلط غلبہ باقی نرہا اور ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جب ماہ رمضان کی پہلی رات ہوتی ہی
صفدت الشیاطین ومردة الجن وغلقت ابواب جهنم فلم یفتح منها باب وفتحت ابواب الجنة فلم
تو شیاطین اور سرکش جن قید ہوجاتی ہین اور دوزخ کی دروازی بند ہو کر کوئی دروازہ کہلا نہین رہتا اور دروازی بہشت کی کہل جاتی ہین سو
یغلق منها باب فینادی منادیا باغی الخیر اقبل ویا باغی الشر اقصر ولله فیه عتقاء من النار وذلك
اونمین سی کوئی دروازہ بند نہین رہتا پہر منادی پکارتا ہی ای طالب خیر کی ادہر آ اور ای حد سی بڑہنی والی شر کی بس کر اور رمضان مین اللہ کی ازاد کئی آگ سی بہت ہین اور یہہ
فی کل لیلة ومعنی هذا الحدیث علم من تاویل الحدیث السابق لکن هنا زیادة لابد من بیان معنی تلك
ہر ہر شب مین ہوتی ہی اور اس حدیث کی معنی پہلی حدیث کی تاویل سی معلوم ہوگئی لیکن اسمین کچہہ لفظ زیادہ ہین اونکی معنون کا بیان کرنا ہی ضرور چاہئی
الزیادة وهو ان منادیا ینادی فی لیالی رمضان ویقول یا طالب الخیر تعال اطلب الثواب فانك تعطی
وہ یہہ ہین کہ منادی رمضان کی راتون مین پکارتا ہی یہہ کہتا ہی ای خیر کی طالب یہان آ ثواب لی یہہ ایسا وقت شریف ہی
ثوابا کثیرا بعمل قلیل لشرف الوقت ویا طالب الشر اترك الشر فان عذاب المعصیة فیه اکثر وتب الی الله تعالی
کہ تہوڑیسی کار پر بہت ہی بڑا ثواب عطا ہوگا اور ای شر کی طالب بدکاری سی باز آ کیونکہ رمضان مین معصیت کا عذاب بڑا سخت ہی اور اللہ تعالی کی طرف
فانه تعالی یعتق کثیرا من عباده الصائمین من النار ویغفر ذنوبهم الماضیة لحرمة الشهر کما جاء فی
رجوع کر کیونکہ اللہ تعالی اپنی بہت بندی روزہ دار آگ سی ازاد کرتا ہی اور اونکی پچہلی گناہ اس مہینی کی برکت سی معاف کرتا ہی چنانچہ ایک اور حدیث مین آیا ہی
حدیث آخر من صام رمضان ایمانا واحتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه یعنی ان من صامه مصدقا
جسنی رمضان کی روزہ واسطی ایمان اور ثواب کی رکہی تو اوسکی تمام پچہلی گناہ معاف ہوئی مراد یہہ ہی کہ جسنی رمضان کی روزہ اوسکی حقیقت
بحقیته وفرضیته وطالبا رضاء الله تعالی وثوابه لا خوفا من الناس واستحیاء منهم یغفر له ذنوبه
اور فرضیت تصدیق کرکر اللہ کی رضا اور ثواب حاصل کرنیکو رکہی نہ کسی شخص کی خوف سی اور نہ کسیکی حیا لاج سی تو اوسکی تمام پچہلی گناہ
المتقدمة وذلك النداء یکون فی کل لیلة من لیالی رمضان وروی عن ابی امامة الباهلی انه علیه السلام
معاف ہونگی اور یہہ ندا رمضان کی راتون مین سی ہر ہر رات کو ہوتی ہی اور ابو امامہ باہلی سی روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا
قال من صام یوما فی سبیل الله جعل الله بینه وبین النار خندقا کما بین السماء والارض وفی حدیث آخر
جسنی ایک روز واسطی خدا کی روزہ رکہا تو اللہ تعالی دوزخ اور اوس شخص کی بیچ مین ایسی چوڑی خندق کردیگا جیسی بیچ آسمان اور زمین کا اور ایک اور حدیث مین
رواه ابو سعید الخدری انه علیه السلام قال من صام یوما فی سبیل الله بعد الله تعالی وجهه من النار
ابو سعید خدری سی روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جسنی روزہ ایک دن کا واسطی اللہ کی کہا تو اللہ اوسکی چہرہ کو آگ سی ستر برس کی راہ پر دور کریگا

سبعین خریفا یعنی ان من صام یوما فی سبیل الله ورضائه ینجیه الله تعالی من النار عبر عن التنجیة

مراد یہہ ہی کہ جسنی ایک دن کا روزہ واسطی اللہ کی اوسکی رضامندی کی لئی رکہا اوسکو اللہ تعالی آگ سی نجات بخشیگا دوری کو بطور تمثیل کی

بطریق التمثیل لیکون ابلغ لان من کان بعیدا عن شئ بهذا المقدار لا یصل الیه البتة والمراد بالخریف

بیان فرمایا تاکہ ابلغ ہووی اسواسطی کہ جو شخص ایک چیز سی اسقدر دور مسافت پر ہو تو وہ چیز اوس تک ہرگز نہیں پہنچیگی اور خریف سی مراد

السنة ذکر الجزء وارید الکل وانما عبر عنها به دون غیره من الفصول لکونه وقت بلوغ الثمار وحصول

سال ہی جزو کو ذکر کیا اور کل مراد لیا اور فصول وغیرہ کو چہوڑ کر خریف کی ساتہہ اسواسطی بیان کیا کہ اس وقت مین پہل پکتی ہین اور عیش

سعة العیش وروی عن ابی هریرة انه علیه السلام قال کل ابن ادم یضاعف الحسنة بعشر امثالها الی

فراخ ہوتا ہی اور ابوہریرہ سی روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا تمام بنی آدم کی حسنات دس گونہ بڑہتی ہین اور دس سی

سبعمائة ضعف قال الله تعالی الا الصوم فانه لی وانا اجزی به یدع شهوته وطعامه وشرابه من اجلی

سات سو گونہ تک اللہ تعالی فرماتا ہی روزہ کی سوا کیونکہ روزہ میری واسطی ہی مین ہی اوسکا بدلہ ہون کیونکہ اپنی شہوت کہانا پینا میری لئی ترک کرتا ہی

یعنی ان کل طاعة وخیرا اذا لم یکن ریاء ونفاقا فاقل ما یعطی لصاحبه من الاجر عشرة لقوله تعالی مَنْ

مراد یہہ کہ ہر ایک عبادت اور خیر اگر بدون ریا اور نفاق کی ہو تو کم سی کم اوسکا اجر عابد کو دس گونہ عطا ہوگا اس آیت کی سند سی جو

جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا وقد یزاد الی سبعمائة واکثر لقوله تعالی مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ

لاوی بہلائی اوسکی واسطی ہی اوس سی دس گونہ اور کبہی سات سو تک یا زیادہ تک نوبت بڑہ جاتی ہی اس سند سی مثال اونکی جو خرچ کرتی ہین اپنی مال

فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ کَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ کُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ وَاللّٰهُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ

اللہ کی راہ مین جیسی ایک دانہ اوس سی اوگین سات خوشہ ہر خوشہ مین سو سو دانی اور اللہ بڑہاتا ہی جسکی واسطی چاہی

واما الصوم فثوابه بغیر حساب لانه لا یتادی الا بالصبر وقد قال الله تعالی اِنَّمَا یُوَفَّی الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ

اور روزہ کی ثواب کا تو کچہہ حساب ہی نہین کیونکہ روزہ بدون صبر کی پورا نہین ہوتا اور اللہ تعالی فرماتا ہی صبر کرنیوالون کو ملتا ہی اونکا اجر

بِغَیْرِ حِسَابٍ ثم الصبر وان کان یوجد فی غیر الصوم من العبادات لکن وجوده فیه لیس کوجوده فی غیره

بی گنت پہر صبر اگرچہ سوا روزہ کی اور عبادات مین بہی ہوتا ہی لیکن صبر روزہ کا ایسا نہین ہی جو اور عبادات مین ہوتا ہی

لانه ثلثة انواع صبر علی طاعة الله تعالی وصبر علی محارم الله تعالی وصبر علی الالام والشدائد وکلها

کیونکہ صبر تین طرح پر ہی ایک تو صبر اللہ تعالی کی طاعت پر دوسرا صبر اللہ تعالی کی محارم پر تیسرا صبر تکالیف اور سختیون پر اور روزہ مین

یوجد فی الصوم اذ فیه صبر علی ما وجب علی الصائم من الطاعات وصبر عما حرم علیه من الشهوات

تینون قسم کا صبر موجود ہی اسواسطی کہ روزی مین صبر ہی اوس طاعات پر جو روزہ دار پر واجب ہین اور اون شہوات پر صبر ہی جو اوسپر حرام ہین

وصبر علی ما یصیبه من الم الجوع وحرارة العطش وضعف البدن لان الصائم تعرض بدنه النحول والنقصان

اور اوس الم پر صبر ہی جو بہوک لگتی ہی اور پیاس کی گرمی ہوتی ہی اور بدن ناتوان ہوتا ہی کیونکہ روزہ دار کا بدن دبلا اور کم زور ہو جاتا ہی

والمفضی الی الهلاك طلبا لرضاء الله تعالی اشیر الیه حیث قیل یدع شهوته وطعامه وشرابه من اجلی

اور واسطی طلبگاری مرضی الہی کی ہلاکت مین پڑتا ہی اسی کی طرف اشارہ ہی جو مذکور ہی کہ اپنی شہوت اور کہانا پینا میری خاطر چہوڑ دیتا ہی

وایضا ان الصائم بسبب منع نفسه عن الاکل والشرب والجماع یصیر متخلقا باخلاق الله تعالی لکونه تعالی

اور سبب بہی ہی کہ روزہ دار اپنی جان کو کہانی اور پینی اور جماع سی روک کر خوگیر صفات الہی کا ہو جاتا ہی کیونکہ اللہ تعالی

منزها عن هذه الاشیاء فلما کان فی الصوم هذه المعانی خصه الله تعالی بذاته وتولی جزاءه بنفسه

ان سب امور سی پاک وصاف ہی اور چونکہ روزہ مین یہہ خوبیان ہوتی ہین تو اللہ تعالی نی روزہ کو اپنی ذات پاک سی خاص کیا اور روزہ کی ثواب کا اپنی ذات

ولم يكله الى غيره فاعطى الصائم من عنده اجر البر له حد ولا عد وقيل ان الصوم سر بينه وبين العبد
ذمہ دار ہوا کسی اور پر حوالہ نکیا پہر روزہ دار کو اپنی درگاہ سے اتنا اجر عطا کیا کہ جسکی کچھ انتہا اور شمار نہیں اور بعضی یہہ کہتے ہین کہ روزہ ایک راز ہے اللہ اور بندہ کی
يفعله خالصا لوجهه وطالبا لرضائه لا يطلع عليه غيره لكونه نية وامساكا حتى قيل ان الحفظة
بیچ مین کہ اسکو خالص واسطے اللہ کی اور واسطے اوسکی رضا مندی کی ادا کرتا ہے اوسکی سوا کسیکو معلوم نہین ہوتا کیونکہ روزہ نام نیت اور امساک کا ہے یہان تک کہ کہتے ہین کہ
لا تطلع عليه ولا تكتبه بخلاف سائر الطاعات فانها مما يطلع عليه غيره تعالى فلما كان هو العالم به دون
کرام کاتبین کو بہی معلوم نہین ہوتا اور نہ وہ اوسکو لکہتے ہین بخلاف اور عبادات کی کیونکہ اور عبادات کو اور بہی سوا اللہ تعالی کی جان جاتی ہین اور چونکہ روزہ کی خبر
غيره خصه بذاته وتولى جزاءه بنفسه ولم يوكله الى غيره كانه تعالى قال الصوم لي ولا يطلع عليه
سوای اللہ تعالی کی اورکو نہین ہوتی تو اوسکو اللہ تعالی نے اپنی ذات سے خاص کر کر آپ ہی اوسکی ثواب کا ذمہ دار ہوا اور پر حوالہ نکیا گویا اللہ تعالی نے یہہ ارشاد فرمایا روزہ
غيري وحدي انا اتولى الجزاء عليه ولا اكله الى غيره والكريم اذا اخبر انه يتولى الجزاء بنفسه يقتضي ان يكون
ثواب مین ہی اوسکی ثواب کا ذمہ دار ہون اور پر حوالہ نہین کرتا اور سخی جب یہہ کہے کہ مین آپ اوسکی عوض کا ذمہ دار ہون تو لازم ہے کہ وہ
ذلك الجزاء في غاية العظمة ونهاية الكثرة بحيث لا يكون له احصاء ولا حساب وروى عن ابي هريرة انه
عوض نہایت عظیم اور نہایت کثیر ہو ایسا کہ نہ گنتی مین آوے اور نہ حساب مین اور ابوہریرہ سے روایت ہے
قال للصائم فرحتان فرحة عند فطره وفرحة عند لقاء ربه يعني ان الصائم له سرور مرتين على الفرحة
کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزہ دار کو دو خوشیان ہوتی ہین ایک خوشی روزہ کہولتے ہوئے اور ایک خوشی خدا کی دیدار کی وقت مراد یہہ ہے کہ روزہ دار کو دو دفعہ
مرة من الفرح وهو السرور واما سروره عند لقاء ربه فيما يجده من ثواب الصوم مدخرا عند الله تعالى
فرح سے مشتق ہوا ہے اور سرور کو کہتے ہین اور سرور پروردگار کی ملاقات پر اسبات کا ہے کہ ثواب روزہ کا دفعۃً جمع کیا ہوا اللہ تعالی کی پاس پاویگا
فان من ترك طعامه وشرابه وشهوته لله تعالى يعوضه الله تعالى خيرا من ذلك كما قال الله تعالى
اس لئے کہ جسنے اپنا کہانا پینا اور شہوت خدا کی واسطے چہوڑی تو خدا تعالی اوسکا عوض اوس سے بہتر عطا کریگا چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہے
وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنْفُسِكُمْ مِنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِنْدَ اللهِ هُوَ خَيْرًا وَأَعْظَمَ أَجْرًا وقال النبي عليه السلام لرجل
اور جو آگے بہیجو گے اپنی واسطے کوئی نیکی اوسکو پاؤگے اللہ کی پاس بہتر اور ثواب مین زیادہ اور فرمایا نبی علیہ السلام نے ایک شخصکو
انك لن تدع شيئا اتقاء لله الا اتاك الله خيرا منه وروى ان الصائمين يوضع لهم يوم القيمة مائدة
تو ہرگز نہین ترک کریگا کوئی گناہ خدا کی خوف سے مگر عطا کریگا تجکو اللہ تعالی بہتر اوس سے اور روایت ہے کہ روزہ دارون کی واسطے قیامت کی دن دسترخوان
تحت العرش ياكلون عليها والناس في الحساب فيقول الناس ما لهؤلاء ياكلون ونحن في الحساب فيقال انهم كانوا
عرش کی تلے چنا جاویگا اوسپر بیٹہے کہاوینگے اور اور لوگ ابہی حساب مین مبتلا ہونگے وہ لوگ دیکہہ کر یہہ کہینگے یہہ کون لوگ ہین کہ کہانا کہاتے ہین اور ہم حساب مین ہین
يصومون وانتم تفطرون وفي الصحيحين انه عليه السلام قال ان في الجنة بابا يقال له ريان لا يدخل منه
روزے رکہتے تہے اور تم روزہ خور تہے اور صحیح بخاری اور مسلم مین ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت کی ایک دروازہ کا نام ریان ہے اوس دروازہ سے
الا الصائمون والمراد بالصائمين هم الذين يكثرون الصوم فانهم تحملوا تعب العطش خصوا بباب فيه الري والامان
صرف روزہ دار ہی داخل ہونگے اور روزہ دارون سے مراد وہ لوگ ہین جو روزے بہت رکہتے ہین کیونکہ انہون نے جو بہوک پیاس کی شدت اوٹہائی تو ایسے دروازہ سے خاص ہوئے
من العطش قبل تمكنهم من الجنة واما سروره عند افطاره فيما يتناوله من الطعام والشراب والجماع لان النفس
کہ جسمین تازگی اور پیاس کا بچاؤ جنت مین داخل ہونے سے پہلے ہے اور افطار کی وقت سرور اسلئے ہوتا ہے کہ کہانا پینا جماع سب حاصل ہوتا ہے کیونکہ آدمی کا جی
مجبولة على الميل الى ما يلائمها من المطعم والمشرب والمنكح فاذا منعت من ذلك في وقت من الاوقات ثم اذن
بطور عادت کی اپنی مناسبات کہانے پینے جماع وغیرہ کی طرف متوجہ رہتا ہے جب اوسکو ان باتون کی کسی وقت مین روک ہوکر پہر دوسرے وقت مین

لها فی وقت آخر یفرح بذلک طبعا خصوصا عند اشتداد الحاجة الیه لتاثیر الجوع والعطش فیها وتقاضی
تو یہہ خود بخود خوش ہوتا ہی خاص کر جب اوسکو اور بہت حاجت ہووی کیونکہ بہوک لگی ہوتی ہی پیاس کا زور ہوتا ہی دلکو

بالحاح حاجتها یشعر بهذا ما روی عن ابن عمر انه علیه السلام کان اذا افطر یقول ذهب الظمأ وابتلت
اپنی حاجت کا تقاضا ہوتا ہی ابن عمر کی روایت سی یہہ معلوم ہوتا ہی کہ نبی علیہ السلام افطار کی وقت فرمایا کرتی تہی پیاس بجہگئی اور رگین تازہ ہوئین

العروق وثبت الاجر ان شاء الله تعالی فان الله تعالی وان حرم علی الصائم فی نهار صیامه ان یتناول هذه
اور ثواب ثابت ہوگیا ان شاء اللہ تعالی کیونکہ اللہ تعالی نی اگرچہ روزہ دار پر روزہ کی دن مین یہہ حرام کردیا ہی کہ ان شہوت کو عمل مین لاوی

الشهوات لکن اذن له ان یتناولها فی اللیل بل احب منه تعجیل الفطر فی اول اللیل وتاخیر السحور الی آخر اللیل
لیکن اوسکو اجازت ہی کہ رات کی وقت عمل مین لاوی بلکہ رات کی آتی ہی جلد ہی افطار کرنا اور سحر تاخیر کرکر آخر شب مین کہانی مستحب ہی

لما روی عن ابی ذر انه علیه السلام قال لا تزال امتی بخیر ما اخروا السحور وعجلوا الفطر وروی ان الله تعالی
ابوذر کی روایت سی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا میری امت ہمیشہ بہلائی پر رہی گی جبتک سحر کہانی مین تاخیر اور افطار کرنی مین جلدی کرین اور روایت ہی کہ اللہ تعالی

وملئکته یصلون علی المتسحرین وان احب عباده الیه اعجلهم فطرا والحاصل ان الصائم یترک شهواته
اور اوسکی فرشتی سحر کہانی والون پر رحمت بہیجتی ہین اور بڑی محبوب بندی اللہ کی وہ ہین جو جلدی افطار کرتی ہین حاصل یہہ ہی کہ روزہ دار اپنی شہوت

بالنهار تقربا الی الله تعالی وطاعة له ویتناولها فی اللیل تقربا الی الله تعالی وطاعة له فلا یترکها الا بامره ولا یعود الیها
دن کی وقت اللہ تعالی کی طاعت اور قربت کی لئی ترک کرتا ہی اور رات کی وقت اپنی شہوت کو واسطی قربت اور طاعت الہی کی عمل مین لاتا ہی سو اللہ تعالی کی حکم ہی سی

الا بامره فهو مطیع فی الحالین فان المؤمن الصائم لما علم ان رضی مولاه فی ترک شهواته قدم رضی مولاه علی هواه فصار الذ تعالی ترک شهوته لله تعالی
ترک کرتا ہی اور اوسی کی حکم سی اختیار کرتا ہی پس وہ دونو حال مین اللہ تعالی کا فرمانبردار ہی کیونکہ مؤمن روزہ دار نی جب دیکہا کہ خوشنودی میری صاحب کی شہوت کی

اعظم من لذته فی تناولها بل یکون کراهة تناولها عنده فی خلوته اشد من کراهته لالم الضرب لعلمه
ترک مین ہی تو خوشنودی اپنی صاحب کی اپنی ہوا ہوس پر مقدم رکہی تو اوسکو واسطی خدا کی شہوت ترک کرنی مین زیادہ لذت ہی بہ نسبت لذت شہوت برتنی کی بلکہ اوسکو شہوت کی

بکراهة مولاه لفطره فیکون لذته فیما یرضی مولاه وان کان مخالفا لهواه ویکون المه فیما یکرهه مولاه وان کان
کہ روزہ کہانا میری صاحب کو ناپسند ہی پہر اوسکو لذت اس بات مین ہوگی جسمین اوسکا صاحب خوش ہو اگرچہ وہ بات اوسکی خواہش کی برخلاف ہو اور اوسکو رنج و تکلیف اوس

موافقا لهواه فاذا کان هذا فیما حرم لعارض الصوم من الطعام والشراب والجماع ینبغی ان یتاکد ذلک فیما
بات مین ہوگی جسکو اوسکا مولی ناپسند کری اگرچہ وہ بات اوسکی مطلب کی ہو جب مؤمن کا یہہ حال اون محرمات مین ہی جو روزہ کی سبب سی ممنوع ہین جیسی کہانا پینا اور جماع

حرم علی الاطلاق کالزنا وشرب الخمر واخذ اموال الناس بغیر حق وکسر اعراضهم فان کل ذلک مما یسخط
تو لایق ہی کہ یہہ حالت زیادہ تر ہووی اون امور مین جو مطلقاً حرام ہین جیسی زنا اور شراب خواری اور کسیکا مال ناحق لینا اوسکی بی آبروئی کرنی کیونکہ یہہ تمام اعمال ایسی ہین کہ

الله تعالی فی کل حین ومکان فاذا کان ایمان المرء کاملا یکره ذلک کله اشد من کراهته لالم الضرب ثم ان
اللہ تعالی انسی ہر وقت اور ہر جگہ بیزار رہتا ہی جب آدمی کا ایمان کامل ہوتا ہی تو ان سبکو چوٹ کہانی کی تکلیف سی بدتر جانتا ہی پہر

المؤمن فی حال صومه لما علم ان له ربا یطلع علیه فی خلوته وقد حرم علیه ان یتناول شهواته التی جبل
مؤمن روزہ دار عین روزہ مین چونکہ یہہ حال جانتا ہی کہ میرا رب میری حال سی خلوت مین بہی خبردار ہی اور میری اوپر تمام شہوت کا عمل کرنا جنکی طرف دل کو رغبت ہی

علی المیل الیها اطاع ربه وامتثل امره واجتنب نهیه خوفا من عقابه ومیلا الی ثوابه ولهذا کان نومه
حرام کردیا ہی تو یہہ اپنی رب کی فرمان برداری کرتا ہی اور اوسکی عذاب کی خوف سی اور ثواب کی رغبت سی حکم پر عمل کرتا ہی ... اسی لئی روزہ دار کا سونا بہی

عبادة کما جاء فی الحدیث نوم الصائم عبادة قال ابو العالیة الصائم فی العبادة ما لم یغتب وان کان نائما
عبادت ہوتی ہی چنانچہ حدیث مین آیا ہی کہ روزہ دار کا سونا بہی عبادت ہی ابو العالیہ کہتا ہی روزہ دار جب تک کسیکی غیبت نکری عبادت مین ہی اگرچہ اپنی بچہونی پر

علی فراشه فعلی هذا یکون فی لیله ونهاره علی عبادة وروی عن ابی هریرة انه علیه السلام قال لخلوف
سوتا ہو اس قول کی موافق روزہ دار رات دن عبادت ہی مین ہوتا ہی اور ابوہریرہ سی روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا البتہ

فم الصائم اطیب عند الله تعالی من ریح المسك یعنی ان الخلوف وهو بضم الخاء رائحة حاصلة ؤ
روزہ دار کی منہہ کی بو اللہ تعالی کی نزدیک مشک کی خوشبو سی پسندیدہ تر ہی مراد یہہ ہی کہ خلوف خا کی پیش سی اوس بو کو کہتی ہین جو

فم الصائم من تصاعد الابخرة لخلو المعدة من الطعام والشراب وان کانت عند الناس مستکرهة
روزہ دار کی منہہ مین معدہ مین سی بخارات چڑھ کر پیدا ہوجاتی ہی جب معدہ کہانی پینی سی خالی ہوتا ہی اگرچہ وہ بو آدمیوں کو ناپسند ہو

لکنها عند الله احب من ریح المسك حیث کانت ناشئة عن طاعة الله تعالی فلذلك ذهب الشافعی الی
پر اللہ تعالی کو مشک کی خوشبو سی زیادہ تر پسند ہی کیونکہ اللہ تعالی کی عبادت سی پیدا ہوئی ہی اسہی واسطی امام شافعی کی مذہب مین

استحباب استدامتها وکراهة ازالتها بالسواك بخلاف الخلوف الذی یحدث من غیر الصوم حیث یلزم
اوس بو کا باقی رکہنا مستحب ہی اور مسواک سی اوسکا دور کرنا مکروہ ہی برخلاف اوس بو کی جو فاقہ مین بدون روزہ کی پیدا ہوجاوی اسواسطی کہ اوسکا

ازالته بالسواك فان من عبد الله تعالی واطاعه وطلب رضاه فنشأ من ذلك العمل اثار مستکرهة النفو
دور کرنا مسواک سی لازم ہوتا ہی بیشک جو شخص اللہ تعالی کی عبادت کری اور اطاعت بجالاوی اور اوسکی رضامندی طلب کری اسمین اگرچہ اثار آدمیون کی خلاف طبع

فتلك الاثار غیر مستکرهة عند الله تعالی بل هی محبوبة طیبة عنده ویجعلها فی الاخرة اطیب من
ناپسند پیدا ہوجاوین تو وہ آثار اللہ تعالی کو ناپسند نہین ہین بلکہ وہ اللہ تعالی کی ہان محبوب اور پاکیزہ ہین اور اللہ تعالی اون اثار کو آخرت مین مشک کی زیادہ تر

ریح المسك فان الصوم لکونه سرا بین العبد وربه فی الدنیا یظهره الله تعالی فی الاخرة ویکون علانیة
پاکیزہ کردیگا کیونکہ روزہ جو درمیان بندہ اور پروردگار کی دنیا مین بہید تہا تو اللہ تعالی آخرت مین ظاہر کریگا پہر سب پر ظاہر ہوجائیگا اور

ویشتهر اهل الصیام بذلك بین الناس لما روی عن انس مرفوعا ان الصائمین یخرجون من قبورهم یعرفون بریح
روزہ دار اس ہی تمام خلقت مین مشہور ہوجاوینگی چنانچہ انس سی مرفوعا روایت ہی کہ روزہ دار جب اپنی قبرون مین سی اوٹہین گی تو منہہ کی خوشبو سی پہچانی جاوینگی

افواههم فان ریحا افواههم اطیب من ریح المسك والحاصل انه علیه السلام لما اراد ان یبین فضل الصیام
کیونکہ اونکی منہہ کی بو مشک سی زیادہ تر خوشبو ہوگی خلاصہ یہہ ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی جو ارادہ کیا کہ روزہ کی فضیلت

ودرجة الصائم شبه ما یستکره منه فی الطباع البشریة من الرائحة باطیب ما یرام ویطلب ویستنشق من
اور روزہ دار کا مرتبہ بیان فرماوین تو جو چیز آدمیون کی طبیعت کو ناپسند ہی یعنی منہہ کی بدبو اوسکو اوس پاکیزہ تر خوشبو سی تشبیہ دی جو مقصود اور مطلوب ہوتی ہی اور

الروائح والمقصود من هذا التشبیه الثناء علی الصائم وتطییب قلبه لئلا یمتنع عن المواظبة علی الصوم
سونگہی جاتی ہی اور غرض اس تشبیہ سی روزہ دار کی ثنا اور اوسکا دل خوش کرنا ہی تاکہ روزہ کی مداومت سی جس سی منہہ مین بو پیدا ہوتی ہی بیٹہ نرہی

الجالب للخلوف وحیث فضل ما یستکره منه علی اطیب ما یستلذ من جنس الطیب لیقاس علیه ما فوقه من الاثار
اور جب ایک ناپسند چیز کو پاکیزہ تر خوشبو پر فضیلت ہوئی جس سی لذت حاصل ہوتی ہی تو اب عمدہ اثار کو اوس پر قیاس کرلین باوجودیکہ افطار کی وقت

مع ان له عند الافطار دعوة مستجابة کما جاء فی الحدیث ان للصائم عند افطاره دعوة مستجابة
روزہ دار کی دعا قبول ہوتی ہی چنانچہ حدیث مین آیا ہی کہ افطار کی وقت روزہ دار کی دعا مقبول ہی

لکن بشرط ان یکون افطاره علی حلال فان من صام عما احله الله تعالی وافطر علی ما حرمه الله تعالی لا یستجاب
پر اس شرط سی کہ افطار حلال چیز سی ہو کیونکہ جو شخص حلال چیزونسی بند ہوکر روزہ رکہی اور حرام چیز سی افطار کری تو اوسکی دعا قبول نہین ہوتی

دعاءه ولا یقبل صومه لما روی عن ابی هریرة انه علیه السلام قال من لم یدع قول الزور والعمل به فلیس لله تعالی
اور نہ روزہ قبول ہوتا ہی اسواسطی کہ ابوہریرہ سی روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جو شخص جہوٹہ بولنا اور اوسپر عمل کرنا ترک نہ کری تو اللہ تعالی

حاجة

حاجة في ان يدع طعامه وشرابه يعني ان من لم يترك الكذب والعمل بمقتضاه لا يقبل الله تعالى
كيا پرواه هي اسكي كه وه اپنا كهانا اور پينا ترك كردے مراد يه هي جو شخص جهوٹ بولنا اور باطل اعمال كو نه چهوڑے تو الله تعالى اوسكا روزه قبول نهين كرتا
صومه ولا ينظر اليه لانه امسك عما يباح له في غير حال الصوم ولم يمسك عما لا يحل له في جميع الاحوال
اور نه اوسكي طرف توجه كرے اسلئے كه جو چيزين اوسكو بدون روزه كے مباح تهين اونسے تو باز رها اور جو چيزين اوسكو هميشه كو حرام تهين اونسے باز نه آيا
لان المقصود من الصوم ليس نفس الجوع والعطش فقط بل المقصود منه ما يتبعه من كسرة الشهوة
كيونكه روزه سے مقصود صرف بهوك پياس نهين هے بلكه روزه سے مقصود وه هے جو اوسكے بعد حاصل هوتي هين شهوت كا توڑنا نفس اماره كا مغلوب
وقهر النفس الامارة بالسوء فاذا لم يحصل شيء من ذلك فاي فائدة في ترك الطعام والشراب فعلى هذا
كرنا جب انمين سے كچهه بهي حاصل نهوا تو پهر كهانا پينا ترك كرنے سے كيا فائده هے اس تقرير كى موافق
يكون نفي الحاجة عبارة عن عدم القبول من قبيل نفي السبب وارادة المسبب وفي حديث اخر انه
حاجت كى نفي سے مقبول نهونا روزه كا مراد هے جيسے سبب كي نفي كركر مسبب كي نفي مراد ليتي هين اور ايك اور حديث مين هے كه پيغمبر صلى الله عليه وسلم نے
قال الصيام جنة فاذا كان يوم صوم احدكم فلا يرفث ولا يصخب فان سابه احد او قاتله فليقل
فرمايا روزه ڈهال هے جب كوئي تم مين سے كسي روز روزه دار هو تو فحش نه بكے اور نه چلاوے پهر اگر اوسكو كوئي گالي دے يا لڑائي كرے تو لازم هے كه كهدے
اني امرؤ صائم يعني ان الصوم جنة وهي بضم الجيم الترس وانما جعل الصوم ترسا لان الصائم يستتر به
مين تو روزه دار هون مراد يه هے كه روزه جنة هے اور جنة جيم كي پيش سے ڈهال كو كهتي هين اور روزه كو اسلئے ڈهال ٹهرايا هے كه روزه دار كو بسبب كثرت ثواب كے
عن النار لكثرة ثوابه وينحفظ به عن المعاصي ووسوسة الشيطان لانه يطبق مجاري الدم التي هي
آگ سے بچاليتا هے اور روزه دار روزه كے سبب گناهون اور شيطاني وسوسه سے بچ جاتا هے اسواسطے كه مسامات خون كى جو شيطان كا رسته هوتا هے
مجاري الشيطان فان الشيطان يجري من ابن ادم مجرى الدم فتنكسر الشهوة ويسكن الغضب لكن ينبغي
بند هوجاتي هين كيونكه شيطان ابن آدم كى اندر خون كي مثال پهرتا هے اسواسطے شهوت ضعيف هوجاتي هے اور غصه تهم جاتا هے ليكن
ان يعلم ان الجنة كما لا يكمل الانتفاع بها الا اذا كانت محكمة من غير اختلال كذا الصوم لا يتحقق به
سمجهني كي بات هے كه ڈهال سے جيسے كچهه فائده حاصل نهين هوتا جبتك وه پوري اور مضبوط اور بے خلل نهو ايسي هي روزه سے اوٹ حاصل نهين هوسكتي
التستر الا على حسب كونه محفوظا عن الخطاء والخلل فان وجد فيه شيء من الخلل ينقص بمقداره
جبتك كه وه خطا اور خلل سے صاف محفوظ نهو اگر اوسمين كچهه خلل هوگا تو اوتنا هي ثواب عمل كا كم هوجاويگا
ثواب العمل ولهذا قال النبي عليه السلام في هذا الحديث فاذا كان يوم صوم احدكم فلا يرفث ولا يصخب
اسيليئے نبي عليه السلام نے اس حديث مين يه فرمايا هے اگر تم مين كوئي كسي روز روزه دار هو تو فحش نه بكے اور نه چلاوے
والرفث الفحش من القول وما يضاهيه من التصريح مما يجب ان يكنى عنه عن الفاظ الجماع والصخب بالخاء
اور رفث كى معني بيهوده باتين گالي گلوچ وغيره اور جو اوسكا مانند هو يعني جماع كي لفظون مين سے صاف كهنا اوس لفظ كا جو اشارة كها جاوے اور صخب خاء
المعجمة الصياح والخصومة والمعنى ان الصائم عند الخصومة يجب عليه ان لا يتكلم بالفحش ولا يرفع
نقطه دار سے چيخنا چلانا اور جهگڑا كرنا اور مراد يه هے كه روزه دار كو لازم هے كه تكرار كي وقت كلام بيهوده فحش نه بكے اور نه بيهوده پكار كر بولے
صوته بالهذيان بل يلزمه ان يكون ممسكا عن جميع المناهي لا عن الطعام والشراب فقط فان شتمه
بلكه اوسكو لازم هے كه تمام مناهي سے بند رهے نه صرف كهاني اور پيني سے پهر اگر كوئي اوسكو گالي دے
احد فليقل بلسانه صيانة لصيامه ويسمع شاتمه اني صائم ويجعل هذا القول جوابا له وقيل يقول
تو چاهيے كه واسطے حفاظت روزه كي اپني زبان سے گالي دينے والى كو سنادے كه مين روزه دار هون اور اوسكي گالي كا يهي جواب سمجهے اور بعضي كهتي هين

ذلك بغلبه بان يتفكر في كونه صائما فيرتدع نفسه عن سيء القول ويقوى على كظم الغيظ ولا يكافيه

کہ اپنی دلین میں ایسے طور کہ خیال کری کہ میں روزہ دار ہون تاکہ اوسکا نفس سخن بیہودہ سی باز رہی اور غصہ کو پی جاوی اور گالی کی بدلی گالی نہ دی

على شتمه لئلا يحبط ثواب صومه ويكون من الذين قال النبي عليه السلام فيهم كم من صائم ليس من صيامه

تاکہ روزہ کا ثواب سوخت نہ ہو جاوی پھر اون لوگون میں ہوجاویگا جنکی حق میں نبی علیہ السلام نی فرمایا ہی بہت لوگ ایسی روزہ دار ہین کہ اونکو روزہ میں سی

الا الظمأ وكم من قائم ليس من قيامه الا السهر فان التقرب الى الله تعالى بترك المباحات لا يتم الا بعد التقرب

صرف پیاس ہی ہی بہت رات کی ایسی نمازی ہین کہ اونکو رات کی نماز میں صرف بیداری ہی ہی کیونکہ خدا کی قربت مباحات کی ترک سی پوری نہیں ہوتی

اليه بترك المحرمات فان من امتثل امره تعالى في ترك الطعام والشراب في نهار صيامه فليمتثل امره فيما

جبتک محرمات کو چھوڑکر قربت نہ حاصل کری کیونکہ جو شخص روزہ کی دن کہانا پینا چھوڑکر خدا کا حکم بجا لایا تو اوسکو چاہئی کہ محرمات میں بھی

يحرم عليه في كل وقت ولا يحل له بحال من الاحوال فمن تعجل فيما حرم عليه قبل وفاته يعاقب في الآخرة

جو اوسپر دایمی حرام ہین اور کسی حالت میں حلال نہیں ہین اوسکا حکم مانی سو جو کوئی جلدی کرکر محرمات کو زندگی میں برتیگا تو آخرت میں یہہ عقاب ہوگا کہ اوس شی سی

بحرمانه وفواته وشاهد هذا قوله عليه السلام من شرب الخمر في الدنيا لم يشرب بها في الآخرة ومن لبس

محروم رہیگا اس دعوی کا شاہد یہہ حدیث ہی جس نی دنیا میں شراب پی آخرت میں نہیں پیویگا اور جس نی دنیا میں

الحرير في الدنيا لم يلبسه في الآخرة فاتقوا الله يا عباد الله في اقامة حدود الله اذ كثير من الناس في هذا

حریر پہنا آخرت میں نہیں پہنیگا سو اے بندگان الہی الله سی ڈرو اوسکی حدود کو قایم رکھو کیونکہ اکثر بنی آدم اس زمانہ میں

الزمان يمشي على العوائد الشايعة بين الانام لا على ما يقتضيه الايمان

اوس راہ و رسم پر چلتی ہین جو خلقت میں مشہور اور مستعمل ہین اوسپر نہیں چلتی جو ایمان کی لایق ہی

المجلس السابع والعشرون

ستائیسوین مجلس میں

في بيان كيفية النية يستدعيه الاسلام

بیان نیت کی کیفیت کا مطابق اسلام کی

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صام رمضان ايمانا واحتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه ومن قام رمضان ايمانا واحتسابا غفر له ما

رسول الله صلی الله علیہ سلم نی فرمایا جسنی رمضان کی روزی واسطی ایمان اور ثواب کی رکہی اوسکی خطائین معاف ہونگی گذری ہوئین اور جسنی رمضان میں واسطی ایمان اور ثواب کی شب بیداری کی اوسکی خطائین

تقدم من ذنبه هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابو هريرة وقد ذكر فيه نوعان من العبادة اختص

گذری ہوئین معاف ہونگی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون میں ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اس حدیث میں دو قسم کی عبادت کا ذکر ہی کہ

كل منهما بشهر رمضان احدهما صيام النهار والآخر قيام الليالي فلا بد من معرفتهما اما الصوم فهو في

دونو کو ماہ رمضان سی خصوصیت ہی ایک دن کی روزی اور دوسری راتون کا جاگنا اب ان دونو کی معرفت ضرور ہی پس صوم لغت میں

اللغة الامساك مطلقا وفي الشرع الامساك عن المفطرات المعهودة التي هي الاكل والشرب والجماع من

مطلق امساک یعنی روک کو کہتی ہین اور شرع میں کہتی ہین امساک کو مفطرات مقرری سی یعنی کہانی اور پینی اور جماع سی

الصبح الى غروب الشمس مع النية وهو ثلثة اقسام فرض وواجب ونفل اما الفرض فصوم رمضان اداء وقضاء

فجر سی لیکر آفتاب کی ڈوبنی تک نیت کی ساتھ اور روزہ کی تین قسم ہین فرض اور واجب اور نفل جسمین فرض تو رمضان کی روزی ہین ادا ہوں یا قضا

وصوم الكفارة واما الواجب فالنذر معينا كان او مطلقا واما النفل فما عداها ومن شرع فيه قصدا

اور روزہ کفارہ کی اور واجب نذر کی ہوتی ہین نذر معین ہو یا مطلق نذر ہو اور نفل ان دونو کی سوا اور جسنی قصدًا روزہ رکہا یا

يلزمه اتمامه وان افسده فعليه قضاؤه ولا يجوز افطاره بلا عذر لانه ابطال العمل وقد قال الله تعالى

تو اوسکا پورا کرنا لازم ہو جاتا ہی اگر توڑیگا تو اوسپر قضا لازم آویگی اور اوسکا افطار کرنا بلا عذر جایز نہیں ہی اسواسطی کہ یہہ عمل کا باطل کرنا ہی اور الله تعالی فرماتا ہی

ولا تبطلوا

ولا تبطلوا اعمالکم والضیافۃ عذر فی حق الضیف والمضیف ومن ظن انہ علیہ صوم فتسحر ثم
اور نہ باطل کرو تم اپنی اعمال کو اور مہمانی بھی مہمان اور مہماندار کی حق میں ایک عذر ہوتا ہی اور جسنی یہہ خیال کیا کہ مجھپر روزہ ہی پہر اس خیال سی

علم عدمہ فاکل لا یلزمہ شئی لانہ ظان والمظنون لا یقضی لان القضاء منوط بالالتزام او بالالزام
روزہ رکہا پہر معلوم ہوا کہ نہیں ہی پس کہا لیا تو اسپر کچہہ نہیں آتا اسواسطی کہ اسکو یقین نہیں تہا اور شبہہ کی بدلی قضا نہیں آتی اسواسطی کہ قضا یا تو لازم کرنیسی آتی ہی یا لازم

ولم یوجد واحد منہما واشترط لفرضیۃ صوم رمضان الاسلام والعقل والبلوغ ولفرضیۃ ادائہ
سوان دونو میں سی کچہہ نہیں ہی اور رمضان کی روزوں کی فرض ہونی کی شرط اسلام ہی یعنی کافر پر نہیں اور عقل یعنی دیوانہ پہ نہیں اور بلوغ یعنی بچہ پر نہیں اور ادا کی واسطی

الصحۃ والاقامۃ فان المریض والمسافر یجوز لہما الافطار ثم القضاء لکن صوم المسافر افضل ولصحۃ
شرط صحت ہی یعنی بیمار نہو اور اقامت یعنی مسافر نہو کیونکہ بیمار اور مسافر کی لئی جایز ہی کہ افطار کرکی پہر قضا کرین لیکن مسافر کو روزہ رکہنا افضل ہی اور واسطی صحت

ادائہ الطہارۃ عن الحیض والنفاس لا الطہارۃ عن الجنابۃ اذ یجوز صوم من اصبح جنبا او نام واحتلم
ادا کی شرط ہی پاک ہونا حیض اور نفاس سی فقط جنابت سی پاک ہونا شرط نہیں ہی اسواسطی کہ اگر جنابت میں صبح ہو جاوی یا دن کو سو گیا اور احتلام ہو گیا

واما الحائض والنفساء فلا یجوز صومہما بل یلزمہما الافطار ثم القضاء لکن الحائض تفطر سرا لا جہرا وکذا کل
تو روزہ جایز ہی اور حیض اور نفاس والی عورت کا روزہ جایز نہیں ہی بلکہ انکو چاہئی کہ افطار کرکر قضا کرین لیکن حیض والی عورت چہپی ہوئی افطار کری ظاہر نکری اور ایسیہی

من ابیح لہ الافطار لانہ اذا اکل ولم یکن العذر ظاہرا یکون متہما عند الناس بالفسق الذی ہو اکل رمضان
جس جس کو افطار کرنا مباح ہی اسواسطی کہ اگر کوئی شخص کہاوی اور اوسکا عذر ظاہر نہو تو اور لوگوں کی عندیہ میں فسق میں بدنام ہوگا یعنی رمضان میں دن کو کہانا

والاحتراز عن موضع التہم واجب لما روی انہ علیہ السلام قال من کان یؤمن باللہ والیوم الآخر فلا یقفن
اور تہمت کی جگہہ سی پرہیز کرنا واجب ہی اسواسطی کہ روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جو شخص اللہ پر اور قیامت کی دن پر ایمان لاوی تو تہمت کی

مواقف التہم وقد ذکر فی البزازیۃ ان من اکل فی شہر رمضان شہرۃ عیانا متعمدا یؤمر بقتلہ لان صنعہ
مقام پر ہرگز نہ کہڑا ہو اور بزازیہ میں مذکور ہی کہ جو شخص ماہ رمضان میں تمام مہینی برملا قصدا کہایا کری تو اوسکو قتل کرین اسواسطی کہ اوسکا یہہ عمل

دلیل لاستحلالہ ویصح اداءہ بنیۃ من اللیل الی الضحوۃ الکبری وبنیۃ مطلقۃ وبنیۃ النفل وبنیۃ واجب آخر
دلیل حلال سمجہنی کی ہی اور رمضان کی روزہ کا رات سی چاشت کی وقت تک نیت کرکر ادا کرنا صحیح ہی اور مطلق نیت سی اور نفل کی نیت سی اور دوسری واجب کی

ثم عندنا لا بد من النیۃ لکل یوم والافضل التبییت وہو النیۃ من اللیل لیقع اول جزء من الصوم مع النیۃ
نیت سی بہی صحیح ہی پہر ہمارے نزدیک ہر دن کی لئی علیحدہ نیت ضرور ہی اور تبییت افضل ہی یعنی رات سی نیت کرنی تاکہ پہلا جزو روزہ کا بہی نیت سی واقع ہو

والنیۃ ان یعرف بقلبہ انہ یصوم ولا عبرۃ بالنیۃ المتقدمۃ علی الغروب وانما الاعتبار للنیۃ المتاخرۃ
اور نیت یہہ ہی کہ دل مین قصد کرلی کہ مین روزہ رکہونگا اور اوس نیت کا اعتبار نہیں ہی جو غروب آفتاب سی پہلی ہو اعتبار اوسی نیت کا ہی جو آفتاب کی ڈوبنی کی

عن الغروب حتی لو نوی قبل ان تغیب الشمس ان یکون صائما غدا ثم غفل الی الزوال من الغد لا یجوز صومہ
پیچہی ہو یہانتک کہ اگر آفتاب کی ڈوبنی سی پہلی یہہ نیت کی کہ مین کل روزہ رکہونگا پہر اگلی دن دوپہر تک بہول گیا تو اوسکا روزہ جایز نہیں ہی

ولو نوی بعد غروب الشمس یجوز والنذر المطلق لا یصح الا بالنیۃ من اللیل واما النذر المعین والنفل فکل
اور اگر آفتاب کی ڈوبنی کی بعد یہہ نیت کی تو روزہ جایز ہی اور نذر مطلق رات سی نیت کئی بغیر جایز نہیں ہی اور نذر معین اور نفل دونو

منہما کاداء صوم رمضان یجوز بالنیۃ من اللیل الی الضحوۃ الکبری لکن النیۃ من اللیل افضل کما مر
مانند ادا روزہ رمضان کی رات سی لیکر دوپہر سی پہلی پہلی نیت کرنی سی جایز ہو جاتی ہین پر رات سی نیت کرنی افضل ہی چنانچہ گذر چکا ہی

فکل صوم لا یتادی الا بالنیۃ من اللیل اذا نواہ مع طلوع الفجر یجوز لان الواجب قران النیۃ بالصوم لا تقدیمہا
پہر جو روزہ بدون رات کی نیت کی ادا نہیں ہوتا اگر صبح صادق کی ساتہہ ہی نیت کرلی تو بہی جایز ہو جاتا ہی اسواسطی کہ نیت کا روزہ کی ساتہہ ہونا واجب ہی نیت کا روزہ کی

علیه ولو نوی بعد طلوع الفجر عن القضاء لا یقع عن القضاء بل یکون تطوعا حتی لو افطر یلزمه القضاء

پہلی ہوا ضرور نہیں ہی اور اگر بعد طلوع صبح صادق کی قضا کی نیت کری تو قضا کا روزہ نہیں ہوتا بلکہ نفل ہوجاتا ہی اگر اب افطار کریگا تو اسکی قضا آویگی

واذا وجب علی احد قضاء یومین من رمضان واحد واراد ان یقضیهما ینبغی له ان ینوی اول یوم

اور اگر کسی شخص پر ایک رمضان کی دو روزی ذمہ پر ہون اور وہ شخص اونکو قضا کرنا چاہی تو اوسکو چاہی کہ پہلی نیت پہلی دن کی کری جو اوسپر اس رمضان مین سی

وجب علیه من هذا الرمضان وان لم یعین الاول یجوز وکذا لو کانا من رمضانین ینبغی له ان ینوی

واجب ہوا ہی اور اگر اول روز کو نہین معین کریگا تو بہی جایز ہی اور اگر دو روزی دو رمضان کی ہون تو اوسکو چاہی کہ اول نیت

قضاء یوم الرمضان الاول وان لم یعین اختلفوا فیه والمختار انه یجوز ومن افطر عمدا فی یوم من رمضان

قضا پہلی رمضان کی روزہ کی کری اور اگر یون معین نکری تو اسمین اختلاف ہی اس اختلاف مین سی مختار یہہ ہی کہ جایز ہی اور جسنی عمدا رمضان کا ایک روزہ

حتی وجب علیه الکفارة وهو فقیر وصام احدی وستین یوما عن القضاء والکفارة ولم یعین

کہا لیا یہان تک کہ اوسپر کفارہ واجب ہوگیا اور مفلس تہا اور اوسنی اکسٹہہ روزی بابت قضا اور کفارہ کی رکہی اور قضا کا روزہ کوئی سا معین نکیا

یوم القضاء یجوز ویصیر کانه نوی القضاء فی الیوم الاول وستین یوما بعده عن الکفارة وتقدیم

تو جایز ہوجاتی ہین اور یون ہوجاتا ہی گویا اوسنی پہلی دن قضا کا روزہ رکہا اور پہر بعد اوسکی ساٹہہ روزی کفارہ کی رکہی اور کفارہ کا مقدم کرنا

الکفارة علی القضاء هل یجوز ام لا قال القاضی الامام یجوز والکفارة انما یجب بافساد اداء رمضان

قضا پر آیا جایز ہی یا نہین قاضی امام کہتی ہین جایز ہی اور کفارہ ادار رمضان کی فاسد کرنی سی واجب ہوتا ہی

لا بافساد قضائه ولا بافساد اداء غیره او قضائه وهی اعتاق رقبة وان عجز عنه فصیام شهرین

قضا کی فاسد کرنی سی اور ادا اوسکی فاسد کرنی سی یا اوسکی قضا کی فاسد کرنی سی واجب نہین ہوتا اور کفارہ یہہ ہی اول غلام ازاد کرنا اگر یہہ نہوسکی تو روزی دو مہینی کی

متتابعین وان عجز عنه فاطعام ستین مسکینا بان یعطی لکل واحد منهم نصف صاع من

پی درپی بی تخلل اور اگر یہہ بہی نہوسکی سو ساٹہہ مسکینون کو کہانا دینا اسطور کہ ہر ہر کو اونمین سی آدہا آدہا صاع

بر او صاعا من شعیر اذا تقرر هذا فلا بد من معرفة ما یفسد الصوم وما لا یفسده وما یوجب الکفارة

گیہون کا یا پورا پورا صاع جو کا دیوی جب یہہ بیان ہوچکا تو جان لینا چاہی کہ روزہ کیونکر فاسد ہوجاتا ہی اور کیونکر فاسد نہین ہوتا اور کس صورت مین کفارہ واجب

وما لا یوجبها فاعلم ان من جامع او جومع فی احد السبیلین فی نهار رمضان عمدا یلزمه القضاء والکفارة

ہوجاتا ہی اور کس صورت مین واجب نہین ہوتا واضح ہو کہ جسنی جماع کیا یا جماع کیا گیا دونون مین سی کسی رستہ مین رمضان مین دن کو قصدا تو اوسپر قضا اور کفارہ دونو لازم ہین

ولا یشترط الانزال فی الجانبین اذا توارت الحشفة وکذا لو اکل او شرب غذاء او دواء عمدا یلزمه القضاء

دونو کی حقین انزال کا ہونا شرط نہین ہی اگر سر ذکر غایب ہوجاوی اور ایسی ہی اگر کہاوی یا پیوی غذا یا دوا قصدا تو قضا اور کفارہ دونو لازم ہین

والکفارة اما لو اکل او شرب او جامع ناسیا لا یفسد صومه سواء کان فرضا او نفلا ولو ظن ان صومه

ہان اگر کہاوی یا پیوی یا جماع کری بہول کر تو روزہ فاسد نہین ہوتا برابر ہی کہ روزہ فرض ہو یا نفل اور اگر اسنی یہہ گمان کیا کہ روزہ

فسد فاکل عمدا فی رمضان یلزمه القضاء دون الکفارة وکذا لو افطر مخطئا بان کان ذاکر الصوم

جاتا رہا پہر اسنی قصدا رمضان مین کہا لیا تو اب قضا لازم ہوگی کفارہ نہین آتا اور ایسی ہی اگر خطا سی بی اختیار افطار ہوگیا اسطور کہ روزہ تو یاد تہا

وتمضمض فوصل الماء فی جوفه یفسد صومه ویلزمه القضاء دون الکفارة ولو ابتلع البزاق الذی

پر غرارہ کرتی ہوئی پانی حلق مین اُتر گیا تو روزہ جاتا رہیگا اور قضا لازم آویگی کفارہ نہین آتا اور اگر تہوک جو اوسکی منہہ مین

اجتمع فی فیه لا یفسد صومه بل یکره وکذا لو ابتلع المخاط الذی ینزل من راسه الی الفم لا یفسد صومه

جمع ہو رہا تہا نگل گیا تو روزہ نہین جاتا پر مکروہ ہی اور ایسی ہی اگر بلغم کو جو سر کی طرف سی منہہ مین آتا ہی نگل جاوی تو روزہ نہین جاتا

وکذا

وكذا لو بقي في فيه بعد المضمضة بلل وابتلعه بالبزاق لا يفسد صومه لتعذر الاحتراز عنه وكذا اذا اخرج
اور ایسی ہی اگر منہہ کی اندر کلی کی بعد تراوت پانی کی باقی رہی اور اوسکو ہمراہ تہوک کی نگل گیا تو روزہ فاسد نہیں ہوتا کیونکہ اس سی بچا نہیں جاتا اور ایسی ہی اگر

الدم من بين اسنانه ودخل في حلقه وابتلعه ان كانت الغلبة للبزاق ولم يجد طعمه لا يفسد صو
اوسکی دانتوں میں سی خون نکل کر حلق میں چلا گیا اور وہ شخص اوسکو نگل گیا اگر تہوک زیادہ تہا کہ مزہ خون کا نہ معلوم ہوا تو روزہ فاسد نہیں ہی

وان كانت الغلبة للدم يفسد صومه ويلزمه القضاء دون الكفارة وكذا لو استويا يفسد صومه
اور اگر خون زیادہ ہی تو روزہ جاتا رہتا ہی اور قضا لازم آتی ہی کفارہ نہیں آتا اور ایسی ہی اگر تہوک اور خون دونو برابر ہوں تو

احتياطا ولو كان بين اسنانه شئ فابتلعه لا يفسد صومه ان كان قليلا لانه تبع للريق وان كان
احتیاط کی لئی روزہ جاتا رہتا ہی اور اگر اوسکی دانتوں میں کوئی چیز رہگئی تہی اوسکو نگل گیا تو روزہ نہیں جاتا اگر وہ چیز تہوڑی ہی اسلئی کہ تہوک میں شامل ہی اور اگر کچہہ

كثيرا يفسد صومه ويلزمه القضاء دون الكفارة وقدر الحمصة فما فوقها كثير وما دونها قليل و
زیادہ ہی تو روزہ جاتا رہتا ہی اور قضا لازم آتی ہی کفارہ نہیں آتا اور چنی کی برابر اور اس سی زیادہ بہت میں داخل ہی اور اس سی کمتر تہوڑا کہلاتا ہی یعنی تہوک میں شامل ہی

الدمع وعرق الوجه اذا دخل فمه وابتلعه ان كان قليلا كالقطرة والقطرتين لا يفسد صومه وان كا
اور آنسو اور چہرہ کا پسینہ اگر منہہ میں چلا جاوی اور یہہ نگل جاوی اگر وہ تہوڑا ہی ایک یا دو قطرہ تو روزہ نہیں جاتا اور اگر بہت ہو

كثيرا حتى يجد ملوحته في جميع فمه يفسد صومه ويلزمه القضاء دون الكفارة وكذا لو ادخل الابريسم
یہاں تک کہ اوسکی نمکینی تمام منہہ میں ہوگئی تو روزہ جاتا رہتا ہی اور قضا لازم ہوتی ہی کفارہ نہیں آتا اور ایسی ہی اگر ابریشم رنگین منہہ میں چلا گیا

المصبوغ في فيه فخرج لون الصبغ واختلط بالريق وابتلعه يفسد صومه ويلزمه القضاء دون الكفارة
اور اوسکا رنگ اوترکر تہوک میں مل گیا اور اوسکو نگل گیا تو روزہ جاتا رہتا ہی اور قضا لازم آتی ہی کفارہ نہیں آتا

وكذا لو ابتلع شيئا مما لا يتغذى به ولا يتداوى به عادة كالتراب والحجر ونحوهما يفسد صومه ويلزمه
اور ایسی ہی اگر ایسی چیز نگل گیا جو عادت کی موافق نہ غذا ہوتی ہی اور نہ دوا جیسی مٹی اور کنکر اور مانند انکی تو روزہ جاتا رہتا ہی اور قضا لازم

القضاء دون الكفارة وذكر في القنية نقلا عن الفقيه ابي جعفر ان من افطر في رمضان مرة بعد
آتی ہی کفارہ نہیں آتا اور قنیہ میں فقیہ ابو جعفر سی نقل کرکر ذکر کرتا ہی کہ جو شخص رمضان میں بار بار

اخرى بتراب او مدر لاجل المعصية فعليه الكفارة زجرا له وكتب غيره نعم والفتوى على ذلك وبه اخذ
مٹی یا کنکر سی روزہ توڑ ڈالی گناہ کی راہ سی تو اوسپر دہمکی کی راہ سی کفارہ ہی اور اوروں نی لکہا ہی کہ ہاں اور اسہی پر فتوی ہی اور تمام ملک کی

ائمة الامصار وذكر فيها ايضا ان المحترف المحتاج اذا علم انه لو اشتغل بحرفته يلحقه ضرر مبيح للفطر
علماء کا یہہ ہی مذہب ہی اور اسہی میں یہہ بہی مذکور ہی کہ کار بگر محتاج اگر یہہ جانی کہ اپنا پیشہ عمل کرنی سی ایسی ماندگی ہوجاوی گی جس سی افطار کرنا مباح ہی

يحرم عليه الفطر قبل ان يمرض وذكر فيها ايضا ان الخباز لا يجوز له ان يخبز خبزا يوصله الى ضعف
تو اوسپر ماندگی سی پہلی افطار کرنا حرام ہی اور یہہ بہی مذکور ہی کہ بہٹیارہ کو جایز نہیں کہ اتنی روٹیاں پکاوی جس سی ضعف ہوکر

مبيح للفطر بل يخبز نصف النهار ويستريح في النصف وذكر فيها ايضا ان من اتعب نفسه في عمل حتى
افطار مباح ہوجاوی بلکہ آدہی دن روٹی پکاوی اور آدہی دن آرام کری اور اسمیں یہہ بہی مذکور ہی جسنی اپنی جان پر کام کرنی میں اتنی محنت لی

اجهدة العطش وافطر يلزمه الكفارة لانه ليس بمسافر ولا مريض بخلاف الامة فانها اذا اصابها ضعف
کہ اوسکو شدت کی پیاس لگ آئی اور افطار کر ڈالا تو اوسپر کفارہ لازم ہی کیونکہ یہہ شخص نہ مسافر ہی اور نہ بیمار ہی بخلاف لونڈی کی کیونکہ لونڈی اگر مولی کا

من عمل السيد من الطبخ والخبز وغسل الثياب وغيرها وخافت على نفسها وافطرت كان عليه القضاء دون
کاروبار کرتی کرتی تہک جاوی سالن روٹی پکاکر اور کپڑی دہوکر اور اور کاروبار میں اور اپنی جان پر خوف کر کی روزہ افطار کر دی تو اوسپر قضا آویگی

شامل ہی

الكفارة وكذا الزوجة اذا افطرت لذلك كان عليها القضاء دون الكفارة اذ يجب عليها ديانة ان تفعل

کفارہ نہیں آتا اور ایسی ہی بی بی اگر روزہ افطار کردی ایسی ہی کاروبار میں تو اوسپر قضا لازم ہی کفارہ نہیں آتا اسواسطی کہ ازروی دیانت بی بی پر واجب ہی

كل خدمة في داخل البيت من الطبخ والخبز وغسل الثياب وغيرها حتى لو لم تفعل شيئا منها تكون اثمة

کہ جو کام اندر گہر کی مانند ہوتی ہین پکانا ریندہنا کپڑی دہونی اور سوا اوسکی جہاڑو وغیرہ کیا کری یہان تک کہ اگر بی بی کچھہ بہی کار نکری تو گنہگار ہوگی

وان لم يجبر عليها وكذا الرقيق او الخادم الذي ذهب بسكر النهر او لكريه او لاصلاح المرض وعليه

اگرچہ اوسپر جبر نہین ہوسکتا ایسی ہی غلام یا خادم جو واسطی بند کرنی پانی نہر کی یا واسطی کہودنی نہر کی یا واسطی درستی فصیل شہر کی جاوی اور

موكل من جانب السلطان واشتد الحر وخاف على نفسه الهلاك فانه لو افطر كان عليه القضاء دون

سلطان کی طرف سی اوسپر تعینات ہو اور حرارت کی شدت سی جان پر ہلاکت کا خوف ہو تو اگر یہہ شخص افطار کریگا تو اوسپر قضا لازم ہی

الكفارة ومن اكل عمدا حتى لزمته الكفارة ثم مرض تسقط عنه الكفارة وكذا المرأة اذا افطرت عمدا

کفارہ نہین ہی اور جسنی قصدًا روزہ توڑ دیا ایسا کہ اوسپر کفارہ لازم آیا پہر اوسی روز بیمار ہوگیا تو اوسپر سی کفارہ ساقط ہوجاتا ہی ایسی ہی اگر عورت قصدًا

حتى لزمتها الكفارة ثم حاضت يسقط عنها الكفارة لان الكفارة تسقط لعروض الحيض او المرض ومن

روزہ توڑ ڈالی ایسا کہ اوسپر کفارہ لازم ہوجاوی پہر اوسی دن حائضہ ہوگئی تو اوسکی ذمہ سی کفارہ جاتا رہتا ہی اسلئی کہ کفارہ حیض یا بیماری کی عارضہ سی ساقط

افطر في اول النهار عمدا حتى لزمته الكفارة ثم سافر باختياره لا تسقط عنه الكفارة وكذا لو اكرهه السلطان

ہوجاتا ہی اور جس شخص نی اول روز روزہ افطار کیا ایسا کہ اوسپر کفارہ لازم ہوا پہر اوسنی اپنی اختیار سی سفر کیا تو اوسپر سی کفارہ ساقط نہین ہوگا اور ایسی ہی اگر

على السفر لا تسقط عنه الكفارة في ظاهر الرواية ومن سافر في نهار رمضان لا يحل له ان يفطر في ذلك

بادشاہ نی زبردستی سفر پر روانہ کیا تو ظاہر روایت مین کفارہ ساقط نہوگا اور جس نی رمضان مین دن کو سفر کیا تو اوس روز اوسکو افطار کرنا حلال نہین ہی

اليوم لان الوجوب قد ثبت عليه فلا يسقط بفعل باشره باختياره ولو افطر كان عليه القضاء لا الكفارة

اسواسطی کہ وجوب اوسپر ثابت ہوچکا ہی تو اب وہ وجوب ایسی کار سی جو اپنی اختیار سی کرتا ہی ساقط نہین ہوگا اور اگر افطار کردیگا تو اوسپر قضا لازم آویگی

ولو لم يفطر حتى تذكر شيئا نسيه في منزله فرجع الى منزله فاكل شيئا ثم خرج من منزله كان عليه القضاء

کفارہ نہین ہوگا اور اگر ابہی افطار نہین کیا تہا جو اوسکو کوئی چیز گہر مین بہولی ہوئی یاد آئی یہہ ہنگر گہر مین آیا اب کچھہ کہا لیا پہر گہر سی روانہ ہوا تو اوسپر قضا

والكفارة لكونه مقيما عند الاكل حيث رفض سفره بالعود الى منزله واذا علم المسافر انه يدخل في

اور کفارہ دونو لازم ہین کیونکہ کہاتی وقت مقیم تہا اسواسطی کہ سفر گہر مین آنی سی قطع ہوگیا تہا اور اگر مسافر کو معلوم ہو کہ آج اپنی شہر مین جا پہنچونگا

يومه مصره يكره له الفطر لاجتماع حكم الاقامة والسفر في هذا اليوم فيترجح جهة الاقامة ومن

تو اوسکو افطار کرنا مکروہ ہی اسواسطی کہ اوس روز حکم سفر اور اقامت کا جمع ہوگیا ہی تو اب اقامت کی جانب غالب ہوگی اور جسکو

غلبه القيء وقاء سواء كان ملأ الفم او دونه لا يفسد صومه سواء كان فرضا او نفلا لقوله عليه السلام

خودبخود قی ہوگئی برابر ہی کہ پر دہن ہو یا کمتر ہو تو روزہ نہین جاتا برابر ہی کہ فرض ہو یا نفل ہو واسطی ارشاد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی

من قاء لا قضاء عليه وان تقيأ فان كان ملأ الفم يفسد صومه لقوله عليه السلام من تقيأ فعليه القضاء

جسنی قی کی تو قضا نہین ہی اور اگر آپ سی قی کی تو اگر پر دہن ہوگی تو روزہ جاتا رہیگا واسطی فرمود رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی جس نی آپسی قی کی تو اوسپر قضا ہی

وان لم يكن ملأ الفم يفسد صومه ايضا عند محمد لظاهر الحديث ولا يفسد عند ابي يوسف وينبغي للصائم

اور اگر قی پر دہن نہو تو امام محمد کی نزدیک روزہ جاتا رہیگا واسطی ظاہر معنی حدیث کی اور امام ابو یوسف کی نزدیک روزہ نہین جاتا اور روزہ دار کو چاہی

ان لا يبالغ في الاستنجاء ولا يتنفس ولا يقوم من مقامه حتى ينشف ذلك الموضع بخرقة لئلا يصل

کہ استنجا کرتی ہوئی مبالغہ نکری کہل کر نہ بیٹہی نہ اوپر کو دم بہری اور اپنی جگہہ سی جبتک موضع استنجا کو کپڑی سی نہ پونچہی کہڑا نہ ہوجا تاکہ پانی اندر

الماء الی باطنه فیفسد صومه فان من بالغ فی الاستنجاء حتی یبلغ موضع الحقنة یفسد صومه

منہ چلا جاوی پہر روزہ جاتا رہیگا کیونکہ جو استنجا مین مبالغہ کری یہان تک کہ حقنہ کی جگہہ پہنچ جاوی تو روزہ جاتا رہیگا

لکن لا یلزم الکفارة هذا حکم الصوم

پر کفارہ نہین آتا یہہ ہین روزہ کی احکام

المجلس الثامن والعشرون فی بیان کیفیة التراویح وفضیلتها

اٹھائیسوین مجلس تراویح کی کیفیت اور فضیلت کی بیان مین

واما القیام فی لیالی رمضان فالمراد به احیاء لیالیه واحیاء بعض من کل لیلة

اور قایم رہنا رمضان کی راتون مین اس سی تمام تمام راتون کو جاگنا یا ہر یک رات مین سی تہوڑا تہوڑا جاگنا

باداء التراویح فانه علیه السلام کان یرغب الناس فی قیام رمضان من غیر ان یامرهم فیه بعزیمة

واسطی ادار تراویح کی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کو واسطی قیام رمضان کی رغبت دلاتی تہی لیکن حکم عزیمت کا نہین فرماتی تہی

فیقول من قام رمضان ایمانا واحتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه یعنی ان من قام الی الصلوة فی

یون ارشاد کرتی جو شخص رمضان بہت واسطی ایمان اور ثواب کی جاگتا رہی تو اوسکی تمام گناہ گذری ہوئی معاف ہونگی مراد یہہ ہی جو شخص رمضان کی راتون مین

لیالی رمضان تصدیقا بحقیته وسنیته وطلبا لرضاء الله تعالی وثوابه لا خوفا من مذمة الناس

اوسکو حق اور مسنون سمجہہ کر واسطی رضامندی اللہ تعالی کی اور ثواب کی نماز پڑہتا ہی کچہہ خوف لوگون کی برا کہنی کا

واستحیاء منه یغفر له ذنوبه المتقدمة وهذان الشرطان لا ینفك عنهما عمل سواء کان فرضا او

اور لوگون کی شرم نہو تو اوسکی تمام پہلی گناہ معاف ہونگی اور یہہ دونو شرطین تمام اعمال مین معتبر ہین کوئی عمل خالی نہین برابر ہی کہ فرض ہو یا

نفلا اذهما شرطان لقبول کل عمل والله تعالی لا یقبل عملا الا بهما وبعدهما شرط اخر لا بد منه وهو ان

نفل ہو اسواسطی کہ ہر عمل کی مقبول ہونی کی یہہ ہی شرط ہی اور اللہ تعالی کوئی عمل بدون ان شرطون کی قبول نہین کرتا اور بعد انکی ایک اور بہی شرط ضروری ہی یعنی

یکون العمل موافقا للسنة لان العمل متی کان علی خلاف السنة لا یقبله الله تعالی والسنة فیها الجماعة

عمل سنت کی مطابق ہو اسواسطی کہ عمل اگر سنت کی برخلاف ہوگا تو اوسکو اللہ تعالی قبول نہین فرماتا اور تراویح مسجد مین جماعت سی

فی المسجد لکن علی طریق الکفایة حتی لو ترکها اهل مسجد اساءوا وکانوا تارکین للسنة ولو اقامها

ادا کرنی مسنون ہی لیکن بطور فرض کفایہ کی ہی یہان تک کہ اگر کسی مسجد والی تمام جماعت ترک کرین تو سب گنہگار اور تارک سنت ہونگی اور اگر بعضون نی

البعض فی المسجد بالجماعة وتخلف البعض وصلاها فی بیته فالمتخلف یکون تارکا للفضیلة ولا یکون

مسجد مین جماعت سی ادا کی اور بعض جو نہ شامل ہوئی اپنی گہر مین پڑہلین سو جو جماعت مین شامل نہوا وہ فضیلت سی محروم رہا گنہگار

مسیئا ولا تارکا للسنة لان بعض الصحابة قد روی عنهم التخلف وعن ابی یوسف ان من قدر

اور سنت کا تارک نہین ہوگا اسلئی کہ بعضی اصحاب سی روایت ہی کہ جماعت مین شریک نہین ہوتی تہی اور ابو یوسف رح سی روایت ہی کہ جو شخص

علی ادائها بالجماعة فی بیته مع مراعاة السنة فالصلوة فی بیته افضل والصحیح ان للجماعة

تراویح کو جماعت سی اپنی گہر مین ادا کر سکتا ہی سنت کی رعایت کر کر تو اوسکو گہر مین پڑہنا افضل ہی اور صحیح یہہ ہی کہ گہر کی اندر

فی بیته فضیلة وللجماعة فی المسجد فضیلة اخری فهو حاز احدی الفضیلتین وترك الفضیلة

جماعت کرنی مین ایک فضیلت ہی اور مسجد مین جماعت کرنی مین اور ہی فضیلت ہی سو اوسنی دونو فضیلت مین سی ایک حاصل کی اور فضیلت زائدہ

الزائدة لترك الجماعة فی المسجد وقال صاحب الخلاصة وهکذا الجواب فی المکتوبات واما نفس التراویح

اسلئی نہ ملی کہ مسجد کی جماعت ترک کی اور خلاصہ والا کہتا ہی یہہ ہی جواب فرایض مین ہی اور لیکن صرف تراویح

فهو سنة مؤکدة علی الاعیان للرجال والنساء توارثها الخلف عن السلف من لدن تاریخ رسول الله علیه السلام

ہر ہر مرد اور عورت پر سنت موکدہ ہین پچہلی پہلون سی سنتی چلی آئی ہین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عہد سی آج تک

الی یومنا هذا فلا ینبغی ترکها والدلیل علی هذا ما روی ان النبی علیه السلام اتخذ فی المسجد حجرة

سو تراویح کا ترک کرنا سزاوار نہین اور دلیل اسکی یہہ روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی مسجد مین حصیر یعنی بوریہ کا حجرہ بنایا تہا

من حصیر لیصلی فیها السنن وکان یخرج من الحجرة ویصلی التراویح للناس بالجماعة فعل هکذا ثلث

تاکہ اوسکی اندر سنتین پڑہا کرین اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم حجرہ مین سی باہر آکر تراویح لوگون کی ساتہہ جماعت سی پڑہا کرتی تہی تین رات تک ایسا ہی

لیال فلما کانت اللیلة الرابعة اجتمع ناس کثیر حتی عجز المسجد من اهله فلما رای رغبة الناس دخل الحجرة

اتفاق ہوا جب چوتہی رات آئی تو خلقت بہت جمع ہوگئی کہ مسجد مین تنگی سی جگہ نہ ملی جب آپنی یہہ انبوہ دیکہا تو فرض پڑہتی ہی حجرہ مین تشریف لیگئی

بعد ما صلی الفریضة ولم یخرج الیهم فمازالوا ینتظرون خروجه وظنوا انه نام فجعل بعضهم یتنحنح لیخرج الیهم

پہر باہر نہ آئی اور یہہ لوگ تشریف لانی کی منتظر بیٹہی رہی آخر یہہ خیال کیا کہ آپ سوگئی پہر کسینی تو کہنکارنا شروع کیا تاکہ جاگ کر باہر تشریف لاوین

وبعضهم یقول الصلوة فخرج الیهم فقال ما زال بکم الذی رایت من صنیعکم حتی خشیت ان یکتب

اور کوئی کہتا تہا نماز تیار ہی پہر آپ باہر تشریف لائی فرمانی لگی کہ مین تمہارا یہہ شوق ہمیشہ دیکہی جاتا ہون یہان تک کہ مجہکو یہہ خوف ہوا کہ تمپر فرض ہوجاوین

علیکم ولو کتب علیکم ما قمتم به فصلوا ایها الناس فی بیوتکم فان افضل صلوة المرء فی بیته الا

اور اگر تمپر فرض ہوجاویگی تو ادا نہ کروگی سو تم ای صاحبو اپنی اپنی گہر مین پڑہ لو کیونکہ آدمی کی نماز سوا فرایض کی گہر مین افضل ہوتی ہی

الصلوة المکتوبة فتوفی رسول الله علیه السلام والامر علی ذلک ثم کان الامر علی ذلک فی خلافة

پہر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی وفات کی اور حال یہہ ہی رہا پہر حضرت ابوبکر کی خلافت مین بہی حال یون ہی رہا

ابی بکر وصدرا من خلافة عمر ثم ان عمر فی ایام خلافته رای الناس یصلون التراویح فی المسجد

اور ابتداء خلافت مین حضرت عمر کی بہی پہر حضرت عمر نی اپنی ایام خلافت مین لوگون کو دیکہا کہ تراویح مسجد مین الگ الگ پڑہتی ہین

منفردین فامرهم ان یصلوها جماعة وامر ابی بن کعب وتمیم الداری لیصلیانها بالناس امامة فصلیاها

تو اونکو یہہ حکم کیا کہ جماعت سی پڑہا کرو اور ابی بن کعب اور تمیم داری کو حکم کیا کہ امام ہوکر اور لوگون کو نماز پڑہاوین سو اون دونونی

بالجماعة والصحابة متوافرون منهم عثمان وعلی وابن مسعود والعباس وابنه وطلحة والزبیر ومعاذ

جماعت کرائی اور اصحاب اوسوقت بہت موجود تہی یعنی عثمان اور علی اور ابن مسعود اور عباس اور عبداللہ بن عباس اور طلحہ اور زبیر اور معاذ

وغیرهم من المهاجرین والانصار وما رد علیه واحد منهم بل ساعدوه ووافقوه وامروه بذلک

اور سوا اونکی اور بہت مہاجر اور انصار موجود تہی سو انہین سی کسینی کچہہ اعتراض نکیا بلکہ اونکی مددگار اور شریک ہوئی اور اسکی صلاح دی

وواظبوا علیها حتی ان علیا اثنی علیه ودعا له بالخیر وقال نور الله مضجع عمر کما نور مساجدنا

اور آپ پڑہتی رہی یہان تک کہ حضرت علی نی عمر کی تعریف کی اور نیک دعا دی اور دعا مین فرمایا اللہ عمر کی گور روشن کری جیسی اونہی ہماری مسجدین روشن کرین

وقد قال النبی علیه السلام علیکم بسنتی وسنة خلفاء الراشدین من بعدی وهی عشرون رکعة

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا میری سنت اپنی ذمہ پر لازم کرلو اور میری بعد خلفاء راشدین کی سنت اور تراویح بیس رکعت ہین

یسمی کل اربع رکعات منها ترویحة مجازا لما فی آخرها من الترویحة التی هی اسم للجلسة وانما سمی بها

ہر چار رکعت کا نام مجازًا ترویحہ ہی کیونکہ اوسکی آخر مین ترویحہ ہوتا ہی یعنی آرام کی لئی ٹہرجاتی ہین ترویحہ نام جلسہ کا ہی اور جلسہ کو ترویحہ ن

لان الصحابة کانوا یستریحون بین کل اربع رکعات من اجل طول قیامهم فی الصلوة ولکل ترویحة تسلیمتان

اسوسطی کہتی ہین کہ صحابہ ہر چار رکعت کی بعد بیٹہہ کر آرام کیا کرتی تہی کیونکہ نماز مین قیام بہت طویل دراز کرتی تہی اور ہر ہر ترویحہ مین دو دو سلام ہین

فتکون التسلیمات عشرا والترویحات خمسا والامام والجماعة یاتون بالثناء فی کل تکبیرة الافتتاح ویجلسون

اس لئی سلام دس ہوئی اور ترویحہ پانچ ہوئی اور امام اور مقتدی تکبیر تحریمہ کی بعد سبحانک اللہم آخر تک پڑہا کرین اور ہر دو ترویحہ کی

بین

بین کل الترویحتین قدر ترویحة واحدة وکذا بین الخامسة والوتر لانه المتوارث من زمن الصحابة
بیچمین بقدر ایک ترویحہ کی بیٹہتی رہا کرین اور ایسی ہی پانچوین ترویحہ اور وترون کی بیچمین کیونکہ صحابہ کی وقت سی آج تک یہہ ہی چلا آتا ہی

الی یومنا هذا وهم فی الانتظار مخیرون ان شاءوا سبحوا وان شاءوا هللوا وان شاءوا سکتوا ای
اور مصلیون کو استراحت کی وقت مین اختیار ہی چاہین سبحان اللہ پڑہین اور چاہین لا الہ الا اللہ پڑہین اور چاہین چپکی بیٹہی رہین

ذلك فعلوا فهو حسن لقوله علیه السلام المنتظر للصلوة کانه فی الصلوة واهل مکة کانوا یطوفون
جو کرین سو ہی بہتر ہی واسطی قول علیہ السلام کی نماز کا منتظر گویا نماز مین ہی اور مکہ والی ہر دو ترویحہ کی

بالبیت بین کل ترویحتین اسبوعا ویصلون رکعتین للطواف واهل المدینة کانوا یصلون
بیچمین بیت اللہ کا طواف سات سات بار کرتی تہی اور دو رکعت طواف کی پڑہتی تہی اور مدینہ والی اوسوقت مین

فی ذلك اربع رکعات ثم الافضل فیها استیعاب اکثر اللیل بالصلوة والاستراحة ویستحب
چار رکعت پڑہا کرتی تہی پہر افضل تراویح مین یہہ ہی کہ آدہی سی زیادہ رات استراحت اور نماز مین صرف کری اور نماز کی تاخیر

تاخیرها الی انتهاء ثلث اللیل ثم الاصح ان وقتها بعد العشاء الی اخر اللیل قبل الوتر وبعده لانها
تہائی رات کی تمامی تک مستحب ہی پہر صحیح یہہ ہی کہ وقت تراویح کا عشاء کی بعد ہی آخر رات تک وتر سی پہلی اور پیچہی کیونکہ تراویح

نوافل سنة بعد العشاء وهل یحتاج فی کل شفع ان ینوی التراویح قال بعضهم یحتاج لان کل شفع
نوافل بعد عشا کی سنت ہین اور آیا یہہ حاجت ہی کہ تراویح کی ہر ہر شفع مین جدا جدا نیت کری بعضی کہتی ہین ہان حاجت ہی کیونکہ ہر ہر شفع

صلوة علیحدة والاصح انه لا یحتاج لان الکل بمنزلة صلوة واحدة فان فاتت لا تقضی اصلا
جداگانہ نماز ہی اور صحیح یہہ ہی کہ حاجت نہین ہی اسواسطی کہ سب کی سب گویا ایک نماز ہی اگر فوت ہو جاوین تو اصلا قضا نہین ہی

لا بالجماعة ولا بدونها لان القضاء من خواص الفرض ومن صلی العشاء وحده فله ان یصلی
نہ جماعت سی اور نہ بدون جماعت کی اسوسطی قضا کرنا خاصہ فرض ہی کا ہی اور جسنی عشا کی نماز علیحدہ پڑہی تو اوسکو جایز ہی کہ تراویح

التراویح بالامام ولو ترکوا الجماعة فی الفرض لم یصلوا التراویح بالجماعة ومن لم یصل التراویح بالامام
جماعت سی پڑہ لی اور اگر سب نی فرض کی جماعت ترک کی تو پہر تراویح کی لئی جماعت نکرین اور جس نی تراویح جماعت سی نہین پڑہین

یجوز له ان یصلی الوتر به ولو اقاموا التراویح بامامین فصلی کل امام تسلیمة قال بعضهم یجوز
تو اوسکو جایز ہی کہ وتر جماعت سی پڑہی اور اگر تراویح مین باری باری دو امام کئی پہر ہر امام نی ایک ایک شفعہ پڑہایا تو بعضی کہتی ہین کہ جایز ہی

والصحیح انه لا یستحب والمستحب ان یصلی کل امام ترویحة فاذا جاز اقامة التراویح بامامین
اور صحیح یہہ ہی کہ مستحب نہین مستحب یہہ ہی کہ ہر امام ایک ایک ترویحہ پڑہی اور جب کہ تراویح کا پڑہنا دو اماموں کی ساتہہ

علی هذا الوجه یجوز ان یصلی احدهما الفرض والاخر التراویح ویکره للامام فی هذا الزمان التطویل
اسطور پر جایز ہوا تو جایز ہی کہ ایک امام فرض پڑہا دی اور دوسرا امام تراویح اور امام کو اس زمانہ مین قرارت کو

الزائد عن حد اقل السنة فی القراءة والاذکار علی وجه یحصل للجماعة ملل لان ذلك سبب للتنفیر
ادنی حد سنت سی زیادہ دراز کرنا اور ذکر اس طور پر کرنا جس سی جماعت کو ملال پیدا ہو مکروہ ہی کیونکہ اسمین لوگ جماعت سی بہاگین گی

عن الجماعة والتنفیر عن الجماعة مکروه ولکن لا ینبغی له ان ینقص عن قدر اقل السنة فی القراءة و
اور جماعت سی بہگانا مکروہ ہی لیکن یہہ بہی نہ چاہی کہ سنت کی ادنی مقدار سی قرارت اور

التسبیحات لملالهم لانهم غیر معذورین فیه وادنی ما یحصل به السنة فی تسبیحات الرکوع والسجود
تسبیحات مین اونکی ملالت کی خوف سی کوتاہی کری کیونکہ اونکو اسمین کچہہ عذر نہین ہی اور کم سی کم جسمین سنت تسبیحات رکوع اور سجود کی حاصل ہو جاوی

ثلث لقوله علیه السلام اذا رکع احدکم فلیقل ثلث مرات سبحان ربی العظیم وذلك ادناه و

تین بار ہین واسطی ارشاد علیہ السلام کی جسوقت رکوع کری کوئی تمہارا توچاہئی کہ سبحان ربی العظیم تین بار کہی اور یہہ ادنی عدد ہی اور

اذا سجد فلیقل سبحان ربی الاعلی ثلث مرات وذلك ادناه والمراد به ادنی ما یحصل به السنة

جب سجدہ کری توچاہئی کہ سبحان ربی الاعلی تین بار کہی اور یہہ ادنی عدد ہی اور مراد اس سی ادنی مرتبہ ہی جسمین سنت حاصل ہوجاوی

ولذلك یکره النقص عن الثلث وکذا یکره للامام التعجیل علی وجه یعجز الجماعة عن اکمال اقل

اسیہی لئی تین بار سی کم کہنا مکروہ ہی اور ایسی ہی امام کو اتنی جلدی مکروہ ہی کہ جماعت کی لوگ کم سی کم عدد مسنون کی پورا کرنی سی رکوع

السنة فی تسبیحات الرکوع والسجود وعن اکمال قراءة التشهد بل یزید الامام علی التشهد ویاتی

اور سجود کی تسبیحات مین اور قرارت تشہد کی پورا کرنی سی عاجز ہوجاوین بلکہ امام تشہد پر کچھہ زیادہ کری اور

بالصلوة علی النبی علیه السلام ان علم انها لا تثقل علی الجماعة وان علم انها تثقل علیهم لا یاتی بها

نبی علیہ السلام پر درود پڑہی اگر جانی کہ جماعت کی لوگون پر اتنی دیر دشوار نہین ہی اور اگر یہہ جانی کہ یہہ اونپر دشوار ہی تو نہ پڑہی

بل یترکها لکن لا جمیعها بل یقتصر فیها علی قوله اللهم صل علی محمد وعلی ال محمد لانها وان کانت

ترک کردی لیکن بتمام ترک نکری بلکہ اسمین اختصار کرکر اتنا پڑہی اللہم صل علی محمد وعلی آل محمد اسواسطی کہ درود اگرچہ

سنة عندنا الا انها فرض عند الشافعی وبهذا القدر یتاتی القولان ویکره للمقتدی ان یقعد

ہماری مذہب مین سنت ہی پر شافعی کی نزدیک فرض ہی اور اتنی کلمات مین دونو قول ادا ہوجاتی ہین اور مقتدی کو مکروہ ہی کہ تراویح کی وقت بیٹہا رہی

فی التراویح حتی اذا اراد الامام ان یرکع یقوم ویقتدی لان فیه اظهار التکاسل فی الصلوة والتشبه

یہان تک کہ جب امام رکوع مین جاوی توکہڑا ہوکر نیت کرلی کیونکہ اسمین نماز کی سستی ظاہر ہوتی ہی اور منافقون سی

بالمنافقین الذین قال الله تعالی فیهم واذا قاموا الی الصلوة قاموا کسالی یراءون الناس وکذا اذا

مشابہت آتی ہی جنکی حق مین اللہ تعالی فرماتا ہی اور جب کہڑی ہون نماز کو توکہڑی ہون جی ہاری دکہانی کو لوگون کی ایسی ہی اگر

غلب النوم یکره له ان یصلی بالنوم بل ینبغی له ان ینصرف وینام ولا یصلی حتی یستیقظ لان

نیند غالب ہوجاوی تو مکروہ ہی کہ اونگہتا ہوا نماز پڑہی بلکہ اوسکو یون چاہئی کہ جاکر سورہی اور نماز نہ پڑہی جبتک ہوشیار ہو کیونکہ

فی الصلوة مع النوم تهاونا وغفلة وترك التدبر ثم انه ان نام فی القعدة کلها فانه اذا انتبه یفرض

اونگہتی ہوئی نماز پڑہنی مین اہانت اور غفلت اور ترک تدبیر ہی پہر اگر مصلی تمام قعدہ مین سوتا رہا توجب ہوشیار ہو اوسپر فرض ہی

علیه ان یقعد قدر التشهد وان لم یقعد تفسد صلوته لان ما حصل من افعال الصلوة حالة

کہ تشہد کی مقدار بیٹہا رہی اور اگر اتنی قدر قعود نہین کریگا تو اوسکی نماز فاسد ہوجاتیگی اسواسطی کہ جتنی ارکان نماز کی نیند کی حالت مین

النوم لا تعتبر لصدورها بلا اختیار فیکون وجودها کعدمها وهذه المسئلة یکثر وقوعها لا سیما

ہوئی ہین اونکا کچھہ اعتبار نہین ہی کیونکہ بی اختیار عمل مین آئی ہین تو اونکا ہونا نہونا برابر ہی اور یہہ مسئلہ اکثر واقع ہوتا ہی خاص کر

فی لیالی الصیف والناس عنها غافلون ثم اختلف المشائخ فی مقدار القراءة فقال بعضهم یقرأ

گرمی کی راتونمین اور لوگ اس مسئلہ سی غافل ہین پہر مشائخ مین اختلاف ہی مقدار قرارت مین سو بعضی یہہ کہتی ہین

فی کل شفع مقدار ما یقرأ فی المغرب یعنی انه یقرأ من قصار المفصل وهی من سور لم یکن الذین کفروا

کہ ہر شفع مین اتنا پڑہی جتنا مغرب کی نماز مین پڑہتی ہین مراد یہہ ہی کہ قصار مفصل مین سی اور وہ سورہ لم یکن سی

الی اخر القران لان التطوع اخف من المکتوبة فیعتبر باخف المکتوبات وهی المغرب وهذا القول

آخر قرآن تک ہی اسواسطی کہ نفل فرایض کی نسبت خفیف ہوتی ہین سو اب فرایض مین سی خفیف کا اعتبار ہوگا سو وہی مغرب ہی اور یہہ قول

ليس بصحيح لان بهذا القدر لا يحصل الختم والختم فيها مرة واحدة سنة ولا يترك لكسل الجماعة

صحیح نہین ہی اس لیئے کہ اتنی قرارت سی ختم قرآن نہین ہوسکتا اور ایک دفعہ ختم کرنا مسنون ہی جماعت والون کی کسالت کی مارے ترک نہ کرین

حتی لو قرء الامام بعض القران فی سائر الصلوات لئلا یمل الجماعة من طول القراءة فی التراویح یکون

یہان تک کہ اگر امام نے کچھہ کچھہ قرآن تمام نمازون مین اسلیئے پڑھا کہ جماعت والی تراویح کی اندر طول قرارت سی ملول نہون

له ثواب الصلوة ولا یکون لهم ثواب الختم وقیل الافضل فی زماننا ان یقرء الامام علی حسب

تو اونکو نماز کا ثواب ہوگا ختم کا ثواب نہین ہوگا اور کہتی ہین کہ ہماری زمانہ مین یہہ افضل ہی کہ امام جماعت کی

حال الجماعة من الرغبة والنفرة فیقرء قدر ما لا یوجب التنفیر عن الجماعة لان تکثیر الجماعة

حال کی موافق رغبت اور نفرت کی لحاظ سی پڑہا کری سو اسقدر پڑہی جسمین جماعت سی نفرت نکرین اسواسطی کہ جماعت کا زیادہ ہونا

افضل من تطویل القراءة لکن لا یقتصر بعد الفاتحة علی ایة قصیرة او ایتین قصیرتین

تطویل قرارت سی بہتر ہی پہر بہی بعد فاتحہ کی ایک یا دو آیتون چھوٹی چھوٹی پر اقتصار نکری

لان قراءة ثلث ایات او ایة طویلة مع الفاتحة واجبة وذکر فی التجنیس ان بعض الناس اعتادوا

اسواسطی کہ تین آیت چھوٹی یا ایک آیت دراز ہمراہ فاتحہ کی پڑہنی واجب ہی اور تجنیس مین مذکور ہی کہ بعضی لوگونکی عادت ہی

قراءة سورة الفیل الی اخر القران مرتین وهو حسن فی هذا الزمان اذ روی عن بعض المشائخ

کہ سورۂ فیل سی آخر قرآن تک دو بار پڑہتی ہین اس زمانہ مین یہہ بہت خوب ہی اسواسطی کہ بعضی مشایخ سی روایت ہی

علی ما ذکر فی فتاوی قاضیخان ان لم یکن عارفا باهل زمانه فهو جاهل لان اکثر الناس فی هذا الزمان

چنانچہ فتاوی قاضیخان مین مذکور ہی کہ جو شخص اپنی عہد کی لوگون کا حال نہ پہچانی تو وہ جاہل ہی اسلیئے کہ اس زمانہ کی اکثر لوگون کی

طبایعهم جامدة صعبة الانقیاد ان یروا سبیل الرشد لا یتخذوه سبیلا وان یروا سبیل الغی یتخذوه

طبیعتین ایسی بستہ ہین کہ مطیع ہونا دشوار ہی اگر دیکھین راہ ہدایت کی تو وہ نہ ٹہراوین راہ اور اگر دیکھین راہ الٹی ٹہراوین اوسکو

سبیلا فانهم قد جعلوا التراویح عادة لا عبادة یتقرب بها الی الله تعالی علی ما شرطه رسول الله عم

راہ سو ان لوگون نی تراویح کو عادت کرلی ہی عبادت نہین جانتی جسمین قرب الہی ہو جیسی رسول الله صلی الله علیه وسلم نی

فیها من القراءة وغیرها فیتخذون صلوتها خلف امام لا یتم الرکوع والسجود والقومة والجلسة

تراویح مین قرارت وغیرہ کی شرط کی ہی سو ایسی امام کی پیچھی نماز شروع کرتی ہین جو نہ رکوع پورا کری اور نہ سجدہ پورا کری اور نہ قومہ اور نہ جلسہ

ولا یرتل القران کما امر الله به بل هو من غایة السرعة یقع فی اللحن الجلی یترك بعض حروف الکلمة او

اور نہ جیسی حکم الہی ہی قرآن ترتیل کی ساتھہ پڑہی بلکہ وہ جلدی کا مارا صاف راگنی مین پڑہنی لگتا ہی بعضی کلمات کی حرف یا حرکات رہ جاتی ہین

حرکاتها وقد ذکر فی البزازیة ان اللحن حرام بلا خلاف وذکر فی الفتاوی ان الامام اذا کان لحانا لا باس

اور بزازیہ مین مذکور ہی کہ راگنی مین قرآن کا پڑہنا بالاتفاق حرام ہی اور فتاوی مین مذکور ہی کہ امام اگر راگنی مین پڑہتا ہو تو اگر کوئی شخص

للرجل ان یترك مسجده ویتحول الی مسجد اخر فانه لا یاثم بذلك لانه قصد الصلوة خلف تقی

اوس مسجد کو چھوڑکر اور مسجد مین جانی لگی تو کچھہ مضائقہ نہین اس سی گنہگار نہین ہوتا اسواسطی کہ یہہ شخص پرہیزگار کی پیچھی نماز پڑہا چاہتا ہی

وقد قال النبی علیه السلام من صلی خلف عالم تقی فکانما صلی خلف نبی من الانبیاء وفیه اشارة

اور نبی علیه السلام نی فرمایا کہ جسنی نماز عالم پرہیزگار کی پیچھی پڑہی تو گویا نبیون مین سی کسی نبی کی پیچھی پڑہی اسمین یہہ اشارہ ہی

الی انه لو ترك مسجده بلا عذر یکون اثما فکیف یکون حال الذین یترکون مسجدهم بلا عذر ویسرعون

کہ اگر کوئی بلا عذر اپنی مسجد مین جانا چھوڑدی تو گنہگار رہوتا ہی اب اونکا کیا حال ہوگا جو اپنی مسجد کو بلا عذر چھوڑدیتی ہین اور جلدی سی

الى مسجد يكون فيه انواع من الانغام والالحان ويطلبون اماما لا يتم الركوع والسجود ولا يرتل القران
ایسی مسجد مین جاتی ہین جہان طرح طرح کی نغمی اور راگ ہوتی ہین اور ایسا امام تلاش کرتی ہین جو نہ رکوع تمام کری اور نہ سجدہ پورا کری اور نہ قرآن کو ترتیل سی پڑہی

بل ربما ينكرون على من يتم الركوع والسجود ويرتل القران وينفرون عنه ويكونون من الذين اتخذوا
بلکہ بعضی وقت ایسی امام پر اعتراض کرتی ہین جو رکوع اور سجدہ پورا کری اور قرآن کو اچہی طرح پڑہی اور اوس سی نفرت کرتی ہین پہر وہ اون لوگون مین ہین جنہون نی اپنی

دينهم لعبا ولهوا وغرتهم الحيوة الدنيا وهم عن الاخرة غفلون فان من صلى التراويح بترك القومة
دین کو ہنسی کہیل ٹہرایا اور فریب کہایا دنیا کی زندگی کا اور وہ آخرت سی غافل ہین بیشک جسنی تراویح ایسی طور پر پڑہین کہ نہ قومہ پورا کیا

والجلسة والطمانية المقدرة بمقدار تسبيحة فيها يكون عاصيا مستحقا للعذاب بالنار لان هذه
اور نہ جلسہ کیا اور نہ اونمین کی ایک تسبیح کی برابر طمانیت کی تو گنہگار ہوتا ہی اور مستحق آگ کی عذاب کا کیونکہ یہہ

الاشياء فرض عند ابي يوسف والشافعي حتى تبطل الصلوة بتركها وواجب عند ابي حنيفة ومحمد في
سب چیزین امام ابو یوسف اور شافعی کی نزدیک فرض ہین انکی ترک سی نماز باطل ہوجاتی ہی اور امام ابو حنیفہ اور امام محمد کی نزدیک ایک روایت مین

رواية حتى يجب اعادة الصلوة بتركها وفي رواية اخرى سنة وعلى هذه الرواية يكون تاركها مستحقا
واجب ہین یہان تک کہ انکی ترک سی اعادہ نماز کا واجب ہی اور ایک دوسری روایت مین سنت ہین اور اس روایت کی موافق انکا تارک عتاب کا مستحق ہوتا ہی

للعتاب وحرمان الشفاعة فيكون من الذين ضل سعيهم في الحيوة الدنيا وهم يحسبون انهم يحسنون
اور شفاعت سی محروم پہر اون لوگون مین ہی جنکی دوڑ بہٹک رہی ہی دنیا کی زندگانی مین اور وہ سمجہتی ہین کہ خوب بناتی ہین

صنعا ومن الذين بدا لهم من الله ما لم يكونوا يحتسبون وهذا هو الخسران المبين والغبن العظيم ثم
کام اور اون لوگون مین سی کہ نظر آیا اونکو اللہ کی طرف سی جو خیال نرکہتی تہی اور یہہ صاف ٹوٹا اور بڑا ہی خسارہ ہی پہر

ان ههنا نكتة لا بد من التنبيه عليها حتى يتنصح من كان فيه انصاف وميل الى الحق وهي ان التراويح عشرون
یہان ایک نکتہ ہی اوسکا بیان بہی ضروری ہی تاکہ جسمین انصاف اور حق کی طرف رغبت ہی پند پذیر ہو وہ نکتہ یہہ ہی کہ تراویح بیس رکعتین ہین

ركعة وفي كل ركعة قومة وجلسة وطمانينتهما وفي ترك كل منهما ذنب فلو تركت طمانينة احدهما يكون
اور ہر ہر رکعت مین ایک قومہ اور ایک جلسہ ہی اور دو اونمین اطمینان اور دونون مین سی ہر یک کا ترک کرنا گناہ ہی پس اگر ایک کی طمانیت ترک ہوئی

عدد الذنوب عشرين ولو تركت طمانينتهما يصير عدد الذنوب اربعين ولو تركت انفسهما ايضا يصير
تو گنتی مین بیس گناہ ہوئی اور اگر دونو کی طمانینت ترک ہوئی تو گنتی مین چالیس گناہ ہوئی اور اگر وہ دونو خود بہی ترک ہوئی تو

مجموع الذنوب ثمانين واذا ضم اليه معصية الاظهار يصير مجموعها مائة وستين ذنبا واذا ضم
تمام گناہ اسی ہو جاوینگی اور اگر اسکی ساتہ معصیت ظاہر کرنی کی ملاوین تو تمام گناہ ایک سو ساٹہ ہوجاوینگی اور اگر اسکی ساتہ

اليه عدم الاعادة الواجبة يصير المجموع مائة وثمانين ذنبا مع ان ترك هذه المذكورات يكون سببا
اعادہ نکرنا جو واجب تہا ملا یا جاوی تو سب ملکر ایک سو اسی گناہ ہو جاوینگی باوجودیکہ ان مذکورات کی ترک کرنی سی جو جو ذکر انتقالات کی اندر

لاتيان الاذكار المشروعة في الانتقالات وفي اتيان الاذكار المشروعة في الانتقالات
مشروع ہین وہ سب ذکر بعد تمامی انتقالات کی ہوجاتی ہین اور جو ذکر انتقالات کی اندر مشروع ہین اونکو

بعد تمام الانتقال كراهتان تركها عن موضعها وتحصيلها في غير موضعها فيقع في كل ركعة اربع مكروهات
بعد تمامی انتقال کی لانی مین دو کراہتین ہین ایک تو اپنی مقام سی ٹلا دینا اور غیر جگہ رکہدینا اب ہر ہر رکعت مین چار چار مکروہ ہونگی

فيلزم منه ترك اربع سنن فان من ترك القومة او الطمانينة فيها يقع سمع الله لمن حمده والتكبير حين الانخفاض
اور اس سی ترک کرنا چار سنتون کا لازم آتا ہی کیونکہ جسنی قومہ یا قومہ کی اندر طمانینت کو ترک کیا تو سمع اللہ لمن حمدہ اور اللہ اکبر جہکتی ہوئی کہنی مین آوینگی

بل یقع التکبیر بعد السجدۃ والسنۃ ان یقع سمع اللہ لمن حمدہ حین رفع الراس من الرکوع والتکبیر حین الانخفاض وکذا

بلکہ اللہ اکبر بعد سجدی کی کہنی مین آویگا اور طریق مسنون یہہ ہی کہ سمع اللہ لمن حمدہ رکوع سی سر اوٹہاتی ہوئی کہی اور اللہ اکبر سجدہ کی طرف جہکتی ہوئی کہی اور ایسی ہی

اذا ترک الجلسۃ والطمانینۃ فیہا یقع بعض التکبیر الاول حین الانخفاض بل یقع بعض التکبیر الثانی بعد السجود والسنۃ ان یاتی

اگر جلسہ کو ترک کری یا جلسہ مین طمانیت کو ترک کری تو کچہہ لفظ پہلی تکبیر کی جہکتی ہوی کہنی مین آوینگی بلکہ کچہہ لفظ دوسری تکبیر کی سجدہ کی بعد کہنی مین آوینگی اور طریق مسنون یہہ ہی کہ

التکبیر الاول حین الرفع والثانی حین الانخفاض فیصیر عدد المکروہات فی جمیع الرکعات ثمانین فیلزم منہ ترک ثمانین سنۃ فاذا ضم

پہلی تکبیر سجدہ سی اوٹہتی ہوئی کہی اور دوسری تکبیر جہکتی ہوئی سو اب مکروہات کی گنتی تمام رکعتوں مین اسی ہو جاویگی اور اس سی اسی سنتین چہوٹ جاتی ہین اور جب ان مکروہات کو

الی ذلک اظہار کل منہما فان اظہار المکروہ مکروہ ایضا یصیر المجموع مائۃ وستین مکروہا ومائۃ وستین ترک سنۃ وھل یعد من العقلاء

اظہار سمین شامل کرین کیونکہ مکروہات کا ظاہر کرنا بہی مکروہ ہی تو تمام مکروہات بہی ایک سو ساٹہہ ہو جاویگی اور ایک سو ساٹہہ سنتین ترک ہونگی پہر کیا وہ شخص عاقل گنا جاویگا

بفعل فی کل لیلۃ من لیالی رمضان فی اداء التراویح مائۃ وثمانین ذنبا فقط ومائۃ وستین مکروہا ومائۃ وستین ترک سنۃ فان فی ترک کل

جو رمضان کی راتوں مین سی ہر رات کو صرف تراویح کی ادا کرتی ہوئی ایک سو اسی گناہ کری اور ایک سو ساٹہہ مکروہ کری اور ایک سو ساٹہہ سنت ترک کری کیونکہ ہر سنت کی ترک

سنۃ عتابا وحرمان الشفاعۃ فہل یرضی العاقل ان یجعل نفسہ محروما من شفاعۃ رسول رب

کرنیمین عتاب ہوتا ہی اور شفاعت سی محرومی پہر مرد عاقل کب پسند کرتا ہی کہ اپنی تئین رسول رب العالمین کی شفاعت سی محروم کری

العالمین التی یرجوھا ویطلبہا کل الخلائق حتی الانبیاء والاولیاء والصالحین نسال اللہ تعالی ان لا

جسکی تمام خلق امیدوار اور تلاش رکہتی ہی یہانتک کہ انبیا اور اولیا اور صلحا، ہم اللہ سی چاہتی ہین کہ ہمکو

یجعلنا من المحرومین المجلس التاسع والعشرون فی بیان فضیلۃ تاخیر السحور وتعجیل

محروم نکری — اونتیسوین مجلس مین بیان سحر کہانی مین تاخیر اور فطار مین تعجیل کی فضیلت کا

الافطار قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تسحروا فان فی السحور برکۃ ھذا الحدیث من صحاح

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا سحر کہایا کرو کیونکہ سحر مین برکت ہی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح

المصابیح رواہ انس والمحفوظ فیہ عند اصحاب الحدیث فتح السین فی السحور وھو اسم لما یوکل فی وقت

حدیثوں مین ہی انس کی روایت ہی اور اس حدیث مین محدثین کی نزدیک سحور کی لفظ مین سین کا زبر محفوظ ہی اور طعام کا نام ہی جو سحر کی وقت کہاتی ہین

السحر الذی ھو اخر اللیل ای سدسہ الاخیر فیحتاج الی مضاف محذوف تقدیرہ ان فی اکل السحور برکۃ

اور سحر آخر شب یعنی چہٹا حصہ پچہلا سو اس کلام مین ایک مضاف محذوف ہی واقع مین یون ہی کہ سحور کہانی مین برکت ہی

لان البرکۃ لیست فیما یوکل من الطعام بل فی استعمال السنۃ ویجوز فیہ ضم السین فعلی ھذا یکون مصدرا

کیونکہ برکت طعام مین جو کہایا جاتا ہی نہین ہی بلکہ سنت کی استعمال مین ہی اور اس لفظ مین سین کا پیش بہی جایز ہی اسکی موافق سحور صیغہ مصدر کا ہی

فلا یحتاج الی تقدیر المضاف والمعنی ان فی الاکل وقت السحر برکۃ والمراد بالبرکۃ ھھنا زیادۃ القوۃ علی

اب مضاف پیدا کرنی کی کچہہ حاجت نہین اور معنی یہہ ہین کہ سحر کی وقت کہانا کہانی مین برکت ہی اور یہان برکت سی مراد زیادتی قوت روزہ رہنی کی

اداء الصوم بدلیل قولہ علیہ السلام استعینوا بقائلۃ النہار علی قیام اللیل وباکل السحور علی صیام

اس دلیل سی کہ حدیث مین آیا ہی دن کی سونی سی نماز کی لئی رات کی جاگنی پر مدد لیلو اور سحر کہانی سی دن کی روزہ پر

النہار ویجوز ان یراد بہا زیادۃ الثواب فی الاخرۃ وقولہ علیہ السلام تسحروا امر واقل مرتبتہ الاستحباب

اور یہہ بہی جایز ہی کہ برکت سی مراد آخرت مین زیادتی ثواب کی ہو اور حدیث کا لفظ تسحروا امر کا صیغہ ہی اور کم سی کم مرتبہ سمین استحباب کا ہی

فیکون السحر وھو الاکل فی وقت السحر مستحبا وقد روی عن عمرو بن العاص انہ علیہ السلام قال فصل ما بین

اب سحر یعنی سحر کی وقت طعام کہانا مستحب ہوگا اور روایت ہی عمرو بن عاص سی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کہ ہماری روزہ مین

صيامنا وصيام اهل الكتاب اكلة السحر الاكلة بالضمة اللقمة والمعنى ان اللقمة التي تؤكل في وقت
اور اہل کتاب کی روزہ مین فرق سحر کہانی کا ہی اور اکلہ ہمزہ کی پیش سی لقمہ کو کہتی ہین اور معنی حدیث کی یہہ ہین وہ لقمہ جو سحر کی وقت کہایا جاتا ہی
السحر هو الفارق بين صيامنا وصيام اهل الكتاب لان الله تعالى اباح لنا في ليلة الصيام ما حرم عليهم
یہہ ہی فرق ہی ہماری روزی مین اور اہل کتاب کی روزہ مین کیونکہ اللہ تعالی نی ہماری لئی رمضان کی راتون مین مباح کر دیا ہی جو جو اونپر حرام کر دیا تہا
فان بني اسرائيل قبل تغير دينهم وتبدل شريعتهم كانوا ليلة صيامهم اذا ناموا كان الطعام والشراب
کیونکہ بنی اسرائیل اپنی دین کی تغیر اور اپنی شریعت کی تبدیل سی پہلی اگر روزون کی راتون مین سوجاتی تو اونپر کہانا پینا
والجماع حراما عليهم كما كان الحكم كذلك في ابتداء الاسلام ثم نسخ ذلك الحكم ورخص لنا في هذه الاشياء
جماع سب حرام ہو جاتا تہا چنانچہ ابتداء اسلام مین بہی یہہ ہی حکم تہا پہر یہہ حکم منسوخ ہوگیا اور جب تک صبح صادق نہو ان اشیا کی ہمکو اجازت ہوگئی
ما لم يطلع الفجر وكان سبب ذلك امران احدهما ما روى عن عمر رض انه جامع امراته بعد النوم ثم ندم على
اور اسکا سبب دو چیز ہوئین ایک تو یہہ جو عمر رضی اللہ عنہ سی روایت ہی کہ انہون نی اپنی بی بی سی سونی کی بعد جماع کیا پہر اس حرکت سی نادم ہوکر
ما فعل واتى النبي عليه السلام واعتذر اليه فنزل قوله اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اِلٰى نِسَآئِكُمْ وصارت
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین آئی اور عذر کیا پہر یہہ آیت نازل ہوئی حلال ہوا تمکو روزی کی رات مین بی پردہ ہونا اپنی عورتون سی اور اونکی لغزش
زلته رحمة في حق جميع الامة والثاني ما روى عن قيس بن حرمة انه صام ولم يجد وقت الافطار شيئا
تمام امت کی حق مین رحمت ہوگئی اور دوسری وہ جو قیس بن حرمہ سی روایت ہی کہ اونسی روزہ رکہا پہر افطار کی وقت کچہہ ایسا نہ ملا جس سی روزہ افطار
يفطر به فذهبت امراته في طلب شئ فغلب عليه النوم فنام وجاءت امراته بطعام بعد ما كان الطعام
کرتا پہر اونکی بی بی کچہہ کہانی کی تلاش مین گئی اس عرصہ مین انپر نیند کا غلبہ جو ہوا تو سوگئی اور اونکی بی بی کہانا اوسوقت لائی کہ
عليه حراما فانتبه بعد ما مضى وقت الاكل ولم ياكل شيئا فلما كان نصف النهار من الغد غشي عليه
اونپر حرام ہوچکا تہا پہر ایسی وقت جاگی کہ کہانی کا وقت گذر چکا تہا سو اسنی کچہہ نہ کہایا جب اگلی دن کا دو پہر ہوا تو اونکو غش آگیا
فقال النبي عليه السلام مالك فقص عليه القصة فنزل قوله تعالى وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ
نبی علیہ السلام نی پوچہا تیرا کیا حال ہی اونسی تمام قصہ بیان کیا پہر یہہ آیت اوتری اور کہاؤ اور پیو جبتک کہ صاف نظر آوی تمکو دہاری
الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ فانه تعالى لما احل لنا في ليلة الصيام هذه الاشياء بعد النوم رغب النبي عم
سفید جدی دہاری سیاہ سی فجر کی پس اللہ تعالی نی جب یہہ چیزین رمضان کی راتون مین سونی کی بعد حلال کر دین تو نبی علیہ السلام کو
في اكل السحور فقال تسحروا فان في السحور بركة وبين انه فصل بين صيامنا وصيام اهل الكتاب ولهذا
سحور کی کہانی مین رغبت ہوئی فرمایا سحر کہایا کرو کیونکہ سحور مین برکت ہی اور بیان کیا کہ ہماری روزہ مین اور اہل کتاب کی روزہ مین سحر کا فرق ہی اور اسہی لئی
كان مستحبا ومن كان غير محتاج اليه يستحب له ان ياكل شيئا يسيرا ولو تمرة او تينة او شربة ماء
مستحب ہوگئی اور جسکو سحر کہانی کی حاجت نہو تو اوسکو بہی مستحب ہی کہ کچہہ تہوڑا سا کہا لیا کری اگرچہ ایک چہوارہ ہو یا ایک انجیر یا ایک گہونٹ پانی
عملا بسنة رسول الله صلى الله عليه وسلم واغتناما لبركة السحور ويستحب تاخيره ايضا لما روى انه
تاکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر عمل ہو اور سحور کی برکت غنیمت ہو اور تاخیر سحور کی مستحب ہی کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی
قال ثلث من اخلاق المرسلين تعجيل الافطار وتاخير السحور والسواك فان قيل كيف يكون تاخير السحور
فرمایا کہ تین امر مرسلین کی عادات مین سی ہین افطار مین تعجیل اور سحور مین تاخیر اور مسواک اگر کوئی کہی تاخیر سحور مرسلین کی
من اخلاق المرسلين وهو مخصوص باهل ملتنا فالجواب ان المراد به الاكلة الثانية فانها كانت تجري
اخلاق مین سی کیونکر ہوسکتی ہی حال یہہ ہی کہ سحور صرف اسہی امت کی واسطی ہی تو جواب یہہ ہی کہ سحور سی مراد دوبارہ کہانا ہی کیونکہ یہہ اونکی حق مین قایم

مجرى السحور في حقهم وفي حديث اخر انه عليه السلام قال لا يزال امتي بخير ما اخروا السحور وعجلوا

مقام سحور کی تہا اور ایک اور حدیث مین ہی کہ آپ نی فرمایا کہ میری امت ہمیشہ بہلائی پر رہیگی جبتک سحر مین تاخیر اور افطار مین

الفطر لكن ينبغي ان لا يؤخر على وجه يقع الشك في طلوع الفجر فان من شك في طلوع الفجر فالافضل له

جلدی کرتی رہینگی لیکن لایق یہہ ہی کہ اتنی تاخیر نکری کہ صبح صادق کی کہلنی مین شک پیدا ہوجاوی کیونکہ جسکو صبح صادق مین شک ہو تو اوسکو یہہ ہی افضل ہی

ان يترك الاكل تحرزا عن الوقوع في المحرم ولو اكل فصومه تام لان الاصل بقاء الليل ولا يخرج بالشك وروي

کہ نہ کہاوی ایسا نہو کہ حرام فعل مین واقع ہوجاوی اور اگر اس حال مین کہا لیا تو روزہ پورا ہی اسواسطی کہ اصل تو رات کا باقی رہنا ہی شک سی خارج نہین ہوتی

عن ابي حنيفة انه لو كان في موضع يتبين له الفجر لا يلتفت الى الشك ولو كان في موضع لا يتبين فيه

اور ابوحنیفہ سی روایت ہی کہ سحر کہانیوالا اگر ایسی مقام مین ہو کہ فجر منکشف ہوجاتی ہی تو شک کا کچہہ اعتبار نہین اور اگر ایسی مقام مین ہی جہان فجر ظاہر

الفجر او كانت الليلة مقمرة او متغيمة او كان ببصره علة تكون مسيئا في الاكل مع الشك لقوله عم

نہین ہوتی یا وہ رات چاندنی ہو یا کہنا ہو یا یہہ شخص کم سوجہہ ہو تو اب حالت شک مین کہانا اچہا نہین واسطی ارشاد نبی صلی الله علیہ وسلم کی

دع ما يريبك الى ما لا يريبك وان كان اكبر رأيه انه اكل والفجر طالع فالاحتياط فيه ان يقضي ذلك

چہوڑ اوسکو جسمین شک ہی طرف اوسکی جسمین تجہکو شک نہین اور اگر اسکی رای مین احتمال غالب یہہ ہو کہ کہانا کہاتی ہوئی صبح صادق ہوگئی تو احتیاط اسمین یہہ ہی ہی

اليوم عملا بغالب الرأي لان اكبر الرأي كاليقين فيما يبنى على الاحتياط وعلى ظاهر الرواية لا قضاء عليه

غالب احتمال پر عمل کرنی کو اسواسطی کہ احتمال غالب یقین کی مانند ہوتا ہی جہان احتیاط کرنی ہوتی ہی اور ظاہر روایت پر اوسپر قضا نہین ہی

لان اليقين لا يزول الا بمثله والاصل بقاء الليل ولو ظهر ان الفجر قد كان طالعا يلزمه القضاء

اسواسطی کہ یقین بدون یقین کی نہین جاتا اور اصل یہہ ہی کہ رات باقی ہو اور اگر یہہ معلوم ہوجاوی کہ فجر بیشک ہوگئی تہی تو اوسپر قضا لازم ہی

ولا كفارة عليه لانه بنى الامر على الاصل الذي هو بقاء الليل هذا كله حكم التسحر واما الافطار

اور کفارہ نہین ہی اسواسطی کہ بنا اوسنی اصل پر کی کہ رات باقی تہی یہہ سب احکام سحر کی تہی اور رہا افطار

فيستحب تعجيله قبل طلوع النجوم لما روي عن سهل بن سعد انه عليه السلام قال لا يزال الناس

سو اوسکی تعجیل مستحب ہی ایسا کہ ستاری نکلنی نہ پاوین اسواسطی کہ سہل بن سعد سی روایت ہی کہ رسول الله صلی الله علیہ وسلم نی فرمایا ہمیشہ خلقت

بخير ما عجلوا الفطر يعني ان الناس ما داموا يحفظون هذه الخصلة يكونون على خير واذا تركوها

بہلائی پر رہی گی جبتک افطار مین تعجیل کرینگی مراد یہہ ہی کہ خلقت جبتک اس طریقہ کو نگہ رکہینگی تو بہلائی پر رہینگی اور جب اسکو چہوڑدینگی

ينقص خيرهم فان السنة ان يعجل الصائم الافطار قبل الصلوة اذا تحقق غروب الشمس لان اهل الكتاب

تو اونکی بہلائی مین نقصان آویگا کیونکہ طریق مسنون یہہ ہی کہ روزہ دار افطار مین جلدی کری نماز سی پہلی جبکہ آفتاب کا ڈوبنا معلوم ہوچکی اسواسطی کہ اہل کتاب

كانوا يؤخرون الافطار الى اشتباك النجوم ثم صار في ملتنا شعارا لاهل البدعة وسمة لهم وندب

افطار مین اتنی دیر کیا کرتی تہی کہ ستاری خوب روشن ہوجاوین پہر یہہ ہی ہماری امت مین بدعتیون کی عادت ہوگئی اور طریق ٹہر گیا اور افطار مین تعجیل

تعجيله مخالفة لهم وقد روي عن ابي هريرة انه عليه السلام قال قال الله تعالى احب عبادي الي اعجلهم

اونکی مخالفت کی لئی مستحب ہی اور ابوہریرہ سی روایت ہی کہ رسول الله صلی الله علیہ وسلم نی فرمایا کہ الله تعالی فرماتا ہی مجکو محبوب تر وہ بندی ہین جو افطار مین

فطرا فان من كان اكثر تعجيلا في الافطار فهو احب الى الله تعالى لكونه متمسكا بشريعة نبيه ومعرضا

جلدی کرتی ہین سو جو شخص افطار مین جلدی کریگا وہ ہی الله تعالی کا زیادہ محبوب ہوگا کیونکہ اوسکی نبی کی شریعت کو خوب پکڑا اور شریعت کی مخالفت

عن مخالفها مع انه اذا افطر قبل الصلوة يؤدي الصلوة عن حضور القلب وطمانينة النفس فمن كان

وجہ نکی اور یہہ بہی ہی کہ اگر نماز سی پہلی افطار کریگا تو پہر نماز خوب دلکی حضور اور طبیعت کی قرار سی ادا ہوگی پہر ایسا شخص

بهذه الصفة فهو احب الى الله تعالى ممن لم يكن كذلك ويستحب ان يفطر على تمر او ما يقوم مقامه
اللہ تعالی کا محبوب سب کیون نہین ہوگا بہ نسبت ایسی شخص کی جو ایسا نہو اور لایق ہی کہ چھوہارے سی افطار کری یا جو شیرینی ہین اوسکی قایم

في الحلاوة كالتين والزبيب وان لم يجده فعلى ماء لما روى عن انس انه عليه السلام كان يفطر قبل
مقام ہو جیسی انجیر یا مویز اور اگر نہ میسر آوی تو پانی اسواسطی کہ انس سی روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نماز سی پہلی

الصلوة على رطبات وان لم يكن فتميرات فان لم يكن حسا حسوات من الماء وقال عليه السلام اذا
تازہ چھوہاری سی افطار کرتی اگر نہوتا تو خشک چھوہاری اگر یہ بھی نہوتا تو کئی گھونٹ پانی اور فرمایا صلی اللہ علیہ وسلم نی جب

افطر احدكم فليفطر على تمر فانه بركة فان لم يجد فليفطر على ماء فانه طهور ويدعوا عند الافطار
کوئی افطار کری تو تمر سی افطار کری کیونکہ یہہ برکت ہی اگر نہ پاوی تو پانی سی افطار کری کیونکہ نہایت پاک ہی اور افطار کی وقت

باهم مهماته فانه من مظان الاجابة كما جاء في الحديث ان للصائم عند افطاره دعوة مستجابة
اپنی بڑی سی بڑی مطلب کی دعا مانگی کیونکہ اوسوقت ظن قبولیت کا ہی چنانچہ حدیث مین آیا ہی کہ روزہ دار کی لئی افطار کی وقت دعا مقبول ہی

وروى عن ابن عباس انه عليه السلام كان اذا افطر قال اللهم لك صمت وبك امنت وعلى رزقك
اور عبد اللہ بن عباس سی روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم افطار کرتی ہوئی یہہ فرماتی اللہم لک صمت الی آخرہ الٰہی تیری واسطی مین نی روزہ رکھا اور تیری اوپر ایمان لایا

افطرت ووقت الافطار ما روى عن عمر بن الخطاب انه عليه السلام قال اذا اقبل الليل من ههنا
مینی روزہ کھولا اور وقت افطار کا وہی وقت ہی جو عمر بن الخطاب سی روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جب یہاںسی رات سامنی آوی

وادبر النهار من ههنا وغربت الشمس فقد افطر الصائم فانه عليه السلام اتى باسم الاشارة ههنا في
اور یہاںسی دن چلا جاوی اور آفتاب ڈوب جاوی تو روزہ دار نزت افطار کری اس حدیث مین دونو جگہہ لفظ ہہنا اسم اشارة کا بیان فرمایا ہی

الموضعين واشار بالاول الى جانب المشرق لان ظلمة الليل تظهر اولا من ذلك الجانب والليل عبارة
دول مقام مین اشارہ مشرق کی طرف ہی اسواسطی کہ رات کی تاریکی پہلی اوسی طرف سی ظاہر ہوتی ہی اور رات اوس

عن ظهور ظلمة الليل من جانب المشرق واشار بالثاني الى جانب المغرب لان ضوء النهار الحاصل
تاریکی کا نام ہی جو مشرق کی طرف سی پیدا ہوتی ہی اور دوسری مقام مین مغرب کی طرف اشارہ فرمایا اسلئی کہ دن کی روشنی جو

من الشمس يذهب الى ذلك الجانب والنهار عبارة عن بقاء الشمس واذا غربت يذهب النهار وعلى
آفتاب سی ہوتی ہی اوسی طرف کو جاتی ہی اور آفتاب کی باقی رہنی کو دن کہتی ہین جب آفتاب ڈوب جاتا ہی تو دن جاتا رہتا ہی

هذا يكون غروب الشمس معلوما من قوله وادبر النهار لان الادبار بمعنى الذهاب ولا حاجة الى قوله
اس حال کی موافق آفتاب کا چھپ جانا تو لفظ ادبر النہار سی معلوم ہوچکا تہا اسواسطی کہ ادبار چلی جانی کو کہتی ہین اب اس لفظ کی

وغربت الشمس لكن اتى به لبيان كمال الغروب حتى لا يظن ان بغروب بعض الشمس يجوز الافطار
وغربت الشمس کیا حاجت تہی لیکن پہر بہی یہہ لفظ واسطی بیان کمال غروب کی فرمایا کوئی یہہ خیال نکری کہ آفتاب کی آدہی تہائی ڈوبنی پر بہی افطار جایز ہی

والمعنى ان غروب الشمس اذا تم وكمل فقد دخل الصائم في وقت الافطار فيجوز له الافطار بل يستحب
مراد یہہ ہی کہ آفتاب کا غروب جب خوب پورا ہوچکی تو روزہ دار کو وقت افطار کا آگیا پہر اوسکو افطار جایز ہی بلکہ تعجیل مستحب ہی

تعجيله لكن في يوم الغيم لا يستحب تعجيله ولا يفطر حتى يغلب على ظنه غروب الشمس وان اذن
لیکن ابر کی دن تعجیل مستحب نہین ہی اور افطار ہرگز نہ کری جبتک کہ اسکی گمان غالب مین آفتاب غروب نہولی اگرچہ مغرب کی

للمغرب وان شك في غروب الشمس لا يحل له الافطار لان الاصل بقاء النهار ولو افطر فعليه القضاء
اذان ہوچکی اور اگر آفتاب کی غروب مین شک ہو تو افطار حلال نہین ہی اسواسطی کہ اصل دن کا باقی رہنا ہی اور اگر افطار کریگا تو اوسپر قضا ہی

مادیم

لا سیما اذا افطر واکبر رایه انه افطر قبل الغروب یجب علیه القضاء عملا بالاصل الذی هو بقاء
خاص ایسی وقت که افطار کری اور اوسکی رای مین احتمال غالب ہو کہ غروب سی پہلی افطار کیا تو اوسپر قضا واجب ہی تاکہ اصل پر ہوجاوی کہ وہ دن کا
النهار بخلاف ما تقدم فی اکل السحور لان الاصل فیه بقاء اللیل ولو تبین ان الشمس لم تغرب ینبغی ان
باقی رہنا ہی بخلاف گذشتہ کی جو سحور کی حال مین گذرا کیونکہ وہان اصل رات کا باقی رہنا ہی اور اگر ظاہر ہوجاوی کہ آفتاب نہین چھپا تو لایق ہی کہ
یجب الکفارة نظرا الی الاصل الذی هو بقاء النهار وکل من افطر خطأ او بنی علی ظن یفسد صومه
بلحاظ اوس اصل کی جو دنکا باقی رہنا ہی کفارہ واجب ہوجاوی اور جسنی روزہ چوک کر یا گمان سی افطار کیا تو روزہ فاسد ہوجاتا ہی
ویلزمه امساك بقیة یومه ویجب علیه القضاء ولا یجب علیه الکفارة ولا یأثم اما فساد صومه
اور باقی دن بہر امساک لازم ہوتا ہی اور قضا اوسپر واجب ہی اور اوسپر کفارہ نہین آتا اور نہ گنہگار ہوتا ہی روزہ تو اسلئی فاسد
فلانتفاء رکنه بغلط یمکن الاحتراز عنه واما لزوم امساك بقیة یومه فلقضاء حق الوقت بالقدر
کہ غلطی سی اوسکا رکن فوت ہوا جس سی احتراز ہوسکتا تہا اور امساک باقی دن کا اسلئی لازم ہی کہ وقت کا حق جتنا ہوسکی ادا کرنا چاہئی
الممکن ولنفی التهمة عن نفسه لانه اذا اکل ولا عذر به یصیر متهما عند الناس بالفسق والتحرز
اور تاکہ ذمہ پر تہمت نرہی اسلئی کہ اگر بی عذر کہاوی پیویگا تو خلقت کی نزدیک فسق کی تہمت لگی گی اور تہمت کی جگہ سی
عن مواضع التهم واجب لقوله علیه السلام من کان یؤمن بالله والیوم الاخر فلا یقفن مواقف التهم
بچتی رہنا واجب ہی واسطی ارشاد نبی صلی الله علیه وسلم کی جو شخص اللہ پر اور قیامت کی دن پر ایمان لایا ہو تو تہمت کی جگہ ہرگز نہ کہڑا ہو
واما وجوب القضاء فلانه حق مضمون بالمثل شرعا فاذا فات یجب قضاؤه واما عدم وجوب الکفارة
اور قضا اسواسطی واجب ہی کہ روزہ ایک حق ہی شرع مین اوسکا بدلہ لیا ہی چاہی اگر وہ فوت ہوا تو قضا واجب ہی اور کفارہ اسواسطی واجب نہین ہی
فلکون الجنایة قاصرة غیر کاملة لعدم القصد واذا لم یوجد القصد ینتفی الاثم ایضا لما روی عن
کہ خطا کمتر ہی پوری نہین کیونکہ بلا قصد صادر ہوگئی ہی اور جب قصد نہین ہوتا تو گناہ بہی نہین ہوتا اسواسطی کہ روایت ہی
عمر انه کان جالسا مع اصحابه فی رحبة مسجد الکوفة عند غروب الشمس فی رمضان فاتی کاس
عمر سی کہ وہ اپنی یارون کی ہمراہ مسجد کوفہ کی صحن مین رمضان مین شام کی وقت بیٹھی تہی سو کوئی شخص
من اللبن فشرب هو واصحابه فامر المؤذن ان یؤذن فلما صعد المؤذن المئذنة رای الشمس فقال
پیالہ دودہ کا لایا پہر عمر نی اور اونکی اصحاب نی پیا پہر مؤذن کو اذان کا حکم دیا جب مؤذن مینارہ پر چڑہا تو دیکہتا کیا ہی کہ آفتاب موجود ہی بولا
الشمس یا امیر المؤمنین فقال له عمر بعثناك داعیا لا راعیا ما تجانفنا لاثم نقضی یوما مکانه
یا امیر المؤمنین آفتاب ہی عمر نی جواب دیا تجہکو اذان پڑہنی کو بہیجا ہی یا آفتاب دیکہنی کو ہمنی گناہ کی طرف رغبت نہین کی ایکدن اسکی بدلی
فقضاء یوم علینا یسیر فان هذا الحدیث یدل علی لزوم القضاء وعدم لزوم الکفارة والاثم
قضا کردینگی ہمپر ایکدن کی قضا آسان ہی بیشک اس حدیث سی معلوم ہوتا ہی کہ قضا لازم ہی کفارہ اور گناہ کچہ نہین ہی
لان قوله ما تجانفنا لاثم معناه لم نمل الی الاثم وما تعمدنا فی ذلك ارتکاب المعصیة وکذا کل من
اسواسطی کہ اونکا قول ما تجانفنا لاثم اسکی معنی یہہ ہین کہ ہمنی گناہ کی رغبت نہین کی اور ہمنی اس افطار مین عزم معصیت کا نہین کیا اور ایسی ہی جو شخص
کان اهلا للصوم فی اثناء النهار ولم یکن فی اوله کذلك یلزم امساك بقیة یومه کما اذا اسلم الکافر
آخر روز مین روزہ کی اہل ہو اور اول روز مین روزہ کا اہل نہو تو اوسکو امساک باقی دن کا لازم ہی جیسی کہ آخر روز مین کافر مسلمان
وبلغ الصبی وافاق المجنون وقدم المسافر وبرئ المریض وطهرت الحائض والنفساء فان کل واحد منهم
یا بچہ بالغ یا دیوانہ ہوشیار یا مسافر مقیم یا بیمار چنگا یا حیض نفاس والی عورت پاک ہوجاوی تو ہر یک کو اونمین سی

يلزمه امساك بقية يومه تشبها بالصائمين والاصل في هذا ان من كان في اثناء النهار على صفة
باقي روز كا امساك روزه دارون كي طرح لازم هي اور قاعده اسمين يهه هي كه جو شخص درميانه روز ايسي حالت پر هو

لو كان عليها في اوله يلزمه الصوم فعليه الامساك ومن لم يكن كذلك لا يجب عليه الامساك
كه اگر اول روز مين ايسا هوتا تو اوسپر روزه واجب هوتا تو ايسي شخص پر امساك لازم هي اور جو ايسا نهو تو اوسپر امساك واجب نهين هي

كمن كان مريضا او مسافرا او حائضا او نفساء فان الامساك لا يجب عليهم لتحقق المانع عنه وهو قيام
جيسي كوئي بيمار هو يا مسافر هو يا عورت حيض يا نفاس والي هو ان لوگون پر امساك واجب نهين هي اسواسطي كه روزه كا مانع موجود هي يعني

هذه الاعذار فيهم فانها كما تمنع عن الصوم تمنع عن التشبه اما في الحائض والنفساء فلان الصوم عليهما
اونمين يهه عذرات باقي هين ان لوگون پر جيسي روزه نهين هي ايسا هي روزه دارونكي مشابهت بهي نهين حايضه اور نفاس والي عورت كو تو اسليے كه انپر روزه

حرام والتشبه بالحرام حرام واما المريض والمسافر فلان الرخصة في حقهما باعتبار الحرج ولو الزمناهما
حرام هي اور حرام كي ساتهه مشابهت بهي حرام هي اور مريض اور مسافر كو اسليے كه انكي حقمين باعتبار حرج كي اجازت هي اور اگر ان پر مشابهت لگا دين

التشبه عاد الحرج ثم الحائض تاكل سرا لا جهرا وكذا كل من ابيح له الافطار ياكل سرا لا جهرا الا ان يكون
تو وهي حرج كا حرج موجود رهي پهر حايضه عورت پوشيده كهاوي ظاهر نكهاوي اور ايسي هي جس جس كو افطار كرنا مباح هي پوشيده كهاوي ظاهر نكهاوي مگر جسكا

العذر ظاهرا كالمرض والسفر والنفاس لانه اذا اكل ولم يكن العذر ظاهرا يصير عند الناس متهما بالفسق
عذر ظاهر معلوم هو وه ظاهر كهاوي جيسي بيماري اور سفر اور نفاس اسواسطي كه اگر يهه كها ويگا اور عذر ظاهر نهين هوگا تو خلقت كي نزديك فسق كي تهمت

الذي هو اكل رمضان والاحتراز عن مواضع التهم واجب كما مر ثم ينبغي ان يعلم ان المريض نوعان نوع
لگي كي يعني رمضان مين دن كو كهاتا هي اور تهمت كي جگه سي احتراز كرنا واجب هي چنانچه گذر چكا پهر جانني كي بات هي كه بيمار دو طرح كا هوتا هي ايك تو ايسا

لا يضره الصوم بل ينفعه ونوع يضره الصوم وهذا هو الذي يبيح الافطار لان الرخصة لا تتعلق بنفس
جسكو روزه ضرر نهين كرتا بلكه فائده كرتا هي اور ايك ايسا كه روزه ضرر كرتا هي ايسي بيمار كو روزه افطار كرنا مباح هي اسواسطي كه اجازت افطار كي مطلق نفس

المرض بل بوجود المشقة فلا بد من معرفته وطريق معرفته قد يكون باجتهاد المريض بان يعلم بنفسه
مرض سي نهين هي بلكه مشقت كا هونا چاهيي اب مشقت كو سمجهنا چاهيي اور طريقه اوسكي پهچان كا بعضي دفعه بيمار كي سمجهه پر هي كه وه اپني آپ تجربه سي

بالتجربة انه ان صام يزداد المه ووجعه بالصوم وقد يكون باخبار طبيب حاذق مسلم عدل
جان لي كه اگر مين روزه ركهونگا تو روزه ركهني سي ميرا دكهه اور مرض بڑه جاويگا اور بعضي دفعه طبيب كي كهني پر موقوف هي ليكن طبيب دانا مسلمان عادل هو

لا فاسق لان خبر الفاسق في الديانات مردود غير مقبول بخلاف السفر فان الرخصة تتعلق بنفسه
فاسق نهو اسواسطي كه فاسق كي خبر ديانات مين مقبول نهين هي مردود هي بخلاف سفر كي كيونكه سفر مين اجازت صرف سفر هي سي متعلق هي

لانه لا يخلو عن المشقة فاقيم مقامها وادير الحكم عليه المجلس الثلثون في بيان غائلة من افطر
كيونكه سفر مشقت سي كبهي خالي نهين هوتا سو سفر كو قايم مقام مشقت كي ٹهراكر حكم لگا ديا تيسوين مجلس سنركي بيان مين اوس شخص كي جو ايكدن رمضان مين سي

يوما من رمضان فيما يجب فيه الكفارة قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من افطر
روزه توڑ دي جسمين كفاره واجب هوتا هي رسول الله صلى الله عليه وسلم ني فرمايا جسني رمضان كا ايك روزه

يوما من رمضان من غير رخصة ولا مرض لم يقض عنه صوم الدهر كله هذا الحديث من حسان
بي اجازت شرعي اور بدون بيماري كي توڑ ڈالا تو اوسكا عوض تمام عمر كي روزي نهين هوسكتي يهه حديث مصابيح كي حسن حديثون مين

المصابيح رواه ابو هريرة وهو وارد على طريق الانذار والتخويف بما يلحقه من الاثم ويفوته من الاجر
هي ابو هريره كي روايت سي اور يهه حديث بر سبيل ڈراني اور خوف دلاني كي وارد هوئي هي كه روزه توڑني مين كتنا گناه هي اور كتنا ثواب جاتا رهتا هي

فانه لا يجد فضيلة الصوم المفروض بصوم الدهر كله نافلة وليس معناه انه لو صام الدهر كله بنية قضاء

کیونکہ فضیلت فرض روزہ کی ساری عمر کی نفل روزوں سے نہیں حاصل ہوتی اور یہہ مراد نہیں ہی کہ اگر تمام عمر رمضان کی ایک روزہ کی بدلے

يوم من رمضان لا يسقط قضاء ذلك فان الاجماع على انه يجزيه قضاء يوم مكانه اما امر الكفارة

قضا کی نیت سے روزہ رکہا کری تو اوسکی ذمہ سے قضا اوس دن کی ساقط نہین ہوتی کیونکہ سبکا اتفاق ہوچکاہی کہ اوسکی بدلہ ایک دن کی قضا کافی ہی باقی رہا

ان كان افطاره بما يوجب الكفارة بما هو غذاء او دواء او بغير الكفارة ان كان افطاره بما لا يوجب الكفارة

کفارہ کی اگر اوسنی افطار ایسی چیز سے کیا جسمین کفارہ واجب ہوتا ہی جیسی غذا او دوا یا بغیر کفارہ کی اگر ایسی چیز سے افطار کیا جسمین کفارہ واجب نہین ہوتا

مما ليس غذاء ولا دواء من المفسدات للصوم فعلى هذا فالدخان الذي ظهر في هذا الزمان من قبل الكفرة

جیسی نہ غذا ہو اور نہ دوا بروزہ فاسد کرنیوالی چیزوں مین سے اس بیان پر دہوان یعنی حقہ جو اس زمانہ مین کفار کی طرف سے

العدوة لاهل الايمان وابتلى به كافة الانام من الخواص والعوام هل يفسد الصوم ام لا فالجواب فيه ان قول

جو اہل ایمان کی دشمن ہین پیدا ہوا ہی اور اسمین تمام خلقت خاص وعام مبتلا ہورہی ہین آیا روزہ فاسد کرتا ہی یا نہین سو اسکا جواب یہہ ہی کہ

الفقهاء في عامة الكتب وان كان نصا على ان مطلق الدخان اذا دخل الحلق لا يفسد الصوم لكنهم قالوا في تعليله

فقہا کا صریح قول عام کتابوں مین اگرچہ یہہ ہی کہ مطلق دہوان اگر حلق مین داخل ہوجاوی تو روزہ نہین ٹوٹتا لیکن اوسکی علت یہہ بیان کی ہی

لانه لا يمكن الاحتراز عنه فان الصائم لا يجد بدا من فتح فمه عند التكلم فيدخل الدخان حلقه والقياس

کہ روزہ اوسلیے فاسد نہین ہوتا کہ دہوئین سے بچاؤ نہین ہوسکتا کیونکہ روزہ دار کو اوسکا کیا علاج کہ بات کرنی مین منہہ کہولی اور دہواں حلق مین چلا جاوی اور قیاس

ان يفسد صومه لوصول المفطر الى جوفه بفعله وكونه مما لا يتغذى لا ينافي الفساد كالتراب والحصاة وهذا

مین یہہ آتا ہی کہ روزہ جاتا رہی اوسلیے کہ مفطر پیٹ مین اوسکی اختیار سے گیا اور غذا نہونا فساد کی منافی نہین ہی جیسی مٹی اور کنکری سے روزہ فاسد ہوجاتا ہی اور یہہ

التعليل يقتضي ان يكون ذلك الدخان مفسد للصوم لانه يصل الى جوفه بفعله ويدل عليه ما قال قاضيخان

تعلیل چاہتی ہی کہ حقہ کا دہواں روزہ توڑنیوالا ہو کیونکہ یہہ دہوان اختیار سے پیٹ مین جاتا ہی اور قول قاضی خان کا فتاوی مین اسی پر دلالت کرتا ہی

في فتاواه وان صب الماء في اذنه اختلفوا فيه والصحيح انه هو الفساد لانه وصل الى جوفه بفعله فانظر

اور اگر اوسکی کان مین پانی ڈالین تو اسمین اختلاف ہی صحیح یہہ ہی کہ روزہ جاتا رہتا ہی اوسلیے کہ اوسکی اختیار سے اندر جاتا ہی اب دیکہہ لو

كيف اعتبر الوصول الى جوفه بفعله في فساد صومه فانه لو اغتسل فدخل الماء في اذنه لا يفسد صومه فعلم

اختیار سے اندر جانی کا روزہ ٹوٹنی مین کیسی اعتبار کیا ہی کیونکہ اگر نہانی ہوئی پانی کان مین چلا جاوی تو روزہ نہین ٹوٹتا اس سے معلوم ہوا

من هذا ان لفعله دخلا في فساد صومه بل لو نظر الى ادعاء مستعمليه من انه دواء يلزم ان يجب الكفارة

کہ روزہ ٹوٹنی مین اختیار کو دخل ہی بلکہ اگر حقہ نوشونکی دعوی کو خیال کرو کہ حقہ دوا ہی تو لازم آتا ہی کہ کفارہ بہی واجب ہو

لان الاصل في وجوبها وصول الغذاء او الدواء الى الجوف من المسلك المعتاد في نهار رمضان على وجه التعمد

اوسلیے کہ قاعدہ کفارہ واجب ہونیکا یہہ ہی کہ غذا یا دوا اندر کیطرف عادت کی راہ سے رمضان مین دن کو قصدًا داخل ہو

وهذا المعنى على تقدير صدق دعواهم يكون موجودا فيه ثم انه في غير حال الصوم حل استعماله ام لا قد كثر

اور یہہ امر اگر انکا دعوی سچا ہی تو حقہ مین موجود ہی پہر یہہ بات کہ حقہ خالی دنون مین بی روزہ آیا پینا حلال ہی یا نہین تو

فيه الاقاويل والحق الذي عليه التعويل ان الفعل الاختياري الصادر عن المكلف ان لم يترتب عليه فائدة

اسمین بہت گفتگو ہی اور حق بات جسپر اعتماد ہی یہہ ہی کہ اختیاری کار جو مکلف کی قصد سے صادر ہو تو اگر اوسمین کوئی فائدہ دین کا

دينية او دنيوية فهو دائر بين العبث واللعب واللهو ولم يفرق بين هذه الثلثة في كتب اللغة ولا بد من الفرق

یا دنیا کا نہو تو وہ کار یا عبث یا لعب اور لہو ہوتا ہی اور لغت کی کتابوں کی اندر انمین کچہہ فرق نہین لکہا اور فرق ضرور چاہئی

لعطف بعضها علی بعض فی القرآن وهو علی ما ذکره بعض الفحول وکان حقیقا بالقبول ان العبث الفعل الذی
اسواسطی کہ قرآن میں ایک کو ایک پر عطف کیا ہی اور وہ فرق موافق بیان بعضی علماء کی جو لایق قبول کرنی کی ہی یہہ ہی کہ عبث وہ کار ہوتا ہی

لیس فیه لذة ولا فائدة واما الذی فیه لذة بلا فائدة فهو لعب ومثله اللهو الا ان فیه زیادة حظ النفس
جسمیں نہ کچھ لذت اور نہ کوئی فائدہ اور جس کار میں لذت ہو پر بیفائدہ وہ لعب ہوتا ہی اور ایسی ہی لہو ہی پر لہو میں حظ نفس زیادہ ہوتا ہی

بحیث یشتغل به عما یهمها والکل حرام لانها لم تذکر فی القرآن الا علی طریق الذم فلما علم حرمة اللعب واللهو
اسقدر کہ اوسکی شغل میں اور ضرورت کو بہول جاتا ہی اور یہہ سب حرام ہیں اسواسطی کہ قرآن میں جہاں انکا ذکر ہی سو ہجو کی طور پر ہی جب لعب اور لہو

والعبث علم حرمة استعمال ذلك الدخان لدخوله اما فی اللعب واللهو او فی العبث بل هو بالعبث انسب
اور عبث کی حرمت معلوم ہوئی تو حرمت حقہ پینی کی بہی معلوم ہوئی کیونکہ حقہ یا تو لعب ہوگا یا لہو ہوگا یا عبث ہوگا بلکہ حقہ کو عبث سی زیادہ مناسبت ہی

لخلوه عن اللذة التی فی اللعب واللهو اللهم الا ان یستلذه نفوس بعض المستعملین له بتسویل شیطانی فیدخل
کیونکہ لذت سی خالی ہی جو لعب اور لہو میں معتبر ہی ان شا ید بعضی حقہ نوشوں کو شیطانی آراستگی سی لذت حاصل ہوگی سوئی اب

فی اللعب او اللهو لکن لا یکون فیه شیء من الفائدة اصلا لا من الفائدة الدینیة وهو ظاهر ولا من الفائدة
لعب اور لہو میں داخل ہوگا لیکن حقہ میں کوئی فائدہ ہرگز نہیں ہی نہ تو دین کا یہہ تو ظاہر ہی اور نہ کوئی فائدہ

الدنیویة لانه لا یصلح لشیء من الغذاء او الدواء اصلا بل هو مضر لاطباق الاطباء علی ان مطلق الدخان
دنیا کا کیونکہ نہ اسمیں ہرگز امکان غذا کا ہی نہ دوا کا بلکہ وہ ضرر رسان ہی کیونکہ تمام طبیب اسپر متفق ہیں کہ مطلق دہوان

مضر قال ابن سینا لولا الدخان والقتام لعاش ابن آدم الف عام وقال جالینوس اجتنبوا ثلثة وعلیکم باربعة
ضرر کرتا ہی شیخ ابن سینا کہتا ہی اگر دہوان اور غبار نہوتا تو ابن آدم ہزار برس جیا کرتا اور جالینوس کہتا ہی تین چیز سی بچنا چاہئی اور چار چیز کا استعمال چاہئی

ولا حاجة لکم الی الطبیب اجتنبوا الدخان والغبار والنتن وعلیکم بالدسم والحلوی والطیب والحمام
پہر طبیب کی کچہ حاجت نہیں بچتی رہو دہوئیں اور غبار اور بدبوسی اور استعمال کیا کرو چکنائی اور مٹہائی اور خوشبو اور حمام

وذکر فی القانون ان جمیع اصناف الدخان مجفف بجوهره الارضی وفیه ناریة یسیرة قال بعض الفضلاء
اور قانون میں مذکور ہی کہ دہوئیں کی تمام قسمیں باعتبار اپنی جوہر ارضی کی مجفف ہیں اور اسمیں کچہ ناریت ہوتی ہی بعضی فاضل کہتی ہیں

فاذا کان مجففا یکون مجففا للرطوبات البدنیة فیؤدی الی حصول امراض کثیرة فلا یجوز استعماله لوجوب
جب دہوان مجفف ہوا تو بدن کی رطوبت کو خشک کریگا پہر اس سی بہت سی بیماریاں پیدا ہونگی تو اسکا برتنا جایز نہیں ہی اسواسطی کہ

صیانة النفس عن لحوق الضرر وقد ذکر فی نصاب الاحتساب ان استعمال المضر حرام فان قیل بعض الاطباء
ضرر سی جان کا بچانا واجب ہی اور نصاب الاحتساب میں مذکور ہی کہ مضر کا استعمال کرنا حرام ہی اگر کوئی اعتراض کری کہ بعضی دفعہ

قد یعالجون بعض الامراض ببعض اصناف الدخان ویشاهد نفعه فکیف یصح المنع عن استعمال جمیع اصنافه
طبیب بعضی بیماریوں کا علاج بعضی قسم کی دہوئیں سی کرتی ہیں پہر اوسکا فائدہ ظاہر معلوم ہوتا ہی تمام قسم کی دہوں سی ممانعت کرنی کیونکر صحیح ہی

فالجواب انهم یعالجون به لحظة یسیرة لا علی الدوام حتی یحصل ما ذکر من التخفیف فان قیل ما ذکر من التجفیف
تو جواب یہہ ہی کہ طبیب دہوئیں سی تہوڑی دیر کی واسطی علاج کرتی ہیں ہمیشہ کی واسطی نہیں کرتی تاکہ خشکی پیدا ہو پہر اگر کوئی یہہ اعتراض کری کہ خشکی جو

لا یضر فی البلغمی لکثرة رطوباته وانتفاعه بتخفیفها فما وجه المنع فالجواب ان حد الانتفاع به مجهول فلا بد
کہتی ہو سو بلغمی مزاج کو ضرر نہیں کرتی کیونکہ بلغمی میں رطوبات بہت ہوتی ہیں اور خشکی سی بلغمی کو فائدہ ہوتا ہی پہر ممانعت کیوں ہی تو جواب یہہ ہی کہ دہوئیں سی فائدہ لینی کی حد نامعلوم ہی

فی معرفة ذلك من طبیب حاذق عارف بالامزجة والقدر الذی ینتفع به والا فالاقدام علیه غیر جائز
اب اسکی دریافت کی واسطی بڑا حاذق طبیب چاہئی جو آدمی کی مزاجوں سی واقف ہو اور اس مقدار کو جانی جسمیں نفع ہوتا ہو اور نہیں تو عمل کرنا ہرگز جایز نہیں ہی

اصلا

اصلا لوقوع التردد بین السلامة وعدمها فان العدول ممن کانوا استعملوه قد اختلفوا فیه فمنهم
اسواسطی کہ سلامتی اور عدم سلامتی مین شک ہی کیونکہ منصف عادل حقہ نوشون کو اسمین اختلاف ہی بعضی اونمین سی
من یقول بضرره ومنهم من یقول بعدم ضرره ومنهم من یشك فیه لکن الفریق الاغلب الذی جانب الحق
ضرر کی قائل ہین اور بعضی کہتی ہین ضرر نہین ہی اور بعضون کو ضرر مین شک ہی لیکن اکثر اشخاص کہ حق بات اونکی طرف
الیه اقرب یقول انه فی ابتدائه یجد ث قوة فی الجسم وحدة فی البصر وهضما فی الطعام ونشاطا فی الاعضاء
قریب تر معلوم ہوتی ہی یہہ کہتی ہین کہ حقہ پہلی تو جسم مین قوت پیدا کرتا ہی اور نگاہ مین تیزی اور کہانی کا ہاضمہ اور اعضا مین سرور
فاذا حصلت المداومة یورث غشاوة فی البصر وثقلا فی الاعضاء وامساکا فی الهاضمة وضعفا فی البدن
پہر جب مداومت ہوجاتی ہی تو بینائی پر پردہ کرتا ہی اور اعضا مین گرانی اور ہاضمہ مین امساک اور بدن مین سستی
وذلك لانه کما قال الاطباء مجفف مع نوع حرارة فیفعل فی ابتدائه ما ذکره اولا وفی انتهائه ما ذکره ثانیا علی انه
اور یہہ اسلئی کہ جیسا طبیب کہتی ہین کہ دہوان خشکی کرتا ہی کچہہ حرارت سی سوئی پہلی پہلی وہ ہی اثر کرتا ہی جو پہلی بیان کیا اور آخر کو وہ کرتا ہی جو پہر بیان کیا علاوہ یہہ ہی
لو تحقق نفعه فبعد النفع یمنع من استعماله لانه ح یکون دواء ولا یجوز استعمال الدواء بعد زوال المرض لانه اذا
لہ اگر فائدہ ثابت بہی ہو تو بعد فائدہ کی استعمال کی ممانعت اسلئی ہی کہ حقہ اب دوا ہوا اور دوا کا استعمال بیماری جانی کی بعد جایز نہین ہی کیونکہ دوا
لم یجد مرضا یزیله یاخذ من البدن فیؤدی الی الضرر وما یؤدی الی الضرر یمنع من استعماله وان کان فیه
اگر بیماری کو نہین پاتی کہ جسکو دفع کری تو پہر بدن مین اثر کرتی ہی پہر اوس سی ضرر ہوتا ہی اور جس چیز مین ضرر ہوتا ہو اوسکا استعمال کرنا منع ہی اگرچہ اوسمین
نفع الا تری ان الخمر المحرمة بالنص قد خبر القران بنفعها کما قال الله تعالی یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ
فائدہ بہی ہو کیا معلوم نہین کہ شراب جو صریح آیت سی حرام ہی قرآن مین اوسکی فائدہ کی خبر مذکور ہی چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی تجہسی پوچہتی ہین حکم شراب اور جوئی کا
قُلْ فِیْهِمَآ اِثْمٌ کَبِیْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ لکن جانب النفع اذا قابله جانب الضرر یحیی جانب الضرر حتی قال الفقهاء
تو کہہ انمین گناہ بڑا ہی اور فائدی بہی ہین لوگون کو لیکن نفع کی جانب سی اگر ضرر کی جانب مقابل ہوجاتی ہی تو ضرر کی جانب ملحوظ ہوتی ہی یہان تک کہ فقہا کہتی ہین
لو کان فی شئ وجوه شتی توجب الحل والجواز ووجه واحد یوجب الحرمة وعدم الجواز یرجح جانب الحرمة
اگر ایک چیز مین کئی وجوہ ہون جس سی حلت اور جواز لازم آتا ہو اور ایک وجہ ایسی ہو جس سی حرمت اور عدم جواز لازم آتا ہو تو اب واسطی احتیاط کی
احتیاطا فان قیل ان المستعملین له یدعون انهم یجدون عقیب استعماله خفة فی البدن فکیف یصح القول
حرمت کی جانب کو غالب کہینگی اگر کوئی اعتراض کری کہ حقہ نوش دعوی کرتی ہین کہ حقہ پینی کی بعد بدن مین خفت پیدا ہوتی ہی پہر کیونکر کہتی ہو
بعدم النفع فیه فالجواب علی ما ذکره بعض المتناولین لتجربة نفعه وضرره ان المستعملین له یحصل لهم
اسمین فائدہ نہین ہی پس جواب موافق بیان بعضی حقہ نوشون کی جنہون نی اوسکی نفع ضرر کا تجربہ کیا ہی یہہ ہی کہ حقہ نوشونکو حقہ پینی ہوئی
حال استعماله الم شدید فعند فراغهم عنه ینجون من ذلك الالم ویحصل لهم راحة فیظن هؤلاء المساکین
ایک سخت الم ہوتا ہی جب وہ پی چکتی ہین تو تب اوس الم سی نجات ہوتی ہی اور ایک طرح کی راحت ملتی ہی سو یہہ بیچاری یہہ جانتی ہین
ان تلك الراحة حصلت من استعماله ولا یدرون انها انما حصلت من خلاصهم عن استعماله ثم ان
کہ یہہ راحت حقہ پینی سی حاصل ہوئی ہی یہہ نہین سمجہتی کہ یہہ راحت حقہ موقوف کرنی سی ہوئی ہی پہر
لنا فی معرفة حرمة الاشیاء واباحتها وجها حسنا یرجع الی الاصول وهو ان الحق فی الاشیاء قبل البعثة
ہماری پاس واسطی دریافت اشیاء کی حرمت اور اباحت کی ایک خوب وجہ ہی اصول سی متعلق ہی وہ یہہ ہی کہ حق یون ہی کہ بعثت سی پہلی
ان لا یکون فیها حکم وبعد البعثة اختلف العلماء فیها علی ثلثة اقوال الاول انها متصفة بالحرمة الا
اشیاء مین کوئی حکم حلت اور حرمت کا نہین تہا اور بعثت کی بعد علماء کی تین قول اختلافی ہین اول یہہ کہ تمام اشیاء حرام مگر

مادل دلیل الشرع علی اباحته والثانی انها متصفة بالاباحة الامادل دلیل الشرع علی حرمته والثالث
جسکو دلیل شرعی نی مباح کردیا اور دوسرا قول تمام اشیاء مباح مگر جسکو دلیل شرعی نی حرام کردیا اور تیسرا قول

وهو الصحیح ان یکون فیها تفصیل وهو ان المضار متصفة بالحرمة بمعنی ان الاصل فیها الحرمة وان المنافع
جو صحیح ہی کہ اشیاء مین تفصیل ہی کہ تمام اشیاء ضرر رسان تو حرام یعنی اصل اونمین حرمت ہی اور اشیاء نفع مند

متصفة بالاباحة لقوله تعالی هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا فانه تعالی ذکره فی معرض الامتنان
مباح ہین واسطی اس آیت کی وہی ہی جسنی بنایا تمہاری واسطی جو کچہہ زمین مین ہی سب کیونکہ اللہ تعالی نی یہہ آیت منت دہی کی جگہ پر نازل فرمائی ہی

ولا یکون الامتنان الا بالمنافع المباح فکانه قیل هو الذی خلق لاجل نفعکم جمیع ما فی الارض من المنافع لتنتفعوا
اور منت دہی بدون منفعت مباح کی نہین ہوسکتی گویا یہہ مطلب ہوا کہ اللہ تعالی وہ ہی جسنی تمہاری فائدہ کی واسطی تمام منفعت کی چیزین جو زمین مین ہین پیدا کین

بها وعلی هذا القول الثالث الصحیح یخرج حکم هذا الدخان ایضا فانه لو کان نافعا لکان الاصل فیه الاباحة
تاکہ اوس سی منفعت لو اسی تیسری قول سی جو صحیح ہی حقہ کا حکم بہی نکلتا ہی بیشک حقہ اگر مفید ہوتا تو البتہ اصل مین مباح ہوتا

لکن قد ثبت باخبار الحذاق من الاطباء انه مضر ولو فی الاٰجل فیکون الاصل فیه الحرمة بل لو وقع فیه الشك
لیکن حاذق طبیبون کی خبر دینی سی ثابت ہوچکا ہی کہ حقہ مضر ہوتا ہی اگرچہ انجام مین پہر اصل حقہ مین حرمت ہی بلکہ اگر ضرر کرنی مین شک ہوتا

لغلب جانب الحرمة کما هو القاعدة الشرعیة فانه علیه السلام قال الحلال بیّن والحرام بیّن وبینهما مشتبهات
تو بہی حرمت کی جانب غالب ہوتی چنانچہ یہی قاعدہ شرعی ہی کیونکہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا حلال ظاہر ہی اور حرام ظاہر ہی ان دونوں کی بیچمین مشتبہات ہین

لا یعلمهن کثیر من الناس فمن اتقی الشبهات فقد استبرأ لدینه وعرضه ومن وقع فی الشبهات وقع
جنکو اکثر آدمی نہین جانتی پہر جو شخص شبہات سی بچتا رہا تو اوسنی اپنا دین اور آبرو بچالی اور جو شبہات مین کہس گیا تو حرام مین واقع ہوا

فی الحرام کالراعی یرعی حول الحمی یوشك ان یقع فیه واختلف العلماء فی حکم هذه الشبهات فذهب بعضهم
جیسی چوپایہ بیڑ کی گرد چرتا چرتا بیڑ کی اندر کہس جاتا ہی اور علماء نی اختلاف کیا ہی ان مشتبہات کی حکم مین بعضی تو

الی حرمتها لانه علیه السلام قد اخبر فی هذا الحدیث بان من ترك ما اشتبه علیه حکمه ولم ینکشف
اوسکی حرمت کی قائل ہوئی ہین اسواسطی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی اس حدیث مین فرمایا ہی جس شخص نی ترک کیا ایسی چیز کو جسکا حکم اوسکو معلوم نہوا اور اوسکا حال

امره یکون دینه سالما مما یفسده اوینقصه ونفسه ناجیا مما یعیبه ویلام علیه ومن لم یترکه بل فعل یقع
نکہلا ہو تو اوسکا دین مفسدات اور نقصان سی بچا اور اوسکی جان عیب سی اور ملامت سی بچی اور جس نی ترک نکیا بلکہ عمل مین لایا

فی الحرام وهذا الدخان مما اشتبه علیه حکمه ولم ینکشف حقیقة امره فمن ترکه ولم یستعمله یکون دینه
تو حرام مین پہنسا اور حقہ کا بہی حکم صاف معلوم نہین ہی اور اوسکا حال کہلا ہوا نہین ہی پہر جسنی اوسکو ترک کیا نہ پیا تو اوسکا دین

سالما من الفساد والنقصان ناجیا من العیب واللوم بین الانام ومن لم یترکه بل استعمله یقع فی الحرام وذهب
فساد اور نقصان سی بچا ہوا ہی خلقت کی طرف سی نہ اوسکو کچہہ عیب ہی نہ ملامت اور جسنی ترک نکیا بلکہ پیا حرام مین پہنسا اور

بعضهم الی کراهتها لما جاء فی حدیث اٰخر انه علیه السلام قال الامور ثلثة امر تبین لك رشده فاتبعه وامر تبین
بعضی علماء مشتبہات کی کراہت کی قائل ہوئی ہین اسواسطی کہ اور حدیث مین آیا ہی کہ آپ نی فرمایا تین چیزین ہین ایک وہ جسکی خوبی تجہکو معلوم ہوگئی اوسکی پیروی کر

لك غیه فاجتنبه وامر اختلف فیه فدع ما یریبك الی ما لا یریبك ولا شك ان امر الدخان مما ارتاب واوقع فی الاضطراب
عیب تجہکو معلوم ہوگیا تو اوس سی پرہیز کر ایک وہ ہی جسمین اختلاف ہی سو اب چہوڑ مشکوک کو طرف غیر مشکوک کی اور بیشک نہین کہ حقہ کا حال ایسا ہی جسمین شک اور اضطراب واقع

واقل مراتبه الکراهة ولا یظن انه ینتهی الی درجة الاباحة بتعلل کثیر ممن یتعاطاه انه نافع لکل داء وانهم
اوسکا مرتبہ کم سی کم کراہت کا ہی یہہ خیال مین نہین آتا کہ اباحت کی درجہ کو پہنچ جاوی اکثر حقہ نوشون نی علت بیان کرلی سی کہ حقہ ہر مرض کی دوا ہی

وجدوا فی استعماله دواء لامراضهم لان ذلک من تلبیس ابلیس علیهم وتزیینه لهم حتی یتولد من تکاثفه فی
ہمنی اوسکو پی کر اپنی بیماریون سی شفا پائی اسواسطی کہ اونپر یہہ شیطانی دہوکہا اور ابلیس کی آراستگی دی ہوئی ہی تاکہ دہوان جتنی جتنی آخر کو
عاقبة امره داء لادواء فان تکراره یسود مایقابله فیتولد منه الحرارة فیکون فی عاقبة امره داء لادواء ثم یلزم
ایسی بیماری پیدا ہو جسکی کچہہ دوا نہین ہی کیونکہ حقہ کا بار بار پینا سامنی کی جگہ کو سیاہ کر دیتا ہی پہر اوس سی گرمی پیدا ہوتی ہی پہر آخر کو ایسا مرض ہوجاتا ہی
علی دعواهم ان یکون الناس کلهم مرضی وان یکون مرضهم فی جمیع الفصول الاربعة من نوع واحد وان یکون
جسکی دوا نہین ہی پہر انکی دعوی کی موافق یہہ لازم آتا ہی کہ تمام آدمی بیمار ہون اور اونکی بیماری تمام سال چارون فصلون مین ایک ہی قسم کی ہو اور
معالجتهم فیها بشیء واحد علی کیفیة واحدة وبطلانه غیر خفی علی احد من العقلاء ثم فیه اضاعة المال
اونکا علاج بہی ایک ہی دوا سی ایک ہی طریقہ پر ہو اور اسکا بطلان ہر یک عاقل پر ظاہر ہی پہر اسمین مال کا تلف کرنا ہی
لانه یشتری بثمن غال فیدخل فی الاسراف المحرم مع نتن ریحه واذیته بشامة الذین لایستعملونه وقد
کیونکہ مہنگی دام سی خریدتا ہی اب اسراف مین جو حرام ہی داخل ہوا اور اوسمین بدبو کہ اون لوگون کی دماغ کو جو نہین پیتی ہین بہت تکلیف دیتی ہی اور
روی انه علیه السلام قال کل موذ فی النار وقال الکناسی الرائحة المنتنة تحرق الخیاشیم وتصل الی الدماغ
روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا ایذا دینی والی سب دوزخی ہین اور کناسی کہتا ہی بدبو ناک کی نتہنون کو جلا دیتی ہی اور دماغ مین جاکر
وتؤذی الانسان ولذلک قال النبی صلی الله علیه وسلم من اکل من هذه الشجرة فلا یقرب مسجدنا یؤذینا بریحه والمراد من هذه
آدمی کو ایذا دیتی ہی اسی واسطی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جس نی اس درخت مین سی کہایا ہو تو ہماری مسجد کی پاس نہ آوی کہ ہمکو اوسکی بو سی ایذا دیوی اور مقصود اس
الشجرة کل ماله رائحة کریهة یتاذی منها الانسان بدلیل تعلیله علیه السلام والمعنی ان من اکل شیئا ماله
علت بیان فرمانی سی ثابت ہی کہ مراد اس درخت سی وہ ہی جسمین ایسی بدبو موجود ہو کہ اوس سی انسان کو تکلیف ہو اور مراد یہہ ہی کہ جو شخص ایسی چیز کہاوی
رائحة کریهة یتاذی منها الانسان فلا یقربن مسجدنا لانه یؤذینا برائحة الکریهة وقد ثبت فی صحیح مسلم
جسمین بدبو ہو کہ انسان کو اوس سی ایذا ہوتی ہو تو ہماری مسجد کی پاس ہرگز نہ آوی اسلیئی کہ ہمکو بدبو سی ایذا دیگا اور صحیح مسلم مین ثابت ہوچکا ہی
انه علیه السلام کان اذا وجد من رجل فی المسجد ریح البصل او الثوم امر به فاخرج الی البقیع ولهذا قال الفقهاء
کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اگر کسی شخص مین مسجد کی اندر بوی پیاز یا لہسن کی پاتی تو بقیع کی طرف نکلوا دیتی اسی واسطی فقہاء کہتی ہین
کل من وجد فیه رائحة کریهة یتاذی بها الانسان یلزم اخراجه من المسجد ولو بجره من یده ورجله دون
جسمین ایسی بدبو آتی ہو کہ اوس سی انسان کو تکلیف ہووی تو اوسکا مسجد سی نکالدینا لازم ہی اگرچہ ہاتہہ سی اور پانو سی کہینچکر
لحیته وشعر راسه فعلی هذا یلزم اخراج کثیر من الائمة والمؤذنین من المسجد فی هذا الزمان لوجود رائحة
ڈاڑہی اور سر کی بال پکڑکر نہین اس روایت کی موافق اس زمانہ مین اکثر اماموں اور موذنون کا مسجد مین سی نکالدینا لازم آتا ہی کیونکہ اونمین یہہ
الکریهة فیهم بسبب مداومتهم علی استعمال الدخان الکریهة الرائحة بل هم قد یستعملونه فی داخل المسجد الجامع
بدبو موجود ہوتی ہی کیونکہ ہمیشہ حقہ بودار پیا کرتی ہین بلکہ بعضی دفعہ جامع مسجد کی اندر پیتی ہین
فیکون الکراهة فی حقهم اشد واکثر وقد کتب بعض المالکیة فی الدیار الحجازیة جوابا عن سوال یتعلق بالدخان
انکی حق مین کراہت بہت سخت اور بدتر ہی اور بعضی علماء مالکی مذہب نی ملک حجاز مین ایک سوال کا جو حقہ کی باب مین تہا یہہ جواب لکہا ہی
وهو ان استعمال الدخان حرام کاصله لان اصله الخشبة والنار لکونه اجزاء من الخشب ممزوجة باجزاء
کہ دہوئین کو استعمال کرنا حرام ہی جیسی اوسکی اصل اسواسطی کہ اوسکی اصل لکڑی ہی اور آگ کیونکہ دہوان لکڑی کا جز ہوتا ہی کچہہ آگ ملی ہوئی سو دہوان
من النار فهو من حیث اجزائه الناریة التی فیه یحرم استعماله لقوله تعالی اِنَّ الَّذِیْنَ یَاْکُلُوْنَ اَمْوَالَ الْیَتٰمٰی
اسلیئی کہ اوسمین کچہہ آگ ہوتی ہی استعمال کرنا حرام ہی واسطی قول اللہ تعالی کی جو لوگ کہاتی ہین مال یتیمون کی

ظلماً انما یاکلون فی بطونهم نارا فدل النص علی حرمة النار فیحرم الدخان الحاصل منها وایضا انه تعالی جعله
ناحق وہ یہی کہاتی ہین اپنی پیٹ مین آگ یہہ آیت آگ کی حرمت پر دلالت کرتی ہی سو دہوان بہی جو اس سی پیدا ہوتا ہی حرام ہی اور یہہ بہی ہی کہ اللہ تعالی نی

مما یعذب به حیث قال فی حق قوم یونس النبی علیه السلام لما امنوا کشفنا عنهم عذاب الخزی فی الحیوة الدنیا
دہوئین کو عذاب کی چیزون مین مقرر کیا ہی چنانچہ قوم یونس کی حق مین فرماتا ہی جب یقین لائی کہول دیا ہمنی اونپر سی ذلت کا عذاب دنیا کی جیتی

فالعذاب المکشوف عنهم کان دخانا وقال فی ایة اخری فارتقب یوم تاتی السماء بدخان مبین یغشی الناس
سو عذاب جو اونسی موقوف ہوا تہا دہوان ہی تہا اور ایک اور آیت مین فرماتا ہی سو تو راہ دیکہہ جسدن کہ لاوی آسمان دہوان صریح جو گہیر لی لوگون کو

هذا عذاب الیم والمراد بالدخان المذکور فی هذه الایة معناه الحقیقی علی قول وعلی هذا القول یکون النظم
یہہ ہی دکہہ کی مار اور مراد دخان سی اس آیت مین ایک قول کی موافق حقیقی معنی ہین اور اس قول کی موافق آیت کی عبارت سی

الکریم صریحا فی کون الدخان عذابا الیما وما به التعذیب یحرم استعماله فان الفقهاء قد اتفقوا علی وجوب
صاف معلوم ہوتا ہی کہ دہوان دردناک عذاب ہی اور جس چیز سی عذاب واقع ہوتا ہو اوسکا استعمال حرام ہی کیونکہ تمام فقہاء کا اتفاق ہی کہ

الفرار من محل العذاب کبطن محسر فانه علی لفظه اسم الفاعل من التحسیر اسم واد اهلك الله تعالی فیه
جس جگہ کسی امت کو عذاب ہوا ہو اوس جگہ سی بہاگنا واجب ہی جیسی بطن محسر کیونکہ اسم فاعل کی وزن پر تحسیر مین سی نام ایک وادی کا ہی جہان اللہ تعالی نی

اصحب الفیل فاذا وجب الفرار من محل العذاب فوجب الفرار مما به العذاب اولی ثم ان المستعملین له ترى انهم
اصحاب فیل کو ہلاک کیا تہا پہر جب عذاب کی جگہ سی بہاگنا واجب ہوا تو عذاب کی چیز سی بہاگنا بہت ضرور ہی پہر حقہ پینی والون کو تو دیکہتا ہی

انه یخرج من حلوقهم وانوفهم وفیه تشبیه باهل النار وبالذی یهلکون فی اخر الزمان من الاشرار کما جاء فی الحدیث
کہ دہوان اونکی حلق میں سی اور ناک مین سی نکلتا ہی اور اس حال مین دوزخیون کی موافق اور اونکی برابر ہین جو آخر زمانہ مین شریر لوگ ہلاک ہونگی چنانچہ حدیث مین آیا ہی

انه یکون فی اخر الزمان دخان یملأ الارض یقیم علی الناس اربعین یوما اما المؤمن فیصیبه کهیئة الزکام واما
کہ آخر زمانہ مین ایسا دہوان پیدا ہوگا کہ تمام روی زمین کو ڈہانپ لیگا لوگون پر چالیس دن تک قایم رہیگا پہر مؤمن شخصون کو تو ایسا ہوگا جیسی زکام ہوتا ہی اور

الکافر فیخرج من منخریه واذنیه وعینیه حتی یصیر راس احدهم کالراس الحنیذ ای المشوی فلا ینبغی للمؤمن
کافر کی دونو نتہنون مین سی اور دونو کانون مین سی اور دونو آنکہون مین سی دہوان نکلیگا ایسا کہ ہر ایک کا سر ایسا ہو جاییگا جیسی سر بہنا ہوا یعنی سوختہ سو ایسا والون کو

ان یتشبه باهل العذاب ولا ان یستعمل ما هو من نوع العذاب ولا هو من ملابسات اهل العذاب وقد کره جمیع
نہین چاہیئی کہ عذاب والون کا سا حال بنالین اور نہ یہہ چاہی کہ عذاب کی چیزون کو استعمال کرین اور نہ عذاب والون کی سی صورت بنا وین اور تمام علماء نی

من العلماء التختم بالحدید والنحاس لما ثبت فی الحدیث انهما حلیة اهل النار وصح علی ما ذکره الهلالی فی مختصر الاحیاء
لوہی اور تانبی کی انگہوٹہی برتنی کو مکروہ کیا ہی کیونکہ حدیث سی ثابت ہو چکا ہی کہ لوہا اور تانبا زیور دوزخیون کا ہی اور موافق بیان ہلالی کی مختصر الاحیاء مین

انه علیه السلام کان یکره الطعام السخن ویقول ان الله تعالی لم یطعمنا نارا فهذا الدخان اولی بالکراهة لانه مختلط
صحیح ہوا ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم گرم کہانی کو مکروہ جانتی اور فرماتی کہ اللہ تعالی نی ہمکو آگ کہانی کو نہین دی سو اب یہہ دہوان کراہت مین زیادہ تر ہی اسواسطی کہ اسمین

باجزاء ناریة کما مر فلو لم یکن فی استعماله الا تسوید الثیاب والابدان وکراهة الرائحة والانتان یکفی زاجر للعاقل عن
اجزاء ناری ملی ہوئی ہین چنانچہ گذر چکا ہی پہر اگر حقہ پینی مین سوای سیاہی کپڑون اور جسم اور بدبو اور تعفن کی کچہہ نہوتا تو بہی عاقل کی واسطی یہی سی روکنی کو کافی تہا

استعماله بل لو لم یکن فی استعماله الا احیاء سنة الکفار الذین اخرجوه واظهروه فی بلاد الاسلام توصلا الی اضرار اهل
بلکہ اگر اسکی پینی مین کچہہ نہوتا سوای رواج دینی طریق کفار کی جنہون نی اسکو نکال کر بلاد اسلام مین پہیلایا ہی اہل اسلام کی ضرر رسانی کی لئی

الاسلام لکان باعثا للعاقل علی اجتنابه ومانعا عن ارتکابه لکن اکثر اهل الزمان طبایعهم خامدة صعبة
تو بہی عاقل کی لئی باعث اجتناب کا تہا اور اسکی اختیار کرنی سی مانع آتا لیکن اس زمانہ کی لوگون کی طبیعتین ایسی بجہی ہوئی ہین کہ اصلا مطیع نہین ہوتین

الانقیاد مائلة دائما الی ما لا یعنیهم ان نصحوا لم یقبلوا وان علموا لم یتعلموا وان فهموا لم یتفهموا

ہمیشہ بیفائدہ امور کی طرف جھکی رہتی ہیں اگر نصیحت کرو تو نہیں مانتی اگر سکہاؤ تو نہیں سیکہتی اگر سمجہاؤ نہیں سمجہتی

وان فهموا ترکوا ما فهموا وهم من الذین ان یروا سبیل الرشد لا یتخذوه سبیلا وان یروا سبیل الغی

اور اگر سمجہیں تو سمجہہ کر ترک کریں اور وہ ایسی لوگ ہیں کہ اگر دیکہیں راہ سنوار کی تو نہ ٹہراویں راہ اور اگر دیکہیں راہ اولٹی

یتخذوه سبیلا نسئل الله تعالی ان یوفقنا سبیل الرشد ویبعدنا عن سبیل الغی المجلس الحادی والثلثون

اوسکو ٹہراویں راہ ہم اللہ تعالی سی سوال کرتی ہیں کہ ہمکو نیک رستہ کی توفیق دی اور ہمکو کجی کی راہ سی دور رکہی اکتیسویں مجلس

فی بیان سنة الاعتکاف وطلب لیلة القدر فیه وفضیلته قال رسول الله صلی الله علیه وسلم

بیان میں سنت ہونی اعتکاف کی اور لیلة القدر کی تلاش اور اوسکی فضیلت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا

انی اعتکفت العشر الاول بطلب هذه اللیلة ثم اعتکفت العشر الاوسط ثم اتیت فقیل لی التمسها فی العشر

میں نی رمضان کی پہلی دہہ میں لیلة القدر کی تلاش میں اعتکاف کیا پہر بعد اوسکی بیچ کی دہہ میں اعتکاف کیا پہر میں تیار ہوا یا تو مجہسی کہا کہ لیلة القدر کو پچہلی عشرہ

الاواخر فمن کان اعتکف معی فلیعتکف فی العشر الاواخر فقد اریت هذه اللیلة ثم انسیتها هذا الحدیث من صحاح

میں تلاش کرو جسنی میری ساتہہ اعتکاف کیا ہو تو وہ پچہلی عشرہ میں پہر اعتکاف کری میں نی لیلة القدر کو بیشک دیکہا پہر میری تئیں بہلا دی یہہ حدیث مصابیح کی

المصابیح رواه ابو سعید الخدری واصله علی ما فی الصحیحین انه علیه السلام اعتکف العشر الاول من

صحیح حدیثوں میں ہی ابو سعید خدری کی روایت سی اور اصل اس حدیث کی جیسی کہ صحیح بخاری اور مسلم میں ہی یوں ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی رمضان کی پہلی عشرہ میں

رمضان ثم اعتکف العشر الاوسط فی قبة ترکیة ثم اطلع راسه فقال انی اعتکفت العشر الاول لطلب

اعتکاف کیا پہر بیچ کی دہہ میں ترکی خیمہ کی اندر اعتکاف کیا پہر سر مبارک باہر نکال کر فرمایا کہ میں نی پہلی دہہ میں اس شب کی تلاش میں اعتکاف کیا

هذه اللیلة الی اخر الحدیث وفیه دلیل علی ان المقصود من شرعیة الاعتکاف طلب لیلة القدر فانها

آخر حدیث تک اور اسمیں یہہ دلیل ہی کہ مقصود اعتکاف کی مشروع ہونی سی شب قدر کی تلاش ہی کیونکہ یہہ شب موافق مضمون نص

لکونها خیرا من الف شهر بالنص یلزم احیاءها باشرف الاعمال اذ فیه تفریغ القلب عن امور الدنیا وتسلیم

کی ہزار مہینوں سی بہتر ہی تو اوس شب میں نیک اعمال کی شغل میں جاگتی رہنا لازم ہی کیونکہ اسمیں امور دنیا سی دل کا خالی کرنا اور

النفس الی المولی والتحصن بحصن حصین وملازمة بیت رب العالمین فیکون کمن احتاج الی عظیم

مولی کو جان کا حوالہ کرنا اور پناہ لینی قلعہ مضبوط سی اور ملازمت پروردگار عالم کی گہر کی ہی پہر یہہ ایسا ہی جیسی کوئی ایک تو انگر محتاج ہو کر ویسی کی

فلازمه حتی قضی مآربه فان قیل اذا کان شرعیة الاعتکاف لطلب لیلة القدر فلم لم یختص باللیل قلنا

دروازی پر یہاں تک پڑا رہا کہ اوسکا مطلب روا کردی اگر کوئی اعتراض کری جب مشروعیت اعتکاف کی واسطی تلاش لیلة القدر کی ہی تو پہر اعتکاف ضرورت ہی کا خاص کیوں

ان الشافعی قد نص علی کون الاجتهاد فی یومها کالاجتهاد فی لیلتها فی الاستحباب ذکره النووی فی الاذکار

کہ امام شافعی نی صاف کہا ہی کہ سعی دن کی اندر ایسی ہی مستحب ہی جیسی رات کو مستحب ہی یہہ نووی نی اذکار میں بیان کیا ہی

وهذا الحدیث یقتضیه ایضا لانه علیه السلام اعتکف العشر الاول من رمضان لطلب تلک اللیلة

اور اس حدیث سی بہی یہہ ہی لازم آتا ہی اسواسطی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی رمضان کی پہلی عشرہ میں لیلة القدر کی تلاش کی لئی اعتکاف کیا

ثم اعتکف العشر الاوسط فلما اتمه اتی ات من الملئکة فقال انها فی العشر الاواخر لا فی العشر الاول ولا فی

پہر بیچ کی عشرہ میں اعتکاف کیا پہر جب اوسکو پورا کر چکی تو ایک فرشتہ نی آکر کہا کہ لیلة القدر پچہلی عشرہ میں ہی نہ تو پہلی عشرہ میں ہی اور نہ

العشر الاوسط فعزم علیه السلام علی الاعتکاف فی العشر الاواخر وحث علی اعتکافها فانه علیه السلام کان

بیچ کی عشرہ میں تب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی پچہلی عشرہ میں اعتکاف کا عزم کیا اور اور لوگوں کو رغبت دی سو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم

یعتکف العشر الاواخر من رمضان حتی یتوفاه الله تعالی ثم اعتکف ازواجه من بعده قال الزهری
رمضان کی پچھلی عشرہ میں ہمیشہ اعتکاف کرتی رہی یہاں تک کہ اللہ تعالی نی اونکو وفات دی پہر اونکی بعد ازواج مطہرات کرتی رہیں زہری کہتا ہی
عجبا من الناس کیف یترکون الاعتکاف ورسول الله علیه السلام کان یفعل الشئ ویترکه ولم یترک الاعتکاف
لوگونسی تعجب آتا ہی کہ اعتکاف کیسا چہوڑ رکہا ہی اور حال یہہ ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوئی کام کرتی بہی اور چہوڑ بہی دیتی اور اعتکاف کو
حتی قبض ثم الاعتکاف فی اللغة الاقامة علی الشئ وحبس النفس علیه وفی الشریعة الاقامة فی المسجد واللبث
اخیر دم تک نہیں چہوڑا پہر اعتکاف کی معنی لغت میں ایک شی پر قایم رہنا اور اوس شی پر نفس کو روکنا اور شریعت میں نیت کی ساتہہ مسجد میں دیر تک ٹہری
فیه مع النیة اما اللبث فرکنه واما المسجد والنیة فشرطه والمعنی اللغوی موجود فیه مع زیادة وصف
رہنا درنگ کرنی یعنی ٹہری رہنا تو اعتکاف کا رکن ہی اور مسجد اور نیت اعتکاف کی شرط ہیں اور لغوی معنی بہی شرعی معنوں میں زیادتی وصف کی ساتہہ
وهو سنة مؤکدة فی العشر الاخیر من رمضان لانه علیه السلام واظب علیه بعد ما قدم المدینة الی
پائی جاتی ہیں اور اعتکاف سنت مؤکدہ ہی رمضان کی پچھلی عشرہ میں اسواسطی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب سی مدینہ شریف میں تشریف لائی تو اعتکاف ہمیشہ کرتی رہی
ان توفاه الله تعالی فان قیل المواظبة من غیر ترک دلیل الوجوب فلم لم یجب الاعتکاف فالجواب انه علیه السلام
یہاں تک کہ اللہ نی اونکو وفات دی اگر کوئی اعتراض کری ہمیشگی ایک عمل کی بدون ترک کی وجوب کی دلیل ہوتی ہی پہر اعتکاف واجب کیوں نہیں ہوا تو جواب یہہ ہی
کان فی حق الواجب بعد المواظبة علیه ینکر علی تارکه ولم ینکر علی من ترک الاعتکاف فعلم انه لیس بواجب
کہ نبی علیہ السلام عمل واجب کی باب میں بعد مواظبت کی اوس عمل کی تارک کو برا جانتی تہی اور اعتکاف کی تارک پر کبہی انکار نہیں کیا اس سی معلوم ہوا کہ اعتکاف
بل هو سنة مؤکدة علی طریق الکفایة فی العشر الاخیر من رمضان وفی غیره من الازمنة نفل وانما یجب
واجب نہیں ہی بلکہ سنت مؤکدہ رمضان کی پچہلی عشرہ میں بطور کفایہ کی ہی اور رمضان کی پچہلی عشرہ کی سوا اور وقتوں میں نفل ہی اور واجب تب ہوتا ہی
بالنذر والتعلیق بالشرط واما ما کان بالشروع فهو تطوع ثم ان اقل الواجب یوم حتی لو نذر اعتکاف یوم
کہ نذر مانو یا کسی شرط سی متعلق کرو لیکن جو اعتکاف شروع کرنی سی لازم ہوجاتا ہی سو وہ تطوع ہی پہر کم سی کم مدت اعتکاف واجب کی ایکدن ہی یہاں تک کہ اگر اعتکاف
یدخل المسجد قبل طلوع الفجر ولا تخرج الا بعد غروب الشمس فان قطعه قبل ذلک او افسده یقضیه
ایکدن کا نذر مانا تو مسجد میں صبح صادق سی پہلی داخل ہو اور بعد غروب آفتاب کی مسجد سی نکلی سو اگر غروب آفتاب سی پہلی اعتکاف کو قطع کیا یا فاسد کرد یا تو اوسکو
ولو نذر اعتکاف یومین او اکثر یدخل المسجد فی ابتداء شروعه قبل غروب الشمس
اور اگر دو دن یا کئی دن کی اعتکاف کی نذر کری تو اعتکاف شروع کرنیکو مسجد میں غروب آفتاب سی پہلی داخل ہو
ولا یخرج عند تمامه الا بعد غروبها ولو مات قبل ان یعتکف یلزمه ان یوصی بان یطعم
اور پورا ہونی کی بعد مسجد سی بعد غروب آفتاب کی نکلی اور اگر اعتکاف کرنی سی پہلی مرجاوی تو لازم ہی کہ وصیت کردی
عنه لکل یوم نصف صاع من الحنطة ولا یصح ما وجب من الاعتکاف الا بالصوم
کہ ہر ہر دن کی بدلہ آدہا آدہا صاع گیہوں کا مساکین کو دیدیں اور اعتکاف واجب بدون روزہ کی ادا نہیں ہوتا
حتی لو نذر اعتکاف یوم قد اکل فیه لا یصح نذره ولا یلزمه شئ وکذا
یہاں تک کہ اگر کسی نی ایکدن کا اعتکاف نذر مانا کہ اوسمیں کہا چکا تہا تو اوسکی نذر صحیح نہیں ہی اور اوسکی ذمہ کچہہ لازم نہیں ہی اور ایسی ہی
لو نذر اعتکاف لیلة لا یصح لان اللیل لیس محلا للصوم واما النفل فالصوم
اگر رات کی اعتکاف کی نذر کی تو صحیح نہیں ہی اسلئے کہ رات کو روزہ نہیں ہوتا اور اعتکاف نفلی میں ظاہر روایت کی موافق روزہ
لیس شرطا فیه فی ظاهر الروایة وهو قولهما ایضا فعلی هذه الروایة لیس لاقله تقدیر حتی ان من
شرط نہیں ہی اور صاحبین کا بہی یہی قول ہی اب اس روایت کی موافق کم سی کم مدت اعتکاف کی مقرر نہیں ہی یہاں تک کہ جو شخص

دخل المسجد ونوی الاعتکاف الی ان یخرج یکون معتکفا مادام فیه ویحصل له ثواب المعتکفین فاذا خرج
مسجد مین آوی اور نکلنی تک کی وقت مین اعتکاف کی نیت کری تو معتکف ہوجاویگا جبتک مسجد مین رہیگا اور اوسکو اعتکاف والون کا سا ثواب ملیگا اور جب
منه ینتهی اعتکافه وروی الحسن عن ابی حنیفة ان الصوم شرط الصحة فعلی هذه الروایة اقله یوم ثم الاعتکاف
مسجد سی نکلیگا تو اوسکا اعتکاف پورا ہوجاویگا اور حسن امام ابو حنیفہ سی روایت کرتا ہی کہ روزہ صحت اعتکاف کی شرط ہی اس روایت کی موافق کم سی کم مدت ایک دن
لا یصح الا فی مسجد الجماعة له امام ومؤذن یصلی فیه الصلوات الخمس بالجماعة لانه عبادة انتظار الصلوة
سوا مسجد جماعت کی جسکا امام اور مؤذن معین ہو اور اوسمین پانچون نمازین جماعت سی ہوتی ہون درست نہین ہوتا اسواسطی کہ نماز کی انتظاری عبادت ہی
فیختص بمکان یصلی فیه ذلك والمرأة تعتکف فی مسجد بیتها ای فی موضع صلوتها فی بیتها ولا یخرج منه
سو ایسی جگہ ہونا چاہئی جہان وہ نمازین ہوتی ہون اور عورت اپنی گھر کی مسجد مین اعتکاف کری یعنی جس جگہ اپنی گھر مین نماز پڑہتی ہی پہر اوس جگہ سی
اذا اعتکفت فیه ولیس لها ان تعتکف فی غیر موضع صلوتها فی بیتها وان لم یکن فی بیتها موضع الصلوة
اگر اعتکاف کیا تو نہ ٹلی اور عورت کو جایز نہین ہی کہ اپنی گھر مین سوا نماز کی جگہ کی اور کہین اعتکاف کری اور اگر اوسکی گھر مین نماز کی جگہ کوئی معین نہو
لا یجوز لها الاعتکاف فیه ولا یخرج المعتکف من المسجد الا لحاجة شرعیة کالجمعة او طبیعیة کالبول و
تو اوسکو گھر مین اعتکاف کرنا جایز نہین ہی اور معتکف مسجد سی بدون حاجت شرعی کی باہر نہ نکلی جیسی نماز جمعہ یا بدون حاجت طبیعی کی جیسی پیشاب اور
الغائط واذا خرج لبول او غائط لا یمکث فی منزله بعد الفراغ من الطهور ویخرج الی الجمعة حین زوال الشمس
پاخانہ اور اگر واسطی پیشاب یا پاخانہ کی مسجد سی باہر آیا تو طہارت سی فارغ ہوکر گہر مین دیر نہ لگاوی اور نماز جمعہ کی واسطی آفتاب ڈہلنی کی وقت روانہ ہو
ان کان معتکفا قریبا من الجامع بحیث لو انتظر زوال الشمس لا یفوته الخطبة وان کان تفوته الخطبة
اگر مسجد جامع سی نزدیک معتکف ہو ایسا کہ اگر آفتاب ڈہلنی کا انتظار کری تو خطبہ نہ فوت ہوجاوی اور اگر جانی کہ خطبہ ہوچکیگا
لا ینتظر زوال الشمس بل یخرج فی وقت یمکنه ان یاتی الجامع ویصلی اربع رکعات قبل الاذان الذی بین یدی
تو آفتاب ڈہلنی کا انتظار نکری بلکہ ایسی وقت روانہ ہوکی مسجد جامع مین جاکر چار رکعتین نماز کی اوس اذان سی پہلی پڑہ لی جو منبر کی سامنی ہوتی ہی
المنبر وفی روایة ست رکعات رکعتان تحیة المسجد واربع سنة وبعد الجمعة یمکث بقدر ما یصلی اربع
اور ایک روایت مین یہ ہی کہ چہہ رکعتین پڑہ لی دو رکعت تحیة المسجد کی اور چار سنتین اور بعد نماز جمعہ کی اتنا ٹہری کہ چار رکعتین
رکعات او ست رکعات علی حسب اختلاف الاخبار الواردة فی النافلة بعد الجمعة ولا یمکث اکثر من ذلك
یا چہہ رکعتین پڑہ لی موافق اختلاف حدیثون کی کہ جمعہ کی بعد کی نفلون مین وارد ہوئی ہین اور اسقدر سی زیادہ دیر نہ لگاوی
وان مکث لا یضره ولو یوما ولیلة لکن لا یستحب له ذلك ولا یخرج لعیادة المریض ولا لصلوة الجنازة ولا
اور اگر دیر لگاویگا تو کچہہ نقصان نہین ہی اگرچہ ایک دن رات تک لیکن یہہ خلاف مستحب ہی اور بیمار پرسی کی واسطی نہ جاوی اور نہ واسطی نماز جنازہ کی جاوی اور نہ
لاداء الشهادة وهذا کله قول ابی حنیفة لان الخروج من المسجد بلا عذر ولو ساعة یفسد الاعتکاف عنده
گواہی دینی جاوی یہہ تمام قول امام ابو حنیفہ کا ہی اسواسطی کہ مسجد مین سی بلا عذر نکلنا اگرچہ ایک ساعت کی لئی ہو اونکی نزدیک اعتکاف کو فاسد کردیتا ہی
وهو القیاس لان الخروج ینافی اللبث وما ینافی فی الشئ یستوی فیه القلیل والکثیر کالاکل فی الصوم والحدث
اور یہہ ہی قابل قیاس کی ہی اسواسطی کہ باہر نکلنا اندر ٹہرنی کی خلاف ہی اور جو شی کسی شی کی خلاف ہوتی ہی اسمین تہوڑا بہت سب برابر ہی جیسی روزہ مین کہانا
فی الطهارة وکذا اذا خرج ساعة بعذر المرض یبطل لان الخروج بعذر المرض من حیث انه لا یغلب وقوعه لم یکن
اور وضو مین حدث اور ایسی ہی اگر ایک ساعت کی واسطی بیماری کی عذر سی نکلی تو اعتکاف باطل ہوجاتا ہی اسواسطی کہ بیماری کی عذر سی نکلنا باین اعتبار کہ نادر الوقوع ہی
مستثنی عن الایجاب فصار کانه خرج من غیر عذر الا انه لا یاثم بالخروج بعذر المرض وکذا اذا خرج بغیر عذر
کبہی کبہی ہوتی ہی ایجاب سی مستثنی نہین ہوا ہی سو اب گویا بلا عذر باہر نکل آیا ہان اتنا ہی کہ بیماری کی عذر سی نکلنی مین گنہگار نہین ہوتا اور ایسی ہی اگر بلا عذر

ناسيا يبطل اعتكافه وكذا اذا انهدم المسجد وانتقل الى مسجد آخر او اخرجه السلطان كرها او اخرجه
بہولکر نکل آوی تو اعتکاف باطل ہوتا ہی اور ایسی ہی اگر مسجد ڈہ جاوی اور معتکف دوسری مسجد میں چلا جاوی یا اوسکو حاکم زبردستی نکال دی یا قرض خواہ نکال دی

الغريم او خرج هو وحبسه الغريم ساعة يبطل اعتكافه وقالا لا يفسد ما لم يخرج اكثر من نصف يوم وهو
یا وہ آپ نکلی اور قرض خواہ ایک ساعت بہر پکڑ رکہی اعتکاف باطل ہوجاتا ہی اور صاحبین کہتی ہیں اعتکاف باطل نہیں ہوتا جبتک آدہی دن سی زیادہ نکلا نہ رہی

اوسع للناس اذ لا بد لهم من الخروج لاقامة حوائجهم فلو لم يبح القليل منه لوقعوا في الحرج ولا حرج في الكثير
اس قول میں لوگوں کو بہت گنجایش ہی کیونکہ واسطی اپنی کاروبار ضروریکی نکلنا پڑتا ہی پس اگر تہوڑی مدت مباح نہووی تو البتہ حرج ہوویگا اور اس زیادہ مدت یعنی آدہی

الذي هو اكثر من نصف يوم ويجوز للمعتكف ان ياكل ويشرب وينام ويبيع ويشتري في المسجد من غير
دن سی زیادہ میں کچہہ حرج نہیں ہی اور معتکف کو جائز ہی کہ مسجد کی اندر کہاوی اور پیوی اور سووی اور بیچی اور خریدی بغیر لائی اسباب کا مسجد میں

احضار السلعة فيه قال بعض العلماء المراد به ما لا بد منه كالطعام ونحوه واما اذا اراد ان يتخذه متجرا
نہ لا رکہی بعضی علماء کہتی ہیں کہ اس سی مراد ضروری کار ہیں جیسی کہانا وغیرہ اور اگر معتکف چاہی کہ مسجد کو دکان تجارت کی بنالی

يكره له ذلك قال الزيلعي وهذا اصح لانه منقطع الى الله تعالى فلا ينبغي له ان يشتغل فيه بامور
تو یہہ مکروہ ہی زیلعی کہتا ہی کہ یہہ قول صحیح ہی کیونکہ خدا کی واسطی الگ ہو بیٹہا ہی تو اب اچہا نہیں ہی کہ مسجد میں امور دنیا میں مشغول ہو

الدنيا ويكره له الصمت والمراد صمت يعتقده عبادة وهو منهي عنه لكونه شريعة منسوخة ويلازم
اور معتکف کو مکروہ ہی چپکی رہنا اور مراد چپکی رہنا عبادت سمجہہ کر اور یہہ ممنوع ہی اسواسطی کہ یہہ طریق منسوخ ہی قرآن کی تلاوت

قراءة القران والحديث وعلم الدين وسير النبي وقصص الانبياء وحكايات الصالحين وكتابة امور الدين و
کیجاوی اور حدیث اور علم دین فقہ وغیرہ اور تاریخ نبی اور احوال انبیا کی اور حکایات صالحین کی پڑہا کری امور دینی لکہا کری اور رہی

اما التكلم بالليس بخير فانه مكروه لغير المعتكف في غير المسجد فما ظنك للمعتكف في المسجد ويحرم عليه
گفتگو بیجا بیہودہ تو بدون اعتکاف کی مسجد سی باہر بہی مکروہ ہی پہر معتکف کی واسطی مسجد کی اندر تجہکو کیا خیال ہی اور معتکف پر

الوطي بقوله تعالى ولا تباشروهن وانتم عاكفون في المساجد وكذا دواعيه كاللمس والقبلة ويبطل الاعتكاف
وطی حرام ہی موافق اس آیت کی اور نہ لگو اونسی جب اعتکاف بیٹہی ہو مسجدوں میں اور ایسی ہی وطی کی سامان جیسی چہونا اور بوسہ لینا اور وطی سی مطلقا اعتکاف

بالوطي مطلقا وبالدواعي ان انزل والا فلا ولو اراد ايجاب الاعتكاف على نفسه ينبغي ان يذكر بلسانه ولا
باطل ہوجاتا ہی اور وطی کی سامان سی اگر انزال ہوگیا تو باطل ہوجاتا ہی اور نہیں تو نہیں باطل ہوتا اور اگر کسی نی اپنی اوپر اعتکاف واجب کرنیکا ارادہ کیا تو چاہئی کہ زبان سی کہی

يكتفي بنية القلب لان النذر عمل اللسان فلا يكون الا به بخلاف النية فانها عمل القلب ولو اعتكف رجل
صرف دل کی نیت پر اکتفا نہ کری اسواسطی کہ نذر کرنا زبان کا کام ہی سو زبان ہی سی پورا ہوتا ہی بخلاف نیت کی کیونکہ یہہ دل ہی کا کام ہی اور اگر کسی شخص نی

من غير ان يوجبه على نفسه ثم خرج لا شئ عليه في ظاهر الرواية المجلس الثاني والثلثون في بيان
بلا وجوب اعتکاف شروع کیا پہر اعتکاف سی خارج ہوا تو ظاہر روایت میں اوسپر کچہہ نہیں آتا بتیسوین مجلس

صدقة الفطر واحكام العيدين وبيان البدع فيه فرض رسول الله صلى الله عليه وسلم
صدقۃ الفطر کی بیان اور دونو عیدکی احکام میں اور بیان عید کی بدعتوں کا رسول الله صلی الله علیه وسلم نی زکوۃ فطر کو

زكوة الفطر طهرة للصائم من اللهو واللغو ايضا فعلى هذا للمساكين هذا الحديث من حسان المصابيح
فرض کری ہی روزہ دار کی طہارت کی واسطی لہو اور لغو اور [illegible] کی یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثوں میں ہی

رواه ابن عباس وهو يدل على وجوب صدقة الفطر لان الفرض في اللغة بمعنى التقدير وفي الشرع بمعنى
ابن عباس کی روایت سی اس حدیث سی صدقہ فطر کا واجب معلوم ہوتا ہی اسواسطی کہ لغت میں معنی فرض کی اندازہ کرنیکی ہیں اور شرع میں ایجاب کی

الايجاب۔ ولفظ الشارع اذا دار بين المعنى الشرعي والمعنى اللغوي يتعين حمله على المعنى الشرعي ما امكن لان

معنی ہین اور شارع کی کلام اگر درمیان معنون شرعی اور معنون لغوی کی دایر ہوتی ہی تو وہ حتی جہان تک ہو سکی شرعی معنون پر حمل کی جاتی ہین اسواسطی

الغالب من حال النبي عليه السلام تعريف الاحكام دون اللغات فعلى هذا يكون المعنى ان وجوب صدقة الفطر

کہ اکثر اوقات نبی صلی اللہ علیہ وسلم احکام شرعی کو بیان فرماتی تہی لغات نہین بیان کرتی تہی اس تقریر کی موافق معنی حدیث کی یہہ ہوئی کہ صدقہ فطر کا

على الانسان لفائدتين احدهما كونها كفارة لخطاياه وتطهيرا له مما صدر عنه في حال الصوم من اللهو واللغو

انسان پر دو فائدہ کی واسطی واجب ہوا ہی ایک تو کفارہ ہی اوسکی خطاؤن کا اور اوسکی پاکیزگی ہی اوس بیجا عمل سی جو روزہ کی حالت مین ہوا ہو لہو اور لغو

الذي ليس في واحد منهما فائدة دينية او دنيوية ومن الرفث الذي هو الكلام القبيح وما يضاهيه من الفاظ الجماع

جنمین کوئی فائدہ نہیں ہی نہ تو فائدہ دین کا اور نہ فائدہ دنیا کا اور طہارت ہی رفث سی یعنی کلام بد اور جو اوسکی مانند ہی الفاظ جماع کی

لان الحسنات يذهبن السيئات والثانية كونها قوتا للمساكين حتى يكون الفقير في هذا اليوم كالغني في

البتہ نیکیان دور کرتی ہین برائیون کو اور دوسرا فائدہ مساکین کی روزی ہی یہان تک کہ فقیر اوس روز قوت حاصل کرکر غنی کی مانند ہو جاتا ہی

وجدان القوة وعدم الاحتياج الى السوال لانه عليه السلام قال اغنوهم عن المسئلة في مثل هذا اليوم واشار

اور حاجت سوال کی نہیں رہتی اسواسطی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا انکو سوال کرنی سی آج کی روز غنی کردو اور یہہ اشارہ ہو

الى ان هذا اليوم انما يكون عيد الفقراء اذا استغنوا فيه عن السوال بوصول صدقة الاغنياء اليهم

کہ یہہ دن فقیرون کی حق مین عید جب ہی ہی کہ توانگرون سی صدقہ لیکر سوال کرنی کی حاجت نرہی

لان الاغنياء مكلفون بانفاق المال في سبيل الخير وسر ذلك التكليف ان المال محبوب الخلق وهم مامورون

اسواسطی کہ توانگرون کو حکم ہی کہ راہ خیر مین مال خرچ کرین اس حکم مین بہید یہہ ہی کہ مال تمام خلقت کو محبوب ہوتا ہی اور انکو محبت الہی کا حکم ہی

بحب الله تعالى وقد ادعوا ذلك بنفس الايمان لان قولهم لا اله الا الله معناه انا قد علمنا واعتقدنا ان

اور وہ بہی صرف ایمان کی راہ سی محبت کا دعوی کرتی ہین اسلئی کہ انکا قول لا الہ الا اللہ اسکی یہہ معنی ہین ہمنی جان لیا اور اعتقاد کیا کہ

لا معبود ولا محبوب الا الله فالتزمنا عبادته ومحبته ولا نعبد ولا نحب الا اياه فجعل بذل المال معيارا

نہ کوئی معبود ہی اور نہ کوئی محبوب ہی سواء اللہ کی سو ہمنی اوسکی عبادت اور محبت اپنی ذمہ پر لی نہ ہم اوسکی سوای کسیکی عبادت کرین نہ کسیکو محبوب رکہین سوال کا خرچ کرنا

لحبهم ومصداقا لصدقهم من حيث ان جميع المحبوبات تبذل في سبيل المحبوب الذي غلب حبه في قلبهم

اونکی محبت کا نشان مقرر ہوی اور اونکی سچی دعوی کی تصدیق ہی اس لحاظ سی کہ تمام محبوب چیزین ایسی محبوب کی واسطی کہ اوسکی محبت دل مین زیادہ تر ہو خرچ کرڈالی

فمن بذل فهو من الذين صدقوا ما عاهدوا الله عليه ومن لم يبذل يكون من الذين يقولون بافواههم

سو جسنی مال خرچ کیا وہ اون لوگون مین ہی کہ اللہ سی جو عہد کیا تہا وہ سچ کر دیکہایا اور جسنی مال نہ خرچ کیا وہ اون لوگون مین ہی جو زبانی وہ باتین بناتی ہین

ما ليس في قلوبهم بل ممن اتبع هواه وجعله الها لنفسه حتى كانه يعبده فان من يعمل بهوى نفسه لا

جو اونکی دلون نہین ہین بلکہ وہ تو نہین ہین جو اپنی ہوا کی تابع ہین اور ہوا کو اپنا معبود بنایا ہی گویا اوسہی کی عبادت کرتا ہی کیونکہ جو ہوا نفسانی پر عمل کرتا ہی

يهوى نفسه شيئا الا يرتكبه ويخالف مولاه ولهذا قال النبي عليه السلام ابغض اله عبد في الارض عند

تو پہر اوسکا نفس جو تمنا کرتا ہی سو بہی کرتا ہی اور مولی کی مخالفت کرتا ہی اسہی واسطی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا بدتر معبود کہ زمین کی اوپر پوجا گیا ہی

الله تعالى هو الهوى فعلى هذا يجب على المكلف في هذا العيد ستة الاشياء الاول ترك المعاصي فان المعصية

خدا کی نزدیک ہوا ہوس ہی اسکی موافق مکلف [illegible] عید مین کئی چیزین واجب ہین اول [illegible] ترک کرنا کیونکہ معصیۃ کا ترک کرنا

وان كان تركها لازما [illegible] الازمان الزم واوجب لقوله تعالى ان [illegible]

گرچہ ہمیشہ ہر وقت مین لازم اور [illegible] واجب ہوتا ہی اس لیے ہی [illegible] کی

الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَا اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ذٰلِكَ الدِّيْنُ
الله کی پاس بارہ مہینی ہین الله کی حکم مین جسدن پیدا کئی آسمان وزمین اونمین چار ہین ادب کی یہہ ہی سیدہا

الْقَيِّمُ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ يعني ان عدة الشهور القمرية التي عليها يدور كثير من الاحكام الشرعية
دین سو اونمین ظلم نکرو اپنی اوپر یعنی گنتی قمری مہینون کی جس سی بہت سی احکام شرعی موافق حکم الٰہی کی متعلق ہو رہی ہین

في حكمه تعالى اثنا عشر شهرا مثبتا في اللوح المحفوظ منذ خلق السموٰت والارض من تلك الشهور الاثني عشر
وہ تمام بارہ مہینی ہین لوح محفوظ مین ثابت جب سی الله تعالى نی آسمان وزمین کو پیدا کیا ہی اون بارہ مہینون مین سی۔

اربعة حرم وهي ذو القعدة وذو الحجة والمحرم ورجب وكون هذه الشهور الاربعة المعينة حرما هو الدين
چار معزز ہین یعنی ذیقعد خالی اور ذالحج بقرعید اور محرم دہا اور رجب مریم روزہ اور یہہ چارون معین مہینی جو معزز اور حرم ٹہری ہین یہہ طریق

المستقيم دين ابراهيم واسمعيل عليهما السلام فلا تظلموا فيهن انفسكم بهتك حرمتها وارتكاب المعاصي
راست دین ابراہیم اور اسماعیل علیہما السلام کا ہی سوتم لوگ ان مہینون کی حرمت توڑکر اور انکی اندر عمل بد کرکر اپنی جان پر ظلم مت اتارو

فيها فان العمل الصالح كما انها اعظم اجرا فيهن كذلك المعصية فيهن اعظم وزرا من المعصية في غيرهن
کیونکہ نیک کار جیسی ان مہینون کی اندر ثواب مین زیادہ ہوتا ہی ایسی ہی گناہ ان مہینون کی اندر سزا مین بہ نسبت اور مہینون کی سخت ہوتا ہی

وكذا المعصية في شهر رمضان ويوم الجمعة ويوم عرفة ولياليها وليلة القدر وايام العيدين ولياليهما
اور ایسی ہی گناہ ماہ رمضان مین اور جمعہ کی دن اور عرفہ کی روز اور انکی راتون مین اور شب قدر مین اور دونو عیدکی دن اور انکی راتونکو

اكثر وزرا لانه تعالى فضل هذه الازمنة بما خصها من العبادات التي تفعل فيها وجعل ثواب العبادات ونزول
سزا مین زیادہ ہی اسواسطی کہ الله تعالى نی ان اوقات کو یہہ فضیلت بخشی ہی کہ ان وقتون مین خاص خاص عبادتین مقرر فرمائین جو اونمین عمل مین آتی ہین اور ثواب عبادات کا

الرحمة ووصول المغفرة فيها اكثر من غيرها رحمة لهذه الامة فمن لم يعرف هذه النعمة التي كانت عليه فيها
اور رحمت کا نازل کرنا اور مغفرت کا دینا ان وقتون مین بہ نسبت اور وقت کی واسطی رحمت اس امت کی زیادہ مقرر فرمایا ہی پہر جو شخص اس نعمت کی قدر نہ سمجہی جو اسکو ان وقتون

بل هتك حرمتها بارتكاب انواع الذنوب فيها فقد استحق ان يكون عذابه اشد وعقابه اعظم فعلى
حاصل ہی بلکہ ان مہینون کی حرمت طرح طرح کی گناہ عمل کرکر خراب کری تو بیشک وہ شخص سخت تر عذاب کا مستحق ہی اور اوسکا عذاب زیادہ تر ہی سو

المؤمن ان يعرف ما انعم عليه ويعظم ما عظمه الله تعالى حتى يكون عند الله عظيما وتعظيم هذه الاوقات
مومن کو لازم ہی کہ جو اوسکو الله نی انعام دیا ہی اوسکو پہچانی اور جسکو الله نی عظمت دی ہی اوسکی تعظیم کری تاکہ الله کی نزدیک اوسکو بہی عظمت ملی اور ان اوقات کی تعظیم

انما يكون بزيادة الاعمال الصٰلحٰت فيها فمن عجز عنها فاقل حاله في التعظيم ان يحترز عما يحرم عليه ويكره له
یہی ہی کہ ان وقتون مین صالح اعمال زیادہ تر کیا کری جس سی یہہ نہو سکی تو پہر کم سی کم تعظیم اسکی حق مین یہہ ہی کہ محرمات اور مکروہات سی کنارہ کری سو تمام بدعات

فيترك البدع والمنكرات وما لا ينبغي له فيها من المنهيات وكثير من الناس في بعض هذه الازمان فقد
اور منکرات اور جو جو بیہودہ کار اسکو ان اوقات مین لایق نہین ہین سب ترک کری اور اس زمانہ کی اکثر لوگون نی ان امور کی برخلاف اختیار کر لیا ہی

اخذ واضد هذا المعنى حيث كانوا يسارعون في ايام العيدين ولياليهما الى اللهو واللعب وغيرهما من انواع
چنانچہ ایام عیدین مین رات ہو یا دن لہو ولعب وغیرہ طرح طرح کی بیجا امور مین

السيات بعضهم بالمباشرة وبعضهم بالمشاهدة مع ان للسيئة الواحدة عشر اشياء من الضرر على ما
چالاکی اور چستی کرتی ہین بعضی تو اپنی ہاتہہ سی کرتی ہین اور بعضی تماشا دیکہتی ہین اور حال یہہ ہی کہ ایک گناہ مین موافق بیان

ذكره الفقيه ابو الليث في تنبيه الغافلين الاول اسخاطه خالقه بمخالفة امره والثاني تفريح ابليس الذي
فقیہ ابو اللیث کی تنبیہ الغافلین مین دس ضرر پیدا ہوتی ہین اول آزردگی اپنی خالق کی حکم کی نافرمانی کرنی سی دوسری ابلیس کا خوش کرنا

هو

هو عدوه وعدو الله تعالى والثالث بعده من الجنة والرابع قربه من جهنم والخامس جفاء من
جو اسکا ہی اوخدا کا دشمن ہی تیسری جنت سی دوری چوتھی دوزخ سی نزدیکی پانچوین اپنی جان پر ظلم کرنا

هو احب اليه وهو نفسه والسادس تنجيس نفسه التي جعلها الله تعالى طاهرة والسابع ايذا الحفظة
جسکو سب سی زیادہ محبوب رکہتا ہی چھٹی اپنی جان کا ناپاک کرنا جسکو اللہ تعالی نی پاک پیدا کیا ہی ساتوین کرام کاتبین کو ایذا دینی

الذين لا يؤذونه والثامن احزان النبي عليه السلام في قبره والتاسع اشهاد الارض والليل والنهار على نفسه
جو کہ اسکو نہین ستاتی آٹھوین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو قبر شریف کی اندر غمگین کرنا نوین زمین اور رات دن کو اپنی برائی پر گواہ کرنا

والعاشر خيانته لجميع الخلائق لان المطر يقل بالذنب فاذا كان حال من فعل سيئة واحدة هذا فماذا
دسوین تمام عالم کی بدخواہی اسواسطی کہ گناہون کی شامت سی مینہ برسنا بند ہوجاتا ہی جب ایک گناہ مین یہہ حال ہو تو پہر دیکہو

يكون حال من يفعل فنونا من السيئات لا سيما في هذه الايام المباركات مع ان الخطباء ينادون على
اوس شخص کا جو طرح طرح کی گناہ کرتا ہی کیا حال ہوگا خاص کر ان مبارک دنون مین باوجودیکہ وعاظ نصیحت کرنیوالی منبرون پر پکار پکار کر

المنابر ويقولون ليس العيد لمن لبس الجديد انما العيد لمن امن الوعيد ليس العيد لمن تبخر بالعود انما
کہی جاتی ہین کہ عید اوسکی لئی نہین ہی جو نئی کپڑی پہن لی عید اوسی کی ہی جو وعید سی پناہ مین رہی عید اوسکی لئی نہین ہی جو خوشبو مین بسی

العيد للتائب الذي لا يعود ليس العيد لمن تزين بزينة الدنيا انما العيد لمن تزود بزاد التقوى ليس العيد
عید اوسی کی ہی کہ توبہ کرکر پہر نہ پہنسی عید اوسکی نہین ہی جو دنیا کی زینت سی آرایش کری عید اوسی کی ہی جو توشہ تقوی سی آسایش کری عید اوسکی نہین ہی

لمن ركب المطايا انما العيد لمن ترك الخطايا ليس العيد لمن بسط البساط انما العيد لمن جاوز الصراط وقال
جو اونٹنیون پر سوار ہو عید اوسی کی ہی جو خطا سی بیزار ہو عید اوسکی نہین ہی جو فرش فروش بچھاوی عید اوسی کی ہی جو صراط پر سی سلامت گذر جاوی اور

النبي عليه السلام استماع الملاهي معصية والجلوس عليها فسق والتلذذ بها كفر وروي انه عليه السلام
نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرما چکی ہین کہ ملاہی کا سننا تو معصیت ہی اور اوسکی عادت کرنا فسق ہی اور اوس سی مزہ لینا کفر ہی اور روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی

ادخل اصبعيه في اذنيه عند سماعه وهم يسمعون امثال تلك الكلمات ولا يلتفتون اليها بل يدعون
ملاہی کی آواز سنکر کانون مین اونگلیان دیلین تہین اب یہہ لوگ ایسی ایسی کلمی سنتی ہین اور اوس روایت کی طرف توجہ نہین کرتی بلکہ لتپر اسلام کا دعوی

الاسلام ومحبة الله ورسوله ومع ذلك يخالفونهما في الاوامر والنواهي فيكون الحال مشكلا والحكام
کرتی ہین اور اللہ اور رسول کی محبت جتلاتی ہین اور تمام امر و نواہی مین اللہ رسول کی مخالفت کئی جاتی ہین اب کیا مشکل کی بات ہی کہ حاکم وقت

يشاهدون امثال تلك المنهيات ولا يمنعون شيئا منها بل يساعدون فيها فمن كان باكيا فليبك على
ان تمام منہیات کو دیکہتی ہین اور اسمین سی ذرہ منع نہین کرتی بلکہ اوسمین اور مدد دیتی ہین اب جو کوئی روئی تو چاہئی کہ اسلام کی

الاسلام وغربته اذ قد عاد الاسلام غريبا كما بدأ غريبا نعم ان هذه الايام ايام فرح وسرور لكن ينبغي ان
غربت پر روئی کیونکہ اسلام اب ویساہی غریب ہوگیا جیسی غریب شروع ہوا تہا ہان یہہ دن فرح اور سرور کی ہین پر یون چاہئی

يكون اظهار الفرح والسرور فيها بما كان مباحا او مستحبا كالاغتسال والتطيب ولبس احسن الثياب
کہ خوشی اور سرور ایسی اسباب سامان سی ظاہر کری جو مباح یا مستحب ہووی جیسی نہانا اور خوشبو لگانی اور اچھی اچھی مباح کپڑی پہنی

المباحة التي تكون جديدة او غسيلة على ما سيجيء لا بما كان حراما كلبس الحرير والخوض في الباطل لان العيد
کہ وہ یا نئی ہون یا دہوئی ہوئی ہون چنانچہ آگی آتا ہی حرام سامان سی نہ کری جیسی حریر کا پہنا اور باطل باتون مین گہسنا کیونکہ عید کو

انما سمي عيدا لانه تعالى يعود فيه على المؤمنين بالمغفرة والاحسان فيجب عليهم ان يجتنبوا المعصية والطغيان
اسی لئی عید کہتی ہین کہ اللہ تعالی مؤمنون پر ... مغفرت اور احسان کرتا ہی پہر اون پر یہی واجب ہی کہ معصیت اور سرکشی سی کنارہ کرین

حتى يكونوا من اهل السعادة والرضوان لا من اهل الشقاوة والخذلان وقد حكى عن بعض العارفين انه
تاکہ سعادت مند اور لایق رضامندی خدا کی ہوں بدبخت اور ٹوٹی والوں میں نہوں اور بعضی عارفوں سی حکایت کرتی ہیں کہ وہ

مر يوم العيد بقوم يلعبون ويضحكون فقال ان كان قد تقبل من هؤلاء لزمهم ان يشكروا وليس هذا
عید کی دن ایک قوم پر پہنچی کہ کھیل رہی تھی اور ہنستی تھی فرمایا اگر ان لوگوں کی عید مقبول ہوئی ہی تو اونکو لازم ہی کہ شکر کریں اور یہہ شکرگذاروں کی

فعل الشاكرين وان كان لم تقبل منهم لزمهم ان يخافوا وليس هذا فعل الخائفين ثم ينبغي ان يعلم ان بعض
کام نہیں ہیں اور اگر مقبول نہیں ہوئی تو لازم ہی کہ خدا کا خوف کریں اور یہہ ڈرنیوالوں کی کام نہیں ہیں پہر سمجھنی کی بات ہی کہ بعضی لوگ

الناس قد زعموا ان ضرب الدف والغناء يوم العيد جائز لما روى عن عائشة ان ابا بكر رض دخل عليها يوم
کہتی ہیں کہ دف دائرہ بجانا اور گانا عید کی دن جایز ہی اسلئی کہ روایت ہی حضرت عائشہ رضہ سی کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ اونکی یہاں عید کی

العيد وعندها جاريتان تغنيان بالدف ورسول الله عليه السلام متغش بثوبه فزجرهما ابو بكر فكشف النبي عم
دن آئی اسوقت اونکی پاس دو لڑکیاں گاتی تہیں اور دف بجاتی تہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کپڑا اوڑہی ہوئی تہی اون لڑکیوں کو ابوبکر نی منع کیا تو نبی صلی اللہ علیہ

وجهه فقال دعهما يا ابا بكر فان لكل قوم عيدا فهذا عيدنا فان هذا الحديث وان كان يدل على ما زعموا
وسلم نی منہہ کہولکر فرمایا ابوبکر جانی دی کیونکہ ہر ہر قوم کی عید ہوتی ہی آج ہماری عید ہی اب یہہ حدیث اگرچہ اونکی قول پر جو جایز بتاتی ہیں دلالت کرتی ہی

لكن ليس كما زعموا اذ قد ذكر في نصاب الاحتساب ان هذا الحديث متروك غير معمول به لقوله تعالى ومن الناس
پر یوں نہیں ہی جو وہ کہتی ہیں کیونکہ نصاب الاحتساب میں مذکور ہی کہ یہہ حدیث متروک ہی اس حدیث پر عمل نہیں ہی واسطی اس آیت کی ایک لوگ ہیں

من يشتري لهو الحديث فان المراد من لهو الحديث على ما ذكر في معالم التنزيل عن ابن مسعود وابن عباس
کہ خریدار ہیں کھیل کی باتوں کی کیونکہ مراد لہو الحدیث سی جو آیت میں ہی موافق بیان معالم التنزیل کی ابن مسعود اور ابن عباس

وعكرمة وسعيد بن جبير الغناء وما في معناه من المعازف والمزامير والمراد من اشتراه اختياره والمعنى ان بعضا
اور عکرمہ اور سعید بن جبیر سی غنا ہی اور جو اسکی مثل ہی گانا اور مزمار بجانی اور اشترا سی مراد ہی پسند کرنا یعنی بعضی ایسی لوگ ہیں

من الناس يختار الغناء وما في معناه من المعازف والمزامير ليضل عن سبيل الله بغير علم ويتخذها هزوا
جو غنا کو پسند کرتی ہیں اور اوسکی مثل کو سرود اور مزمار تا بچلاویں اللہ کی راہ سی بن سمجھی اور ٹہراویں اوسکو ہنسی

اولئك لهم عذاب مهين فدلت الاية على تحريم الغناء وما في معناه من الملاهي ويدل على هذا ايضا ان عائشة
وہ جو ہیں اونکو ذلت کی مار ہی یہہ آیت غنا کی حرمت پر دلالت کرتی ہی اور جو اوسکی مثل لہو کی چیزیں ہیں اور حرمت اس سی بہی معلوم ہوتی ہی کہ

بعد بلوغها لم ينقل عنها الا ذم الغناء والمعازف والثاني مما يجب على المكلف في هذا العيد صدقة الفطر
حضرت عائشہ رضہ سی بالغ ہو کر غنا اور معازف کی سوای برائی کی کچہہ منقول نہیں ہی اور دوسری جو اس عید میں انسان مکلف پر واجب ہی صدقۃ الفطر ہی

فانها تجب على كل مسلم حر غني والغنى الذي هو شرط لوجوبها ان يملك نصابا او ما يكون قيمته نصابا فاضلا
صدقۃ الفطر ہر ہر مسلم آزاد تو انگر پر واجب ہی اور مقدور جو واسطی وجوب صدقہ فطر کی چاہئی اتنی ہی کہ نصاب کا مالک ہو یا ایسی شی کا مالک کہ اوسکی قیمت فاضل کی

عن حاجته الاصلية ولا يعتبر فيه وصف النماء فمن كانت له دار لا يسكنها فيواجرها او لا يواجرها تعتبر قيمتها
برابر ہو حاجت اصلی سی زیادہ ہو اور نامی ہونا یعنی بڑہنی والی چیز ہونا کچہہ ضرور نہیں یہہ زکوۃ میں معتبر ہی سو جسکی پاس ایک گہر ہو کہ جسمیں رہا نہیں کرتا پہر کرایہ دیتا ہو

في الغنى وكذا اذا سكنها وفضل عن سكناه شيء يعتبر قيمة الفاضل في الغنى لان ما كان من حاجته الاصلية
اوسکی قیمت معتبر ہوگی اور ایسی ہی اگر اوسمیں رہتا ہو اور رہنی سی کوئی طبقہ فاضل ہو تو اب اوس فاضل کی قیمت اس غنا میں معتبر ہوگی کیونکہ جتنا اوسکی حاجت میں ہی

لا بد ان يكون مشغولا بها لا بما سيحتاج اليه اذ ما من مال الا وقد يقع الحاجة اليه في وقت من الاوقات حتى
چاہئی کہ اب اوسکی برتاؤ میں ہو وہ نہیں ہی جسکی آگی کو حاجت پیدا ہوگی اسواسطی کہ جو مال ہوتا ہی سو اوسکی حاجت کبہی نہ کبہی آہی لگتی ہی یہاں تک

لوكان في دار بكراء فاشترى قطعة ارض بمائتي درهم وبنى فيها دارا ليسكنها فهو غني بها لانها فاضلة

سو اگر کرایہ کی گہر مین رہتا ہو اور ایک اور قطعہ زمین کا دوسو روپیہ کو مول لیکر رہنی کی لئی گہر بنایا تو اب اس گہر کی ملکیت سی غنی ہو جائیگا اسلئی کہ یہ گہر اسوقت اوسکی حاجت سی

عن حاجته الحالية وانما يحتاج اليها في المستقبل ومن كان له دار فيها بيتان صيفي وشتوي

فاضل ہی اگر حاجت ہوگی تو شاید آیندہ مین ہوگی اور جسکی مکان مین دو مقام ہون گرمی کا اور جاڑی کا

لا يكون بها غنيا ولو كان فيها ثلثة بيوت يعتبر قيمة الثالث في الغني وصاحب الثياب لا يكون

تو اس سی غنی نہین ہوتا اور اگر اوس مکان مین تین مقام ہون تو تیسری مقام کی قیمت غنا کی لئی معتبر کی جائیگی اور کپڑون کا مالک

غنيا بثلث دستجات احدها للبذلة والثانية للمهنة والثالثة للجمع والاعياد وكذا بالفراشين

تین جوڑی کپڑی سی غنی نہین ہوتا ایک روزمرہ کی پہننی کا اور دوسرا کاروبار کی وقت کا تیسرا جمعہ اور عید کی دنون کا اور ایسی ہی دو بچہونون سی غنی نہین

وما زاد على الدستجات الثلث من الثياب وعلى الفراشين يعتبر قيمته في الغني والغازي بفرسين

اور جسقدر تین جوڑہ اور دو بچہونون سی زیادہ ہوگا تو غنی ہونی مین اوسکی قیمت حساب مین لیجاوی گی اور غازی مجاہد دو گہوڑون سی

لا يكون غنيا وان كان له ثلثة افراس يعتبر قيمة احدها في الغني وما زاد على الواحد من الدواب

غنی نہین ہوتا اور اگر تین گہوڑی ہونگی تو ایک گہوڑی کی قیمت غنی ہونی مین حساب کیجاوی گی اور جسقدر ایک چوپایہ سی زیادہ ہوگا

لغير الغازي فرسا كان او حمار الدهقان او غيره او الخادم الواحد يعتبر قيمته في الغني وكذا كتب

سوای غازی کی اور شخص کی پاس گہوڑا ہو یا گدہا رئیس گانو کی لئی یا اور کسیکی یا ایک خادم سی زیادہ تو غنی ہونی کی لئی اوس زاید کی قیمت حساب مین لیجاویگی اور ایسی ہی

التفسير والحديث والفقه لاهله ما زاد على نسخة واحدة من رواية واحدة يعتبر قيمته في الغني

تفسیر حدیث فقہ کی کتابین علماء کی لئی جو ایک ایک نسخہ سی زیادہ ہونگی تو ایک روایت مین غنی ہونیکی لئی قیمت اوسکی حساب لیجاویگی

وكذا ما زاد على الواحد من المصاحف لمن يحسن القراءة يعتبر قيمته في الغني والمزارع بثورين والة الحراثة

اور ایسی ہی جو ایک قرآن سی زیادہ قاری کی پاس ہو تو غنا کی باب مین اوسکی قیمت معتبر ہی اور کسان دو بیلون سی اور کہیتی کی اوجہر ہل ہاتہی کا

لا يكون غنيا وان كان له ثلثة ثيران يعتبر قيمة احدها في الغني والبقرة الواحدة يعتبر قيمته في الغني

غنی نہین ہوتا اور اگر تین بیل ہونگی تو ایک کی قیمت غنا مین معتبر ہوگی اور ایک ہی بیل ہو تو غنا مین اوسکی قیمت لیجاویگی

والخباز اذا كان له حنطة او ملح يعتبر قيمتها في الغني وكذا القصار اذا كان له اشنان او صابون يعتبر

اور نان پز کی پاس اگر گیہون اور نمک ہو تو انکی قیمت واسطی غنا کی معتبر ہوگی اور ایسی ہی دہوبی اگر اوسکی پاس اشنان یا صابون ہوگا تو غنا کی لئی

قيمته في الغني ومن كان له قوت سنة يساوي نصابا ففيه كلام والظاهر انه لا يعد من الغني ذكره قاضيخان

قیمت انکی لیجاوی گی اور جسکی پاس ایک سال کا کہانا جسکی قیمت نصاب کی برابر ہو تو اسمین اختلاف ہی اور ظاہر یہہ ہی کہ وہ غنی نہین شمار کیا جاتا یہہ قول قاضیخان نی

في فتاواه والمراة اذا كانت لها جواهر ولالي تلبسها في الاعياد وتتزين بها للزوج يعتبر قيمتها في الغني وكذا

اپنی فتاوی مین ذکر کیا ہی اور جس عورت کی پاس جواہر اور موتی ہون کہ عید کی روز پہنتی ہو اور خاوند کی لبہانی کو سنگار کرتی ہو تو غنا کی بابت اسکی قیمت معتبر ہوگی اور

ان كانت لها دار تسكن فيها مع زوجها يعتبر قيمتها في الغني ان قدر الزوج على الاسكان ويتعلق بهذا النصاب

ایسی ہی اگر عورت کی ملک مین گہر ہو جسمین خاوند کی ساتہہ رہتی ہی تو اس گہر کی قیمت غنا مین معتبر ہوگی پر اس شرط پر کہ اوسکا خاوند گہر دینی کا مقدور رکہتا ہو اور اسی نصاب کی

حرمة اخذ الزكوة ووجوب صدقة الفطر والاضحية لان الغني على ثلث مراتب غني يحرم عليه السوال

زکوۃ لینی حرام ہوتی ہی اور صدقہ فطر اور قربانی واجب ہوجاتی ہین کیونکہ غنی تین قسم پر ہوتی ہین ایک ایسا غنی ہوتا ہی جسکو سوال کرنا

واخذ الصدقة ويجب عليه صدقة الفطر والاضحية والزكوة وهو من يملك نصابا كاملا ناميا وغني

اور صدقہ لینا حرام ہوتا ہی اور اوسپر صدقہ فطر اور قربانی اور زکوۃ واجب ہوتی ہی ایسا غنی وہ ہی جسکی ملک مین پورا نصاب کامل نامی بڑہتا ہوا ہو اور ایک غنی

یحرم علیه السؤال واخذ الصدقة ویجب علیه صدقة الفطر والاضحیة دون الزکوٰة وهو من
ایسا ہوتا ہی جسکو سوال کرنا اور صدقہ لینا حرام ہوتا ہی اور صدقہ فطر اور قربانی واجب ہوتی ہی اور زکوٰۃ واجب نہیں ہوتی وہ ایسا شخص ہی

یملك ما قیمته نصاب من غیر ان یکون فیه نماء وغنی یحرم علیه السؤال لا اخذ الصدقة ولا یجب
جسکی پاس ایسی چیز ہو جسکی قیمت نصاب کی برابر ہو پر وہ چیز نامی نہو اور ایک ایسا غنی ہوتا ہی جسکو سوال کرنا حرام اور صدقہ لینا جایز اور

علیه شئ مما ذکر من صدقة الفطر والاضحیة والزکوٰة وهو من یملك قوت یومه وما یستر عورته ثم
اوسپر جو جو اوپر مذکور ہوا کچھہ واجب نہیں ہوتا نہ تو صدقہ فطر اور نہ قربانی اور نہ زکوٰۃ وہ ایسا شخص ہوتا ہی جسکی پاس ایک دنکا کہانا ہو اور بدن ڈہکنی کو کپڑا ہو

الواجب عندنا نصف صاع من بر او صاع من تمر او شعیر والصاع ما یسع فیه الف واربعون درهما
پہر ہماری نزدیک گیہوں کا آدہا صاع واجب ہوتا ہی اور پورا صاع چہوارے اور جو کا اور صاع وہ ہوتا ہی جسمین ایک ہزار چالیس درہم آجاوین

وهو صاع عمر رض وکان قد فقد واخرجه الحجاج ولذلك سمی حجاجیا والظاهر انه کان صاع رسول الله صلی الله علیه وسلم
یہہ صاع حضرت عمر والا ہی پہر یہہ گم ہوگیا تہا اور حجاج نی نکالا اسیلئی صاع حجاجی کہلاتا ہی اور ظاہر یوں ہی کہ یہہ صاع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تہا

اذ کان عمر لا یخالفه فی شئ هذا اذا اعطی صدقة الفطر بالصاع ولو اعطاها بالوزن یجوز ایضا
اسلئی کہ حضرت عمر کسی باب میں اصلا مخالفت نہیں کرتی تہی یہہ صاع جب چاہی کہ صدقہ فطر صاع سی ناپ کر ادا کری اور اگر صدقہ فطر تول کردی تو بہی جایز ہی

لان تقدیر الصاع لما کان بالوزن جاز الاعطاء بالوزن والزبیب عند ابی حنیفة کالبر وعندهما کالشعیر
اسلئی کہ اندازہ کرنا صاع کا جب وزن سی جایز ہوا تو ادا کرنا بہی وزن سی جایز ہی اور مویز امام ابو حنیفہ کی نزدیک گیہوں مین داخل ہین یعنی آدہا صاع دینا چاہی اور

وذکر فی الجامع الصغیر ان دقیق البر وسویقه کالبر الا ان العلماء قالوا الاولی ان یراعی فیهما القدر والقیمة
اور جامع صغیر مین مذکور ہی کہ گیہوں کا آٹا اور گیہوں کا ستو گیہوں کی مثال ہی یعنی آدہا صاع دینا چاہی پر علما یوں کہتی ہین کہ بہتر یہہ ہی کہ آٹی اور ستو مین احتیاطا

احتیاطا لضعف الآثار الواردة فیهما والمعتبر فی الخبز القیمة ولا یراعی فیه القدر اذ لم یرد فیه اثر والاصل
دونو کا لحاظ کرنا چاہی کیونکہ جو آثار انکی باب مین آئی ہین سب ضعیف ہین اور روٹی مین قیمت ہی کا اعتبار ہی اسمین اندازہ کی رعایت نہین ہی اسواسطی کہ اسمین کوئی اثر نہین آیا ہی اور اصل

فی هذا الباب ان ما هو منصوص علیه لا یعتبر فیه القیمة وانما یعتبر فیه القدر حتی لو ادی مکان نصف
صدقہ فطر مین وہ ہی جو منصوص علیہ ہی یعنی جسکا صاف ذکر ہی اوسمین قیمت کا اصلا اعتبار نہین ہی اوسمین صرف اندازہ ہی کا اعتبار ہی یہان تک کہ اگر کسی نی گیہوں کی آدہی

صاع من بر نصف صاع من تمر لا یجوز وان کان قیمة التمر اکثر من قیمة البر واما ما لیس بمنصوص علیه فانما
صاع کی جگہ آدہا صاع چہوارے کا ادا کردیا تو جایز نہین ہی اگرچہ چہواروں کی قیمت گیہوں سی بہت زیادہ ہی اور جو اناج صاف مذکور نہین ہین تو وہ

یلحق بالمنصوص علیه باعتبار القیمة لا بالقدر وعن ابی یوسف ان الدقیق اولی من البر لکونه اقرب الی
اوسمین جنکا ذکر آیا ہی قیمت کرکر ملا دینی ہین اندازہ کی رو سی نہین ملاتی اور ابو یوسف سی روایت ہی کہ آٹا گیہوں سی بہتر ہی کیونکہ کہانی مین جلد آسکتا ہی

المقصود والدراهم اولی من الکل لکونها ادفع للحاجة وعلی المکلف الغنی ان یودی ما ذکر من القدر او القیمة
اور نقد سب سی بہتر ہی کیونکہ نقد سی بہت خوب حاجتین پوری ہوتی ہین اور مکلف غنی پر لازم ہی کہ فطرہ باعتبار اندازہ یا قیمت کی

عن نفسه وعن ولده الصغیر ذکرا کان او انثی ان لم یکن للصغیر مال حتی لو کان للصغیر مال یؤدی
اپنی طرف سی اور اپنی اولاد نابالغ کی طرف سی لڑکا ہو یا لڑکی جس صورت مین نابالغ کی ملک مین مال نہو ادا کری یہانتک کہ اگر صغیر نابالغ کی پاس مال ہو تو اوسکا

عنه ابوه او وصیه من ماله ولا یجب علیه صدقة ولده الکبیر وان کان فی عیاله ولا صدقة زوجته
باپ یا وصی اوسکی مال مین سی ادا کردی اور اولاد بالغ کی طرف سی صدقہ فطر باپ پر واجب نہین ہوتا اگرچہ اوسکی عیال مین داخل ہی اور نہ صدقہ جورو کا واجب ہی

ولو ادی عنهما بغیر امرهما یجوز استحسانا لانه ماذون فیه عادة ویعطی عن مملوکه للخدمة ولو مدبرا
اور اگر اونکی طرف سی اونکی بی کہی ادا کردی تو استحسانا جایز ہی کیونکہ عادت کی موافق اسمین اجازت ہوتی ہی اور اپنی غلام کی طرف سی بہی ادا کری جو خدمت کی واسطی

اوام ولد او كافرا ولا يعطي عن عبده للتجارة وعن مملوكه الآبق فان عاد مملوكه عن الاباق بعد ما مضى

یا ام ولد ہو یا کافر ہو اور سوداگری کی غلام کی طرف سی دینا لازم نہیں ہی اور نہ بھاگی ہوئی غلام کی طرف سی پہر اگر غلام بھاگا ہوا ایسی وقت حاضر ہو کہ روز فطر کا گذر گیا

يوم الفطر حتى ان من مات من مماليكه واولاده قبله لا يجب صدقته وكذا لو ولد له ولدا وملك عبدا

یہاں تک کہ اگر کوئی غلاموں میں سی یا اولاد میں سی صبح صادق سی پہلی مرجاوی تو اوسکا صدقہ واجب نہیں رہتا اور ایسی ہی اگر بعد صبح صادق کی بچہ پیدا ہوا

بعده لا يجب عليه صدقته ولو ولد له او ملك عبدا قبله كان عليه صدقته وكذا لو صار غنيا قبله

یا کسی غلام کا مالک ہوگیا تو صدقہ واجب نہیں ہوتا اور اگر صبح صادق سی پہلی بچہ پیدا ہوا یا غلام کا مالک ہوا تو اوسکا صدقہ واجب ہوگا اور ایسی ہی اگر پہلی غنی ہوگیا

وبعده لا والمستحب اداءها قبل صلوة العيد ولا تسقط بتاخيرها وان افتقر وطال المدة لانها

تو واجب ہی اور بعد ہوا تو نہیں اور صدقہ عید کی نماز سی پہلی ادا کرنا مستحب ہی اور دیر کرنی سی ساقط نہیں ہوتا اگرچہ فقیر ہوجاوی اور اسپر مدت دراز گذر جاوی

متعلقة بالذمة دون المال ويجوز تقديمها عن وقت وجوبها بلا تفصيل فيه بين مدة ومدة في الصحيح

کیونکہ صدقہ فطر ذمہ پر لازم ہوتا ہی کچھ مال پر نہیں ہی اور صدقہ فطر وقت وجوب سی پہلی دیدینا صحیح مذہب میں جایز ہی کچھ مدت کم زیادہ کا فرق نہیں ہی

ويجب دفع فطرة كل شخص الى فقير واحد حتى لو فرقت الى فقيرين لا يجوز لان المنصوص عليه الاغناء

اور ایک شخص کا فطرہ ایک ہی فقیر کو دینا واجب ہی یعنی گیہوں کی آدہی صاع سی کم نہ دی اگر دو فقیروں کو پاو پاو صاع تقسیم کر دیگا تو جایز نہیں ہی اسواسطی کہ حدیث کا مطلب

لقوله عليه السلام اغنوهم عن المسئلة في مثل هذا اليوم ولا يستغني بما دون ذلك وقيل يجوز دفعها

غنی کر دینا ہی اس حدیث میں کہ ان فقیروں کو سوال کرنی سی آج کی دن غنی کردو اور اس سی کمتر میں غنی نہیں ہوتا اور بعضی کہتی ہیں ایک فطرہ

الى فقيرين لكن الاول اولى ويجوز دفع ما وجب على جماعة الى فقير لكن الاولى ان يكون الدفع بدفعات

دو فقیروں کو بھی دینا جایز ہی پر اول مذہب بہتر ہی اور کئی شخصوں کا فطرہ ایک فقیر کو دینا جایز ہی پر اولی یہہ ہی کہ کئی بار ایک ایک فطرہ علیحدہ کر کی دی

لا دفعة واحدة لان نصف الصاع من ادنى المقادير يمنع النقصان لا الزيادة فاذا وقع التفريق في

ایک دفعہ ہی نہ دیوی اسواسطی کہ آدہی صاع کم سی کم مقدار ہی سو کمتی سی روکتا ہی زیادت سی نہیں منع کرتا سو جب دینی میں علیحدہ علیحدہ کر دیا

الدفع يكون الفقير في الدفعة الثانية في حكم مسكين اخر ولا يجوز دفعها الى اصوله وفروعه ومماليكه

تو گویا وہ ہی فقیر دوسری دفعہ میں نیا اور مسکین ہی اور صدقہ فطر کا دینا اپنی اصل یعنی ما باپ وغیرہ کو اور اپنی فرع کو یعنی بیٹا بیٹی کو اور اپنی غلاموں وغیرہ کو

وغيرهم ممن لا يجوز دفع الزكوة اليهم ويجوز صرفها الى فقراء اهل الذمة لكن يكره بخلاف الزكوة حيث لا يجوز

دینا جایز نہیں ہی جن جن کو زکوۃ کا دینا جایز نہیں ہی اور صدقہ فطر ذمی فقیروں کو دینا جایز ہی پر مکروہ برخلاف زکوۃ کی کیونکہ زکوۃ کا دینا

دفع الزكوة اليهم الثالث مما يجب على المكلف في هذا العيد الصلوة وقبل الصلوة يستحب للرجل السواك

ذمیوں کو ہرگز جایز نہیں ہی تیسری اس عید میں جو مکلف پر واجب ہی نماز ہی اور نماز سی پہلی مرد کو مستحب ہی مسواک کرنی

والاغتسال والتطيب ولبس احسن الثياب المباحة بان يكون جديدا او غسيلا لا حريرا فانه حرام

اور نہانا اور خوشبو لگانی اور اچھی کپڑی پہنی جو مباح ہوں یعنی نئی ہوں یا دہوئی ہوئی ہوں حریر نہو کیونکہ حریر

على الرجال حتى الصبيان لكن الاثم على من البسهم والافطار بالحلو واداء صدقة الفطر وصلوة الغداة

مردوں پر بچوں تک حرام ہی پر گناہ اونپر ہی جو اونکو پہنادیں فقط اور میٹھا کہانا اور صدقہ فطر ادا کرنی اور اشراق کی

في مسجد حيه والتبكير وهو سرعة الانتباه والابتكار وهو المسارعة الى المصلى عينا او وقتا والتوجه اليه ماشيا

محلہ کی مسجد میں اور تبکیر یعنی جلد تیار ہونا اور ابتکار کی معنی یہاں عیدگاہ کی طرف جلد روانہ ہونا اسواسطی کہ عید کی نماز کو اور پیادہ پا جانا

والرجوع من طريق اخر ثم الخروج الى الجبانة سنة وان وسعهم الجامع لكن يستخلف الامام من

اور دوسری رستہ سی آنا پہر جنگل میں جانا مسنون ہی اگرچہ مسجد جامع میں تمام نمازی آسکتی ہوں لیکن امام کسیکو اپنا خلیفہ کردی

يصلي في المصر بالضعفاء والمرضى بناء على ان صلوة العيد في الموضعين جائزة بالاتفاق بخلاف

جو شہر کی اندر ناتوانون اور بیمارون کو نماز پڑہادی کیونکہ عید کی نماز ایک شہر مین دو جگہ بالاتفاق جائز ہی بخلاف

الجمعة فانها جامعة للجماعات والتفرق ينافيه ويستحب التكبير في طريق المصلى لكن عند ابي حنيفة لا يجهر به

جمعہ کی جو دو جگہ جائز نہین ہی کیونکہ جمعہ جماعتونکو جمع کردیتا ہی اور تفرقہ اسکی خلاف ہی اور عیدگاہ کی رستہ مین تکبیر پڑہتی ہوئی جانا مستحب ہی یعنی اللہ اکبر اللہ اکبر

في هذا العيد وعندهما يجهر به وهو رواية عنه ايضا وعن ابي جعفر انه قال لا ينبغي ان يمنع

عید الفطر مین آہستہ آہستہ پڑہی اور صاحبین کی نزدیک پکار کر پڑہی یہہ بہی امام ابو حنیفہ سی روایت ہی اور ابو جعفر سی روایت ہی کہ عام کو تکبیر سی منع کرنا

العامة عن ذلك لقلة رغبتهم في الخيرات فعلى هذا كان الاولى بهم ان يكبروا لكن لا على هيئة

اچہا نہین ہی کیونکہ خیرات کی طرف پہلی ہی اونکو توجہ کمتر ہی اس روایت کی موافق یہہ ہی بہتر ہی کہ تکبیر پڑہا کرین پر سبکو ملکر

الاجتماع والاتفاق في الصوت ومراعات الانغام فان ذلك كله حرام بل يكبر كل واحد بنفسه واذا

اور ایک آواز بنا کر راگنی کی تال سم پر نہین چاہی کیونکہ یہہ تمام طریقی حرام ہین بلکہ ہر ایک جدا جدا تکبیر پڑہی اور جب

بلغ المصلى قطع التكبير وروى عن ابي موسى الرضا انه يكبر في كل عشر خطوات مرة حتى بلغ الجبانة

عیدگاہ مین جا پہنچی تو تکبیر موقوف کری اور ابو موسی رضا سی روایت ہی کہ دس دس قدم کی فاصلہ پر ایک بار تکبیر پڑہتی ہوئی عیدگاہ تک پہنچ جاتی تہی

ولو توجه الرستاقي الى المصلى ليلا من فرسخ ونحوه يبدأ بالتكبير اذا طلع الفجر ثم اذا دخل وقت الصلوة

اور اگر کوئی گردنواح کا رہنی والا رات کو عیدگاہ مین کوس بہر یا کم زیادہ فاصلہ سی آجاوی تو صبح صادق ہوتی ہی تکبیر پڑہنی شروع کری پہر جب نماز کا وقت

وخرج وقت الكراهة بارتفاع الشمس يصلي الامام بالناس ركعتين بلا اذان ولا اقامة يكبر اولا للافتتاح

آجاوی اور وقت مکروہ آفتاب بلند ہونی سی گذر جاوی تو امام لوگون کی ساتہہ دو رکعت بدون اذان اور تکبیر کی پڑہی پہلی تکبیر تحریمہ کہی

ثم يضع يديه تحت سرته ثم يثني ثم يكبر ثلث تكبيرات يفصل بين كل تكبيرة بقدر ثلث تسبيحات

پہر دونو ہاتہہ ناف کی نیچی باندہ لی پہر سبحانک اللہم پڑہی پہر تین دفعہ تکبیر کہی ہر ہر تکبیر کی بیچ مین بقدر تین تین تسبیح کی فرق رکہی

لانها تقام بجمع عظيم وبالموالاة يشتبه على من كان بعيدا ويرفع يديه عند كل واحدة من ثلث

اسواسطی کہ بڑی انبوہ مین اتفاق ہوتا ہی پی درپی بی فاصلہ کہنی مین دور کی آدمیون کو شاید سنائی نہ دی اور اپنی دونو ہاتہہ ہر ہر تکبیر کی ساتہہ

التكبيرات الثلث ويرسلهما في اثنائهن ثم يضعهما تحت سرته بعد الثالثة ويتعوذ ويسمي ثم يقرأ

تینون دفعہ کان تک اٹہاوی اور بیچ مین دونو ہاتہہ چہوڑی رکہی پہر بعد تین بار کی ناف کی تلی دستور کی موافق باندہ لی اور اعوذ باللہ آخر تک پڑہی اور بسم اللہ پڑہ کر

الفاتحة وسورة ثم يكبر ويركع فاذا قام الى الركعة الثانية يبدأ بالقراءة ثم يكبر بعدها ثلثا يفصل

سورہ فاتحہ اور ایک اور کوئی سورة پڑہی پہر اللہ اکبر کہہ کر رکوع کری پہر جب دوسری رکعت کی واسطی کہڑا ہو تو قرارت قرآن کی شروع کری پہر بعد قرارت کی تین بار تکبیر کہی

بينهن بقدر ما ذكرنا ويرفع يديه ويرسلهما عند كل تكبيرة وليس هنا وضع ثم يكبر ويركع فيكون

اونکی بیچ بہی اسیقدر فاصلہ رکہی جو اب ذکر کیا ہی اور دونو ہاتہہ اوٹہاوی اور ہر تکبیر پر چہوڑی رکہی اسوقت مین ہاتہہ کا باندہنا ثابت نہین پہر تکبیر کہکر رکوع کری

الركعتين تسعا ثلث منها اصليات تكبيرة الافتتاح وتكبيرتان للركوع وستة منها زوائد ثلث في الركعة

اب تکبیرین دونو رکعت کی نو ہوگئیں تین تو انمین سی اصلی ہین یعنی تکبیر تحریمہ اور دو تکبیرین دونو رکوع کی اور انمین سی چہہ تکبیرین زائد ہین تین پہلی رکعت مین

الاولى قبل القراءة صبه من بالغ ة الثانية بعد القراءة ولو نسي التكبير في الركعة الاولى حتى قرا بعض

قرارت سی پہلی اور دوسری ... قرارت کی پیچہی اور اگر پہلی رکعت مین تکبیر کہنی بہول گیا اتنا کہ تہوڑی سی

الفاتحة او كلها ثم تذكر يكبر ويعيد الفاتحة وان تذكر بعد قراءة الفاتحة والسورة يكبر ولا يعيد القراءة

یا ساری سورہ فاتحہ پڑہ لی پہر تب یاد آئی تو اب تکبیر کہہ کر فاتحہ کو دوبارہ پڑہی اور فاتحہ اور دوسری سورة پڑہ کر یاد آئی تو صرف تکبیریں کہی قرارت کو دوبارہ

لانها تمت وبعد التمام لا یقبل النقض بالاعادة بخلاف الاول والثانی فانها لم تتم فیهما فصار کانه لم یشرع
اسواسطی کہ قرارت پوری ہوگئی اور پوری ہونی کی بعد ثانی سی نقض نہین ہوسکتا برخلاف پہلی صورت اور دوسری صورت کی کیونکہ قرارت دونو صورتون مین پوری نہین

فیها فیعیدها رعایة للترتیب ثم یخطب بعد الصلوة خطبتین یبدأ فیهما بالتکبیر ویفصل بینهما
شروع نہین کی سو قرارت کو ترتیب کی واسطی ہٹادی پہر امام نماز کی بعد دو خطبہ پڑہی دونو خطبہ تکبیر سی شروع کری اور دونو خطبون مین اتنی دیر

بجلسة خفیفة مقدارها ان یستقر کل عضو منه فی موضعه ویسنّ فیهما ما یسنّ فی خطبة الجمعة
جلسہ خفیف کری کہ جوڑ توڑ بدن کی اپنی اپنی جگہ درست ہوجاوین اور اس خطبہ مین وہ ہی امر مسنون ہی جو جمعہ کی خطبہ مین مسنون ہی

ویکره فیهما ما یکره فیها وفی هذه العید یعلّم فیها احکام صدقة الفطر ومن لم یدرک صلوة العید مع الامام
اور وہ ہی امر مکروہ ہی جو جمعہ کی خطبہ مین مکروہ ہی اور اس عید یعنی عید الفطر مین خطبہ کی اندر فطرہ کی احکام لوگون کو سناوی اور جسکو عید کی نماز امام کی ساتھ نہ ملی

لا یقضیها ومن ادرک الامام فی الرکوع کبّر للافتتاح قائما لان تکبیرة الافتتاح شرع فی القیام المحض ثم
تو اوسپر قضا نہین ہی اور جسنی امام کو رکوع مین پایا تو اول حالت قیام مین تکبیر تحریمہ کہی اسواسطی کہ تکبیر تحریمہ صرف حالت قیام ہی مین جایز ہی

للعید ان ظن انه یدرک الامام فی الرکوع لان المحل الاصلی لتکبیرات العید القیام المحض وان خاف فوت
پہر عید کی تکبیرین کہی اگر یہہ معلوم ہو کہ تکبیرین عید کی کہہ کر بہی رکوع مین امام کی ساتھ شامل ہوجاویگا اسلئی کہ اصلی جگہ عید کی تکبیرون کی صرف قیام ہی ہی اور اگر یہہ خوف

الرکوع مع الامام یکبر للرکوع ویرکع ثم یکبر تکبیرات العید فی الرکوع لانها واجبة والاشتغال بها اولی
ہو کہ تکبیرین کہنی مین امام کی ساتھ رکوع ہاتھ نہین آویگا تو بعد تکبیر تحریمہ کی تکبیر رکوع کی کہہ کر رکوع مین چلا جاوی پہر رکوع مین جاکر تکبیرین عید کی ادا کری اسلئی کہ عید کی

ویترک تسبیحات الرکوع لکونها سنة ولا یرفع یدیه فی الرکوع لان الرفع سنة ووضع الکف علی الرکبة سنة
اور تسبیحات رکوع کی ترک کردی اسواسطی کہ سنت ہین اور رکوع مین رفع یدین بہی موقوف رکہی اسواسطی کہ رفع یدین سنت ہی اور ہاتہون کا گہٹنون پر رکہنا بہی سنت

ایضا ولا وجه لاشتغال سنة فیه ترک سنة اخری واذا رفع الامام راسه فیسقط عنه ما بقی من التکبیرات
ہی اسکی کوئی وجہ نہین کہ ایک سنت کو اپنی موقع سی چہوڑ کر دوسری سنت ادا کری اور جب امام کہڑا ہوجاوی تو پہر اوسکی ذمہ سی جو تکبیر عید کی رہ گئی ہو ساقط ہوجاتی

فلا یتمها فی الرکوع ولا فی القومة بل یسارع فی متابعة الامام لانها فرض فلا یترک للواجب ولو ادرک الامام
اب اوس تکبیر کو نہ تو رکوع مین پوری کری اور نہ قومہ مین بلکہ امام کی متابعت کی لئی جلد رکوع سی کہڑا ہوجاوی کیونکہ متابعت فرض ہی واجب کی واسطی ترک نہین ہوسکتی اور اگر

فی القومة لا یکبر فیها لانه یقضی تلک الرکعة مع التکبیرات ومن فاتته رکعة اذا قام الی قضاء ما سبق یبدأ
امام کو قومہ مین پایا تو قومہ مین تکبیر عید کی نہ کہی کیونکہ اس رکعت کو معہ تکبیرات قضا کریگا اور جسکی ایک رکعت فوت ہوجاوی تو جب فائتہ کو قضا کرنی کو کہڑا ہو تو اول قرات

بالقراءة ثم یکبر بعدها تکبیرات العید ویرکع ولو ادرک الامام فی التشهد او بعد السلام فی سجدة السهو فانه یقوم
شروع کری پہر بعد قرارت کی تکبیرین عید کی ادا کری پہر رکوع مین جاوی اور اگر امام کو التحیات مین پایا یا سلام کی بعد سہو کی سجدہ مین پایا تو اب یہہ کہڑا ہوکر

ویصلی باتیان التکبیر فی محلها ویستحب تاخیر الصلوة فی هذا العید وتعجیلها فی عید الاضحی وفی
نماز پڑہی اور تکبیرین عید کی اپنی ٹہکانی سر کہی اور اس عید کی نماز مین کچہہ تاخیر کرنی مستحب ہی اور عید الاضحی مین شتابی کرنی مستحب ہی اور

القنیة تقدم صلوة العید علی صلوة الجنازة اذا اجتمعا وصلوة الجنازة علی الخطبة وفی البزازیة اذا اجتمع
قنیہ مین ہی کہ جنازہ اور عید کی نماز اگر جمع ہوجاوین تو عید کی نماز پہلی پڑہین پہر جنازہ کی پڑہین پہر خطبہ عید کا پڑہین اور بزازیہ مین ہی اگر عید

العید والکسوف یقدم العید لانه واجب کما یقدم علی الجنازة لکون وجوبه عینا ووجوب الجنازة کفایة
اور نماز کسوف جمع ہوجاوین تو عید کی نماز پہلی پڑہین کیونکہ عید کی نماز واجب ہی چنانچہ جنازہ کی نماز پر مقدم ہی اسواسطی کہ عید کی نماز واجب عینی ہی اور جنازہ کی نماز

ویکره التنفل فی المصلی قبل صلوة العید وبعدها للامام وغیره وان غم هلال الفطر وشهد الشهود بعد الزوال
واجب کفایہ ہی اور عیدگاہ مین جاکر عید کی نماز سی پہلی نفلین پڑہنی مکروہ ہین اور بعد نماز عید کی امام وغیرہ خواص کو مکروہ ہین اور اگر انتیسوین کو چاند چہپ جاوی اور گواہ آکر

عند الامام برؤية الهلال فانه يصلي بالناس صلوة العيد من الغد لان هذا تاخير بعذر وقد روى
امام کی پاس چاند کی گواہی دین تو اب امام عید کی نماز لوگون کو اگلی دن یعنی دوسری تاریخ پڑہاوی کیونکہ لاچاری مین تاخیر ہوئی اور روایت ہی

ان قوما شهدوا عند رسول الله صلى الله عليه وسلم بعد الزوال برؤية الهلال فامر النبي عليه السلام
کہ ایک قوم نی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین آکر دوپہر ڈہلی چاند کی گواہی دی تہی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی حکم فرمایا تہا

بالخروج الى المصلى من الغد واما التاخير بغير عذر فلا يجوز وان حدث عذر يمنع من الصلوة بعد
کہ کل یعنی دوسری تاریخ عیدگاہ مین چلین اور بی عذر تاخیر کرنی جایز نہین ہی اور اگر ایسا عذر پیش آوی کہ جسمین اگلی دن بہی نماز نہو سکی

الغد لا يصلي بعده لان الاصل فيها ان لا يصلي في اليوم الثاني ايضا لكون يوم الفطر واحدا لكن قد ورد
تو پہر نماز نہین ہی کیونکہ اصل اسمین یہہ ہی کہ اگلی روز بہی نماز نہ پڑہین کیونکہ یوم فطر ایک ہی ہی لیکن حدیث شریف مین

الحديث بالتاخير الى اليوم الثاني عند العذر فبقي ماوراءه على قضية القياس ثم ينبغي ان يعلم
اگلی دن تک کی تاخیر عذر کی حالت مین آگئی ہی سواوسکی بعد قیاس کی مطابق ممنوع ہی پہر سمجہنی کی بات ہی

ان رؤية الهلال وان كان سببا لوجوب الصوم والفطر لقوله عليه السلام صوموا لرؤيته وافطروا
کہ چاند کی دیکہنی سی اگرچہ روزہ رکہنا ہی اور روزہ افطار کرنا ہی واجب ہوجاتا ہی کیونکہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ہی روزہ رکہو چاند دیکہ کر اور افطار

لرؤيته لكن العمل به لا يلزم الا بعد قضاء القاضي ولهذا يلزم المراجعة اليه ثم انه اذا كان في السماء
کرو چاند دیکہہ کر پر عمل اس حدیث کی موافق بدون حکم قاضی کی نہین ہوتا اسیواسطی قاضی کی پاس مراجعت کرنی چاہی پہر اگر آسمان مین کچہہ

علة سواء كان غيما او دخانا او بخارا او غبارا او نحو ذلك لا يقبل في هلال الفطر الا شهادة رجلين
رکاوٹ ہو برابر ہی کہ ابر ہو یا دہوان ہو یا بخار ہو یا گرد غبار ہو یا مانند اسکی تو ہلال فطر مین گواہی مقبول نہین ہوگی بدون دو مردون

او رجل وامراتين وكما يشترط فيه العدد يشترط الحرية والعدالة ولفظ الشهادة لتعلق حق العباد به لانهم
یا ایک مرد اور دو عورتون کی اور جیسی یہہ عدد شرط ہی ایسی ہی یہہ شرط ہی کہ گواہ ازاد عادل ہون اور لفظ شہادت کا ہو کیونکہ اس سی حق العباد متعلق ہین

ينتفعون به فيثبت بما يثبت به سائر حقوقهم بخلاف هلال رمضان فانه المتعلق به حق الشرع وهو
اسلئی کہ اونکا اسمین نفع ہی سو عید کا چاند اسی طور پر ثابت ہوگا جسطور اونکی تمام حقوق ثابت ہوتی ہین برخلاف چاند رمضان کی کیونکہ اس چاند سی صرف حق شرع کا متعلق ہی

الصوم فيكتفى فيه بخبر الواحد العدل حرا كان او عبدا ذكرا كان او انثى واما اذا لم يكن في السماء علة فلا يقبل
یعنی روزہ سو اسمین ایک شخص عادل کی خبر بہی کافی ہی ازاد ہو یا غلام مرد ہو یا عورت ہان اگر آسمان صاف ہو کچہہ روک نہو تو اب

شهادة الواحد في هلال رمضان ولا شهادة الاثنين في هلال الفطر وانما تقبل شهادة جمع كثير يقع العلم بخبرهم
گواہی ایک شخص کی رمضان کی چاند مین اور گواہی دو شخصون کی عید الفطر کی چاند مین مقبول نہین ہوگی اب گواہی بہت انبوہ کی مقبول ہو گی جنکی خبر سی یقین آجاوی

واختلفوا في مقدار ذلك فقيل لا بد من اهل محلة وقيل لا بد من خمسين رجلا وعن محمد لا بد ان يتواتر
اور اس انبوہ کی مقدار مین اختلاف ہی بعضی کہتی ہین ایک محلہ والی چاہیین اور بعضی کہتی ہین پچاس مرد چاہیین اور امام محمد سی روایت ہی کہ ہر طرف سی

الخبر من كل جانب والصحيح انه مفوض الى راي الحاكم لان المراد بالعلم الحاصل بخبرهم العلم الشرعي الموجب
خبر کا پی در پی آنا چاہی اور صحیح مذہب یہہ ہی کہ حاکم کی رای پر حوالہ ہی اسواسطی کہ جو علم اونکی خبر سی حاصل ہوتا ہی تو اوس سی علم شرعی مراد ہی جس سی عمل

للعمل وهو غلبة الظن لا العلم بمعنى التيقن ومن راي هلال الفطر وحده وشهد عند القاضي ولم يقبل
کرنا واجب ہوجاوی یعنی ظن غالب ہوجاوی علم یقین کی درجہ کا مراد نہین ہی اور اگر کسی نی عید کا چاند اکیلی نی دیکہا اور قاضی کی روبرو جاکر گواہی دی پر اوسکی گواہی

شهادته فانه يصوم ولا يفطر وان افطر يقضي ولا كفارة عليه ولو راي الامام هلال الفطر وحده لا يفطر
مقبول نہوئی تو اسکو چاہی کہ روزہ رکہی افطار نکری اور اگر افطار کیا تو قضا کری اور اوسپر کفارہ نہین ہی اور اکیلی امام نی اگر عید کا چاند دیکہا تو افطار نکری

ولا یخرج لصلوة العید ومن رای هلال الفطر وقت العصر فظن بانقضاء مدة الصوم وافطر قال فی المحیط اختلفوا
اور عید کی نماز کو بہی نجاوی اور اگر کسی نی عید کا چاند عصر کی وقت دیکہکر اس خیال سی کہ مدت روزون کی تمام ہوئی روزہ افطار کرڈالا محیط مین لکہا ہی
فی وجوب الکفارة والاکثر علی الوجوب ولو ان اهل بلدة راوا هلال رمضان صاموا تسعة وعشرین
کہ بابت وجوب کفارہ کی اختلاف ہی اکثر فقیہ کفارہ واجب بتاتی ہین اور اگر ایک شہر والون نی رمضان کا چاند دیکہکر انتیس روزی رکہی تہی
یوما فشهد جماعة عند القاضی فی الیوم التاسع والعشرین ان اهل بلدة کذا راوا هلال رمضان فی
کہ اسمین ایک گروہ نی قاضی کی پاس انتیسوین تاریخ آکر گواہی دی کہ فلانی شہر والون نی رمضان کا چاند فلانی شب مین تمسی ایک دن پہلی
لیلة کذا قبلکم بیوم فصاموا وهذا الیوم یوم الثلثین من رمضان واهل هذه البلدة لم یروا الهلال
دیکہکر روزی رکہی ہین اور آج رمضان کی تیسوین تاریخ ہی فقط اور حال یہہ ہی کہ اس شہر والون کو اوس شب مین چاند نہین نظر آیا تہا
فی تلك اللیلة والسماء مصحیة لا یباح لهم الفطر غدا ولا یترك التراویح لان هذه الجماعة لم یشهدوا بالرویة
باوجودیکہ آسمان صاف تہا تو اب ان لوگون کو اگلی دن افطار کرنا مباح نہین اور نہ تراویح ترک کرین اسلئی کہ اس گروہ نی نہ چاند دیکہنی کی گواہی دی ہی
ولا علی شهادة غیرهم وانما حکوا رویة غیرهم واما لو کان شهدوا عند القاضی ان قاضی بلدة کذا
اور نہ اورونکی گواہی پر گواہی دی ہی صرف اورون کی رویت کا حال بیان کیا ہی ان اگر قاضی کی سامنی یہہ گواہی دیتی کہ فلانی شہر کی قاضی کی سامنی
شهد عنده شاهدان برویة الهلال فی لیلة کذا وقضی ذلك القاضی بشادتهما جاز لهذا القاضی ان
دو گواہون نی فلانی شب مین چاند دیکہنی کی گواہی دی تہی اور اوس قاضی نی اونکی گواہی کی موافق حکم جاری کیا تو اب اس قاضی کو بہی جایز ہوتا کہ انکی گواہی کی موافق
یقضی بشهادتهم لان قضاء القاضی الاول حجة فیجوز العمل به یسرنا الله تعالی عملا موافقا لرضائه بلطفه
حکم کردیتا اسواسطی کہ پہلی قاضی کا حکم حجت ہی اوسپر عمل کرنا جایز ہی الہی ہمپر آسان کر اعمال اپنی موافق رضا کی اپنی لطف اور
وکرمه امین یا معین

المجلس الثالث والثلثون فی بیان فضیلة صوم شوال

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم
کرم سی قبول کر یا مددگار تینتیسوین مجلس مین بیان روزہ ماہ شوال کی فضیلت کا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی
من صام رمضان ثم اتبعه ستا من شوال کان کصیام الدهر هذا الحدیث من صحاح المصابیح رواه
جس نی رمضان کی روزہ رکہی پہر اوسکی پیچہی چہہ روزہ شوال کی رکہی تو ایساہی جیسی تمام سال کی روزی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی ابو ہریرہ اور
ابو هریرة وابو ایوب الانصاری وانما کان ذلك کصیام الدهر لان الحسنة تضاعف بعشر امثالها
ابو ایوب انصاری کی روایت سی اور یہہ روزی مانند روزون سال کی اسلئی ہین کہ حسنات دس گونہ زیادہ ہوتی ہین
فمن صام رمضان بصیر کانه صام عشرة اشهر ثم اذا صام بعده ستة ایام من شوال بصیر
پہر جسنی رمضان کی روزی رکہی تو گویا دس مہینی کی روزی رکہی پہر اگر بعد اوسکی شوال مین چہہ روزی رکہی تو
کانه صام شهرین فیکون المجموع کاثنی عشر شهرا فان قیل یفهم من هذا الکلام ان المراد من الدهر
گویا دو مہینی کی روزی رکہی پہر سب ملکر گویا بارہ مہینی کی روزی ہوئی اگر اعتراض کرین کہ اس کلام سی یہہ سمجہا جاتا ہی کہ دہر سی مراد
السنة لکن استعمال الدهر بمعنی السنة غیر متعارف فی کلامهم بل هو عند اهل اللغة یطلق علی الابد
ایک سال ہی پر دہر کا استعمال سال کی معنون مین عرب کی کلام مین پایا نہین جاتا بلکہ دہر کی لفظ کو لغت والی زمانہ ابدی پر بولتی ہین
وقد اتفق ابو حنیفة وصاحباه علی ان الدهر المعرف باللام یکون للعمر فالظاهر ان یحمل علی مدة العمر
اور امام ابو حنیفہ اور صاحبین اس بات پر متفق ہین کہ دہر کا لفظ الف لام کی ساتہہ یعنی الدہر تمام عمر کی معنون مین ہی تو اب ظاہر یون معلوم ہوتا ہی کہ تمام عمر کی
ولا وجه لحمله علی السنة فالجواب ان الحمل علی السنة هو الحمل علی مدة العمر لان المکلف لا بد له ان یصوم
معنی ہین ایک سال کی معنون کی کوئی وجہ نہین ہی تو جواب یہہ ہی کہ سال کی معنی لینی یہہ ہی معنی مدت عمر کی ہین اسواسطی کہ مکلف آدمی کو ضرور ہی کہ رمضان کی روزی

رمضان ثم اذا اعتاد ان يصوم بعده ستة ايام من شوال يكون كمن صام مدة عمره فان قيل
رکہی پہر جب یہہ عادت ہوئی کہ بعد اوسکی شوال مین چہہ روزی رکہا کری تو ایسا ہی کہ اپنی تمام عمر روزی رکہی اگر کوئی اعتراض کری

من صام شهرا كاملا اي شهر كان ثم صام بعده ستة ايام يكون كصيام سنة بمقتضى قوله تعالى
جب کوئی کسی ایک پوری مہینی کی روزی رکہی پہر اوسکی بعد چہہ روزی اور رکہی تو یہہ بہی برابر ایک سال کی ہونگی موافق مضمون اس آیت کی

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا فما وجه تخصيص رمضان وشوال بالذكر فالجواب ان شهر
جو کوئی لایا نیکی اوسکو ہی اوس سی دس گونہ پہر خاص رمضان اور شوال کی ذکر کرنی کی کیا وجہ ہی تو جواب یہہ ہی کہ رمضان کا

رمضان متعين للصوم وشهر شوال لوقوعه عقيبه كان صيامه كصيامه في الفضل وملحقا به في الشرف
مہینہ روزون کی لئی متعین چلا آتا ہی اور شوال کا مہینا چونکہ اوسکی بعد اوس سی متصل ہی تو شوال کی روزی بہی فضیلت مین رمضان کی مانند ہین اور شرافت مین

حتى قيل صيام ستة ايام من شوال يلتحق بصيام رمضان ويكون لمن صامها مع رمضان كصيام
اوسکی ساتہہ ملی ہوئی ہین یہان تک کہ کہتی ہین چہہ روزی عید کی چاند کی رمضان کی روزون مین داخل ہین اور جو کوئی شوال کی چہہ روزی ہمراہ رمضان کی اداکری اوسکو ایسا ثواب

الدهر فرضا فلذلك خص ايامها بالذكر من بين سائر الشهور ثم الافضل ان يكون صومها بعد يوم الفطر
ہی گویا تمام سال کی فرض روزی اداکئی اس لئی خاص ان دونو مہینون کا تمام مہینون مین سی ذکر کیا پہر افضل یہہ ہی کہ روزی شوال مین بعد عید الفطر کی

متوالية وحكى عن بعض العلماء كراهة صومها متصلا به حزرا عن التشبيه باهل الكتاب في زيادتهم
پی در پی ہون اور بعضی علما سی مذکور ہی کہ متصل روزی مکروہ ہین تا کہ اہل کتاب کی مشابہت سی بچی اس باب مین کہ ادنہون نی فرض پر بڑہالئی ہین

على الفرض لكن لا كراهة فيه في المختار لان الكراهة انما تكون فيما لا يؤمن ان يعد ذلك من رمضان
لیکن مختار مذہب مین کچہہ کراہت نہین ہی کیونکہ کراہت تب ہی کہ یہہ خوف ہو کہ یہہ روزی رمضان مین شمار کئی جائینگی

ويكون تشبيها بالنصارى في زيادتهم على الفرض وقد زال هذا المعنى لانتفاء الاتصال بفصل يوم
اور مشابہت نصاری کی فرض پہ بڑہالینی مین ہو جائنگی اور یہہ بات کہان رہی جب کہ عید کا روز بیچمین آجانی سی اتصال جاتا رہا

الفطر مع ان كلامهم يشير الى ان الكراهة في حق العوام لا في حق اهل العلم وروى عن ابي حنيفة انه
باوجود یکہ فقہا کی کلام مین یہہ اشارہ ہی کہ عوام کی حق مین مکروہ ہی اہل علم کی حق مین مکروہ نہین ہی اور روایت ہی ابو حنیفہ سی کہ

كرهه متتابعا ومتفرقا والمتاخرون من علماء مذهبه لم يروا به باسا لكنهم اختلفوا في ان الافضل
مکروہ جانتی تہی پی در پی کو اور جدا جدا کو اور متاخر علما حنفی مذہب اسمین کچہہ باک نہین جانتی پر اسمین اختلاف کرتی ہین کہ آیا افضل پی در پی ہین

التتابع او التفرق فان فرقها او اخرها عن اوائل الشهر يحصل له فضيلة الاتباع ويكون ابعد من شبهة
یا جدا جدا اگر جدا جدا رکہی یا اول ماہ سی گذر کر آخر مہینی مین رکہی تو اوسکو فضیلت اتباع کی ملجاتی ہی اور اختلاف کی شبہ سی بہی الگ رہتا ہی

الاختلاف واما ما قيل هذا شيء وضعه الجهال وكل حديث يروى فيه فهو موضوع فلا ينبغي ان يسمع هذا
اور یہہ جو کہتی ہین کہ یہہ بات جاہلون کی گہرٹ ہی اور جو جو حدیث اس باب مین مروی ہی وہ سب موضوع ہین تو یہہ طعن سننی کی لایق

الطعن لان هذا الحديث ثابت في صحيح مسلم وكل حديث ثبت في احدى الصحيحين لا يسمع طعن الوضع فيه
نہین ہی کیونکہ یہہ حدیث صحیح مسلم مین موجود ہی اور جو حدیث صحیح مسلم یا صحیح بخاری مین موجود ہو اوسمین عیب وضعی ہونیکا مسموع نہین ہی

ثم ينبغي ان يعلم ان بعض الناس كانوا لا يرون يمنا في التزوج في شوال ويتطيرون به وهذا من امر الجاهلية
پہر سمجہنی کی بات ہی کہ بعضی آدمی شوال مین نکاح کرنیکو مبارک نہین جانتی اسمین بدفالی لیتی ہین سو یہہ بات جاہلیت کی ہی

فانهم كانوا يتشامون بشوال من النكاح فيه وسبب ذلك على ما قيل ان طاعونا وقع في شوال في سنة
جاہلیت والی شوال مین نکاح کرنیکو نحس جانتی تہی اسکا سبب یہہ کہتی ہین کہ ایک سال مین ماہ شوال کی اندر وباء طاعون پیدا ہوئی تہی

من السنين ومات فيه كثير من العرايس فتشام به اهل الجاهلية وقد ورد فی الشرع بابطاله
اوسمین بہت سی دلہنین مرگئی تہین سواہل جاہلیت نی اسکو نحس ٹہرالیا اور شرع مین اسکا بطلان ظاہر موجود ہی

كما روى عن عائشة انها قالت تزوجنی رسول الله صلی الله وسلم فی شوال وبنی بی فی شوال فای
چنانچہ عائشہ سی روایت ہی کہ وہ کہتی ہین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی مجہسی ماہ شوال مین نکاح کیا اورماہ شوال مین مجہسی مجامعت کی پہر کونسی

نساء رسول الله صلی الله علیه وسلم كان احظی عنده منی قال النووی انها قصدت بهذا ردما كان عليه
بی بی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجہسی زیادہ بہرہ مند تہی نووی کہتا ہی کہ عائشہ کا مقصود اس بیان سی رد کرنا اعتقاد

اهل الجاهلية من تطير التزوج فی شوال فانهم كانوا تتشامون بشهر شوال فی النكاح فيه خاصة كما كانوا يتشمون
اہل جاہلیت کا ہی یعنی ماہ شوال مین نکاح کرنیکی بدشگونی کیونکہ اہل جاہلیت ماہ شوال مین صرف نکاح کرنیکو نحس جانتی تہی جیسی ماہ صفر کو

بشهر صفر مطلقا ويقولون انه شهر مشئوم وكثير من الناس فی هذا الزمان يوافقونهم ويتشامون
مطلق سب باب مین منحوس جانتی تہی اور کہتی تہی کہ یہہ مہینہ منحوس ہی اور بہت لوگ اس زمانہ مین بہی اونکی ساتہی بنکر ماہ صفر کو منحوس سمجہتی ہین

بشهر صفر ويمتنعون فيه عن السفر والتزوج وغيرهما فان تخصيص الشوم بزمان دون زمان كشهر شوال
اور اس مہینی مین سفر اور نکاح وغیرہ نہین کرتی بیشک خصوصیت نحوست کی کہ کسی وقت ہو اور کسی وقت نہو جیسی ماہ شوال

وغيره غير صحيح فان الزمان كله من خلق الله تعالی ويقع فيه افعال العباد فكل زمان شغله العبد بطاعة
وغیرہ مین صحیح نہین ہی کیونکہ تمام زمانہ اللہ تعالی کا پیدا کیا ہوا ہی جسمین تمام عباد اللہ کاروبار کرتی ہین سو جس زمانہ کو آدمی عبادت مین صرف کری

فهو زمان مبارك عليه وكل زمان شغله العبد بمعصية فهو زمان مشئوم عليه والشوم واليمن
وہ زمانہ اوسپر مبارک ہی اور جس زمانہ کو آدمی معصیت مین صرف کری وہ زمانہ اوسکی حق مین نحس ہی اور نحس اور مبارک

فی الحقيقة هو المعصية والطاعة كما قال عدی بن حاتم يمن المرء وشومه بين لحييه يعنی لسانه
حقیقت مین معصیت اور طاعت ہی چنانچہ عدی ابن حاتم کہتا ہی آدمی کی برکت اور نحوست دونو جبڑون مین ہی مراد زبان ہی

وقال ابن مسعود ان كان الشوم فی الشئ ففيما بين اللحيين يعنی اللسان وما شئ احوج الی طول السجن
اور ابن مسعود کہتی ہین اگر کسی چیز مین نحوست ہوا کرتی تو اسمین ہوتی جو دونو کلون مین ہی یعنی زبان اور کوئی چیز سوا زبان کی ایسی نہین جو قید کی زیادہ محتاج

من اللسان وروی عن عائشة انه عليه السلام قال الشوم سوء الخلق فلا شوم فی الحقيقة الا المعاصی و
ہو اور حضرت عائشہ سی روایت ہی کہ پیغمبر علیہ السلام نی فرمایا نحوست بدخلقی ہوتی ہی سواب حقیقت مین نحوست سوای معاصی اور

الذنوب فانه تسخط الله تعالی فانه تعالی اذا سخط علی عبد يكون ذلك شقيا فی الدنيا والاخرة واذا
گناہون کی کوئی چیز نہین ہی کیونکہ گناہ سی اللہ تعالی بیزار ہوتا ہی اور اللہ تعالی اگر کسی بندہ سی بیزار ہو تو وہ بندہ دنیا اور آخرت مین بدبخت ہی اور اگر

رضی عن عبد يكون ذلك العبد سعيدا فی الدنيا والاخرة وبعض الصالحين قد شكی اليه عن
کسی بندہ سی راضی ہو تو وہ بندہ دنیا اور آخرت مین نیکبخت ہی اور بعضی صلحاء کی پاس عام مصیبت کی جسمین

بلاء وقع الناس فيه فقال ما اری ما انتم فيه من البلاء الا بشوم الذنوب فعلی هذا يكون
تمام خلق گرفتار تہی شکایت کی جواب دیا جس بلا مین تم گرفتار ہو مجہکو سوا نحوست گناہونکی معلوم نہین ہوتی اس حکایت کی موافق

المعاصی مشوما علی نفسه وعلی غيره فانه لا يؤمن ان ينزل عليه عذاب فيعم الناس
نافرمان بندہ آپ اپنی جان پر اور سب پر منحوس ہی کیا بعید ہی کہ اوسپر عذاب نازل ہو پہر سبکو پکڑلی

خصوصا من لم ينكر عمله فالبعد عنه لازم وكذلك الاماكن التی يفعل فيها المعاصی
خاص اون لوگون کو جو اوسکی عمل سی انکار نہین کرتی سو اوس سی دور رہنا لازم ہی ایسی ہی اون مکانون سی جہان معاصی عمل مین آتی ہین

يلزم البعد عنها والهرب منها خشية نزول العذاب على من كان فيها كما قال النبي صلى الله عليه وسلم لاصحابه
دور رہنا اور بہاگنا چاہیئی اس خوف کی مارے کہ مبادا جو جو اوس مکان میں ہیں سب پر عذاب نازل ہو چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی اپنی یاروں کو
حين مر على ديار ثمود بالحجر لا تدخلوا اماكن هؤلاء المعتدين الا ان تكونوا باكين خشية ان يصيبكم ما اصابهم
منع فرمایا جب وہ حجر میں دیار قوم ثمود پر گذری کہ ان لوگوں حد سی بڑہی ہوونکی مکانوں میں داخل نہو مگر روتی ہوئی اس خوف کی مارے مبادا تمپر بہی وہ عذاب
فان هجران اهل العصيان من جملة الهجرة المامور بها التي سبب لمغفرة الذنوب والخطايا الا ترى ان الذي
جو اونپر آیا تہا آجاوی بیشک اہل عصیان سی ملاپ ترک کرنا ہجرت میں داخل ہی جسکا حکم ہی اور باعث بخشش ذنوب اور خطا کا ہی کیا تجکو معلوم نہیں کہ جسنی
قتل مائة نفس من بني اسرائيل سئل عالما من علمائهم هل له توبة فقال له العالم نعم وامره ان ينتقل من
سو آدمی بنی اسرائیل کی قتل کر کر اپنی عالموں میں سی ایک سی پوچہا کیا میری کوئی توبہ ہی عالم نی اوسکو جواب دیا ہاں اور اوسکو بتایا کہ مفسد
قرية الفساد الى قرية الصلاح وادركه الموت بينهما واختصم فيه ملئكة الرحمة وملئكة العذاب واوحى
گانوں میں سی صالح گانوں میں چلا جا پہر وہ دو نو گانوں کی بیچمیں جاتا ہوا مر گیا اب رحمت اور عذاب کی فرشتوں میں جہگڑا ہوا کہ دونوں میں سی اسکو کون لی
الله اليهم ان قيسوا بينهما والى ايهما كان اقرب الحقوه بها فوجدوه الى القرية الصالحة اقرب برمية الحجر فالقوه
جاوا اللہ تعالی نی اونکو وحی بہیجی کہ پیمایش کر کر دیکہو جدہر نزدیک ہو ادہر ملا دو پہر اوسکو صالح گانوں کی طرف اتنا نزدیک پایا جتنا ڈہیلا پہینکتی ہیں

بها برحمة الله تعالى ومغفرته المجلس الرابع والثلثون في بيان فضيلة العشر الاول من ذي
سو اللہ کی رحمت اور مغفرت سی ادہر ہی ملا دیا چونتیسویں مجلس ماہ ذی الحجہ کی پہلی عشرہ کی فضیلت کی بیان میں
الحجة قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من ايام العمل الصالح فيهن احب الى الله تعالى من هذه الايام
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کوئی دن ایسی نہیں ہیں جنمیں عبادت اللہ تعالی کو محبوب تر ہو بہ نسبت ان دنوں کی
هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابن عباس والمراد من هذه الايام العشر الاول من ذي الحجة بدليل قوله عم
یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہی ابن عباس کی روایت سی اور مراد ہذہ الایام سی ذالحجہ کا پہلا دہا ہی اسواسطی کہ اور حدیث میں ارشاد ہی
في حديث اخر ما من ايام احب الى الله تعالى ان يتعبد له فيها من عشر ذي الحجة يعدل صيام كل يوم منها
کوئی دن نہیں ہیں کہ اللہ تعالی کو اپنی عبادت اونمیں محبوب تر ہو بہ نسبت عشرہ ذالحجہ کی کہ اسمیں سی ہر روز کا روزہ برس دن کی روزوں کی برابر
بصيام سنة وقيام كل ليلة منها بقيام ليلة القدر وانما كان العمل الصالح في هذه الايام افضل لانها ايام
اور ہر شب کا قیام قیام لیلۃ القدر کی برابر ہوتا ہی اور ان دنوں میں عمل صالح اسلئی افضل ہی کہ یہہ دن بیت اللہ
زيارة بيت الله تعالى والمسجد الحرام والبلد الحرام والوقت اذا كان افضل يكون العمل الصالح فيه افضل
اور مسجد حرام اور مکہ کی زیارت کی ہیں اور وقت جب افضل ہوتا ہی تو اسمیں عمل صالح بہی افضل ہوتا ہی
وروي عن ابي الدرداء انه قال عليكم بصوم ايام العشر واكثار الدعاء والاستغفار والصدقة فيها فاني
اور ابو درداء سی روایت ہی کہ کہتی تہی اپنی اوپر روزی ان دس دن کی اور بہت دعا اور استغفار اور خیرات لازم کر لو کیونکہ میں نی
سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم الويل لمن حرم خير ايام العشر وعليكم بصوم اليوم التاسع خاصة فان فيه
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سی سنا ہی افسوس ہی اوس شخص پر جو ان دس دن کی خوبی سی محروم رہا اور اپنی اوپر خاص کر نویں تاریخ کا روزہ لازم کر لو کیونکہ اسمیں
من الخيرات اكثر من ان يحصيها العادون وروي انه عليه السلام قال يوم عرفة احتسب على الله تعالى ان يكفر السنة
اسقدر خوبی ہی کہ شمار کرنیوالوں کی اندازہ سی بڑہتی ہی اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا میں ایسا گمان کرتا ہوں کہ عرفہ کا دن ایک سال گذشتہ
التي قبلها والسنة التي بعدها يعني ان من صام يوم عرفة ارجو من الله تعالى ان يغفر ذنوبه الصغائر
اور ایک سال آیندہ کا کفارہ ہو جاوی مراد یہہ ہی کہ جسنی نویں تاریخ ذی حجہ کو روزہ رکہا تو امید ہی اللہ تعالی سی کہ اوسکی تمام صغیرہ گناہ

للواقعة فی السنة الماضیة ویکون فی حفظ الله تعالی وکنفه من اقتراف الذنوب فی السنة بیان فضیلة
جو سال گذشتہ میں ہوئی ہیں معاف ہو جاوینگے اور سال آیندہ میں اللہ تعالی کی حفاظت میں رہیگی کہ گناہ اوس سے تمام سال

فی فتاواه ولا باس بصوم یوم عرفة سواء کان فی الحضر او السفر اذا کان یقوی علیه ویکره صوم عرفة وسلمها
بیچ فتاوی میں کہتا ہے عرفہ کے دن کی روزہ میں کچھ مضائقہ نہیں ہے برابر ہے مقیم ہو یا مسافر ہو اگر روزہ رکھنے کی طاقت رکھتا ہے اور عرفات میں عرفہ کی دن کا

یوم الترویة لانه یعجز عن اداء افعال الحج فاذا اراد العبد ان ینال الثواب والفضائل التی ذکرها النبی علیه السلام فانه
ذیحجہ کی آٹھویں تاریخ کا روزہ اسلیئے کہ ارکان حج کی ادا کرنے سے تھک رہیگا اگر آدمی یہہ آرزو کرے کہ وہ ثواب اور فضیلت جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر فرمائی ہے رہیگی

ینبغی له ان یعرف حرمة الوقت وشرفه ویحفظ فیه لسانه عن الکذب والغیبة وقبیح الکلام وجوارحه عن الخطا
تو اون چاہیئے کہ وقت کی عزت اور شرافت کا لحاظ رکھے اوس میں اپنی زبان کو جھوٹھ اور غیبت اور بیہودہ کلام سے بند رکھے اور اپنی اعضا آنکھ وغیرہ کو خطا سے بچاوے

والاثام وقلبه عن العجب والکبر وعداوة الانام هذا ما بینه النبی علیه السلام من العبادة فی یوم عرفة واما الاجتماع
اور اپنے دل کو غرور اور تکبر اور خلقت کی دشمنی سے نگاہ رکھے عرفہ کے دن میں یہہ عبادت ہے جو نبی علیہ السلام نے فرمائی ہے اور اوس دن میں جمع ہوکر

فی ذلک الیوم فی الجامع او فی مکان خارج المصر تشبیها بالواقفین فلیس بشیء لان الوقوف عبادة مخصوصة بعرفات
مسجد جامع میں یا جنگل میں کسی مکان کی اندر انبوہ کرنا عرفات والوں کی مشابہت کی لیئے صرف بے اصل ہے اسواسطے کہ وقوف بعرفات عبادت مخصوصہ عرفات پر ہے

فلا یکون عبادة فی غیرها کسائر المناسک حتی ان احدا طاف حول المسجد سوی الکعبة یخشی علیه الکفر وروی عن
سو وہ اور کسی جگہ عبادت نہیں ہوسکتی جیسے حج کی اور احکام یہان تک کہ اگر کوئی شخص کسی مسجد کی گرد طواف کرے سوای کعبہ کی تو کفر کا خوف ہے اور ام سلمہ سے

ام سلمة انه علیه السلام قال اذا دخل العشر واراد ان یضحی فلا یمس من شعره وبشرته شیئا وفی روایة من رای هلال
روایت ہے کہ پیغمبر علیہ السلام نے فرمایا جب عشرہ ذی الحجہ کا شروع ہوئے اور قربانی کرنیکا ارادہ ہو تو اپنے بال اور بدن کو کچھ نہ چھوئے اور ایک روایت میں یوں ہے جسنے ذی الحجہ کا چاند دیکھا

ذی الحجة واراد ان یضحی فلا یاخذ من شعره واظفاره قال فی شرح السنة اختلف العلماء فی العمل بظاهر هذا الحدیث
اور قربانی کرنیکا ارادہ ہوا تو بال اور ناخن نہ تراشے شرح السنہ میں مذکور ہے علما اس حدیث کی ظاہر پر عمل کرنے میں اختلاف کرتے ہیں

فذهب قوم الی ان من یرید التضحیة لا یجوز له بعد دخول العشر ان یاخذ من شعره وظفره ما لم یذبح وقالوا النهی
سو ایک گروہ کا یہہ مذہب ہے کہ جو شخص قربانی کا ارادہ کرے تو اوسکو ماہ ذی الحجہ شروع ہونے کی بعد قربانی ذبح کرنے سے پہلے اپنے بال یا ناخن تراشنے جائز نہیں ہیں اور کہتے ہیں کہ ممانعت

فیه للتحریم وکان ابو حنیفة ومالک والشافعی یرون ذلک علی الندب والاستحباب قال فی شرح المنیة یندب لمن
واسطے حرمت کے ہے اور امام ابو حنیفہ اور امام مالک اور امام شافعی اسکو مندوب اور مستحب سمجھتے تھے منیہ کی شرح میں کہتا ہے قربانی کرنیوالے کو مستحب ہے

اراد ان یضحی تاخیر تقلیم الاظفار وحلق الراس الی ان یضحی ولا یجب وان استلزم التاخیر الکراهة لا یؤخر وهو ما
کہ قربانی ذبح کرنے تک ناخن تراشنے اور سر مونڈانے میں تاخیر کرے اور واجب نہیں ہے اور اتنی تاخیر کرنے میں اگر کراہت لازم آتی ہو تو تاخیر نہ کرے اور کراہت یہہ ہے

زاد علی الاربعین اذ قد ذکر فی القنیة ان الافضل للعبد ان یقلم اظفاره ویقص شاربه ویحلق عانته وینظف بدنه
کہ چالیس دن سے زیادہ ہو جاوے اسلیئے کہ قنیہ میں مذکور ہے کہ آدمی کو افضل یہہ ہے کہ ہر ہفتہ میں ناخن تراشے اور لبین کترواوے اور زیر ناف مونڈے اور بدن دھو کر ملکر

بالاغتسال فی کل اسبوع فان لم یفعل ففی کل خمسة عشر یوما ولا عذر فی ترکه وراء الاربعین فالاسبوع هو الافضل
پاک صاف کرے پھر اگر ہر ہفتے میں نہو سکے تو ہر پندرہ دن کی بعد اور چالیس دن کی بعد دیر کرنے میں کوئی عذر نہیں ہے پس ہفتہ تو افضل مدت ہے

والخمسة عشر الاوسط والاربعون الابعد ولا عذر له فیما وراء الاربعین ویستحق الوعید ثم ان النهی لیس للتشبه
اور پندرہ دن مدت درمیانہ ہے اور چالیس دن انتہا کی مدت ہے پھر چالیس دن کی بعد کوئی عذر نہیں ہے پھر سزاوار وعید کا ہے پھر یہہ ممانعت بال مونڈانے کی اس لیئے نہیں کہ

بالحجاج المحرمین کما ذهب الیه بعض العلماء اذ لو کان للتشبه لشاع فی سائر محظورات الاحرام ولم یختص بالاخذ من اجزاء
کہ حجاج احرام والوں سے مشابہت ہوجاوے چنانچہ بعض علما کا یہہ مذہب ہے کیونکہ اگر ممانعت مشابہت کی لیئے ہوتی تو احرام کی تمام ممنوعات میں جاری ہوتی جیسے شکار قتل حیوان وغیرہ

البدن بل حلة النـ ...هي على ما ذكره التوربشتي ان المضحي يجعل ضحيته فدية يفتدي بها نفسه من عذاب

خاص نہوتی بلکہ نہی کی عا... ت ملوقوف بیان تورپشتی کی یہہ ہی کہ قربانی کرنیوالا اپنی قربانی کو قیامت کی عذاب سی اپنی جان کا عوض دیتا ہی اور اس سی قربت آلہی

يوم القيمة ويزداد بها قربة الى الله تعالى فكان بما اكتسب من السيئات ربما اتى به في حقوق الله تعالى من

زیادہ حاصل ہوتی ہی سو گویا کہ برائیاں کرکر اور حقوق اللہ میں کوتاہی برت کر

التقصير ... يرات راى نفسه مستوجبة لاعظم العقوبات وهو القتل غير انه احجم عن الاقدام عليه لانه لم ياذن

اپنی جان کو بڑی سی بڑی عذاب یعنی قتل کا سزاوار جانتا ہی پر اپنی جان کی قتل کرنی سی باز رہا کہ شرع میں اسکی اجازت نہیں ہی

...له فيه فيجعل قربانه فداء لنفسه فصار كل جزء من قربانه فداء لكل جزء من بدنه فعمت بركة القربان

اب قربانی کو اپنی جان کا بدلہ دیا سو ہر ہر جز قربانی کا اسکی بدن کی ہر ہر جز کا بدلہ ہی اب قربانی کی برکت تمام اجزا بدن کو شامل ہو جاتی ہی

جميع اجزاء البدن فلم يخل منها ذرة ولم يحرم منها شعرة فلما كانت هذه الفضيلة ملحقة بالاجزاء المتصلة

کوئی ذرہ بدن کا خالی اور کوئی بال تمام بدن میں سی محروم نہیں رہتا اور یہہ فضیلت جنھیں اجزا سی خاص تھی جو قربانی کرنیوالی کی بدن سی متصل ہیں

بالمضحي دون المنفصلة عنه راى النبي عليه السلام ان لا يمس شيئا من شعره وبشرته لئلا يفقد من ذلك

اجزاء منفصل سی نہیں ہوتی تو پیغمبر علیہ السلام نی فرمایا کہ اپنی بال اور بدن کو نہ چھوئی تا کہ کوئی فضیلت بوقت اترنی رحمت

شيء ما عند نزول الرحمة وفيضان النور الالهي فيتم له الفضائل وينزع عنه النقائص فعلى هذا ينبغي

اور فیضان نور الٰہی کی گم نہو پھر فضائل تمام پوری ہوں اور نقصان کچھ باقی نہ رہی اب لوگوں کو چاہئی

للناس ان يطلبوا هلال ذي الحجة ويعدوا ايامه ليعلموا وقت ذبح الاضحية ويستعدوا لها لكن ثبوت

کہ ماہ ذی حجہ کا چاند تلاش کیا کریں اور اسکی دن گنتی رہیں تا کہ قربانی کی ذبح کا وقت ٹھیک معلوم ہو اور اسکی تیاری کریں لیکن تقرر

روية الهلال لما توقف على حكم القاضي لزم المراجعة اليه ثم انه اذا كان في السماء علة سواء كان غيما

چاند کا قاضی کی حکم پر جو موقوف ہی تو قاضی کی پاس رجوع کرنا لازم ہی پھر اگر آسمان میں کچھ رکاوٹ ہو برابر ہی کہ ابر ہو

او دخانا او بخارا او غبارا او نحو ذلك لا يقبل الا شهادة رجلين او رجل وامراتين في ظاهر الرواية وهو الاصح

یا دھواں یا بخار یا غبار یا ایسا ہی اور کچھ تو ظاہر روایت میں گواہی جب قبول ہوگی کہ دو مرد ہوں یا ایک مرد دو عورتیں اور یہہ ہی صحیح ہی

لتعلق حق العباد به بالتوسعة بلحوم الاضاحي ويثبت بما يثبت به سائر حقوقهم وكما يشترط فيه العدد

کیونکہ اسمیں حق العباد علاقہ رکھتی ہیں قربانیوں کی گوشت کی فراخی ہوتی ہی چاند اوسی طور پر ثابت ہوگا جسطور تمام حقوق ثابت ہوتی ہیں اور جیسی اسمیں عدد کی شرط ہی

يشترط الحرية والعدالة ولفظ الشهادة وان لم يكن في السماء علة لا يقبل الا شهادة جمع كثير يقع العلم بخبرهم

ویسی ہی آزادگی اور عدالت اور شہادت کا لفظ چاہئی اور اگر آسمان میں کوئی روک نہو تو پھر اتنی انبوہ کثیر کی گواہی مقبول ہوگی جنکی خبر دینی سی یقین آجاوی

واختلفوا في مقدار ذلك فقيل لا بد من اهل المحلة وقيل لا بد من خمسين رجلا وعن محمد لا بد ان يتواتر الخبر

اور اوس انبوہ کی مقدار میں اختلاف ہی بعضی کہتی ہیں ایک محلہ کی لوگ چاہئیں اور بعضی کہتی ہیں پچاس مرد چاہئیں اور امام محمد سی روایت ہی کہ پی در پی ہر طرف سی

من كل جانب والصحيح انه مفوض الى راي الحاكم لان المراد بالعلم الحاصل بخبرهم العلم الشرعي الموجب للعمل وهو غلبة

خبر کا آنا چاہئی اور صحیح یہہ بات ہی کہ حاکم کی رای پر حوالہ ہی اسلئی کہ مراد اوس علم سی جو اونکی خبر سی حاصل ہوتا ہی وہ علم شرعی ہی جس سی عمل واجب ہو جاوی یعنی ظن غالب

الظن لا العلم بمعنى التيقن ولو وقع الشك ان هذا اليوم كان من عاشر ذي الحجة او تاسع ذي الحجة فالاحوط

علم یقینی کی معنوں میں نہیں ہی اور اگر یہہ شبہ پڑ جاوی کہ آجکا دن ذی الحجہ کی دسویں تاریخ ہی یا نویں تاریخ ہی تو اب احتیاط اسمیں ہی

ان يضحي في الغد بعد الزوال ولا يؤخر الذبح بعده الى يوم الثالث لاحتمال ان يقع في غير وقته وان اخر كان

کہ قربانی اگلی روز دو پہر ڈھلی ذبح کری اور اسکی بعد ذبح میں تیسری دن تک تاخیر نہ کری کیونکہ شاید کہ بی وقت ذبح ہو جاوی اور اگر تیسری دن تک تاخیر کری

المستحب ان یتصدق بجمیع لحمه ولا یاکل منه

تو بہتر یوں مستحب ہی کہ گوشت سارا صدقہ کرکر بانٹ دی اوسمین سی کہاوی نہین

المجلس الخامس والثلثون فی بیان فضیلة هراقة دم القربان فی ایام النحر ونوعه وکیفیته

پینتیسوین مجلس مین بیان فضیلت قربانی ذبح کرنیکا ایام نحر مین اور اوسکی اقسام اور کیفیت

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما عمل

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کوئی عمل ابن آدم کا

ابن ادم من عمل یوم النحر احب الی الله تعالی من هراقة الدم وانه لیاتی یوم القیمة بقرونها واشعارها واظلافها

یوم نحر مین ایسا نہین ہی کہ اللہ تعالی کو محبوب ہو بجز ریختہ کرنی خون کی اور وہ قربانی قیامت کی روز صحیح سالم مع سینگون اور بالون اور سمون کی موجود ہوگی

وان الدم لیقع من الله تعالی بمکان قبل ان یقع علی الارض فطیبوا بها نفسا هذا الحدیث من حسان المصابیح

اور البتہ وہ خون اس سی پہلی کہ زمین پر گری اللہ تعالی کی ہان قبول ہوجاتا ہی سو اس سی بدل خوش رہو یہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی

رویته ام المؤمنین عائشة رض ومعناه ان افضل العبادات یوم النحر اراقة دم القربان وانها لیاتی یوم القیمة

حضرت ام المؤمنین عائشہ کی روایت سی اسکی یہہ معنی ہین کہ عمدہ سی عمدہ عبادت یوم نحر مین قربانی کا ذبح کرنا ہی اور وہ قربانی البتہ قیامت کی دن

کما کان فی الدنیا من غیر ان ینقص منه شیء لیکون لکل عضو منه اجر ویصیر مرکبه علی الصراط وکل وقت یختص

جیسی دنیا مین تہی بعینہ موجود ہوگی کچہہ اسمین سی کم نہوگا تاکہ اوسکی ہر ہر عضو کی بدلہ اجر حاصل ہو اور پلصراط پہ سواری بن جاوی اور ہر ہر وقت مین ایک ایک

بعبادة وهذا الیوم اختص بعبادة فعلها ابرهیم النبی علیه السلام ولو کان شیء افضل منه لما فدی به اسمعیل النبی عم

اولی ہی اور تسبیح رکوع کی ترک کردی اسواسطی کہ سنت ہیں اور رکوع میں رفع یدین بہی موقوف رکہی اسواسطی کہ رفع یدین سنت ہی اور ہاتہوں کا کہٹنوں پر رکہنا ہی

سنة ایضا ولا وجه لاتیان سنة فیه ترك سنة اخری واذا رفع الامام راسه یسقط ما بقی من التکبیرات

سنت ہی اسکی کوئی وجہ نہیں کہ ایک سنت کو اپنی موقع سی چہوڑکر دوسری سنت اداکری اور جب امام رکوع سی سر اوٹہاوی تو پہر اوسکی ذمہ سی جو تکبیر عید کی باقی ہو ساقط

فلا یتمها فی الرکوع ولا فی القومة بل یسارع فی متابعة الامام لانها فرض فلا یترك للواجب ولو ادرك الامام

اب اوس تکبیر کو نہ رکوع میں پوری کری اور نہ قومہ میں بلکہ امام کی متابعت میں جلد رکوع سی کہڑا ہو جاوی کیونکہ متابعت فرض ہی سو واجب کی واسطی ترک نہیں ہو سکتی اور امام کو

فی القومة لا یکبر فیها لانه یقضی تلك الرکعة مع التکبیرات ومن فاتته رکعة واحدة اذا قام الی قضاء

قومہ میں پایا تو قومہ میں تکبیر عید کی نہ کہی کیونکہ رکعت معہ تکبیرات قضا کرنی ذمہ پہی اور جسکی ایک رکعت فوت ہو جاوی تو جب فائتہ کو قضا کرنی کہڑا ہو

ما سبق یبدأ بالقراءة ثم یکبر بعدها تکبیرات العید ویرکع ولو ادرك الامام فی التشهد او بعد السلام فی

تو اول قراءت شروع کری پہر بعد قراءت کی تکبیریں عید کی اداکری پہر رکوع کری اور اگر امام کو التحیات میں پایا یا سلام کی بعد

سجود السهو فانه یقوم ویصلی ویاتی بالتکبیرات فی محلها ویستحب تعجیل الصلوٰة فی هذا العید وتاخیرها

سہو کی سجدہ میں پایا تو اب یہہ کہڑا ہوکر نماز بدستور پڑہی اور تکبیریں عید کی اپنی ٹہکانی سر کہی اور اس عید میں نماز کی تعجیل اور عید الفطر میں تاخیر مستحب ہی

فی عید الفطر وفی القنیة تقدم صلوٰة العید علی صلوٰة الجنازة اذا اجتمعتا وصلوٰة الجنازة علی الخطبة

اور قنیہ میں ہی کہ عید کی نماز جنازہ کی نماز سی پہلی اداکریں اگر دونو جمع ہو جاویں اور نماز جنازہ خطبہ سی پہلی اداکریں

وفی البزازیة ان اجتمع العید والکسوف یقدم العید لانه واجب کما تقدم علی الجنازة لکون وجوبه

اور بزازیہ میں ہی اگر نماز عید اور نماز کسوف جمع ہو جاویں تو عید کی نماز پہلی پڑہیں کیونکہ واجب ہی جیسی نماز جنازہ پر مقدم ہی اسواسطی کہ عید کی نماز واجب

عینا ووجوب الجنازة کفایة ویکره التنفل فی المصلی قبل صلوٰة العید وبعدها للامام وغیره وان وقع

عینی ہی اور جنازہ کی نماز واجب کفایہ ہی اور عیدگاہ میں جاکر عید کی نماز سی پہلی نفلیں پڑہنی مکروہ ہیں اور بعد نماز عید کی امام وغیرہ خواص کو مکروہ ہی اور اگر

فی هذا العید عذر یمنع من صلوٰة العید تصلی من الغد وبعد الغد ولا تصلی بعد ذلك لانها موقتة

اس عید میں کوئی عذر عید کی نماز سی روک دی تو اگلی دن گیارہویں کو پڑہیں اور اوس دن سی اگلی دن بارہویں کو پہر بارہویں کی بعد نہ پڑہیں کیونکہ اسکا وقت

بوقت الاضحیة فتجوز ما دام وقتها باقیا ولا تجوز بعد خروج وقتها ثم العذر ههنا لیس لنفی الجواز بل لنفی الکراهة

وہ ہی اضحیہ کا وقت ہی سو جب تک ہی جایز ہی کہ قربانی کا وقت باقی ہو پہر قربانیکا وقت نکلی پیچہی جایز نہیں پہر اس عید میں عذر کا ہونا واسطی نفی جواز کی نہیں ہی بلکہ واسطی

حتی لو کان تاخیرها الی الغد او بعد الغد بغیر عذر یجوز الصلوٰة لکن یلزم الاساءة بخلاف الفطر فان العذر

یہانتک کہ اگر تاخیر اگلی دن تک اور اگلی سی اگلی دن تک بی عذر ہو تو بہی جایز ہی لیکن برائی لازم آتی ہی برخلاف عید الفطر کی کیونکہ اوسمیں عذر

فیه لنفی الجواز حتی لو کان تاخیرها الی الغد بغیر عذر لا یصح یسر نا الله تعالی عملا موافقا لرضائه بلطفه و

واسطی نفی جواز کی ہی یہانتک کہ اگر اس نماز میں تاخیر اگلی دن تک [illegible] صحیح نہیں ہی آتی ہکو آسان کری اعمال [illegible] اپنی رضا کی اپنی لطف اور

کرم

وکرمه المجلس السادس والثلثون فی بیان فضیلة شهر الله المحرم وصوم یوم عاشوراء

اور کرم سی چھتیسوین مجلس ماہ آلہی محرم اور صوم عاشورا کی روزہ کی فضیلت مین

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم افضل الصیام بعد رمضان شهر الله المحرم هذا الحدیث من صحاح المصابیح

رسول الله صلی الله علیه وسلم نی فرمایا افضل روزی بعد ماہ رمضان کی ماہ آلہی محرم کی ہین یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی

رواه ابو هریرة واضاف الشهر الی الله تعالی لتعظیم شان الشهر والمضاف محذوف وتقدیره ان افضل الصیام بعد صیام رمضان صیام

ابوهریرہ کی روایت سی اور شہر کی اضافت الله کی طرف واسطی تعظیم مرتبہ مہینی کی ہی اور مضاف محذوف ہی اصل مین عبارت یون ہی افضل روزی بعد روزون رمضان

شهر الله المحرم وهو صریح فی ان افضل ما تطوع به من الصیام بعد رمضان شهر الله المحرم لکن یحتمل ان یراد به انه افضل

کی روزی ماہ آلہی محرم کی ہین اس عبارت سی صاف یہہ معلوم ہوتا ہی کہ افضل نوافل روزی بعد رمضان کی ماہ آلہی محرم کی ہین لیکن یہہ بہی احتمال ہی کہ اس سی یہہ مراد ہو افضل

شهر تطوع بصیامه کاملا بعد رمضان واما التطوع ببعض الشهر فقد یکون غیره افضل منه کصیام یوم عرفة او عشر

مہینا جسکی پوری روزی رکہی جاوین بعد رمضان کی محرم ہی اور نفل روزی تہوڑی تہوڑی بعضی اور مہینی کی محرم سی افضل ہوتی ہین جیسی روزہ روز عرفہ کا یا دس روزی

ذی الحجة او ستة شوال او نحو ذلك ویشهد لهذا ما روی عن علی ان رجلا اتی النبی صلی الله علیه وسلم فقال یا رسول الله

ذی الحجہ کی یا چہہ روزی شوال کی اور مانند اسکی اور اسکی سند وہ روایت علی رض سی ہی کہ ایک شخص نی نبی علیه السلام کی خدمت مین حاضر ہوکر پوچہا یا رسول الله

اخبرنی بشهر اصومه بعد رمضان فقال له النبی علیه السلام ان کنت صائما شهرا بعد رمضان فصم المحرم فانه

بتلا ئی بعد رمضان کی کس مہینہ مین روزی رکہون آپ نی فرمایا اگر تو تمام مہینی کی روزی بعد رمضان کی رکہا چاہتا ہی تو محرم مین رکہہ کیونکہ

شهر الله وفیه یوم تاب الله فیه علی قوم ویتوب علی اخرین لکن قد کان النبی علیه السلام یصوم شهر شعبان

مہینا الله کا ہی اور اس مہینی مین ایک ایسا دن ہی الله تعالی نی ایک قوم کی خطا معاف کی اور اورونکی خطا معاف کریگا لیکن نبی صلی الله علیه وسلم ماہ شعبان مین روزی رکہتی تہی

ولم ینقل عنه انه کان یصوم المحرم وانما کان یصوم منه یوم عاشوراء وقوله علیه السلام فی حدیث ابن عباس

اور یہہ کسینی بیان نہین کیا کہ محرم مین روزی رکہتی تہی محرم مین صرف یوم عاشوراء کا روزہ رکہتی تہی اور آپ کا ارشاد ابن عباس کی حدیث مین

ان بقیت الی قابل لاصومن التاسع یدل علی انه علیه السلام کان لا یصوم التاسع لکن روی انه علیه السلام امر

اگر مین اگلی سال تک جیتا رہا تو البتہ نوین تاریخ روزہ رکہونگا اس سی یہہ ثابت ہی کہ نوین تاریخ مین روزہ نہین رکہتی تہی لیکن روایت ہی کہ آپ نی ایک شخص کو فرمایا

رجلا ان یصوم الاشهر الحرم وافضل صیام الاشهر الحرم صیام شهر الله المحرم وافضل شهر الله المحرم عشرة الاول

کہ اشہر حرم مین روزی رکہی اور اشہر حرم میں کی افضل روزی ماہ آلہی محرم کی ہین اور ماہ آلہی محرم مین سی افضل روزی پہلی دہی کی ہین

فلما کان هذا الشهر من بین الشهور مضافا الی الله تعالی ناسب ان یختص بعمل مضاف الی الله تعالی وهو الصوم

اور یہہ مہینا تمام مہینون مین سی جو الله کی طرف مضاف ہی تو مناسب یون ہی کہ اس مہینہ مین عمل بہی ایسا ہو جو الله کی طرف مضاف ہو سو وہ عمل روزہ ہی

فان الصوم سر بین العبد وربه یفعله خالصا لوجهه طالبا لرضائه ولا یطلع علیه غیره لکونه نیة وامساکا

کیونکہ روزہ بندی مین اور اوسکی رب مین بہید ہوتا ہی کہ صرف واسطی خدا کی اسکی رضامندی کی لئی رکہتا ہی اور سوا الله تعالی کی کوئی اوس سی خبر نہین ہوتا کیونکہ روزہ نیت

حتی قیل ان الحفظة لا یطلع علیه ولا تکتبه بخلاف سائر العبادات فانها مما یطلع علیه غیره تعالی فلکونه هو العالم به

یہان تک کہ کہتی ہین کرام کاتبین کو خبر نہین ہوتی اور نہ وہ لکہتی ہین برخلاف تمام اور عبادات کی کہ وہ سوای الله تعالی اوروں کو بہی معلوم ہوتی ہین اور اسلئی کہ روزہ کا الله ہی

دون غیره خصه بذاته وتولی جزاءه بنفسه ولم یکله الی غیره کما روی عن ابی هریرة انه علیه السلام قال کل عمل ابن

اور کو نہین ہوتا تو الله تعالی نی اوسکو اپنی ذات سی خاص کیا اور ذمہ دار اوسکی ثواب کا بذات خود ہوا اور پر حوالہ نکیا چنانچہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ پیغمبر صلی الله علیه وسلم نی فرمایا کہ ابن آدم کا

ادم یضاعف الحسنة بعشر امثالها الی سبعمائة ضعف قال الله تعالی الا الصوم فانه لی وانا اجزی به

ہر ایک عمل کا ثواب دس گونہ بڑہتا ہی سات سو گونہ تک الله تعالی فرماتا ہی سوا روزہ کی کہ روزہ میری لئی ہی مین ہی اوسکی جزا دونگا

ای سرّ

علم نحوه

یدع شهوته وطعامه وشرابه من اجلی والمعنی ان کل طاعة وخیر اذا لم یکن ریاء فاقل ما یعطی لصاحبه من الاجر
میری لئی اپنی شہوت کہانا پینا سب چہوڑ دیتا ہی یعنی ہر طاعت اور نیک عمل جسمین ریا نہو توکم سی کم عابد کو اوسکا ثواب دس گونہ ہی

عشرة لقوله تعالی مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا وقد یزداد الی سبعمائة واکثر لقوله تعالی مَثَلُ الَّذِينَ
واسطی فرمانی اللہ تعالی کی جو کوئی لایا نیکی اوسکو ہی اوسکی دس برابر اور کبہی سات سو گونہ اور اس سی زیادہ ہوجاتا ہی واسطی قول اللہ تعالی کی مثال

يُنْفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ أَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِي كُلِّ سُنْبُلَةٍ مِائَةُ حَبَّةٍ وَاللَّهُ يُضَاعِفُ
جو خرچ کرتی ہین اپنی مال اللہ کی راہ مین جیسی ایک دانہ اوس سی اوگین سات بالین ہر بال مین سو سو دانہ اور اللہ بڑہاتا ہی

لِمَنْ يَشَاءُ واما الصوم فثوابه بغیر حساب لانه لا یتاتی الا بالصبر وقد قال الله تعالی إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُونَ أَجْرَهُمْ
جکی واسطی چاہی اور روزہ کا ثواب تو بی حساب ہی کیونکہ بدون صبر کی ادا نہین ہوسکتا اور اللہ تعالی فرماتا ہی صبر کرنیوالون ہی کو ملتا ہی اونکا نیگ

بِغَيْرِ حِسَابٍ ثم الصبر وان کان یوجد فی غیر الصوم من العبادات لکن وجوده فی غیره لیس کوجوده فیه لانه ثلثة
آن گنت پہر صبر اگرچہ سوا روزہ کی تمام عبادات مین بہی ہوتا ہی پر صبر اور عبادات مین اتنا نہین ہوتا جتنا روزہ مین ہوتا ہی

انواع صبر علی طاعة الله تعالی وصبر عن محارم الله تعالی وصبر علی الآلام والشدائد وکلها یوجد فی الصوم اذ
قسم پر ہوتا ہی صبر طاعت الہی پر اور صبر اللہ تعالی کی محرمات سی اور صبر رنج اور سختیون پر اور یہہ تینون صبر روزہ مین موجود ہوتی ہین

فیه صبر علی ما وجب علی الصائم من الطاعات وصبر عما حرم علیه من الشهوات وصبر عما یصیبه من الم الجوع
کیونکہ روزہ مین طاعت پر صبر ہی جو روزہ دار پر واجب ہوتی ہی اور شہوات سی صبر ہی جو روزہ دار پر حرام ہوگئی ہین اور بہوک کی تکلیف پر

وحرارة العطش وضعف البدن فانه یعرض بدنه النحول والنقصان الذی یفضی الی الهلاك طلبا لرضائه تم
اور پیاس کی گرمی پر صبر ہی اور بدن کی سستی پر کیونکہ روزہ دار کی بدن مین لاغری اور نقصان ایسا آجاتا ہی کہ جسمین ہلاک ہوجاوی یہہ سب اللہ تعالی کی رضامندی کی واسطی

اشیر الیه حیث قیل یدع شهوته وطعامه وشرابه لاجلی بخلاف سائر الطاعات ثم انه بسبب منع نفسه عن
اسی طرف اشارہ ہی یہہ جو کہا ہی کہ روزہ دار اپنی شہوت کہانا پینا میری لئی چہوڑ دیتا ہی برخلاف اور طاعات کی پہر روزہ دار اپنی نفس کو کہانی

الاکل والشرب والجماع یصیر متخلقا باخلاق الله تعالی لکونه منزها عن هذه الاشیاء فلما کان فی الصوم
اور پینی اور جماع سی بند کرکر گویا صفات الہی پیدا کرلیتا ہی کیونکہ اللہ تعالی ہی ان تمام صفات سی پاک وصاف ہی یہہ ہی اوصاف جو روزی مین ہوتی

هذه المعانی خصه الله تعالی بذاته وتولی جزاءه بنفسه ولم یکله الی غیره والکریم اذا اخبر انه یتولی الجزاء
اسی نظر سی اللہ تعالی نی روزہ دار کو اپنی ذات پاک سی خاص کیا اور ذمہ دار اوسکی ثواب کا آپ ہوا اور پر حوالہ نہین کیا اور ذات کریم جو یہہ خبر دی کہ مین آپ اوسکی عوض کا

بنفسه یقتضی ان یکون ذلك الجزاء فی غایة العظمة ونهایة الکثرة بحیث یکون له حد ولا عدد وقد روی
تو ضرور ہی کہ وہ عوض بہت ہی بڑا اور اتنی کثرت سی ہو کہ اوسکی نہ کچہہ حد ہو اور نہ کچہہ شمار اور

عن ابی امامة الباهلی انه علیه السلام قال من صام یوما فی سبیل الله جعل الله بینه وبین النار خندقا کما بین السماء
ابو امامہ باہلی سی روایت ہی کہ پیغمبر علیہ السلام نی فرمایا جسنی ایکروز روزہ واسطی اللہ کی رکہا تو اللہ تعالی درمیان اوسکی اور دوزخ کی ایک خندق اس فاصلہ پر بنائیگا

والارض وفی حدیث اخر رواه ابو سعید الخدری انه علیه السلام قال من صام یوما فی سبیل الله بعد الله وجهه
اور زمین کی ہی اور ایک اور حدیث مین ہی ابو سعید خدری کی روایت کی ہی کہ پیغمبر علیہ السلام نی فرمایا جسنی ایک روز واسطی اللہ کی روزہ رکہا تو اللہ تعالی اوسکا منہہ

عن النار سبعین خریفا ومعنی الحدیث ان من صام یوما لوجهه ورضائه ینجیه الله تعالی من النار عبر عن التنجیة
دوزخ سی ستر خریف دور رکہیگا اور معنی حدیث کی یہہ ہین کہ جسنی ایکروز صرف واسطی رضامندی الہی کی روزہ رکہا تو اللہ تعالی اوسکو دوزخ سی نجات دیگا نجات کو

بطریق التمثیل لیکون ابلغ لان من کان بعیدا عن شیء بهذا المقدار لا یصل الیه البتة والمراد بالخریف السنة
بطور تمثیل واسطی مبالغہ کی اس عبارت مین بیان کیا اسواسطی کہ جو شخص کسی شی سی اتنی دور ہوجاوی تو وہ شی اوس تک ہرگز نہ پہنچی گی اور خریف سی مراد سال ہی

ذكر الجزء واريد الكل وانما عبر به عنها دون غيره من الفصول لكونه وقت بلوغ الثمار وسعة العيش وروى عن

جز کا ذکر کر کی کل مراد لیا ہی اور تعریف خاص کر کی بدون اور فصول کی اسواسطی ذکر کیا کہ بسبب وقت میوون کی پختگی اور عیش کی فراخی کا ہی اور ابو ہریرہ

ابي هريرة انه عليه السلام قال للصائم فرحتان فرحة عند فطره وفرحة عند لقاء ربه ومعنى هذا الحديث

سی روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا روزہ دار کو دو خوشیان ہوتی ہین ایک خوشی روزہ افطار کرنی کی ہوئی اور ایک خوشی رب کی ملاقات کی وقت اور اس حدیث کی معنی یہ ہین

ان للصائم سرورا مرتين على ان الفرحة مرة من الفرح وهو السرور والمسرور به عند لقاء ربه فيما يجده من ثواب الصوم

کہ روزہ دار کو دو بار سرور ہوتا ہی اسواسطی کہ فرحۃ کا لفظ مرت کی واسطی فرح سی مشتق ہوا ہی اور فرح کی معنی سرور کی ہین اور سرور روزہ دار کا رب کی ملاقات کی وقت یعنی روزہ کا ثواب

مدخرا عند الله تعالى فان من ترك لله تعالى طعامه وشرابه وشهوته يعوضه الله تعالى خيرا من ذلك كما قال الله تعالى

اللہ تعالی کی پاس یکبار ذخیرہ کیا ہوا پاویگا کیونکہ جو شخص اللہ کی واسطی اپنا کھانا پینا شہوت بند رکھیگا تو اللہ تعالی اوسکو عوض اوس سی بہتر عطا فرماویگا جیسا کہ حق تعالی فرماتا ہی

وما تقدموا لانفسكم من خير تجدوه عند الله هو خيرا واعظم اجرا وقال النبي عليه السلام لرجل انك

اور جو آگی بھیجو گی اپنی واسطی کوئی نیکی اوسکو پاؤگی اللہ کی پاس بہتر اور ثواب مین زیادہ اور نبی علیہ السلام نی کسی شخص سی فرمایا

لن تدع شيئا اتقاء لله تعالى الا اتاك الله خيرا منه وروى ان الصائمين يوضع لهم يوم القيمة مائدة تحت العرش

تو جب کسی منکر کو خدا کی خوف کا مارا ترک کریگا تب ہی اللہ تعالی تجھکو اوس سی بہتر دیگا اور یہ روایت ہی کہ روزہ دارون کی واسطی قیامت کی روز عرش کی سایہ مین

ياكلون عليها والناس في الحساب فيقول الناس هؤلاء ياكلون ونحن في الحساب فيقال لهم انهم كانوا يصومون وانتم تفطرون

اور سپر بیٹھی کھا دینگی باقی لوگ ابھی حساب مین ہونگی سو وہ لوگ کہینگی یہہ کون لوگ ہین کہ بیٹھی کھاتی ہین اور ہم حساب مین گرفتار ہین سو جواب ملیگا یہہ لوگ روزی رکھتی تھی اور تم روزہ خور تھی

وفي الصحيحين انه عليه السلام قال ان في الجنة بابا يقال له الريان لا يدخل منه الا الصائمون والمراد بالصائمين

اور صحیح بخاری اور مسلم مین ہی کہ پیغمبر علیہ السلام نی فرمایا کہ جنت کا ایک دروازہ ہی اوسکو ریان کہتی ہین اوسمین سی صرف روزہ دار داخل ہونگی اور مراد روزہ دارون سی

هم الذين يكثرون الصوم فانهم لما تحملوا تعب العطش خصوا بباب فيه الري والامان من العطش قبل تمكنهم من الجنة

وہ لوگ ہین جو اکثر روزہ دار رہتی ہین کیونکہ ان لوگون نی جو پیاس کی شدت اوٹھائی تو انکی لئی ایسا دروازہ خاص کیا گیا جسمین جنت مین جانی سی پہلی سیرابی اور پیاس کی بچاو ہو

واما سروره عند افطاره فيما يتناوله من الطعام والشراب لان النفس مجبولة على الميل الى ما يلائمها من المطعم والمشرب

اور روزی کی کھولتی وقت اسواسطی خوشی ہوتی ہی کہ کھانا اور پینی کا احتیاج ملتا ہی سو اسطی کہ نفس کی عادت ہی کہ اپنی لائق اشیا کھانی اور پینی

والمنكح فاذا منعت من ذلك في وقت من الاوقات ثم اذن لها في وقت اخر تفرح بذلك طبعا خصوصا عند اشتداد

اور نکاح کی طرف متوجہ ہوتا ہی نفس کو اگر کسی وقت ممانعت ہووی پھر اوسکو اور وقت مین اجازت ہوجاویگا تو خود بخود خوش ہوتا ہی خاص ایسی وقت کہ دو سکو مارے بھوک

الحاجة اليه لتاثير الجوع والعطش فيها وتقاضيها باخذ حاجتها يشعر بهذا ما روى عن ابن عمر انه عليه السلام

اور پیاس کی نہایت حاجتمند ہو اور اپنی حاجت کا تقاضا لگ رہا ہو ابن عمر کی روایت سی یہ مضمون ثابت ہوتا ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم

كان اذا افطر يقول ذهب الظما وابتلت العروق وثبت الاجر ان شاء الله تعالى مع ان له عند افطاره دعوة

افطار کی وقت یہہ فرمایا کرتی تھی جاتی رہی پیاس اور تر ہوئیں رگین اور ثابت ہوگیا ثواب ان شاء اللہ تعالی یہہ بھی ہی کہ افطار کی وقت دعا

مستجابة كما جاء في الحديث ان للصائم عند افطاره دعوة مستجابة بل يكون نومه عبادة قال ابو العالية

مقبول ہوتی ہی چنانچہ حدیث مین آیا ہی کہ روزہ دار کی لئی افطار کی وقت دعا مقبول ہوتی ہی بلکہ اوسکی خواب بھی عبادت ہی ابو العالیہ کہتا ہی

الصائم في العبادة ما لم يغتب وان كان نائما على فراشه فعلى هذا يكون في ليله ونهاره على العبادة ثم في صوم المحرم

کہ روزہ دار ہر وقت عبادت مین ہی جبتک غیبت نکری اگرچہ اپنی بستر پر سوتا رہی اس قول کی موافق روزہ دار شب و روز عبادت مین ہی پھر ماہ محرم کی روزہ مین

معنى اخر وهو ان الاشهر الحرم لما كانت افضل الشهور بعد رمضان وكان صوم كلها مندوبا بامر النبي عليه السلام

ایک اور بات ہی یعنی اشہر الحرم چونکہ بعد رمضان کی تمام مہینون مین افضل ہین اور ان سب مہینون کی روزی مستحب ہین موافق ارشاد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی

به وكان بعضها ختام السنة الهلالية وبعضها مفتاحها لزم ان يكون من صام ذي الحجة سوى ايام المحرم فيها

اور اونمین سی بعضا مہینا قمری سال کی تمامی ہی اور بعضا مہینا قمری سال کا ابتدا ہی تو لازم ہی کہ جسنی ذی الحجہ مین سوا چار دن کی جنمین روزی حرام ہین

الصيام وصام المحرم قد ختم السنة بالطاعة وافتتحها بالطاعة فيرجى ان يكتب سنة كلها طاعة وعبادة يسر الله تعالى

روزی رکہی پہر محرم کی روزی رکہی تو اوسنی سال عبادت ہی مین تمام کیا اور عبادت ہی مین شروع کیا اب امید یہہ ہی کہ سارا سال کا سال عبادت اور طاعت مین لکہا جاوی اللہ تعالی

عمله بلطفه وكرمه

المجلس السابع والثلثون في بيان فضيلة يوم عاشوراء وبيان ما يفعل فيه

اعمال اپنی لطف اور کرم سی آسان کری سینتیسوین مجلس یوم عاشورا کی فضیلت مین اور اس روز کیا کیا عمل مین آوی

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صيام يوم عاشوراء احتسب على الله تعالى ان يكفر السنة التي قبلها هذا الحديث من

رسول الله صلی الله علیہ وسلم نی فرمایا یوم عاشورا کی روزی گمان غالب ہی کہ الله تعالی ایک سال گذشتہ کا کفارہ کردی یہہ حدیث مصابیح کی

صحاح المصابيح رواه ابو قتادة ومعناه ان من صام يوم عاشوراء ارجو من الله تعالى ان يغفر ذنوبه التي وقعت في

صحیح حدیثون مین ہی ابو قتادہ کی روایت سی اور معنی اس حدیث کی یہہ ہین جسنی یوم عاشورا مین روزہ رکہا تو مین الله تعالی سی امید کرتا ہون کہ اسکی گناہ جو کہ

السنة الماضية والمراد من الذنوب الصغائر لان الكبيرة لا يكفرها الا التوبة وفي حديث اخر رواه ابو هريرة انه عم

سال گذشتہ مین ہوئی ہون معاف کردی اور گناہون سی مراد صغیرہ گناہ ہین اسواسطی کہ گناہ کبیرہ بدون توبہ کی معاف نہین ہوتی اور ایک اور حدیث مین ابو ہریرہ کی روایت سی

قال افضل الصيام بعد رمضان شهر الله المحرم يعني ان افضل الصيام بعد رمضان صيام شهر الله المحرم وهو و

کہ پیغمبر صلی الله علیہ وسلم نی فرمایا افضل روزی بعد ماہ رمضان کی ماہ الہی محرم کی ہین مراد یہہ ہی کہ افضل روزی بعد رمضان کی روزی ماہ الہی محرم کی ہین اور یہہ حدیث

ان كان ظاهرا في فضيلة صيام شهر الله المحرم بعد صيام رمضان لكن قيل المراد به صيام يوم عاشوراء وانما كان صيام

اگرچہ بظاہر تمام ماہ الہی محرم کی روزون کی فضیلت مین ہی بعد روزون ماہ رمضان کی لیکن کہتی ہین کہ مراد اس سی روزہ یوم عاشورا کا ہی اور اوس دن کا روزہ

ذلك اليوم افضل لكونه فرضا في اوائل الاسلام ثم نسخت فرضيته بوجوب صوم رمضان والعبادة التي نسخت

اسلئی افضل ہی کہ اوائل اسلام مین فرض تہا پہر جب رمضان کی روزی فرض ہوئی تو اوسکی فرضیت منسوخ ہوگئی اور جس عبادت کی فرضیت منسوخ

فرضيتها افضل من العبادة التي لم تكن فرضا اصلا فان قيل قد ذكر في الاصول ان الجواز يزول بنسخ الوجوب فكيف

ہوجاتی ہی تو وہ ایسی عبادت سی جو کبہی فرض نہ ہوئی ہو افضل ہوتی ہی اگر کوئی کہی کہ اصول مین مذکور ہی کہ وجوب کی نسخ سی جواز بہی زائل ہوجاتا ہی پہر

يكون الصيام فيه افضل فالجواب ان ذلك اليوم لما نسخ وجوب الصيام فيه صار كسائر الايام في جواز الصيام فيه

یہہ روزی اوس دن کی افضل کیونکر ہو سکتی ہین سو جواب یہہ ہی کہ اس دن کی اندر وجوب صیام جب منسوخ ہوا تو وہ اور روزون کی واسطی ایسا ہوگیا جیسی اور ساری دن ہین

فيكون افضل قال ابن عباس ما رايت رسول الله صلى الله عليه وسلم يتحرى صيام يوم فضله على غيره الا هذا

سو افضل ہی ہوگا ابن عباس کہتی ہین مینی رسول الله صلی الله علیہ وسلم کو نہین دیکہا کہ تلاش کرتی ہون روزہ کسی روز کا جسکو اوسپر فضیلت دی ہو سوا اس

اليوم يعني عاشوراء فانه عليه الصلوة والسلام كان يبالغ في تفضيل صومه ما لم يبالغ في تفضيل صوم غيره وقال ابن

دن یعنی یوم عاشورا کی کیونکہ پیغمبر علیہ السلام یوم عاشورا کی فضیلت مین جتنا مبالغہ فرماتی تہی جو اور روزی کی فضیلت مین نہین فرماتی تہی اور ابن

عباس ايضا حين صام رسول الله عليه السلام يوم عاشوراء وامر بصيامه قالوا يا رسول الله انه يوم يعظمه اليهود والنصارى

عباس یہہ بہی کہتی تہی کہ جب رسول الله صلی الله علیہ وسلم نی یوم عاشورا کا روزہ رکہا اور اور صحابہ کو اوس روزہ کا ارشاد کیا تو عرض کیا یا رسول الله یہہ دن ہی کہ اسکی یہود اور نصاری

فقال النبي عليه السلام ان بقيت الى قابل لاصومن التاسع قيل انما اراد ان يضم اليها يوما اخر ليكون هديه مخالفا

سو نبی صلی الله علیہ وسلم نی فرمایا اگر مین اگلی سال تک جیتا رہا تو بالضرور نوین تاریخ کا بہی روزہ رکہونگا کہتی ہین عاشورا کی ساتہہ ایک اور دن کی ملانی کا اسلئی ارادہ کیا تہا تا کہ

لهدي اهل الكتاب فلم يات العام القابل الا توفي رسول الله عليه السلام فعلم من هذه الاخبار ان يوم عاشوراء

اہل کتاب کی طریق سی الگ رہی سو اگلا سال آنی نہ پایا جو رسول الله صلی الله علیہ وسلم کی وفات ہوگئی اب ان حدیثون سی معلوم ہوا کہ یوم عاشورا

يوم مبارك ينبغي للمؤمن ان يصومه لكن المستحب ان يصوم معه التاسع او الحادي عشر مخالفة لليهود والنصارى
روز مبارک ہی مومن کو چاہیئے کہ اوس روز روزہ رکہا کری پر مستحب یہہ ہی کہ اوسکی ساتہہ یہود ونصاری کی مخالفت کی لئی نوین تاریخ یا گیارہوین تاریخ کا بہی روزہ رکہی

ويتصدق على الفقراء بما قدر واما الصلوة في هذا اليوم لارضاء الخصوم على ما وقع في بعض الكتب فقد ذكر في البزازية
اور اپنی مقدور کی موافق فقرا کو خیرات دی اور اوس روز کی نماز مدعیون کی پرچانی کی لئی جو بعضی کتابون مین آئی ہی تو بزازیہ مین مذکور ہی

انها لا تفيد لان خصمه ان كان عافيا فهو لا يؤاخذ بما عليه يوم القيمة فما الفائدة وان كان لم يعف ياخذ من
کہ اس نماز کا کچہہ فائدہ نہین ہی اسواسطی کہ مدعی اگر معاف کر چکا ہی تو اوس سی قیامت کی دن کچہہ مواخذہ نکریگا پہر اب کیا فائدہ ہوا اور اگر معاف نہین کیا

حسناته يوم القيمة ان كان له حسنات وان لم يكن له حسنات يوخذ من سيات خصمه ويحمل عليه ثم يطرح
تو قیامت کی دن اوسکی حسنات لیلیگا اگر اوسکی پاس حسنات ہونگی اور اگر اوسکی پاس حسنات نہونگی تو اوس مدعی کی گناہ لیکر اوسکی سر رکہدینگی پہر آگ مین پہینک دینگی

في النار كما جاء في حديث رواه ابو هريرة انه عليه السلام قال اتدرون من المفلس قالوا المفلس فينا من لا درهم معه
چنانچہ حدیث مین ابو ہریرہ کی روایت سی آیا ہی کہ پیغمبر علیہ السلام نی پوچہا تم جانتی ہو مفلس کون ہوتا ہی عرض کیا ہم مین مفلس وہ ہی جسکی پاس نہ درہم ہو

ولا متاع قال المفلس من امتي من ياتي يوم القيمة بصلوة وزكوة وصيام وياتي قد شتم هذا وقذف هذا وضرب
اور نہ کچہہ اسباب ہو آپ نی فرمایا مفلس میری امت مین وہ ہی جو قیامت کی دن معہ نماز اور زکوۃ اور روزون کی آویگا اور آویگا کہ اوسکو گالی دی تہی اور اسکو تہمت لگائی تہی اور اسکو مارا تہا

هذا واكل مال هذا فيعطى هذا من حسناته وهذا من حسناته فان فنيت حسناته قبل ان يقضي ما عليه
اور اسکا مال کہا لیا تہا پہر اوسکی کچہہ حسنات اسکو دی جاوینگی اور کچہہ حسنات اوسکو دی جاوینگی پہر اگر اوسکی حسنات اس سی پہلی کہ حقوق ادا ہون ہوچکی تو اونکی گناہ لیکر

اخذ من خطاياهم فطرحت عليه ثم طرح في النار وفي حديث اخر رواه ابو هريرة ايضا انه عليه السلام قال من
اسکی ذمہ رکہہ کر آگ مین ڈالا جاویگا اور ایک اور حدیث مین بہی ابو ہریرہ ہی کی روایت سی ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جسکی

كانت عنده مظلمة لاخيه من عرض او مال فليتحلل منه اليوم قبل ان يوخذ منه يوم لا دينار فيه ولا درهم ان
ذمہ کوئی حق کسی بندہ کا ہو آبرو کا یا مال کا تو آج اوس سی معاف کرالی اس سی پہلی کہ وہ ایسی روز مواخذہ کری کہ وہان نہ دینار ہوگا اور نہ درہم اگر

كان له عمل صالح اخذ منه بقدر مظلمته وان لم يكن له حسنات يوخذ من سيات صاحبه فحمل عليه قيل يوخذ
اسکی پاس عمل صالح ہوگا تو اوس حق کی موافق لیلیا جاویگا اور اگر حسنات کچہہ نہون گی تو اوس مدعی کی گناہ اسکی ذمہ رکہی جاوینگی کہتی ہین

بقدر دانق وهو سدس درهم سبعمائة صلوة مقبولة اديت بجماعة فيعطى للخصم واما خلط الجوائج في هذا اليوم فقد
کہ ایک دانق کی بدلہ کہ چہٹا حصہ درہم کا ہوتا ہی سات سو نمازین مقبول جو جماعت سی ادا کین ہون لیکر مدعی کو دیدینگی اور کرنا سختیون کا یعنی غمگین ہونا اس دن مین

ذكر في القنية انه لم يرد فيه اثر قوي لكن لا باس به بل ربما يثاب عليه وكان الاكتحال فيه سنة لكن لما صار علامة
سو قنیہ مین مذکور ہی کہ اس باب مین کوئی روایت قوی وارد نہین ہی پر اسکا کچہہ مضائقہ نہین بلکہ کبہی اسپر ثواب ہوتا ہی اور سرمہ لگانا اس دن مین سنت تہا لیکن جب سی یہہ نشانی

لمبغضي اهل البيت وجب تركه وكره فعله حتى قيل لبعض السلف اهو سنة من غير ذلك يوم عاشوراء فقال انه
دشمنان اہل بیت کی ٹہر گئی ہی تو اسکا ترک واجب ہی اور اسکا کرنا مکروہ ہی یہان تک کہ کسینی اہل سلف سی پوچہا کیا سرمہ لگانا بغیر بغض اہل بیت کی روز عاشورا مین سنت ہی

سنة المخنثين واما اتخاذه ماتما لاجل قتل الحسين بن علي رض كما يفعله الروافض فهو من عمل الذين ضل سعيهم
یہہ سنت زنانون کی ہی اور اس دن مین ماتم کرنا واسطی شہادت امام حسین بن علی رض کی جیسی رافضی کرتی ہین سو یہہ اون لوگون کا عمل ہی جنکی جاتی رہی کمائی

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا اذ لم يامر الله ولا رسوله باتخاذ ايام مصائب الانبياء وموتهم
دنیا کی زندگی مین اور وہ سمجہتی ہین کہ خوب بناتی ہین کام اسواسطی کہ نہ اللہ نی امر کیا اور نہ اوسکی رسول نی کہ انبیا علیہم السلام کی ایام مصیبت اور ایام موت کو

ماتما فكيف بمادونهم والقاص الذي يذكر الناس قصة القتل يوم عاشوراء ويخرق ثوبه ويكشف راسه ويامرهم
ماتم کیا کرو پہر جو انبیاء سی کمتر ہی اوسکا تو ماتم کہان اور قصہ خوان جو لوگون کی سامنی قصہ شہادت کا یوم عاشورا مین سناتی ہین اور اپنی کپڑی پہاڑتی ہین اور ننگی سر ہوتی ہین

بالقیام والتسبیح تاسفا علی المصیبۃ یجب علی ولات الدین ان یمنعوہم والمستمعون لا یعذرون فی الاستماع

کہڑا کرکر تاسف کی حالت مین مصیبت پر کلمات بیہودہ بکتی ہین دین کی حاکمون پر واجب ہی کہ انکو منع کردین اور سننی والی بہی معذور نہین ہین کہ سنا کرین

قال الامام الغزالی وغیرہ یحرم علی الواعظ وغیرہ روایۃ مقتل حسین وحکایۃ ما جری بین الصحابیین

امام غزالی وغیرہ فرماتی ہین کہ واعظون پر حرام ہی بیان کرنا امام حسین کی شہادت کا اور بیان کرنا اون حالات کا جو صحابہ رض مین

التشاجر والتخاصم فانہ مہیج علی بغض الصحابۃ والطعن فیہم وہم اعلام الدین تلقی ائمۃ الدین عنہم وتلقینا

جہگڑا اور خصومت واقع ہوئی ہین کیونکہ ایسی کہانیون سی صحابہ کا بغض پیدا ہوتا ہی اور اون پر طعنہ ہونی لگتا ہی اور حال یہہ ہی کہ صحابہ دین کی پیشوا ہین بزرگان دین نی

من الائمۃ فالطاعن فیہ طاعن فی نفسہ ودینہ وقال الشافعی وغیرہ من السلف تلک دماء طہر اللہ تعالی عنہا

اون بزرگون سی سیکہا سو جو اونکی عیب جوئی کری وہ اپنی آپ اور اپنی دین کو عیب لگاتا ہی اور امام شافعی اور سوا اونکی اور بزرگ سلف کی کہتی ہین کہ اس خون سی اللہ تعالی نی ہماری ہاتہہ پاک رکہی

ایدینا فلنطہر عنہا السنتنا وقد روی عن عبد اللہ بن مغفل انہ علیہ السلام قال اللہ اللہ فی اصحابی لا تتخذوہم غرضا

تو چاہیی کہ ہماری زبان بہی پاک رہین اور عبد اللہ بن مغفل سی روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا خدا سی ڈرو میری یارون کی حق مین میری بعد انکو

من بعدی ومن احبہم فبحبی احبہم ومن ابغضہم فببغضی ابغضہم ومن اذاہم فقد اذانی ومن اذانی فقد اذی

نشانہ نہ بناؤ اور جو شخص انکو محبوب رکہیگا سو میری محبت سی محبوب رکہیگا اور جو انکو دشمن رکہیگا سو میری بغض کا مارا دشمن رکہیگا اور جسنی اونکو ستایا تو اوسنی مجہکو ستایا اور جسنی مجہکو

اللہ تعالی ومن اذی اللہ تعالی فیوشک ان یاخذہ وفی حدیث اخر رواہ ابو سعید الخدری انہ علیہ السلام قال لا تسبوا

اللہ کو ستایا اور جسنی اللہ کو ستایا تو قریب ہی کہ اللہ اوسکو پکڑلی اور ایک اور حدیث مین آیا ہی ابو سعید خدری کی روایت سی کہ آپ نی فرمایا میری یارون کو برا مت کہو اگر

اصحابی فلو ان احدکم لو انفق مثل احد ذہبا ما بلغ مد احدہم ولا نصیفہ فعلی ہذا یجب علی المؤمن تعظیمہم وذکرہم

کوئی تم مین سی کوہ احد کی برابر سونا خرچ کری تو صحابہ مین سی کسیکی مد کی برابر نہوگا اور نہ آدہی مد کی برابر اب موافق اس حدیث کی ہر مومن پر اونکی تعظیم اور خوبی کا

بالخیر وکف اللسان عن الطعن فیہم اذ بسبب قتل عثمان وقتل حسین جرت فتن کبیرۃ واکاذیب کثیرۃ وظہرت

یاد کرنا اور اون پر طعن و طنز سی زبان بند رکہنا واجب ہی اسواسطی کہ بسبب شہادت حضرت عثمان اور شہادت امام حسین کی بڑی بڑی فتنہ کہڑی ہوگئی اور بہت جہوٹی باتین مشہور ہوگئین

اہواء وبدع وقع فیہا طوائف من المتقدمین والمتاخرین وصارت الاکاذیب والاہواء والبدع لا تزال تزداد حتی

اور بہت مذاہب باطل اور بدعتین پیدا ہوگئین جنمین بہتیری متقدم اور بہتیری متاخر مبتلا ہوگئی اور صدہا جہوٹی قصی اور باطل مذہب اور بدعتین بڑہتی چلی جاتی ہین یہانتک

حدثت امور یطول شرحہا فمن جملتہا ما ابتدعہ کثیر من الناس یوم عاشوراء فجعلوہ ماتما یظہرون فیہ النیاحۃ

کہ ایسی امور پیدا ہوگئی ہین جنکا بیان دراز ہی چنانچہ اونمین سی ایک یہہ بدعت ہی جو بہت لوگون نی یوم عاشورا کو ماتم ٹہرا رکہا ہی اوس روز نوحہ کرتی ہین

والجزع وتعذیب النفوس وسب من مات من اولیاء اللہ تعالی والکذب علی اہل البیت وغیر ذلک من المنکرات المنہی عنہا

اور رونا پیٹنا اور تکلیف اوٹہانی اور اولیاء اللہ کو جو مرچکی ہین برا کہنا اور اہل بیت پر جہوٹ بولنا اور سوا اسکی بہت منکرات جو موافق

بکتاب اللہ تعالی وسنۃ رسولہ واتفاق المسلمین فان الحسین قد اکرمہ اللہ تعالی بالشہادۃ فی ذلک الیوم وہو واخوہ الحسن سیدا

کتاب اللہ اور سنت رسول کی ممنوع اور باتفاق مسلمانون کی ناجائز ہین بیشک حضرت امام حسین رض کو اوس روز اللہ تعالی نی شہادت سی مشرف فرمایا وہ اور اونکی بہائی حسن سردار

شبان اہل الجنۃ وقتلہما وان کانت مصیبۃ عظیمۃ الا انہ تعالی شرع للمسلمین عند المصیبۃ الاسترجاع

جوانان بہشت کی ہین اور اونکا قتل اگرچہ بڑی مصیبت تہی پر اللہ تعالی نی مسلمانون کی لئی مصیبت کی وقت انا للہ وانا الیہ راجعون کہنا شروع کیا ہی

بقولہ تعالی وَبَشِّرِ الصّٰبِرِیْنَ الَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَتْہُمْ مُّصِیْبَۃٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ اُولٰٓئِکَ عَلَیْہِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّہِمْ

اور خوشی سنا ثابت رہنی والون کو کہ جب اونکو پہنچی کچہہ مصیبت کہین ہم اللہ کا مال ہین اور ہمکو اوسکی طرف پہر جانا ایسی لوگ ونہین شاباشیان اپنی رب کی

وَرَحْمَۃٌ وَاُولٰٓئِکَ ہُمُ الْمُہْتَدُوْنَ وروی عن سعید بن جبیر انہ قال لم یعط الاسترجاع لامۃ من الامم الا لہذہ الامۃ ولو اعطی

اور مہربانی اور وہ ہی ہین راہ پر اور سعید بن جبیر سی روایت ہی کہ کہتی ہین کہ استرجاع تمام امتون مین سی سوا اس امت کی کسیکو عطا نہیں ہوا ہی اگر عطا ہوتا

بعقوب

یعقوب النبی الا تری انه قال فی مقام الاسترجاع یا اسفی وفی الصحیحین انه علیه السلام قال ما من مسلم یصاب مصیبة
تو حضرت یعقوب علیه السلام کو عطا ہوتا کیا تو نہیں جانتا کہ حضرت یعقوب نے مقام استرجاع میں یا اسفی یا افسوس کہا اور صحیحین میں ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں ہے کوئی
فیقول انا للہ وانا الیہ راجعون اللہم اجرنی فی مصیبتی واخلف لی خیرا منہا الا اجرہ اللہ فی مصیبته واخلف له خیرا منہا وقد روی
پس وہ کہے ہم ملک اللہ کی ہیں اور ہم طرف اوسکی جانے والے ہیں الٰہی مجکو میری مصیبت کا اجر دے اور اوس سے بہتر بدلا دے مگر اللہ تعالیٰ اوسکی مصیبت کا اجر اور دیگا اوس سے بہتر بدلا دیتا ہے اور
الامام احمد وابن ماجة عن فاطمة بنت الحسین عن ابیہا الحسین انه علیه السلام قال ما من مسلم یصاب بمصیبة فیذکرہا وان
امام احمد اور ابن ماجہ فاطمہ بنت حسین سے روایت کرتے ہیں وہ اپنے باپ حسین سے کہ فرمایا پیغمبر علیہ السلام نے جس مسلمان کو کچھ مصیبت پہنچے پھر وہ اوس مصیبت کو اگرچہ بعد مدت
قدم عہدہا فیحدث لہا الاسترجاع الا کتب اللہ له من الاجر مثلہا یوم اصیب وہذا الحدیث رواہ عن النبی علیه السلام
دراز کے یاد کر کر انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھے تو اللہ تعالیٰ اوسکے واسطے وتنا ہی اجر لکھتا ہے کہ جتنا مصیبت کے دن دیا تھا اور یہ حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی
الحسین وعنه بنته فاطمة التی شہدت مصرعه وقد ثبت فی علم اللہ تعالیٰ ان المصیبة بالحسین یذکر مع تقدم
امام حسین رضی نے روایت کی ہے اور اونسے اونکی بیٹی فاطمہ نے جو کہ اونکی مقتل میں ہمراہ موجود تھیں روایت کی ہے اور علم الٰہی میں ثابت ہو چکا تھا کہ مصیبت حسین کی ہمیشہ کو مدت تک یاد رہیگی
العہد فکان من محاسن الاسلام ان یجری ہذہ السنة کلما ذکرت تلک المصیبة بان یسترجع لہا فیکون للانسان
سو یہ اسلام کی خوبیوں میں سے ہے کہ یہہ طریقہ جاری رہا کہ جب وہ مصیبت یاد آوے تو اوسکے لیے انا للہ وانا الیہ راجعون کہا جاوے تو انسان کو اب بھی
من الاجر الذی کان لمن استرجع یوم اصیب المسلمون بہا واما من یفعل من تقادم العہد بہا ما نہی عنه النبی علیه السلام عن حدثان
وتنا ہی اجر ملے جتنا اوسکو ملتا تھا جسنے انا للہ وانا الیہ راجعون کہا تھا جب وہ مصیبت مسلمانوں پر پڑی تھی اب جو شخص بہت مدت دراز تک وہ منکر بات کرتا ہے جو پیغمبر علیہ السلام نے
العہد بہا فعقوبته اشد مثل لطم الخدود وشق الجیوب ودعوی بدعوی الجاہلیة فکیف اذا انضم الی ذلک ظلم المؤمنین
عہد میں سو اوسکے لیے عقوبت بہت سخت ہے جیسے منہ پیٹنا اور گریبان پھاڑنا اور جاہلیت کے عہد کی طرح پکارنا پھر کیا حال ہوگا اگر اوسپر یہہ زیادہ کرے مومنین کو ظلم
ولعنہم وسبہم واعانة اہل الشقاق والالحاد علی ما یقصدونه للدین من الفساد وغیر ذلک مما لا یحصیه الا اللہ تعالیٰ
اور مومنین کو لعنت کرے اور برا کہنا اور اہل شقاق اور ملحدوں کی جو دین میں فساد کا قصد کرتے ہیں مدد کرے اور سوا اسکے اور منکرات جنکو اللہ تعالیٰ ہی خوب جانتا ہے
فالواجب علی کل مسلم ان یجتنب عن حضور ہذہ المواضع التی یفعل فیہا امثال ہذہ المعاصی والمحرمات والانکار علی مرتکبیہا
سو ہر مسلمان پر واجب ہے کہ ایسی مقام میں جہاں ایسی ایسی معاصی اور محرمات عمل میں آتی ہوں جانے سے کنارہ کرے اور
بقدر الاستطاعة یسر نا اللہ تعالیٰ الاجتناب عنہا

المجلس الثامن والثلثون فی بیان عدم سرایة

بقدر طاقت کے اس کام والوں کو منع کرے اللہ تعالیٰ ہمپر ان معاصی سے بچنا آسان کرے اڑتیسویں مجلس بیچ بیان اثر نکرنے ایک کی

المرض وعدم جواز الطیرة قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم لا عدوی ولا صفر ولا غول ہذا الحدیث
بیماری کی دوسرے میں اور نہ جایز ہونے شگون کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر بیماری لگتی ہے اور نہ صفر کی نحوست ورنہ غول ہے یہہ حدیث
من صحاح المصابیح رواہ جابر والمراد بالعدوی سرایة العلة من صاحبہا الی من یقارنه من الاصحاء واختلف العلماء ان المنفی
مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہے جابر کی روایت سے اور عدوی سے بیماری کا بیمار میں سے بھلے چنگے ہمنشین میں اثر کرنا مراد ہے اور علماء کو اختلاف ہے کہ منفی آیا
ہل ہو عین السرایة او اضافتہا الی العلة فذہب بعضہم الی ان المنفی نفس السرایة فانه علیه السلام اراد نفیہا وابطالہا
عین سرایت ہے یا سرایت بیماری کی ہے سو بعضوں کا یہہ مذہب ہے کہ منفی عین سرایت ہے کیونکہ پیغمبر علیہ السلام نے سرایت کی نفی کی اور باطل کیا
لتخلفہا وجودا وعدما فالتخلف وجودا فلان کثیرا ما یقارن الشخص من ہو مجذوم او اجرب ولا یتعدی الیه مرضه کما اشیر
اسلیے کہ ہونی اثر کی وجود میں اور عدم میں نہیں ہوتی اثر نہ کرنا تو اس سے ثابت ہے کہ اکثر اوقات کوئی شخص جذامی یا خارشتی کے نزدیک آتا ہے یعنی ساتھ کھاتا ہے اور وہ مرض اوسمیں
الیه فیما روی عن جابر انه علیه السلام اخذ بید مجذوم فوضعہا معه فی القصعة واما تخلفہا عدما فلان کثیرا ما
جابر کی روایت میں یہ اشارہ ہے کہ پیغمبر علیہ السلام نے ایک مجذوم کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ پیالہ میں رکھدیا اور اوسکا اثر نکرنا عدم میں اس سے ثابت ہے کہ اکثر اوقات

يمرض هذه الامراض فيما لا احتمال فيه للسراية كما اشير اليه فيما روي عن ابي هريرة ان اعرابيا قال للنبي عليه السلام

يهہ بیماریان ایسی جگہہ پیدا ہوجاتی ہین جہان اصلا احتمال سرایت کا نہین ہی چنانچہ ابی ہریرہ کی روایت مین یہہ ہی اشارہ ہی کہ ایک اعرابی نی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت

ما بال الابل تكون في الرمل كانها الظباء فيخالطها البعير الاجرب فيجربها فقال النبي عم فمن اعدى الاول فانه عم اشار بهذا

کیا حال ہی اونٹ کا کہ دوڑتا ہی جیسی ہرن پہر اوس سی خارشتی اونٹ ملجاتا ہی اوسکو بہی خارشتی کردیتا ہی نبی علیہ السلام نی فرمایا پہلی اونٹ کو کسنی خارشتی کردیا پس نبی علیہ السلام نی

القول الى ان الجرب في البعير الاول ان حصل من بعير اخر اجرب يلزم التسلسل الى ما لا نهاية له وهو محال وان لم

فرمایا کہ اگر پہلی اونٹ مین بہی خارش دوسری خارشتی اونٹ سی ہوئی ہی تو تسلسل لازم آویگا جو کہین جاکر نہ ٹوٹی یہہ تو محال ہی اور اگر

يحصل عنه بل بسبب اخر فالذي اوصله الى البعير الاول هو الذي يوصل الى غيره من الاصحاء وهو الله الخالق

دوسری خارشتی اونٹ سی نہین ہوئی بلکہ کسی اور سبب سی ہوئی تو پہر جسنی پہلی اونٹ مین پیدا کردی ہی وہی پہلی چنگی اچہی بچہی اونٹون مین پیدا کرسکتا ہی وہ اللہ ہر شی کا پیدا کرنیوالا

لكل شيء القادر على كل شيء وذهب بعضهم الى ان المنفي ليس نفس السراية لما روي انه عليه السلام قال لا يورد ممرض

اور تمام اشیا پر قدرت رکہنی والا ہی اور بعضون کا یہہ مذہب ہی کہ منفی عین سرایت نہین ہی کیونکہ روایت ہی کہ پیغمبر علیہ السلام نی فرمایا بیمار اونٹون والا اپنی اونٹ اچہی بچہی

على مصح والممرض صاحب الابل المريضة والمصح صاحب الابل الصحيحة والمراد النهي عن ايراد الابل المريضة على الصحيحة

اونٹون مین نہ کہساوی اور ممرض کہتی ہین بیمار اونٹون والی کو اور مصح کہتی ہین بہلی چنگی اونٹون والی کو اور مقصود بیمار اونٹون کو اچہی بچہی اونٹون مین ملانی سی منع کرنا ہی

وفي حديث اخر انه عليه السلام قال فر من المجذوم فرارك عن الاسد فعلم من هذين الحديثين ان المنفي ليس نفس

اور ایک اور حدیث مین ہی کہ پیغمبر علیہ السلام نی فرمایا بہاگ مجذوم سی جیسی تو شیر سی بہاگتا ہی اب ان دونو حدیثون سی معلوم ہوا کہ منفی عین سرایت نہین ہی

السراية بل المنفي اضافتها الى العلة وهذا القول الثاني اولى لما فيه من التوفيق بين الاحاديث الواردة فيه مع ما فيه

بلکہ منفی سرایت بنسبت بیماری کی ہی اور یہہ دوسرا مذہب اعلی ہی کیونکہ اسمین تمام حدیثین جو اس باب مین وارد ہین موافق ہوجاتی ہین

من صيانة الاصول الطبية عن التعطيل بخلاف القول الاول فانه يفضي الى تعطيلها ولم يرد الشرع بتعطيلها بل ورد

اور طبی قاعدی بہی بیکار ہونی سی بچ جاتی ہین برخلاف پہلی مذہب کی کہ اسمین قاعدی طبی بیکار ہوئی جاتی ہین اور شرع نی طب کو بیکار نہین ٹہرایا بلکہ

باثباتها واعتبارها على وجه لا يناقض اصول التوحيد فانه عليه السلام اراد ابطال ما كان اهل الجاهلية يعتقدونه

قواعد طبی کو ایسی طرح پر ثابت کرکر اعتبار کیا ہی کہ اصول توحید کی برخلاف نہو سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی غرض اہل جاہلیت کی عقاید کا باطل کرنا ہی وہ یون جانتی تہی

من ان العلة تسري بطبعها فقال لا عدوى وبين بقوله هذا ان الامر ليس كما زعموا بل العلة تحصل بقضاء الله تعالى

کہ بیماری خود بخود اثر کرجاتی ہی سو آپ نی فرمایا کہ عدوی نہین ہی اور شرح کردی کہ یون نہین ہی جیسی اہل جاہلیت کہتی ہین بلکہ بیماری حکم الہی سی اور اوسکی تقدیر سی ہوتی ہی

وقدره لكن قد تكون المداناة من الاسباب المقدرة لحصول العلة بالنسبة الى بعض الاشخاص ولذلك نهى النبي

پر کبہی نزدیک ہونا یعنی ملنا ملانا ہی بیماری پیدا ہونی کی لئی بعضی شخصون مین سبب تقدیری ہوجاتا ہی اور اسہی لئی نبی علیہ السلام نی

عن ايراد ممرض على مصح وامر بالفرار عن المجذوم فان ذلك من باب الاجتناب عن الاسباب التي خلقها الله تعالى و

بیمار اونٹون کو اچہی اونٹون مین ملانی سی منع کردیا اور مجذوم سی دور رہنی کو امر فرمایا کیونکہ اسمین اون اسباب سی جو کہ اللہ تعالی نی پیدا کرکر سبب بلا کا مقرر کیا ہی بچاوی اور

جعلها اسبابا للبلايا والعبد المامور بالاجتناب عن اسباب البلايا اذا كان في عافية منها فانه كما يؤمر بعدم

بندہ کو حکم ہی کہ بلا کی اسباب سی جب کہ وہ بندہ اوس بلا سی آرام مین ہی بچا کری جیسی کہ یہہ حکم ہی

القاء نفسه في الماء او في النار وبعدم دخوله تحت الهدم ونحوه مما هو من اسباب الهلاك كذلك يؤمر

کہ ڈوب کر نہ مرو یا آگ مین مت جلو یا گرتی ہوئی مکان تلی مت کہسو اور ایسی اور امر جو موت کا سبب ہوسکی ایسی ہی یہہ حکم ہی

بالاجتناب عن مقاربة الاجرب والمجذوم ونحوهما مما هو من العلل المتعدية باذن الله تعالى فان هذه الاسباب

کہ خارشتی اور مجذوم سی اور مانند اسکی اور بیماریونسی جو اللہ تعالی کی حکم سی دوسری مین اثر کرجاتی ہین الگ ہو کیونکہ یہہ امور

اسباب للمرض والتلف والله تعالی یخلق المسببات عندها لا بها فانه تعالی هو خالق الاسباب ومسبباتها لا خالق

اور ہلاک کی اسباب ہین اور اللہ تعالی ایسی وقت پر مرض کو جو سبب ہی پیدا کر دیتا ہی کچھ اسکی سبب سی نہین ہوتا کیونکہ اللہ تعالی ہی اسباب اور مسبب دونو کا خالق ہی

سواه لکن الاسباب نوعان النوع الاول اسباب الخیر فان النعم لا تضاف الی الاسباب بل انما تضاف الی مسببها و

اوسکی سوا کوئی خالق نہین ہی لیکن اسباب دو قسم پر ہین پہلا قسم تو اسباب خیر کی ہین سو نعیم کو اسباب سی کچھ علاقہ نہین ہی بلکہ نعیم صرف مسبب اور مقدر کی عنایت ہی

مقدرها فما ظهر منها ینبغی ان یفرح بها ویستبشر عند ظهورها ولا یسکن الیها بل الی خالقها ومسببها کما قال الله تعالی

سو جو بہتری پیش آوی تو لایق ہی کہ اوس سی خوش ہو اور دل بشاشت حاصل کری اور اوسکی طرف متوجہ نہ ہی بلکہ خالق اور مسبب کی طرف متوجہ ہو چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی

فی امداد المؤمنین بالملئکة وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰی وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُکُمْ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ واکثر الناس

جب فرشتون سی مؤمنین کی امداد کی اور یہہ تو دی اللہ نی خوشخبری اور تا چین پکڑین دل تمہاری اور مدد نہین مگر اللہ سی اور اس زمانی کی اکثر لوگ

فی هذا الزمان یرکنون بقلوبهم الی الاسباب وینسون مسببها فمن اضاف شیئا من النعم الی غیر الله تعالی ان کان مع

اسباب کی طرف تو بدل متوجہ ہوتی ہین اور اصل مسبب کو بہول جاتی ہین سو جو شخص نعیم کو سوا اللہ کی اور جہت سی سمجہی اگر یہہ ہی

اعتقاده انه لیس من الله تعالی فهو شرك حقیقی وان کان مع اعتقاده انه من الله تعالی فهو نوع من شرك خفی والنوع

اعتقاد ہی کہ اللہ تعالی کی طرف سی نہین ہی تو یہہ حقیقی شرک ہی اور اگر اسباب کو لحاظ کرتا ہی بہا عتقاد یہہ ہی کہ اللہ تعالی کی طرف سی ہی تو یہہ ایک نوع شرک خفی ہی اور دوسری

الثانی اسباب الشر فان المصائب لا تضاف الا الی الذنوب کما قال الله تعالی وَمَا اَصَابَکُمْ مِّنْ مُّصِیْبَةٍ فَبِمَا کَسَبَتْ اَیْدِیْکُمْ

قسم اسباب شر سو مصائب صرف گناہون ہی سی علاقہ رکہتی ہین چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی اور جو پڑی تم پر کوئی سختی سو بدلا اوسکا جو کمایا تمہارے ہاتہون نی

وما ظهر منها ینبغی ان یتقی عنها بقدر ما ورد به الشرع مثل اتقاء مقاربة الاجرب والمجذوم والقدوم علی مکان الطاعون

اور جو اسباب یا مصائب ظاہر ہون تو اوس سی اتنا پرہیز کرنا چاہی کہ جتنا شرع نی اجازت دی ہی جیسی خارشتی اور مجذوم کی ہمنشینی سی اور وبا کی مکان مین داخل ہونی سی

واما ما خفی منها فلا یشرع اتقاؤها واجتنابها لان ذلك من الطیرة المنهی عنها التی من اعمال الشرك والکفر کما حکاها

اور جو اسباب یا مصائب پوشیدہ ہین تو اوس سی پرہیز کرنا شرع مین نہین آیا کیونکہ یہہ بدشگونی مین داخل ہی جو نہایت ممنوع اور شرک اور کفر کا عمل ہی چنانچہ

الله تعالی عنهم فی مواضع من کتابه فانهم کانوا یتطیرون ویتشاءمون بالرسل واتباعهم وسبب تشاؤمهم بهم

اللہ تعالی اسکو اپنی کتاب مین کئی جگہہ بیان فرماتا ہی کیونکہ وہ لوگ رسل علیہم السلام اور اونکی اصحاب سی بدشگونی کرکر نحوست سمجہا کرتی تہی اور سبب منحوس سمجہنی کا یہہ تہا

ان الرسل لما دعوهم الی دین غیر مالوفهم استغربوه واستقبحوه ونفرت عنه طباعهم اذ من عادة العوام ان

کہ رسل علیہم السلام نی جب اول لوگون کو نئی دین کی دعوت کی تو وہ لوگ عجیب سمجہہ کر قبیح سمجہنی لگی اور اونکی طبیعتین نفرت کرنی لگین کیونکہ عوام کی یہہ عادت ہی

یتیمنوا بکل ما یوافق هواهم وان کان جالبا لکل شر ووبال وان یتشاءموا بکل ما یخالف هواهم وان کان جازبا لکل خیر

کہ اپنی ہوس کی موافق آرزو کیا کرتی ہین اگرچہ اوسمین سراسر بدی اور وبال ہو اور جو اونکی مرضی کی مخالف ہو اوسکو نحس جانتی ہین اگرچہ اوسمین سراسر خیر اور برکت ہو

ونوال وقد ثبت انه علیه السلام قال لا طیرة وفی حدیث اخر انه علیه السلام قال الطیرة من الشرك والبحث عن

اور ثابت ہو چکا ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا بدشگونی بالکل نہین ہی اور ایک اور حدیث مین ہی کہ آپ نی فرمایا بدشگونی شرک ہی اور گفتگو کرنی

اسباب الستر بالرمل والنظر فی النجوم وضرب الحصی والشعیر وغیر ذلك هو الطیرة المنهی عنها والباحثون عنها لا

غیب کی باتون مین بوسیلہ رمل کی اور ستارون کی تاثیر دیکہہ کر اور کنکر پہینکنی اور جو کی دانی وغیرہ سی یہہ ہی طیرہ ہی جسکی ممانعت ہوئی ہی اور جو اسمین گفتگو کرنیوالی

یشتغلون لما یدفع البلاء من الطاعات بل یشتغلون بلزوم البیت وعدم الحرکة وهذا لا یمنع نزول القضاء والقدر

وہ کام نہین کرتی جس سی بلا دفع ہو یعنی عبادات بلکہ گہر مین بیٹہہ کر بیٹہہ رہتی ہین اور چلنا پہرنا موقوف کر دیتی ہین اس سی قضا اور قدر بند نہین ہوتی

ومنهم من یشتغل بالمعاصی وهذا مما یقوی وقوع البلاء ونفوذه والذی جاءت به الشریعة هو ترك البحث عن

اور بعضی لوگ گناہون مین مشغول ہو جاتی ہین یہہ ایسا کام ہی جسمین خواہ مخواہ بلا آوی اور اثر کری جو علاج واسطی دفع بلا کی شرع مین آیا ہی وہ یہہ ہی کہ اسمین کچہہ گفتگو

ذلك والاعراض عنه والاشتغال بما يدفع البلاء من الدعاء والذكر والصدقة والتوكل على الله تعالى والايمان

اور نہ اودہر توجہ کری اور وہ شغل اختیار کری جسمین بلا دفع ہو یعنی دعا اور یاد الٰہی اور خیرات اور خدا تعالی پر بہروسہ اور قضا

بقضائه وقدره فانه عليه السلام عند ظهور اسباب العقوبات السماوية المخوفة كالكسوف والخسوف كان يامر و

اور قدر کو تسلیم کرنا کیونکہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم بروقت ظاہر ہوتی سامان خوفناک عذاب آسمانی کی جیسی سورج گہن اور چاند گہن اوروں کو بہی حکم فرماتی

يشتغل باعمال البر من الصلوة والدعاء حتى ينكشف ذلك عن الناس وهذا كله مما يدل على ان اسباب العذاب اذا

اور آپ بہی نیک اعمال مین معروف ہوتی جیسی نماز نفل اور دعا یہان تک کہ وہ سامان لوگون پر سی دور ہوجاتا ان تمام روایات سی یہہ معلوم ہوتا ہی کہ جب عذاب کی سامان

ظهرت فالمشروع الاشتغال بما يرجى ان يدفع به العذاب المخوف من اعمال البر والتقوى فان هذه الاشياء

ظاہر ہون تو موافق شرع کی ایسی عبادت مین مشغول ہو جسمین امید ہی کہ عذاب خوفناک موقوف ہوجاوی یعنی اعمال نیک اور پرہیزگاری بیشک یہہ تمام اشیاء

كلها من اعظم ما يستدفع به البلاء فانه تعالى يخلق اسبابا للعذاب واسبابا للرحمة اما اسباب العذاب فيخوف

بلا کی دفع کرنی مین بڑی ہی تاثیر رکہتی ہین بیشک اللہ تعالی سامان عذاب کا اور رحمت کا دونو پیدا کرتا ہی عذاب کی سامان سی تو اللہ تعالی اپنی بندون کو ڈراتا ہی

الله تعالى بها عباده ليتوبوا اليه ويتضرعوا اليه كالريح الشديدة فان الريح من روح الله تعالى تاتي بالرحمة

تاکہ اوسکی طرف رجوع لاوین اور خوار ہوکر رووین جیسی تند اندہیان بیشک ہوا اللہ تعالی کا فیض ہی کبہی رحمت لاتی ہی

وتاتي بالعذاب وعند اشتدادها امر النبي عليه السلام ان يسئل الله تعالى خيرها وخير ما ارسلت به ويستعيذ

اور کبہی عذاب اور تندی کی وقت نبی علیہ السلام کا حکم ہی کہ اللہ تعالی سی خیر کی دعا کرین اور جو اوس سی آوی اوسکی خیر مانگین اور اوسکی

به تعالى من شرها وشر ما ارسلت به فانه عليه السلام قد كان اذا راى ريحا او غيما تغير وجهه واقبل وادبر فاذا

شر سی اور اوسکی شر سی جو وہ لاتی ہی پناہ مانگین پس پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم جب آندہی یا ابر دیکہتی تو چہرہ کی حالت بدل جاتی اور کبہی آتی اور کبہی جاتی پہر اگر

امطر سر عنه ويقول قد عذب قوم بالريح وراى قوم السحاب فقالوا هذا عارض ممطرنا فنزل منه العذاب واما اسباب

مینہہ برس جاتا تو خوش ہوجاتی اور فرماتی کہ ایک قوم کو عذاب آندہی کا ہوا تہا اور ایک قوم ابر کو دیکہہ کر کہنی لگی یہہ ابر ہی ہمپر برسیگا سو اوسمین سی عذاب نازل ہوا اور رحمت کی

الرحمة فيرجي الله تعالى بها عباده كالريح الطيبة والمطر المعتاد عند الحاجة اليه ولهذا يقال عند نزوله اللهم

سامان سی اللہ تعالی اپنی بندون کو امیدوار کرتا ہی جیسی ہوا نرم ٹہنڈی اور مینہہ عادت کی موافق حاجت کی وقت اور اسیواسطی مینہہ برستی وقت یہہ دعا کرتی ہین اے اللہ

سقيا رحمة لا سقيا عذاب واما من اتقى عن اسباب الضرر بعد ظهورها بالاسباب المنهي عنها فلا ينفعه بل

پلانا رحمت کا نہ پلانا عذاب کا اور جو شخص اسباب ضرر سی بعد ظاہر ہونی کی بطور ممنوع کی بچنا چاہی تو اوسکو کچہہ فائدہ نہین بلکہ

كثيرا ما يقع فيما يخاف منها واما قوله عليه السلام ولا صفر فقد اختلف في تفسيره والقول الاشبه ان المراد به شهر

اکثر اوقات خوفناک بلا مین آجاتا ہی اور یہہ ارشاد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ صفر نہین ہی سو اسکی تفصیل مین اختلاف ہی ظاہرا حق یون معلوم ہوتا ہی کہ مراد ماہ صفر ہی

صفر فان اهل الجاهلية كانوا يتشاءمون ويقولون انه شهر مشئوم فابطل النبي عليه السلام ذلك وكثير من الناس

کیونکہ ایام جاہلیت مین اسکو منحوس جانتی تہی اور یون کہا کرتی تہی کہ صفر برا منحوس ہی سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی اسکو باطل کردیا اور بہتیری لوگ

في هذا الزمان يتشاءمون به وربما يمتنعون فيه من السفر والتزوج وغيرهما والتشاءم به من جنس الطيرة المنهي عنها وكذلك

اب بہی اوسکو منحوس بتاتی ہین اور بعضی دفعہ اس مہینہ مین سفر نہین کرتی اور نہ بیاہ کرین اور نہ اور کوئی کام اسکی نحوست ماننی بہی بدشگونی کی قسم ہی جسکی ممانعت ہوچکی ہی اور

التشاءم بيوم من الايام فان تخصيص الشوم بزمان دون زمان كشهر صفر وغيره غير صحيح لان الزمان عبارة عن مدة

نحوست کسی اور دن کی تمام ایام مین سی بدشگونی ہی کیونکہ نحوست کی خصوصیت کسی کسی وقت کی جیسی ماہ صفر وغیرہ کی جائز نہین ہی اسواسطی کہ زمانہ تو ایک مدت دراز کا نام ہی

ممتدة يعرف مقدارها بحركة الافلاك والكواكب وهو في ذاته امر واحد متشابه الاجزاء لا يحصل الا بخلق الله تعالى

جسکا اندازہ افلاک کی حرکت اور ستارون سی معلوم ہوتا ہی اور وہ اپنی ذات مین ایک متصل چیز ہی اوسکی سب اجزا ایک سی ہین صرف خدا تعالی کی پیدایش ہی

ويقع

ویقع فیه افعال العباد فلا یکون فیه یمن ولا شوم الا باعتبار افعال العباد فکل زمان شغله العبد بالطاعة فهو
اوسی کی اندر افعال عباد ہوتی ہین سو اوسمین نہ برکت نہ کچہہ نحوست ہان باعتبار کار بار بندون کی ہی سو جس زمانہ کو انسان نی عبادت مین مشغول رکہا تو وہ
زمان مبارک علیه وکل زمان شغله العبد بالمعصیة فهو زمان مشؤم علیه والیمن والشوم فی الحقیقة هو الطاعة
زمانہ اوسپر مبارک ہی اور جس زمانہ کو انسان نی گناہون مین لگا دیا تو وہ زمانہ اوسپر منحوس ہی حقیقت مین مبارک اور منحوس عبادت
والمعصیة کما قال عدی بن حاتم یمن المرء وشومه بین لحییه یعنی لسانه وقال ابن مسعود ان کان الشوم فی شیء
اور معصیت ہوتی ہی چنانچہ عدی بن حاتم کہتا ہی ادمی کی برکت اور نحوست دونو جبڑون مین ہی مراد اوسکی زبان ہی اور ابن مسعود کہتی ہین اگر بالفرض کسی شی مین نحوست ہوتی
ففیما بین اللحیین یعنی اللسان وقال ایضا ما شیء احوج الی طول السجن من اللسان وروی عن عائشة انه علیه السلام
تو دونو جبڑون مین یعنی زبان مین ہوتی اور یہہ بہی کہا زبان سی زیادہ کوئی شی نہین جو قید کی زیادہ حاجتمند ہو اور حضرت عائشہ سی روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی
قال الشوم سوء الخلق فعلی هذا لا الشوم الا المعاصی والذنوب فانها تسخط الله تعالی فانه اذا سخط علی عبد یکون ذلك
فرمایا نحوست بدخلقی ہی اس روایت کی موافق بجز معاصی اور ذنوب کی نحوست کچہہ اور نہین ہی کیونکہ اسی سی اللہ تعالی بیزار ہوتا ہی سو جس بندی سی اللہ بیزار ہوا تو وہ ہی بندہ
العبد شقیا فی الدنیا والاخرة واذا رضی عن عبد یکون ذلك العبد سعیدا فی الدنیا والاخرة وبعض الصالحین قد شکی الیه
دنیا اور آخرت مین بدبخت ہی اور جس بندی سی اللہ تعالی راضی ہوا وہ ہی بندہ دنیا و آخرت مین نیکبخت ہی کسی صالح مرد کی سامنی ایسی مصیبت کا شکوہ ہوا
عن بلاء وقع الناس فیه فقال ما اری ما انتم فیه من البلاء الا بشوم الذنوب فالعاصی مشوم علی نفسه وعلی غیره اذ لا
جسمین تمام خلق مبتلا تہی سو اونہون نی کہا مجکو تمہارا یہہ مصیبت بجز نحوست ذنوب کی معلوم نہین ہوتی تو گنہگار آدمی اپنی حق مین ہی اور غیر کی حق مین ہی منحوس ہوتا ہی اسلئی
یؤمن ان ینزل علیه العذاب فیعم الناس خصوصا من لم ینکر علیه والبعد عنه لازم وکذلك الاماکن التی یفعل فیها المعاصی
کہ اگر اوسپر عذاب نازل ہووی پہر سب خلق پہ پہیل جاوی تو کہان بچ سکتی ہین خاص کر اون لوگون پر جو اوسکی عمل کو برا نجانتی ہون اور اوس سی دور رہنا ضرور چاہئی اور ایسی ہی اون مکانات
یلزم البعد عنها والهرب منها خشیة نزول العذاب علی من یوجد فیها کما روی انه علیه السلام حین مر علی دیار ثمود بالحجر
بہاگ کر دور رہنا چاہئی اس خوف سی کہ مبادا جو جو وہان موجود رہتا سب پر عذاب نازل ہو جاویگا چنانچہ روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم جبوقت یامہ مین دیار ثمود پر پہنچی
قال لاصحابه لا تدخلوا اماکن هؤلاء المعذبین الا ان تکونوا باکین خشیة ان یصیبکم ما اصابهم فان هجران اهل
تو اپنی اصحاب سی فرمایا اس دم عذاب کی مارے ہوونکی مکانات مین نہ جانا مگر روتی ہوئی اس خوف سی مبادا کہ تمپر ہی آجاویگا جو عذاب اونپر آیا تہا بیشک ترک کرنا اہل
العصیان واماکنهم من جملة الهجرة المامور بها بل العدوی عند التحقیق فی مخالطة من ترتکب المعاصی ویحسنها ویزینها
عصیان اور اونکی مکانات کا ہجرت مین داخل ہی جو کہ مامور بہا ہی بلکہ عدوی یعنی ڈکہ کا لگنا حقیقت مین اوس شخص کی ملاپ مین ہی جو معاصی مین مبتلا ہی اور معاصی کو خوبی کی ساتہہ سب
ویدعوا الیها من شیاطین الانس الذین هم اضر من شیاطین الجن فان شیاطین الجن یستعاذ منه بالله تعالی فینصرف
اور لوگون کو رجہاتا ہی یعنی آدمی کی صورت کا شیطان کہ وہ جنی شیطانون سی زیادہ تر ضرر کرتا ہی کیونکہ جنی شیاطین تو اللہ تعالی کی پناہ لینی سی دور ہو جاتی ہین
واما شیاطین الانس فلا یبرح حتی یوقعك فی المعصیة وقد جاء فی الحدیث انه علیه السلام قال یحشر المرء علی دین خلیله
اور آدمی کی صورت کا شیاطین کبہی نہین جاتی آخر تجکو معصیت مین گرفتار کر چہوڑتی ہین اور حدیث مین آیا ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا ہی آدمی اپنی اپنی دوستون کی دین پر اوٹہینگی
فلینظر احدکم من یخالل وفی الحدیث الاخر انه علیه السلام قال لا تصحب الا مؤمنا ولا یاکل طعامك الا تقی واما الغول بالضم
اب تمکو خیال کرنا چاہئی کس کا دوستی کرتی ہو اور ایک اور حدیث مین ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ نی فرمایا ہی مؤمن کی سوا کسیکا ہمنشین مت ہو اور سوا پرہیزگار کی کسیکو کہانا مت کہلا اور غول
فهو من زعمات الجاهلیة فانهم کانوا یقولون انه نوع من الجن یتراءی للناس فی الفلوات باشکال مختلفة ویضلهم
جاہلیت کی اقوال مین اہل جاہلیت کہا کرتی تہی کہ غول ایک قسم جن کی ہی آدمیون کو جنگل مین طرح طرح کی شکلین بنا کر دکہایا کرتی ہین اور رستی سی بہٹکا کر
عن الطریق ویهلکهم وقوله علیه السلام لا غول یحتمل ان یکون المراد منه نفی وجوده کما هو ظاهر من لفظه لان المتبادر
ہلاک کر دیتی ہین اور یہہ ارشاد نبی علیہ السلام کا کہ غول نہین ہی اسمین یہہ ہی احتمال ہی کہ اس سی مراد نفی اوسکی وجود کی ہو چنانچہ لفظون سی یہہ ہی ظاہر ہی کیونکہ

زینت دیگر

من نفی الشیٔ نفی وجوده لکن قال بعض العلماء لیس المراد به نفی وجوده بل المراد به نفی ما کان یعتقده اهل الجاهلیة
کسی شی کی نفی سی یہہ ہی معلوم ہوتا ہی کہ وہ چیز موجود نہیں ہی لیکن بعضی علما یہہ کہتی ہین کہ نفی اوسکی وجود کی مراد نہیں ہی بلکہ اہل جاہلیت کی ان اعتقادات کی نفی مراد ہی

من التشکل باشکال مختلفة والاضلال عن الطریق والاهلاک فیکون المعنی انه لا یستطیع ان یضل احدا عن الطریق
کہ وہ طرح طرح کی شکل بناتی ہین اور رستی سی بہکاتی ہین اور ہلاک کردیتی ہین اب حدیث کی یہہ معنی ہوئی کہ غول کسیکو رستی سی نہین بہکا سکتی

ولا ان یفعل شیئا مما ذکر وهذا الوجه اولی الوجهین لورود اخبار تدل علی وجوده من جملتها ما روی انه علیه السلام
اور نہ کچہہ اور اونہ مذکورات مین سی کرسکتی ہین یہہ معنی دونون مین اولی ہین کیونکہ ایسی حدیثین بہی آئی ہین جو غول کی وجود پر دلالت کرتی ہین اونمین سی ایک یہہ روایت ہی کہ پیغمبر علیہ السلام

قال اذا تغولت الغیلان فبادروا بالاذان فانه علیه السلام بین ان شرها یدفع بذکر الله تعالی فعلی المؤمن ان یشتغل
فرمایا جسوقت غیلان شرارت کرین تو جلدی اذان کہو سو پیغمبر صلی الله علیہ وسلم نی بیان کردیا کہ انکی شرارت ذکر الہی سی دفع ہوجاتی ہی سو مؤمن کو لازم ہی کہ الله تعالی کی عبادت مین مشغول

بطاعة الله تعالی ویتوکل علیه ویترک کل ما شاع بین الانام مما کان مخالف الدین الاسلام ونهی عنه النبی علیه السلام
ہین اور علی کرم اللہ وجہہ کہتی ہین مومن کی واسطی اللہ کی ہان پانچ قسم کی عقوبت ہی پہلی تو بیماری پہر مصیبتین پہر اگر اوسکی گناہ اوس سی بہی زیادہ ہین تو گور مین عذاب دیا جاتا ہی پہر اگر

اکثر من ذلک یحبس علی الصراط فان کانت اکثر من ذلک یعذب فی جهنم علی قدر ذنوبه ثم یخرج منها بالتوحید ان کا
زیادہ ہین تو صراط پر روکا جاویگا پہر اگر اس سی بہی زیادہ ہین تو بقدر گناہون کی دوزخ مین عذاب دیا جاویگا پہر اوسمین سی توحید کی برکت سی نکلیگا اگر

توحیده صحیحا وان لم یکن توحیده صحیحا لا یخرج منها بل یبقی فیها ابدا الآبدا لان الناس فی الآخرة ینقسم الی عدة
اوسکی توحید صحیح اور درست ہوگی اور اگر اوسکی توحید صحیح نہین ہی تو دوزخ سی نہین نکلیگا بلکہ ہمیشہ کو اوسی مین رہیگا اسواسطی کہ آدمیون کی آخرت مین کئی قسمین ہونگی

اقسام القسم الاول قسم الفائزین وهم الذین قال الله تعالی فیهم فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِیَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْیُنٍ
پہلی قسم تو قسم کامیاب ہوگی وہی وہ لوگ ہین جنکی حق مین اللہ تعالی فرماتا ہی سو کسی جی کو معلوم نہین جو چہپا دہرا ہی اونکی واسطی جو ٹہنڈک ہی آنکہون کی

جَزَآءًۢ بِمَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ وقال النبی علیه السلام اخبارا عن الله تعالی انی اعددت لعبادی الصالحین ما لا عین رأت
بدلہ اوسکا جو کرتی تہی اور نبی علیہ السلام اللہ تعالی کی طرف سی خبر دیتی ہین یعنی اپنی نیک کار بندون کی واسطی تیار کی ہی وہ راحت کہ نہ کسی آنکہہ نی دیکہی

ولا اذن سمعت ولا خطر علی قلب بشر والقسم الثانی قسم الهالکین وهم الذین کذبوا بالحق ولم یصدقوا به فان
اور نہ کسی کان نی سنی اور نہ گذری کسی بشر کی دل پر اور دوسری قسم تباہ کارون کی قسم ہی وہی وہ لوگ ہین جنہون نی حق کی تکذیب کی اور اوسکو سچ سمجہا بیشک

سعادة الآخرة لا تكون الا في القرب من الله تعالى والنظر الى وجهه الكريم وذلك لا يحصل الا بالمعرفة التي يعبر عنها
آخرت کی سعادت بدون قرب الٰہی اور مشاہدہ وجہ کریم کی کبھی نہیں ہوتی اور یہہ قرب اور مشاہدہ بدون معرفت کی حاصل نہیں ہوتا

بالايمان والتصديق وهم لما كذبوا بالحق ولم يصدقوا به كانوا بعيدا عنه وَهُمْ عَنْ رَبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَمَحْجُوبُونَ وكل محجوب
جسکا نام ایمان اور تصدیق ہی اور انہوں لوگوں نی جو حق کی تکذیب کی اور اوسکو کچہہ نہ مانا تو اوسی دور ہوگئی وہ اپنی رب سی اوسدن روکی جاوینگی اور جو شخص اپنی

عن ربه يكون هالكا محترقا بنار الفراق ونار جهنم ابد الآباد والقسم الثالث قسم المعذبين وهم الذين تحلوا باصل
رب سی محجوب ہوا وہ ہلاک ہوا فراق اور دوزخ کی آگ میں قدیم کو جلتا رہیگا اور تیسری قسم عذاب کی لوگ ہیں وہ لوگ ہیں جنمین اصل ایمان تو موجود ہی

الايمان لكنهم قصروا في العمل بمقتضاه فان راس الايمان هو التوحيد والتوحيد نفي الشرك باعتقاد العبد ان الله تعالى
پر اونہوں نی مطابق ایمان کی اعمال میں قصور کیا کیونکہ اصل ایمان تو توحید ہی اور توحید دور کرنا شرک کا ہی جب آدمی یہہ اعتقاد کری کہ اللہ تعالی

واحد في ذاته وصفاته وافعاله فما يظهر شئ في العالم الا بعلمه وارادته وخلقه ولا يستحق العبادة الا هو
ایک ہی اپنی ذات اور صفات اور افعال میں اور کوئی شی عالم کی اندر بدون اوسکی علم اور ارادہ اور پیدائش کی پیدا نہیں ہوسکتی اور نہ کوئی سزاوار عبادت کا ہی

فعلى هذا كل من يقول لا اله الا الله يصير كانه يقول اني اعتقد ان الله تعالى واحد في ذاته وصفاته وافعاله
سو اوسکی اس اعتقاد کی موافق جو شخص یہہ اقرار کرتا ہی کہ نہیں کوئی معبود سوا اللہ کی تو ایسا ہی کہ یوں کہتا ہی مجھکو یقین ہی کہ اللہ تعالی ایک ہی اپنی ذات اور صفات اور افعال میں

ولا يظهر في العالم شئ الا بعلمه وارادته وخلقه ولا يستحق العبادة الا هو فاني التزمت عبادته ولا اعبد الا اياه
اور عالم میں کوئی شی بدون اوسکی علم اور ارادہ اور پیدائش کی پیدا نہیں ہوسکتی اور سوا اوسکی کوئی سزاوار پرستش کا نہیں سو میں اوسکی عبادت اپنی ذمہ لیچکا ہوں اور سوا اوسکی

وبعد هذا الاعتراف كل من اتبع هواه فقد اتخذ الهه هواه فهو موحد بلسانه فقط والتوحيد لا يكمل الا بالاستقامة
کسیکی عبادت نکرونگا اور بعد اس اقرار کی جو شخص اپنی ہوا ہوس کا تابع ہوا تو اوسنی اپنی ہوا ہوس کو معبود بنالیا پس وہ شخص صرف زبانی موحد ہی اور توحید بغیر قایم رہنی کامل نہیں ہوتی

عليه ومن لم يستقم عليه ولو في امر يسير بل اتبع هواه ولو في فعل قليل يكون خارجا عن سواء السبيل وذلك قادح
اور جو شخص توحید پر قایم نرہا اگرچہ ادنی بات میں بلکہ اپنی ہوس کا تابع ہوا اگرچہ چھوٹی سی کار میں تو وہ سیدہی راہ سی الگ ہی اور اس ہی کمال توحید میں

في كمال التوحيد ولعدم خلو بشر عن ذلك قال الله تعالى وَإِنْ مِنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا فيكون الورود على النار لكل احد
نقصان آتا ہی اور چونکہ اس سی کوئی بشر خالی نہیں ہی اسواسطی اللہ تعالی فرماتا ہی اور کوئی نہیں تم میں جو نہ پہنچیگا اوسپر پس ہر ایک کا گذر یقینا آگ پر ہوگا

متيقنا وانما الشك فيمن ينجو منها وفي اي وقت يخرج منها وقد جاء في بعض الاخبار ما يدل على ان آخر من يخرج بعد
شک اونہی میں ہی جو اوس سی نجات پاوینگی اور کس وقت اوسمیں سی باہر آوینگی اور بیشک بعضی احادیث کی مضمون سی معلوم ہوتا ہی کہ سب سی آخر کا بعد سات ہزار برس کی

سبعة الاف سنة وبعضهم يجوز عنها كبرق خاطف ولا يوجد له فيها لبث نرجو الله تعالى ان يجعلنا منهم بلطفه
نکلیگا اور بعضی اوسپر سی چمکتی بجلی کی طرح جلد جاوینگی اونکی لئی اوسمین ذرا درنگ نہوگی ہمکو امید ہی کہ اللہ تعالی اپنی لطف اور فضل

وفضله وكرمه

المجلس الثاني والاربعون في بيان دفع الدعاء البلاء حين نزول البلاء

اور کرم سی ہمکو اونہی گروہ میں داخل کری بیالیسویں مجلس اس بیان میں کہ دعا اوترتی بلا کو اور اوترنی سی پہلی بلا کو دفع کردیتی ہی

وبعد النزول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الدعاء ينفع مما نزل ومما لم ينزل فعليكم عباد الله بالدعاء
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا بیشک دعا نفع کرتی ہی اوس بلا کو جو اوتر چکی اور جو نہیں اتری سو اپنی اوپر اے بندو اللہ کی دعا کو لازم کرلو

هذا الحديث من حسان المصابيح رواه عبد الله بن عمر ومعناه ان الدعاء يدفع البلاء النازل ويدفع البلاء الذي
یہہ حدیث مصابیح کی حسان حدیثوں میں ہی عبد اللہ بن عمر کی روایت سی اسکی معنی یہہ ہیں کہ دعا آئی ہوئی بلا کو دفع کردیتی ہی اور اوس بلا کو بہی

كان في صدد النزول فداوموا يا عباد الله بالدعاء [illegible] فان البلاء ينزل فيلتقاه الدعاء فيعتلجان الى يوم القيامة
[illegible] تیار ہو دفع کردیتی ہی سو تم اے بندو اللہ کی ہمیشہ دعا کرتی رہا کرو [illegible] بیشک بلا آتی ہی اور دعا اوسکی آگی آتی ہی قیامت تک دونو لڑتی رہتی ہیں

کما جاء فی الحدیث ان الدعاء والبلاء یلتقیان بین السماء والارض فیعتلجان الی یوم القیمة وقد روی عن سلمان الفارسی
چنانچہ حدیث میں آیا ہی کہ دعا اور بلا آسمان اور زمین کی بیچ میں ملتی ہین پہر قیامت تک لڑی جاتی ہین اور سلمان فارسی سی روایت ہی

انه علیه السلام قال لا یرد القضاء الا الدعاء فان القضاء وان کان مما لا مرد له لکن من جملة القضاء رد البلاء
کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا قضا کو دعا کی سوا کوئی نہین رد کرتا کیونکہ قضا کا اگرچہ کوئی ہٹانی والا نہین پر یہہ بہی حکم قضا کا ہی کہ دعا سی بلا رد ہو جاوی

بالدعاء فکل بلاء قدر ان یندفع بالدعاء یکون الدعاء سببا لرد ذلك البلاء کالترس الذی یکون سببا لرد السهم فکما
پہر جو بلا بالفرض دعا سی دفع ہو جاوی تو دعا اسکی دفع ہونی اوس بلا کی سبب ہوویگی مانند ڈہال کی سو جیسی ڈہال

ان الترس یدفع السهم کذلك الدعاء یدفع البلاء وقد روی عن ابن مسعود انه علیه السلام قال سلوا الله من فضله
تیر کو روک دیتی ہی ایسی ہی دعا بلا کو دفع کر دیتی ہی اور ابن مسعود سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا اللہ سی اللہ کا فضل مانگا کرو

فان الله یحب ان یسال یعنی ان الله تعالی کریم قادر علی قضاء الحوائج یحب ان یطلب منه قضاء الحوائج فاطلبوا
کیونکہ اللہ تعالی سوال کرنیکو محبوب رکہتا ہی مراد یہہ ہی کہ اللہ تعالی کریم ہی اور حاجات روا کرنی پر قادر ہی یہہ محبوب رکہتا ہی کہ مجہسی حاجات طلب کیا کریں سوای ایمان والو

منه قضاء حوائجکم ایها المؤمنون وفی حدیث اخر رواه ابو هریرة انه علیه السلام قال من لم یسال الله یغضب علیه
اوس ہی اپنی اپنی حاجتین طلب کرو اور ایک اور حدیث مین ہی ابو ہریرہ کی روایت سی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو شخص اللہ سی سوال نہین کرتا تو اللہ اوسپر غصہ کرتا ہی

لان من لم یطلب منه تعالی حاجة یکون فی صورة الاستغناء عنه تعالی ولا یجوز للعبد ان لا یعرض حاجة علی الله تعالی
اسلئی کہ جو اللہ تعالی سی حاجت طلب نہین کرتا تو وہ ظاہر مین اللہ تعالی سی بی نیاز ہوتا ہی اور بندہ کو یہہ جایز نہین ہی کہ اللہ تعالی سی کوئی حاجت پیش نکری بلکہ چاہیی کہ اپنی تمام

لیکون هذا اعترافا بعبودیته وفقره وعجزه واحتیاجه الی الله تعالی فی قضاء حوائجه فان احب العباد الی الله تعالی
تاکہ یہہ ہی اپنی عبودیت کا اور فقر کا اور عجز کا اور اللہ تعالی کی طرف حاجتمندی کا تمام حاجات کی روا کرنی مین اقرار ہو جاوی کیونکہ محبوب تر بندہ اللہ تعالی کا

من یساله وابغض العباد الیه من یستغنی عنه واحب العباد الی الناس من یستغنی عنهم ولا یسالهم شیئا وابغض
وہ ہی ہی جو اوس سی مانگتا رہی اور بدتر بندہ اللہ کا وہ ہی جو اوس سی بی پروائی کری اور محبوب یعنی پسندیدہ آدمی انسین وہ ہوتا ہی جو اونسی بی پروا رہی اور اونسی کچہہ نہ مانگی اور ناکارہ

العباد الیهم من یسالهم وقد روی عن ابی هریرة انه علیه السلام قال لیس شیء اکرم علی الله تعالی من الدعاء یعنی ان اکرم
آدمی انسین وہ ہی جو اونسی سوال کیا کری اور ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کوئی شی اللہ تعالی پر دعا سی زیادہ تر مکرم نہین مراد یہہ ہی

العبادات علی الله تعالی الدعاء بل جاء فی حدیث اخر انه علیه السلام قال الدعاء هو العبادة ثم قرأ قوله تعالی ادعونی
کہ عبادات مین بڑی معزز اللہ تعالی پر دعا ہی بلکہ ایک اور حدیث مین آیا ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا دعا ہی عبادت ہی پہر آیت پڑہی مجکو پکارو

استجب لکم فانه علیه السلام لما حکم فی هذا الحدیث ان الدعاء هو العبادة استدل علیه بالایة لان فی الایة
کہ مین تمہاری پکار سونی علیہ السلام نی جب اس حدیث مین یہہ ارشاد کیا کہ دعا ہی عبادت ہی تو اوسپر اس آیت سی استدلال کیا اسلئی کہ آیت مین دعا کرنیکا

امر بالدعاء وامتثال الامر عبادة یحصل للداعی فی مقابلتها ثواب وان لم یحصل مراده لکن ظاهر عبارته علیه السلام
امر ہوا ہی اور فرمان برداری امر کی عبادت ہوتی ہی اسکی مقابلہ مین دعا کرنی والی کو ثواب ملتا ہی اگرچہ اوسکا مطلب نہ ملی لیکن حدیث کی ظاہر عبارت سی یہہ

یدل علی ان لا عبادة الا الدعاء ولیس کذلك بل معنی الحدیث ان الدعاء معظم العبادة لان فی الدعاء اظهار العجز والاعتراف
معلوم ہوتا ہی کہ سوای دعا کی اور کچہہ عبادت ہی نہین اور واقع مین یون نہین ہی بلکہ حدیث کی معنی یہہ ہین کہ دعا عمدہ عبادت ہی اسلئی کہ دعا مین عجز کا اظہار اور فقر کا اقرار ہوتا ہی

بالفقر والاقبال علی الله تعالی والرجاء منه والاعراض عما سواه وهذه الاشیاء عین العبادة ویقرب من هذا المعنی
اور اللہ تعالی کی طرف توجہ اور اسہی سی امیدواری اور ما سوا سی بیزاری ہوتی ہی اور یہہ سب باتین عبادت کی ہین اور اسہی مضمون سی ملتا ہوا ہی

ما روی عن انس انه علیه السلام قال الدعاء مخ العبادة فان مخ الشیء خالصه وروی عن ابی هریرة انه علیه السلام
جو انس روایت کرتی ہین کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا دعا عبادت کا مغز ہی کیونکہ مغز ہر شی مین سی خالص ہوتا ہی اور ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا

قال من سره ان يستجيب الله دعاءه عند الشدائد فليكثر الدعاء عند الرخاء فعلى هذا ينبغي للعبد ان يواظب على

فرمایا جسکو یہہ بات پسند ہو کہ اللہ تعالی اوسکی دعا سختی مصیبت مین قبول کری تو چاہیی کہ عیش اور آسانی مین خوب دعا کیا کری اس بیان کی موافق بندہ کو لائق ہی کہ ہمیشہ بلا ناغہ

الدعاء ويكثره في حالة النعمة والرخاء لينال النجاح في حال الضيق والبلاء فان من يداوم على الدعاء في الرخاء يصير

اور نعمت اور عیش کی حالت مین زیادہ تر دعا کیا کری تا کہ تنگی اور بلا کی وقت مخلصی حاصل ہو بیشک جو شخص عیش مین دعا کی مداومت کریگا تو وہ

من حزب الله تعالى ومن عادة العظماء ان ينصروا حزبهم عند الشدائد ثم انه اذا دعى ينبغي له ان يكون موقنا

اللہ والون مین داخل ہوجاویگا اور عظماء کی عادت ہی کہ سختی مین اپنی وابستون کی مدد کرتی ہین پہر جب یہہ دعا مانگی تو اوسکو لائق ہی کہ قبولیت کا یقین کری اسواسطی

بالاجابة لانه تعالى وعد بالاجابة قال ادعوني استجب لكم وروى عن ابي هريرة رض انه عليه السلام قال ادعوا الله وانتم

کہ اللہ تعالی قبول کرنی کا وعدہ کرچکا ہی فرمایا مجکو پکارو کہ پہنچون تمہاری پکار اور ابوہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا اللہ تعالی سی قبولیت کا یقین کرکی

موقنون بالاجابة فان الداعي اذا لم يكن موقنا بالاجابة لا يكون مستحقا في الرجاء فلا يكون رجاؤه صادقا ولا دعاؤه

دعا مانگو اسلئی کہ دعا مانگنی والا اگر قبولیت کا یقین نہین کرتا تو مستحق امید برانی کا نہین ہوتا پہر اوسکی امید صادق نہین ہوتی اور نہ اوسکی دعا

خالصا لان الرجاء هو الباعث على الطلب فاذا لم يتحقق الرجاء لا يتحقق الطلب فان قيل كيف يمكن للداعي ان يكون موقنا

خالص ہوتی ہی اسواسطی کہ امیدواری ہی طلب کی باعث ہوتی ہی پہر جب امیدواری ہی نہین تو طلب ہی نہین ہوگی اگر کوئی اعتراض کری کیونکر ہوسکتا ہی کہ دعا مانگنی والا اپنی

باجابة دعائه مع وقوع التخلف في الاجابة حيث يرى ان بعض الدعاء يستجاب وبعضه لا يستجاب فالجواب ان الداعي

دعا کی قبولیت کا یقین کرلی باوجودیکہ قبولیت مین خلاف واقع ہوتا ہی اسلئی کہ یہہ دیکہتا ہی کہ کوئی دعا تو قبول ہوجاتی ہی اور کوئی دعا قبول نہین ہوتی تو اوسکا یہہ جواب ہی کہ دعا

لا يكون محروما عن الاجابة البتة فان الاجابة المطلقة حاصلة له حيث ما ورد الوعد الصدق لكن امرها الى الله تعالى

مانگنی والا ہرگز قبولیت سی محروم نہین رہتا مطلق اجابت اوسکی لئی بیشک حاصل ہوتی ہی اسواسطی کہ سچا وعدہ ہوچکا ہی لیکن اوسکا حال قبضہ الٰہی مین ہی

ان يجعلها ما يشاء في اي وقت شاء فان ما سال الداعي ان كان حصوله مقدرا في الحال يحصل في الحال وان كان

اوسکو جو چاہی اور جسوقت چاہی کردی کیونکہ سوال دعا مانگنی والی کا اگر تقدیر مین ابہی ہونیوالا ہی تو فورًا ہوجاتا ہی اور اگر اوس سوال کا ہونا

حصوله مقدرا في وقت اخر يحصل في ذلك وان لم يكن مقدرا يدفع عنه من البلاء مثل ما ساله عوضا عما سال او

اور وقت پر منحصر ہی تو اوسوقت ہوویگا اور اگر مقدر یعنی ہونیوالا ہی نہین تو اوسپیری کوئی بلا اوسکی بدلہ مین سوال کی برابر رفع ہوجاتی ہی یا اوسکو آخرت مین اوس سوال کا بدلی

يحصل له في الاخرة من الثواب عوض ما سال لان الدعاء عبادة والعبادة لا يكون فاعلها محروما من الثواب وقد

ثواب ملیگا اسلئی کہ دعا تو عبادت ہی اور عبادت کرنیوالا یعنی عابد ثواب سی محروم نہین ہوتا

روى عن يزيد الرقاشي انه قال اذا كان يوم القيمة عرض الله تعالى للعبد دعوات دعى بها في الدنيا ولم يستجب له فيقول

اور یزید رقاشی سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ تعالی بندہ کو اوسکی دعائین دنیا مین مانگی ہوئی جو قبول نہین ہوئی تہی دکہلاویگا فرماویگا

عبدي دعوتني يوم كذا وكذا فامسكت عليك دعاءك فخذ مكان دعائك ما ادخرت لك من الثواب فلا يزال العبد

ای بندہ تونی مجسی فلانی فلانی دن یہہ دعا مانگی تہی سو مینی تیری لئی وہ دعائین جمع کر رکہی ہین اب تو اپنی دعا کا عوض یہہ لی لی جو مینی تیری لئی ثواب جمع کر رکہا ہی پہر

يعطي من الثواب حتى يتمنى ليته تعالى لم يقض له حاجة قط فاذا كان كذلك يلزم للداعي ان يكون موقنا في اجابة ما

اوسکو ثواب ملی جائیگا آخر کو یہہ آرزو کریگا کاشکی اللہ تعالی میری کوئی حاجت کبھی نہ روا کرتا جب دعا کا یہہ حال ہی تو دعا مانگنی والی کو لازم ہی کہ بعینہ دعا کی قبولیت کا یقین کری

ادعى به او بعوضه اما في الدنيا او في الاخرة لما روى انه عليه السلام قال ما من مسلم يدعو بدعوة ليس فيها اثم ولا

یا اوسکی بدلہ کا یا دنیا مین یا آخرت مین کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا نہین کوئی مسلم جو ایسی دعائین مانگی جسمین نہ کچھ گناہ ہو اور نہ

قطيعة رحم الا اعطاه الله بها احدى ثلث اما ان يعجل له دعوته واما ان يؤخرها في الآخرة واما ان يصرف عنه من السوء

قطع رحم مگر عطا فرماویگا اوسکو اللہ تعالی ایک بات تین مین سی یا تو اوسکی دعا بعینہ فورًا ہوگی یا اوسکو پیچہی پر رکہیگا آخرت مین اور یا اوس سی کوئی مصیبت اوسکی برابر دفع کردیگا

مثلها وفي لفظ اخر اما ان يكفر عنه من ذنوبه بقدر ما دعاه وفي حديث اخر انه عليه السلام قال ما من مسلم

اور دوسری عبارت مین اوس سی دعا کی برابر گناه معاف ہوجاوینگی اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا نہین کوئی مسلم

يدعو بدعاء الا اعطاه الله ما سال او كف عنه من السوء مثله ما لم يدع باثم او قطيعة رحم فالدعاء بالاثم مثل

جو کچہہ دعا مانگی مگر اوسکو اللہ تعالی جو طلب کری عطا فرماتا ہی یا اوس سی کوئی مصیبت اوسکی برابر دفع کرتا ہی جبتک کہ گناه کی یا قطع رحم کی دعا نہ کری پہر گناه کی دعا تو ایسی ہی

ان يقول اللهم ارزقني شرب الخمر او قتل انسان او وطي غلام او غير ذلك ما يحرم عليه فعله والدعاء بقطيعة الرحم

ہی مثلاً کہی الہی مجکو پینا شراب کا یا قتل انسان کا یا وطی غلام کی میسر کر یا اور کچہہ سوا اسکی جسکا عمل اوسپر حرام ہی اور دعا قطع رحم کی مثلا

مثل ان يقول اللهم باعد بيني وبين ابي وامي او الاخ او غير ذلك فان الدعاء بهذين الوجهين لا يقبل ثم انه اذا اراد

یون کہی الہی دور رکہہ مجکو اور میری باپ کو اور ما کو یا بہائی کو یا اور سوا اوسکی بیشک یہہ دو طرح کی دعا قبول نہین ہوتی پہر یہہ شخص جب دعا مانگنی کا قصد کری

ان يدعو ينبغي له ان يتوب اولا عن خطايا والاثام ويرد المظالم وحقوق الانام ثم يتوضأ ويستقبل القبلة ويجثو على

تو لایق ہی کہ پہلی اپنی گناہون اور معصیت سی توبہ کری اور مظالم اور خلقت کی حقوق ادا کری پہر وضو کر کی قبلہ کی طرف متوجہ ہوکر دوزانو بیٹہی

ركبتيه ثم يرفع يديه ويدعو بالخضوع والخشوع ويساله ما دعا به ثلثا لما روي عن ابن مسعود انه عليه السلام

پہر دونو ہاتہہ اوٹہا کر نہایت انکسار اور فروتنی سی دعا مانگی اور جو کہی تین تین بار سوال کری اسواسطی کہ ابن مسعود سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام

كان اذا دعى دعا ثلثا واذا سال سال ثلاثا ويختار في الدعاء الجوامع والمراد بالجوامع ما كان لفظه قليلا ومعناه كثيرا

جب دعا مانگتی تو تین تین بار مانگتی اور جب سوال کرتی تین بار سوال کرتی اور دعا مین عبارت جوامع کو پسند فرماتی اور مراد جوامع سی وہ عبارت ہی جسمین لفظ تہوڑی ہون

قد جمع به خير الدنيا والاخرة كما في قوله تعالى رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ويجتنب

اور معانی بہت ہون جسمین تمام خوبی دنیا اور آخرت کی آجاوی چنانچہ اس آیت مین ہی ای رب ہماری دی ہمکو دنیا مین خوبی اور آخرت مین خوبی اور بچا ہمکو دوزخ کی عذاب سی اور دعا مین

الاعتداء فيه والتجاوز عن الحد المشروع فالاولى ان لا يتجاوز الدعوات المأثورة كيلا [illegible] ليس [illegible] لا يليق به

تعدی سی بچی اور [illegible] یہہ ہی کہ شرع کی حد سی باہر ہوجاوی اب اولی یہہ ہی کہ دعوات ماثورہ سی جو حدیثون مین ہین تجاوز نکری [illegible] ایسا

اذ ليس كل احد يحسن الدعاء وقيل ان العلماء كانوا لا يزيدون في الدعاء على سبع كلمات ويشهد هذا اخر سورة البقرة فانه تعالى

اسواسطی کہ ہر یک شخص اچہی دعا نہین جان سکتا اور کہتی ہین کہ اگلی علما دعا کی اندر سات کلمات سی زیادہ نہین بڑہاتی تہی اور اسکا گواہ آخر سورہ بقرہ کا ہی سو اللہ تعالی نی

لم يخبر في موضع من ادعية عباده اكثر من ذلك حيث بين فيه انهم قالوا رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا

کسی مقام مین بندون کی دعاؤن مین اس سی زیادہ نہین بڑہایا جہان یہہ بیان فرمایا ہی کہ اونہون نی یہہ کہا ای رب ہماری مت پکڑ ہمکو اگر ہم بہولین یا چوکین ای رب ہماری

وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا

اور نہ رکہہ ہمپر بوجہہ جیسا رکہا تہا ہمسی اگلون پر ای رب ہماری اور نہ اوٹہوا ہمسی جسکی طاقت نہین ہمکو اور درگذر کر ہمسی اور بخش ہمکو اور رحم کر ہمپر

اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ يسر الله تعالى علينا افعال رضائه بلطفه المجلس الثالث والاربعون

تو ہمارا صاحب ہی تو مدد کر ہماری قوم کافر پر ہمپر آسان کری اللہ تعالی عمل اپنی رضا کی موافق اپنی لطف سی تینتالیسوین مجلس میں

في بيان مسنونية الصلوة عند ظهور الاية المخوفة قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا

بیان نماز مسنون ہونیکا وقت ظاہر ہونی نشان خوفناک کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ نی فرمایا جب تم کوئی

رايتم اية فاسجدوا هذا الحديث من حسان المصابيح رواه ابن عباس والمراد بالاية العلامة التي يخوف الله تعالى

خوفناک نشان دیکہو تو نماز پڑہو یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی ابن عباس کی روایت ہی اور مراد آیت سی وہ علامت ہی جسمین اللہ تعالی اپنی بندونکو

بها عباده والمراد بالسجود الصلوة كانه عليه السلام قال ايها الناس اذا رايتم علامة من العلامات التي يخوف الله تعالى

[illegible] ہی اور سجود سی مراد نماز ہی گویا نبی علیہ السلام نی فرمایا ای لوگو جب تم کوئی سی علامت دیکہو علامات میں سی جس سی اللہ تعالی اپنی بندونکو ڈراتا ہی

بها عباده فقوموا الی الصلوٰة فعلی هذا اذا ظهر علامة من العلامات المخوفة کالکسوف والخسوف والزلازل والصواعق
اپنی بندون کو ڈراتا ہی تو تم نماز مین مصروف ہو جاؤ اس مضمون کی موافق جب کوئی علامت خوفناک پیدا ہووی جیسی سورج گہن اور چاند گہن اور بھونچال اور بجلی کا گرنا

والامطار الدائمة والریاح الشدیدة والظلمة الهائلة بالنهار والضوء الهائل باللیل وعموم الامراض والخوف الغالب
اور متصل بارش اور سخت اندھیان اور دن مین اندھیرا ہولناک اور رات کو روشنی ہولناک اور وبائی بیماریان اور دشمن کا قوی

من العدو ونحو ذلك من الاهوال والافزاع ینبغی للناس ان یقوموا الی الصلوٰة ویصلون ان شاؤا رکعتین
خوف اور مانند اسکی اور ہول اور خوف تو لوگون کو یہہ چاہیی کہ نماز مین مشغول ہو جاوین اور چاہین تو دو رکعت پڑھین

وان شاؤا اربعا لان کل ذلك من الآیات المخوفة التی یخوف الله تعالی به عباده کما قال تعالی وَمَا نُرْسِلُ
اور چاہین چار رکعت پڑھین کیونکہ یہہ تمام نشان خوفناک ہین جن سی اللہ تعالی اپنی بندون کو ڈراتا ہی چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی اور نشانیان جو ہم

بِالْآیٰتِ اِلَّا تَخْوِیْفًا وقد روی انه علیه السلام قال اذا رأیتم شیئا من هذه الافزاع فافزعوا الی الصلوٰة فانه
بھیجتی ہین سو ڈرانی کو اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جب تم انمین سی کوئی شئ خوفناک کی دیکھو تو نماز پڑھنی لگو اسلئی کہ

علیه السلام کان اذا حزنه امر فزع الی الصلوٰة وعند ظهور علامة من علامات العقوبات کان یامر
نبی علیہ السلام کو جب کسی باب مین حزن پیدا ہوتا تو نماز شروع کر دیتی اور ہر وقت پیدا ہونی کسی نشان کی عذاب کی نشانیون مین سی نماز پڑھنی

بالصلوٰة والدعاء والاستغفار ویشتغل بها حتی ینکشف ذلك عن الناس لانه تعالی قد یرسل علامة من علامات
اور دعا مانگنی اور توبہ کرنیکا امر فرماتی اور آپ بھی اوسمین مشغول رہتی یہان تک کہ لوگون کی سر پر سی وہ نشان ٹل جاتا اسواسطی کہ اللہ تعالی بعضی دفعہ علامات عذاب مین سی

العذاب ویخوف بها عباده لیتوبوا الیه ویتضرعوا الیه وعلم من هذا کله ان علامة من علامات العذاب اذا
کوئی نشانی پیدا کرتا ہی اور اپنی بندون کو اوس سی ڈراتا ہی تاکہ اوسکی طرف رجوع کر کر انکسار کرین اس تمام بیان سی معلوم ہوا کہ علامات عذاب مین سی جب کوئی علامت پیدا ہوئی

ظهرت فالمشروع الاشتغال بالتوبة والاستغفار وبما یرجی ان یرفع به العذاب المخوف من اعمال البر والتقوی
تو توبہ اور استغفار مین اور اون اعمال مین مشغول ہونا مشروع ہی جسمین توقع عذاب ہولناک کی دفع ہونیکی ہو یعنی اعمال نیک اور پرہیزگاری

فان کل ذلك من اعظم ما یستدفع به البلاء واما الاشتغال بالمعاصی والملاهی فلا یمنع زوال البلاء بل
بیشک یہہ تمام واسطی دفع کرنی بلا کی بڑا ہی علاج ہی اور اشتغال معاصی اور لہو لعب کا سو اس سی بلا ہرگز نہین ٹلتی بلکہ بلا کی

یقوی وقوعه کما یدل علیه قوله تعالی وَمَا اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِیْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَیْدِیْكُمْ وقد روی ان بعض
آمدنی اور زور پکڑتی ہی چنانچہ اس آیت سی ثابت ہی اور جو پڑی تمپر کوئی مصیبت سو بدلہ اوسکا جو کمایا تمہاری ہاتھون نی اور روایت ہی کہ کسی

الصالحین قد شکی الیه عن بلاء وقع فیه الناس فقال ما اری ما انتم فیه من البلاء الا بشوم المعاصی فالعاصی
صالح مرد کی پاس عام بلا کی شکایت گذری جسمین تمام خلقت مبتلا تھی سو اوس صالح مرد نی فرمایا مین اس بلا کو بجز نحوست تمہاری گناہون کی نہین جانتا پس گناہگار آدمی

مشوم علی نفسه وعلی غیره اذ لا یؤمن ان ینزل علیه العذاب فیعم الناس خصوصا من لم ینکر عمله لان النهی
منحوس ہوتا ہی اپنی جان پر اور غیرون پر اسلئی کہ یہہ بچاؤ کہان ہی کہ اوسپر عذاب نازل ہو کر سب خلقت پہ پھیل جاوی خاص اون لوگون پر جو اوسکی عمل کو ناپسند نہین کرتی

عن المنکر واجب فاذا ترکه الناس یکون جمیعهم مستحقین للعذاب کما روی عن جریر بن عبد الله رض انه علیه السلام
اسواسطی کہ بدبات کی ممانعت واجب ہی جب اس وجوب کو لوگون نی ترک کیا تو سب ہی سزاوار عذاب کی ہونگی چنانچہ جریر بن عبد اللہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی

قال ما من رجل یکون فی قوم یعمل فیهم بالمعاصی وهم یقدرون علی ان یغیروا علیه ولا یغیرون الا اصابهم
فرمایا نہین کوئی شخص کہ ایک قوم مین رہ کر معاصی کیا کری اور حال یہہ ہی کہ اونکو یہہ قدرت ہی کہ منع کر دین پر منع نہین کرتی مگر او ان سب پر

منه بعقاب قبل ان یموتوا وفی حدیث اخر انه علیه السلام قال ان الله تعالی لا یعذب العامة بذنوب الخاصة
جیتی جی عذاب آویگا اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا بیشک اللہ تعالی بعض بعض کی گناہون سی تمام خلقت کو عذاب نہین کرتا

حتى يروا المنكر بين اظهرهم وهم قادرون على ان ينكروه فلا ينكرونه فاذا فعلوا ذلك عذب الله العامة

جبتک وہ خلقت امر بد کو اپنی سامنی دیکہیں اور وہ یہہ قدرت رکہتی ہیں کہ منع کریں پہر منع نکریں جب وہ ایسا کرتی ہیں تو پہر اسد تعالی عوام

والخاصة فان المنكر اذا ظهر بين الناس يجب على كل من يراه ان يغيروه فان لم يغيروا فكلهم عاص بعضهم

و خواص کو عذاب کرتا ہی اسلئی کہ کار بد جب سب کی سامنی ہونی لگی تو جو دیکہی سب پر واجب ہی کہ منع کری اگر منع نہ کرینگی تو پہر سب کی سب گنہگار ہیں

بفعله وبعضهم برضاه وقد جعل الله تعالى بحكمه وحكمته الراضي بمنزلة العاصي ولهذا قال الله تعالى واتقوا

بعضی تو عمل کر کر اور بعضی پسند کر کر اور اسد تعالی نی اپنی حکم اور حکمت سی پسند کرنیوالیکو برابر گنہگار کی ٹہرایا ہی اسی لئی اسد تعالی نی فرمایا ہی اور بچتی رہو

فِتْنَةً لَّا تُصِيبَنَّ الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنكُمْ خَاصَّةً قال ابن عباس رض في تفسير هذه الاية قد امر الله المؤمنين ان لا يقروا

اوس فساد سی کہ نہ پڑیگا تم میں سی ظالموں پر چنکر ابن عباس اس آیت کی تفسیر میں کہتی ہیں بیشک اسد تعالی مؤمنوں کو امر کرتا ہی کہ امر منکر کو

منكرا بين اظهرهم فيعمهم العذاب فانظر ايها العاقل ان عاقر الناقة كان واحدا من قوم صالح النبي عليه السلام

اپنی سامنی نہ ہونی دیں پہر سب پر عذاب آویگا سواے عقلمند دیکہہ تو حضرت صالح پیغمبر علیہ السلام کی اونٹنی کا کاٹنیوالا تمام قوم میں سی ایک ہی تہا

كما اخبر الله به حيث قال فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطَى فَعَقَرَ فتبعه ثمانية فكانوا تسعة كما بينه الله حيث قال

چنانچہ اسد تعالی اوسکی خبر اس آیت میں دیتا ہی پہر پکاری اپنی رفیق کو پہر ہاتہہ چلایا اور کاٹا پہر اوسکی ساتہہ آٹہہ آدمی ہوگئی تو وہ کل نو ہوگئی چنانچہ اسد تعالی فرماتا ہی

وَكَانَ فِي الْمَدِينَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ فانزل الله تعالى العذاب على قوم صالح النبي عليه السلام

اور تہی اوس شہر میں نو شخص خرابی کرتی ملک میں اور سنوار نکرتی پہر اسد تعالی نی حضرت صالح نبی علیہ السلام کی قوم پر عذاب اوتار کر

واهلكهم وشمل الاصاغر والبهائم من العذاب شمل الاكابر حين لم ينهوا عاقر الناقة عن عقرها وكذلك سائر الامم

سبکو ہلاک کیا اور بچوں اور جانوروں پر وہ ہی عذاب آیا جو بڑوں پر آیا تہا جب اونہوں نی اونٹنی کی قاتل کو قتل سی منع نکیا اور ایسی ہی تمام امتیں معذب

المهلك شمل العذاب صغارهم وكبارهم ونسائهم وحيواناتهم ولهذا كان الله تعالى يامر الانبياء عليهم السلام ان يخرجوا

کہ اونکی بچوں اور بڑوں اور عورتوں اور جانوروں پر عذاب آگیا اور اسیلئی اسد تعالی انبیا علیہم السلام کو امر فرما دیتا تہا کہ مسلمانوں کو ساتہہ لیکر

مع المؤمنين من بين قومهم قبل نزول العذاب مع كون القدرة صالحة لانجائهم وان قعدوا في اماكنهم لكن لا تبديل

اپنی قوم میں سی عذاب کی آنی سی پہلی باہر چلی جاویں باوجودیکہ اونکی بچا لینی کی قدرت ہی اگرچہ وہ اپنی مکانوں میں بیٹہی رہیں پر عادات الہی میں تبدیل نہیں ہوتی

لسنة الله تعالى وقد كان من قاعدة العذاب انه اذا نزل بقوم يعم المستحق وغيرهم ثم يبعثون على نياتهم كما جاء

اور قاعدہ عذاب کا یوں ہی جاری تہا کہ جب کسی قوم پر نازل ہوتا تو مستحق وغیرہ سب پر عام ہوجاتا تہا پہر اپنی اپنی نیت پر اوٹہینگی چنانچہ

في الصحيحين عن عبد الله بن عمر رض انه عليه السلام قال اذا انزل الله بقوم عذابا اصاب من كان فيهم ثم يبعثون

صحیح بخاری اور مسلم میں عبد اسد بن عمر رض کی روایت سی آیا ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جب اسد تعالی کسی قوم پر عذاب بہیجتا ہی تو جو اونمیں ہوتی ہیں

على نياتهم وروى عن مالك بن دينار رح انه قرأ هذه الاية وَكَانَ فِي الْمَدِينَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ

سب پر آتا ہی پہر اپنی اپنی نیتوں پر اوٹہائی جاتی ہیں اور مالک بن دینار سی روایت ہی کہ اونہوں نی یہہ آیت پڑہی اور تہی اوس شہر میں نو شخص خرابی کرتی ملک میں

وَلَا يُصْلِحُونَ قال فكم اليوم في كل محلة وكل جماعة من يفسد في الارض ولا يصلح مع انه تعالى فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ يُخَالِفُونَ

اور اصلاح نہ کرتی فرمایا آج ہر ہر محلہ اور ہر ہر جماعت میں کتنی ہیں جو ملک میں خرابی کرتی ہیں اور اصلاح نہیں کرتی باوجودیکہ اسد تعالی فرماتا ہی سو ڈرتی

عَنْ أَمْرِهِ أَن تُصِيبَهُمْ فِتْنَةٌ أَوْ يُصِيبَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ وقد روى عن ام سلمة رض انها قالت سمعت رسول الله صلى

رہیں جو لوگ خلاف کرتی ہیں اوسکی حکم کا کہ پڑی اونپر کچہہ خرابی یا پہنچی اونکو دکہہ کی مار اور ام سلمہ رض سی روایت ہی کہ وہ کہتی ہیں کہ سنی رسول اسد صلی اسد علیہ

الله عليه وسلم يقول اذا ظهرت المعاصي في امتي عمهم الله بعذاب من عنده فقلت يا رسول الله اما فيهم

وسلم سی سنا کہ فرماتی تہی جب میری امت میں معاصی ظاہر ہونی لگی تو اسد تعالی کی پاس سی سب پر عذاب آویگا میں نی عرض کیا یا رسول اسد کیا اوس امت میں

الناس صالحون قال بلى قلت كيف يصنع اولئك قال يصيبهم ما اصاب الناس ثم يصيرون الى

نیکوکار نہیں گے فرمایا ہاں میں نے عرض کیا اونکا کیا حال ہوگا فرمایا اونہیں وہی مصیبت ہوگی جو سب لوگوں پر پڑیگی پھر جائینگے طرف

مغفرة الله ورضوانه فالظاهر من هذا الحديث ان المؤمن اذا انكر بقدر استطاعته ولم يغير

مغفرت اور رضامندی کے ہیں اب اس حدیث سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مرد مومن اگر بمقدور بیسر اپنے بدلدے منکر کو بند نکرے

المنكر يعمه العقاب في الدنيا دون الآخرة ويدل عليه ايضا ما روى عن عائشة رضي انها قالت يا رسول الله

تو اوسکو عذاب دنیا میں عام ہوگا آخرت میں نہ ہوگا اور یہی مضمون عائشہ رضی کی روایت سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ

ان الله تعالى اذا انزل سطوته باهل الارض وفيهم صالحون فيهلكون بهلاكهم فقال يا عائشة ان

اللہ تعالی جب اپنا قہر زمین کے باشندوں پر اوتارتا ہے تو اون میں نیکوکار بھی ہوتے ہیں کیا وہ بھی اونکے ساتھ ہلاک ہوتے ہیں فرمایا یا عائشہ

الله تعالى اذا انزل سطوته باهل نقمة وفيهم صالحون فيصيبون معهم ثم يبعثون على نياتهم والمرء

اللہ تعالی جب اپنا قہر عذاب والوں پر نازل کرتا ہے اور اون میں صلحا بھی ہوتے ہیں تو وہ بھی اونکے ساتھ مصیبت میں پڑتے ہیں پھر اپنی اپنی نیتوں پر اوٹھینگے اور آدمی

لا يبقى صالحا الا اذا انكر بقدر وسعه واما من داهن ولم ينكر مع استطاعته فانه يصير من الفاسقين

صالح جب ہی ہوتا ہے کہ اپنی مقدور تک برائی سے بیزار رہے اور جسنے سستی کی اور باوجود طاقت کے بند نکیا تو وہ فاسقوں میں داخل ہوتا ہے

لا من الصالحين وقد ضرب رسول الله صلى الله عليه وسلم للمداهن في حدود الله والواقع فيها مثلا

صلحا میں نہیں ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مثال بیان فرمائی ہے حدود الہی میں سستی کرنیوالے کی اور جو حدود الہی میں مبتلا ہے

فقال عليه السلام مثل المداهن في حدود الله تعالى والواقع فيها مثل قوم استهموا سفينة فصار بعضهم

سو فرمایا مثال حدود الہی میں سستی کرنیوالے کی اور جو حدود میں مبتلا ہے ایسی ہے گویا ایک قوم نے کشتی حصہ ڈالکر بانٹ لی پھر کوئی تو

في اسفلها وجاء بعضهم في اعلاها فكان الذي في اسفلها يمر بالماء على الذين في اعلاها فتاذوا به فاخذ فاسا

نیچے کے درجہ میں آیا اور کوئی اوپر کے درجہ میں آیا اور جو کہ نیچے کے درجہ میں تہا وہ اوپر والوں کے پاس پانی لیکر آتا جاتا اونکو اس سے ایذا ہوئی اب اوسنے کلہاڑا لیکر

فجعل ينقر السفينة فاتوه فقالوا ما لك فقال تاذيتم بي ولا بد لي من الماء فان اخذوا على يديه انجوه ونجوا انفسهم

کشتی میں چھید کرنا شروع کیا اونہوں نے اوسکے پاس آکر پوچھا تو کیا کرتا ہے کہا تمکو مجھسے ایذا ہوتی ہے اور مجھکو پانی کی ضرورت ہے اب اگر اونہوں نے اوسکا ہاتھ پکڑ لیا تو اوسکو بچا لیا اور اپنی

وان تركوه اهلكوه واهلكوا انفسهم فانه عليه السلام قد ادرج في تمثيله هذا جملة من الفوائد منها ان الدين

جانیں بھی بچائیں اور اگر اوسکو چہوڑ دیا تو اوسکو مارا اور آپ بھی مری بیشک نبی علیہ السلام نے اس تمثیل میں بہت فائدے درج کئے ہیں ایک یہ ہے کہ دین

كالسفينة فان السفينة كما تكون سبب النجاة في الدنيا كذلك الدين يكون سبب النجاة في الآخرة ومنها ان

مثل جہاز کے ہے سو جہاز جیسے دنیا میں ڈوبنے سے بچاتا ہے ایسے ہی دین آخرت میں بچاتا ہے اور ایک یہ ہے

سكوت اهل السفينة عمن يريد ان ينقرها كما يكون سبب هلاكهم في الدنيا كذلك سكوت المسلمين عن الفاسق

کہ کشتی والوں کا چپ رہنا اوسکی حال سے جو کشتی میں چھید کیا چاہتا ہے جیسے دنیا میں اونکی ہلاکت کا سبب ہے ایسے ہی چپ رہنا مسلمانوں کا فاسق کے حال سے

وعدم الانكار عليه يكون سبب هلاكهم في الدنيا والآخرة ومنها ان قول الناقر انما انقر فيما يختص بي كما لا ينجي

اور اوسپر انکار نکرنا دنیا اور آخرت میں اونکی ہلاکت کا سبب ہے اور ایک یہ ہے کہ سوراخ کرنیوالے کا یہ کہنا کہ میں تو اپنے حصہ میں چھید کرتا ہوں جیسے

من كان في السفينة من الهلاك كذلك لا ينجي المؤمنين من الاثم والعقوبة قول الجاني انما اجني على ديني لا على

اون لوگونکو جو کشتی میں ہیں ہلاکت سے نہیں بچاتا ایسے ہی اور مومنوں کو گنہگار کا یہ کہنا گناہ اور عقوبت سے نہیں بچاتا کہ میں اپنے دین پر گناہ کرتا ہوں تمہارے دین پر نہیں

دينكم عليكم انفسكم ما تريدون مني لي عملي ولكم عملكم كل شاة تعلق بعرقوبها ونحو هذه الكلمات التي تجري

کرتا تم اپنی سنبھالو تم مجھسے کیا غرض میری فعل میرے لیے تمہارا تمہارے لیے ہر ایک بکری اپنی پانوں سے لٹکتی ہے اور ایسی ایسی باتیں جو عوام

على السنة العوام الذين لا يعلمون ان شوم فعله وسوء عاقبته فساده يشمل الجميع ومنها ان قيام اهل السفينة
کی زبان پر گذرتی ہیں جو یہہ نہیں جانتی کہ نحوست اونکی عمل کی اور انجام بد اونکی فساد کا سب پر آتا ہی اور ایک یہہ ہی کہ اہل سفینہ کا کہڑی ہوکر

ومنع من يريد خرقها كما يكون سبب النجاة جميع اهل السفينة من الغرق كذلك قيام اهل الدين ومنع المنكر
کشتی توڑنیوالی کو منع کرنا جیسا تمام اہل سفینہ کو ڈوبنی سی بچاتا ہی ایسی ہی دینداروں کا مستعد ہوکر کہڑا ہونا اور منکر سی روکنا

يكون سبب النجاة جميع المسلمين من الاثم والعقوبة ومنها ان خرق السفينة كما لا يقدم عليه الا من هو احمق
گناہ اور عقوبت سی تمام مسلمانوں کی نجات کا سبب ہوتا ہی اور ایک یہہ ہی کہ کشتی کا توڑنا جیسی وہ ہی شخص اختیار کرتا ہی جو اتنا احمق ہو

يستحسن ما هو قبيح في الحقيقة ولا يعلم هلاكه كذلك لا يقدم على المعصية الا من يستحسنها ولا يعلم ما فيها
کہ اچہا بد امور کو نیک سمجہی اور ڈوبنی سی واقف نہو ایسی ہی معصیت کو وہ ہی شخص اختیار کرتا ہی جو اوسکو نیک سمجہی اور یہہ نجانی کہ اسمین

من عظيم الاثم واليم العقاب اذ لو علم يقينا انه بمعصيته يفعل في دينه من الضرر ما يفعله خارق السفينة لما
کتنا بڑا گناہ اور کیسا سخت عذاب ہی کیونکہ اگر یقینا یہہ جانتا کہ معصیت میری دین کو ایسا نقصان کرتی ہی جیسی کشتی کا توڑنیوالا کرتا ہی تو معصیت کو کبہی

اقدم عليها ابدا ومنها ان واحدا من اهل السفينة اذ انكر على الذي يريد خرقها واعترض عليه واحد منهم
اختیار نکرتا اور ایک یہہ ہی کہ کوئی اہل سفینہ میں سی جب اوس کشتی توڑنیوالیکو تنبیہ کری اب اگر کوئی اور شخص اونمین سی اوسپر یہہ اعتراض کری کہ تجہی کیا کام

فان ذلك المعترض كما ينسب الى الحمق وقلة العقل وعدم العلم بعاقبة هذا الفعل من جهة كون المانع من
تو بیشک یہہ اعتراض کرنیوالا جیسی احمق اور بیوقوف اور اس حرکت کی انجام سی نادان کہلاویگا اسواسطی کہ روکنی والا

الخرق ساعيا في نجاة المعترض وغيره من الهلاك كذلك من يعترض على من يغير المنكر لا يعترض عليه الا
کشتی کی توڑنی سی معترض وغیرہ کو ہلاک ہونی سی بچاتا ہی ایسی ہی جو شخص اوسپر اعتراض کری جو منکرات سی منع کرتا ہی تو وہ اعتراض

من عظيم حمقه وقلة عقله وعدم علمه بعاقبة المعصية وشومها فان من يغير المنكر يكون قائما باسقاط الفرض
بڑی حماقت اور بی وقوفی اور معصیت کی انجام اور نحوست کی نادانی سی ہی بیشک جو شخص منکرات کو روکتا ہی تو وہ واسطی اداکرنی فرض کی

المتوجه على المعترض وغيره وساعيا في نجاتهم من الاثم وخلاصهم من العقوبة ومنها ان اهل السفينة اذا سكتوا
جو معترض وغیرہ پر آئی کوشش کرتا ہی اور اونکو خطا سی بچانی اور عقاب سی چہوڑانی میں سعی کرتا ہی اور ایک یہہ ہی کہ کشتی والی اگر توڑنیوالی سی

عمن يريد خرقها ولم يمنعوه فانهم كما يكونون سواء في الهلاك معه ولا يميز الخارق من غيره ولا الصالح من الطالح كذلك
چشم پوشی کرینگی اور اوسکو منع نہ کرینگی تو یہہ سب جس حال میں ہونگی اوسکی ساتہہ ڈوبنی میں برابر ہونگی اور یہہ نہ معلوم ہوگا انمیں توڑنیوالا کونسا ہی اور نہ یہہ کہ نیکوکار کونسا

اهل الاسلام اذا سكتوا عن تغيير المنكر يعمهم العذاب ولا يميز بين مرتكبه الاثم وغيره ولا بين الصالح منهم وغيره
ہی اور بدکار کونسا ایسی ہی اہل اسلام جب منکرات کی روکنی میں چشم پوشی کرینگی تو سب پر عذاب آویگا یہہ پہچان ہوگی منکر کا عمل کرنیوالا کونسا ہی اور صاف کونسا ہی اور نہ

ولذلك قال النبي عليه السلام لا تزال لا اله الا الله ينفع من قالها وترد عنهم العذاب والنقمة ما لم يستخفوا بحقها
پہچان نیکو کا اور بدکار کی اسیواسطی نبی علیہ السلام نی فرمایا کلمہ لا الہ الا اللہ جو اسی پڑہیگا ہمیشہ فائدہ دیتا رہیگا اور اوسپر سی عذاب اور قہر کو ہٹاتا رہیگا جبتک اوسکی حق کو ضعیف کری

قالوا يا رسول الله وما الاستخفاف بحقها قال يظهر العمل بمعاصي الله تعالى فلا ينكر ولا يغير فانه عليه الصلوة والسلام
عرض کیا یا رسول اللہ اوسکا حق کیونکر ضعیف ہوتا ہی فرمایا جب اعمال بد ظاہر ہونی لگیں پہر نہ کوئی اوسکو ناپسند کری اور نہ کوئی بند کری بیشک نبی علیہ السلام نی

اخبر في هذا الحديث ان ترك الانكار والتغيير يكون استخفافا بكلمة التوحيد فلا يرد العذاب عن الناطقين بها
اس حدیث میں ارشاد فرمایا کہ انکار اور تغیر کی ترک کرنی میں کلمہ توحید کی خفت ہوتی ہی سو کلمہ پڑہنی والوں پر سی عذاب کو دفع نہیں کریگا

لكن ينبغي ان يعلم ان الفعل الذي يجب انكاره يشترط ان يكون منكرا سواء كان من الصغائر او من الكبائر لان وجوب
پر یہہ بہی یاد رکہنا چاہئی کہ جس کام کی انکار کرنا واجب ہی اوسمین شرط یہہ ہی کہ وہ مذموم ہو پہر برابر ہی صغیرہ ہو یا کبیرہ اسواسطی کہ وجوب

الانکار لا یختص بالکبائر بل یعم الصغائر ایضا ولا یشترط فی کونه منکرا ان یکون معصیة فان من رای صبیا او

انکار کا کچھ کبایر ہی سی خاص نہیں ہی بلکہ صغایر سی بہی چاہیئی اور منکر ہونی میں یہہ شرط نہیں ہی کہ معصیت ہو اگر کی کیونکہ جو شخص نابالغ لڑکی یا

مجنونا یشرب الخمر فعلیه ان یریق خمره ویمنعه من الشرب وکذا لو رای واحدا منهما یفعل شیئا من المنکرات

باولی کو شراب پیتا دیکہی تو اوسکو لازم ہی کہ شراب کبندلا دی اور پینی سی منع کردی اور ایسی ہی اگر کسیکو اونہیں سی کوئی اور منکر عمل کرتی ہوئی دیکہی

یجب علیه ان یمنعه ولیس هذا المنع لکون فعلهما معصیة اذ لا یسمی فعلهما معصیة بل لکونه منکرا ومما

تو اوسکو جب ہی کہ منع کری اور یہہ ممانعت اسلئی نہیں ہی کہ وہ اونکی حق میں معصیت ہی اسواسطی کہ نابالغ اور باولی کی اعمال معصیت نہیں ہوتی بلکہ اسلئی کہ منکر ہی اور

ینبغی ان یعلم ایضا ان تغییر المنکر لا یختص بالحاکم ولا یتوقف علی اذنهم بل یجب علی کل احد بحسب استطاعته

یہہ بہی یاد رکہنی کی بات ہی کہ منہیات سی روکنا صرف حاکموں سی خصوصیت نہیں رکہتا اور نہ اونکی اجازت پر موقوف ہی بلکہ ہر ایک پر اوسکی طاقت کی موافق واجب ہی

وان لم یکن مأذونا من جهتهم سواء کان رجلا او امراة او حرا وعبدا کما علیه الاجماع لما روی عن ابی سعید الخدری رض

اگرچہ حاکموں کی طرف سی مامور نہو برابر ہی کہ مرد ہو یا عورت آزاد ہو یا غلام چنانچہ اسی پر امت کا اجماع ہوا ہی اسواسطی کہ ابو سعید خدری سی روایت ہی

انه علیه السلام قال من رای منکم منکرا فلیغیره بیده وان لم یستطع فبلسانه وان لم یستطع فبقلبه

کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو کوئی تم میں سی منکر کو دیکہی تو چاہیئی کہ ہاتہہ سی روک دی اور اگر یہہ طاقت نہو تو زبان سی روکی اور اگر یہہ بہی طاقت نہو تو دل سی بیزار رہی

وذلك اضعف الایمان فقوله علیه السلام فلیغیره امر ایجاب بالاجماع وقوله من رای منکم عام یشمل الوجوب

اور یہہ ادنی ایمان ہی پس ارشاد علیہ السلام کا چاہیئی کہ روک دی بالاجماع امر ایجاب کی لئی ہی اور آپ کا قول جو کوئی تم میں سی دیکہی عام ہی تمام امت پر واجب ہوتا ہی کہ

جمیع الامة لکن قوله تعالی وَلْتَكُنْ مِنْكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ یدل علی

پر یہہ آیت اور چاہیئی کہ رہی تم میں ایک جماعت بلاتی نیک کام پر اور حکم کرتی پسند بات کو اور منع کرتی ناپسند کو یہہ دلالت کرتی ہی کہ

انه فرض کفایة وفرض الکفایة اهم من فرض العین والاشتغال به افضل من الاشتغال بفرض العین لان

فرض کفایہ ہی اور فرض کفایہ کا اہتمام فرض عین سی زیادہ ہوتا ہی اور فرض کفایہ میں مشغول رہنا فرض عین کی شغل سی افضل ہوتا ہی اسواسطی

من یترك فرض العین یختص هو بالاثم ومن یفعله یختص هو باسقاط الفرض عن نفسه واما فرض الکفایة

کہ جو شخص فرض عین کو ترک کریگا تو وہی ایک گنہگار ہوگا اور جو شخص فرض عین کو ادا کریگا تو وہ صرف اپنی ذمہ کا فرض ادا کریگا اور فرض کفایہ

فلو ترك یاثم الجمیع ولو فعل یسقط الاثم عن الجمیع ففاعله ساع فی صیانة جمیع الامة عن الاثم ولا شك ان من قام

اگر ترک کریگا تو تمام امت گنہگار ہوگی اور اگر فرض کفایہ ادا کریگا تو تمام امت گنہ سی بچیگی پس فرض کفایہ بجالانیوالا تمام امت کو گناہ سی بچانی میں سعی کرتا ہی اور بیشک جو شخص

مقام جمیع المسلمین فی اقامة مهم من مهمات الدین یکون افضل ولذلك قال النبی علیه السلام من امر بالمعروف

ضروری امر دینی کی قایم کرنی میں تمام مسلمانوں کا قایم مقام ہووی وہ بہت بہتر ہی اسی واسطی نبی علیہ السلام نی فرمایا جو شخص نیک کار سکہاوی اور

ونهی عن المنکر فهو خلیفة الله تعالی فی ارضه وخلیفة کتابه ورسوله وانما کان کذلك لان الانبیاء ما بعثوا

بدکار سی روکی پس وہ زمین میں اللہ تعالی کا اور اوسکی کتاب اور رسول کا خلیفہ ہی اور یہہ خلافت اسلئی ہی کہ انبیاء علیہم السلام اسی واسطی مبعوث ہوئی ہیں

الا للامر بالمعروف والنهی عن المنکر وذلك وظیفتهم التی جاءوا بها فمن تبعهم فیها وامر ونهی یکون نائبا عنهم فی هذا

کہ نیک کار سکہاویں اور بدکار سی روکیں اور یہہ ہی اونکا وظیفہ ہی جو لائی ہیں اس باب میں جو اونکا پیرو ہو کر نیک کار سکہاوی اور بدکار سی روکی وہ ہی

الامر العظیم وتلی منزلته منزلتهم فی هذا الخطب الجسیم سواء کان حاکما او مأذونا من جهته او غیر مأذون نعم من

اس امر عظیم میں اونکا نائب ہوویگا اور اسکا مرتبہ اس کار معظم میں اونکی مرتبہ سی نزدیک جا ملیگا برابر ہی کہ وہ حاکم ہو یا حاکم کی طرف سی متعین ہو یا غیر متعین ہاں جو شخص

کان حاکما او مأذونا من جهته یتعین علیه ذلك ویکون له من اقامة الحدود والتعزیر ما لیس لغیره من المسلمین

حاکم ہو یا حاکم کی طرف سی متعین ہو تو اوسکا یہہ ذمہ ہی اور اوسکو بسبب انتظام حدود اور تعزیر کی اتنا ثواب ہوگا جو اور کسی مسلم کو نہوگا

واذا اهمل فعلی کل مسلم ان یامر بالمعروف وینهی عن المنکر بمقدار طاقته ثم ان کان الوالی راضیا به فبها وان لم
اور جب وہ سستی کری تو پہر ہریک مسلمان کو لازم ہی کہ امر بالمعروف اور منکر سی ممانعت اپنی مقدور موافق کیا کری پہر اگر حاکم اسپر خوش ہو تو کیا بات ہی اور اگر
یکن راضیا بل کان ساخطا فسخطه منکر یجب الانکار علیه لان العلماء قد فهموا من العمومات الواردة فی الامر
راضی نہو بلکہ ناخوش ہو تو اوسکی ناخوشی بہی منکر ہی اس سی بہی انکار چاہیی اسواسطی کہ علماء اون عمومات سی جو در باب امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی وارد ہین
بالمعروف والنهی عن المنکر دخول الامراء والسلاطین تحت تلك العمومات فکیف یحتاج الی اذنهم فی الانکار علیهم
یہہ ہی سمجہتی ہین کہ امراء اور سلاطین ان عمومات کی تلی داخل ہین پہر اونکی اجازت اونکی عمل کی بند کرنی ہین کیا حاجت ہی اور سلف کی عادت ہین
وقد کان من عادات السلف الانکار علی الامراء والسلاطین کما روی ان المامون بن هارون الرشید بلغه ان رجلا
تنبیہ کرنا امراء اور سلاطین کا مقرر تہا چنانچہ روایت ہی کہ مامون بن ہارون رشید نی یہہ سنا کہ ایک شخص
یمشی فی الناس ویامرهم بالمعروف وینهاهم عن المنکر ولم یکن مامورا بذلك من عنده فامر ان یدخل علیه فلما قام بین
لوگون مین امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتا پہرتا ہی اور مامون کی طرف سی اوسکو یہہ حکم نہتا سو مامون نی اوسکو طلب کیا جب وہ سامنی آکر کہڑا ہوا
یدیه قال بلغنی انك رایت نفسك اهلا للامر بالمعروف والنهی عن المنکر وکان المامون جالسا علی کرسیه ینظر
تو مامون نی کہا مینی سنا ہی تو اپنی تئین لایق امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی سمجہتا ہی اور مامون کرسی پر بیٹہا ہوا کتاب کا مطالعہ کرتا تہا
فی کتاب فغفل فوقع منه الکتاب فصار تحت قدمه من حیث لا یشعر فقال له الرجل ارفع قدمك عن اسماء الله ثم
سو الیسا بہول اس ہوا کہ کتاب اوسکی ہاتہہ سی گرکر پانون کی تلی آگئی ایسا کہ مطلق اوسکو خبر نہوئی تو اوس شخص نی کہا اللہ کی نام پرسی اپنا پانو اوٹہالی پہر
قل ما شئت ولم یفهم المامون مراده فقال ماذا تقول حتی اعاده ثلثا ولم یفهم فقال هل ترفع ام تاذن لی حتی ارفع
جو چاہی سو کہنا مامون اوسکی مراد کو نہ سمجہا کہا تو کیا کہتا ہی آخر اوس شخص نی تین بار یہہ ہی کہا پر وہ نہ سمجہا پہر اوس شخص نی کہا کہ کیا تو اوٹہاتا ہی یا مجہی اجازت دیتا ہی کہ مین
فقال ذنت فلما توجه الرجل الی الرفع نظر المامون فرای الکتاب تحت قدمه واخذه وقبله ثم عاد وقال لم تامر بالمعروف
اوٹہا دون مامون نی کہا مینی اجازت دی جب وہ شخص اوٹہانی کو جہکا تو مامون نی دیکہا کہ کتاب پانون تلی آگئی ہی پہر اوسی اوٹہا کر چوم لی پہر وہی کہنی لگا تو کیون امر بالمعروف
وتنهی عن المنکر وقد جعل الله ذلك الینا ونحن من الذین قال الله تعالی فیهم اَلَّذِیْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ
اور نہی عن المنکر کرتا ہی یہہ کار تو اللہ تعالی نی ہمکو دیا ہی اور ہم لوگ ہین جنکی حق مین اللہ تعالی فرماتا ہی وہ کہ اگر ہم اونکو مقدور دین ملک مین کہڑی کرین نماز
وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ فقال رجل صدقت یا امیر انت کما وصفت نفسك من السلطان والتمکن
اور دین زکوۃ اور حکم کرین بہلی کام کا اور منع کرین بری سی تب اوس شخص نی کہا امیر المؤمنین تو سچا ہی جیسا اپنا وصف بیان کرتا ہی صاحب سلطنت اور صاحب مکنت پر
غیر انا اعوانك واولیاءك فیه لا ینکر ذلك الا من لا یعرف کتاب الله تعالی وسنة رسوله اما الکتاب فقوله تعالی
ہم تمہاری اس باب مین مددگار اور ساتہی ہین اس امر کا وہ ہی انکار کرتا ہی جو اللہ تعالی کی کتاب اور اوسکی رسول کی حدیث کو نہین جانتا قرآن مین یہہ آیت ہی
وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ یَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ واما السنة فقوله علیه السلام
اور ایمان والی مرد اور عورتین ایک دوسری کی مددگار ہین سکہاتی ہین نیک بات اور منع کرتی ہین بری سی اور حدیث علیه السلام کا یہہ ارشاد ہی
المؤمن للمؤمن کالبنیان یشد بعضه بعضا وهذا کتاب الله وسنة رسوله فان انقدت لهما شکرت لمن اعانك بحزمنهما
مسلمان ملکر مثال عمارت کی ایک دوسری مین گتہی ہوئی ہین یہہ سی کتاب اللہ کی اور حدیث اللہ کی رسول کی پس اگر تو ان دونو کا مطیع ہی تو اپنی مددگار کا شکرگذار ہوگا انہین سی جنہین
وان لم تنقد لهما لزمك منهما فان الذی الیه امرك وبیده عزك قد شرط ان لا یضیع اجر من احسن عملا فقل الان ما
اور اگر تو ان دونون کا مطیع نہین ہی تو ان دونون کا وبال تیری سر ہی بیشک جسکی طرف تیرا مآل ہی اور جسکی ہاتہہ مین تیری عزت ہی اوسنی شرط کی ہی کہ نیکو کار کا اجر ضایع نہین کرتا اب جو
شئت فتعجب المامون من کلامه وسر به وقال مثلك یلیق ان یامر بالمعروف وینهی عن المنکر فامض علی ما کنت علیه
چاہو سو کہو پہر مامون کو اوسکی کلام سی تعجب آیا اور اوس سی خوش ہو کر کہا تجہسی شخص کو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر لایق ہی جا اپنا وہ ہی کام کئی جا

فاعلم

فاستمر الرجل علی ذلک وقد جری کثیر من ذلک الجماعۃ من السلف وقالوا لیس من مقتضی رحمۃ اهل المعاصی ترک
سو وہ شخص اوسی حال پر رہا اور ایسی بہت لوگ سلف مین گذری ہین وہ یہہ کہتی ہین گنہگارون پر رحمت کا مقتضی یہہ نہین کہ اونکو منع نہ کری
الانکار علیهم وعدم التعرض لهم بل من کمال الرحمۃ لهم الانکار علیهم وردهم الی منهج القویم والصراط المستقیم فان المؤمن
اور اونکی حال سی متعرض نہو بلکہ اونکی حال پر بڑی رحمت یہہ ہی کہ اونکو منع کرتا ہی اور اونکو روککر شاہ راہ استوار اور طریق راست پر لادی کیونکہ ایمان والا
اذا سمع باسیر من اساری المسلمین فی ارض العدو یرحمه ویبذل ماله ونفسه فی تخلیصه فکیف لا یجتهد فی تخلیص
جب سنتا ہی کہ کوئی شخص مسلمان دشمن کی ملک مین قید ہوگیا ہی تو اوسپر رحمت کرتا ہی اور اپنا مال اور جان اوسکی چھڑانی مین لگاتا ہی پھر اپنی بھائی مسلمان کی چھڑانی اور بچانی مین
اخیه المسلم وانقاذه اذا راٰه اسیر نفسه وشیطانه وهما اعدی عدوه فان اعرض عنه وترک اسیرهما
کیونکر سعی نہ کریگا جب اوسکو نفس اور شیطان کا قیدی دیکھتا ہی اور یہہ دونو سب سی بڑی دشمن ہین اب جو اس سی بی پروائی کری اور مسلم کو نفس اور شیطان کی قید مین
فذلک من جهله فان المؤمن بانقاذ اسیر من ید عدوه الاصغر یکون ثوابه ما ذکره الله تعالی فی کتابه بقوله
قید رہنی دی یہہ اوسکی جہالت ہی کیونکہ مؤمن کو چھوٹی سی دشمن کی ہاتہ سی قیدی کی چھڑانی مین تو یہہ ثواب ہوتا ہی جسکا اللہ تعالی اپنی کتاب مین یہہ ذکر کرتا ہی
وَمَنْ اَحْیَاهَا فَکَاَنَّمَآ اَحْیَا النَّاسَ جَمِیْعًا فما ظنک بمن انقذ اسیر المعاصی من ید عدوه الاکبر وقد اقام العلماء
اور جسنی جلائی ایک جان تو گویا جلایا سب لوگون کو پھر تیرا خیال کدھر ہی اوسکی حق مین جو معاصی کی قیدی کو بڑی دشمن کی ہاتہ سی خلاصی دی اور بیشک علمائی
الامر بالمعروف والنهی عن المنکر مقام جهاد لان منع المسلمین من المعاصی التی تفضی الی دخول النار افضل
امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو قایم مقام جہاد کا ٹھرایا ہی اسواسطی کہ مسلمانون کا معاصی سی روکنا جو دوزخ مین کھینچ لیجاوی کفار کی قتال سی
من قتال الکفار فکما لا یجوز فی الجهاد ان یفر واحد من اثنین کذلک فی الامر بالمعروف والنهی عن المنکر من رای
بہت بہتر ہی اب جیسی جہاد مین یہہ جایز نہین کہ ایک شخص دو کی مقابلہ سی بہاگ جاوی ایسی ہی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر مین جو کوئی دو شخصون کو
رجلین علی منکر لا یجوز له ان یترکهما علی منکر بل یجب علیه ان یامر وینهی وان کانوا اکثر وخاف علی نفسه
کسی کار منکر پر دیکہی تو اوسکو جایز نہین کہ اونکو منکر پر متوجہ رہنی دی بلکہ اوسکو واجب ہی کہ مواخذہ کری اور اگر زیادہ ہون اور یہہ اپنی جان کا خوف کری
فهو فی سعۃ من ترکهم لکن الانکار اولی وافضل اذ قد قیل من قدر علی انکار المعاصی مع الخوف علی نفسه کان
تو اوسکو گنجایش ہی کہ چپ ہو رہی پر منع کرنا تو بھی اولی اور افضل ہی اسواسطی کہ کہتی ہین جسکو معاصی کی بند کرنیکی طاقت ہو پر جان کا خوف ہو
انکارها مندوبا الیه ومحثوثا علیه لان المخاطرۃ بالنفوس فی اعزاز الدین ماموربها کما فی قتل الکفار والبغاۃ
تو اوسکی ممانعت محبوب ہی اور نہایت مرغوب کیونکہ واسطی عزت دین کی جان کو خطرہ مین ڈالنا بھی فرمان برداری ہی جیسی کفار اور باغیون کی قتل مین
وقد روی ان رجلا سال النبی علیه السلام ای الجهاد افضل فقال کلمۃ حق عند سلطان جابر فانه علیه السلام
اور روایت ہی کہ کسی شخص نی نبی علیہ السلام سی پوچھا کونسا جہاد افضل ہی فرمایا حق بات زبردست حاکم کی سامنی بیشک نبی علیہ السلام نی
جعل کلمۃ حق عند سلطان جابر افضل الجهاد لان قائلها یجود نفسه لاعلاء کلمۃ الحق ونصرۃ الدین مع کف
حق بات کو زبردست حاکم کی سامنی جہاد سی افضل ٹھرایا اسواسطی کہ حق بیان کرنیوالا واسطی بلندی کلمہ حق اور امداد دین کی اپنی جان تک درگذر نہین کرتا باوجود یکہ اوسکا ہاتہ
یده عنه بخلاف من یلاقی عدوه فی القتال فانه یبسط یده الیه ویرجوان یغلبه ویقتله فلا یکون بذله
بند ہی برخلاف اوسکی جو صف جنگ مین دشمن کا مقابلہ کرتا ہی کیونکہ یہہ تو دشمن پر ہاتہ چلاتا ہی اور امید کرتا ہی کہ غالب ہوکر اوسکو مار ڈالی سو اس حالت مین
لنفسه مع رجاء سلامتها کمن یبذلها مع یاسه من سلامتها لکن ینبغی ان یراعی فیه التدریج فیبدا فی الانکار
جان کا آگی کردینا باوجود امید سلامتی کی اوسکی برابر نہین جو باوجود خوف سلامتی کی جان آگی کردیتا ہی لیکن لایق یون ہی کہ اس باب مین آہستگی اور سہولت کی رعایت رکھی پہلی پہل
اولا بالاسهل والارفق فانه یبدا اولا بالوعظ والنصیحۃ والتخویف بالله تعالی وینظر الی العاصی بنظر الرحمۃ
ممانعت بطور سہل نرمی کی ساتہ شروع کری پہلی وعظ اور نصیحت کرنی شروع کری اور اللہ تعالی سی ڈراوی اور عاصی کی حق مین رحمت کی نظر کری

ويرى اقدامه على المعصية مصيبة على نفسه لكون المسلمين كنفس واحدة فان امرته بالمعروف ونهيته عن المنكر

اور معصیت مین اوسکا مبتلا ہونا اپنی مصیبت سمجھی کیونکہ مسلمان تمام مانند ایکجان کی ہین اب جسکو تو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتا ہی

فهو على شفير جهنم فاياك ان تدفعه فترمى به في قعر جهنم اذ قد يتعلق بك فتقع معه فيها وذلك انك ان امرته

ویسا وہ دوزخ کی کنارہ پر لگا ہوا ہی سو بچارہ ایسا نہو کہ اوسکو دھکا دیکر دوزخ کی تہ مین پہینکدی اسواسطی کہ شاید تجہسی لپٹ جاوی پہر تو بہی اوسکی ساتھ جاوی یہ اسلئی

بالغلظة والعنف اول مرة فلعله يتعدى عليك بالاذى باليد واللسان فتكون قد زدته شرا على شره فتهلك

کہ اگر تو نی پہلی ہی اوسکو سختی اور شدت سی کہا تو شاید وہ تجہپر جور کری ہاتہ سی اور زبان سی ایذا دی اب تو نی خرابی پر خرابی زیادہ کی اب تو نی اپنی جان ہلاک کر

بعد اهلاك نفسك واما اذا لم يرجع بالوعظ والنصيحة وعلم منه الاصرار على المعصية فلابد ان يغلظ له

اوسکو ہلاک کیا ہان اگر وعظ اور نصیحت سی باز نہ آوی اور معلوم ہو کہ معصیت پر جم رہا ہی اب لاچار ضروری کہ سختی سی کہا جاوی

الكلام ويسب من غير فحش مثل ان يقال يا فاسق يا جاهل يا احمق يا ظالم نفسه يا من لا يخاف الله تعالى و

اور ستایا جاوی جسمین فحش نہو مثلا یہ الفاظ کہی ای فاسق ای جاہل ای بی وقوف ای اپنی جان کی دشمن ای وہ شخص جو خدا سی نہین ڈرتا

نحو هذا الكلام ويراعي فيه الصدق فان مثل هذا الكلام صدق في الحقيقة اذ كل من يرتكب المنكر فاسق جاهل

ایسی ہی اور لفظ اور اسمین سچ کی رعایت کرتا ہی بیشک یہ الفاظ حقیقت مین سچی ہین اسواسطی کہ جو شخص گناہ کو اختیار کرتا ہی فاسق جاہل

احمق لان الاحمق من اتبع نفسه هواها وتمنى على الله تعالى كما ورد في الحديث وليحترز من استرسال الغضب

احمق ہوتا ہی کیونکہ احمق وہ ہی جو اپنی جان کو ہوا کی تابع کردی اور خدا سی آرزوئین مانگی چنانچہ حدیث مین آیا ہی اور لازم ہی کہ غصہ کی ماری کلام ناجایز نہ کہنی لگی

وخروج الكلام الى ما لا يجوز مما هو كذب صريح وفحش قبيح ومن لم يتمكن من ازالة المنكر الا بضرب مرتكبه

جو کہ صاف جہوٹہ ہو اور فحش قبیح اور جس سی دور کرنا منکر کا بدون زدوکوب گنہگار کی نہین ہوسکتا

فليضرب بيده ورجله ونحو ذلك فاذا اندفع المنكر يجب ان يكف وليحذر مما يفعل كثير من الناس من الاسترسال

تو چاہیی کہ مکہ لات وغیرہ ماری پہر جب وہ منکر چہوٹ جاوی تو واجب ہی کہ باز رہی اور اس سی بچتا رہی جو اکثر لوگ بعد دور ہونی منکر کی مارپیٹ مین

في الضرب بعد زوال المنكر فان ذلك ليس الا للحاكم ومن لم يستطع ان يغير المنكر بيده ولا بلسانه يكره له تحريما

زیادتی کرتی ہین یہہ مرتبہ حاکم کا ہی اور جو شخص منکر کو دور نہین کرسکتا نہ ہاتہ سی اور نہ زبان سی تو اوسکو مکروہ تحریمی ہی

ان يذكر مساوي اخيه المسلم لاحد سوى اهل القوة يقدر على منعه لانه اذا لم يطع الله تعالى بازالة المنكر فلا يعصيه

کہ اپنی بہائی مسلمان کی عیوب کسیکی سامنی کہتا پہری سوای ایسی صاحب طاقت کی جو اوسکی روکنی کی طاقت رکہتا ہو اسلئی کہ جب اللہ تعالی کی فرمان برداری منکر کی دور کرنی

بغيبة المسلم

سی نہوسکی تو مسلمان کی غیبت کرکر نافرمانی بہی نہ کری

المجلس الرابع والاربعون في بيان صلوة الكسوف والخسوف في ظهور الامور المخوفة

چوالیسوین مجلس سورج گہن اور چاند گہن کی نماز کا بیان بروقت ظاہر ہونی امور ہولناک کی

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الشمس والقمر ايتان من ايات الله تعالى لا ينخسفان بموت احد

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا بیشک سورج اور چاند اللہ تعالی کی دو نشانیان ہین نشانیون مین سی کسیکی موت

ولا لحيوته فاذا رايتم ذلك فاذكروا الله تعالى هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه عبد الله بن عباس

اور حیات کی سبب سی نہین گہتی جب تم ایسا نشان دیکہو تو اللہ کی یاد کرو یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین سی ہی عبد اللہ بن عباس کی روایت سی

وسبب وروده على ما جاء في حديث اخر رواه ابو مسعود الانصاري ان الشمس انكسفت يوم مات ابراهيم ابن رسول

اور سبب ارشاد اس حکم کا موافق اوس مضمون کی جو اور حدیث مین ابو مسعود انصاری کی روایت سی آیا ہی یہہ ہی کہ جس روز ابراہیم ابن رسول اللہ موا سورج گہن ہوا

الله صلى الله عليه وسلم فقال الناس انكسفت لموته فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الشمس والقمر ايتان فمن ايات الله تعالى

سو لوگ کہنی لگی ابراہیم کی موت سی سورج گہن ہوا ہی تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا بیشک آفتاب اور مہتاب اللہ تعالی کی نشانیون مین سی دو نشانیان ہین

لا ينكسفان لموت احد ولا لحيوته فاذا رأيتم شيئا من هذه الافزاع فافزعوا الى الصلوٰة فانه عليه
کسیکی موت اور حیات پر نہین گہنتی جب تم کچھ ایسی ہول اور خوف دیکھو تو نماز پڑہنی شروع کرو پس نبی علیہ السلام نی
السلام قد امر في هذا الحديث بالصلوٰة عند ظهور شيء من هذه الاهوال التي من جملتها كسوف الشمس
اس حدیث مین بروقت ظاہر ہونی ایسی ایسی اہوال کی جنمین سورج گہن بہی داخل ہی نماز کا حکم فرمایا
وعلم من هذا ان المراد من الامر بذكر الله تعالى في الحديث السابق الامر بالصلوٰة فانه عليه السلام
اور اس سی یہ معلوم ہوا کہ مراد یاد الٰہی سی جو پہلی حدیث مین مذکور ہی نماز کا حکم ہی کیونکہ نبی علیہ السلام نی
قد صلاها بالجماعة وكان القياس ان تكون صلوٰة الكسوف واجبة كما ذهب اليه بعض العلماء
صلوٰۃ کسوف جماعت سی پڑہی ہی اور قیاس یہی چاہتا ہی کہ صلوٰۃ کسوف واجب ہو چنانچہ بعضی علماء کا یہی مذہب ہی
واختاره صاحب الاسرار لكون الامر للوجوب لكن الجمهور قالوا انها سنة لانها ليست من شعائر
اور صاحب اسرار نی بہی اختیار کیا ہی اسواسطی کہ امر وجوب کی لئی ہوتا ہی پر جمہور علما سنت کہتی ہین کیونکہ یہہ نماز اسلام کی نشانیون مین سی نہین ہی
الاسلام وانما توجد بعروض الكسوف الا انه عليه السلام لما صلاها بالجماعة كانت سنة مشروعة
یہہ جب ہی ہوتی ہی کہ عارضہ گہن کا ہو مگر ان نبی علیہ السلام نی جو یہہ نماز جماعت سی پڑہی ہی تو سنت ہی جماعت سی بلا کراہت
بالجماعة من غير كراهة وحملوا الامر على الندب فعلى هذا ينبغي لامام الجمعة اذا انكسفت الشمس ان يصلي
درست ہی اور علماء نی اس امر کو استحباب کی لئی رکہا اس بیان کی موافق امام جمعہ کو لازم ہی کہ جب سورج گہن ہووی تو ہمراہ لوگون کی
بالناس في الجامع او في المصلى ركعتين كل ركعة بركوع واحد كهيئة النافلة بلا اذان ولا اقامة ولا
مسجد جامع مین یا عیدگاہ مین دو رکعت پڑہی ہر یک رکعت مین ایک ایک رکوع کری جیسی نفلین ہوتی ہین نہ اذان پڑہی اور نہ تکبیر کہی اور نہ
خطبة ويقرأ فيهما ما شاء من القرآن ويخفي القراءة عند ابي حنيفة وعندهما يجهر والافضل تطويل
خطبہ اور ان دونون رکعت مین جتنا چاہی قرآن پڑہی اور امام ابو حنیفہ کی نزدیک قرارت چپکی سی پڑہی اور صاحبین کی نزدیک پکار کر پڑہی اور دونو رکعت مین
القراءة فيهما لان فيه متابعة النبي عليه السلام اذ قد ثبت ان قيامه عليه السلام كان في الركعة الاولى
تطویل قرارت افضل ہی اسلئی کہ اسمین نبی علیہ السلام کی متابعت ہی اسواسطی کہ ثابت ہو چکا ہی کہ نبی علیہ السلام کا قیام پہلی رکعت مین
بقدر قراءة سورة البقرة وفي الثانية بقدر سورة آل عمران ويجوز تخفيفها لان السنة استيعاب
بقدر قرارت سورۂ بقرہ کی تہا اور دوسری رکعت مین بقدر قرارت سورۂ آل عمران کی تہا اور اسمین تخفیف بہی جایز ہی اسلئی کہ مسنون نماز
الوقت بالصلوٰة والدعاء لما روي عن مغيرة بن شعبة انه عليه السلام قال ان الشمس والقمر آيتان
اور دعا مین وقت کا پورا کر دینا ہی اسواسطی کہ مغیرہ بن شعبہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ سورج اور چاند اللہ تعالی کی نشانیون مین سی
من آيات الله تعالى لا ينكسفان لموت احد ولا لحيوته فاذا رأيتموها فادعوا الله تعالى وصلوا حتى
دو نشانیاں ہین نہ کسیکی موت پر گہنتی ہین اور نہ کسیکی حیات پر جب تم اسکو دیکہو تو اللہ تعالی سی دعا مانگو اور اتنی نماز پڑہو
تنجلي الشمس وهذا الحديث يفيد استيعاب الوقت بالصلوٰة والدعاء فان خفف احدهما يطول الآخر
کہ سورج صاف ہو جاوی اس حدیث سی معلوم ہوتا ہی کہ نماز اور دعا مین وقت کا پورا کرنا چاہئی اگر ایک رکعت چہوٹی کر دی تو دوسری کو بڑہا دی
وبعد الصلوٰة يدعو حتى تنجلي الشمس لان السنة في الادعية تاخيرها عن الصلوٰة ثم هو في الدعاء
اور نماز کی بعد اتنی دعا مانگی کہ سورج صاف ہو جاوی اسواسطی کہ طریق مسنون دعاؤن مین دعا نماز کی پیچہی کا پہر امام کو دعا مانگنی مین
مخير ان شاء دعا جالسا مستقبل القبلة وان شاء دعا قائما مستقبل الناس بوجهه او مستقبل القبلة
اختیار ہی چاہی بیٹہ کر رو بقبلہ دعا مانگی اور چاہی کہڑا ہو کر لوگون کی طرف منہ کر کر یا رو بقبلہ ہو کر دعا مانگی

والناس قاعدون مستقبلوا القبلة على كل حال وان لم يوجد امام الجمعة يصلي الناس فرادى ان شاءوا

اور لوگ بہرحال رو بقبلہ بیٹھے رہیں اور اگر امام جمعہ موجود نہو تو سب لوگ علیحدہ علیحدہ نماز پڑھیں چاہیں دو رکعت

ركعتين وان شاءوا اربعا لان هذه الصلوة تطوع والاصل في التطوعات ذلك وكذا في خسوف القمر

اور چاہیں چار رکعت کیونکہ یہہ نماز نفل ہے اور نوافل میں یہی قاعدہ ہے اور ایسے ہی چاندگہن میں

يصلي الناس فرادى وليس فيه جماعة لتعذر الاجتماع بالليل وربما يكون سببا للفتنة بل يصلي كل واحد

تو لوگ جدا جدا نماز پڑھیں چاندگہن کی نماز میں جماعت نہیں ہے اسلئے کہ رات کی وقت آدمیوں کا جمع ہونا دشوار ہے اور بعضی وقت اسمین فساد ہو سکتا ہے

بنفسه وكذا الحال في انتثار الكواكب والضوء الهائل بالليل والظلمة الهائلة بالنهار والرياح الشديدة والامطار

بلکہ ہر ایک اپنی نماز پڑھ لے اور ایسے ہی ستارے ٹوٹنے میں اور خوفناک روشنی میں رات کو اور خوفناک اندھیرے میں دن کو اور تند آندھیوں میں

الدائمة والصواعق والزلازل وعموم الامراض والخوف الغالب من العدو ونحو ذلك من الافزاع و

اور مینہ ہمیشہ برسنے میں اور بجلی گرنے میں اور بھونچال میں اور وبا پھیلنے میں اور دشمن کی سخت خوف میں اور سوا اسکی اور خوفناک امور اور

الاهوال يصلي كل واحد بنفسه لعموم قوله عليه السلام فاذا رايتم شيئا من هذه الافزاع فافزعوا

خوفناک وقتوں میں ہر ایک اپنی اپنی نماز پڑھ لے واسطے عموم ارشاد نبی علیہ السلام کی جب تم دیکھو ایسا خوفناک امر تو دوڑ کر نماز شروع کرو

الى الصلوة فان كل ذلك من الآيات المخوفة التي يخوف الله تعالى بها عباده كما قال الله تعالى وما نرسل بالآيات

کیونکہ یہہ سب نشانیاں خوف کی ہیں جس سے اللہ تعالی اپنے بندوں کو ڈراتا ہے چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہے اور نشانیاں جو ہم بھیجتے ہیں

الا تخويفا وجاء في الحديث انه عليه السلام قال هذه الآيات التي يرسل الله تعالى بها لا تكون لموت

سو ڈرانے کو اور حدیث میں آیا ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا یہہ وہ نشانیاں ہیں جو اللہ تعالی پیدا کرتا ہے یہہ کسیکی موت

احد ولا لحيوته ولكن يخوف بها عباده فاذا رايتم شيئا من ذلك فافزعوا الى ذكر الله تعالى ودعائه

اور کسیکی حیات سے نہیں ہوتی بلکہ اللہ تعالی اپنے بندوں کو ڈراتا ہے جب تم انمیں سے کوئی بات دیکھو تو دوڑ کر خدا کی یاد اور دعا اور استغفار کرو

واستغفاره وفي حديث اخر انه عليه الصلوة والسلام قال ان الشمس والقمر آيتان من آيات الله تعالى

اور ایک اور حدیث میں ہے کہ نبی علیہ الصلوة والسلام نے فرمایا بیشک سورج اور چاند اللہ تعالی کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں

لا يخسفان لموت احد ولا لحيوته فاذا رايتم ذلك فادعوا الله وكبروا وصلوا وتصدقوا فان كل خير

کسیکی موت اور کسیکی حیات سے نہیں گہنتے جب تم یہہ حال دیکھو تو اللہ سے دعا مانگو اور بڑائی اسکی یاد کرو اور نماز پڑھو اور خیرات کرو کیونکہ ہر طرح کی خیر خیرات

في مثل هذه الاهوال والافزاع مامور به لكون الخيرات دافعة للبليات وروى عن ابن عمر انه عليه السلام

ایسے خوف و ہول کی وقت موافق حکم کی ہے اسلئے کہ خیرات بلیات کو دفع کرتی ہے اور ابن عمر سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام

كان اذا سمع صوت الرعد والصواعق يقول اللهم لا تقتلنا بغضبك ولا تهلكنا بعذابك وعافنا قبل ذلك

جب رعد اور بجلی کی آواز سنتے تو کہتے الہی ہمکو اپنے غضب سے مت قتل کر اور اپنے عذاب سے مت ہلاک کر اور ہمکو اس سے پہلے معاف کر

وروى عن عائشة رضي الله عنها انه كان اذا ابصر سحابا ترك عمله واستقبله وقال اللهم اني اعوذ بك من

اور عائشہ سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام جب ابر دیکھتے تو کام چھوڑ کر اوس کی طرف متوجہ ہوتے اور یہہ کہتے الہی میں تیری پناہ لیتا ہوں

شر ما ارسل به فان كشفه الله تعالى حمد الله تعالى وان مطر قال اللهم سقيا نافعا وروى عن عائشة ايضا

اوس کی برائی سے جو اسمین ہے پھر اگر اللہ تعالی اوسکو کھول دیتا تو اللہ کی حمد کرتے اور اگر برستا تو یہہ کہتے الہی بارش فائدہ مند اور حضرت عائشہ سے یہہ بھی روایت ہے

انه عليه السلام كان اذا عصفت الريح قال اللهم اني اسالك خيرها وخير ما فيها وخير ما ارسلت به واعوذ

کہ جب تیز ہوا چلتی تو نبی علیہ السلام کہتے الہی میں تجھسے اسکی بھلائی مانگتا ہوں اور اوسکی بھلائی جو اسمین ہے اور اوسکی بھلائی جو اسکے ساتھ بھیجی گئی

بك من شرها وشر ما فيها وشر ما ارسلت به وروى عن ابن عباس ان رجلا لعن الريح عند النبى عليه السلام

اوسکی برائی سے تیری پناہ لیتا ہوں اور اوسکی برائی سے جو اسکی اندر ہے اور اوسکی برائی سے جو اوسکی ساتھ تونے بھیجا ہے اور ابن عباس سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی علیہ السلام کی

فقال له النبى عليه السلام لا تلعن الريح فانها مامورة وانه من لعن شيئا ليس له باهل رجعت اللعنة عليه

سامنے ہوا پر لعنت کی تب نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ لعنت مت کر یہہ تو مامور ہے اور حال یہہ ہے کہ جو شخص کسی شئ پر لعنت کرے کہ وہ قابل لعنت کی نہو تو وہ لعنت اوسی پر پڑتی ہے

وروى عن ابى هريرة انه قال الريح من روح الله تاتى بالرحمة وبالعذاب فلا تسبوها واسئلوا الله خيرها

اور ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا ہوا ایک حکم الٰہی ہے کبھی رحمت لاتی ہے اور کبھی عذاب سو اسکو برا نکہو اور خدا تعالیٰ سے اسکی بھلائی مانگو

وعوذوا من شرها يعنى ان الريح من الاشياء التى تجئ من عند الله تعالى كالمطر والبرودة والحرارة وغير

اور اسکی شر سے خدا کی پناہ لو مراد یہہ ہے کہ ہوا وہ شئ ہے جو خدا کی طرف سے آتی ہے جیسے مینہہ اور سردی اور گرمی اور سوای

ذلك تجئ تارة للرحمة وتارة للعذاب فاذا كان مجيئها بامر الله تعالى فلا يجوز سبها بحصول ضرر منها

اسکی کبھی رحمت کی واسطی اور کبھی عذاب کی واسطی جب اسکا آنا خدا تعالیٰ کی حکم سے ہوا تو اسکو برا کہنا جائز نہیں اگرچہ اوسی ضرر حاصل ہو

بل سبيل العباد فيما يتوهم منها الالتجاء الى الله والاعتصام بحبله والاستعاذة به من شرها ومن شر

بلکہ بندہ کو جب اسمین کچھ وہم پیدا ہو تو لازم ہے اللہ تعالیٰ کی طرف التجا کرنا اور اوسکی رسی کو مضبوط پکڑنا اور اوسکی شر سے اور جو اوسکی اندر ہے اوسکی شر سے

ما فيها كما روى عن ابى بن كعب انه عليه السلام قال لا تسبوا الريح فاذا رايتم ما تكرهون فقولوا اللهم

پناہ لینی چنانچہ ابی بن کعب سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا ہوا کو برا مت کہو جب تمکو کچھ مکروہ معلوم ہو تو یہہ کہا کرو الٰہی

انا نسألك خير هذه الريح وخير ما فيها وخير ما امرت به ونعوذ بك من هذه الريح وشر ما فيها وشر

ہم تجہسے اس ہوا کی خوبی مانگتے ہیں اور خوبی اوسکی جو اوسکی اندر ہے اور خوبی اوسکی جو تو نے اوسکو حکم دیا اور اس ہوا سے تیری پناہ لیتے ہیں اور برائی سے جو اسکی اندر ہے اور برائی

ما امرت به وكذا من نزل منزلا يستعيذ بالله تعالى لما روى انه عليه السلام قال من نزل منزلا فقال

جو تو نے اوسکو حکم دیا اور ایسا ہی جو کوئی کسی مکان میں داخل ہو اللہ سے پناہ لے اسواسطے کہ روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جو شخص مکان کی اندر جا کر یہہ پڑہے

اعوذ بكلمات الله التامات من شر ما خلق لم يضره شئ حتى يرتحل منه منزلا وروى عن ابن عباس انه عليه السلام

کہ پناہ لیتا ہوں بوسیلہ اللہ تعالیٰ کی کلمات پوری کی مخلوق کی برائی سے تو اوسکو کوئی ضرر نہیں ہوتا جبتک کہ وہاں سے دوسرا مکان نہ بدلی اور ابن عباس کی روایت ہے کہ نبی علیہ السلام

كان يقول عند الكرب لا اله الا الله العظيم الحليم لا اله الا الله رب العرش العظيم لا اله الا الله رب

سختی کی وقت فرمایا کرتے تہی نہیں کوئی معبود سوا اللہ عظیم بردبار کی نہیں کوئی معبود سوای اللہ رب عرش بزرگ کی نہیں کوئی معبود سوای اللہ پروردگار

السموات السبع ورب الارض ورب العرش الكريم وفهم من هذا الحديث ان ذكر الله تعالى واوصافه العظام

ساتوں آسمان کی اور پروردگار زمین اور پروردگار عرش بزرگ کی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کا اور اوسکی بزرگ اوصاف کا یاد کرنا

سبب لزوال النقم وقد روى انه عليه السلام قال الا اخبركم بشئ اذا نزل بكم كرب او بلاء فدعا به فرج الله عنه

عقوبت کو دور کرتا ہے اور روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا سنو میں تمکو ایسی دعا بتاؤں کہ جب تم پر کوئی سختی یا بلا آوی پہر وہ دعا پڑہو تو اللہ تعالیٰ اوسکی

قيل بلى يا رسول الله قال دعاء ذى النون لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ فَاسْتَجَبْنَا لَهُ وَ

کشائش کرے لوگوں نے عرض کیا ہاں یا رسول اللہ فرمایا دعا یونس علیہ السلام کی کوئی حاکم نہیں سوای تیری تو پاک ہے میں تہا گنہگار پس ہم نے سن لی اسکی پکار اور

نَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِينَ وروى انه عليه السلام قال ما من مكروب يدعو بهذا الدعاء

بچا دیا اوس گہٹنے سے اور یوں ہی ہم بچا دیتے ہیں ایمان والوں کو اور روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا نہیں کوئی مصیبت والا کہ یہہ دعا پڑہے

الا استجيب له يسرنا الله تعالى دعوة مستجابة بلطفه وكرمه

مگر قبول ہی ہو گی الٰہی ہمپر دعا مستجاب اپنی لطف اور کرم سے سہل کیجو

المجلس الخامس والاربعون

بیچ بیان بسم اللہ کے مجلس میں

فی بیان مسنونیۃ صلوۃ الاستسقاء عند امساک المطر قال رسول اللہ صلی اللہ

بیان مسنون ہونی نماز استسقا کا بوقت خشکی بارش کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی

علیہ وسلم لیست السنۃ بان لا تمطروا ولکن السنۃ ان تمطروا ولا تنبت الارض شیئا ھذا الحدیث من صحاح

فرمایا کال اس سی نہین پڑتا کہ مینہہ نہ برسی بلکہ کال اس سی پڑتا ہی کہ مینہہ تو برسی پر زمین سی کچھہ پیدا ہو یہہ حدیث مصابیح کی

المصابیح رواہا ابو ھریرۃ ومعناہ ان القحط لیس بان لا ینزل علیکم المطر بل القحط ان ینزل علیکم المطر

صحیح حدیثون مین ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اور اسکی معنی یہہ ہین کہ کال یون نہین ہوتا کہ تمپر مینہہ نہ برسی بلکہ کال یون پڑتا ہی کہ تمپر مینہہ تو برسی

لکن لا ینبت من الارض شیئا او ینبت ولکن یھلک ولا یدخل فی ایدیکم شیء فان وقوع الشدۃ بعد توقع

پر زمین مین سی کچھہ نہ پیدا ہو یا اوگی تو سہی پر ایسا تباہ ہو جاوی کہ تمہارے ہاتہہ کچھہ نہ آوی بیشک سختی کا آنا بعد امید فراخی

السعۃ وحصول اسبابھا اقطع مما کان الیاس حاصلا من اول الامر ولیس ھذا نھی عن الاستمطار و

اور حاصل ہونی اسباب فراخی کی بہت ناگوار ہوتا ہی بہ نسبت نا امیدی کی جو پہلی ہی سی حاصل ہو اور یہہ ممانعت نہین ہی کہ مینہہ نہ مانگو اور

الاستسقاء بل ھو نھی عن اعتقاد حصول الرزق بالمطر وعدم حصولہ بعدم المطر فاللازم علی العبد ان

استسقا کی دعا نکرو بلکہ اس اعتقاد کی ممانعت ہی کہ رزق کا ملنا مینہہ پر موقوف ہی اور رزق نہ ملنا مینہہ نہ برسنی پر ہی اب بندہ کو لازم یہہ ہی

یسلم نفسہ الی مولاہ ویعتقد ان الخیر لہ فی جمیع ما یجئ الیہ من مولاہ وان کان مخالفا لمرادہ وھواہ فعلی

کہ اپنی جان اپنی صاحب کی حوالہ کردی اور یہہ جانی کہ جو مجہہ پر گذرتا ہی مولا کی طرف سی ہی سو سب بہتر اور خیر ہی اگرچہ مراد اور خواہش کی موافق نہو اب اس مضمون کی

ھذا ینبغی للعبد ان یستمطر ویستسقی ویعلم ان الرزق من اللہ تعالی فان الاستمطار والاستسقاء سنۃ

موافق آدمی کو چاہئی کہ مینہہ کی دعا مانگی اور استسقا کی دعا کری اور یہہ سمجہی کہ رزق اللہ کا دیا ملتا ہی اسلئی کہ مینہہ مانگنی اور استسقا کی دعا کرنی مسنون ہی

لورود الاخبار والآثار الکثیرۃ فیہ فیستحب للحاکم ان یامر الناس اولا بصیام ثلثۃ ایام ثم یخرج بھم فی الیوم

کیونکہ اس باب مین خبرین اور آثار بہت وارد ہین سو حاکم کو مستحب ہی کہ پہلی تمام لوگون سی تین دن کی روزی رکہوادی پہر چوتہی روز سبکو جنگل مین لیجاوی

الرابع الی الصحراء قیل ینبغی لھم ان یخرجوا ثلثۃ ایام متوالیات لانھا مدۃ ضربت لارباب الاعذار ولم ینقل

کہتی ہین کہ بہتر یون ہی کہ تین روز برابر استسقا کی لئی جاوین اسواسطی کہ عذر والون کی لئی یہہ ہی مدت مقرر ہی اس سی زیادہ

اکثر من ذلک ویخرجون مشاۃ فی ثیاب البذلۃ التی تلبس کل یوم لا بثیاب الزینۃ کالعید بل یخرجون

مدت منقول نہین ہی اور پیادہ پا پہنی پرانی میلی کچیلی کپڑی جو روزمرہ پہنتی ہون پہن کر جاوین عزت کی کپڑی عید کی دن کی سی پہن کر نہ جاوین

متذللین متواضعین خاشعین للہ تعالی ناکسین رءوسھم ویقدمون الصدقۃ فی کل یوم قبل خروجھم

بلکہ ذلیل بحالت انکسار رقت ہوئی خدا کا خوف مانی ہوئی سر جہکائی ہوئی جاوین اور ہر روز عیدگاہ کی طرف چلنی سی پہلی خیرات کیا کرین

الی المصلی فان کل خیر فی مثل ھذہ الاوقات مامور بہ لکون الخیرات دافعۃ للعقوبات ویردون المظالم

کیونکہ ایسی ایسی وقتون مین خیرات کرنیکا حکم ہی اسواسطی کہ خیرات کرنا عقوبات کو دفع کرتا ہی اور حق حقوق لوگون کی ادا کردین

ویجددون التوبۃ فان ذلک ھو السبب القریب فی الاجابۃ ادمروی عن کعب الاحبار انہ قال اصاب

اور از سر نو خطا سی توبہ کرین کیونکہ بڑا سبب دعا کی جلد قبولیت کا یہہ ہی ہی اسلئی کہ کعب احبار سی روایت ہی وہ کہتی ہین کہ حضرت موسی نبی

الناس قحط شدید علی عھد موسی النبی علیہ السلام فخرج موسی النبی علیہ السلام ببنی اسرائیل الی الاستسقاء

علیہ السلام کی عہد مین لوگون پر بڑا ہی سخت کال پڑا پس موسی علیہ السلام استسقا کی واسطی بنی اسرائیل کو لیکر

ثلثۃ ایام فلم یسقوا فاوحی اللہ تعالی الی موسی النبی علیہ السلام انی لا استجیب لکم وفیکم نمام فقال موسی

تین دن تک باہر گئی پر مینہہ نہ برسا پہر اللہ تعالی نی موسی نبی کو وحی بہیجی کہ مین تمہاری دعا اسلئی قبول نہین کرتا کہ تم مین ایک چغل خور ہی پہر موسی

نبی

النبی علیه السلام یا رب من هو حتی نخرجه من بیننا فاوحی الله تعالیٰ یا موسیٰ انی انهٰکم عن النمیمة فاکون

یا الٰہی وہ کون ہے تاکہ ہم اوسکو اپنی میں سے نکال دیں پھر اللہ تعالیٰ نے یہہ وحی بھیجی ای موسیٰ میں تمکو چغل خوری سے منع کرتا ہوں پھر میں خود

نماماً فقال موسیٰ النبی علیه السلام لبنی اسرائیل توبوا باجمعکم من النمیمة فتابوا فارسل الله تعالیٰ علیهم

چغلخوری کرنے لگوں پھر موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل سے فرمایا تم سب نمیمہ سے توبہ کرو سو اونہوں نے توبہ کی پھر اللہ تعالیٰ نے اونپر

الغیث وروی عن سفیان انه قال بلغنی ان بنی اسرائیل قحطوا سبع سنین حتی اکلوا الجیف والاطفال

مینہہ برسایا اور سفیان سے روایت ہے کہ وہ کہتے ہیں میں نے سنا ہے کہ بنی اسرائیل پر سات برس کا قحط پڑا یہاں تک کہ مردار اور بچوں کو کھا گئے

وکانوا یخرجون الی الجبال ویتضرعون الی الله تعالیٰ فاوحی الله الی انبیائهم انی لا اجیب لکم داعیاً ولا ارحم

اور وہ پہاڑوں میں جاکر نہایت انکسار سے دعا کیا کرتے پھر اللہ تعالیٰ نے اونکے نبیوں پر وحی بھیجی میں نہ تمہاری دعا قبول کروں اور نہ

لکم باکیاً حتی تردوا المظالم الی اهلها ففعلوا فمطروا وروی ان عیسیٰ النبی علیه السلام خرج مع قومه

تمہاری رونے پر رحم کروں جبتک کہ تم حقداروں کی حقوق نہ ادا کرو سو اونہوں نے حق ادا کئے تو پھر مینہہ برسا اور روایت ہے کہ عیسیٰ نبی علیہ السلام اپنی قوم کو لیکر

لیستسقی فلما ضجروا قال لهم عیسیٰ النبی علیه السلام من اصاب منکم ذنب فلیرجع فرجعوا کلهم

دعاء استسقا کی لئے باہر گئے جب مینہہ نہ برسا تو اونسے عیسیٰ علیہ السلام نے کہا تم میں سے جو گنہگار ہو وہ ہٹ جاوے تب سب کی سب ہٹ گئے

ولم یبق معه الا رجل واحد فقال له عیسیٰ النبی علیه السلام امالك ذنب فقال والله لا اعلم لی من ذنب

اونکی ساتھہ سوای ایک شخص کی کوئی باقی نرہا پھر عیسیٰ علیہ السلام نے اوس سے پوچھا تونے کوئی گناہ نہیں کیا کہا اللہ کی قسم مجکو اپنا کوئی گناہ معلوم نہیں

غیر انی کنت ذات یوم اصلی فمرت بی امراة فنظرت الیها بعینی هذه فلما جاوزت ادخلت اصبعی

سوای اسکی کہ میں ایکدن نماز پڑہتا تہا میری پاس کو ایک عورت آگئی سو میںنے اوسکی طرف اس آنکہہ سے دیکہا جب وہ چلی گئی تو میں نے اپنی اونگلی آنکہہ

فی عینی فانتزعتها فاتبعت المراة بها فقال له عیسیٰ علیه السلام فادع حتی اؤمن علی دعائك فدعا

میں ڈال کر آنکہہ نکال لی اور اوس عورت کی پیچھے پہینک دی پھر اوس سے عیسیٰ علیہ السلام نے کہا تو دعا مانگ تو میں تیری دعا پر آمین کہوں پھر اوسنے دعا کی

فتجللت السماء سحاباً فسقوا وروی عن عطاء السلمی انه قال منعنا الغیث فخرجنا نستسقی

پھر تر ہوت آسمان میں گہٹا گہر گئی اور مینہہ برسا اور عطاء سلمی سے روایت ہے کہتا ہے کہ ہمپر مینہہ برسنا بند ہوگیا سو ہم استسقا کی واسطی نکلی

فاذا نحن بسعدون المجنون فی المقابر فنظر الیّ فقال یا عطاء هذا یوم النشور او بعث من فی القبور

ناگاہ گورستان میں سعدون دیوانہ مل گیا میری طرف دیکہہ کر کہنے لگا ای عطا یہہ دن نشر کا ہے یا قبروں سے مردوں کی اوٹہنے کا

فقلت لا لکنا منعنا الغیث فخرجنا نستسقی فقال یا عطاء بقلوب سماویة او بقلوب

میں نے کہا نہیں تو پر ہم پر سے مینہہ برسنا بند ہوگیا اسلئے استسقا کی واسطی باہر آئے ہیں پھر کہا ای عطا آسمانی دل لیکر آئے ہو یا زمینی دل

ارضیة فقلت بل بقلوب سماویة فقال هیهات یا عطاء قل للمبهرجین لا یبهرجوا فان الناقد

میں نے کہا نہیں بلکہ آسمانی دل لیکر آئے ہیں پھر کہا افسوس ہے ای عطا کہوٹے شخصوں سے کہدے کہوٹ نہ بنیں کیونکہ پرکہنے والا

بصیر ثم نظر الی السماء فقال الٰهی وسیدی لا تهلك بلادك بذنوب عبادك ولکن بالمکنون

بینا ہے پھر آسمان کی طرف دیکہہ کر کہا الٰہی وسیدی اپنی شہروں کو گنہگار بندوں کی بدلی میں ہلاک مت کر لیکن اپنی پوشیدہ

من اسمائك وما وارت الحجب من آلائك اسقنا ماءً غدقاً تحیی به البلاد وتروی به العباد یا من هو علی

ناموں کی برکت سے اور جو کہ تیری نعمتیں پس پردہ ہیں ہمکو پانی بہ انتہا پلا جسمیں تمام شہر زندہ اور بندی سیراب ہوجاویں اے وہ

کل شئ قدیر قال العطاء فما استتم الکلام حتی ارعدت السماء وابرقت وجاءت بمطر کافواه القرب

جو ہر شی پر قدرت رکہتا ہے عطا بیان کرتا ہے کہ اوسنے ابہی دعا پوری نکی تہی کہ آسمان گرجا اور بجلی چمکی اور مینہہ برسنے لگا جیسے مشک منہہ کہل جاتا ہے

وروی عن ابن المبارك انه قال قدمت المدينة في عام شديد القحط فخرج الناس يستسقون وخرجت
اور ابن مبارک سی روایت ہی وہ کہتا ہی کہ میں مدینہ میں ایسی سال میں آیا کہ بڑا سخت کال پڑ رہا تہا سو تمام لوگ واسطی دعاء استسقا کی نکلی اور میں بہی
معهم اذ اقبل غلام اسود عليه قطعتي الحلس قد اتزر باحدهما والقى الاخرى على عاتقه فجلس الى جنبي فسمعته
انکی ساتہہ چلا ناگاہ ایک حبشی لڑکا موٹی کملی کی چینتہڑی لئی ہوئی کہ ایک کا اوسنی سی تہبند کر رکہا تہا اور دوسرا اپنی مونڈہی پر ڈال رکہا تہا آکر میری برابر بیٹھ گیا پس میں نی سنا
يقول الهي اخلقت الوجوه عند كثرة الذنوب ومساوي الاعمال وقد احتبس عنا غيث السماء
کہ وہ کہتا تہا الہی گناہوں کی کثرت اور اعمال کی برائی سی چہری بگڑ گئی اور ہمپر آسمان سی مینہہ برسنا موقوف ہوا
لتودب بذلك عبادك فاسئلك يا حليما ذا اناة يا من لا يعرف عباده عنه الا الجميل ان يسقيهم
تاکہ تیری بندی ادب پذیر ہوں سو میں تجہسی سوال کرتا ہوں ای حلیم سخاوت والی ای وہ ذات جسکی بندہ سوائی رحمت کی کچہہ نہیں جانتی تو انکو ابہی سیراب
الساعة فلم يزل يقول الساعة الساعة حتى اكتسب السماء بالغمام واقبل المطر من كل مكان
کردی پہر وہ یہہ ہی کہی جاتا تہا ابہی ابہی یہاں تک کہ آسمان میں گہٹا گہر گئی اور ہر طرف سی مینہہ برسنا شروع ہوا
فعلى هذا ينبغي للحاكم ان يستسقي بصلحاء الناس وضعفائهم وفقرائهم لاجل الدواب الهائمة
اس بیان کی موافق حاکم کو لازم ہی کہ استسقا کی دعا صلحا اور ضعیفوں اور فقیروں سی واسطی پیاسی چوپاؤں
والانعام السائمة والاطفال المجلة لما روي انه عليه السلام قال لولا صبيان رضع وبهائم رتع
اور چرندہ مویشی اور بچوں جلد ہانپنی والوں کی واسطی کرائی اسواسطی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا اگر دودہ پیتی بچی اور چرتی ہوئی جانور
وعباد ركع لصب عليكم العذاب صبا ويقول في دعائه كما قال النبي عليه السلام اللهم اسق عبادك
اور عابد بندی نہوتی تو تم پر عذاب ٹوٹ پڑتا اور دعا ویسی طرح کری جیسی نبی علیہ السلام نی کی ہی الہی پانی دی اپنی بندوں کو
وبهائمك وانشر رحمتك واحي بلدك الميت ويستقبل القبلة بالدعاء قائما والناس قاعدون
اور اپنی بہایم کو پانی پلا اور اپنی رحمت پہنچا اور اپنی مردہ شہر زندہ کر اور رو بقبلہ کہڑا ہو کر دعا مانگی اور باقی لوگ رو بقبلہ بیٹہی رہیں
مستقبلين القبلة لما روي انه عليه السلام استقبل القبلة ودعا فاذا دعى يوقن بالاجابة
سو اسطی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی رو بقبلہ ہو کر دعا کی تہی اور جب دعا مانگی تو قبولیت کا یقین کری
ويصدق رجاءه لما روي انه عليه السلام قال ادعوا الله وانتم موقنون بالاجابة وقد قال الله تعالى
اور اپنی امید قوی ہوئی جانی اسواسطی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا اللہ سی قبولیت کا یقین کرکی دعا مانگو اور اللہ تعالی بہی فرماتا ہی
ادْعُونِي اَسْتَجِبْ لَكُمْ وقال في اية اخرى وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَاِنِّي قَرِيبٌ اُجِيبُ دَعْوَةَ
مجہکو پکارو کہ پہنچوں تمہاری پکار کو اور ایک اور آیت میں فرمایا ہی اور جب تجہسی پوچہیں بندی میری مجہکو تو میں نزدیک ہوں پہنچتا ہوں پکارنی کی پکار کو
الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ويجتهد في الدعاء سرا ويقول اللهم انك امرتنا بدعائك ووعدتنا اجابتك
جسوقت مجہکو پکارتا ہی اور دعا میں خوب مبالغہ کری پوشیدہ یوں کہی الہی تو نی ہمکو اپنی سی دعا کرنیکا حکم کیا اور قبولیت کا وعدہ کیا
فقد دعوناك كما امرتنا فاجبنا كما وعدتنا اللهم فامنن علينا بمغفرة ما فرطنا واجابتك في سقيانا
سو ہمنی تو تیری حکم کی موافق دعا مانگی اب تو اپنی وعدہ کی موافق قبول کر الہی ہماری زیادتیاں بخش کر اور اپنی قبولیت سی پانی برسا کر
وسعة رزقنا ويستحب للناس اذا كان فيهم رجل مشهود بالصلاح ان يستسقوا به ويقولوا
اور فراخی رزق کی دی کر ہمپر منت کر اور لوگوں کو مستحب ہی کہ اگر کوئی شخص ویسا نیکبخت مشہور ہو تو وس سی استسقا کی دعا کرائیں اور یوں کہیں
اللهم انا نستسقي ونستشفع اليك بعبدك فلان اذ روي في صحيح البخاري ان عمر بن الخطاب كان
الہی ہم تجہسی مینہہ مانگتی ہیں اور تیری سامنی تیری فلانی بندہ سی شفاعت کراتی ہیں اسلئی کہ صحیح بخاری میں روایت ہی کہ عمر بن الخطاب

اذا قحطوا یستسقی بالعباس ویقول اللهم انا کنا نتوسل الیک بنبینا محمد علیه السلام فتسقینا وانا

جب قحط پڑتا تو حضرت عباس کی وسیلہ سی دعا استسقا کرتی یون کہتی الہی ہم تیری سامنی اپنی نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ کیا کرتی تہی سو تو مینہ برساتا تہا اب ہم

نتوسل الیک بعم نبینا محمد علیه السلام فاسقنا فیسقون ولیس فی الاستسقاء عند ابی حنیفة رح

تیری سامنی اپنی نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی چچا کو وسیلہ کرتی ہین سو ہمکو پانی دی پس مینہ برستا تہا اور استسقا مین امام ابوحنیفہ کی نزدیک کوئی

صلوة مسنونة بالجماعة فان صلی الناس وحدانا جاز وانما الاستسقاء عنده دعاء واستغفار

نماز مسنون جماعت سی ثابت نہین ہی اگر لوگ جدا جدا نماز پڑہ لین تو جائز ہی امام کی نزدیک استسقا صرف دعا و استغفار ہی

لقوله تعالی فقلت استغفروا ربکم انه کان غفارا یرسل السماء علیکم مدرارا ویمددکم باموال

اس دلیل سی تو مین کہا گناہ بخشواؤ اپنی رب سی بیشک وہ ہی بخشنی والا چہوڑ دی آسمان کی تیز دہارین اور بڑہتی دی تمکو مالون اور

وبنین ویجعل لکم جنت ویجعل لکم انهرا فهذه الایة وان کانت حکایة لما قال نوح النبی علیه السلام لقومه

بیٹون سی اور بنادی تمکو باغ اور بنادی تمکو نہرین پس یہہ آیت اگرچہ نوح نبی علیہ السلام کی قول کی حکایت ہی جو اپنی قوم کو فرمایا تہا

لکن یصح الاستدلال بها لان شریعة من قبلنا شریعة لنا اذا قصها الله تعالی فی کتابه ولم ینکرها ولم یرد

پر اس آیت سی استدلال صحیح ہی اس لئی کہ ہم سی پہلی شریعتین بہی ہماری لئی شریعت ہین جب اونکو اللہ تعالی اپنی کتاب مین بیان فرماوی اور اونکا انکار نکری اور نہ

فیها النسخ کما فی هذه الایة فانه تعالی بین فیها ان الاستغفار سبب لارسال السماء وهو المطر اذ روی ان

اونکا نسخ وارد ہو جیسی اس آیت مین ہی پس اللہ تعالی اس آیت مین یہہ بیان فرمایا کہ استغفار کی سبب سی مینہ برستا ہی اس واسطی کہ روایت ہی

نوح النبی علیه السلام کذبه قومه بعد تکریر الدعوة دهرا طویلا فحبس الله تعالی علیهم المطر واعقم

کہ نوح نبی علیہ السلام کو اونکی قوم نی بعد تکرار دعوت کی مدت دراز تک تکذیب کی سو اللہ تعالی نی چالیس برس تک اور بعضی کہتی ہین

ارحام نسائهم اربعین سنة وقیل سبعین سنة فوعدهم نوح النبی علیه السلام انهم ان استغفروا من

ستر برس تک اونپر مینہ برسانا بند کیا اور عورتون کو بانجہ کر دیا پہر نوح نبی علیہ السلام نی وعدہ کیا کہ اگر وہ اپنی گناہون سی توبہ کرین تو آخر کو

ذنوبهم یرحمهم الله تعالی بالخصب ویرفع عنهم ما کانوا فیه فعلم منه ان المسنون فی الاستسقاء الدعاء والاستغفار

اللہ تعالی نازل کی اور رزق کی فراخی دی اور جس مصیبت مین مبتلا ہین وہ دور کردی اس سی معلوم ہوا کہ استسقاء مین دعا اور استغفار سی مسنون ہی

وروی عن انس ان رجلا دخل المسجد یوم الجمعة ورسول الله صلی الله علیه وسلم یخطب فقال یا رسول

اور انس سی روایت ہی کہ ایک شخص جمعہ کی دن مسجد مین آیا اوسوقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ فرماتی تہی اوسنی عرض کیا یا رسول اللہ

الله صلی الله علیه وسلم هلک المواشی وخشینا الهلاک علی انفسنا فادع الله تعالی ان یسقینا ورفع رسول

صلی اللہ علیہ وسلم مواشی تو مرگئی اب ہمکو اپنی جانون کا خوف ہی سو تم اللہ تعالی سی دعا کرو کہ ہمکو پانی عنایت کری پہر رسول

الله صلی الله علیه وسلم یدیه قال اللهم اسقنا غیثا مغیثا مریئا غدقا مغدقا عاجلا غیر اجل قال الراوی

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی دونو ہاتہہ اوٹہاکر دعا کی الہی ہمپر مینہ برسا اچہا مینہ تازہ کرنیوالا بہت فائدہ مند الہی دیر نہو راوی کہتا ہی

فما کان فی السماء قزعة فارتفع السحاب من ههنا وههنا حتی صار رکاما ثم مطرت سبعا من الجمعة الی الجمعة

کہ آسمان مین کچہہ ابر نہ تہا پہر ادہر ادہر سی ابر نمودار ہونی لگا یہانتک کہ گہٹا گہر گئی پہر سات دن تک اوس جمعہ سی اگلی جمعہ تک برسی گیا

ودخل ذلک الرجل المسجد فی الجمعة القابلة ورسول الله علیه السلام یخطب والسماء تسکب فقال یا رسول

پہر وہی شخص اگلی جمعہ کو مسجد مین آیا اوسوقت بہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ فرماتی تہی اور مینہ برستا تہا عرض کیا یا رسول

الله تهدم البنیان وانقطعت السبل فادع الله تعالی ان یمسکه فتبسم رسول الله صلی الله علیه وسلم

اللہ گہر گر گئی اور رستی بند ہوگئی سو دعا کرو کہ اللہ تعالی مینہ کہول دی پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی

بملالة بنی ادم ثم رفع یدیه فقال اللهم حوالینا لا علینا اللهم علی الآکام والظراب وبطون الاودیة ومنابت
بنی آدم کی ملالت سی تبسم کیا پہر دونو ہاتہہ اوٹہا کر یہہ دعا کی الٰہی ہماری گرد نواح پر ہم پر نہیں الٰہی ٹیلون اور زمین کی پشتون پر اور پہاڑون پر اور نالون کی اندر اور جہان

الشجر قال الراوی فما کان فی السماء خرقا فانجابت السحاب عن المدینة حتی صارت حولها کالاکلیل فالراوی
درخت پیدا ہوتی ہون راوی کہتا ہی آسمان میں کہیں ذرہ کہلا ہوا نہ تہا سو مدینہ کی اوپر سی ابر کہل گیا یہان تک کہ اوسکی گرد تاج کی مثال ہوگیا پس راوی نی اس خبر مین

لم یذکر فی هذا الخبر غیر الدعاء فعلم منه ان الصلوٰة فی الاستسقاء غیر مسنونة وقد ثبت ان عمر
سوا دعا کی اور کچہہ بیان نہین کیا اس سی معلوم ہوا کہ استسقاء مین نماز مسنون نہین ہی اور بیشک ثابت ہوا ہی کہ عمر رضی اللہ عنہ نی

استسقی ولم یصل ولو کانت الصلوٰة سنة لما ترکها لانه کان اشد الناس اتباعا السنة رسول الله علیه السلام
استسقاء کی دعا کی اور نماز نہین پڑہی اوس اگر نماز مسنون ہوتی تو عمر رضی اللہ عنہ ہرگز نچہوڑتی اسلئی کہ عمر کی برابر سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا تابع کوئی نہین تہا

صلی فیه رکعتین کصلوٰة العید فذلك انما یدل علی الجواز ولیس الکلام فیه بل الکلام فی کونها سنة والسنة
استسقاء مین دو رکعت عید کی سی نماز پڑہی سو اس سی جواز معلوم ہوتا ہی اور اسمین کلام نہین ہی بلکہ کلام مسنون ہونی مین ہی اور سنت ہونا ایسی حکایات سی

لا تثبت بمثله بل انما تثبت بالمواظبة ولم یوجد المواظبة لانه علیه السلام فعلها مرة وترکها اخری ولم یکن
ثابت نہین ہوتا سنت ہونا مواظبت سی ثابت ہوتا ہی اور مواظبت نہین پائی جاتی اسلئی کہ نبی علیہ السلام نی کبہی اسکو کیا اور کبہی ترک کیا اور عمل کرنا

فعله اکثر من ترکه حتی یکون مواظبة وقالا یصلی الامام بالناس رکعتین کصلوٰة العید بلا اذان ولا اقامة
ترک کرنی سی زیادہ نہین تہا جسکو مواظبت کہہ سکین اور صاحبین کہتی ہین کہ امام لوگون کو ہمراہ لیکر عید کی طرح دو رکعت بدون اذان اور تکبیر کی پڑہی

مع التکبیرات الزوائد والجهر بالقراءة ثم یخطب خطبتین یفصل بینهما بجلسة خفیفة ویکون الاستغفار
اور تکبیرات زوائد ادا کری اور قراءت پکار کر پڑہی پہر دو خطبہ پڑہی دونو کی بیچمین ہلکاسا جلسہ کری اور استغفار دونو خطبون کا عمدہ مضمون ہو

معظم الخطبتین فاذا فرغ من الخطبة یستقبل القبلة ویحول رداءه فی هذه الساعة تفاولا بتحویل الحال
جب خطبہ پڑہ چکی تو روبقبلہ ہوکر اب چادر کو واسطی تفاول بدل جانی حالت کی اولٹی

فیجعل ما علی الیمین علی الشمال وما علی الشمال علی الیمین ثم یدعو ویقول فی دعائه اللهم اسق عبادك وبهائمك
پس داہنی طرف کا پلہ بائین طرف کرلی اور بائین طرف کا پلہ داہنی طرف کرلی پہر دعا مانگی اور دعا کی اندر یہہ مضمون اداکری الٰہی اپنی بندون اور اپنی حیوانات کو پانی دی

وانشر رحمتك واحی بلادك المیت اللهم انك امرتنا بدعائك ووعدتنا اجابتك فقد دعوناك کما امرتنا
اور اپنی رحمت کو وسیع کر اور اپنی مردہ شہر زندہ کر الٰہی تو نی ہمکو دعا کرنیکا حکم دیا اور قبول کرنیکا وعدہ فرمایا سو ہم تو بیشک تیری حکم کی موافق دعا مانگ چکی

فاجبنا کما وعدتنا اللهم فامنن علینا بمغفرة ما قرفنا واجابتك فی سقیانا وسعة رزقنا اللهم لا تهلك بلادك بذنوب
اب تو اپنی وعدی کی موافق قبول کر الٰہی ہماری زیادتیان بخش کر اور اپنی قبولیت سی ہمکو پانی دیکر اور رزق کی فراخی کرکر ہمپر منت کر الٰہی گنہگار بندون کی بدلہ اپنی شہرون کو

عبادك ولکن برحمتك الشاملة ونعمتك الکاملة اسقنا ماء غدقا یحیی به البلاد ترتوی به العباد انك
ولیکن اپنی رحمت شامل اور نعمت کامل سی ہمکو اتنا بہت پانی دی جس سی شہر زندہ اور تمام بندی سیراب ہوجاوین تو بیشک

علی کل شیء قدیر رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ
ہر شی پر قادر ہی ای رب ہماری ہمکو دنیا مین خوبی اور آخرت مین خوبی دی اور ہمکو دوزخ کی عذاب سی بچا

المجلس السادس والاربعون فی بیان وجوب تعلیم الفرائض والقرآن ولحن الخفی والجلی

چہیالیسوین مجلس مین بیان وجوب تعلیم فرایض کا اور قرآن کا اور لحن پوشیدہ اور ظاہر کا

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم تعلموا الفرائض والقرآن فانی مقبوض هذا الحدیث من حسان
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا سیکہو فرایض اور قرآن کو کیونکہ مین قبض ہونیوالا ہون یہہ حدیث مصابیح کی

المصابيح رواه ابو هريرة وفيه تحريض للامة على تعلم النوعين من العلم لانهما لا يتلقفان التلقف بمعنى
حسن حدیثون میں ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اور اسمین امت کی لئی واسطی سیکہنی دو قسم علم کی ترغیب ہی کیونکہ یہہ دونو سوای نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اور سی

الاخذ الا منه عليه السلام فانه عليه السلام اذا قبض لا يحصل للناس منهما شئ بعده الا ما تعلموا منه
نہیں حاصل ہوتی تلقف کا معنی لینی کی ہین کیونکہ نبی علیہ السلام نی جب وفات کی تو پہر بعد اونکی لوگون کو دونو مین سی کوئی علم نہین حاصل ہوسکتا مگر وتنا ہی جو سیکہہ چکی

وهما الفرائض والقرآن اما الفرائض فقد ذهب بعض الناس الى ان المراد بها قسمة المواريث ولا دليل له
اور وہ دونو علم فرائض اور قرآن ہی جسمین فرائض سی مراد تو بعضی لوگ وراثت کا تقسیم کرنا بتاتی ہین اور موافق ذکر توربشتی کی اس خصوصیت کی دلیل نہین معلوم ہوتی

في هذا التخصيص على ما ذكره التوربشتي بل الصحيح ان المراد بها الفرائض التي فرضها الله تعالى على عباده
بلکہ صحیح یہہ ہی کہ مراد اس سی وہ امور ضروری ہین جو اللہ تعالی نی اپنی بندون پہ فرض کردی ہین

واما القرآن على ما ذكر في الاصول فهو ما كان منقولا بالتواتر كالقراءة السبع المعروفة التي اختارها الائمة
اور رہا قرآن علم اصول کی مضمون کی موافق وہ ہی جو تواتر سی منقول ہی جیسی ساتون قراءتین مشہور جسکو قراءت کی ساتون اماموں نی اختیار کرکہا ہی

السبعة من القراء لا ما كان منقولا بلا تواتر فانه ليس بقرآن بل هو من القراءة الشاذة سواء نقلت بطريق الشهرة
وہ نہیں ہی جو بلا تواتر منقول ہی سو یہہ قرآن کی احکام میں داخل نہین ہی بلکہ وہ قراءت شاذہ ہی برابر ہی کہ بطریق شہرت منقول ہو

او بطريق الاحاد والنقل بالتواتر شرط في كون المنقول قرآنا سواء كان في جوهر اللفظ او في هيئته والمراد من
یا بطریق آحاد اور نقل بالتواتر منقول کی لئی قرآن ہونمین شرط ہی برابر ہی کہ جوہر لفظ مین ہو یا اوسکی صورت مین اور جوہر لفظ سی یہہ مراد ہی

جوهر اللفظ ان يختلف خطوط المصاحف في القراءات السبع نحو مالك يوم الدين وملك يوم الدين والمراد من
کہ خطوط مصاحف کی قراءت سبعہ میں بدل جاوین جیسی مالک یوم الدین اور ملک یوم الدین اور مراد لفظ کی

هيئة اللفظ ان لا يختلف خطوط المصاحف في القراءة السبع كالتفخيم والامالة ونحوها فاذا كان
ہیئت سی یہہ ہی کہ مصاحف کی خطوط قراءت سبعہ مین نہ بدلین جیسی امالہ نہ کرنا اور امالہ کرنا اور مانند اسکی اور جب

النقل بالتواتر شرطا في كون المنقول قرآنا ظهر ان الشاذ سواء نقل بطريق الشهرة او بطريق الاحاد لا يكون له
نقل بالتواتر منقول کی قرآن ہونی مین شرط ہوئی تو ظاہر ہوا کہ قراءت شاذ برابر ہی کہ نقل بطریق مشہور ہو یا بطریق احاد ہو اسکو

حكم القرآن حتى لا يجوز قراءته في الصلوة والحاصل ان المشهورين من ائمة القراء هم السبعة المذكورون في
حکم قرآن کا نہیں ہوگا یہان تک کہ اوسکو نماز کی اندر پڑہنا جایز نہین خلاصہ یہہ ہی کہ قراءت کی مشہور امام وہ ہی ساتون ہین جو

التيسير والشاطبي وهم عاصم وحمزة والكسائي هذه الثلثة من الكوفة وابن كثير من مكة ونافع من المدينة
تیسیر اور شاطبی مین مذکور ہین اور وہ یہہ ہین عاصم اور حمزہ اور کسائی یہہ تینون تو کوفہ کی ہین اور ابن کثیر مکہ کا اور نافع مدینہ کا

وابو عمرو من البصرة وابن عامر من الشام وقد ثبت شيوخ ثلثة آخرون وهم يعقوب بن اسحق ويزيد بن
اور ابو عمرو بصرہ کا اور ابن عامر شام کا اور تین شیخ اور بہی ثابت ہین وہ یہہ ہین یعقوب بن اسحاق اور یزید بن

القعقاع وخلف بن هشام والصحيح ان احكام القرآن من جواز الصلوة وغيره جارية في هذه الثلثة ايضا
قعقاع اور خلف بن ہشام اور صحیح یہہ ہی کہ احکام قرآن کی یعنی نماز کا جایز ہونا اور سوا اسکی ان تینون مین بہی

كالسبعة واما وراءها من القراءة الشاذة مشهورا كان او غير مشهور فلا خلاف في عدم جواز قراءته في
اون ساتون کی مانند جاری ہیں اور جو ہی سوا انکی اور شاذ قراءتین مشہور ہون یا غیر مشہور اسمین خلاف نہیں ہی کہ وہ نماز مین پڑہنی جایز نہیں ہین

الصلوة وانما الخلاف في فسادها قال الاصفهاني ما لم يتواتر من القراءات الشاذة فحكمها في الصلوة حكم كلام البشر
اور خلاف ہی تو نماز کی فاسد کرنی مین ہی اصفہانی کہتا ہی کہ قراءت شاذہ جبتک متواتر نہو تو اوسکا حکم نماز کی اندر حکم آدمی کی کلام کا سا ہی

واذا لم یکن الشاذ فیه حکم القران ولم یجز قراءته فی الصلوة فما ظنك بالقراءة التی لیست من القراءة المتواترة

اور جب قرارت شاذہ میں حکم قرآن کا نہیں ہی اور نہ اوسکا نماز میں پڑہنا جایز ہی تو پہر تیرا کیا خیال ہی اوس قراءت میں جو نہ قرارت متواترہ سی ہی

ولا من القراءة الشاذة بل هی لحن محض هل یکون له حکم القران وهل یجوز قراءته فی الصلوة التی هی فرض علی الناس

اور نہ قرارت شاذہ سی بلکہ وہ صرف ترنم ہی تو کیا اوسکو حکم قرآن کا ہوسکتا ہی اور کیا اوسکا پڑہنا نماز میں جایز ہوسکتا ہی جو کہ لوگون کی ذمہ پر

بعد الایمان واحد ارکانها قراءة القران الذی انزل بافصح اللغات فلا بد ان یقرأ بافصح اللغات ولا یتحقق ذلك

بعد ایمان کی فرض ہی اور اوسکی ارکان میں سی قرارت قرآن کی ہی جو بڑی فصیح زبان میں نازل ہوا ہی اب ضرور ہی کہ اوسکو فصیح زبان سی پڑہیں اور فصاحت

الا بالتجوید فعلی هذا یکون العمل بالتجوید فرضا لازما لانه تعالی انزل القران بالتجوید حیث قال ورتله ترتیلا

بدون تجوید کی نہیں ہوسکتی اس بیان کی موافق تجوید فرض لازم ہوئی اس لئی کہ اللہ تعالی نی قرآن کو تجوید کی ساتھ اوتارا ہی اسلئی کہ کہتا ہی اور پڑہ سایا ہمنی اوسکو ٹہر ٹہر کر

فقال الترتیل تجوید الحروف ومعرفة الوقوف ولیس المراد بالتجوید قراءة تمضیغ اللسان وتصغیر الفم وتعویج الفك

سو علی رض نی فرمایا ترتیل حروف کی تجوید ہی اور وقفون کا معلوم کرنا اور تجوید سی مراد ایسی قرارت نہیں ہی کہ زبان کو چباوی اور منہہ کو دباوی اور جبڑی کو خم دی

وتردید الصوت اذ هی قراءة تنفر عنها الطباع ولا یقبلها القلوب والاسماع بل هو قراءة سهلة لطیفة للمضغ

اور آواز کو گردش دی اسواسطی کہ ایسی قرارت سی طبیعتون کو نفرت آتی ہی اور نہ دل اور کان پسند کرتی ہیں بلکہ تجوید ایسی قرارت سہل لطیف ہی نہ اوسمین زبان کا

فیها ولا تعسف ولا تکلف فاذا کان التجوید فرضا یکون ما ینافیه حراما لان القران انما کان معجزا بفصاحة

چبانا ہی اور نہ بی راہی آواز کی ہی اور نہ کچہ تکلف ہی جب تجوید فرض ہوئی تو اوسکی برخلاف حرام ہوا اسلئی کہ قرآن تو اپنی فصاحت الفاظ اور بلاغت معنی سی معجز ہی

نظمه وبلاغة معناه ... بالتجوید قراءة له بالفصاحة واذا لم یقرأ بالفصاحة یکون لحنا واللحن

سو اوسکا تجوید ... پڑہنا فصیح ہی اور جب فصاحت کی ساتھ نہ پڑہا تو پہر لحن ہوجاتا ہی اور لحن

فی لغة العرب یجیء علی معان والمراد به ههنا الخطاء والمیل عن الصواب وهو جلی وخفی اما الجلی فهو خطأ یطرأ

لغت عرب میں کئی معنون میں آتا ہی اور لحن سی مراد یہان خطا اور راہ صواب سی الگ ہوجانا ہی اور لحن ایک جلی ہی اور ایک خفی لحن جلی جو الفاظ پر آتا ہی

الالفاظ ویخل بالمعنی فی بعض المواضع فیفسد الصلوة وهذا اللحن یشترك فی معرفته علماء القراءة وغیرهم

تو صرف خطا ہی اور بعضی جگہ معنی بگاڑ دیتا ہی پہر نماز بہی فاسد ہوجاتی ہی یہہ لحن سب علماء کو معلوم ہوتا ہی یعنی علماء قرارت اور اور علماء سب پہچانتی ہیں

اذ هو قد یکون بتغییر الحرکات والسکنات الاعرابیة والبنائیة وقد یکون بنقص حرف وزیادته وابداله الی حرف

اسواسطی کہ یہہ لحن کبہی تو حرکات اور سکنات اعرابی اور بنائی کی بدلنی سی ہوتا ہی اور کبہی حرف کی کم وبیشی اور ایک حرف سی دوسرا حرف بدلنی سی ہوتا ہی

اخر واما الخفی فهو خلل یطرء الالفاظ لکن لا یخل بالمعنی ولا یفسد الصلوة بل یخل بالفصاحة ویورث القباحة

اور لحن خفی سو وہ الفاظ کو بگاڑتا ہی پر معنی نہیں بگاڑتا اور نماز بہی نہیں جاتی بلکہ فصاحت میں خلل اور قباحت پیدا کرتا ہی

ولذا حرم فی القران کما ذکر فی البزازیة ان اللحن فیه حرام بلا خلاف اذ قال الله تعالی قرانا عربیا غیر ذی عوج

اسہی لئی قرآن کی اندر حرام ہی چنانچہ بزازیہ میں مذکور ہی کہ قرآن میں لحن بلا خلاف حرام ہی اسواسطی کہ اللہ تعالی فرماتا ہی قرآن ہی عربی زبان کا جسمین کجی نہین

وهذا اللحن یختص بمعرفة علماء القراءة اذ هو انما یکون بتکریر الراءات وتطنین النونات وتغلیظ اللامات وتشقیق

اس لحن کو صرف علماء قرارت ہی پہچانتی ہیں اسلئی کہ یہہ لحن یہہ ہی حرف را کی بڑہانی سی اور نون کی گنگناٹ سی اور لام کی بہر کرنی سی اور غنہ کو ناک میں

الغنة وغیر ذلك من ترك الادغام فی محل الادغام وترك الاخفاء فی محل الاخفاء وترك الاظهار فی محل الاظهار وترك الاقلاب

پہنچانی سی ہوتا ہی اور سوا اسکی جیسی ادغام کی جگہہ فك ادغام اور اخفا کی جگہ ترك اخفا اور اظہار کی مقام پر ترک اظہار اور ترک کرنا بدلنی کا

فی محل الاقلاب وترك التفخیم فی محل التفخیم وترك الترقیق فی محل الترقیق فان ذلك کله وان لم یخل بالمعنی

جگہ بدلنی کی اور ترک کرنا پر کرنیکو جگہ پر کر نیکی اور ترک کرنا باریک کرنیکا جگہ باریک کرنیکی بیشک یہہ تمام باتین اگرچہ معنی نہیں بگاڑتی

بل انما يخل باللفظ لفساد رونقه وذهاب حسنه لكن يخل بالفصاحة ولا قائل من اهل الايمان
مگر تھوڑا بگڑ جاتا ہی کیونکہ لفظ کی رونق اور حسن جاتا رہتا ہی پر فصاحت مین خلل پڑتا ہی اور اہل ایمان مین سی یہہ کوئی قایل نہین ہی

بعدم فصاحة القران ولذلك حرمت هذه التغييرات كلها فى الصلوة وغيرها بيان ذلك ان القران
کہ قرآن فصیح نہین ہی اور اسہی لئی ایسی ایسی تمام تغیرات نماز کی اندر اور سوا نماز کی حرام ہین اسکا بیان یہہ ہی

انما انزل بافصح اللغات التى هى لغة العرب العرباء وهى لغة قريش وهذيل وهوازن وطى وثقيف واليمن وبنو تميم
کہ قرآن افصح لغات مین نازل ہوا ہی جو خالص عربون کی بولی ہی اور وہ بولی قریش اور ہذیل اور ہوازن اور طی اور ثقیف اور یمن اور بنو تمیم کی

فلابد ان يراعى فيه قواعد لغتهم من اخراج الحروف من مخارجها ومحافظة صفاتها من ترقيق المرقق وتفخيم
اب ضرور یہی کہ انکی بولی کی قاعدی رعایت کئی جاوین یعنی حرفون کو اونکی مخرج سی نکالنا اور نگہبانی اونکی صفات کی نرمی کی جگہ نرمی پر کی جگہ

المفخم ومد الممدود وقصر المقصور وادغام المدغم واظهار المظهر واخفاء المخفى وغير ذلك مما هو لازم فى كلامهم
پر مد کی جگہ مد قصر کی جگہ قصر ادغام کی جگہ ادغام اور اظہار کی جگہ اظہار اور اخفا کی جگہ اخفا اور سوا اسکی جو جو اونکی کلام مین ضروری ہی

الذى هو سليقتهم لا يحسنون غيره فالقارى اذا لم يراع ذلك يصير كانه قرء القران بغير لغة العرب وهو
اور جو اونکا طریقہ ہی کہ سوائی اوسکی پسند نہین کرتی پس قاری اگر ان تمام امور کی رعایت نکری تو اوسنی قرآن کو گویا سوا عربی کی اور زبان مین پڑھا اب وہ

ان كان قاريا صورة لكنه ليس بقارئ حقيقة بل هو هازئ وعدم قراءته اولى من قراءته لانه بهذه القراءة
اگرچہ ظاہر مین قاری ہی پر وہ حقیقت مین قاری نہین ہو بلکہ وہ ٹھٹھہ باز ہی ایسی قرات سی نہ پڑھنا ہی بہتر ہی اسلئی کہ ایسی قرات سی

يصير من الَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ولهذا قال الامام ابن الجوزى
اون لوگون مین داخل ہوگا جسکی دوڑ بہٹکتی ہی دنیا کی زندگی مین اور وہ سمجھتی ہین کہ خوب بناتی ہین کام اسہی لئی امام ابن الجوزی

فى كتابه المسمى بالنشر لاشك ان الامة كما هم متعبدون بتصحيح الفاظه واقامة حروفه على الصفة المتلقية
اپنی کتاب مین جسکا نام نشر ہی کہتی ہین بیشک امت کو جیسی کہ قرآن کی فہم معانی کا حکم اور صحت اور حروف کی قایم رکہنی کا حکم ہی اسطور پر جو قرات کی

من ائمة القراءة المتصلة بالحضرة النبوية الافصحية العربية التى لا تجوز مخالفتها ولا العدول عنها الى
اماموں سی منقول اور حضرت نبوی سی فصیح عربیۃ کی وضع پر متصل ہوا ہی جسکی مخالفت جایز نہین اور نہ اوسکو چہوڑکر اور وضع اختیار کرنی

غيرها والناس فى ذلك بين محسن ماجور ومسئ اثم ومعذور فمن قدر على تصحيح كلام الله تعالى باللفظ
اور اسی باب مین لوگ کئی وضع کی ہین بعضی محسن قابل ثواب کی اور بعضی ناکارہ گنہگار اور بعضی معذور لاچار اب جس سی یہہ ہوسکتا ہی کہ کلام اللہ کو صحت الفاظ

الصحيح العربى الفصيح وعدل عنه الى اللفظ الفاسد العجمى القبيح فانه مقصر بلا شك واثم بلا ريب و
اور فصاحت عربیہ کی وضع پر درست کرسکتا ہو پہر اوس وضع کو چہوڑکر لفظ فاسد عجمی قبیح اختیار کری تو بیشک قصوروار اور بی شبہ گنہگار ہی اور

عاص كان لا يطاوعه لسانه او لا يجد من يرشده الى الصواب فان الله تعالى قال لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا
جس شخصکی زبان قابو مین نہین ہی یا کوئی تجوید سکہانیوالا نہین ملتا تو اللہ تعالی خود فرماتا ہی اللہ تکلیف نہین دیتا کسی شخص کو مگر

وُسْعَهَا لكن يجب عليه ان يجتهد جهده لعل الله يحدث بعد ذلك امرا وقد ذكر فى فتاوى قاضيخان ان
جو اوسکی گنجایش ہی لیکن ایسی شخصکو واجب ہی کہ خوب محنت کئی جای شاید کہ اللہ تعالی بعد اسکی قدرت عنایت کری اور فتاوی قاضیخان مین مذکور ہی

الرجل اذا كان لا يحسن بعض الحروف ينبغى له ان يجتهد ولا يعذر فى ذلك وان كان لا ينطلق لسانه فى
کہ ایسا شخص کہ بعضی حروف کو ٹہیک طور نہین پڑہسکتا ہی تو اوسکو لازم ہی کہ خوب محنت کری سمین وہ معذور نہین ہی اور اگر اوسکی زبان بعضی حرف مین چل نہ سکتی

تلك الحروف ان وجد اية ليس فيها تلك الحروف تراها فى صلوته تجوز عند الكل وان قرأ الاية التى فيها
تو اگر ایسی آیت پاوی جسمین وہ حروف نہین ہین اور وہ ہی آیت اپنی نماز مین پڑہی تو بالاتفاق جایز ہی اور اگر ایسی آیت پڑہی جسمین وہ حروف

بفهم معانى القران واقامة حدوده كذلك هم متعبدون
اور اوسکی حدود قایم رکہنی کی تاکید ہی ایسی ہی امت کو الفاظ کی درستی

تلك الحروف تجوز صلوته لكن لا یؤم غیره وكذا اذا كان الرجل لا یقف موضع الوقف او كان یتنحنح عند القراءة

موجود ہین تو ویسی کی نماز تو جایز ہی پر اور کی امامت نکری اور ایسی ہی جو شخص وقف کی جگہ وقف نکرے یا قراءت مین کھنکھار کری

لا یؤم غیره

المجلس السابع والاربعون فی جواز التغنی فی القرآن وما لا یجوز فیه

تو اور کی امامت نکری سینتالیسوین مجلس قرآن مین تغنی وغیرہ جایز ہونی اور نہ جایز ہونی مین

وغیره قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس منا من لم یتغن بالقرآن هذا الحدیث من صحاح

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا ہم مین سی نہین ہی جو قرآن مین تغنی نکری یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون

المصابیح رواه سعد بن ابی وقاص والمراد بالتغنی المذكور فیه لیس هو المشهور المعروف بوجوه الاول

مین سی ہی سعد بن ابی وقاص کی روایت سی اور تغنی سی مراد جو اس حدیث مین مذکور ہی وہ تغنی مشہور و معروف نہین ہی کئی وجہ سی پہلی وجہ یہہ ہی

ان اول الحدیث وهو قوله علیه السلام لیس منا یمنع عنه لكون معناه لیس من اهل ملتنا ومن یتبعنا

کہ اول حدیث قول علیہ السلام کا لیس منا اس مراد سی روکتا ہی اسواسطی کہ اسکی معنی یہہ ہین کہ ہماری دین مین اور ہماری فرمان برداروں مین نہین ہی

فی امرنا وهو من قبیل الوعید ولا خلاف بین الامة ان قارئ القرآن من غیر التغنی یثاب وماجور فكیف یستحق

اور ایک وعید ہی اور تمام امت مین کسیکو خلاف نہین ہی کہ بغیر تغنی قرآن پڑھنی والا ثواب دیا جاتا ہی اور ماجور ہی پہر وہ کیونکر سزاوار

الوعید والثانی ان الفقهاء صرحوا بكون قراءة القرآن بالتغنی معصیة ویكون التالی والسامع اثمان

وعید کا ہوا دوسری وجہ یہہ ہی کہ فقہا نی صاف کہدیا ہی کہ تغنی کی ساتھہ قرآن کا پڑہنا گناہ ہی اور پڑہنی والا اور سننی والا دونو گنہگار ہوتی ہین

بل یكون المستحل كافرا وذلك لان التغنی حرام فی جمیع الادیان وكذا اللحن حرام بالاجماع قال البزازی

بلکہ اوسکو حلال سمجھنی والا کافر ہوتا ہی اور یہہ اسلئی کہ تغنی تمام دینون مین حرام ہی اور ایسی ہی لحن بالاتفاق حرام ہی بزازی کہتا ہی

اللحن حرام بلا خلاف وذكر ابو البركات فی شرح النافع ان التغنی حرام فی جمیع الادیان وحكی عن ظهیر الدین

لحن بالاتفاق بلا خلاف حرام ہی اور ابو البرکات نی نافع کی شرح مین یہہ ذکر کیا ہی کہ تغنی تمام دینون مین حرام ہی اور ظہیر الدین مرغینانی سی

المرغینانی ان من قال لمقرئ زماننا عند قراءته حسنت یكفر ووجه كون التحسین كفرا ان قراء هذا

حکایت کرتی ہین کہ جسنی ہماری وقت کی قاری کو قراءت پڑہتی ہوئی کہا احسنت واہ کیا خوب کافر ہوجاتا ہی اور اچہا کہنا کفر اسلئی ہی کہ قراءت اس

الزمان قلما یخلو قراءتهم فی المجالس والمحافل عن التغنی والتغنی للناس لما كان حراما بالاجماع كان قطعیا

زمانی کی قاریون کی مجلسون اور محفلون مین تغنی سی خالی نہین ہی اور تغنی لوگون کی حق مین جو بالاتفاق حرام ہی تو قطعی ہوئی

ولذلك سماه صاحب الذخیرة كبیرة وكذا صاحب الهدایة حیث قال فیها ولا یقبل شهادة من یغنی للناس

اور اسیلئی صاحب ذخیرہ اسکو کبیرہ نام لیتا ہی اور ایسی ہی صاحب ہدایہ جس جگہ تغنی کی باب مین کہا ہی کہ اوسکی گواہی مقبول نہین جو لوگون کی لئی تغنی کری

لانه یجمعهم علی ارتكاب كبیرة فدل كلامه هذا علی ان استماع التغنی كبیرة فاذا كان استماع التغنی كبیرة

اسواسطی کہ اونکو گناہ کبیرہ پر جمع کرتا ہی اس تقریر سی معلوم ہوا کہ تغنی کا سننا گناہ کبیرہ ہی پس جب تغنی کا سننا گناہ کبیرہ ہوا

فكون التغنی كبیرة اولی فالمغنی مرتكب لهذه الكبیرة فتحسینه تحلیل للحرام القطعی وهو كفر فظهر من هذا

تو تغنی بطریق اولی کبیرہ ہوگی پس مغنی اس کبیرہ کو اختیار کرتا ہی اب اوسکا اچہا کہنا حرام قطعی کو حلال کرنا ہی یہہ کفر ہی اب اس سی معلوم ہوا

ان من یحضر الجمعة والجماعة فی هذا الزمان قلما ینجو عن ارتكاب كبیرة لان كثیرا من الخطباء والقراء

کہ جو شخص جمعہ اور جماعت مین آتی ہین اس زمانہ مین ارتکاب کبیرہ سی بہت کم خالی ہوتی ہیں اسلئی کہ اکثر خطیب اور قاریون کی جیسی

قلما یخلو خطبتهم وقراءتهم عن التغنی بل هم یاخذون فی الخطبة والقرآن ماخذهم فی الشعر والغزل

اور قراءت تغنی سی بہت کم خالی ہین بلکہ وہ خطبہ اور قرآن مین شعر اور غزل کا ردیہ برتتی ہین

حتى لا يكاد يفهم ما يقولون وما يقرءون من كثرة النغمات والتقطيعات وكذا حال المؤذنين في التصلية والترضية

یہاں تک کہ لمبا اوقات کثرت نغمات اور تقطیعات سے سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کہتے ہیں اور کیا پڑھتے ہیں اور ایسے ہی صلی اللہ علیہ وسلم اور رضی اللہ عنہ

والتامين وتكبيرات الانتقالات والسامعون الحاضرون مرتكبون لهذه الكبيرة وربما يستحسنه بعضهم

اور آمین کہنے میں اور تکبیرات انتقالات میں موذنوں کا حال ہے اور سننے والے جو موجود ہوتے ہیں یہ کبیرہ اختیار کرتے ہیں اور بعض وقت کوئی کوئی اچھا بھی کہنے لگتا ہے

بل هو الاكثر في اكثرهم لغلبة الهوى وعدم مبالاتهم في امر الدين فيلزم ان يكفروا على ما حكي عن ظهير الدين المرغيناني

بلکہ اکثر اشخاص میں اکثر یہ ہی ہوتا ہے کیونکہ ہوائے نفسانی کا غلبہ اور امر دینی میں بے پروائی بہت ہوگئی ہے سو لازم یہ آتا ہے کہ موافق حکایت ظہیر الدین مرغینانی کی

وكذا من يحضر التراويح في ليالي رمضان لاستماع تسبيحات المؤذنين في الجوامع والمساجد فان اسماء الله

کافر ہو جاویں اور ایسے ہی جو تراویح میں ماہ رمضان کی راتوں کو جوامع اور مساجد میں موذنوں کی تسبیحات سننے کی واسطے جمع ہوتے ہیں کیونکہ خدا کی

الواقعة فيها مثل يا حنان يا منان يا ذا الجود والاحسان ونحو سبحان ذي الملك والملكوت سبحان ذي

نام ان میں جو تسبیحات کی اندر آتے ہیں جیسے یا حنان یا منان یا ذا الجود والاحسان اور جیسے سبحان ذی الملک والملکوت سبحان ذی

العزة والجبروت وغير ذلك من الاسماء الحسنى والصفات العليا بكثرة الابغاء والالحان يغيرونها ويحرفونها و

العزت والجبروت اور اور سوا اسکی اسماء حسنی اور صفات علیا انہیں کثرت سے نغمی اور الحان کر کر اسقدر تبدیل اور تغیر اور تحریف اور اخفا کر دیتے ہیں

يخفونها الى مرتبة لا يمكن تمييزها وتشخيصها مثل قولهم سوبحان المالكي الحانان سوبحان المالوكي المانان

کہ ممکن نہیں کہ ذرہ تمیز اور تعین ہو سکے چنانچہ سبحان الملک الحنان کو یوں پڑھتے ہیں سوبحان المالیکی الحانان سوبحان المالیکی المانان

بافراط المد في ضمة السين وفتحة النون والميم وفي كسرة اللام والكاف وغير ذلك وكذا الحان الصوفية مثل

سین کی ضمہ میں اور نون اور میم کی فتحہ میں اور لام اور کاف کی کسرہ میں خوب مد کھینچ کر اور سوا اسکی اور ایسا ہی صوفیوں کا الحان ہے جیسی

قولهم عقب الطعام بزعم الشكر الحمد لله الشكر لله بمد الدال والراء واللام ونحوها فينبغي للمسلم ان يحترز

کھانا کھا کر شکر کی خیال پر کہا کرتے ہیں الحمد للہ والشکر للہ دال اور را اور لام کو خوب کھینچکر اور مانند اسکی سو مسلم کو لائق ہے کہ ایسی مجالس میں

عن حضورها وسماعها ويطلب مسجدا خاليا عنها اذ صورتها عبادة وحقيقتها معصية وكبيرة فلعله

نہ جاوے اور ایسی کلمات نہ سنے اور مسجد جو ان مفاسد سے خالی ہو تلاش کرلے سو اسطے کہ یہ ظاہر میں تو عبادت ہے اور حقیقت میں معصیت کبیرہ ہے شاید ہو

يستحسنها ويهدم دينه وهو لا يشعر والحال ان الجهل لا يكون عذرا ولا يظن احد ان المراد بالتغني للناس قراءة

کہ اسکو اچھا کہنے لگے اور دین کی بے خبری میں برباد ہو جاوے اور حال یوں ہے کہ نادانی کوئی عذر نہیں ہے اور کوئی یہ خیال نہ کرے کہ تغنی لوگوں کی سامنے یہ ہے

الابيات والاشعار بالاصوات الموزونة دون قراءة القرآن والاذكار فانه ظن فاسد بل هو يعم التغني بالقرآن

کہ بیتیں اور شعر آواز موزون بنا کر سناوے قرآن اور ذکر میں تغنی نہیں ہوتی یہ خیال فاسد ہے بلکہ تغنی قرآن وغیرہ سب میں ہوتی ہے

وغيره لان الفقهاء صرحوا بكون قراءة القرآن بالالحان معصية وبكون التالي والسامع اثمين قال البزازي

اسلئے کہ فقہاء نے صاف کہا ہے کہ قرآن کو الحان سے پڑھنا گناہ ہے اور پڑھنے والا اور سننے والا دونو گنہگار ہوتے ہیں بزازی کہتا ہے

القرآن بالالحان معصية والتالي والسامع اثمان والوجه الثالث من تلك الوجوه المذكورة ان الحديث المذكور

قرآن الحان سے پڑھنا گناہ ہے اور پڑھنے والا اور سننے والا دونو گنہگار ہوتے ہیں اور تیسری وجہ وجوہات مذکورہ میں سے یہ ہے کہ یہ حدیث مذکور

يكون معارضا لما اخرجه الترمذي عن حذيفة انه عليه السلام قال اقرؤا القرآن بلحون العرب واصواتها واياكم

اس حدیث سے معارض ہے جو ترمذی نے حذیفہ سے روایت کی ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ قرآن کو عرب کی لہجہ اور آواز پر پڑھا کرو اور فاسقوں کی

ولحون اهل الفسق ولحون اهل الكتابين فانه سيجيء بعدي قوم يرجعون القرآن في ترجيع الغناء والرهبانية والنوح

لحن سے اور یہود اور نصاری کی لحن سے بچو البتہ قریب ہے میرے بعد ایک قوم ہوگی کہ قرآن میں مانند ترجیع غنا اور راہبوں اور نوحہ گری کی ترجیع کرینگی

ولا یجاوز حناجرهم مفتونة قلوبهم وقلوب من یعجبهم شانهم ذکر هذا الحدیث الامام الجعبری
اور قرآن اونکی گلونسی نیچی نہ اوتریگا اونکی دل اور اونکی دل جو اونکی وضع پسند کرتی ہین فتنہ مین ہین اس حدیث کو امام جعبری نی

فی شرح الشاطبی وهو اصل عظیم فی هذا الباب الذی هو جواز التغنی بالقرآن وعدم جوازه وعلیه
شاطبیہ کی شرح مین ذکر کیا ہی اس باب مین یہہ بڑی اصل ہی یعنی قرآن مین تغنی جایز ہونی کی اور نہ جایز ہونی کی اور

یتفرع مسائل هذا الباب ومن لم یقف علی هذا الاصل یغلط کثیرا اذ جعل بعضهم التغنی حراما
اس باب کی مسائل اسہی پر مبنی ہین اور جو شخص اس اصل سی واقف نہین ہی بہت غلطی کرتا ہی اسواسطی کہ بعضی تغنی کو جمیع

فی جمیع الادیان فیلزم اکفار مستحله وبعضهم اجازه فی الشریعة المحمدیة وکذا اللحن فتحیر
ادیان مین حرام کہتی ہین اب لازم آتا ہی کہ حلال سمجھنی والا کافر ہووی اور بعضون نی شریعت محمدیہ مین جایز رکہا ہی اور ایسی ہی لحن کا حال ہی

الناظر الی هذه الاقوال فلا بد من معرفة معنی التغنی واللحن وما هو المراد منهما عند القائلین
سو جو کہ ان اقوال کو دیکہتا ہی حیران ہوتا ہی، اب تغنی اور لحن کی معنون کا سمجہنا ضرور ہی اور جو ان دونون سی مراد ہی اونکی جو جواز کی قائل ہین

بالجواز والقائلین بعدم الجواز حتی یتخلص من ورطة التحیر والهلاك اما التغنی فهو اما من الغنی بالکسر
اور اونکی جو ناجایز بتاتی ہین تاکہ وہ حیرانی اور ہلاکت کی بہنور سی خلاص ہووی اب تغنی یا تو مشتق ہی غنی سی جو غین کی زیر سی ہی

والقصر او من الغناء بالکسر والمد فان کان من الاول فهو بمعنی الاستغناء وان کان من الثانی فهو
بدون مد کی اور یا غنا سی مشتق ہی غین کی زیر اور مد سی پہر اگر تغنی اول سی مشتق ہی تو اوسکی معنی استغنا، بی نیازی کی ہین اور اگر دوسری سی مشتق ہی تو

بمعنی الترنم والترجیع والتطریب اذ الغناء هو الصوت الموزون الرقیق الحزین والتغنی والترنم والترجیع
اوسکی معنی سرود اور آواز کا بلند اور پست کرنا اور رجہانا اسواسطی کہ غنا یہہ ہی آواز موزون بنی ہووی نرم دلین چبہتی ہووی کو کہتی ہین اور تغنی اور ترنم اور ترجیع

والتطریب استعمال ذلك الصوت الموزون وتردیده فی الحلق بادخاله داخل الحلق مرة واخراجه
اور تطریب اوس آواز موزون کا برتنا اور استعمال کرنا اور اوسکا حلق مین پہرانا کہ ایک بار حلق کی اندر لیجانا اور پہر اوسکا باہر لانا

اخری علی الطریقة المستفادة من الموسیقی وهذا هو المشهور المعروف المراد بالتغنی المحرم فی جمیع
اوس طرز پر جو گویّی کرتی ہین اور یہہ ہی مشہور معروف تغنی سی مراد ہی جو کہ تمام دینون مین حرام ہی

الادیان سواء اقترن بالقرآن او بالاذان او بالخطبة او بالاذکار او بالاشعار او لم یقترن بشیء منها
برابر ہی کہ قرآن مین جاری ہو یا اذان مین یا خطبہ مین یا ذکرون مین یا شعرون مین یا انہین سی کسی مین بہی نہو

ولذلك لما بین صاحب مجمع الفتاوی ان استماع صوت الملاهی کالضرب بالقصب وغیر ذلك
اوسہی لئی چونکہ صاحب مجمع الفتاوی نی بیان کیا کہ بیشک ملاہی کی آواز کا سننا جیسی ڈنکی وغیرہ سی بجانا

هی حرام ومعصیة لقوله استماع الملاهی معصیة والجلوس علیها فسق والتلذذ بها من الکفر ومن سمع
یہہ سب حرام اور معصیت ہی واسطی ارشاد نبی علیہ السلام کی کہ سننا ملاہی کا معصیت ہی اور اوسکو پیشہ کرنا فسق ہی اور اوسی مزہ اوٹہانا کفر ہی اور جسکی کان مین

بغتة فلا اثم علیه لکن یجب ان یجتهد کل الجهد حتی لا یسمع لما روی انه علیه السلام ادخل اصبعیه
ناگاہ آواز آگئی تو اوسپر گناہ نہین لیکن واجب ہی کہ تمام تر کوشش کری کہ وہ آواز کان مین نہ آوی کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی آواز سنکر اپنی کانون مین

فی اذنیه عند سماعه قال دلت المسئلة علی ان مجرد الغناء والاستماع الیه معصیة وان لم یقترن
اونگلیان دی لین نہین کہا ہی کہ اس مسئلہ سی معلوم ہوتا ہی کہ مطلق غنا اور اوسکا سننا معصیت ہی اگرچہ کسی شئی مین

بشیء من القرآن وغیره ووجه الدلالة ان الحاصل من الملاهی مجرد الصوت الموزون لا غیر فیکون مجرد
قرآن وغیرہ سی جاری نہو اور وجہ دلالت کی یہہ ہی کہ حاصل ملاہی سی نری آواز موزون ہوتی ہی اور کچہ نہین ہوتا تو اب صرف

رفع الصوت الموزون وخفضه وترديده في الحلق من غير اقتران بشيء من القرآن وغيره كما يفعله المغنون مستقلا

آواز موزون کا بلند کرنا اور پست کرنا اور حلق کی اندر پھرانا بدون اسکی کہ قرآن وغیرہ میں جاری ہو جیسی کہ خوشخوان پڑھتی ہیں سب گناہ ہی

ولكن اذا اقترن بالقرآن او الاذان او الخطبة او غيرها من الاذكار بل هو اسوء واشنع لانه خلط المعصية بالعبادة

اور ایسی ہی جب قرآن اور اذان اور خطبہ اور اور اذکار میں جاری ہو بلکہ یہہ بدتر اور شنیع تر ہی اسلئی کہ معصیت کو عبادت میں ملا دیا

وتلعب بالدين وان اعتقد هذا الصنيع الشنيع عبادة فهو معصية اخرى اشد استقباحا من الاولى واما اللحن

اور دین میں کہیل شروع کیا اور اگر اعتقاد کرتا ہی کہ یہہ عمل بد عبادت ہی تو یہہ الگ بڑا ہی گناہ پہلی گناہ سی سخت تر ہی اور رہا لحن

فهو على ما فهم من كلام صدر الشريعة في باب الاذان انه قد يكون بتحريف الكلمات بان ينقص حرفا من

سو وہ موافق اوس مضمون کی جو صدر الشریعۃ کی کلام سی باب اذان میں معلوم ہوتا ہی یہہ ہی کہ لحن کبہی کلمات کی تغیر سی ہوتا ہی اسطور کہ کوئی حرف اونکی حرفون

حروفها سواء كان حرف مد او غيره او بان يزيد فيها حرفا من حروف المد وغيرها وقد يكون بتغيير صفات

میں سی کم کردی برابر ہی کہ حرف مد ہو یا کوئی اور ہو یا اسطور ہوتاہی کہ اوسمین کوئی حرف حروف مد وغیرہ میں سی بڑہا دی اور کبہی حروف کی صفات کی بدلنی سی

حروفها بان ينقص شيئا من كيفيات الحروف او يزيد كالحركات والسكنات والمدات وغير ذلك من الادغام والاخفاء

ہوتاہی اسطور کہ کچہہ کیفیات حروف کی کم کردی یا زیادہ کردی جیسی حرکات اور سکنات اور مدات اور سوا اوسکی ادغام اور خفی کرنا

واشباع الحركات وتوفير الغنات ونحوها مما يطول تعدادها على ما ذكر في كتب التجويد وقد يستعمل اللحن بمعنى التغني

اور حرکت کا بڑہانا اور غنہ کا پورا کرنا اور مانند اسکی جنکی گنتی بہت ہی چنانچہ کتب تجوید میں مذکور ہی اور کبہی لحن کو تغنی کی معنوں میں لیتی ہیں

وقد يطلق كل من هذه الالفاظ ويراد به مجرد حسن الصوت من غير تغيير لفظ فعلى هذا متى قيل يجوز قراءة القرآن

اور کبہی ان تمام لفظوں سی نری خوش آوازی بدون تغیر لفظ کی مراد ہوتی ہی پس اس اختلاف کی موافق جب کوئی یوں کہی کہ قرآن کا

بالالحان يراد به حسن الصوت ولحون العرب كما في قوله عم اقرؤا القرآن بلحون العرب والمراد بلحون العرب صواتهم الطبيعية التي

پڑہنا الحان سی جایز ہی تو خوش آوازی اور عرب کا لہجہ مراد ہوگا چنانچہ اس حدیث میں ہی قرآن کو عرب کی لہجہ پر پڑہو اور مراد عرب کی لہجہ سی عربوں کی اصلی طبیعی

هي مد الممدود وقصر المقصور وترقيق المرقق وتفخيم المفخم وادغام المدغم واظهار المظهر واخفاء المخفي وغير ذلك مما هو لازم في

آوازیں ہیں یعنی دراز کرنا ممدود کا اور قصر کرنا مقصور کا اور ہلکا کرنا ہلکی کا اور پر کرنا پر کا اور ادغام کرنا قابل ادغام کا اور ظاہر کرنا قابل اظہار کا اور خفی کرنا قابل خفا کا اور سوا اوسکی جو جو عربوں

كلامهم الذي هو سليقة لهم لا يحسنون غيره ومتى قيل قراءة القرآن بالالحان حرام يراد به لحون اهل الفسق كما في قوله عم اياكم ولحون

کی کلام میں لوازمات ہیں جو اونکا اصل طریقہ ہی کہ اوسکی خلاف کو اچہا نہیں سمجہتی اور جب کوئی یہہ کہی کہ قرآن کا پڑہنا الحان سی حرام ہی تو اب لحن فاسقوں کی مراد ہیں جیسی اس حدیث میں ہی

اهل الفسق والمراد بلحون اهل الفسق الانغام المستفادة من الموسيقي اذ من يفعلها يكون من اهل الفسق لارتكابه كبيرة

فاسقوں کی لحن سی بچتی رہو اور فاسقوں کی لحن سی وہ نغمات مراد ہیں جو گویوں کی طرز پر ہوتی ہیں اسلئی کہ جو شخص یہہ تغنی کرتا ہی وہ فاسق ہی کیونکہ کبیرہ اختیار کرتا ہی

الا ترى ان ابا حنيفة وغيره من المشائخ يبيحون قراءة القرآن بالالحان على ما ذكر في بعض الفتاوى وعلى تقدير كون المراد بها الانغام

دیکہتا نہیں کہ امام ابوحنیفہ وغیرہ مشائخ الحان سی قرآن کا پڑہنا مباح کہتی ہیں چنانچہ بعضی فتاووں میں مذکور ہی اور جس صورت میں کہ مراد اس سی وہ نغمات ہوں

المستفادة من الموسيقي كيف يبيحونها مع صريح النهي عنها بقوله عليه السلام اياكم ولحون اهل الفسق وعلى تقدير كون المراد بها حسن

جو علم موسیقی کی طرز پر ہوتی ہیں تو کیونکر مباح کہہ سکتی باوجودیکہ اس حدیث میں صاف منع فرمایا ہی فاسقوں کی لحن سی بچتی رہو اور اگر مراد اوس سی خوش آوازی

الصوت ولحون العرب كيف لا يبيحونها وقد امر بها النبي عم بقوله اقرؤا القرآن بلحون العرب وقد يقع الغلط على اوهام بعض الناس فيظنون المراد بحسن الصوت المطلوب

اور لہجہ عرب کا ہو تو کیونکر منع کر سکتی باوجودیکہ نبی علیہ السلام نی اس حدیث میں ارشاد کیا ہی قرآن کو عرب کی لہجہ پر پڑہا کرو اور بیشک بعضی لوگوں کی سمجہہ پر غلطی پڑتی ہی کہ وہ یہہ

في قراءة القرآن في الخطبة والاذان هي التغني المعروف المشهور بينهم تاهيهات لما يزعمون كلا انهم عن هذا المعنى لمعزولون ثم انهم لا يكتفون بما ارتكبوا

جو قرآن کی پڑہنی اور خطبہ اور اذان میں درکار ہی وہ یہی تغنی مشہور و معروف ہی افسوس افسوس اونکی سمجہہ پر حق تو یہہ ہی کہ وہ ان معنوں سی بہت دور ہیں پہر یہہ بہی تو نہیں کہ جو اختیار کر رکہا ہی

ولا بل یقعون فی طعن السلف الصالحین وینسبون الیهم الفعل المحرم فی جمیع الادیان حیث یعتقدون ان الغناء
بلکہ علما سلف کو طعن دیتے ہیں اور ادنپر ایسی فعل کی جو تمام مذہبوں میں حرام ہی تہمت لیتے ہیں اسواسطے کہ یہہ اعتقاد کرتی ہیں کہ بیشک یہہ غنا
الذی یفعلونه الیوم هذا الذی کان السلف یفعلونه ومعاذ الله ان یظن بهم هذا ومن وقع له ذلک یتعین
کہ جواب عمل میں آتی ہی یہہ وہی غنا ہی جو سلف بزرگ استعمال کرتی تہی خدا کی پناہ اونکی طرف ایسی گمان سی اورجسکی خیال میں یہہ وسوسہ گذرتا
علیه ان یتوب عنه ویرجع الی الله تعالی والا فهو من الهالکین الا تری ان حسن الصوت فی الاذان مندوب
تو اوسکو یہہ ہی چاہی کہ اس عقیدہ سی توبہ کری اور خدا کی طرف رجوع کری نہیں تو وہ ہلاک ہوا دیکہتا نہیں کہ حسن صوت اذان میں مستحب
ومطلوب مع ان التغنی فیه حرام ومکروه منصوص کراهته فی عامة الکتب من المتون والشروح والفتاوی
اور مقصود ہی باوجودیکہ تغنی اذان میں حرام اور مکروہ ہی اوسکی کراہت صاف صاف تمام متونوں اور شرحوں اور فتاووں میں
مع ضرب من التاکید والتهدید وقد صدر الانکار علی فاعله عن النبی علیه السلام وعن الصحابة والتابعین وغیرهم
بتاکید اور تہدید مذکور ہی اور بیشک برائی تغنی کرنیوالی کی نبی علیہ السلام سی اور صحابہ اور تابعین وغیرہ
من السلف والخلف اذ روی عن ابن عباس رض انه علیه السلام کان له مؤذن یطرب ونهاه عن ذلک وروی ان
اگلی اور پچہلوں سی ثابت ہوتی ہی اسواسطے کہ ابن عباس رض سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام کی ہاں ایک موذن مطرب تہا اوس موذن کو اس سی باز رکہا اور روایت ہی
رجلا قال لابن عمر انی احبک فی الله فقال له ابن عمر انی ابغضک فی الله لانک تغنی فی اذانک فظهر من
کہ ایک شخص نی ابن عمر سی کہا میں تمکو اللہ کی واسطی محبوب رکہتا ہوں پس ابن عمر نی جواب دیا میں تجکو خدا کی واسطی برا جانتا ہوں اسلئی کہ تو اذان میں تغنی کرتا ہی
هذه الوجوه کلها ان المراد بالتغنی فی الحدیث المذکور سابقا لیس ما هو المعروف والمشهور بل المراد به الاعلان
اب ان تمام وجوہات سی ظاہر ہوتا ہی کہ تغنی سی جو پہلی حدیث میں آیا ہی وہ ہی تغنی معروف ومشہور مراد نہیں ہی بلکہ تغنی سی قرآن کا ظاہر پڑہنا
بالقران والافصاح به کانه علیه السلام جعل الجهر به تبعا للاقرار بتوحید الله تعالی ونبوة انبیاءه فی کونه
اور فصیح زبان سی پڑہنا مراد ہی گویا نبی علیہ السلام نی قرآن بلند آواز سی پڑہنی کو بمنزلہ اقرار کی ٹہرایا ہی واسطی توحید اللہ تعالی کی اور انبیاء کی نبوت کی اس باب میں
من شعائر الاسلام کالاعلام بالشهادتین فی صحة الایمان او المراد به الاستغناء بالقران عن الاشعار و
کہ نشان اسلام کا ہی جیسی دونوں کلمی شہادت کا ظاہر کرنا واسطی درستی ایمان کی نشان ہی یا تغنی سی مراد نسبت قرآن کی شعروں سی اور
احادیث الناس فقد ورد التغنی بهذا المعنی وان کان مجیء تفعل بمعنی استفعل قلیلا لکن قلة الاستعمال لا یمنع
جہان کی قصی کہانیوں سی بی نیاز ہونا بیشک تغنی کی یہہ ہی معنی میں اگرچہ وزن تفعل کا استفعل کی معنوں میں کمتر آتا ہی لیکن قلت استعمال سی احتمال
لسمة الارادة والمراد به التجوید والترتیل فانه زین للقران لا سیما مع حسن الصوت فان التغنی بمعنی حسن
ارادہ کا نہیں موقوف ہوتا اور مراد اس سی تجوید یا ترتیل ہی کیونکہ اس سی قرآن کو زینت ہوتی ہی خاص کر خوش آوازیسی تو بیشک تغنی بمعنی خوش آوازی
الصوت مندوب علی ما ذکر فی التاتارخانیة ان التغنی بالقران ان لم یغیر الکلمة عن وضعها بل یحسنه تحسین
مستحب ہی چنانچہ تاتارخانیہ میں یہہ مذکور ہی کہ تغنی قرآن میں اگر کلمات کو اپنی وضع سی نہ بدل دی بلکہ اوسکو آراستہ کردی
الصوت وتزیین القراءة فذلک مستحب عندنا فی الصلوة وخارجها وان کان یغیر الکلمة عن وضعها یوجب
اور قرارت کو زینت دی تو یہہ تغنی ہماری نزدیک نماز میں اور نماز سی باہر بہی مستحب ہی اور اگر تغنی کلمات کو اپنی وضع سی بدل ڈالی تو نماز کو
فساد الصلوة لان ذلک منهی عنه وقال التوربشتی القراءة علی الوجه الذی یهیج الوجد فی قلوب السامعین
بگاڑتی ہی اس لئی کہ یہہ تغنی ممنوع ہی اور توربشتی کہتا ہی کہ اس وضع کی قرارت جو سننی والوں کی دلوں میں شور محبت بہڑکا دی
ویورث الحزن ویجلب الدموع مستحبة ما لم یخرجه التغنی عن التجوید ولم یصرفه عن مراعات النظم فی الکلمات
اور اندوہ پیدا کری اور آنسو بہا دی مستحب ہی جبتک کہ تغنی تجوید سی نہ نکالدی اور اوس نظم سی جو کلمات اور حروف میں رعایت کی جاتی ہی دور نہ کردی

بالنزدہ

والحرمة فاذا انتهى الى ذلك عاد الاستحباب كراهة اذا تقرر هذا ينبغى ان تعلم ان الفقهاء لما صرحوا بكون التغنى
پہر اگر اس نوبت کو پہنچی تو مستحب نہین مکروہ ہی جب یہہ معلوم ہوچکا تو یہہ بات بہی لایق سمجہنی کی ہی کہ فقہا رجب تغنی کو

فى القران حراما وشددوا فيه مع ظواهر بعض الاحاديث الذى توهم جوازه فيه فكونه حراما فى غير القران من الاذان
قرآن مین قسم حرام کہہ چکی اور اسباب مین تشدد کرچکی با وجود دیکہ بعض احادیث کی ظاہر معنون سی جواز کا وہم پڑتا تہا پہر ایسا تغنی سوا قرآن کی اذان

والخطبة والاذكار وغيرها مع عدم ورود شئ مما يوهم جوازه فيها اصلا من ظواهر الاحاديث واقوال العلماء اولى
اور خطبہ اور اذکار وغیرہ مین باوجودیکہ ہرگز کوئی ایسی روایت بہی نہین جس سی جواز تغنی کا اذان وغیرہ مین وہم پڑتا ہی نہ کوئی ظاہر حدیث نہ قول کسی عالم کا بطریق اولی حرام ہی

لانه بقى على الخطر الاصلى المستفاد من قولهم التغنى حرام فى جميع الاديان المجلس الثامن والاربعون
اسواسطی کہ وہ خطر اصلی پر باقی ہی جو اونکی اس قول سی مفہوم ہوتا ہی کہ تغنی تمام دینون مین حرام ہی اڑتالیسوین مجلس مین

فى بيان فضيلة المؤذن وبيان سبب وضع الاذان

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يسمع
بیان مؤذن کی فضیلت کا اور بیان سبب اذان کی مقرر ہونیکا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا نہین سنیگا

مدى صوت المؤذن جن ولا انس ولا شئ الا شهد له يوم القيمة هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابو سعيد
انتہا آواز موذن کی جن اور نہ انسان اور نہ کوئی اور شئی مگر واسطی مؤذن کی قیامت کی روز گواہی دیگا یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی ابو سعید خدری کی روایت

الخدرى وفيه حث على استفراغ الجهد فى رفع الصوت بالاذان ليكثر شهوده من الجن والانس وغيرهما من
سی اور اسمین یہہ ترغیب ہی کہ جہان تک ہوسکی بتمام قوت اذان مین آواز بلند کری تا کہ گواہ جن وانس وغیرہ حیوانات

الحيوانات والجمادات يوم القيمة فان المؤذن كلما اجعل صوته اجهر يكون شهوده يوم القيمة اكثر وانما
اور جمادات قیامت کی روز زیادہ ہوجاوین کیونکہ مؤذن جتنی آواز بلند کریگا وتنی ہی اوسکی گواہ قیامت کی دن زیادہ ہونگی اور نہین سنیگا

قال لا يسمع صوته لان مدى الصوت غايته وغاية الصوت تكون اخفى لا محالة فاذا شهد له من بعد عنه
آواز اوسکی اس لئی فرمایا کہ مدی صوت انتہا آواز کا ہوتا ہی اور انتہا آواز کا بالضرور بہت خفی ہوجاتا ہی پہر جب اوسکی گواہ وہ چیزین دیوینگی جو اوس سی دور

ووصل اليه همس صوته فاولى ان يشهد له من قرب منه وسمع مناد صوته والمراد من شهادة الشهود له
اور اوسکی کسکساہٹ ہی سنی ہو تو جو پاس کی چیزین مین اور اوس آواز سنتی ہین بطریق اولی گواہی دیگی اور اوسکی حق مین قیامت کی دن گواہون کی گواہی سی مراد یہہ ہی کہ اوس روز اہل حشر کی سامنی

يوم القيمة اشهاده فى ذلك اليوم فيما بين اهل المحشر بالفضل وعلو الدرجة فانه تعالى كما يهين قوما
بزرگی اور بلند مرتبہ کی گواہی ہوگی بیشک اللہ تعالی جیسی کسی قوم کو قیامت کی دن اوسکی حق مین گواہ ہونکی بری گواہی سنکر ذلیل کرتا ہی تاکہ سبکی سامنی خوار و ذلیل

يوم القيمة بشهادة الشهود عليهم تحقيقا لفضوحهم على رءوس الاشهاد وتسويدا لوجوههم فكذلك يكرم
اور کالا منہہ ہووی سوایسا ہی بعضی قوم کو

قوما فى ذلك اليوم بشهادة الشهود لهم تكميدا لسرورهم تطييبا لقلوبهم ثم انهم بكثرة شهادة الشهود لهم يزداد
اوس روز گواہون کی اچہی گواہی سی اونکی خوشی پوری اور دل خوش کرینگی لئی عزت کرتا ہی پہر اوس قوم کی فرح اور سرور بسبب بہتایت اچہی گواہون کی بڑہتی جاتی ہی

سرورهم وفرحهم فان قيل الاذان ذكر والاصل فى الاذكار الاخفاء لقوله تعالى وَاذْكُرْ رَبَّكَ فِى نَفْسِكَ تَضَرُّعًا
پہر اگر کوئی یہہ کہی کہ اذان تو ذکر ہی اور تمام ذکرون مین اصل اخفا ہی یعنی چپکی سی بدلیل اس آیت کی اور یاد کرتا رہ اپنی رب کو دلمین گڑگڑاتا

وَخِيفَةً وَدُونَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ ولقوله عليه السلام للذى رفع صوته بالذكر لن تدعوا اصم ولا غائبا
اور ڈرتا اور پکارسی کم آواز بولنی مین اور اس لئی کہ نبی علیہ السلام نی اوس شخص کو جو پکار کر ذکر کرتا تہا فرمایا تو ہرگز نہین پکارتا بہری کو اور غائب کو

فما وجه الجهر فيه فالجواب ان الاذان وان كان ذكرا وكان الاصل فى الاذكار الاخفاء الا ان فيه معنى زايد
پہر اذان مین پکارنی کی کیا وجہ ہی تو جواب یہہ ہی کہ اذان اگرچہ ذکر ہی اور اصل ہی ذکرون مین اخفا ہی پر اذان مین ایک اور بات بڑہتی ہی

یوجب الجهر علی خلاف الاصل وهو کونه اعلاما بالاوقات الصلوة وهذا المعنی الزائد اوجب فیه حکما عارضا علی

جسمی سی پکار کر کہنا اصل کی برخلاف ہوگیا اور وہ بات یہی کہ نماز کی وقتوں کی خبر دیتی ہیں اس ہی بڑہتی بات نی اوسمین ایک حکم عارضی اصل سی الگ واجب کردیا ہی

الاصل وهو الجهر لانه لا یصلح ان یکون اعلاما الا بصفة الجهر بیان ان الاذان وان کان ذکرا یوجب الاخفاء

یعنی پکار کر کہنا اسواسطی کہ اذان سی بدون پکار کر کہنی کی اعلام نہیں ہوسکتا اسکا بیان یہہ ہی کہ اذان اگرچہ ذکر ہی جسمین اخفا واجب ہی

الا ان الاخفاء امتنع فیه لمانع قوی هو کونه اعلاما لان الاعلام لا یمکن حصوله الا بصفة الجهر ووجود

پر بیشک اسمین اخفا ایک قوی مانع کی سبب سی ممنوع ہی وہ مانع یہہ ہی کہ وہ اعلام ہی اسواسطی کہ اعلام بدون پکار کر کہنی کی حاصل ہونا ممکن نہین ہی اور ایک

علة توجب حکما علی وجه لا یمنع وجود علة اخری توجب حکما اخر مخالفا للاول بل اسمه ایضا یدل علی

علت سی اوسکا حکم اس طور پر واجب ہوتا ہی کہ اوس سی دوسری ایسی علت کا پیدا ہونا ممنوع نہین ہوتا جس سی دوسرا حکم اول کی برخلاف واجب ہوجاوی بلکہ اوسکا نام ہی یعنی اذان دلالت

وجوب الجهر فیه لانه فی اللغة الاعلام مطلقا وفی الشریعة اعلام مخصوص علی وجه مخصوص بالفاظ

کرتا ہی کہ اسمین جہر واجب ہی اسلئی کہ اذان کی معنی مطلق اعلام کی ہین اور شریعت مین خاص اعلام کو کہتی ہین بطور خاص الفاظ مخصوصہ سی

مخصوصة وقد سبق ان الاعلام یمتنع حصوله بدون الجهر بل سببه ایضا یدل علی لزوم الجهر فیه وهو انه

اور اوپر گذر چکا ہی کہ اعلام بدون جہر کی ہرگز نہین ہوسکتا بلکہ اذان کی ایجاد کا سبب بھی دلالت کرتا ہی کہ اوسمین جہر لازم ہی وہ سبب یہہ ہی

علیه السلام لما قدم المدینة وبنی المسجد شاور اصحابه فیما یجعل علامة لمعرفة وقت الصلوة وحضور الجماعة

کہ نبی علیہ السلام جب مدینہ مین تشریف لای اور مسجد تیار کی تو صحابہ سی مشورہ کیا کہ اوقات نماز کی پہچان اور جماعت مین آنی کی لئی کیا علامت مقرر کرین

فذکر له ضرب الناقوس فقال هو من شعائر النصاری فذکر له النفخ فی القرن فقال هو من شعائر الیهود فذکر

کسی نی ناقوس کا بجانا ذکر کیا تو آپ نی فرمایا وہ طریقہ نصاری کا ہی پہر صور پہونکنی کا ذکر کیا پہر آپ نی فرمایا یہہ یہود کا طریق ہی پہر کسی نی

له ایقاد النار فقال هو من شعائر المجوس فتفرقوا من غیر ان یتفقوا علی شئ وکان فیهم عبد الله بن زید الانصاری

آگ جلانی کا ذکر کیا پہر آپ نی فرمایا یہہ طریقہ مجوسیون کا ہی پہر یہہ ہی اختلاف رہا کسی ایک بات پر متفق نہوئی اور اوس مجمع مین عبد اللہ بن زید انصاری بہی تہی

فاهتم هما شدیدا لهم رسول الله علیه السلام فلم یاکل الطعام تلك اللیلة فبات مهتما فلما اصبح اتی رسول

سو اونکو بسبب فکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بڑا سخت فکر لگا کہ اوسنی اوس رات کو کہانا نہ کہایا اسی فکر مین سوگیا جب صبح ہوئی تو رسول اللہ

الله صلی الله علیه وسلم فقال یا رسول الله انی کنت بین النوم والیقظة اذ رایت نازلا من السماء علیه

صلی اللہ علیہ وسلم کی پاس حاضر ہوکر عرض کیا یا رسول اللہ مین کچہہ سوتا کچہہ جاگتا تہا ناگاہ مجہکو ایک شخص آسمان سی اوترتا نظر آیا

بردان اخضران فقام علی جرم حائط واستقبل القبلة وقال الله اکبر الله اکبر الی تمام کلمات الاذان فقال

دو چادر سبز اوڑہی ہوئی پہر وہ گہر کی دیوار پر رو بقبلہ کہڑا ہوکر کہنی لگا اللہ اکبر اللہ اکبر اذان کی آخر عبارت تک پس رسول

رسول الله صلی الله علیه وسلم هذا الرؤیا حق فالق ما رایته علی بلال فانه امد منك صوتا فالقینه

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا یہہ خواب حق ہی سو جو تو نی دیکہا ہی بلال کو سکہا دی کیونکہ بلال تجہسی بلند آواز ہی سو مینی اوسکو سکہا دی

علیه فقام علی رفیع سطح فاذن فسمعه عمر بن الخطاب وکان فی بیته فخرج یجر رداءه حتی اتی رسول الله

پہر بلال نی ایک اونچی جگہہ پر کہڑی ہوکر اذان پڑہی پس وہ اذان عمر بن الخطاب نی اپنی گہر مین سنی سو چادر کہینچتی ہوئی گہر سی نکل کر رسول اللہ

صلی الله علیه وسلم فقال یا رسول الله والذی بعثك بالحق لقد رایت مثل ما قال فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم

صلی اللہ علیہ وسلم کی پاس آکر عرض کیا یا رسول اللہ قسم ہی اوس اللہ کی جسنی تمکو برحق بہیجا ہی مین نی بہی یہی دیکہا ہی جیسی بلال کہتا ہی تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی

فلله الحمد وروی انه رای فی المنام تلك اللیلة احد عشر رجلا من الصحابة ما رواه عبد الله بن زید فلما

فرمایا للہ الحمد اور روایت ہی کہ اوس رات کو گیارہ مرد صحابیون نی خواب مین یہہ ہی دیکہا تہا جو عبد اللہ بن زید نی روایت کی پہر جب

ثبت شرعية الاذان بهذه الروية التي شهد بحقيتها النبي عليه السلام كان من شعائر الاسلام حتى لو
اذان کا مشروع ہونا اوس خواب سے ثابت ہوچکا جسکی حقیت میں نبی علیہ السلام نے گواہی دی تو اذان نشان اسلام کا مقرر ہوئی یہان تک کہ اگر

اصر على تركه اهل مصر او اهل قرية او اهل محلة اجبرهم الامام على الاتيان به وان لم
کسی شہر یا گانو والے یا اہل محلہ والے اذان سراسر چھوڑ دین تو امام وقت اوسپر زور دیکر پہرہ لادے اور اگر

يفعلوا قاتلهم لانه لما كان من اعلام الدين كان الاصرار على تركه استخفافا بالدين فيلزم القتال وقد
مانین تو اون پر جہاد کرے اسواسطے کہ جب اذان اعلام دین سے ہوئی تو اوسکا سراسر ترک کردینا دین کا استخفاف ہے اسلئے جہاد کرنا لازم ہو اور

روى عن انس انه عليه السلام كان اذا طلع الفجر وكان يسمع الاذان فان سمع الاذان امسك والا اغار
انس سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام کا سفر جہاد مین یہہ رویہ تہا جب صبح ہوتی تو اذان کی طرف کان لگاتی اگر اذان کی آواز سنتی تو رک جاتی اور نہین تو غارت کرتی

يعني انه عليه السلام اذا اراد ان يغير الكفار كان من عادته ان يسير بالليل فاذا وصل الى بلدة لا يعرف
مراد یہہ ہے کہ نبی علیہ السلام کفار پر غارت گری کا ارادہ کرتی تو یہہ عادت تہی کہ رات کو روانہ ہوتی جب کسی اینسی شہر پہ پہنچتی کہ اوسکا حال معلوم نہوتا

حالها ينتظر الصبح ويستمع الاذان ليعلم ان تلك البلدة بلدة المسلمين او بلدة الكفار فان سمع الاذان امسك
تو صبح تک منتظر رہتی اور اذان کی طرف کان لگاتی تاکہ یہہ امر معلوم ہوجاوی کہ یہہ شہر مسلمانو کا ہے یا شہر کفار کا ہے پہر اگر اذان سن پاتی تو غارت گری کی

عن الاغارة وتركها وان لم يسمع الاذان اغار فهذا الحديث دل على كون الاذان من اعلام الدين ومع هذا
باز رہتی اور اوس شہر کو چہوڑ دیتی اور اگر اذان نہ سنتی تو غارت کرتی پس یہہ حدیث دلالت کرتی ہے کہ اذان اعلام دین سے ہے اور باوجود اسکی

يفهم منه كونه واجبا لكن عند عامة المشائخ وهو الصحيح انه سنة مؤكدة وكذا الاقامة سنة مؤكدة للصلوات
اسہی سے معلوم ہوتا ہے کہ اذان واجب ہے پر عام مشائخ کی نزدیک اذان سنت مؤکدہ ہے اور یہہ صحیح ہے اور ایسی ہی تکبیر پانچون نماز کی واسطے سنت مؤکدہ ہے

الخمس اذا صليت بالجماعة اداء وقضاء وللجمعة لانها فرض لا للواجبات كصلوة الوتر والعيدين ولا للسنن
بشرطیکہ باجماعت ہون وقت پر ادا ہون یا قضا اور جمعہ کی لئے ہے اسواسطے کہ جمعہ فرض ہے اور نماز واجب کی واسطے نہین ہے جیسے نماز وتر اور دو نو عید اور نہ سنتون کی واسطے

كالتراويح ولا للنوافل كصلوة الكسوف والاستسقاء اذا صليت بالجماعة كل واحد من تلك الصلوات ويزيد المؤذن
جیسے تراویح اور نہ نفلون کی واسطے جیسے نماز سورج گہن اور استسقا کی اگرچہ یہہ سب نمازین باجماعت پڑہین اور مؤذن فجر کی اذان مین

بعد فلاح الاذان في الفجر قوله الصلوة خير من النوم مرتين لما روي ان بلالا جاء الى النبي صلى الله عليه وسلم
بعد حی علی الفلاح کی الصلوة خیر من النوم دو بار زیادہ کہی اسواسطے کہ روایت ہے کہ بلال نبی علیہ السلام کی پاس آیا

فوجده نائما فقال الصلوة خير من النوم فقال النبي عليه السلام ما احسن هذا اجعله في اذانك وانما خص
تو آپکو سوتی پایا پس بلال نے کہا الصلوة خیر من النوم پس نبی علیہ السلام نے فرمایا کیا خوب بات ہے اسکو اپنی اذان مین داخل کرلے اور خصوصیت

الفجر به لانه وقت نوم وغفلة فاحتيج الى زيادة الاعلام والاقامة مثل الاذان الا انه يزيد بعد فلاحها قوله
فجر کی اسلئے ہے کہ نیند اور غفلت کا وقت ہوتا ہے سواسطے اوس وقت تنبیہ کی حاجت زیادہ ہے اور تکبیر مانند اذان کی ہے پر اتنا فرق ہے کہ تکبیر مین بعد حی علی الفلاح کی اتنا لفظ

قد قامت الصلوة مرتين ويترسل في الاذان ويحدر في الاقامة لما روي انه عليه السلام قال لبلال اذا اذنت
قد قامت الصلوة یعنی قایم ہوئی نماز دو بار کہی اور اذان مین ٹہر ٹہر کر کہی اور تکبیر مین شتاب شتاب کہی کیونکہ روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے بلال سے فرمایا جب تو اذان پڑہے

فترسل واذا اقمت فاحدر والترسيل ان يفصل بين كلمات الاذان بسكتة والحدر ان يوصل بين كلمات
تو ٹہر ٹہر کر اور جب تو تکبیر کہے تو جلدی کر اور ترسیل یہہ ہے کہ اذان کی کلمات مین ایک ایک سکتہ کا فرق کرتا جاوے اور حدر یہہ ہے کہ تکبیر کی کلمات کو جلد جلد ملاتا جاوے

الاقامة بسرعة ويترك الاعراب فيهما لما روي عن ابرهيم النخعي انه قال شيئان مجزومان كانوا لا يعربونهما الاذان
اور اعراب یعنی حرکات کو دونو مین ترک کرے اسواسطے کہ ابراہیم نخعی سے روایت ہے کہ کہتا تہا دو چیزین جزم سے ہین پہلے لوگ اونکو اعراب نہین دیتے تہے اذان

والاقامة قال الزیلعی یعنی علی الوقف لکن فی الاذان حقیقة وفی الاقامة ینوی الوقف قاله الهروی وعوام الناس

اور تکبیر زیلعی کہتا ہی یعنی وقف پر لیکن اذان میں وقف حقیقی ہی اور تکبیر میں وقف کی نیت کری یہہ قول ہروی کا ہی اور عوام لوگ یون

یقولون الله اکبر الله اکبر بضم الراء الاولی وکان ابو العباس المبرد یفتحها بنقل فتحة همزة اسم الله تعالی الیها

کہتی ہین الله اکبر الله اکبر پہلی راء کی ضمہ سی اور ابو العباس مبرد اوس راء پر زبر پڑھتا ہی الله کی الف کا زبر نقل کرکر اوس راء کو دیتا ہی

لالتقاء الساکنین کما یفتح المیم فی قوله تعالی الم الله لا اله الا هو مع ان الاصل فی الحروف المقطعة الاسکان ویرتب بین

واسطی جمع ہونی دو ساکن کی جیسی میم اس آیت مین مفتوح ہوجاتا ہی باوجودیکہ اصل حروف مقطعات مین سکون ہی اور اوسکی کلمات کو ویسی ہی مرتب کری

کلماتها کما شرع حتی لو قدم بعضا واخر بعضا فالافضل الاعادة مراعاة للترتیب ولا یتکلم فیهما ویستقبل بهما

جیسی مشروع ہوئی ہین یہان تک کہ اگر کسیکو آگی اور کسیکو پیچھی کردی تو واسطی رعایت ترتیب کی دوہرانا بہتر ہی اور دونو کو پڑھتی ہوئی بیچ مین نہ بولی اور دونو کو روبقبلہ ہوکر

القبلة ویلتفت فی الاذان مع ثبات قدمیه فی مکانه یمینا عند قوله حی علی الصلوة وشمالا عند قوله حی

پڑھی اور اذان مین دونو پاؤن جمائی ہوئی اپنی جگہ مین حی علی الصلوة کہتی ہوئی دہنی طرف منہہ پہیری اور حی علی الفلاح کہتی ہوئی بائین طرف

علی الفلاح لان طرفی الاذان مناجاة ووسطه مناداة ففی المناجاة یستقبل القبلة لان احسن احوال

اسواسطی کہ اذان کی اول اور آخر مین مناجات ہی اور اوسکی بیچ مین منادات یعنی لوگون کو پکارنا ہی سو مناجات مین روبقبلہ رہی اسواسطی کہ بہتر حال

الذاکرین استقبال القبلة وفی المنادات یلتفت الی من ینادیهم لانه خطابهم فیتوجه الیهم واذا کان فی

یاد الہی کرنیوالون کا روبقبلہ رہنا ہی اور پکارتی وقت اوس طرف منہہ پہیری جسکو پکارتا ہی اسلئی کہ اونہی کو خطاب ہی سو اودہری کو منہہ پہیری اور اگر مؤذن

المنارة ولم یحصل تمام الفائدة بتحویل وجهه مع ثبات قدمیه فی مکانه یستدیر فیها ویجعل اصبعیه فی اذنیه

منارہ کی اندر ہووی اور منہہ پہرانی سی دونو پاؤن اپنی جگہہ پر جمی ہوئی مین پورا فائدہ نہو تو اوسکی اندر گردش کری اور اپنی دونو اونگلیان اپنی کانون مین کرلی

لما روی انه علیه السلام قال لبلال اجعل اصبعیک فی اذنیک فانه ارفع لصوتک وان لم یجعل اصبعیه

اسواسطی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی بلال کو فرمایا اپنی دونو کانون مین اونگلیان دی لی اس سی تیری آواز بلند ہووی گی اور اگر وہ اونگلیان کانون مین نہ دی

فی اذنیه بل جعل یدیه علی اذنیه فحسن لما روی ان ابا محذورة ضم اصابعه

بلکہ دونو ہاتہہ کانون پر رکہہ لی تو بہی بہتر ہی اسواسطی کہ روایت ہی کہ ابو محذورہ نی اپنی چارون اونگلیان ملاکر

الاربع ووضعها علی اذنیه وعن ابی حنیفة انه قال ان جعل احدی یدیه علی اذنه فحسن ولا یؤذن لصلوة

کانون پر رکہہ لین تہین اور ابو حنیفہ سی روایت ہی کہ فرمایا اگر کوئی سا ایک ہاتہہ اپنی کان پر رکہہ لی تو بہی اچہا ہی اور کسی نماز کی واسطی

قبل دخول وقتها ویعید فی الوقت ان اذن قبله لان الاذان للاعلام بدخول الوقت فالاذان قبله یکون تجهیلا

وقت آنی سی پہلی اذان نکہی اور وقت ہونی کی بعد دہرائی جاوی اگر اذان پہلی کہدی ہو اسواسطی کہ اذان وقت کی آنی کی خبر دینی کی واسطی ہی پس اذان وقت سی پہلی بہلا وا دینا ہی

لا اعلاما وعند ابی یوسف وهو قول الشافعی یجوز للفجر فی النصف الاخیر من اللیل لتوارث اهل الحرمین اهل مکة و

اعلام نہین ہی اور ابو یوسف کی نزدیک اور یہی قول شافعی کا ہی فجر کی لئی آدہی رات گذرنی کی بعد اذان جایز ہی بسبب عمل در آمد اہل حرمین اہل مکہ اور

اهل المدینة والحجة علی الکل قوله علیه السلام لبلال لا تؤذن حتی یستبین لک الفجر هکذا ومد یدیه عرضا و

اہل مدینہ کی اور سب کی دلیل یہہ حدیث ہی جو آپ نی بلال سی فرمایا اذان مت دینا جبتک تجھکو فجر اسطور پر ظاہر نہوجاوی پہر اپنا ہاتہہ عرض مین کہینچا اور

لظهور التوانی فی الامور الدینیة استحسن المتاخرون التثویب بین الاذان والاقامة فی الصلوات کلها سوی المغرب

امور دینی مین سستی جو ظاہر ہونی لگی ہی تو متاخرین علماء نی تثویب کو درمیان اذان اور تکبیر کی بجز مغرب کی تمام نمازون مین پسند کیا ہی

وهو العود الی الاعلام بعد الاعلام بحسب ما تعارفه کل قوم لانه مبالغة فی الاعلام فلا یحصل ذلک الا بما یتعارفونه

اور تثویب دوبارہ آگاہ کرنا ایکدفعہ آگاہ کرکی موافق تعارف ہریک قوم کی اسواسطی کہ تثویب اعلام مین مبالغہ ہوتا ہی بغیر تعارف قوم کی نہین ہوسکتا

وابو یوسف خص به من له زیادة اشتغال بامور المسلمین کالامیر والقاضی والمفتی لانهم لا یعرفون وقت

اور امام ابو یوسف تثویب کو خاص کرتے ہیں اوس شخص کے واسطے جسکو مشغولی کاروبار مسلمانوں کا لگا رہتا ہو جیسے امیر حاکم اور قاضی اور مفتی اسلئے کہ ان حضرات کو وقت

الحضور ولو حضروا کما سمعوا الاذان ولم یحضر الجماعة یحتاجون الی انتظار فیتعطل مصالح المسلمین وینبغی

حضور کا دھیان نہیں ہوتا اور اگر یہہ لوگ اذان سنتے ہی چلے آیا کریں اور جماعت جمع نہو تو انتظار کرنا پڑیگا پھر مسلمانوں کی کاروبار معطل ملتوی رہینگے اور مؤذن کو یون چاہیے

للمؤذن ان یفصل بین الاذان والاقامة ویکره وصلهما لان المقصود من الاذان اعلام الناس بدخول

کہ اذان اور اقامت کے بیچمین کچھہ درنگ کیا کرے دونوں کا متصل بدون فاصلے کے کہنا مکروہ ہے اسلئے کہ غرض تو اذان سے لوگوں کا آگاہ کرنا ہے کہ وقت نماز کا آگیا ہے

وقت الصلوة لیتهیؤا لها بالطهارة فیحضروا المسجد لاقامتها وبالوصل ینتفی هذا المقصود وطریق الفصل

تاکہ وہ نماز کی تیاری کریں وضوء غسل کرکر مسجد میں نماز کے لئے آئیں اور دونو کی ملادینے میں یہہ غرض فوت ہوتی ہے اور طریق فاصلے کا یہہ ہے

ان الصلوة ان کانت مما یتطوع قبلها یفصل بینهما بصلوة سنة کانت او غیرها لما روی عن عبد الله

کہ اگر نماز ایسی ہے کہ اوس سے پہلے نفلین پڑہی جاتی ہیں تو اونکے بیچ میں نماز پڑہنی لگی خواہ سنت ہو خواہ اور کچھ اسپہ اسلئے کہ روایت ہے عبد اللہ

بن مغفل انه علیه السلام قال بین کل اذانین صلوة ثم قال فی الثالثة لمن شاء والمراد

بن مغفل سے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا ہر وقت درمیان دونو اذان کی نماز ہے ہر وقت درمیان دو اذان کی نماز ہے پھر تیسری دفعہ میں فرمایا جو شخص پڑہا چاہے اور مراد

بالاذانین الاذان والاقامة علی طریق التغلیب والمراد بالصلوة التطوع سواء کان سنة او غیرها من النوافل

دو اذان سے اذان اور تکبیر ہے بطور تغلیب کے اور نماز سے مراد نماز نفل ہے برابر ہے خواہ سنت ہو یا اور کوئی نفل

لا الفرض بدلیل تخییره علیه السلام فی المرة الثالثة بقوله لمن شاء وهو حث علی التنفل بین الاذان

فرض مراد نہیں ہے اس دلیل سے کہ نبی علیہ السلام نے تیسری بار میں اختیار دیدیا اس لفظ سے لمن شاء اور اسمیں اذان اور تکبیر کے بیچمین نفل پڑہنے کی ترغیب ہے

والاقامة لان الدعاء لا یرد بینهما علی ما روی عن انس انه علیه السلام قال لا یرد الدعاء بین الاذان والاقامة

اسواسطے کہ دعا اذان اور تکبیر کے بیچ کی رد نہیں ہوتی موافق روایت انس کی کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ دعا درمیان اذان اور تکبیر کی رد نہیں ہے

فاذا کان الدعاء غیر مردود بینهما یکون العبادة بینهما افضل وان لم یفصل بینهما بصلوة یفصل

جب اذان اور تکبیر کے بیچمین دعا مردود نہیں ہوتی تو عبادت اونکے بیچ میں افضل ہے اور اگر انکے بیچ میں نماز پڑہکر درنگ نکرے تو اتنی دیر تک

بینهما بجلسة مقدارها ما یتمکن فیه قراءة عشرین آیة او مقدار ما یصلی اربع رکعات لحصول المقصود

بیٹھا ہی رہے جتنی دیر میں بیس آیتیں پڑہ سکے یا اتنی دیر تک جسمین چار رکعت نماز پڑہ سکے کیونکہ اسمین مقصود پورا ہوتا ہے

وان کانت الصلوة مما لا یتطوع قبلها کصلوة المغرب فعند ابی حنیفة یفصل بینهما قائما بسکتة

اور اگر وہ نماز ایسی ہے جسمین اوس سے پہلے نفلین نہیں ہیں جیسے مغرب کی نماز سو امام ابو حنیفہ کے نزدیک اذان اور تکبیر میں اتنی دیر چپکا کھڑا رہے

مقدار ما یتمکن فیه من قراءة ثلث آیات قصار او آیة طویلة وفی روایة عنه مقدار ما یخطو ثلث

جسمین تین آیتین چھوٹی یا ایک آیت طویل پڑہ سکے اور ایک روایت میں امام سے اتنی دیر جسمین تین قدم پھر لے

خطوات ثم یقیم لان التعجیل مامور به والتاخیر مکروه فیکتفی بادنی الفصل لیکون اقرب الی التعجیل

پھر تکبیر کہے اسواسطے کہ تعجیل کا حکم ہے اور دیر لگانی مکروہ ہے سو ادنی فاصلہ کفایت کرتا ہے تاکہ تعجیل سے قریب رہے

وعندهما یفصل بینهما بجلسة خفیفة لان الفصل مکروه ولا یحصل الفصل بالسکتة لوجودها

اور صاحبین کے نزدیک اون دونو میں تھوڑی سی نشست کا فاصلہ کرے اسلئے کہ ملادینا مکروہ ہے اور سکتہ کا کچھہ فاصلہ نہیں ہے کیونکہ سکتہ تو

بین کلمات الاذان فیجلس مقدار ما یجلس الخطیب فی الخطبتین وتقضی الفائتة باذان واقامة لانها

اذان کی کلمات میں بھی موجود ہے سو اتنی دیر بیٹھہ جاوے جتنی دیر خطیب دونو خطبوں میں بیٹھتا ہے اور نماز فائتہ کی قضا کے لئے اذان اور اقامت دونو چاہئیں اسلئے

من سنن الصلوة لا من سنن الوقت فان کانت الفائتة واحدة تقضی بهما لیکون القضاء علی

کیونکہ وہ دونو نماز کی سنتیں ہیں کچھ وقت کی سنتیں نہیں ہیں پھر اگر نماز فائتہ ایک ہی ہو تو اذان اور تکبیر دونو چاہئیں تاکہ قضا ادا کی وضع پر

سنن الاداء وقد روی انه علیه السلام قضی صلوة الفجر غداة لیلة التعریس مع الجماعة باذان واقامة

ہو جاوی اور روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے لیلۃ التعریس کی صبح کو فجر کی نماز جماعت کی ساتھ اذان اور تکبیر سے قضا کی

وان کانت متعددة واراد قضاءها متوالیة یؤذن ویقیم للاولی منها ویکون مخیرا فی الباقی ان شاء

اور اگر وہ نمازیں کئی ہوں اور ایک دفعہ ہی پے درپے قضا کیا چاہے تو پہلی نماز کی لیے اذان اور تکبیر دونو کہے اور باقی نمازوں میں مختار ہے چاہے

اذن واقام لیکون القضاء علی حسب الاداء وان شاء اقتصر علی الاقامة لما روی انه علیه السلام شغله

اذان اور تکبیر دونو کہے تاکہ قضا ادا کی صورت پر ہو جاوے اور اگر چاہے تو اقامت ہی پر اکتفا کرے اسلئے کہ روایت ہے کہ نبی علیہ السلام کو مشرکوں نے

المشرکون یوم الخندق عن اربع صلوات سوی الفجر فقضی الاولی مع الجماعة باذان واقامة وما سواها باقامة

جنگ خندق میں سوا نماز فجر کی چار نمازوں کی فرصت نہ دی سو آپ نے پہلی نماز مع الجماعت اذان اور تکبیر سے قضا کی اور باقی نری تکبیر ہی سے

فقط واهل السفر فی المفازة یصلون بهما ویکره لهم ترکهما لانهما من سنن الجماعة والسفر لا یسقط الجماعة ولا یسقط

اور مسافر جنگل میں اذان اور تکبیر دونو سے نماز پڑھا کریں اور انکو دونو کو ترک کرنا مکروہ ہے اسلئے کہ اذان اور تکبیر متعلقات جماعت سے ہیں اور سفر سے جماعت

ما هو من سننها ولو اکتفوا بالاقامة وترکوا الاذان لا یکره لان الاذان للاعلام بدخول الوقت لیحضر الغائبون

نہیں ساقط ہوتی اور نہ وہ جو جماعت سے متعلق ہے اور اگر مسافر نری تکبیر ہی پر اکتفا کریں اور اذان نہ پڑھا کریں تو مکروہ نہیں ہے اسلئے کہ اذان وقت آجانے کی خبر دینی کی واسطے ہے تاکہ جو لوگ

والذین هم فی اشغالهم متفرقون والرفقة حاضرون وفی محل نزولهم مجتمعون ولا حاجة الی جمعهم واحضارهم

غائب ہیں اور جو اپنی کار بار میں جابجا لگی ہوئی ہیں وہ سب آجاویں اور رفیق سفر کی حاضر رہتے ہیں اور اپنی فرودگاہ میں جمع ہوتے ہیں تو انکی جمع کرنے کی حاجت اور بلانے کی ضرورت نہیں ہے

واما الاقامة فهی للاعلام بالشروع فی الصلوة وهم الیه محتاجون ویکره اداء المکتوبة مع الجماعة فی

رہی تکبیر سو اس خبر کی واسطے ہے کہ نماز شروع ہو گئی اور اونکو اسکی حاجت ہوتی ہے اور فرضوں کا جماعت سے مسجد میں ادا کرنا

المسجد بغیر اذان واقامة ولا یکره فی البیوت والکروم وضیاع القریة لان ما کان فی المصر والقریة من الاذان

بدون اذان اور تکبیر کی مکروہ ہے اور گھروں کی اندر اور باغوں میں اور باہر متصل قریہ کی مکروہ نہیں ہے اسلئے کہ شہر اور قریہ کی اذان اور تکبیر انکو کافی ہے

والاقامة یکفیهم والمقیم فی المصر اذا صلی فی بیته وحده ینبغی له ان یصلی باذان واقامة لیکون الاداء

اور مقیم شہر کی اندر اگر تنہا اپنی گھر میں نماز پڑھے تو بہتر اوسکو یہ ہے کہ اذان اور تکبیر کہے تاکہ نماز جماعت کی وضع پر ادا ہو جاوے

علی هیئة الجماعة وان ترکهما معا لا یکره ان وجدا فی مسجد محلته لانه وان کان مصلیا بغیر اذان واقامة

اور اگر اوسنے دونو کو ترک کیا تو مکروہ نہیں ہے جس صورت میں کہ محلہ کی مسجد میں ہوتی ہوں اسواسطے کہ یہ مصلی اگرچہ حقیقت میں بدون اذان اور تکبیر

حقیقة لکنه مصل بهما حکما لان المؤذن فی المحلة نائب عن اهل المحلة فی الاذان والاقامة لنصبهم ایاه

کی نماز پڑھتا ہے پر وہ حکما اذان اور تکبیر سے پڑھتا ہے کیونکہ محلہ کا مؤذن اذان اور تکبیر میں اہل محلہ کا نائب ہوتا ہے کیونکہ اہل محلہ نے اوسکو اسی لئے مقرر کیا ہے

لذلک فیکون اذانه واقامته کاذان الکل واقامتهم ولهذا حین اراد ابن مسعود ان یصلی فی بیته بعلقمة

تو اب اوسکی اذان اور تکبیر ایسی ہے جیسے سب کی اذان اور تکبیر اسی واسطے جب ابن مسعود نے اپنے گھر میں نماز پڑھنے کا ارادہ کیا تھا ہمراہ علقمہ

والاسود فقیل له الا تؤذن وتقیم قال اذان الحی یکفینا واما المسافر اذا صلی فی المفازة وحده بغیر اذان و

اور اسود کی تو کسی نے اونسے کہا اذان اور تکبیر کیوں نہیں کہتے تو ابن مسعود نے جواب دیا محلہ کی اذان ہماری لئے کافی ہے اور مسافر اگر جنگل میں اکیلا بدون اذان اور

اقامة یکره له ذلک لکونه مصلیا بغیر اذان واقامة حقیقة وحکما لان المکان الذی هو فیه لیس فیه

تکبیر کی نماز پڑھے تو اوسکو مکروہ ہے اسواسطے کہ وہ حقیقۃ اور حکما بدون اذان اور تکبیر کی نماز پڑھتا ہے اسلئے کہ اوس جگہ جہاں وہ ہے ہرگز کوئی اور نہیں ہے

احد

احد يؤذن ويقيم لتلك الصلوة اصلا والمصلي في المسجد ان صلى جماعة يصلي باذان واقامة ويكره له

جس کی پاس نماز کی لئی اذان اور اقامت کہی سو اور مصلی مسجد میں اگر جماعت سی نماز پڑھتا ہی تو اذان اور تکبیر کہکر نماز پڑھی اور اوسکو

ترك كل منهما وان صلى منفردا فحكمه حكم المصلي في بيته واما القرى فان كان فيها مسجد وكان في ذلك

دونو کا ترک کرنا مکروہ ہی اور اگر تنہا نماز پڑھتا ہی تو اوسکا حال ایسا ہی جیسی اپنی گہر میں نماز پڑھتا ہی اور گاؤں گاؤں میں اگر اون میں مسجد ہی اور اوس مسجد میں

المسجد اذان واقامة فحكم من يصلي فيه او في بيته كما مر وان لم يكن فيها مسجد كذلك فحكم المصلي فيها

اذان اور تکبیر بہی ہوتی ہی تو اوسکا حال ویسا ہی ہی جو مسجد میں نماز پڑہی یا اپنی گہر میں چنانچہ گذر چکا اور اگر اوسمین ایسی مسجد نہین ہی تو اوسکا حال ایسا ہی

حكم المسافر ثم ينبغي ان يعلم ان السنة في الاذان ان يكون بلا لحن ولا تغن لان المقصود منه دعوة الخلق

جیسی حال مسافر کا پہر سمجہنا چاہی کہ طریق مسنون اذان میں یوں ہی کہ بدون لحن اور تغنی کی ہو اوکری اسلئی کہ غرض اذان سی نماز کی لئی خلقت کا بلانا ہی

الى الصلوة باعلام دخول وقتها فلا بد ان يكون على وجه يفهم السامع الفاظه حتى يظهر فائدة معنى قوله

یہہ خبر جتلاکر کہ وقت ہوگیا ہی اب ضرور ہی کہ اس وضع پر ہووی کہ الفاظ کا سننی والا سمجہ لی تاکہ اس قول کی معنوں کا فائدہ ظاہر ہووی کہ

حي على الصلوة حي على الفلاح فان معناهما اسرعوا الى الصلوة اسرعوا الى ما فيه نجاتكم من النار وبقاؤكم في الجنة

حی علی الصلوۃ حی علی الفلاح کیونکہ معنی انکی یہہ ہین جلد آؤ واسطی نماز کی جلد آؤ اودہر جسمین آگ سی تمہاری نجات ہی اور جنت میں ہمیشہ کو رہنا ہی

لكن قد غيرت هذه السنة في هذا الزمان في اكثر البلدان لان اهلها يؤذنون بانواع النغمات والالحان بحيث

لیکن اس طریق مسنون کو اس زمانہ میں اکثر شہروں میں بدل ڈالا ہی کیونکہ اکثر شہری اذان ایسی ایسی نغمات اور الحان سی پڑہتی ہین کہ

لا يفهم ما يقولون من الفاظ الاذان ولا يسمع منهم الا اصوات ترفع وتنخفض كصوت المزمار وهي على ما ذكر في المدخل

یہہ نہین سمجہہ میں آتا کہ الفاظ اذان بموجب کیا کہتی ہین اور کچہ سنی میں نہین آتا سواے آواز کی کہ کبہی بلند ہوتی ہی اور کبہی پست جیسی آواز مزمار کی اور یہہ طرز موافق بیان مدخل کی

بدعة قبيحة احدثها بعض الامراء في مدرسة بناها ثم سرى ذلك منها الى غيرها ثم انهم لحرصهم على التغني لم يكتفوا

بدعت قبیحہ ہی اسکو بعضی امیروں نی اپنی مدرسہ میں جاری کی تہی پہر یہہ دوسری ساری میں پہیل گئی پہر اونہوں نی تغنی کی حرص کی مارے اذان کی الفاظ پر بس نکیا

بكلمات الاذان بل زادوا عليها بعض الكلمات من الصلوة والتسليم على النبي عليه السلام فان الصلوة والتسليم

بلکہ اذان پر اونہوں نی بعضی اور کلمات درود اور تسلیم نبی علیہ السلام کی بڑہا لئی بیشک درود اور تسلیم کا

وان كان مشروعا بنص الكتاب والسنة وكان من اكبر العبادات واجلها لكن اتخاذها عادة في الاذان على المنارة

مشروع ہونا اگرچہ صاف کتاب اور حدیث سی ثابت ہی اور بڑی اور بہتر عبادت میں سی ہی پر اسکا اذان کی اندر منارہ کی اوپر عادت کرنا

لم يكن مشروعا اذ لم يفعلها احد من الصحابة والتابعين ولا غيرهم من ائمة الدين وليس لاحد ان يضع العبادات

مشروع نہین ہی اسواسطی کہ یہہ کسینی نہین کیا نہ صحابہ نی اور نہ تابعین نی اور نہ کسی اور پیشوایان دین نی اور کسیکو یہہ اختیار نہین ہی کہ عبادت کو اور جگہ ٹہراوی

الا في مواضعها التي وضعها فيها الشرع ومضى عليها السلف الا ترى ان قراءة القران مع كونها من اعظم العبادات

سوا اوس مواضع کی جہاں اوسکو شرع نی وضع کیا ہی اور بزرگ متقدم اوسکو کرتی چلی آئی ہین کیا نظر نہین آتا کہ تلاوت قرآن کی باوجود بڑا عمدہ ترین عبادت ہی

لا يجوز للمكلف ان يقراها في الركوع ولا في السجود ولا في القعدة لان كلا منها ليس محلا للتلاوة ثم انظر الى هذه

مکلف کو جایز نہین کہ رکوع میں قرآن پڑہا کری اور نہ سجدہ میں اور نہ قعدہ میں اسواسطی کہ یہہ تینوں مقام تلاوت کی محل نہین ہین پہر اس بدعت کو دیکہو تو

البدعة التي احدثوها في الاذان من النغمات والالحان كيف تعدت الى محرم اخر وهو انهم جعلوها في الصلوة

جو ان لوگوں نی اذان کی اندر نغمات اور الحان پیدا کئی ہین ایک اور حرام کی طرف کیسی بڑہ گئی وہ یہہ ہی کہ ان لوگوں نی نغمات کو نماز کی اندر تکبیرات انتقالات میں

حال التبليغ في الانتقالات وذلك كلام في الصلوة على طريق العمد فيبطل صلوتهم فاذا بطلت صلوتهم يسري

داخل کیا ہی اور یہہ طرز نماز کی اندر گویا عمدہ کلام ہی سو اونکی نماز باطل ہوجاتی ہی اور جب اونکی نماز باطل ہوئی تو اب یہہ فساد

ذلك الفساد الى من يقتدي بالامام بتسميعهم التكبير في الافتتاح والانتقالات لان المأموم لا يجوز له الاقتداء

اونسے یہہ مفسدہ اون میں آیا جو انکی تکبیر پہ امام کی تکبیر انتقالات سنکر اقتدا کرتی ہیں اسواسطے کہ مقتدی کا اقتدا بدون کسی ایک کی

الا باحد اربعة اشياء فان لم يوجد لا يوجد الاقتداء في تلك الصلوة اولها وهو اعلاها ان يرى افعال

چار چیزوں میں سے صحیح نہیں ہے سو اگر ان میں سے کوئی نہو گی تو اوس نماز میں اقتدا ہی ہوگا اول سب سے افضل یہہ ہے کہ مقتدی امام کی افعال کو دیکھتا ہو

الامام فان تعذر فسماع اقواله فان تعذر فروية افعال المأموم فان تعذر فسماع اقواله فهؤلاء لبطلان

پہر اگر یہہ میسر نہو تو اوسکی آواز سنتا ہو پہر اگر یہہ بہی دشوار ہو تو افعال اور مقتدیوں کی دیکہتا ہو پہر اگر یہہ بہی نہو تو مقتدی کی آواز سنتا ہو سو یہہ لوگ جو انکی

صلاتهم بالنغمات والالحان لا يكونوا من المأمومين وانتقال المأموم من ركن الى ركن بسماع اصواتهم من غير

نماز بسبب نغمات اور الحان کی باطل ہوگئی ہے تو مقتدی نہیں ہیں اور انتقال کرنا مقتدی کا ایک رکن سے دوسرے رکن پر انکی آواز سنکر بدون

روية افعال الامام وسماع اقواله لا يصح صلوته وههنا مفسدة اخرى وهي ان الامام اذا كبر للصلوة ودخل

دیکہنے افعال اور سننے اقوال امام کی اوسکی نماز کو فاسد کرتا ہے اور یہاں ایک اور مفسدہ ہے وہ یہہ ہے کہ امام جب تکبیر کہہ کر نماز میں داخل ہو جاتا ہے

فيها يكبرون خلفه قبل ان يدخلوا في الصلوة ليسمع الناس تكبيرهم ويدخلوا في الصلوة فمن احرم من الناس بتكبيرهم

تو امام کی پیچھے تکبیر کہہ دیتے ہیں اس سے پہلے کہ آپ نماز میں داخل ہوں تاکہ اور لوگ اونکی تکبیر سنکر نماز میں داخل ہو جاویں پہر جو کوئی انکی تکبیر سنکر بدون

من غير سماع تكبير الامام يدخل في صلوته خلل من هذه الوجه ايضا لما تقدم ان الاقتداء لا يصح الا باحد

سننے امام کی تکبیر کی تکبیر تحریمہ کہیگا اوسکی نماز میں یہہ بہی خلل داخل ہیگا اسواسطے کہ اوپر گذر چکا ہے کہ اقتدا بدون ایک کی

اربعة اشياء وهذا ليس بواحدة منها يسرنا الله تعالى العمل بالسنة والاجتناب عن البدعة المجلس

چار چیزوں میں سے صحیح نہیں ہوتا اور یہہ اون چاروں میں سے کچہہ بہی نہیں ہے آپ ہمپر آسان کرے سنت پر عمل کرنا اور بدعت سے اجتناب کرنا انچاسواں مجلس

التاسع والاربعون في بيان فضيلة الجمعة وفي تفضيل يومها على سائر الايام

میں بیان جمعہ کی فضیلت کا اور جمعہ کی روز کی تفضیل تمام ایام پر

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خير يوم طلعت عليه الشمس يوم الجمعة فيه خلق آدم وفيه ادخل

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہت اچہا دن جسپر آفتاب چمکا ہے جمعہ کا دن ہے اسی میں آدم پیدا ہوا اور اسی دن میں

الجنة وفيه اخرج منها ولا تقوم الساعة الا في يوم الجمعة هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابو هريرة

جنت میں داخل ہوا اور اسی روز میں جنت سے نکلا اور قیامت نہ ہوگی مگر دن جمعہ کی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہے ابو ہریرہ کی روایت سے

وقد بين فيه ان يوم الجمعة خير الايام اذ فيه خلق آدم النبي عليه السلام وفيه ادخل الجنة وفيه اخرج

بیشک اسمیں یہہ بیان فرمایا کہ جمعہ کا دن سب دنوں سے بہتر ہے اسواسطے کہ اسی میں آدم نبی علیہ السلام پیدا ہوئے اور اسیمیں جنت میں داخل ہوئے اور اسی میں جنت سے نکلے

منها فان قيل دخول آدم النبي عليه السلام الجنة خير وحسن لكن خروجه منها كيف يكون خيرا وحسنا

پہر اگر کوئی کہے آدم نبی علیہ السلام کا جنت میں داخل ہونا تو بہتر ہے اور نیک ہے پر اونکا جنت میں سے نکلنا کیا اچہا اور خوب ہے

فالجواب ان خروجه منها المتضمنة للفوائد الكثيرة والمصالح يكون خيرا وحسنا لانه بواسطة خروجه

تو جواب یہہ ہے کہ اونکا جنت میں سے نکلنا جسمیں بہت سی فائدی اور خوبیاں ہونی کو تہیں بہت خوب اور بہتر ہے اسواسطے کہ وہ جنت میں سے نکلی

منها حصل منه عليه السلام اولاد كثيرة وتناسلوا وبعث الله تعالى من نسله على ذريته الانبياء وانزل فيهم

تو اونسے بہت سی اولاد پیدا ہوئی اور آگی کو نسل چلی اور اللہ تعالی نے اونکی نسل میں سے اونکی اولاد پر نبی بہیجی اور انمیں نازل

الكتب وجعل منهم الاخيار والابرار وظهر منهم عبادات مرضية وطاعات مرعية وهذا كله خير

اور اونمیں سے صلحاء اور ابرار پیدا کئی اور اونسے عبادات پسندیدہ اور طاعات مرغوب عمل میں آئیں یہہ تمام خیر ہی خیر ہے

بالنسبة الى خروجه من الجنة فعلى هذا يكون يوم الجمعة خير الايام وقد عظم الله تعالى به دين الاسلام
جو بہشت کی نکلنی سی ہوئین اس بیان کی موافق جمعہ کا دن سب دنوں میں بہتر ہی اور بیشک اللہ تعالی نی اس دن سی دین اسلام کو عظمت دی

وخصه بالمسلمين من بين الانام لما روى عن ابى هريرة انه عليه الصلوة والسلام قال هذا يومهم الذى
اور تمام خلق میں سی مسلمانوں کی ہی خاص کیا کیونکہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام نی فرمایا یہہ وہ دن ہی

فرض عليهم واختلفوا فيه فهدنا الله له والناس لنا تبع اليهود غدا والنصرى بعد غد يعنى انه تعالى
جو اللہ تعالی اونپر فرض کیا تہا اور اونہوں نی اسمین اختلاف کیا سو اللہ تعالی نی اسکی ہمکو ہدایت کی اور اور لوگ ہمارا پیرو ہین یہود تو اگلی دن اور نصاری اوس سی اگلی ان مراد یہہ کی

امر عباده ان يجتمعوا فى يوم الجمعة ويعظموه بالطاعة ولم يعينه لهم بل امرهم ان يعينوه باجتهادهم
کہ اللہ تعالی نی اپنی بندوں کو یہہ امر فرمایا کہ جمعہ کی دن جمع ہوا کرین اور طاعت سی اوسکی تعظیم کرین اور دن نہین مقرر کر دیا تہا بلکہ یون حکم تہا کہ آپ اپنی اٹکل سی معین کر لین

فاختلفوا فيه فقالت اليهود هو يوم السبت لانه تعالى فرغ فى هذا اليوم من خلق المخلوقات ونحن نفرغ
سو اونہوں نی اسمین اختلاف کیا یہود تو کہنی لگی وہ شنبہ کا روز ہی اسواسطی کہ اللہ تعالی شنبہ کی روز تمام مخلوقات کو پیدا کر چکا ہم بہی

فيه من الاشغال الدنيوية ونشتغل بالعبادة وقالت النصرى هو يوم الاحد لانه تعالى ابتدأ فى
اس روز مین دنیا کی کاروبار چہوڑ کر عبادت مین مشغول رہین اور نصاری کہنی لگی وہ یکشنبہ کا دن ہی اسواسطی کہ اللہ تعالی نی اس دن مین

هذا اليوم بخلق المخلوقات فهو اولى بالتعظيم فهدى الله تعالى هذه الامة ووفقهم باصابة حتى
مخلوقات کا پیدا کرنا شروع کیا تہا تو اسہی دن کی تعظیم اولی ہی آخر اللہ تعالی نی اس امت کو ہدایت کیا اور توفیق صواب کی دی یہان تک

عينوه وقالوا ان الله تعالى اوجد فى سائر الايام ما ينتفع به الانسان وفى يوم الجمعة اوجد نفس الانسان
کہ جمعہ مقرر کر لیا اس دلیل سی کہ اللہ تعالی نی تمام ایام مین تو وہ چیزین پیدا کین جسمین انسان کی منفعت ہی اور جمعہ کی دن مین انسان کی ذات کو پیدا کیا

والشكر على نعمة الوجود اهم واقدم وقد بين الله تعالى كيفية الشكر فى هذا اليوم فقال اذا نودى للصلوة
اور شکر گذاری نعمت وجود کی بہت ضرور اور بہت مقدم ہی اور اللہ تعالی نی اس دن مین شکر کی کیفیت یون بیان کی فرمایا جب اذان ہو

مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ فانه تعالى امر اولا بالسعى الى الجمعة ثم امر بترك الاشتغال
دن جمعہ کی تو دوڑو اللہ کی یاد کو اور چہوڑو بیچنا سو اللہ تعالی نی اول واسطی سعی کی طرف جمعہ کی امر فرمایا پہر واسطی ترک شغل کاروبار

بالامور الدنيوية الصارفة عن السعى الى الجمعة وقد روى عن عبد الله بن عمر انه عليه السلام
دنیا کی جو جمعہ کی طرف جانی سی روکتی ہون امر کیا اور عبد اللہ بن عمر سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا

قال لينتهين اقوام عن تركهم الجمعة او ليختمن الله على قلوبهم ثم ليكونن من الغفلين فانه عليه السلام
البتہ باز آوین لوگ جمعہ ترک کرنی سی یا بیشک اللہ تعالی اونکی دلون پر مہر لگاویگا پہر وہ سراسر غافل ہو جاوینگی اب نبی علیہ السلام نی

بين فى هذا الحديث ان احد الامرين كائن لا محالة اما الانتهاء عن تركهم الجمعة او ختم الله على قلوبهم
اس حدیث مین بیان فرمایا کہ دو نو بات مین سی ایک بالضرور ہونیوالی ہی یا باز آنا جمعہ ترک کرنی سی یا اونکی دلون پر اللہ کا مہر لگانا

ثم ليكونن من الغفلين لان العبد اذا ترك امرا من اوامر الله تعالى مرة يحصل فى قلبه نكتة سوداء
پہر ہو جاوینگی وہ غفلت والی اسواسطی کہ آدمی جب کوئی حکم اللہ کی حکمون مین سی ایک بار ترک کرتا ہی تو اوسکی دل مین ایک داغ سیاہ پیدا ہو جاتا ہی

واذا ترك مرة اخرى يحصل فى قلبه نكتة سوداء اخرى ثم كذلك حتى يسود قلبه فاذا اسود قلبه يغلب
اور جب اوسنی دوبارہ ترک کیا تو اوسمین دوسرا داغ سیاہ بڑہ جاتا ہی پہر اسی طور آخر سارا دل سیاہ ہو جاتا ہی پہر جب دل تمام سیاہ ہو گیا

عليه الغفلة وينسى الموت وكونه من اهل القبور وينهمك فى الفسوق والفجور فان تاب وانتهى عن ترك
تو اوسپر غفلت چہا جاتی ہی اور موت کو بہول جاتا ہی اور گور مین جانا یاد نہین رہتا اور فسق و فجور مین کہب رہتا ہی پہر اگر اوسنی توبہ کی اور فرمان ترک کرنی سی باز آیا

ما امر به تزول تلك النكتة عن قلبه نكتة نكتة فيعرض عن ارتكاب المنهيات ويشتغل باداء المامورات
تو وہ داغ اوسکی دل پرسی ایک ایک دور ہونی لگتا ہی پہر گناہ کرنی سی پرہیز کرتا ہی اور ادا ماموارت مین مشغول ہوتا ہی

التي من جملتها صلوة الجمعة فانها فرض ثبت فرضيتها بالكتاب والسنة واجماع الامة اما الكتاب
جنمین جمعہ کی نماز بہی داخل ہی بیشک یہہ فرض ہی اسکی فرضیت قرآن اور حدیث اور اجماع امت سی ثابت ہی قرآن تو

فقوله تعالى يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَى ذِكْرِ اللَّهِ فانه تعالى
یہہ آیت ہی ای ایمان والو جب اذان ہو نماز کی دن جمعہ کی تو دوڑو اللہ کی یاد کو بیشک اللہ تعالی نی

امر في هذه الاية بالسعي الى ذكر الله تعالى والامر للوجوب والمراد بذكر الله تعالى الخطبة وهي شرط لجواز
اس آیت مین یہہ امر کیا کہ طرف ذکر الہی کی جلد جاؤ اور امر واسطی وجوب کی ہوتا ہی اور ذکر الہی سی مراد خطبہ ہی اور خطبہ نماز جمعہ کی لئی

صلوة الجمعة فاذا كان السعي الى الخطبة التي هي شرط لجواز صلوة الجمعة واجبا فيكون السعي الى ما هو
صحت کی شرط ہی پہر جب سعی خطبہ کی لئی جو نماز جمعہ کی صحت کی واسطی شرط ہی واجب ہوئی تو سعی واسطی مقصود اصلی کی

المقصود الاصلي وهو صلوة اولى واحرى ثم انه تعالى لتاكيد هذا الجواز امر بترك البيع المباح فقال
کہ وہ نماز جمعہ ہی بطریق اولی واجب اور سزاوار تر ہوگی پہر اللہ تعالی نی واسطی تاکید اس جواز کی واسطی ترک بیع مباح کی امر کیا فرمایا

وذروا البيع لان ذلك لا يكون الا لامر واجب واما السنة فقوله عليه الصلوة والسلام اعلموا ان الله تعالى
اور ترک کرو بیع کو اسواسطی کہ ایسا حکم بدون امر واجب کی نہین ہوسکتا اور حدیث یہہ ہی قول علیہ الصلوۃ والسلام کا جان لو کہ اللہ تعالی نی

كتب عليكم الجمعة في يومي هذا في شهري هذا في مقامي هذا فمن تركها تهاونا بها واستخفافا
تمپر جمعہ فرض کیا ہی آج اس مہینہ مین اس مقام مین پہر جسنی اسکو ترک کیا حقیر جان کر اور اسکا حق ہلکا سمجھ کر

بحقها وله امام جائر او عادل الا فلا جمع الله شمله الا فلا صلوة له الا فلا زكوة له الا فلا صوم له الا
در حال یہہ ہی کہ اوسکا امام بہی جائر یا عادل ہو خبردار جمع نہ کریو اللہ اوسکی پریشانی خبردار نہین اوسکی نماز خبردار نہین ہی اوسکی زکوۃ خبردار نہین ہی اوسکا روزہ الا

ان يتوب فمن تاب تاب الله عليه واما الاجماع فلان الامة قد اجتمعت من لدن رسول الله صلى الله عليه وسلم
اگر توبہ کرلی پہر جسنی توبہ کی اللہ تعالی اوسکی توبہ قبول کرتا ہی اور اجماع امت یہہ ہی کہ تمام امت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عہد سی

الى يومنا هذا على فرضيتها ولم يختلفوا فيها وانما اختلفوا في اصل الفرض هل هو الظهر ام الجمعة واياما
آج تک جمعہ کی فرضیت پر متفق ہی کسیکو اسمین اختلاف نہین ہی اور اختلاف ہی تو اصل فرض مین ہی کہ آیا ظہر ہی یا جمعہ ہی اور ہر صورت

كان يسقط الفرض باداء احدهما ولها شروط زائدة على شروط سائر الصلوات وهي اثنا عشر شرطا ستة منها
دونو مین سی ہر ایک کی ادا کرنی سی فرض ذمہ سی ساقط ہوجاتا ہی اور اوسکی لئی شرطین تمام نمازوں کی شرطوں سی زیادہ ہین اور وہ بارہ شرطین ہین چھہ اونمین سی

في المصلي وهي شروط لوجوب صلوة الجمعة لا لادائها ولا لصحتها الاول الذكورة فلا تجب على المراة والثاني
مصلی مین ہین یہہ شرطین تو نماز جمعہ کی وجوب کی ہین یہہ شرطین ادا اور صحت کی نہین ہین پہلی مصلی کا مرد ہونا سو عورت پر واجب نہین ہی دوسری

الاقامة فلا تجب على المسافر وكل من وجد يوم الجمعة خارج المصر فهو في حكم المسافر والثالث الحرية
مقیم ہونا پس مسافر پر واجب نہین ہی اور جسکو جمعہ کا دن مصر سی باہر ہوجاوی پس وہ مسافر کی حکم مین ہی تیسری ازادی

فلا تجب على العبد اتفاقا واختلف في المكاتب والماذون والعبد الذي حضر باب الجامع ليحفظ دابة مولاه في
سو غلام پر کسیکی نزدیک واجب نہین ہی اور مکاتب اور ماذون کی باب مین اور اوس غلام کی حق مین جو جامع مسجد کی دروازہ پہ میاں کا گہوڑا پکڑی کہڑا ہو اختلاف

والرابع الصحة فلا تجب على المريض اذا خاف زيادة المرض او بطوء البرء بالذهاب اليها ومثله الشيخ الكبير
چوتہی صحیح وسالم ہونا پس بیمار پر واجب نہین اگر جمعہ مین جانی سی بیماری بڑہیگا یا دیر مین چہا ہونیکا خوف ہو اور ایسی ہی پیر فرتوت

الضعيف

الضعیف عن السعی والخامس سلامة العینین فلا تجب علی الاعمی عند ابی حنیفة وعندهما تجب ان وجد
چلنے میں ناتوان پانچویں آنکھوں والا ہونا پس اندھے پر امام ابو حنیفہ کے نزدیک واجب نہیں اور صاحبین کے نزدیک واجب ہے اگر

قائدا والسادس سلامة الرجلین فلا تجب علی المقعد وان وجد من یحمله الی الجمعة والممرض کالمریض علی الاصح
البتہ پکڑ نیوالا میسر آوے چھٹے دونوں پانوں کی سلامتی پس لنگڑے پر واجب نہیں اگرچہ ایسا شخص میسر آوے کہ جو اسے چڑھا کر جمعہ میں لیجاوے اور بیمار دار اصح قول پر مانند بیمار کے ہے

ان بقی المریض ضایعا والتمریض من جملة الاعذار المبیحة للتخلف عن الجمعة وکذا الخوف من ظالم ونحوه و
اگر مریض حیران رہ جاوے اور بیمار داری اون عذرات میں ہے جس سے جمعہ میں نجانا مباح ہوجاتا ہے ایسے ہی ظالم وغیرہ کا خوف اور

المطر والثلج والوحل ونحوها فهؤلاء الذین لم یستکملوا الشرائط لا تجب علیهم الجمعة لکنهم لو حضروها
بارش اور اولے اور کیچڑ وغیرہ پس یہہ لوگ جنمیں یہہ شرطیں پوری نہیں ہیں ان پر جمعہ واجب نہیں ہے لیکن یہہ لوگ اگر جمعہ میں چلے جاویں

وصلوها یجزیهم عن فرض الوقت وستة منها فی غیر المصلی وهی شروط لادائها وصحتها الاول
اور پڑھ لیں تو وقتی فرض نماز سے بدلا ہو جاتا ہے اور چھہ شرطیں سوای مصلی کے ہیں اور یہہ شرطیں ادا کی اور صحت کی ہیں پہلی

المصر فلا یجوز ادائها فی المفازة والقری لکن ان صلیت فی القریة وکنت فیها یلزمك ان تحضرها وتعمل لقول
شہر کا ہونا پس جمعہ کا ادا کرنا جنگل اور گانوں میں جائز نہیں ہے لیکن اگر گانوں کے اندر جمعہ پڑھنے لگیں اور تو وہاں موجود ہو تو تجھکو جمعہ میں جانا اور علی رضی کے

علی ایاك وما یسبق الی القلوب انكاره وان كان عندك اعتذار فلیس كل سامع تكن تطیق ان تسمعه عذرا
قول پر عمل کرنا لازم ہے بچتا رہ ایسی بات سے جسمیں لوگوں کے دلوں میں شبہ انکار کا پیدا ہو اگرچہ تجھکو عذر حاصل ہو کیونکہ ہر یک سامع منکر ایسا نہیں ہے کہ تو اوسکو اپنا عذر سنا سکے

گنوائی نماز اور پیچہی پڑی مزون کی سو آگی ملیگی گمراہی بیشک بہت سی علماء کا یہہ قول ہی کہ نماز ضایع کرنی سی یہہ مراد نہین ہی کہ نماز ترک کردی
بل ھو ان لا یقیم حدودھا بعدم رعایۃ وقتھا وطھارتھا وعدم اتمام رکوعھا وسجودھا ونحوھا وقد روی عن ابن مسعود
بلکہ یہہ مراد ہی کہ نماز کی حدود کو قایم نرکہی یعنی نہ رعایت وقت اور طہارت کی کری اور نہ رکوع اور سجود وغیرہ کو پورا پورا کری اور ابن مسعود انصاری سی
الانصاری انہ علیہ السلام قال لا تجزیٔ صلوٰۃ لا یقیم الرجل فیھا صلبہ فی الرکوع والسجود والاخبار فی ھذا المعنی کثیرۃ
روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا وہ نماز کافی نہین ہی جسمین نمازی رکوع اور سجود مین کمر سیدہی نہ کری اور اس باب مین ایسی بہت حدیثین آئی ہین
وھی تبین المراد من قولہ تعالیٰ وَاَضَاعُوا الصَّلٰوةَ فان من لم یحافظ علی اوقات الصلوٰۃ وطھارتھا ورکوعھا وسجودھا
کہ وہ اس آیت سی واضاعوا الصلوٰۃ معنی مراد کی تفسیر کرتی ہین کیونکہ جو شخص نماز کی اوقات اور وضو اور رکوع اور سجود کی محافظت نہین
لا یحافظ علیھا ومن لم یحافظ فقد ضیعھا فھو لما سواھا اضیع وقد روی انہ علیہ السلام قال اذا احسن الرجل الصلوٰۃ
کرتا تو وہ نماز کی محافظت نہین کرتا اور جسنی حدود کی محافظت نکی تو بیشک نماز کو ضایع کیا سو اور کو زیادہ ترکہونی والا ہی اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی
فاتم رکوعھا وسجودھا قالت الصلوٰۃ حفظک اللہ کما حفظتنی فترفع واذا اساء الصلوٰۃ فلم یتم رکوعھا وسجودھا
اوسکا رکوع اور سجود پورا کرتا ہی تو نماز یہہ دعا دیتی ہی خدا تیری حفاظت کری جیسی تو نی میری حفاظت کی پہر نماز مقبول ہوتی ہی اور اگر نماز بری طرح پڑہی کہ رکوع اور سجود پورا نہ کیا
قالت الصلوٰۃ ضیعک اللہ کما ضیعتنی فتلف کما یلف الثوب الخلق فیضرب بھا وجھہ وروی عن ابی ھریرۃ انہ علیہ السلام
تو نماز کہتی ہی اللہ تجہکو ضایع کری جیسا تو نی مجہکو ضایع کیا پہر اوس نماز کو پرانی کپڑی کی طرح لپیٹ کر اوسکی منہ پر مارتی ہین اور ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا
قال ان الرجل لیصلی ستین سنۃ ولا یقبل لہ صلوٰۃ لعلہ یتم الرکوع ولا یتم السجود او یتم السجود ولا یتم الرکوع فمن اراد
کہ بعضا آدمی ساٹہہ برس تک نماز پڑہتا ہی اور اوسکی نماز ایک ہی مقبول نہین ہوتی اسلئی کہ کبہی رکوع پورا کرتا ہی تو سجود پورا نہین کرتا اور کبہی سجود پورا کرتا ہی تو رکوع پورا نہین
ان یعرف صلوٰتہ مقبولۃ ام لا فلینظر الی قولہ تعالیٰ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ فانہ ان کان یصلی الصلوات
معلوم کیا چاہی کہ اوسکی نمازین مقبول ہین یا نہین تو اس آیت مین غور کری بیشک نماز روکتی ہی بحیائی سی اور بری بات سی کیونکہ یہہ شخص اگرچہ پنجگانہ نماز پڑہتا ہی
الخمس ولم یکن بعد ذلک حسن حال مع ربہ بل یقع منہ بعض من الفواحش والمنکرات فلیعلم ان صلوٰتہ غیر
اور پہر بہی اوسکا حال رب کی ساتہہ درست نہین ہی بلکہ اوس سی کچہہ کچہہ فواحش اور منکرات عمل مین آتی ہین تو جاننا چاہی کہ اوسکی نمازین
مقبولۃ بل ھی وبال علیہ وھو بعید من اللہ تعالیٰ کما قال ابن مسعود وابن عباس من لم تامرہ صلوٰتہ بالمعروف ولم تنھہ
مقبول نہین ہین بلکہ وہ نمازین اوسپر وبال ہین اور خدا سی دور کرتی ہین چنانچہ ابن مسعود اور ابن عباس کہتی ہین کہ جسکو نماز نی بالمعروف پر شوق ندی اور منکرات سی
عن المنکر لم یزدد بصلوٰتہ من اللہ الا بعدا وقال الحسن وقتادۃ من لم تنھہ صلوٰتہ عن الفحشاء والمنکر فصلوٰتہ وبال
منع نکری وہ نماز اللہ سی سوا دوری کی کچہہ نہ بڑہاوی گی اور حسن اور قتادہ کہتی ہین جسکو نماز فحش اور منکر سی بند نکری تو وہ نماز اوسپر وبال ہی
علیہ فان من یصلی الصلوات برعایۃ شرائطھا وارکانھا وواجباتھا وسننھا وادابھا یعصمہ اللہ تعالیٰ عن الفحشاء والمنکر
بیشک جو شخص تمام نمازین شرایط اور ارکان اور واجبات و سنن اور اداب کی رعایت کرکی پڑہی گا تو اللہ اوسکو فحش اور منکرات سی محفوظ رکہیگا
کما روی عن انس انہ قال کان فتی من الانصار یصلی الصلوات الخمس مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم لم یدع شیئا
چنانچہ انس رضی سی روایت ہی کہ ایک جوان انصاری پنجگانہ نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ساتہہ ادا کرتا تہا پہر بہی جو فواحش ہوتا تہا
من الفواحش الا رکبہ فوصف ذلک لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال علیہ السلام ان صلوٰتہ تنھاہ یوما فلم یلبث
سو کر بیٹہتا تہا پہر کسینی یہہ حال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سی بیان کیا آپ نی فرمایا بیشک اوسکی نماز کسی دن اوسکو روک دیگی پہر کچہہ دیر نلگی

حتی تاب وحسن حاله اللهم حول حالنا الی حسن المآل المجلس الثانی والخمسون فی بیان فرضیة
کہ اوسنی توبہ کی اور اوسکا حال سنور گیا الٰہی ہمارا حال نیک انجام کا بدل دی مجلس باونمین بیان فرضیت نماز

الصلوٰة المفروضة وارکانها تفصیلا قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما من امرء مسلم یحضره
مفروضہ کا اور اوسکی ارکان کی تفصیل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا نہین کوئی شخص مسلمان جو آوی اوسکو وقت

صلوٰة مکتوبة فیحسن وضوءها وخشوعها ورکوعها الا کانت کفارة لما قبلها من الذنوب ما لم یأت
نماز مفروضہ کا پہر وہ اوسکی وضو اور خشوع اور رکوع کو خوب پورا کری مگر وہ پہلی گناہوں کا بدلہ ہوجاویگی جب تک

کبیرة وذلك الدهر کله هذا الحدیث من صحاح المصابیح رواه عثمان بن عفان وقد بین فیه ان من یصلی الصلوٰة
کبیرہ گناہ نکیا ہوگا اور یہہ کفارہ ہمیشہ کو ہی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں مین ہی عثمان بن عفان کی روایت سی اس حدیث مین یہہ بیان کیا کہ جو شخص

المفروضة عند دخول وقتها باحسان وضوءها وخشوعها ورکوعها وسائر ارکانها تکون کفارة لذنوبه
فرض نماز مین اول وقت پر اچھی طرح وضو کر کی اور اوسکا خشوع اور رکوع اور تمام ارکان پوری پوری کر کی ادا کریگا تو وہ نماز گذشتہ گناہونکا

الماضیة ما لم یعمل بکبیرة وذلك التکفیر یکون فی جمیع الزمان وانما اکتفی بذکر الرکوع دون سائر الارکان لان
کفارہ ہوجاویگی جبتک کبیرہ گناہ نکیا ہو اور یہہ کفارہ ہمیشہ کو تمام زمانہ مین ہوتا رہیگا اور اکتفا صرف رکوع کی ذکر پر بدون ذکر تمام اور ارکان کی اسلئی ہی

الشارع اذا امر باحسان رکن واحد من ارکان الصلوٰة یفهم منه احسان سائر ارکانها فانها وان وقعت
کہ شارع نی واسطی درستی کسی ایک رکن کی نماز کی تمام ارکان مین سی امر کیا تو اوسی تمام ارکان کی درستی سمجھی جاتی ہی کیونکہ تمام ارکان اگرچہ قرآن مین

فی کتاب الله تعالی متفرقة حیث تثبت فرضیة تکبیرة الافتتاح بقوله تعالی فی سورة المدثر وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ
متفرق جگہہ مذکور ہین اسواسطی کہ فرضیت تکبیر تحریمہ کی سورہ مدثر کی اس آیت سی ثابت ہی اور اپنی رب کی بڑائی بول

وفرضیة القیام بقوله تعالی فی سورة البقرة وَقُومُوا لِلّٰهِ قَانِتِينَ وفرضیة القراءة بقوله تعالی فی سورة المزمل فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ
اور فرضیت قیام کی سورہ بقرہ مین اس آیت سی اور کہڑی رہو اللہ کی آگی ادب سی اور فرضیت قرأت کی سورہ مزمل مین اس آیت سی سو پڑہو جتنا

مِنَ الْقُرْاٰنِ وفرضیة الرکوع والسجود بقوله تعالی فی سورة الحج يَا أَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا ارْكَعُوا وَاسْجُدُوا لکن علم الترتیب
آسان ہو قرآن سی اور فرضیت رکوع اور سجود کی سورہ حج مین اس آیت سی ای ایمان والو رکوع کرو اور سجدہ کرو پر ترتیب ارکان کی

بتعلیم النبی علیه الصلوٰة والسلام تارة بفعله وتارة بقوله علی ما بینه العلماء فی کتبهم فعلی هذا ینبغی للمؤمن ان
نبی علیہ السلام کی تعلیم سی معلوم ہوئی کبہی فعل سی اور کبہی ارشاد کرنی سی چنانچہ اسکو علماء نی اپنی اپنی کتابوں مین بیان کیا ہی اب اس بیان کی موافق مؤمن کو

یداوم علیها فی اوقاتها باتمام جمیع فرائضها وهو ست الاولی تکبیرة الافتتاح ولا دخول فی الصلوٰة الا بها وهی ان
چاہئی کہ نماز کو ہمیشہ وقت پر تمام فرایض پوری کر کر ادا کرتا رہی اور فرایض چہہ ہین اول تکبیر تحریمہ جسکو تکبیر افتتاح بہی کہتی ہین اور بدون اسکی نماز شروع نہین ہوتی اور وہ

یقول من یرید الدخول فی الصلوٰة الله اکبر بلا ادخال مد فی همزة الله وهمزة اکبر وبائه اذ لو حصل المد فی
اس طور پر ہی کہ جو شخص نماز شروع کری تو کہی اللہ اکبر اللہ کی ہمزہ پر اور اکبر کی ہمزہ پر اور با پر مد نکری اسواسطی کہ اگر دو نو ہمزہ مین سی

احدی الهمزتین لا یصیر داخلا فی الصلوٰة بل تفسد لو وقع فی اثنائها ولو تعمده یکفر لانه یصیر استفهاما ومقتضاه
کسی پر مد واقع ہوگا تو نماز مین داخل نہوگا بلکہ نماز فاسد ہوجاویگی اگر مد نماز مین بیچکی تکبیروں مین آجاویگا اور اگر قصداً مد کہیچیگا تو کافر ہوگا اسواسطی کہ اب معنی

الشك فی کبریاء الله وقال محمد بن مقاتل ان کان لا یمیز بین المد وعدمه یکون داخلا فی الصلوٰة ولا تفسد لو وقع
شک ہی ہوتا ہی اللہ کی بڑائی مین اور محمد بن مقاتل کہتا ہی اگر وہ شخص مد اور بی مد مین کچہہ تمیز نہین کرتا تو نماز مین داخل ہوجاتا ہی اور نماز بہی فاسد نہین ہوتی اگر مد

فی اثنائها والاستفهام یحتمل ان یکون للتقریر والاول اصح لان مثل هذا الجهل لا یصلح ان یکون عذرا والتقریر المستفاد
نماز میں بیچ کی تکبیروں مین آجاوی اور استفہام مین یہہ احتمال ہی کہ واسطی تقریر کی ہو اور روایت اول صحیح تر ہی اسلئی کہ ایسی جہالت قابل عذر کی نہین ہی اور استفہام جو تقریر کی

استفہام [illegible]

من الاستفهام معناه حمل المخاطب علی الاقرار بما یعرف والانسان لا یصلح ان یحمل نفسه علی الاقرار بان الله تعالی

تو اوس سی یہہ مراد ہی کہ مخاطب کو اپنی معلومات کا مقر کردی • اور انسان اس کام کا نہین ہی کہ اپنی آپ کو اس اقرار پر برانگیختہ کری کہ الله

اکبر ولو وقع المد فی باء اکبر بان یقول اکبار بزیادة الالف الممال بین الباء والراء لا یصیر داخلا فی الصلوٰة وتفسد

بڑا ہی اور اگر مد اکبر کی با پر واقع ہو یعنی لفظ اکبار بار اور راء کی بیچ مین الف بڑہا کر کہی تو نماز مین داخل نہین ہوتا اور نماز فاسد ہو جاتی ہی

لو وقع فی اثنائها اذ قیل انه اسم من اسماء الشیطان وقیل لانه جمع کبر بفتحتین وهو الطبل وقیل یصیر داخلا فی

اگر مد نماز میں بیچ تکبیروں کی آجاوی اسواسطی کہ کہتی ہین کہ یہہ نام شیطان کی ناموں مین سی ہی اور کوئی کہتا ہی اسلئی کہ اکبار جمع کبر کی ہی دو زبر سی طبل کو کہتی ہین اور بعضی کہتی ہین

الصلوٰة ولا تفسد لو وقع فی اثنائها لانه اشباع والاول اصح لان الاشباع انما یکون فی الاخر لا الوسط ومحل التکبیر

نماز مین داخل ہو جاتا ہی اور نماز فاسد نہین ہوتی اگر مد نماز کی بیچ آجاوی اسواسطی کہ یہہ اشباع ہی اور روایت اول صحیح تر ہی اسواسطی کہ اشباع آخر مین ہوتا ہی بیچمین نہین ہوتا اور موقع تکبیر کا

القیام المحض حتی لو ادرک الامام فی الرکوع وکبر حال الانحطاط لا یصیر داخلا فی الصلوٰة لان شرط الدخول فیها وقوع

صرف قیام ہی یہان تک کہ اگر امام کو رکوع مین پایا اور جھکتی ہوئی تکبیر کہتا ہوا رکوع مین شامل ہو گیا تو نماز مین داخل نہین ہوتا اسواسطی کہ نماز مین داخل ہونی کی شرط یہہ ہی

التکبیر فی محض القیام ولو قال فی القیام الله وفی الرکوع اکبر لا یصیر داخلا فیها ایضا والثانیة من فرائض الصلوٰة القیام

کہ تکبیر خالص قیام مین واقع ہو اور اگر قیام مین الله کہا اور رکوع مین اکبر تو بھی نماز مین داخل نہین ہوتا اور دوسرا فرض نماز کا قیام ہی

وهو رکن فی الفرض والواجب دون النفل ومطلق عن التقدیر نظرا الی الدلیل وهو قوله تعالی وَقُومُوا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ حتی لو کبر

اور قیام فرض اور واجب مین رکن ہی نفل مین نہین اور اسکی مقدار باعتبار دلیل کی کچھ معین نہین ہی دلیل یہہ ہی اور کہڑی رہو الله کی آگی ادب سی یہان تک کہ اگر تکبیر کہڑی

قائما ولم یقف یصیر مؤدیا فرضی التکبیر والقیام جمیعا ولا یلزمه التوقف بعده قائما لان قدر ما وجد من القیام یکفیه

ہوئی کہی اور پہر توقف نکیا تو فرض تکبیر اور قیام دونو ادا کر چکا اوسپر بعد اوسکی توقف کرنا قیام مین کچھ ضرور نہین ہی اسلئی کہ جسقدر اس سی قیام عمل مین آیا سو کافی ہی

ویظهر نفعه فی الامی والاخرس ومدرک الامام فی الرکوع الا ان المتعارف فی حق القاری تقدیره فی الاولیین بالقراءة

اور اسکا فائدہ ناخواندہ اور گونگی مین اور جو شخص کہ امام کو رکوع مین پاوی ظاہر ہوتا ہی اتنا ہی کہ قاری کی حق مین مقدار قیام کی پہلی دو رکعت مین برابر قرارت کی ٹہری ہی اور

وفی الاخریین قول المتقدمین ان شاء قرأ وان شاء سبح وان شاء سکت یشیر الی عدم التقدیر فیهما

پچھلی دو رکعت مین متقدمین کا جو یہہ قول ہی چاہی کچھ قرآن پڑہی چاہی سبحان الله کہی اور چاہی چپکا رہی اشارہ ہی کہ ان دونون مین بھی اندازہ قیام کا

ایضا لکن ذکر فی القنیة انه مقدر بمقدار ثلث تسبیحات سواء سبح او سکت هذا کله عند القدرة علی القیام فان

مقرر نہین ہی لیکن قنیہ مین یون مذکور ہی کہ قیام کم سی کم برابر تین تسبیحات کی ہی برابر ہی کہ تسبیح کہی یا چپ رہی یہہ تمام جب ہی کہ قیام پر قادر ہو کیونکہ

المریض اذا قدر علی القیام لو صلی قاعدا لا یجوز ولو قدر علی بعض قیامه دون کله یلزمه ذلک حتی لو قدر علی التکبیر

بیمار اگر باوجود طاقت قیام کی بیٹہ کر نماز پڑہ لی تو جایز نہین ہی اور اگر کچھ تہوڑا کہڑی ہونی کی طاقت ہو پوری قیام کی نہو تو وتنا ہی اوسپر لازم ہی یہان تک کہ اگر کہڑی

یکبر قائما ثم یقعد واما المریض الذی عجز عن القیام حقیقة بحیث لو قام لسقط او خاف زیادة مرضه او بطوء برئه

رہکر تکبیر کہنی کی طاقت ہو تو تکبیر کہڑا ہو کر کہی پہر بیٹہ جاوی اور وہ بیمار جو حقیقت مین قیام سی عاجز ہو ایسا کہ اگر کہڑا ہووی تو گر پڑی یا خوف مرض کی بڑہنی کا یا دیر تک اچہا نہ ہونی کا ہو

او کان یجد الما شدیدا فان استطاع القعود یقعد کما یقعد فی التشهد وهو قول زفر وعلیه الفتوی بانه المعهود فی

یا سخت تکلیف ہوتی ہو پہر اگر بیٹہنی کی طاقت ہو تو بیٹہ جاوی جیسی تشہد مین بیٹہتی ہین یہہ ہی قول زفر کا ہی اور اسیپر فتوی ہی کہ نماز مین یہہ طور ٹہرا ہوا ہی

الصلوٰة وفی روایة محمد عن ابی حنیفة یقعد کما یشاء من التربع وغیره وقیل یقعد فیما عدا التشهد کما یشاء وفی التشهد

اور امام محمد کی روایت مین ابو حنیفہ سی یہہ ہی کہ بیٹہ جاوی جیسی چاہی مربع وغیرہ سی اور بعضی کہتی ہین کہ سوا تشہد کی جسطرح چاہی بیٹہا رہی اور تشہد مین

کسائر الصلوات والظاهر هو الاول عند الاستطاعة وعند عدم الاستطاعة یقعد بحسب قدرته ویصلی قاعدا

موافق تمام نمازوں کی بیٹہی اور طاقت ہوتی ہوئی ظاہر اول روایت ہی اور جب طاقت نہو تو پہر جیسی بن آوی ویسی بیٹہ کر نماز پڑہی

وکیف

بركوع وسجود لان الطاعة بحسب الطاقة لقوله تعالى لا يكلف الله نفسا الا وسعها وان لم يستطع الركوع والسجود

رکوع کری اور سجدہ کری اسوسطی کہ طاعت طاقت کی موافق ہی اس دلیل سی اللہ تکلیف نہین دیتا کسی شخصکو مگر جو اوسکی گنجایش ہی اور اگر رکوع اور سجدہ کی طاقت نہین

يومي برأسه قاعدا ويجعل سجوده اخفض من ركوعه ليتحقق الفرق بينهما ولا يرفع اليه شئ ليسجد عليه اذ لو رفع اليه

تو بیٹہا ہوا سر سی اشارہ کری اور سجدہ کو رکوع کی بہ نسبت زیادہ پست کری تاکہ دونو مین فرق ہوجاوی اور یہہ نہین چاہئی کہ کوئی چیز اونچی کردین تاکہ اوسپر سجدہ کری اسوسطی کہ اگر

فسجد عليه ان كان خفض رأسه يصح ويكون صلاته بالايماء والا فلا وان لم يستطع القعود يستلقي على ظهره و

اوسپر سجدہ کیا پہر اگر اوسنی سر کو نیچا کیا ہی تو درست ہی اوسکی نماز اشارہ سی ہوگئی اور نہین تو نہین ہوئی اور اگر طاقت بیٹہنی کی نہین تو چت لٹا یا جاوی اور

يجعل رجليه نحو القبلة ويومي برأسه للركوع والسجود لكن ينبغي ان يوضع تحت رأسه وسادة ليمكنه الايماء بالراس

اوسکی پانو قبلہ کی طرف کردین اور وہ رکوع اور سجود کی لئی سر سی اشارہ کری پر یہہ چاہئی کہ اوسکی سر تلی تکیہ رکہدین تاکہ اوس سی سر کا اشارہ ہوسکی

لان حقيقة الاستلقاء يمنع الايماء للصحيح فكيف للمريض وان لم يستطع الايماء بالراس لا يومي بعينه ولا بحاجبه

اسلئی کہ حقیقت مین چت پڑی ہوئی اچہی بہلی سی بہی اشارہ نہین ہوسکتا پہر بیمار سی تو کہان اور اگر سر سی اشارہ کرنی کی بہی طاقت نہین تو آنکہہ کا اشارہ یا ابرو کا

ولا بقلبه بل ان كان يعقل الصلوٰة في تلك الحالة تؤخر عنه الى زمان القدرة ولا تسقط هو الصحيح على ما ذكر في الهداية لانه

یا دل کا اشارہ نکری بلکہ اگر نماز کی سمجہہ باقی ہی اوس حالت مین تو قدرت کی وقت تک ملتوی رکہی جاوی گی اور ذمہ سی ساقط نہین ہی موافق بیان ہدایہ کی یہہ ہی صحیح ہی

يفهم مضمون الخطاب وان كان لا يعقلها اكثر من يوم وليلة تسقط ان لم يفق في المدة وان افاق وكان للافاقة وقت

کہ مضمون حکم کا سمجہتا ہی اور اگر ایک رات دن سی زیادہ غفلت مین رہا تو نماز ساقط ہوجاتی ہی اگر اس مدت کی اندر افاقہ نہوا اور اگر افاقہ ہوا اور کسی ایک وقت

معلوم مثل ان يفيق عند الصبح قليلا ثم يعود الاغماء فهو افاقة معتبرة في بطلان حكم ما قبلها من الاغماء وان لم يكن

معین پر جیسی مثلا صبح کی وقت کچہہ افاقہ ہوکر پہر بیہوش ہوجاتا ہی تو اتنا افاقہ ہی واسطی باطل کرنی حکم پہلی بیہوشی کی معتبر ہی اور اگر افاقہ کسی وقت معین پر

الافاقة وقت معلوم بل يفيق بغتة ثم يعود الاغماء فلا اعتبار لهذه الافاقة ومن كان في السفينة الجارية اذا

نہین ہوتا بلکہ ناگاہ کبہی افاقہ ہوکر پہر بیہوش ہوجاتا ہی تو ایسی افاقہ کا اعتبار نہین ہی اور جو شخص چلتی کشتی مین ہو اگر

صلى الفرض قاعدا بركوع وسجود مع القدرة على القيام لا يجوز عندهما لان القيام ركن فلا يسقط الا بعذر محقق وعند

فرض نماز بیٹہ کر رکوع اور سجود کی ساتہہ باوجود طاقت قیام کی پڑہلی تو صاحبین کی نزدیک جایز نہین ہی اسلئی کہ قیام نماز کا رکن ہی سو یہہ بدون عذر واقعی کی ساقط

ابي حنيفة يجوز لان دوران الراس فيها غالب والغالب كالمحقق لكن الافضل القيام واما في المربوطة في الشط فلا يجوز

اور امام ابوحنیفہ کی نزدیک جایز ہی اسلئی کہ اسمین دوران سر اکثر ہوتا ہی اور اکثری بات بہی مانند ثابت کی ہی لیکن افضل قیام ہی ہی اور رہی کشتی کنارہ پر بندہی ہوئی سو اوسمین

بالاجماع والثالثة من فرائض الصلوٰة القراءة وهي فرض في جميع ركعات النفل والوتر والفرض من ذوات الركعتين وليست

بالاجماع جایز نہین اور تیسرا فرض نماز کی فرایض مین سی قرارت ہی اور قرارت تمام رکعات نفل اور وتر مین اور فرض دوگانہ مین فرض ہی اور ادن

بفرض في جميع ركعات الفرض من ذوات الاربع والثلث بل في الركعتين من غير تعيين وانما عينت في الاولين لقوله عليه الصلوٰة

فرضون کی تمام رکعات مین فرض نہین ہی جو چار رکعت یا تین رکعت کی ہین بلکہ دو دو رکعت مین بلا تعیین فرض ہی اور پہلی دو رکعت مین اسلئی معین ہوگئی کہ نبی علیہ الصلوٰۃ

والسلام القراءة في الاولين قراءة في الاخرين وادنى ما يجزي منها عند ابي حنيفة اية وان كانت من الفاتحة او كانت

والسلام نی فرمایا پہلی دو رکعت مین قرارت بعینہ پچہلی دو رکعت مین ہی اور کم سی کم قرارت جو کافی ہی تو ابوحنیفہ کی نزدیک ایک آیت ہی اگرچہ سورہ فاتحہ کی ہو یا

قصيرة مركبة من كلمتين كقوله تعالى ثم نظر او من كلمات كقوله تعالى فقتل كيف قدر والمكتفي بها مسيئ لان قراءة

چہوٹی دو کلمونسی مرکب ہو جیسی یہہ آیت ثم نظر یا کئی کلمات سی جیسی یہہ آیت فقتل کیف قدر لیکن اسیقدر ہو اکتفا کرنا اچہا نہین ہو اسطی کہ

الفاتحة وضم سورة او ثلث ايات اليها واجب وفي الاكتفاء بها ترك الواجب واما لو كانت كلمة واحدة كمدهامتان او حرفا

الحمد کا پڑہنا اور کسی اور سورۃ کا یا تین آیت کا اوسکی ساتہہ ملانا واجب ہی اور اوسپر اکتفا کرلی مین ترک واجب ہوتا ہی اور جو آیت ایک کلمہ کی ہی جیسی مدہامتان یا ایک حرف کی ہی

كص وق ون نقد اختلف فيه والاصح انه لا يجوز عنده ولو قرأ نصف اية طويلة كاية الكرسي واية المداينة
جیسی ص اور ق اور ن سو اسمین اختلاف ہی اصح یہہ ہی کہ ابو حنیفہ کی نزدیک جایز نہین اور اگر بڑی آیت مین سی جیسی آیۃ الکرسی اور آیۃ مداینہ

في ركعة ونصفها في ركعة اخرى اختلفوا فيه قال بعضهم لا تجوز لانه لم يقرأ اية تامة في كل ركعة وقال عامتهم
آدہی ایک رکعت مین پڑہی اور آدہی دوسری رکعت مین تو اسمین اختلاف ہی بعضی کہتی ہین جایز نہین اسواسطی کہ اسنی ہر رکعت مین پوری آیت نہین پڑہی اور عام فقہاء

تجوز لان بعض هذه الايات يزيد على ثلث ايات قصار او تعدلها فلا تكون ادنى من اية وعندهما ادنى ما يجزي
کہتی ہین جایز ہی اسواسطی کہ ان آیتون کا ٹکڑا چہوٹی چہوٹی تین آیت سی بڑہتی ہی یا برابر ہی بہرصورت ایک سی کم نہین ہی اور صاحبین کی نزدیک کم سی کم قراءت جو کافی ہو

منها ثلث ايات قصار او اية طويلة تقوم مقامها لان القران معجز وادنى ما يقع به الاعجاز سورة لقوله تعالى
تین آیتین چہوٹی یا ایک آیت بڑی جو اونکی برابر ہو اسواسطی کہ قرآن معجز ہی اور کم سی کم جسمین اعجاز واقع ہو وہ سورۃ ہی واسطی قول استعالی کی

فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّن مِّثْلِهِ واقل السورة سورة الكوثر وهي ثلث ايات ومن كان اُمِّيًّا ولم يطاوعه لسانه على تعلم
لاؤ کوئی سورۃ ایسی اور سورتون مین سب سی چہوٹی سورۃ کوثر ہی سو اسکی تین آیتین ہین اور جو شخص امی ہو کہ اوسکی زبان قرآن سیکہنی مین قابو مین نہو

القران ان كان يجتهد اناء الليل واطراف النهار تجوز صلوته وفي او ان ترك الاجتهاد لا تجوز صلوته فعلى هذا
اگر وہ رات دن قرآن پر محنت کرتا ہی تو اوسکی نماز جایز ہی اور جو وہ محنت چہوڑ دیگا نماز جایز نہوگی اس روایت کی موافق

كل من كان في دار الاسلام وترك التعلم وبقي اميًّا واعتاد ان يصلي صلوة امي لا تجوز صلوته لان الامي انما تجوز
جو شخص دار الاسلام مین ہو کر قرآن نہ سیکہی اور امی رہجاوی اور امیون کیسی نماز کی عادت کرلی تو اوسکی نماز جایز نہین ہی اسواسطی کہ امی کی نماز جب ہی جایز ہی

صلوته اذا بلغ او زال جنونه او اسلم وهجم الوقت ولم يتمكن من التعلم واما اذا تمكن من التعلم ولم يتقيد به
کہ جب وہ بالغ ہو یا جنون سی ہوش مین آوی یا مسلمان ہو اور ترت وقت نماز کا آجاوی اور فرصت قرآن سیکہنی کی نہ ملی اور جس صورت مین سیکہنی کی فرصت ہو اور محنت نہ کی

فلا تجوز صلوته والرابع من فرائض الصلوة الركوع وهو طأطأة الراس مع انحناء الظهر فمن طأطأ راسه مع
تو اوسکی نماز جایز نہین اور چوتہا فرض نماز کی فرضون مین سی رکوع ہی اور وہ سر جہکانا کمر ٹیڑہی کرکر پہر جسنی سر کو جہکایا

انحناء الظهر قليلا ان كان الى الركوع اقرب تجوز وان كان الى القيام اقرب بان يوجد طأطأة راسه مع
اور کچہہ تہوڑی کمر ٹیڑہی کی اور وہ رکوع کی طرف قریب ہی تو جایز ہی اور اگر قیام سی قریب ہی اسطور کہ سر جہکایا کچہہ مونڈہون کی میلان سی

الميلان في منكبيه ولا يوجد انحناء ظهره لا تجوز لانه يعد قائما لا راكعا ومن كان احدب وبلغت حدوبته
بہر کمر کبہڑی نہین ہوئی تو جایز نہین ہی اسلئی کہ اسکو قایم کہتی ہین راکع نہین کہلاتا اور جو شخص کبڑا ہووی اور اوسکا کوب رکوع کی

حد الركوع يخفض راسه في الركوع تحقيقا للانتقال من القيام الى الركوع والخامسة من فرائض الصلوة
نوبت کو جا پہنچی تو وہ رکوع مین سر کو جہکادی تاکہ قیام سی رکوع کی طرف انتقال پایا جاوی پانچوان نماز کی فرایض مین سی

السجدة وهي وضع الجبهة على الارض او ما يتصل بها والكمال فيها وضع الجبهة والانف واليدين والركبتين
سجدہ ہی اور وہ رکہنا پیشانی کا زمین پر یا جو زمین کی قایم مقام ہو اور کامل سجدہ مین رکہنا پیشانی کا اور ناک کا اور دونو ہاتہون کا اور دونو گہٹنون کا

واطراف القدمين لقوله عليه السلام امرت ان اسجد على سبعة عظائم على الجبهة واليدين والركبتين واطراف
اور دونو پانو کی انگلیون کا واسطی قول علیہ السلام کی مجہکو حکم ہی کہ سات ہڈیون پر سجدہ کرون پیشانی پر اور دونو ہاتہون پر اور دونو گہٹنون پر اور دونو

القدمين والانف داخل في الجبهة لكون عظمها واحدا ولو وضع جبهته دون انفه يجوز لكن يكره ان كان من
پانو کی انگلیون پر اور ناک پیشانی مین آگئی اسلئی کہ ہڈی دونو کی ایک ہی اور اگر پیشانی تو رکہدی اور ناک نہ رکہی تو جایز ہی پر مکروہ اگر بیعذر ہی

غير عذر وكذلك لو وضع انفه دون جبهته يجوز عند ابي حنيفة لكن يكره ان كان من غير عذر وعندهما
اور ایسی ہی اگر ناک رکہدی اور پیشانی نہ رکہی تو ابو حنیفہ کی نزدیک جایز ہی پر مکروہ اگر بی عذر ہی اور صاحبین کی نزدیک

لا یجوز الا ان یکون فی جبهته عذر یمنع السجود بها ووضع الیدین والرکبتین لیس بفرض بل هو سنة واما وضع
جایز نہین مگر اوس صورت مین کہ اوسکی پیشانی مین ایسا عذر ہو کہ سجدہ نکر سکی اور دونو ہاتھہ اور دونو گھٹنون کا رکہنا فرض نہین ہی بلکہ سنت ہی اور رہا دونو
القدمین فقد ذکر القدوری والکرخی والخصاف انه فرض حتی لو سجد ولم یضع قدمیه او احدهما علی الارض بل
قدم کا رکہنا سو قدوری اور کرخی اور خصاف کہتی ہین کہ فرض ہی یہان تک کہ اگر سجدہ کیا اور دونو پانو یا ایک پانو زمین پر نہ رکہا بلکہ
رفعهما عن الارض لا یجوز سجوده ولو وضع احدهما یجوز ولکن یکره وذکر التمرتاشی ان وضع الیدین والقدمین
دونو زمین سی اوٹہالی تو اوسکا سجدہ جایز نہین ہی اور اگر ایک پانو ہی لگا دیا تو جایز ہی پر مکروہ اور تمرتاشی کہتا ہی کہ لگانا دونو ہاتہون اور دونو پانو کا
سواء فی عدم الفرضیة وقال اکمل الدین فی شرح الهدایة انه الحق وذکر فی شرح المنیة انه بعید عن الحق والمراد بوضع
عدم فرضیت مین برابر ہی اور اکمل الدین شرح ہدایہ مین کہتا ہی کہ حق یہہ ہی ہی اور شرح منیہ مین یون مذکور ہی کہ یہہ حق سی بعید ہی اور مراد دونو پانو کی
القدمین علی ما ذکر فی الخلاصة وضع اصابعهما والمراد بوضع الاصابع توجیهها نحو القبلة لیکون الاعتماد علیها
رکہنی سی موافق اوس بیان کی جو خلاصہ مین ہی دونو پانو کی اونگلیون کا رکہنا ہی اور اونگلیون کی لگانی سی اونکا قبلہ کی طرف متوجہ کرنا مراد ہی تاکہ اونہی پر زور پڑی
حتی لو وضع ظهر القدمین ولم یوجه اصابعهما او اصابع احدهما نحو القبلة لا یصح سجوده وهذا مما یجب حفظه
یہان تک کہ اگر دونو پانو کی پشت رکہدی اور دونو پانو کی یا ایک پانو کی ہی اونگلیان قبلہ کی طرف متوجہ نکری تو سجدہ درست نہین ہی اور اسکا لحاظ واجب ہی
واکثر الناس عنه غافلون ولو کان موضع السجود ارفع من موضع القدمین مقدار نصف ذراع یجوز وان کان اکثر منه
اور اکثر لوگ اس سی غافل ہین اور اگر سجدہ کی جگہ پانو کی جگہہ سی آدہ ہاتہہ اونچی ہو تو سجدہ جایز ہی اور اگر اس سی زیادہ بلند ہو
لا یجوز ولو سجد علی کور عمامة ان کان کورها متصلا بالجبهة ولم یکن غلیظا بحیث یوجد حجم الارض یجوز لکن یکره
تو جایز نہین ہی اور اگر پگڑی کی پیچ پر سجدہ کیا تو اگر وہ پیچ پیشانی سی متصل ہی اور موٹا نہین ہی ایسا کہ زمین کی سختی معلوم ہوتی ہی تو جایز ہی پر مکروہ
ولو لم یکن متصلا بالجبهة بل کان فوق الجبهة او کان غلیظا لا یوجد حجم الارض لا یجوز وکذلک لا یجوز السجدة علی
اور اگر پیشانی سی متصل نہین ہی بلکہ پیشانی سی اوپر ہو یا ایسا موٹا ہو کہ سختی زمین کی معلوم نہین ہوتی تو جایز نہین ہی اور ایسی ہی سجدہ
کل شیء لا یوجد فیه حجم الارض کالقطن المحلوج والثلج والدخن ونحو ذلك لعدم استقرار الجبهة علی الارض او ما
ایسی شی پر جایز نہین ہی جسمین سختی زمین کی معلوم نہووی جیسی دہنی ہوئی روئی اور برف اور چینا وغیرہ اسواسطی کہ پیشانی زمین پر یا جو
یتصل بها ولو سجد علی فاضل ثوبه او بسط خرقة علی الارض وسجد علیها فلا کلام فی الجواز وانما الکلام فی الکراهة
قایم مقام زمین کی ہی نہین ٹہرتی اور اگر کسنتی کپڑی پر سجدہ کیا یا زمین پر کپڑی بچہا کر اوسپر سجدہ کیا تو اوسکی جواز مین کوئی تکرار نہین ہی اور اگر تکرار ہی تو کراہت مین
والصحیح عدم الکراهة لما روی عن ابی حنیفة انه صلی فی المسجد الحرام وسجد علی خرقة فقال له رجل لا یجوز هذا
اور صحیح یہہ ہی کہ مکروہ نہین ہی اسلئی کہ ابو حنیفہ سی روایت ہی کہ اونہون نی کعبہ مین نماز پڑہی اور سجدہ خرقہ پر کیا کسی شخص نی کہا یہہ جایز نہین ہی
فقال له الامام من این انت فقال من خوارزم فقال جاء التکبیر من وراء یعنی انکم تتعلمون منا ثم تعلموننا اهل
امام نی پوچہا تو کہان کا رہنی والا ہی اوسنی کہا خوارزم کا پہر امام نی کہا پیچہی تکبیر ہوئی یعنی مقتدی تکبیر کہنی لگی مراد یہہ ہی کہ تم ہم سی سیکہہ کر پہر ہمکو سکہاتی ہو کیونکہ
تصلون علی البردی فی دیارکم قال نعم فقال تجوزون الصلوة علی الحشیش ولا تجوزونها علی الخرقة والسادس من
اپنی ملک مین بردی گہاس پر نماز پڑہتی ہو کہا ہان پہر امام نی کہا تم گہاس پر نماز جایز رکہتی ہو اور خرقہ پر جایز نہین رکہتی اور چہٹا فرض
فرائض الصلوة القعدة الاخیرة سواء تقدمها قعدة اخری او لم تتقدم کما فی الثنائیة وقدر الفرض فیها مقدار
نماز کی فرایض مین سی قعدہ اخیرہ ہی برابر ہی کہ اوس سی پہلی بہی قعدہ ہو جیسی رباعی نماز مین یا نہو جیسی ثنائی نماز مین اور اسمین مقدار فرض کی اتنی ہی
ما یتمکن فیه من قراءة التشهد الی قوله عبده ورسوله لقوله علیه الصلوة والسلام لابن مسعود حین علمه
جسمین عبدہ ورسولہ تک تشہد پڑہ لی اسواسطی کہ نبی علیہ الصلوة والسلام نی ابن مسعود سی

التشهد اذا قلت هذا او فعلت هذا فقد تمت صلوتك فانه عليه الصلوة والسلام علق التمام بالفعل قرا اولم

تشہد سکہاتی ہوئی یہہ فرمایا جب تو یہہ پڑہ چکا یا یہہ کرچکا تو نماز تیری بیشک پوری ہوگئی کیونکہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام نی تمامی نماز کو فعل پر موقوف رکہا تشہد پڑہی یا نہ

يقرا لان معنى قوله اذا قلت هذا اى قرات التشهد وانت قاعد اذ لم يشرع قراءة التشهد الا في القعود ومعنى قوله

پڑہی اسواسطی کہ معنی اذا قلت ہذا کی یہہ ہین پڑہا تو نی تشہد کو بیٹہ کر اسلئی کہ تشہد کا پڑہنا بجز قعود کی مشروع نہین ہی اور معنی

او فعلت هذا اى قعدت ولم تقرأ شيئا فصار التخيير في القول لا الفعل لان الفعل ثابت في الحالين والمعلق بالشرط

او فعلت ہذا کی یہہ ہین کہ تو بیٹہ گیا اور پڑہا کچہہ نہین پس اب اختیار قول مین ہی فعل مین نہین ہی اسواسطی کہ فعل دونو حالتون مین ثابت ہی اور جو امر شرط پر موقوف

تناہی

لا يوجد قبل وجود الشرط ووجه اخر ان الصلوة متناهية والتناهي لا يكون الا بالتمام والتمام لا يكون الا بالاتمام

وہ شرط سی پہلی موجود نہین ہوتا اور ایک اور وجہ ہی کہ نماز متناہی ہی اور تناہی بدون تمامی کی نہین ہوتی اور تمامی تمام کئی بدون نہین ہوتی

والاتمام لا يعلم ما لم يبينه الشارع فقد بينه به فيكون فرضا فان قيل الفرضية لا تثبت بخبر الواحد فما وجه ثبوتها

اور تمام کرنا بدون بتانی شارع کی معلوم نہین ہوتا سو شارع نی قعدہ بتادیا سو فرض ہوگیا اگر کوئی کہی فرضیت خبر واحد سی ثابت نہین ہوتی پہر یہان خبر واحد سی ثبوت

فرضیت

به ههنا فالجواب عدم ثبوتها به ليس على اطلاقه بل اذا ثبت به ابتداء واما اذا لم يثبت به ابتداء بل بين به المجمل فتثبت

کی کیا وجہ ہی سو جواب یہہ ہی کہ عدم ثبوت فرضیت کا خبر واحد سی یون نہین ہی کہ فرضیت کبہی نہین ثابت ہوتی بلکہ جب خبر واحد سی ابتداءً ثابت کرین اور وہ صورت جو ابتداءً ثابت

بيانه ان نفس الصلوة ثابتة بالكتاب وتمامها منها فيلزم كون تمامها ثابتا به ايضا وهذا الخبر بين كيفيته

اسکی تفصیل یہہ ہی کہ عین نماز تو قرآن سی ثابت ہی اور تمامی نماز کی اسمین داخل ہی پس اتمام کا بہی ثبوت قرآن سی لازم آیا اور اس خبر نی کیفیت اتمام کی بیان کردی

فيكون فرضا ويظهر ثمرة كونها فرضا في مسائل الاولى من تلك المسائل ان من صلى الظهر او نحوها خمسا بان قيد

سو فرض ہوا اور قعدہ کی فرضیت کا فائدہ کئی مسائل مین ظاہر ہوتا ہی اول اون مسائل مین سی یہہ ہی کہ جسنی ظہر کی نماز مین پانچ رکعت پڑہین اور پانچوین رکعت کا سجدہ

الخامسة بالسجدة ولم يقعد على راس الرابعة تبطل فرضية صلوته وتتحول نفلا عند ابي حنيفة وابي يوسف و

کرلیا اور چوتہی رکعت پر قعدہ نکیا تو اوسکی نماز فرضیت باطل ہوکر امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف کی نزدیک نفل ہوجاتی ہی

عند محمد تبطل فرضيتها وتخرج من كونها صلوة وكذا لو لم يقعد على ثالثة المغرب او ثانية الفجر والثانية من

امام محمد کی نزدیک فرضیت باطل ہوکر نماز ہی نرہی اور ایسی ہی اگر نماز مغرب مین تیسری رکعت پر یا فجر کی دوسری رکعت پر قعدہ نکری اور دوسرا اون مسائل

تلك المسائل ان المسافر اذا اقتدى بمقيم في فائتة غير ثنائية لا يصح اقتداؤه لان القعدة الاولى فرض في حق المسافر

مین سی یہہ ہی کہ مسافر اگر مقیم کا مقتدی بنی قضا نماز مین تو اوسکا اقتدا صحیح نہین ہی اسواسطی کہ پہلا قعدہ مسافر کی حق مین تو فرض ہی اور

دون المقيم فيكون اقتداؤه به من قبيل اقتداء المفترض بالمتنفل وهو غير جائز عندنا وانما يجوز اقتداؤه به في الوقت

مقیم کی حق مین فرض نہین اب اوسکا اقتدا ایسا ہوگیا جیسی فرض پڑہنی والا نفل پڑہنی والیکا مقتدی ہوجاوی اور یہہ اقتدا ہماری مذہب مین جایز نہین ہی مسافر کو

لان صلوته يصير اربعا باقتدائه به في الوقت لا بعده والثالثة من تلك المسائل ان المصلي بعد القعود قدر التشهد

اسلئی کہ مسافر کی نماز ہی بسبب اقتدا کی وقت مین رباعی ہوجاتی ہی وقت بعد نہین ہوتی تیسرا اون مسائل مین سی یہہ ہی کہ مصلی کو بعد قعدہ بقدر تشہد کی

في اخر الصلوة لو تذكر سجدة التلاوة وسجدها ترتفع القعدة حتى لو لم يقعد قدر التشهد بعد ما سجد سجدة التلاوة

آخر نماز مین اگر سجدہ تلاوت کا یاد آیا اور اوسنی وہ سجدہ کیا تو وہ قعدہ باطل ہوگیا یہان تک کہ اگر بعد سجدہ تلاوت کی بقدر تشہد قعدہ نکریگا

تفسد صلوته لفوات ما هو فرض منها وهو القعدة الاخيرة والرابعة من تلك المسائل ان المصلي اذا نام في القعدة

تو اوسکی نماز بسبب فوت ہونی ایک رکن نماز یعنی قعدہ اخیرہ کی فاسد ہوجاویگی اور چوتہا اون مسائل مین سی یہہ ہی کہ اگر مصلی تمام قعدہ اخیر مین سوتا رہا

الاخيرة كلها فحين انتباهه يفرض عليه ان يقعد قدر التشهد وان لم يقعد تفسد صلوته لان ما حصل من

تو جب وہ جاگی اوسپر فرض ہی کہ بقدر تشہد کی قعدہ کری اگر نہین کریگا تو نماز فاسد ہوجاویگی اسواسطی کہ جو

الافعال

الافعال فی الصلوة حالة النوم لاتعتبر لصدورها من غیر اختیار فیکون وجودها کعدمها وهذه المسئلة یکثر

افعال نماز میں سوتی ہوئی ادا ہوئے ہیں اونکا اعتبار نہیں ہی کیونکہ وہ بلا اختیار ہوئی ہیں اونکا ہونا نہونا برابر ہی اور یہہ مسئلہ اکثر واقع ہوتا ہی خاص کر

وقوعها لاسیما فی التراویح وخصوصا فی لیالی الصیف لکن الناس عنها غافلون یسّر الله تعالی علما موافقا لرضائه

تراویح میں اور وہ بھی علی الخصوص جو گرمیوں کی شب میں ہوتی ہیں لیکن لوگ اس سی غافل ہیں الٰہی ہمپر آسان کر عمل اپنی رضا مندی کی موافق

بلطفه وکرمه

المجلس الثالث والخمسون فی بیان فضیلة الصلوة الخمس وکونها کفارة للذنوب

اپنی لطف اور کرم سی — ترپنویں مجلس — پنجگانہ نماز کی فضیلت میں اور نماز کا کفارہ ہونا واسطی گناہوں کی

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ارایتم لوان نهرا بباب احدکم یغتسل فیه کل یوم

رسول الله صلی الله علیه وسلم نی فرمایا بتاؤ تو اگر تم میں سی کسیکی دروازہ آگی نہر بہتی ہو وہ ہر روز اوسمیں

خمسا هل یبقی من درنه شئ قالوا لا قال فذلك مثل الصلوات الخمس یمحو الله بهذه الخطایا هذا الحدیث من

پانچ دفعہ نہایا کری کیا اوسپر کچہہ میل باقی رہی گا عرض کیا نہیں آپ نی فرمایا پس نہر مثل پنجگانہ نمازوں کی ہی الله تعالی ان نمازوں سی خطایا کو مٹا دیتا ہی یہہ حدیث

صحاح المصابیح رواه ابوهریرة وقد بیّن فیه ان من صلی الصلوات الخمس یغفر الله تعالی ذنوبه ببرکات تلك الصلوات

مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اور اسمیں یہہ بیان ہی جسنی پنجگانہ نمازیں پڑہیں تو الله تعالی اوسکی تمام گناہ ان نمازوں کی برکت سی بخشدیتا ہی

فلا بد للمؤمن ان یداوم علیها فی اوقاتها باتمام رکوعها وسجودها وسائر ما یفعل فیها فانه تعالی وان امر

سو مؤمن کو لازم ہی کہ نمازوں کو وقتوں پر رکوع اور سجود کو اور تمام ارکان کو جو نماز کی اندر ہیں پورا پورا اگر کر مداومت رکہی کیونکہ الله تعالی نی اپنی کتاب میں اگرچہ نماز کا

بها فی مواضع من کتابه لکن ذکر ارکانها فیها متفرقة حیث بیّن فرضیة تکبیرة الافتتاح بقوله تعالی فی سورة المدثر

کئی جگہ امر فرمایا پر اوسکی ارکان کو متفرق ذکر کیا ہی چنانچہ تکبیر تحریمہ کی فرضیت سورہ مدثر کی اس آیت میں

وربك فکبّر وفرضیة القیام بقوله تعالی فی سورة البقرة وقوموا لله قانتین وفرضیة القراءة بقوله تعالی فی

اور اپنی رب کی بڑائی بول اور قیام کی فرضیت سورہ بقرہ کی اس آیت میں اور کہڑی رہو الله کی آگی ادب سی اور قرارت کی فرضیت سورہ

سورة المزمل فاقرءوا ما تیسر من القرآن وفرضیة الرکوع والسجود بقوله تعالی فی سورة الحج یا ایها الذین آمنوا

مزمل کی اس آیت میں پس پڑہو جتنا آسان ہو قرآن سی اور رکوع اور سجود کی فرضیت سورہ حج کی اس آیت میں ہی اے ایمان والو

ارکعوا واسجدوا وانما عرف الترتیب بتعلیم النبی علیه السلام تارة بفعله وتارة بقوله علی ما بینه العلماء

رکوع کرو اور سجدہ کرو اور ترتیب صرف نبی علیه السلام کی تعلیم سے معلوم ہوئی ہی کبہی تو آپ کو کرنی سی اور کبہی آپ کی بتانی سی چنانچہ علما نی

فی کتبهم وقالوا من یرید الدخول فی الصلوة یکبر ویقول الله اکبر من غیر ادخال المد فی همزة الله وهمزة اکبر

اپنی اپنی کتابوں میں بیان کیا ہی اور علماء کہتی ہیں جو شخص نماز شروع کیا چاہی تکبیر اس طور کہی الله اکبر الله کی ہمزہ پر اور اکبر کی ہمزہ اور بار پر مد نہ کہینچی

وبائه اذ لو حصل المد فی احدی الهمزتین لا یصیر شارعا فی الصلوة بل لو وقع فی اثنائها تفسد صلوته ولو تعمده

اسواسطی کہ اگر دونو ہمزوں میں سی کسی پر مد پیدا ہوگا تو نماز شروع نہوگی بلکہ اگر مد نماز کی بیچ کسی تکبیر پر آجاویگا تو نماز فاسد ہوجاوی گی اور اگر جان

یکفر لانه یصیر استفهاما ومقتضاه الشك فی کبریاء الله تعالی وقیل ان کان لا یمیز بین المد وغیره یکون شارعا

تو کافر ہوجاویگا اسواسطی کہ کلام استفہامی ہوجاتی اور اسکا مضمون الله تعالی کی بڑائی میں شک پیدا کریگا اور کوئی کہتا ہی اگر وہ شخص مد اور بی مد میں تمیز نہیں ہی تو نماز شروع ہوجاتی ہی

فی الصلوة ولا تفسد ولو وقع فی اثنائها والاستفهام یحتمل ان یکون للتقریر لکن الاول اصح لان مثل هذا الجهل لا یصح

اور فاسد نہیں ہوتی اگرچہ مد بیچ میں آجاوی اور استفہام میں احتمال ہی کہ تقریر کی واسطی ہو لیکن روایت اول اصح ہی اسواسطی کہ ایسی جہالت کا عذر ہونا صحیح نہیں

ان یکون عذرا والتقریر المستفاد من الاستفهام معناه حمل المخاطب علی الاقرار بما یعرفه والانسان لا یصلح ان یحمل

ہی اور تقریر جو استفہام سی حاصل ہوتی ہی اوس سی یہہ مراد ہی کہ مخاطب کو اپنی معلوم کی اقرار پر برانگیختہ کری اور انسان میں یہہ صلاحیت نہیں کہ

نفسه على الاقرار بان الله تعالى اكبر ولو وقع المد في باء اكبر بان يقول اكبار بزيادة الالف الممال بين الباء والراء

اپنی ذات کو اس اقرار پر برانگیختہ کرے کہ اللہ بڑا ہے اور اگر مد اکبر کی با پر پیدا ہوگا کہ وہ اکبار کہدے الف کو امالہ کرکر درمیان با اور راء کی بڑھاکر

لا يصير شارعا في الصلوٰة ايضا ولو وقع في اثنائها تفسد اذ قيل انه اسم من اسماء الشيطٰن وقيل انه جمع كبر

تو بھی نماز شروع نہوگی اور اگر بیچمیں آجاویگا تو نماز فاسد ہوجاویگی اسلئے کہ کہتے ہیں کہ یہہ نام شیطان کی ناموں میں سے ہے اور کوئی کہتا ہے کہ یہہ جمع کبر کی ہے

بفتحتين وهو الطبل وقيل يصير شارعا في الصلوٰة ولا تفسد لو وقع في اثنائها لانه اشباع والاول اصح لان

دونو زبر سے نقارہ کو کہتے ہیں اور بعضے کہتے ہیں نماز شروع ہوجاتی ہے اور فاسد نہیں ہوتی اگرچہ بیچ میں آجاوے اسواسطے کہ یہہ اشباع ہے اور روایت اول اصح ہے

الاشباع انما يكون في الاخر لا في الوسط ومحل التكبير القيام المحض حتى لو ادرك الامام في الركوع وكبر حال الانحطاط

اسواسطے کہ اشباع آخر کلمہ میں ہوتا ہے بیچمیں نہیں ہوتا اور تکبیر کہنے کا محل خالص قیام ہے یہان تک کہ اگر امام کو رکوع میں پایا اور جھکتے ہوئے اللہ اکبر کہتا ہوا رکوع میں چلا گیا

لا يصير شارعا في الصلوٰة لان شرط الشروع فيها وقوع التكبير في محض القيام ولو قال في القيام الله وفي الركوع

تو نماز شروع نہوگی اسواسطے کہ شرط نماز شروع ہونے کی یہہ ہے کہ تکبیر خالص قیام میں واقع ہو اور اگر کھڑے ہوئے تو اللہ کہا اور رکوع میں اکبر کہا

اكبر لا يصير شارعا ايضا ورفع اليدين عند التكبير سنة حتى لو ترك رفعهما دائما من غير عذر ياثم ولا ياثم

تو بھی نماز شروع نہوگی اور تکبیر کے وقت دونو ہاتھ اوٹھانی سنت ہیں یہان تک کہ اگر ہاتھ اوٹھانی بلا عذر ہمیشہ کو چھوڑدے تو گنہگار ہوگا اور گاہے گاہے

ان تركه احيانا فعلى هذا ينبغي لمن يريد الشروع في الصلوٰة ان يرفع يديه حتى يحاذي بابهاميه شحمتي

ترک کرے تو گنہگار نہیں ہوتا اس بیان کی موافق لایق ہے کہ جو نماز شروع کرے اپنی دونو ہاتھ اتنی اوٹھاوے کہ دونو انگوٹھی کانون کی لو کی برابر ہوجاویں

اذنيه بلا ضم اصابعه ولا تفريجها بل تركها على حالها قال قاضيخان ويمس بطرف ابهاميه شحمتي اذنيه

اور انگلیان کو آپسمیں نہ ملاوے اور نہ کشادہ کرے بلکہ اپنی حال پر چھوڑدے قاضیخان کہتا ہے کہ سری انگوٹھون کی کانون کی لو سے لگادے

ويجعل بطن كفيه نحو القبلة اكمالا للاقبال عليها وقال بعضهم يجعل بطن كل كف الى الكف الاخرى ثم يكبر وهو

اور ہتھیلیان دونو ہاتھ کی قبلہ کی طرف رکھے تا مواجہ قبلہ کا خوب پورا ہو اور بعضے کہتے ہیں کہ ہتھیلی ہر ایک ہاتھ کی دوسری ہتھیلی کی طرف رکھے پھر اللہ اکبر کہے اور یہہ

الاصح لان في فعله معنى النفي وفي قوله الله اكبر معنى الاثبات وهو بفعله الذي هو رفع اليدين ينفي الكبرياء

اصح ہے اسواسطے کہ اسکی عمل میں معنی نفی کی ہیں اور اس قول میں اللہ اکبر معنی اثبات کی ہیں سو مصلی اپنی عمل سے یعنی ہاتھ اوٹھانے سے غیر اللہ سے بڑائی کی نفی کرتا ہے

عن غيره تعالى وبقوله اكبر يثبتها له تعالى والنفي مقدم على الاثبات كما في كلمة التوحيد ولو كبر ولم يرفع يديه

اور اللہ اکبر کہہ کر اللہ کی واسطے بڑائی ثابت کرتا ہے اور نفی اثبات پر مقدم ہوتی ہے چنانچہ کلمۂ توحید میں اور اگر اللہ اکبر کہا اور ہاتھ نہ اوٹھائے

حتى فرغ من التكبير لا يرفعهما لفوات محله وان ذكره في اثناء التكبير يرفعهما لعدم فوات محله وان لم يمكنه رفعهما

اتنی کہ تکبیر کہہ چکا تو پھر نہ اوٹھاوے اسواسطے کہ اوسکا محل ہوچکا اور اگر اثناء میں تکبیر کہتے ہوئے یاد آگیا تو اوٹھاوے اسلئے کہ محل باقی ہے اور اگر موضع مسنون تک نہ اوٹھاسکے

الى الموضع المسنون يرفعهما قدر ما يمكنه وان امكنه رفع احدهما دون الاخرى يرفعها وحدها لما روي انه عليه السلام

تو جہان تک ہوسکے اوٹھاوے اور اگر ایک ہاتھ اوٹھاسکتا ہے دوسرا نہیں اوٹھاسکتا تو ایک ہی کو اوٹھاوے اسلئے کہ روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا

قال اذا امرتكم بامر فأتوا منه ما استطعتم وان لم يمكنه رفعهما الا بالزيادة على المسنون يرفعهما لانه يأتي بالمسنون

جب میں تمکو کوئی کام کہوں تو اوسکو اپنی مقدور بھر بجالاؤ اور اگر اوس سے دونو ہاتھ نہیں اوٹھ سکتے بدون زیادت کی مقدار مسنون پر تو بھی اوٹھاوے اسواسطے کہ سنت پر عمل

ولا يستطيع ان يمتنع عن الزيادة والمراة ترفعهما الى منكبيها هو الصحيح لكونه استر لها واذا فرغ من التكبير يضع

کرتا ہے اور یہہ طاقت نہیں کہ زیادت سے رک رہے اور عورت اپنی دونو ہاتھ مونڈھون تک اوٹھاوے یہہ ہی صحیح ہے اسواسطے کہ عورت کی واسطے یہہ ہی حال زیادہ پردہ پوش ہے

بطن كفه اليمنى على ظاهر كفه اليسرى ويحلق بالخنصر والابهام على الرسغ تحت سرته وهذا الوضع سنة في كل

تو پھر دہنی ہتیلی بائیں ہاتھ کی پشت پر رکھ کر چھوٹنگلی اور انگوٹھی سے پہنچے پر ناف سے نیچی حلقہ باندہ لے اور یہہ ہی وضع مسنون ہے جس جس

قيام

قیام فیه ذکر مسنون واما الذی لیس کذلك فالسنة فیه الارسال کما فی قومة الرکوع وتکبیرات العیدین و
قیام مین کہ ذکر مسنون ہوتا ہی اورجو قیام ایسا نہین ہی سواوسمین ہاتہہ چھوڑ دینا مسنون ہی جیسی کہ رکوع کی بعد قومہ مین اورعیدین کی تکبیرات مین اور

المرأة تضعهما علی صدرها لانه استر لها ثم یقول سبحانك اللهم وبحمدك وتبارك اسمك وتعالی جدك ولا اله
عورت دونو ہاتہہ اپنی سینہ پر رکھی کیونکہ یہہ ہی پردہ پوش ہی پہر یہہ پڑہی پاکی یاد کرتا ہون تیری یا الٰہی اور تیری حمد کرتا ہون بابرکت ہی تیرا نام اور برتر ہی تیری بڑائی اور نہین کوئی معبود

غیرك ولا یقول وجل ثناءك لانه لم یذکر فی الاحادیث المشهورة وذکر فی الکافی انه لو سکت عنه لا یؤمر به
سوا تیری اور نہ کہی جل ثناءک اسواسطی کہ احادیث مشہورہ مین وارد نہین ہوا اور کافی مین یہہ مذکور ہی کہ اس کو اگر کوئی نہ کہی تو امر نہ کرین

ولو اتی به لا یمنع عنه ثم یقول اعوذ بالله من الشیطٰن الرجیم وهو تبع للقراءة دون الثناء عند ابی حنیفة ومحمد
اور اگر کہی تو منع بھی نہ کرین پہر یہہ پڑہی پناہ مانگتا ہون اللہ کی شیطان راندہ سی اور یہہ عبارت ہمراہ قرارت کی ہی ثنا کی ساتہہ نہین ہی نزدیک ابوحنیفہ اور محمد کی

حتی یاتی به المسبوق دون المؤتم ثم یقول بسم الله الرحمٰن الرحیم وهو سنة فی اول کل رکعة فی روایة ابی یوسف عن ابی حنیفة
یہان تک کہ مسبوق تو پڑہی موتم نہ پڑہی پہر بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑہی اور بسم اللہ ہر ایک رکعت کی اول مین مسنون ہی ابو یوسف کی روایت مین ابوحنیفہ سی اور اوسکو

ثم یقرء الفاتحة ویقول فی اخرها امین ثم یضم الیها سورة او ثلث ایات من ای سورة شاء فان قرأ معها ایة قصیرة
مقتدی نہ پڑہی پہر سورۂ فاتحہ پڑہی اور اوسکی آخر مین آمین کہی پہر اوسکی ساتہہ کوئی سورہ ضم کری یا تین آیتین جس سورت مین سی چاہی پس اگر سورۂ فاتحہ کی ساتہہ

او ایتین قصیرتین لا یخرج عن الکراهة التحریمیة لترکه الواجب لان الواجب فی الرکعتین الاولیین بعد قراءة
ایک آیت چھوٹی یا دو آیتین چھوٹی پڑہی تو کراہت تحریمی سی خالی نہین ہی اسلئی کہ واجب ترک کیا اسواسطی کہ واجب دونو پہلی رکعت مین بعد پڑہنی

الفاتحة ان یضم الیها سورة او ثلث ایات قصار او ایة طویلة تعدل ثلث ایات قصار فهذا یخرج عن الکراهة
سورۂ فاتحہ کی یہہ ہی کہ اوسکی ساتہہ کوئی سورۃ یا تین آیتین چھوٹی یا ایک آیت اتنی بڑی جو چھوٹی تین آیت کی برابر ہو ملادی سو اتنی مقدار سی کراہت تحریمی سی تو

التحریمیة لکن لا یدخل فی حد السنة بل یدخل فی الکراهة التنزیهیة لانه لا یخلو اما ان یکون فی السفر او الحضر
بچ جاتا ہی پر حد مسنون پر نہین پہنچتا بلکہ کراہت تنزیہی مین آجاتا ہی اسلئی کہ اس حال سی باہر نہین کہ وہ مسافر ہوگا یا مقیم

فان کان فی السفر ففی حال الضرورة من خوف او عجلة یقرء بفاتحة الکتاب وای سورة شاء او مقدار سورة
اگر مسافر ہی تو ضرورت کی وقت خوف سی یا شتابی سی سورۂ فاتحہ پڑہی اور ایک اور سورۃ جونسی چاہی یا برابر کسی سورۃ کی

من ای محل تیسر و فی حال الاختیار وعدم الضرورة یقرأ فی صلوٰة الفجر مع الفاتحة سورة البروج ونحوها وفی الظهر
جس جگہہ سی آسان ہو اور اختیار کی وقت جب ضرورت نہو تو فجر کی نماز مین بعد سورۂ فاتحہ کی سورۂ بروج اور اسکی مانند اور ظہر مین بہی

کذلك وفی العصر والعشاء دون ذلك وفی المغرب یقرأ بالقصار جدا کالعصر والکوثر وان کان فی الحضر وخاف
ایسی ہی اور عصر اور عشاء مین اس سی کچھہ کم اور مغرب مین بہت چھوٹی سورتین جیسی سورۂ عصر اور کوثر پڑہی اور اگر مقیم ہی اور وقت کی

فوت الوقت یقرأ قدر ما لا یفوته الصلوٰة وان لم یخف فوت الوقت یقرأ فی صلوٰة الفجر فی الرکعتین اربعین ایة
گذرجانی کا خوف ہو تو اتنا پڑہی کہ اوسکی نماز فوت نہوجاوی اور اگر وقت کی جانی کا خوف نہین تو فجر کی نماز کی دونو رکعت مین چالیس آیتین پڑہی

وهو ادنی السنة او ستین ایة وهو اوسطها او مائة وهو اعلاها لما روی انه علیه الصلوٰة والسلام کان یقرأ
اور یہہ ادنی درجہ سنت کا ہی یا ساٹہہ آیتین اور یہہ بیچکا درجہ سنت کا ہی یا سو آیتین اور یہہ اعلی درجہ سنت کا ہی کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام

فی صلوٰة الفجر اربعین ایة او ستین ایة او مائة ایة واحیانا کان یقرأ والصّٰفّٰت واحیانا کان یقرء سورة
فجر کی نماز مین چالیس آیتین یا ساٹہہ آیتین یا سو آیتین پڑہا کرتی تہی اور بعضی دفعہ سورۂ والصافات اور بعضی دفعہ سورۂ ق پڑہتی

قٓ وقد کان ابن عمر قال کان النبی صلی الله علیه وسلم یامرنا بالتخفیف ویؤمنا بالصافات فعلم من هذا ان
اور ثابت ہوچکا ہی کہ ابن عمر کہتی تہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمکو قرارت مین تخفیف کی امر فرماتی اور امامت کی وقت والصافات پڑہتی تو اس سی معلوم ہوا

قرأة الصافات من باب التخفيف فاذا فرغ من القراءة يكبر للركوع مع الانحطاط فلو لم يكبر حال الانحطاط

کہ والصافات کا پڑہنا تخفیف مین داخل ہی پہر جب مصلی قراءت سی فارغ ہوچکا تو رکوع کی لئی جہکتی ہوئی تکبیر کہی اگر جہکتی ہوئی تکبیر رہ گئی

لا يكبر في الركوع لفوات محله وقد ذكر في المنية ان في اتيان اذكار المشروعة في الانتقالات بعد تمام الانتقال

تو رکوع مین جاکر تکبیر نہ کہی اسواسطی کہ اوسکا محل فوت ہوگیا اور منیہ مین مذکور ہی کہ جو اذکار انتقالات کی اندر مشروع ہین اونکو بعد انتقالات کی ادا کرنی مین

كراهتين تركها عن موضعها وتحصيلها في غير موضعها وبعد التكبير يضع يديه على ركبتيه مع تفريج اصابعه

دو کراہت ہین ایک تو اونکو اپنی جگہہ سی ٹلا دینا اور دوسری بی جگہہ ادا کرنا اور تکبیر کی بعد دونو ہاتہہ دونو گہٹنون پر اونگلیان کشادہ کرکی رکہی

ولا يندب تفريج الاصابع الا في هذه الحالة ويبسط ظهره بحيث لو وضع على ظهره قدح مملو بالماء لاستقر

اور اونگلیون کا کشادہ کرنا سوا اس جگہہ کی کہین مستحب نہین ہی اور کمر کو ایسی ہموار کردی کہ اگر اوسکی پیٹہہ پر پیالہ پانی کا بہرا ہوا رکہدین تو ٹہر ا رکہا رہی

ويستوي راسه بظهره ولا يرفعه كالحية ولا ينكسه كالخنزير ويقول في ركوعه سبحان ربي العظيم ثلث

اور سر کو کمر کی برابر کردی نہ اونچا کری سانپ کی مانند اور نہ تلی جہکادی سور کی مثال اور رکوع کی اندر سبحان ربی العظیم تین بار کہی

مرات وذلك ادنى كمال السنة ويكره ان ينقص منها وان زاد عليها فهو افضل ان كان منفردا وكان

اور یہہ کمال سنت کا ادنی درجہ ہی اس سی کم کرنا مکروہ ہی اور اگر تین بار سی زیادہ کہی تو افضل ہی اگر منفرد یعنی تنہا پڑہتا ہو اور

اتمامه على وتر ثم يرفع راسه قائلا سمع الله لمن حمده واذا استوى قائما يقول في القيام ربنا لك الحمد

عدد طاق پہ پورا کری پہر سمع اللہ لمن حمدہ کہتا ہوا سر اوٹہاوی اور جب سیدہا کہڑا ہوجاوی تو قیام مین ربنا لک الحمد کہی

ان كان منفردا ثم يكبر للسجود مع الانحطاط وان لم يكبر حال الانحطاط لا يكبر في السجدة لفوات محله ثم

اگر مصلی منفرد ہو پہر سجدہ کی لئی جہکتا ہوا تکبیر کہی اور اگر اتفاقا جہکتی وقت تکبیر رہ گئی تو سجدہ مین جاکر نہ کہی اسواسطی کہ اوسکا محل ہولیا پہر

يضع يديه على الارض مع ضم اصابعه ولا يندب ضم الاصابع الا في هذه الحالة ثم يضع وجهه بين كفيه

اپنی دونو ہاتہہ اونگلیان ملاکر زمین پر رکہی اور اونگلیون کا ملانا سوا اس محل کی کہین مستحب نہین ہی پہر اپنی پیشانی دو ہاتہون کی بیچ مین

بحيث يكون ابهاماه حذاء اذنيه ويبدي ضبعيه الا في الازدحام ويجافي بطنه عن فخذيه ويوجه اصابع

اسطور پر رکہی کہ اوسکی دونو انگوٹہی کانون کی برابر رہین اور دونو بہلو کو ظاہر کردی اگر انبوہ نہو اور اپنی پیٹ کو دونو ران سی الگ رکہی اور پانو کی اونگلیان

رجليه نحو القبلة ويقول في سجوده سبحان ربي الاعلى ثلث مرات وذلك ادنى كمال السنة حتى يكره

قبلہ کی طرف رکہی اور سجدہ کی اندر سبحان ربی الاعلی تین مرتبہ کہی اور یہہ کمال سنت کا ادنی درجہ ہی یہان تک کہ اس سی کم کرنا مکروہ ہی

ان ينقص منها وان زاد عليها فهو افضل ان كان منفردا وكان اتمامه على وتر والمرأة في السجود كالرجل الا انها

اور اگر اس سی زیادہ کہی تو افضل ہی اگر مصلی منفرد ہو اور اتمام اسکا عدد طاق پہ ہو اور عورت سجدہ کرنی مین مثل مرد کی ہی پر اتنا فرق ہی

لا تبدي ضبعيها ولا تجافي بطنها عن فخذيها بل تلزق بطنها بفخذيها لكونه استر لها وتمام السجدة يكون

کہ عورت اپنی پہلو کو ظاہر نکری اور نہ پیٹ کو ران سی جدا رکہی بلکہ اپنی پیٹ کو ران سی ملا رکہی کیونکہ یہہ زیادہ پردہ پوش ہی اور پورا ہونا سجدہ کا

بوضع الجبهة والانف ويكره باحدهما وكذا يكره السجود على كور عمامته ان كان كورها متصلا بالجبهة

پیشانی اور ناک دونو کی ٹکانی پر ہی ایک پر مکروہ ہی اور ایسا ہی سجدہ پگڑی کی پیچ پر مکروہ ہی اگر پیچ پگڑی کا پیشانی پر آیا ہوا ہو

ولم يكن غليظا بحيث يوجد حجم الارض ولو لم يكن متصلا بجبهته بل كان فوق الجبهة او كان غليظا لا يوجد

اور موٹا نہو ایسا کہ زمین کی سختی محسوس ہوتی ہو اور اگر وہ پیچ پیشانی پر نہو بلکہ پیشانی سی اوپر ہو یا اتنا موٹا ہو کہ زمین کی

فيه حجم الارض لا يجوز وكذا لا يجوز السجود على كل شئ لا يوجد فيه حجم الارض كالقطن المحلوج والثلج والدخن

سختی اسمین معلوم نہوتی ہو تو سجدہ جائز نہین ہی اور ایسی ہی سجدہ ایسی ہر شئ پر جائز نہین ہی جسمین سختی زمین کی محسوس نہو جیسی دہنی ہوئی روئی اور برف اور چینا

ونحو ذلك لعدم استقرار الجبهة على الارض او ما يتصل بها ووضع اليدين والركبتين على الارض في السجدة ليس

اور مانند اسکی کیونکہ پیشانی زمین پر یا جو زمین کی مثل ہی نہین ٹہیرتی اور دونو ہاتہہ اور دونو گہٹنون کا زمین پہ رکہنا سجدہ مین فرض نہین

بفرض بل هو سنة واما وضع القدمين فقد ذكر القدوری والكرخی والخصاف انه فرض حتى لو سجد ولم يضع قدميه

ہی بلکہ سنت ہی اور رہا دونو پانو کا رکہنا سو قدوری اور کرخی اور خصاف کہتی ہین کہ فرض ہی یہان تک کہ اگر سجدہ کو کیا اور دونو پانو

او احدهما على الارض بل رفعهما عن الارض لا يجوز ولو وضع احدهما يجوز لكن يكره وذكر التمرتاشی ان وضع اليدين

یا ایک پانو زمین پہ نہ لگایا بلکہ دونو کو زمین سی اوٹہائی رہا تو جایز نہین ہی اور اگر ایک پانو بہی لگائی رکہا تو جایز ہی پر مکروہ اور تمرتاشی کہتا ہی رکہنا دونو ہاتہہ کا

والقدمين سواء في عدم الفرضية وقال اكمل الدين في شرح الهداية هو الحق وذكر في شرح المنية انه بعيد عن الحق

اور دونو پانو کا فرض نہونی مین برابر ہین اور اکمل الدین شرح ہدایہ مین کہتا ہی یہہ ہی حق ہی اور شرح منیہ مین یون مذکور ہی کہ یہہ حق سی بعید ہی

والمراد بوضع القدمين على ما ذكر في الخلاصة وضع اصابعهما والمراد بوضع الاصابع توجيهها نحو القبلة ليكون الاعتماد

اور دونو پانو رکہنی سی موافق بیان خلاصہ کی پانو کی اونگلیون کا لگانا مراد ہی اور مراد اونگلیون کی رکہنی سی اونگلیون کا متوجہ رکہنا قبلہ کی طرف ہی تاکہ اونپر زور رہی

عليها حتى لو وضع ظهر القدمين ولم يوجه اصابعهما او احدهما نحو القبلة لا يصح سجوده وهذا مما يجب حفظه

یہان تک کہ اگر پشت دونو پانو کی زمین پر رکہی اور اونگلیان دونو پانو کی یا ایک پانو کی قبلہ کی طرف نہ رکہی تو اوسکا سجدہ صحیح نہین ہی اسکا لحاظ واجب ہی

واكثر الناس عنه غافلون ثم يرفع راسه مكبرا ويقعد ويضع يديه على فخذيه فاذا اطمأن جالسا وسكن

اور اکثر لوگ اس امر سی غفلت کرتی ہین پہر تکبیر کہتی ہوئی سر اوٹہا کر بیٹہہ جاوی اور دونو ہاتہہ رانون پر رکہی جب بیٹہی ہوئی اطمینان ہوجاوی اور حرکت اعضا کی

اضطراب اعضاءه بان يمكث مقدار تسبيحة يكبر ويسجد سجدة ثانية كالسجدة الاولى واختلفوا في مقدار

باقی نرہی اسطور کہ باندازہ ایک تسبیح کی زمانہ گذرجاوی تو تکبیر کہہ کر دوسرا سجدہ پہلی سجدہ کی طرح پر کری اور اسمین اختلاف ہی

الرفع من السجدة الاولى للسجدة الثانية والاصح على ما ذكر في الهداية ان كان الى السجدة اقرب لا يجوز لانه لا يعد

کہ پہلی سجدہ سی دوسری سجدہ کی واسطی کتنا اونہی اور اصح روایت موافق بیان ہدایہ کی یہہ ہی کہ اگر سجدہ سی قریب ہی تو سجدہ ثانی جایز نہین ہی اسلئی کہ جالس

جالسا فلا يتحقق السجدة الثانية بل يصير كانه سجد سجدة واحدة وان كان الى الجلوس اقرب يجوز لانه يعد

نہین شمار کیا جاتا سو سجدہ دوسرا ثابت نہین ہوتا بلکہ ایسا ہی گویا ایک ہی سجدہ کیا ہی اور اگر جلوس سی قریب ہی تو جایز ہی اسلئی کہ اب بیٹہا ہوا

جالسا فيتحقق السجدة الثانية وقيل اذا رفع راسه مقدار ما يمر الريح بين جبهته والارض يجوز لكن الاقتصار عليه

شمار کیا جاتا ہی سو دوسرا سجدہ ثابت ہوجاتا ہی اور کوئی کہتا ہی اگر مصلی نی اتنا سر اوٹہایا کہ ہوا اوسکی پیشانی اور زمین کی بیچمین کو گذرجاوی تو جایز ہی پر اسی پر کفایت کرلینا

يكره اشد الكراهة لمخالفته ما واظب النبي عليه الصلوة والسلام مدة حيوته واذا فرغ من السجدة الثانية يكبر

سخت مکروہ ہی اسواسطی کہ ایسی امر کی مخالفت ہی جسکو نبی علیہ الصلوة والسلام زندگی بہر کرتی رہی اور جب دوسری سجدہ سی فارغ ہوچکی تو تکبیر کہی

ويقوم مستويا ولا يعتمد بيديه على الارض من غير عذر بل يعتمد على ركبتيه ويفعل في الركعة الثانية كما فعل في

اور سیدہا کہڑا ہوجاوی اور بدون عذر کی اپنی ہاتہون کا زمین پر سہارا نہ دی بلکہ اپنی گہٹنون پر سہارا کر کر کہڑا ہوجاوی اور دوسری رکعت مین وہ ہی عمل کری جو اول

الركعة الاولى الا انه لا يفتتح ولا يتعوذ ولا يرفع يديه فاذا اتمها ورفع راسه من سجدتها الثانية يفترش رجله اليسرى

رکعت مین کرچکا ہی اتنا فرق ہی کہ تکبیر تحریمہ نکہی اور اعوذ باللہ نہ پڑہی اور نہ ہاتہہ اوٹہاوی جب دوسری رکعت پوری کرچکی اور اوسکی دوسری سجدہ سی اوٹہی تو بائیں پانو بچہا کر

ويجلس عليها وينصب رجله اليمنى ويوجه اصابعه نحو القبلة ويضع يديه على فخذيه ويبسط اصابعه ويوجهها

اوسپر بیٹہہ جاوی اور داہنا پانو کہڑا رکہی اور اسکی اونگلیان قبلہ کی طرف رکہی اور دونو ہاتہہ رانون پر رکہدی اور ہاتہون کی اونگلیون کو پہیلا کر قبلہ کی طرف کردی

نحو القبلة لان السنة توجيه الاعضاء الى القبلة ما استطاع والمراة تتورك بان تخرج رجليها من جانب الايمن

اسلئی کہ تمام اعضا کا قبلہ کی طرف جہان تک ہوسکی متوجہ کرنا طریق مسنون ہی اور عورت سرین پہ اسطور بیٹہی کہ دونو پانو داہنی طرف کو نکال کر

وتجلس على اليتها اليسرى لانه استر لها ثم يتشهد ويقول التحيات لله والصلوت والطيبت السلام عليك ايها

بائیں سرین پر بیٹھ جاوے کیونکہ اوسکے لیے اسمیں خوب پردہ ہے پھر تشہد پڑھے یہہ کہے سلام ہے واسطے اللہ کے اور رحمت اور پاکیزگی اور سلام تمپر اے

النبي ورحمة الله وبركته السلام علينا وعلى عباد الله الصالحين اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان

نبی اور رحمت اللہ کی اور برکتیں اوسکی اور سلام ہمپر اور صلحاء بندگان الٰہی پر میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوا اللہ کی اور گواہی دیتا ہوں

محمدا عبده ورسوله ثم ان كان ما يصلي فرضا زائدا على الركعتين لا يزيد على هذا القدر من التشهد

کہ محمد بندہ اوسکا ہے اور رسول اوسکا پھر اگر وہ نماز فرض دو رکعت سے بڑھتی ہے تو اتنی تشہد سے زیادہ قعدۂ اولی میں کچھ نہ پڑھے

في القعدة الاولى بل يكبر ويقوم الى الركعة الثالثة بلا اعتماد بيديه على الارض ان لم يكن له عذر ثم

بلکہ تکبیر کہکر تیسری رکعت کی لیے کھڑا ہو جاوے بے عذر ہاتھ کا سہارا زمین پر نہ کرے پھر

انه في ما بعد الاوليين متخير ان شاء قرء الفاتحة فقط وهو افضل لكون قراءتها فيما بعد الاوليين

اسکو پچھلی رکعتوں میں اختیار ہے اگر چاہے فقط سورۂ فاتحہ پڑھے یہہ تو افضل ہے اسواسطے کہ سورۂ فاتحہ کا پڑھنا پچھلی رکعتوں میں

سنة في ظاهر الرواية حتى لو تركها او ضم اليها سورة سهوا لا يلزمه سجود السهو وان شاء سبح ثلث

سنت ہے ظاہر الروایت میں یہانتک کہ اگر سورۂ فاتحہ کو ترک کرے یا اوسکے ساتھ سہو سے کوئی سورت ملادے تو سجدہ سہو کا نہیں آتا اور اگر چاہے تین بار تسبیح کہے

مرات وان شاء سكت مقدارها الا انه ان سكت عمدا يكون مسيئا لترك السنة وان لم يكن ما يصلي

اور اگر چاہے اتنی دیر چپکا کھڑا رہے پر اتنا ہے کہ اگر عمدا چپکا کھڑا رہیگا تو اچھا نہیں اسلیے کہ ترک سنت ہوتا ہے اور اگر وہ نماز فرض نہیں ہے

فرضا بل كان نفلا او سنة مؤكدة مثل سنة الظهر والجمعة لا يكون مخيرا بين هذه الثلثة بل يتعين عليه

بلکہ نفل ہو یا سنت مؤکدہ ہو جیسے ظہر کی اور جمعہ کی سنتیں تو اب ان تینوں امر میں اختیار نہیں ہے بلکہ اوسپر پڑھنا

قراءة الفاتحة مع ضم سورة اليها لكون القراءة فرضا في جميع ركعات النفل والسنة ثم انه في النفل يزيد على

سورۂ فاتحہ کا معہ ملانی کسی سورت کی مقرر ہے اسلیے کہ نفل اور سنتوں کی تمام رکعتوں میں قراءت فرض ہے پھر مصلی نفلوں کی قعدۂ اولی میں تشہد پر

جسکو توقع زیست کی نرہی تو اوسکو چاہئی کہ استغفار بہت کیا کری اور اپنی گناہوں سی توبہ کری اور اپنی دل مین یہی خیال رکہی کہ دنیا مین سی میرا یہہ ہی وقت آخر ہی

من الدنیا ویجتهد ان یختمها بخیر ویسارع فی قضاء دینه لئلا یبقی فی قبره مرتهنا بدینه کما اخبر به النبی علیه الصلوة والسلام

اور یہہ ہمت کری کہ اوسوقت کو خیر پر تمام کری اور جلدی سی اپنا قرض ادا کرنی تاکہ قبر کی اندر قرض مین الجہا نہ پڑا رہی چنانچہ حدیث مین آیا ہی

وقال نفس المؤمن معلقة بدينه حتى يرضى عنه ويبادر في اداء سائر الحقوق الى اهلها من رد المظالم والودايع والعواري

فرمایا مؤمن کی جان قرض مین الجہی رہتی ہی جبتک قرض خواہ راضی ہووی اور جلدی سی تمام حقداروں کی حق ادا کری ناحق لیا ہوا پہیردی اور امانتین اور مانگی ہوئی چیزین

واستحلال اهله من زوجته ووالديه واولاده وغلمانه وجيرانه واصدقائه وكل من كان معه معاملة او صحبة

اور اپنی اہل سی یعنی اپنی بیوی اور ماباپ اور اولاد اور غلاموں اور ہمسایوں اور دوستوں سی اور جسکی ساتہہ کچہہ معاملہ رہا ہو یا ہمنشینی سو حق معاف کرالی

ويوصي بما لا يتمكن من ادائه في الحال حتى لو كان عليه حق من حقوق الله تعالى كالصلوة والزكوة والصوم والحج

اور جو حق کہ بالفعل ادا نہین ہو سکتا اوسکی وصیت کردی یہانتک کہ اگر اوسکی ذمہ حقوق اللہ ہوں جیسی نماز اور زکوۃ اور روزہ اور حج وغیرہ

وغيرها يجب عليه ان يوصي لهذه الحقوق بثلث ماله ان احتيج اليه وان لم يكن عليه حق من هذه الحقوق لا

تو اوسپر واجب ہی کہ واسطی ادا ان حقوق کی تہائی مال مین سی وصیت کردی اگر مال کی حاجت ہووی اور اگر اوسکی ذمہ ایسی حقوق نہین ہین تو اوسپر اور کوئی

يجب عليه الوصية بل ينبغي له ان ينظر الى حال الورثة فانهم ان كانوا صغارا فالافضل له ترك الوصية وكذلك

کوئی وصیت واجب نہین ہی بلکہ اوسکو یہہ چاہئی کہ ورثہ کی حال کو لحاظ کری کیونکہ اگر ورثہ بچی ہین تو افضل یہہ ہی کہ وصیت نکری اور ایسی ہی

لو كانوا كبارا وهم فقراء ولا يستغنون بحصتهم من التركة كان ترك الوصية افضل له وان كانوا اغنياء او يستغنون

اگر بالغ ہوں لیکن ایسی محتاج کہ ترکہ مین سی اپنا اپنا حصہ لیکر بہی غنی نہووین تو بہی وصیت نکرنی افضل ہی اور اگر غنی ہوں یا ترکہ مین سی

بحصتهم من التركة فالافضل له ان يوصي باقل من الثلث فيما هو طاعة لا معصية فيه فيبدأ بمن ليس بوارث

اپنا اپنا حصہ لیکر غنی ہوجاوین تو اب افضل یہہ ہی کہ تہائی مال سی کم کی ایسی وصیت کری جو طاعت ہو اوسمین کوئی معصیت نہو پہر اپنی قرابتیوں مین سی ایسی سی شروع کری

ان كانوا فقراء وان لم يكونوا فقراء بل كانوا اغنياء فبالجيران وقدر الاستغناء عند ابي حنيفة على ما ذكر في قضايا الخلاصة والبزازية ان يبقى

اگر وہ محتاج ہوں اور اگر محتاج نہوں بلکہ غنی ہوں تو ہمسایوں سی شروع کری اور مقدار استغنا کی امام ابو حنیفہ کی نزدیک موافق اوسکی جو خلاصہ اور بزازیہ کی وصایا مین مذکور

لكل وارث بعد الوصية اربعة الاف وعن الفضلي عشرة الاف وبعد الوصية ينبغي له ان يحسن

کہ وصیت اداکر چار ہزار ہر یک وارث کی لئی بچ رہین اور فضلی سی یہہ روایت ہی کہ دس ہزار بچتی رہین اور وصیت کرنی کی بعد چاہئی کہ اپنا گمان

ظنه بالله تعالى بانه يرحمه ويغفر ذنوبه ويستحضر في ذهنه انه حقير في مخلوقاته تعالى

جناب الہی مین درست کری کہ مجہہ پر اللہ رحمت ہی کریگا اور میری گناہ معاف ہی کریگا اور اپنی دلمین یہہ خیال کری کہ اوسکی مخلوقات مین سب سی کمینہ ہوں

وانه تعالى غني عن عذابه وطاعته وينبغي له ان يكون مشغولا بقراءة ايات من القران العظيم في الرجاء

اور اللہ تعالی کو میری عذاب اور طاعت کی کچہہ پرواہ نہین ہی اور چاہئی کہ قرآن شریف کی وہ آیات جنمین رجا اور امیدواری ہی پڑہی

او يقرأها غيره عنده وهو يسمع وكذلك يستقرئ احاديث الرجاء او يقرأ غيرها عنده و

یا اسکی پاس اور لوگ پڑہین یہہ سنتا رہی اور ایسی ہی رجا کی حدیثین پڑہی یا اور لوگ اسکی پاس پڑہین اور

هو يسمع وحكايات الصالحين واثارهم عند الموت وينبغي له ان يحافظ على الصلوات الخمس و

یہہ سنتا رہی اور صلحاء کی قصی اور اونکی مرتی دم کی حالات سنی اور اوسکو چاہئی کہ پنجگانہ نماز کی اور

غيرها من وظائف الدين بقدر طاقته فانه اذا عجز عن القيام في الصلوة يصلي

سوائی اوسکی اور وظائف دین کی طاقت کی موافق محافظت کئی جاوی بیشک اگر وہ نماز مین قیام سی تہک رہی

قاعدا بركوع وسجود وان لم يقدر على الركوع والسجود يصلي بالايماء قاعدا ويجعل سجوده

تو بیٹہہ کر رکوع اور سجود کی ساتہہ پڑہی اور اگر رکوع اور سجود کی قدرت نہو تو بیٹہہ کر اشارہ سی پڑہی اب سجدہ کو بہ نسبت رکوع کی

اخفض من ركوعه ليحصل الفرق بينهما وان لم يقدر على القعود يصلي بالايماء

پست کری تاکہ دونوں مین فرق رہی اور اگر بیٹہنی کی قدرت نہو تو کروٹ پر پڑا ہوا اشارہ سی پڑہی

حاشیہ: والعواري — عاریتاً — اوصحبة — مثلاً — ان يبقى

مضطجعا او مستلقیا لان الطاعة بحسب الطاقة لقوله تعالی لا یکلف الله نفسا الا وسعها ویجتنب النجاسات ما استطاع

یا چت لیٹکر سالئی کہ طاعت بقدر طاقت ہوتی ہی اس آیت سی تکلیف نہین دیتا اللہ کسی کو مگر جو اوسکی گنجایش ہے اور گندگی سی جہانتک ہوسکی بچی

حتی اذا عجز عن استعمال الماء یصلی بالتیمم واذا کان علی بدنه او ثوبه او موضع صلوته نجاسة وعجز عن ازالتها یصلی معها

یہان تک کہ اگر پانی استعمال نکرسکے تو تیمم سی نماز پڑہی اور اگر اوسکی بدن پر یا کپڑی پر یا نماز کی جگہہ پر گندگے ہو اور پاک نکرسکے تو ویسی ہی نماز پڑہ لے

ولا یترك الصلوة ولا یؤخرها عن وقتها مادام عقله ثابتا خوفا من حضور اجل بغتة وقد حصل منه التقصیر فی اتیان

نہ تو نماز کو بالکل قضا کری اور نہ وقت سی تاخیر کری جب تک کہ اوسکی عقل قایم ہو کیونکہ یہہ خوف ہی کہ ناگاہ موت ایسی وقت نہ آجاوی کہ بقدر طاقت

ما وجب علیه بقدر استطاعته ولیحذر من التساهل فی ذلك اذ من اقبح القبائح ان یکون اخر عهده من الدنیا التی

واجبات کی ادا کرنی سی قاصر ہو اور اسوقت مین سستی سی حذر کری کیونکہ یہہ بڑی قباحت ہی کہ دنیا مین جو

هی مزرعة الاخرة التفریط فیما وجب علیه او ندب الیه ولیجتهد فی ختم عمره باکمل الحالات ویوصی اهله واصحابه

آخرت کا کہیت ہی اوسکی اخری وقت مین واجبات یا مستحبات کی ادا کی کوتاہی پائی جاوی اور چاہیئے کہ اپنی عمر کو اچھی سی اچھی حالت پر تمام کری اور اپنی اہل اور اصحاب کو

بالصبر والاحتمال علی ما یصدر منه فی مرضه ویوصیهم بالصبر وترك البكاء علیه ویقول لهم قد صح انه علیه الصلوة

اون چیز کا تہمل جو اوس سی بیماری مین واقع ہون صبر و تحمل کی وصیت کرے اور وصیت کری کہ صبر کرنا رونا پیٹنا نہین اور اسطور پند کری کہ صحیح روایت ہی کہ نبی علیہ السلام

والسلام قال المیت یعذب ببكاء اهله علیه فایاكم یا احبائی والسعی فی اسباب عذابی ویوصیهم ایضا باجتناب

نی فرمایا ہی میت کو اوسکی اہل کی رونی سی عذاب ہوتا ہی سو اے دوستو میری عذاب مین سعی کرنی سی بچیو اور یہہ وصیت کری کہ ماتم مین

ما جرت به العادة من البدع فی الجنائز ویؤكد علیهم ذلك وینبغی له ان یقول فی وقت بعد وقت متی رایتم منی تقصیرا

جو جو بدعات رسم ہو رہی ہین ہرگز نکرنی چاہیین اور خوب تاکید کردی اور چاہیئے کہ دم بدم یہہ سمجہاتا رہی جب تمکو میری کوئی قصور

فی شیء فنبهونی علیه برفق فانی معرض للغفلة والكسل والاهمال واذا قصرت فنشطونی وعاونونی علی اهبة سفری

معلوم ہو تو مجہکو نرمی سی جتادیا کرو کیونکہ مین اب غفلت اور کاہلی اور سستی مین مبتلا ہون اور جب مجہسی کوئی قصور ہو تو مجکو بچاؤ اور اس سفر کی سامان پر تیار کرو

هذا فاذا حضر الموت یوجه نحو القبلة علی شقه الایمن قال الزیلعی والمختار فی زماننا ان یلقی علی قفاه وقدماه

پہر جب دم نکلنے لگے تو داہنے کروٹ پر اوسکا مونہہ قبلہ کی طرف پہیر دین زیلعی کہتا ہی مختار اس زمانہ مین یہہ ہی کہ چت لٹا کر اوسکے پانو

الی القبلة ویرفع راسه قلیلا لیكون وجهه الی القبلة دون السماء وانما اختیر ذلك وان كان الاول سنة لكونه

قبلہ کی طرف کرکر کچہہ تہوڑا سا اوسکا سر اوبہار دین تاکہ اوسکا منہہ قبلہ کیطرف ہوجاوے آسمان کی طرف نرہی یہہ اسلئی مختار ٹہیرا ہے اگرچہ صورت اول مسنون ہی کہ

ایسر لخروج الروح ویلقن الشهادة لانه موضع یتعرض الشیطان فیه لافساد اعتقاده فیحتاج الی مذكر ومنبه علی

واسطی نزع روح کی آسان ہی اور کلمہ شہادت تلقین کرین کیونکہ اس وقت شیطان اوسکا اعتقاد خراب کرنیکو لپٹا رہتا ہے سو اب توحید یاد دلانی والی کے

التوحید وكیفیة التلقین ان یذكر عنده كلمة التوحید ولا یؤمر بها مخافة ان یضجر ویردها لكون الحال صعبا

حاجت ہی اور تلقین کا طریقہ یہہ ہے کہ اوسکو سنا کر کلمہ توحید پڑہین اوسکو نہ کہین کہ کلمہ پڑہ یہہ خوف ہی کہ دل تنگ ہوکر رد کردی کیونکہ اوسپر سختی کا

علیه واذا قالها مرة لا تعاد علیه الا ان یتكلم بكلام اخر فحینئذ یلقن مرة اخری حتی یكون اخر كلامه كلمة التوحید

وقت ہی اور جب وہ ایک بار بہی پڑہ لی تو پہر اوسپر اعادہ نکرین ہان اگر اوسکی بعد اور بات چیت ہو تو اب دوبارہ تلقین کرین تاکہ اوسکے آخر کلام کلمہ توحید ہو

واما التلقین بعد الموت فقد اختلفوا فیه فقیل یلقن لظاهر ما روی عن ابی سعید الخدری انه علیه الصلوة والسلام

اور بعد موت کی جو تلقین کرتی ہین اوسمین اختلاف ہی کوئی کہتا ہی تلقین کرنا چاہئی باعتبار ظاہر معنون روایت ابوسعید خدری کے کہ نبی علیہ السلام نے

قال لقنوا موتاكم لا اله الا الله وقیل لا یلقن لعدم الفائدة فیه بعد الموت لانه ان مات مؤمنا لا یحتاج الی التلقین

فرمایا اپنی موتا کو لا الہ الا اللہ تلقین کیا کرو اور کوئی کہتا ہی تلقین نکرین کیونکہ بعد موت کے اس مین کچہہ فائدہ نہین اسلئی کہ اگر وہ ایمان سی مرا تو اب تلقین کی کیا حاجت ہے

وان

وان مات کافرا لا یفید التلقین وما ذکر من الحدیث فالجواب عنه ان المراد بالموتی هم الذین حضرهم الموت وقیل لا

اور اگر کافر مرا ہی تو اوسکو تلقین سی کیا فایدہ اور یہہ حدیث جو مذکور ہوئی تو اوسکا جواب یہہ ہی کہ موتا سی مراد وہ آدمی ہین جو نزع کی حالت مین ہین اور کوئی

یومر به ولا ینهی عنه واذا مات یغمض عیناه ویشد لحیاه بعصابة عریضة من فوق راسه لان فیه تحسینا اذ لو ترک علی

کہتا ہی نہ تو تلقین کرنیکو امر کرین اور نہ منع کرین اور جب مر جاوے تو دونوں آنکہیں اوسکی بند کردین اور دونو جبڑی چوڑی پٹی سے سر پر باندہ دین کیونکہ اسمین خوبصورتی ہے اگر اوسکو

حاله یبقی فظیع المنظر ولا یومن من دخول الهوام فی جوفه والماء عند غسله ویمد اطرافه ویوضع علی بطنه حدید

اسی حال پر چہوڑ دین تو بدہیبت ہو نہ کہلا رہ جاوے پہر اس سے بچاو نہیں کہ اوسکی پیٹ مین کیڑا وغیرہ اور نہلاتی ہوی پانی بہر جاوی اور اوسکے ہاتہہ پانو کو سیدہے کردین اور پیٹ پر لوہا رکہدین

لئلا ینتفخ ویقول مغمضه بسم الله وعلی ملة رسول الله اللهم یسر علیه امره وسهل علیه ما بعده واسعده بلقائک واجعل

تاکہ پہول نجاوی اور آنکہین بند کرنیوالا یہہ پڑہی بسم الله وعلی ملة رسول الله اور رسول الله کے دین پر الٰہی اسپر اسکا حال سہل اور سہل کر اسپر اسکا مابعد اور اسکو اپنی دیدار سی سعادتمند کردے اور اسکے

ما خرج الیه خیرا مما خرج عنه ویکره قراءة القران عنده حتی یغسل ثم ان غسله شریعة قدیمة لما روی ان اٰدم النبی علیه

لئی وہ منزل جہان جاتا ہے اوس سے کہ جہان سے نکلتا ہے بہتر کردے اور اوسکے پاس قرآن پڑہنا مکروہ ہے جبتک نہلا چکین پہر نہلانا قدیمی طریقہ ہے اسواسطی کہ روایت ہے کہ آدم نبی

الصلوة والسلام لما قبض نزل جبریل علیه السلام بالملٰئکة وغسلوه وقالوا لولده هذا سنة موتاکم والمراد بالسنة المذکورة

علیه السلام جب موی تو جبریل علیه السلام فرشتون کو لیکر آیا اور اونکو نہلا کر اونکی بیٹی سی کہا یہہ تمہاری موتا کی سنت ہے اور سنت سے اسجگہ

ههنا الطریقة لان غسله واجب عملا بکلمة علی فی قوله علیه الصلوة والسلام للمسلم علی المسلم ستة حقوق ومن

طریقہ مراد ہی نہین تو میت کا غسل واجب ہے بلحاظ حرف علی کے جو اس حدیث مین واقع ہوا ہے مسلمان کی حقوق مسلمان پر چہہ ہین اونمین سے

جملتها ان یغسله بعد موته لکن اذا قام به البعض سقط عن الباقین لحصول المقصود فاذا ارید غسله یوضع علی سریر

ایک یہہ ہی کہ اوسکو مرنی کی پیچہی نہلاوی پر اس مین جب کوئی لگجاتا ہی تو باقی کی ذمہ سی ساقط ہوجاتا ہے کیونکہ مقصود جو تہا سو ہو چکا پہر جب اوسکے نہلانی کا ارادہ کرین تو تختہ پر

لینصب عنه الماء ویجمر سریره وترا تعظیما للمیت وازالة للرائحة الکریهة عنه وکیفیة التجمیر ان یدار المجمر حول السریر

لٹادین تاکہ اوس سی پانی بہ جاوے اور اوس تختہ کو طاق یعنی تین بار یا پانچ بار خوشبو کے دہونی دین اسمین میت کی تعظیم ہے اور بدبو دور ہوجاتی ہی اور دہونی کا یہہ طریقہ ہی کہ مجمر کو دہونی کے ساتہہ

بالبخور مرة او ثلثا او خمسا قال الزیلعی ولا یزاد علیها ویخلع ثیابه ویستر عورته لان سترها واجب والنظر الیها حرام لقوله علیه السلام

تختہ کی گرد ایکبار یا تین بار یا پانچ بار گردش دین زیلعی کہتا ہی اس سی زیادہ نہ پہرادین پہر اوسکی کپڑی اوتار دین اور عورت ڈہانپ دین کیونکہ ستر عورت واجب ہے اور اوسکا دیکہنا حرام ہے اسواسطے کہ

لعلی لا تنظر الی فخذ حی ومیت ویوضأ بلا مضمضة ولا استنشاق لان الوضوء سنة الغسل لکن فی المیت یترک المضمضة

علی کو فرمایا کہ نہ زندہ اور مردہ کی ران پر نگاہ مت کر یا پہر وضو کرا دین بدون کلی اور ناک کے پانی کے اسواسطے کہ وضو غسل مین مسنون ہے لیکن میت کے غسل مین کلی

والاستنشاق لتعذر اخراج الماء منه فیبدأ بغسل وجهه لا بغسل یدیه ولا یؤخر غسل قدمیه واختلف فی استنجاءه و

اور ناک کا پانی متروک ہے اسلئے کہ پہر پانی کا نکالنا دشوار ہی پہر پہلی پہل منہہ دہوین پہلی ہاتہہ نہ دہوین اور پانو کا دہونا پیچہا پر نہ رکہین اور میت کے استنجا اور

مسح راسه والصحیح انه یستنجی ویمسح راسه لکن الغاسل لا یمس عورته لان مس العورة حرام بل

سر کی مسح مین اختلاف ہے صحیح یہہ ہے کہ استنجا اور سر کا مسح بہی کرین پر نہلانی والا اوسکی عورت کو نہ چہوی اسلئے کہ عورت کا چہونا حرام ہے بلکہ

یلف خرقة علی یده ویغسل المخرج حتی یطهر ثم یفاض علیه الماء مغلی بسدر او حرض وان لم یوجد ماء

اپنی ہاتہہ پر کپڑا لپیٹ کر مخرج کو اتنا دہووی کہ پاک ہوجاوی پہر اوسپر بیری کی پتو کا یا اشنان کا جوش دیا ہوا پانی بہادین اور اگر ایسا پانی نہ ملے

کذلک یغسل بالماء القراح وهو الخالص لان المقصود الذی هو الطهارة یحصل به واما اذا وجد فالترتیب

تو خالص پانی سی نہلا دین کیونکہ اصل مقصود یعنی طہارت اس مین سے بہی حاصل ہے ہان اگر میسر آوی تو پہر ترتیب موافق

علی ما ذکر فی مبسوط شیخ الاسلام وهو مروی عن ابن مسعود رض ان یبدأ بالماء القراح حتی یبتل ما علی

بیان شیخ الاسلام کے جو مبسوط مین ہی اور وہ روایت ہی ابن مسعود سے یون ہے کہ اول غسل خالص پانی سی تاکہ جو کچہہ بدن پر

البدن من الدرن والنجاسة ثم بماء السدر او الحرض لیزول ما علی البدن لکونه ابلغ فی التنظیف ثم بماء فیه
میل کچیل نجاست ہی سو بہیگ کر پہول جاوی پہر بیری یا اشنان کی جوش دی ہوئی پانی سی تاکہ جو بدن پر ہی سو چہوٹ جاوی کیونکہ اسمین نظافت خوب ہوتی ہی پہر کافور
کافوران وجد تطییبا لبدن المیت ثم یغسل راسه ولحیته بالخطمی لانه ابلغ فی استخراج الوسخ لکونه مثل الصابون فی التنظیف
ملی ہوئی پانی سی اگر میسر ہو تاکہ میت کا بدن خوشبو ہو جاوی پہر اوسکا سر اور ڈاڑہی گل خیرو مین دہو دین کیونکہ اسمین میل خوب چہوٹتا ہی اسلئی کہ خطمی صابون کی مانند صاف کرتا ہی
وان لم یوجد فبالصابون ثم یضجع علی یساره ویغسل حتی یصل الماء الی ما یلی التخت منه ولا یکب علی وجهه لیغسل ظهره
اور اگر یہہ نہ ملی تو صرف صابون سی پہر بائیں کروٹ پہ لٹا کر اتنا نہلا دین کہ پانی نیچی کی طرف تختہ تک بہہ جاوی اور پیٹہہ دہونی کی لئی منہہ کی بل اوندہا نہ کر دین
ثم یجلسه الغاسل ویسنده الیه ویمسح بطنه برفق وان خرج منه شیء یغسله ولا یعید غسله ولا وضوءه لان غسله
پہر اوسکو نہلا نیوالا اپنی سہارےسی بیٹہا کر نرم نرم پیٹ کو ملدی اور اگر پیٹ مین سی کچہہ نکلی تو دہو دی اسّی نہ غسل کا اعادہ ہی اور نہ وضو کا اسواسطی کہ اوسکا غسل
عرف بالنص وهو قوله علیه الصلوة والسلام للمسلم علی المسلم ستة حقوق وذکر منها غسله بعد موته وقد حصل مرة فلا یعاد
جو نص سی اسحدیث مین ثابت ہوا ہی واسطی مسلمان کی مسلمان پر چہہ حق ہین اونمین غسل میت کو بہی ذکر فرمایا سو ئی ایکبار ہو لیا پہر اعادہ نہین ہی
ثم ینشف بثوب لئلا یبتل اکفانه ویجعل علی راسه ولحیته الحنوط وهو عطر مرکب من اشیاء طیبة ولا باس بسائر انواع الطیب
پہر کپڑی سی پونچہہ دین تاکہ کفن تر نہو جاوی اور اوسکی سر اور ڈاڑہی پر ارگجہ خوشبو مرکب لگا دین حنوط خوشبو ہی کئی خوشبو چیزونسی مرکب ہوتی ہی اور سب قسم کی خوشبوئونکا
غیر الزعفران والورس فانهما یکرهان فی حق الرجال دون النساء ویجعل الکافور علی مساجده وهی جبهته وانفه ویداه و
سواء زعفران اور ورس کی کچہہ ڈر نہین ہی یہہ دونو مردون کی حق مین مکروہ ہین عورتون کی لئی مکروہ نہین اور مساجد پہ کافور لگا دین اور مساجد اوسکی پیشانی ہی اور ناک اور دونو ہاتہہ
رکبتاه وقدماه لانه کان یسجد بهذه الاعضاء فکانت اولی بزیادة الکرامة ولا یسرح شعره ولحیته ولا یقص ظفره
اور دونو گہٹنی اور دونو قدم اسلئی کہ ان اعضاء پر سجدہ کرتا تہا اسواسطی زیادتی تعظیم کی یہہ ہی اعضاء لایق تر ہین اور بالون مین اور ڈاڑہی مین کنگہی نہ کرین اور نہ ناخن تراشین
وشعره لان هذه الاشیاء انما تفعل للزینة وقد استغنی عنها وما روی انه علیه الصلوة والسلام قال اصنعوا بموتاکم
اور نہ بال کترین کیونکہ یہہ سامان زینت کی ہین سو اسکی کچہہ حاجت نہین رہی اور یہہ جو روایت ہی کہ نبی علیه السلام نی فرمایا سنگار بناؤ اپنی موتا کا
کما تصنعون بعروسکم محمول علی التطییب والتطهرة لا علی التنقیص وازالة الجزء لکون ذلك غیر مسنون فی المیت وروی
جیسی سنگار کرتی ہو اپنی دلہنون کو سو محمول ہی خوشبو اور طہارت پر ناقص کرنی پر اور جزکی دور کرنی پر نہین کیونکہ یہہ امور میت کی حق مین غیر مسنون ہین اور
عن ابی حنیفة وابی یوسف ان الظفر ان کان منکسرا فلا باس باخذه ومن مات ولم یوجد ماء لیغسل یتیمم ویصلی علیه ثم
ابو حنیفہ اور ابو یوسف سی روایت ہی کہ ناخن اگر ٹوٹا ہو تو اوسکی کترنیکا کچہہ مضائقہ نہین اور اگر کوئی شخص مر جاوی اور پانی غسل کو نہ ہاتہہ آئی تو اوسکو تیمم کرا دین اور نماز پڑہین پہر
ان وجد ماء یغسل وتعاد صلوته وقیل لا تعاد وان جری الماء علی المیت او اصابه مطر عن ابی یوسف انه لا ینوب عن الغسل
اگر پانی مل جاوی تو نہلا دین اور نماز دوبارہ پڑہین اور کوئی کہتا ہی کہ پہر نہ پڑہین اور اگر میت پر خود بخود پانی بہہ گیا یا مینہہ مین بہیگ گیا تو ابو یوسف سی روایت ہی کہ قایم مقام غسل کا نہین
لانا امرنا بالغسل وجریان الماء واصابة المطر لیس بغسل والغریق یغسل ثلاثا فی قول ابی یوسف وعند محمد فی روایة ان
ہوتا کیونکہ ہمکو حکم غسل دینی کا ہی اور پانیکا بہنا اور مینہہ مین بہیگنا کچہہ غسل نہین ہی اور ڈوبی ہوئی کو ابو یوسف کی قول پر تین بار غسل دین اور محمد کی قول کی موافق ایک روایت مین اگر
نوی الغسل عند الاخراج من الماء یغسل مرتین وان لم ینو یغسل ثلاثا وفی روایة عنه یغسل مرة واحدة وغاسل المیت
پانی مین سی نکالتی ہوئی غسل کی نیت کی ہو تو پہر دو بار نہلا دین اور اگر نیت غسل کی نہین کی تو تین بار نہلا دین اور ایک روایت مین اونسی کہ ایک ہی دفعہ نہلا دین اور میت کا نہلانیوالا
ینبغی ان یکون علی طهارة وان یکون اقرب الناس الیه وان لم یوجد فاهل الورع والصلاح واذا تم غسله یکفن ولکل واحد
چاہئی کہ باوضو ہو اور میت کا سب سی زیادہ ترقریب ہو اور اگر ایسا شخص موجود نہو تو کوئی خدا ترس اور پرہیزگار ہو اور جب نہلا چکین تو کفن پہنا دین اور ہر ایک
من الرجل والمراة کفن السنة وکفن الکفایة وکفن الضرورة فی حقهما ما یوجد وکفن السنة للرجل قمیص وازار ولفافة
کی لئی عورت ہو یا مرد ایک تو کفن سنت ہی اور ایک کفن کفایت ہی اور لاچاری کا دونو کی لئی وہ ہی جو میسر آجاوی اور کفن سنت مرد کا قمیص یعنی کفنی اور تہبند اور چادر لپیٹ کی

٠١٦

فالقميص من المنكبين الى القدمين بلا دخريص ولاجيب ولاكمين وكل واحد من الازار واللفافة من الفرق الى

پس قمیص دونو مونڈہون سی پانوون تک بی کلی اور گریبان اور بی آستینونکے اور دونو یعنے تہبند اور پوٹ کی چادر سر سے

القدم فاذا اريد تكفينه يبسط اللفافة اولا ثم الازار ثم القميص ثم يوضع الميت فيه ويقمص ثم يعطف

پانو تک ہین جب کفن پہنا وین تو پہلی پوٹ کی چادر بچہا دین پہر اوسکی اوپر تہبند پہر اوسکے اوپر قمیص پہر اوسکے اوپر میت کو لٹا کر قمیص پہنے کفنے پہنا دین پہر تہبند

الازار من جهة اليسار ثم من جهة اليمين ثم اللفافة كذلك وان خيف انتشار الكفن يعقد صيانة عن

پہلی بائین طرف سی لپیٹین پہر داہنی طرف سی پہر پوٹ کی چادر اسیطور پر اور اگر کفن کے اوڑنی کا خوف ہو تو گرہ لگادین مبادا

الكشف وكفن الكفاية له ازار ولفافة ويكره اقل من ذلك الا عند الضرورة وكفن السنة للمرأة درع وخمار

کہل جاوی اور کفن کفایت مرد کے واسطے تہبند اور پوٹ کے چادر ہی اتنی کم تر مکروہ ہے مگر لاچاری کو اور کفن سنت عورت کی لئی پیراہن اور اوڑہنے

وازار ولفافة وخرقة تربط على ثدييها فانها تلبس الدرع اولا ثم يجعل شعرها ضفيرتين على صدرها فوق الدرع

اور تہبند اور پوٹ کی چادر اور دامنی جس مین اوسکی پستان چہپا دین پس عورت کو پہلے پیراہن پہنا دین پہر اوسکی بالونکی دو لٹین کر کر پیراہن کی اوپر دونو طرف سینہ پر

ثم يوضع الخمار على راسها منشورة كالمقنعة فوق ذلك ثم يعطف الازار واللفافة كما ذكر في حق الرجال ثم تربط الخرقة

پہر اوڑہنے اوسکے سر پر مقنع کی طور پر درع کی اوپر پہیلا کر اوڑہا دین پہر ازار اور لفافہ کو اوسیطور پر جو مردونکی حق مین مذکور ہوا لپیٹ دین پہر دامنی اوپر سینہ کے

فوق الاكفان وعرضها ما بين الثدي الى السرة وكفن الكفاية لها ازار ولفافة وخمار ويكره اقل من ذلك الا عند

سب کفنون کی اوپر لپیٹ دین اسکا عرض پستان سی ناف تک چاہیے اور کفن کفایت عورت کا تہبند اور پوٹ کی چادر اور اوڑہنے اس سی کمتر مکروہ ہے مگر

الضرورة ويجمر الاكفان قبل ان يدرج فيها الميت وترا ولا يزاد على خمس على ما ذكره الزيلعي وقال المرغيناني على ما ذكر

لاچاری کو اور کفنونکو میت کی داخل کرنی سی پہلی خوشبو کی دہونی دین طاق اور پانچ بار سی زیادہ موافق بیان زیلعی کی نہین اور مرغینانی موافق اوسکے جو منیہ کے

في شرح المنية ان كان في المال كثرة وفي الورثة قلة فكفن السنة اولى والا فكفن الكفاية اولى مع جواز كفن

شرح مین مذکور ہی کہتا ہی اگر ترکہ بہت ہو اور وارث کم ہون تو کفن سنت اولی ہی اور نہین تو کفن کفایت اولی ہے اگرچہ کفن سنت توبہی

السنة والمراهق في الكفن بمنزلة البالغ والطفل الذي لم يبلغ حد الشهوة فالاحسن ان يكفن فيما يكفن البالغ وان

جائز ہی اور مراہق کفن کی باب مین بجای بالغ کی ہی اور وہ لڑکا جو ابہی حد شہوت کو نہین پہونچا تو بہتر یہ ہے کہ اوسکو کفن بالغ کا دیوین اور اگر

كفن في ثوب واحد يجوز وبعد تكفينه يصلى عليه والصلوة عليه فرض كفاية ان اداها البعض ولو رجلا واحدا

اوسکو ایک ہی کپڑیکا کفن دیوین توبہی جائز ہی اور کفنا کر اوسپر نماز پڑہین اور نماز جنازہ فرض کفایہ ہی اگر کوئی بہی ادا کردی اگرچہ ایک ہی مرد یا

او امرأة واحدة تسقط عن الباقين والا يأثم الكل واذا حمل على سريره فالسنة ان يحمله اربعة نفر من جوانبه الاربعة

ایک ہی عورت ہو تو سب کے ذمہ سی ساقط ہو جاتی ہی اور نہین تو سب گنہ گار ہوتی ہین اور جب اوسکو جنازہ پر اوٹہا لی چلین تو مسنون یہ ہے کہ چار آدمی چارون طرف سی اوٹہا دین

اذ فيه تخفيف للحاملين وصيانة للميت عن السقوط والانقلاب وتكثير الجماعة حتى لو لم يتبعه احد يكون هؤلاء

کیونکہ اس مین اوٹہانی والونکو تخفیف ہی اور میت کی گرنی سی اور الٹی پلٹنی سی حفاظت ہی اور جماعت کثیر ہو جاتی ہے یہانتک کہ اگر اور کوئی ساتہہ نہ چلے تو یہی

جماعة ويسرعون به في المشي بلا خبب وعند كثرة الناس وتناوبهم في حمله يستحب لكل من يحمله ان يحمله من كل جانب

جماعت ہے اور چلنی مین جلدی کرین دوڑین نہین اور کثرت انبوہ مین اگر باری باری اوسکو لی چلین تو ہر ایک کو چارون طرف سی

عشر خطوات لقوله عليه الصلوة والسلام من حمل جنازة اربعين خطوة كفرت عنه اربعين كبيرة وكيفية حمله

دس دس قدم لی چلنا مستحب ہے واسطے ارشاد نبی علیہ السلام کی جو کوئی جنازہ چالیس قدم لی چلتا ہے تو اوسکے چالیس کبیرہ گناہ معاف ہو جاتی ہین اور لی چلنی کی کیفیت

ان يبتدئ بالمقدم الايمن ويضعه على عاتقه الايمن ثم بالمؤخر الايمن ويضعه على عاتقه الايمن ثم بالمقدم الايسر

یہ ہی کہ پہلی اگلی داہنی جانب اوٹہا کر اپنی داہنے مونڈہے پر رکہی پہر پچہلی داہنے جانب اپنی داہنی مونڈہی پر رکہی پہر اگلی بائین جانب اپنی

ويضعه على عاتقه الايسر ثم بالمؤخر الايسر ويضعه على عاتقه الايسر فالافضل لبقية الناس مشيهم خلفه لانه ابلغ

بائیں مونڈھے پر رکھے پھر پچھلی بائیں جانب اپنی بائیں مونڈھے پر رکھے اور باقی لوگوں کو یہہ افضل ہے کہ جنازہ کے پیچھے پیچھے چلیں کیونکہ عبرت پکڑنے

في الاتعاظ واذا بلغوا قبره يكره لهم الجلوس قبل وضعه على الارض ولا يكره بعد وضعه هذا في حق من يمشي مع الجنازة

کی لئے بہت خوب ہے اور جب قبر تک پہنچیں تو اونکو مکروہ ہے کہ جنازہ زمین پر اوتارنے سے پہلے بیٹھہ جاویں اور جب زمین پر اوتار لیں تو مکروہ نہیں یہہ اونکی حق میں ہے جو جنازہ کی ساتھہ جاتے ہیں

واما اذا ذهب قوم الى المصلى وجلسوا ينتظرونها فجيء بها فالصحيح انهم لا يقومون قبل الوضع وكذا من كان قاعدا على

اور اگر ایک قوم آگے جاکر نمازگاہ میں اوسکی منتظر بیٹھے ہوں پہر اوس جنازہ کو وہاں لیکر آویں تو صحیح یہہ ہے کہ یہہ قوم جنازہ زمین پر رکھنے سے پہلے کہڑے نہ ہوں اور ایسے ہی جو شخص رستہ پر بیٹھا ہو

الطريق فمرت به الجنازة الا اذا اراد ان يتبعها وما ورد في الاحاديث من القيام لها منسوخ ولا ينبغي لمن يتبعها

اور وہاں کو جنازہ آجاوے ہاں اگر جنازہ کی ساتھہ جانیکا ارادہ کرے تو کہڑا ہو جاوے اور وہ جو حدیثوں میں جنازہ کی لئے کہڑا ہونا آیا ہے سو منسوخ ہے اور ساتھہ جانیوالوں کو نہیں چاہئے

ان يرجع قبل ان يصلي عليها وبعد ان يصلي عليها قالوا لا يرجع الا باذن اهلها وذكر في المحيط ان الرفيق يسعه الرجوع

کہ نماز جنازہ سے پہلے پہر چلے آویں اور بعد نماز کے بہی کہتے ہیں کہ بدون اجازت اہل جنازہ کے نجاویں اور محیط میں مذکور ہے کہ غلام کو مضایقہ نہیں کہ بے اجازت

بغير اذنهم وهو الاوجه والاولى على ما ذكر في شرح المنية ويحفر القبر واختلف في مقدار عمقه فقيل قدر نصف القامة

ولی میت کی چلا جاوے اور موافق مذکور شرح منیہ کے یہہ ہی ٹہیک راہ ہے اور قبر کہودیں اور اوسکے گہراو میں اختلاف ہے کوئی کہتا ہے بقدر نیم قد آدم

وقيل الى الصدر وان زادوا الى القامة فهو افضل واحسن ثم الافضل فيه اللحد وهو ان يحفر في جانب القبلة منه

اور کوئی کہتا ہے سینہ تک اور اگر برابر قد آدم گہری کریں تو افضل اور حسن ہے پہر اوس میں لحد بنانا افضل ہے لحد یہہ ہوتا ہے کہ قبر کی اندر قبلہ کی طرف گڑہا

حفيرة ويوضع الميت فيها وان كانت الارض رخوة فلا باس بالشق وهو ان يحفر في وسط الارض حفيرة كالنهر ويبنى جانباها

کہود کر اوسکی اندر مردہ کو رکہدیں اور اگر زمین بہت ہی کمزور ہو تو شق کا کچھہ مضایقہ نہیں شق یہہ ہے کہ قبر کی بیچوں بیچ نہر کی وضع پر گڑہا کہودیں اور اوسکی دونو پہلو

باللبن ويوضع الميت فيها وتسقف باللبن ولا يمس السقف الميت والسنة ان يوضع الميت في قبره من جانب القبلة

کچی اینٹ سے چن کر اوسکی اندر مردہ کو رکہیں اور کچی اینٹ سے چہاپ دیں اور چہت میت سے چہوتی نہ رہے اور طریق مسنون یہہ ہے کہ میت کو قبر میں قبلہ کی طرف سے اوتاریں

ولا تعيين في عدد الواضعين بل المعتبر حصول الكفاية وترا كانوا او شفعا ويقول جميعهم عند الوضع بسم الله و

اور اوتارنیوالوں کی گنتی مقرر نہیں ہے بلکہ یہہ ہی معتبر ہے کہ جسقدر کفایت کریں طاق ہوں یا جفت اور اوتارتے وقت سب کے سب یہہ پڑہیں بسم اللہ و

على ملة رسول الله ويوجه الى القبلة ولا يلقى على ظهره وتحل العقدة لانها كانت لخوف انتشار الكفن وقد حصل

علی ملۃ رسول اللہ اور میت کا منہہ قبلہ کیطرف پہیردیں چت نہ پڑا دیں اور گرہ کہولدیں کیونکہ گرہ تو اسلئے تہی کہ کفن نہ کہل جاوے سو وہی

الامن منه ويسوى اللبن والقصب على اللحد ويكره الاجر والخشب لانهما لاحكام البناء والقبر موضع البلاء والفناء وذو

امن ہی حاصل ہوگئے اور لحد پر کچی اینٹ یا بانس بچہادیں اور پکی اینٹ اور لکڑیاں مکروہ ہیں کیونکہ یہہ دونو چیزیں مضبوطی کے واسطے ہیں اور قبر بگڑنے اور مٹنے کی جگہہ ہے اور

الرحم المحرم اولى بوضع المرأة فان لم يكن فاهل الصلاح من الاجانب وليسجى قبرها بثوب حال الوضع حتى يجعل اللبن

عورت کو اوتارنے کی لئے محرم شخص اولی ہے اگر موجود نہو تو اجنبی پرہیزگار اور عورت کی قبر پر اوتارتی ہوئی جب تک لحد کو چہاپ چکیں کپڑہ تنیں

ونحوه على اللحد لان مبنى حالهن على الستر ولا يسجى قبر الرجل لان مبنى حالهم على الكشف ثم يهال عليه التراب ويسنم القبر

پردہ کئے رہیں اسلئے کہ عورتوں کی حال ہی کا سب بنا پردہ پر ہے اور مرد کی قبر پر پردہ نہیں چاہئے اسلئے کہ مردوں کے حال سینے کہلا مناسب ہے پہر اوس پر مٹی دہکیلدیں اور قبر کو بالشت بہر اونچی

قدر شبر ولا يسطح ولا يزاد على التراب الذي خرج عن القبر ولا باس برش الماء عليه كيلا ينتشر التراب بالريح ويكره ان يبنى

اونٹ کی پشت بنادیں اور ہموار نکریں اور نہ اوپر مٹی سوائے قبر کی کہدی ہوئی کی ملاویں اور اوس پر پانی چہڑکنے کا کچھہ مضایقہ نہیں تاکہ مٹی ہوا سے نہ اوڑ جاوے اور مکروہ ہے کہ اوسپر مکان

عليه بيتا او قبة او نحو ذلك وكذا يكره وطؤه والجلوس عليه والنوم لديه والصلوة اليه لما روي عن مرثد الغنوي

یا گنبج وغیرہ بناویں اور ایسی ہی پامال کرنا اوسپر بیٹھنا اور اوسکے پاس سونا اور اوسکے طرفکو نماز پڑہنے مکروہ ہے کیونکہ وارد ہے مرثد غنوی سے

انه عليه الصلوٰة والسلام قال لا تجلسوا على القبور ولا تصلوا اليها ويكره الذبح عنده لما روى عن انس انه عليه الصلوٰة

کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ قبر پر مت بیٹھو اور نہ اوسکے طرف نماز پڑھو اور قبر کے پاس ذبح کرنا مکروہ ہے کیونکہ انس سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے

والسلام قال لا عقر في الاسلام وهو الذي كان يعقر عند القبر بقرة او شاة ويكره اتخاذ الضيافة من اهل الميت لكن

فرمایا کہ اسلام میں عقر نہیں ہے اور عقر وہ گائی یا بکری ہی جو قبر پر لیجا کر ذبح کرتی تہی اور میت کی اہل سے مہمانی کا لینا مکروہ ہے لیکن

يستحب لجيران الميت واقربائه الاباعد تهيئة الطعام لهم والحاحهم في الاكل لما روى عن ابن مسعود انه عم

میت کی ہمسایوں اور دور کی ناتہ داروں کو کہانا تیار کرنا اہل میت کیواسطے اور انکو بمنت کہلانا مستحب ہے اسواسطے کہ ابن مسعود سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے

لما جاءه نعي جعفر بن ابي طالب قال اصنعوا لآل جعفر طعاما فقد اتاهم ما يشغلهم ويستحب التعزية لما روى عن ابن مسعود

جب خبر مرگ جعفر بن ابی طالب کے سنے تو فرمایا واسطے عیال جعفر کے کہانا تیار کرو کہ اونکو ایسے خبر آئی ہے جسمیں مشغول ہیں اور تعزیت مستحب ہے اسلئے کہ ابن مسعود سے روایت ہے

انه عليه الصلوٰة والسلام قال من عزى مصابا فله مثل اجره وكيفية التعزية ان يقال لمن مات له قريب اعظم الله

کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جسنے مصیبت زدہ کی تعزیت کے تو اوسکو دیا ہی اجر ہے اور کیفیت تعزیت کے یہہ ہے کہ اوس سے جسکا قریب گیا ہو کہی خدا تجکو اجر عظیم

اجرك واحسن عزاءك وغفر لميتك ان كان الميت مكلفا والا لا يقول وغفر لميتك ومن مات ولم يدفن اياما بان وضع

عنایت کری اور تیری عزا نیک کردی اور تیری میت کو بخشے یہہ جب کہی اگر میت مکلف ہو اور نہیں تو یہہ نکہی تیری میت کو بخشے اور جو شخص مرجاوے اور چند روز مدفون نہو اسطور کہ

في التابوت ليحمل من مصر الى مصر آخر فما لم يدفن لا يسئل لان السوال لا يكون الا فيما يستقر فيه الميت حتى لو اكله

تابوت میں رکہا رہی تاکہ ایک شہر سے دوسرے شہر میں لیجاویں سو جب تک دفن نہوگا سوال منکر نکیر کا بہی نہوگا اسواسطے کہ سوال وہان ہوتا ہی جہان میت قرار پکڑے یہانتک کہ اگر اوسکو

السبع يكون السوال في بطنه وهو لكل ذي روح من بني آدم حتى الرضيع فانه يسئل فيلهمه الله الجواب وهل للانبياء

درندہ کہا جاوی تو سوال اوسکے پیٹ میں ہوگا اور سوال بنی آدم میں سے ہر ایک جاندار سے ہوتا ہے یہانتک کہ دودہ پیتے بچہ سے بہی سوال ہوتا ہے سو اللہ تعالے اوسکو جواب سکہلا دیتا ہے اور آیا انبیاء کو ہے

في القبر سؤال قد ذكر في الظهيرية ان الزاهد الصفار قال ليس في هذا نص ولا خبر ودليل نفي ذلك عنهم اوضح يسر نا

قبر میں سوال ہوا ہی سو ظہیریہ میں مذکور ہے کہ زاہد صفار کہتا ہے کہ اس باب میں نہ کوئی نص ہی اور نہ کوئی خبر اور اسکے نفی کی دلیل ظاہر ہے الہی ہمکو

الله تعالى حسن الخاتمة عند الممات

مرتی وقت خاتمہ بالخیر آسان کر

المجلس السابع والخمسون في بيان جواز زيارة القبور وعدم جوازها

ستاون مجلس زیارت قبور کے جواز اور عدم جواز کے بیان میں

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم نهيتكم عن زيارة القبور فزوروها هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه بريدة

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تمکو قبروں پر جانے سے منع کیا تہا سو اب قبروں کی زیارت کیا کرو یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں سے ہے بریدہ کی روایت ہے

وفيه تصريح بوقوع النهي في اوائل الاسلام عن زيارة القبور لكونها مبدأ عبادة الاصنام وكان ابتداء ذلك

اور اسمیں تصریح ہے کہ اوائل اسلام میں زیارت قبور سے ممانعت ہوئی تہی اسلئے کہ یہہ ہی سبب بت پرستی کا ہے کہ پہلی پہل یہہ سخت مرض

الداء العضال في قوم نوح النبي عليه السلام كما اخبر الله تعالى في كتابه وقال نوح رب انهم عصوني واتبعوا من

نوح نبی علیہ السلام کے امت میں پیدا ہوا تہا چنانچہ اللہ تعالی اپنی کتاب میں خبر دیتا ہی کہا نوح نے اے رب میرے انہوں میرا کہا نمانا اور مانا ایسے کا

لم يزده ماله وولده الا خسارا ومكروا مكرا كبارا وقالوا لا تذرن آلهتكم ولا تذرن ودا ولا سواعا ولا يغوث

جسکو اوسکی مال اور اولاد نے اور بڑہایا ٹوٹا اور داؤ کیا ہی بڑا داؤ اور بولی نہ چہوڑیو اپنی ٹہاکروں کو اور نہ چہوڑیو ود کو اور نہ سواع کو اور نہ یغوث

ويعوق ونسرا قال ابن عباس وغيره من السلف كان هؤلاء قوما صالحين في قوم نوح النبي عليه السلام فلما ماتوا عكف

اور یعوق اور نسر کو ابن عباس وغیرہ سلف کہتے ہیں کہ یہہ لوگ نوح نبی علیہ السلام کی امت میں صلحا تہی جب یہہ مرگئے تو

الناس على قبورهم ثم صوروا تماثيلهم ثم طال عليهم الامد فعبدوهم فلما كان منشاء عبادة الاصنام من جهة القبور

لوگوں نے انکی قبروں پر بیٹہنا اختیار کیا پہر اونکی صورتوں کی تصویریں بنالیں پہر اسطور مدت گذر گئی پہر تو تو اونکو پوجنے لگے جبکہ منشا بت پرستی کا قبروں سے پیدا ہوا ہے

نهى النبي عليه الصلوة والسلام اصحابه في اوائل الاسلام عن زيارة القبور سدًّا لذريعة الشرك لكونهم حديث العهد
تو نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے یاروں کو اوائل اسلام میں زیارت قبور سے منع کر دیا تاکہ شرک کا وسیلہ بند ہو جاوے کیونکہ اونکو کفر چھوڑے تھوڑی مدت ہوئی تھی

بالكفر ثم لما تمكن التوحيد في قلوبهم اذن لهم في زيارتها وعلمهم كيفيتها تارة بفعله وتارة بقوله وذلك في الاحاد
تھوڑا عرصہ گذرا تھا پھر جب توحید اونکے دلوں میں جم گئی تو اونکو زیارت قبور کی اجازت دی اور اوسکی کیفیت سکھا دی کبھی کر کے اور کبھی سنا کر اور یہ مضمون بہت حدیثوں میں

الكثيرة بعضها في الاذن وبعضها في التعليم وفي ضمنها بيان الفائدة اما التي في الاذن فمنها ما روى عن ابي سعيد
ہے بعضی درباب اذن ہیں اور بعضی درباب تعلیم اور اوسکے ضمن میں فوائد کا بیان ہے پھر جو کہ درباب اذن ہیں اون میں سے ایک یہہ ہے ابو سعید سے روایت ہے

انه عليه الصلوة والسلام قال اني كنت نهيتكم عن زيارة القبور فزوروها فان فيها عبرة ومنها ما روى عن علي بن
کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا میں نے تمکو زیارت قبور سے منع کیا تھا سو تم زیارت کیا کرو کیونکہ اسمیں عبرت پیدا ہوتی ہے اور ایک یہہ ہے علی ابن ابی طالب سے

ابي طالب انه عليه الصلوة والسلام قال اني كنت نهيتكم عن زيارة القبور فزوروها فانها تذكركم الاخرة ومنها ما روى
روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا میں نے تمکو زیارت قبور سے منع کیا تھا سو تم زیارت کیا کرو کیونکہ تمکو آخرت یاد لاتی ہے اور ایک یہہ ہے

عن ابن مسعود انه عليه الصلوة والسلام قال كنت نهيتكم عن زيارة القبور فزوروها فانها تزهد في الدنيا ومنها
ابن مسعود کے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا میں نے تمکو زیارت قبور سے منع کیا تھا سو تم زیارت کیا کرو کیونکہ یہہ دنیا چھڑاتی ہے اور ایک یہہ ہے

ما روى عن ابي هريرة انه عليه الصلوة والسلام قال زوروا القبور فانها تذكر الموت ومنها ما روى عن بريدة انه عليه السلام
ابی ہریرہ کی روایت ہے کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا قبور کی زیارت کیا کرو کیونکہ موت یاد دلاتی ہے اور ایک یہہ ہے بریدہ کے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا

قال كنت نهيتكم عن زيارة القبور فمن اراد ان يزور فليزر ولا تقولوا هجرا واما التي في التعليم فمنها ما روى عن بريدة
میں نے تمکو زیارت قبور سے منع کیا تھا اب جو شخص زیارت قبور کا ارادہ کرے تو زیارت کرے اور بیہودہ نہ کہا کرو اور وہ حدیثیں جو تعلیم کے باب میں ہیں سو ایک تو یہہ ہے بریدہ کی روایت ہے

انه عليه الصلوة والسلام كان يعلمهم اذا خرجوا الى المقابر ان يقولوا السلام عليكم يا اهل الديار من المؤمنين والمسلمين
کہ نبی علیہ السلام سکھایا کرتے تھے جب کوئی مقابر پر جاوے تاکہ کہو السلام علیکم اے اہل قبور مومنین اور مسلمین

وانا ان شاء الله بكم لاحقون انتم لنا سلف ونحن لكم تبع نسئل الله لنا ولكم العافية ومنها ما روى عن ام المؤمنين
اور ہم انشاء اللہ تمہارے پاس آتے ہیں تم ہمارے پیشوا ہو اور ہم تمہارے تابع ہیں ہم اللہ سے اپنی اور تمہاری عافیت مانگتے ہیں اور ایک یہہ ہے ام المؤمنین

عائشة انها قالت لرسول الله صلى الله عليه وسلم كيف اقول يا رسول الله في زيارة القبور قال قولي السلام على
عائشہ کے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ یا رسول اللہ میں زیارت قبور میں کیا کہا کروں آپ نے فرمایا کہہ سلام

اهل الديار من المؤمنين والمسلمين ويرحم الله المستقدمين منا ومنكم والمستاخرين وانا ان شاء الله بكم لاحقون ومنها
اہل دیار پر مومنین اور مسلمین میں سے اور اللہ رحمت کرے اگلوں پر ہم میں اور تم میں سے اور پچھلوں پر اور ہم انشاء اللہ تمہارے پاس آتے ہیں اور ایک یہہ ہے

ما روى عن ابي هريرة انه عليه الصلوة والسلام خرج الى المقبرة فقال السلام عليكم دار قوم مؤمنين وانا ان شاء الله
ابو ہریرہ کی روایت ہے کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام مقبرہ کو تشریف لے گئے سو آپ نے فرمایا سلام تم پر اے دار قوم مومنین اور ہم انشاء اللہ

عن قريب منكم لاحقون ومنها ما روى عن ابن عباس رض انه عليه الصلوة والسلام مر بقبور المدينة فاقبل عليهم فقال
جلد تم سے ملنے والے ہیں اور ایک یہہ ہے ابن عباس کی روایت ہے کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام مدینہ شریف کے مقابر پر کو آ گئے سو اودھر متوجہ ہو کر فرمایا

السلام عليكم يا اهل القبور يغفر الله لنا ولكم انتم سلفنا ونحن بالاثر فانه عليه الصلوة والسلام بين في هذه الاحاد
سلام تم پر اے اہل قبور خدا بخشے ہمکو اور تمکو تم ہمارے اگلے ہو اور ہم تمہارے پیچھے ہیں بے شک نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان حادیثوں میں

فائدة زيارة القبور وهي احسان الزائر الى نفسه والى اهل القبور اما احسانه الى نفسه فتذكر الموت والاخرة والزهد
زیارت قبور کا فائدہ بیان فرمایا اور وہ زیارت کرنیوالے کی حق میں اور اہل قبور کے حق میں بھلائی ہے اپنے حق میں تو یہہ بھلائی ہے موت کا اور آخرت کا یاد کرنا اور دنیا کے ترک

فی

فی الدنیا والانعاظ والاعتبار واما احسانه الی اهل القبور فالسلام علیهم والدعاء لهم بالرحمة والمغفرة وسوال العافیة

دنیا کی اور پندپذیری اور عبرت اور اہل قبور کی حق مین بھلائی یہہ ہی اونپر سلام بہیجنا اور اونکی لئی رحمت اور مغفرت کی دعا کرنا اور عافیت کا سوال کرنا

قال عامة العلماء هذا فی حق الرجال واما النساء فلا یحل لهن ان یخرجن الی المقابر لما روی عن ابی هریرة انه علیه الصلوة والسلام

عامہ علما کہتی ہین یہہ مردونکی حق مین ہی اور رہی عورتین سو اونکو حلال نہین کہ مقابر مین جایا کرین اسلئی کہ ابوہریرہ سی روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے

لعن زوارات القبور وذکر فی نصاب الاحتساب ان القاضی سئل عن جواز خروج المراة الی المقابر فقال لا تسئل

قبرون مین جانے والی عورتون پر لعنت کی ہی اور نصاب الاحتساب مین ذکر کیا ہی کہ قاضی سے کسی نے پوچہا کہ آیا عورتون کو مقابر مین جانا جائز ہے قاضی نے جواب دیا اسی مقام مین

عن الجواز فی مثل هذا وانما تسئله عن مقدار ما یلحقها من اللعن فانها لما نوت الخروج کانت فی لعنة الله تعالی

جواز کو کیا پوچہتا ہی یہہ پوچہہ کہ عورتون پر کتنی لعنت برستی ہے بیشک جب عورت جانی کی نیت کرتی ہی تو اللہ تعالے اور اوسکے

وملئکته واذا خرجت لحقتها الشیاطین واذا انت القبر یلعنها روح المیت واذا رجعت تکون فی لعنة الله تعالی

فرشتونکی لعنت مین داخل ہوتی ہی اور جب چلتی ہی تو شیاطین اوسکی ساتہ ہوجاتے ہین اور جب قبر پر جا پہونچتی ہی تو میت کی روح لعنت کرتی ہے اور جب وہان سی پہرتی ہی تو خدا اور فرشتونکی لعنت مین

وملئکته حتی تعود الی منزلها وقد روی فی الخبر ایما امراة خرجت الی مقبرة یلعنها ملئکة السموت السبع والارضین

رہتی ہی جب تک اپنی گہر مین آوی اور روایت ہی حدیث مین جو عورت مقبرہ کو جاتی ہے تو اوس پر ساتون آسمان اور ساتون زمین کی فرشتے لعنت

السبع وایما امراة دعت للمیت بخیر ولم تخرج من بیتها یعطیها الله تعالی ثواب حجة وعمرة وروی عن سلمان وابی هریرة

کرتی ہین اور جو عورت میت کی لئی گہر مین بیٹہی ہوئی دعای خیر کرتی ہے اوسکو اللہ تعالے ثواب ایک حج اور عمرہ کا دیتا ہے اور سلمان اور ابوہریرہ سی مروی ہے

انه علیه الصلوة والسلام ذات یوم خرج من المسجد فوقف علی باب داره فاتت ابنته فاطمة رض فقال لها من

کہ نبی علیہ الصلوة والسلام ایک روز مسجد سے باہر آکر اپنی گہر کے دروازہ پر ٹہر گئے اس مین حضرت کی بیٹی فاطمہ رضی اللہ عنہا آگئین آپ نی پوچہا کہان سے

این جئت فقالت خرجت الی منزل فلانة التی ماتت فقال هل ذهبت قبرها فقالت معاذ الله ان افعل شیئا بعد

آتی ہی عرض کیا فلانی عورت کی گہر گئے تہے وہ جو مرگئی ہے فرمایا کیا اوسکی قبر پر گئی تہی عرض کیا خدا پناہ مین رکہی اس سے کہ مین ایسا کام کرون بعد

ما سمعت منک ما سمعت فقال لو ذهبت قبرها لم تریحی رائحة الجنة فعلی هذا کل من یرید ان یزور القبور من الرجال

اسکی مین سن چکی ہون آپ سے جو سنا ہے آپ نی فرمایا اگر تو قبر پر جاتی تو جنت کی خوشبو نسونگہتی اس بیان کی مطابق جو شخص زیارت قبور کا ارادہ کریگا

ینبغی ان لا یکون حظه من زیارته لها الطواف علیها کالبهائم بل ینبغی له اذا جاءها ان یسلم علی اهلها ویخاطبهم

تو اوسکو چاہئے کہ اپنا حصہ زیارت قبور مین سی بہایم کی طرح قبر کا طواف ہی نہ ٹہیراوے بلکہ یہہ چاہئی کہ جب قبر پر آوی تو مقبور پر سلام بہیجی اور حاضرون سے

خطاب الحاضرین ویسال لهم الرحمة والمغفرة والعافیة کما تقدم فی الاحادیث ثم یعتبر بمن کان تحت التراب وانقطع

خطاب کری اور اونکی لئی خدا سی رحمت اور مغفرت اور عافیت مانگی چنانچہ اوپر احادیث مین آچکا ہی پہر اوسکی حال سی جو مٹی تلی دب کر اہل و احباب سے

عن الاهل والاحباب وانه حین دخل القبر وابتلی بالسوال هل اصاب فی الجواب وکان قبره روضة من ریاض الجنة

جدا ہوگیا ہے عبرت پکڑی کہ یہہ جو قبر مین داخل ہوکر سوال جواب مین گرفتار رہا آیا اچہا جواب دیا کہ اوسکی قبر بہشت کی باغ کا ایک چمن ہوگئی ہے

او اخطا فی الجواب وکان قبره حفرة من حفر النار ثم یجعل نفسه کانه مات ودخل القبر وذهب عنه ماله واهله و

یا جواب مین چوک گیا کہ اوسکی قبر ایک گڑہا دوزخ کی گڑہون مین سے ہوگئی ہو پہر اپنی ذات کو یہہ تصور کری کہ گویا مین مرگیا اور قبر مین داخل ہوا اور تمام مال اور اہل اور

ولده ومعارفه وبقی وحیدا فریدا وهو الان یسئل فماذا یجیب وماذا یکون حاله ویکون مشغولا بهذا الاعتبار ما دام

اولاد اور دوست چہوٹ گئی اور مین اکیلا تنہا رہ گیا اور اب مجہسے سوال ہورہا ہی اب کیا جواب دون اور میرا کیا حال ہوگا اسہی عبرت مین مشغول رہی جب تک

هناک ویتعلق بمولاه فی الخلاص من هذه الامور الخطیرة العظیمة ویلجأ الیه واما قراءة القران هناک فجوزها بعض

وہان رہی اور اپنی مولی سی ان امور نہایت خوفناک سے نکلنے میں تعلق پیدا کری اور اسی کیطرف التجا کری اور قبر پر قران پڑہنا بعض علما جائز بتاتی ہین

العلماء ومنعها البعض الاخر وقالوا لا بد للزائر ان یکون مشغولا بالاعتبار وقراءة القرآن یحتاج صاحبها الی التدبر

اور بعضے منع کرتے ہیں رہے کہتے ہیں زائر کو چاہیئے کہ عبرت میں لگا رہے اور قرآن پڑھنے والے کو اوس میں غور اور

واحضار الفکر فیما یتعلق والاعتبار والفکر لا یجتمعان فی قلب واحد فی زمان واحد فان قال قائل انی اعتبر فی وقت

فکر لگانا چاہیئے جو پڑھتا ہی اور عبرت اور فکر دونو ایک دل کی اندر ایک وقت خاص میں جمع نہیں ہوتے اگر کوئی معترض کہے کہ مجکو ایک وقت عبرت ہوتی ہے

واقرأ فی وقت اخر والقرآن اذا قرئ ینزل الرحمة فیرجی ان یلحق باهل القبور من تلک الرحمة شیء ینفعهم فالجواب عنه

اور دوسرے وقت قرآن پڑھتا ہوں اور حال یہ ہے کہ قرآن پڑھتے وقت اللہ کی رحمت اترتی ہی لہ امید ہی کہ اوس رحمت میں سی کچھ اہل قبور کو پہنچکر فائدہ بخشی تو اسکے جواب کئے

من وجوه الاول ان قراءة القرآن وان کانت عبادة لکن کون الزائر مشغولا بما تقدم عن الفکر والاعتبار فی الموت وسوال

ہیں اول یہہ کہ قرآن کا پڑھنا اگرچہ عبادت ہی پر زائر کا اوس وقت سوچ میں اور موت کی خوف میں اور منکر نکیر کے سوال وغیرہ میں

الملکین وغیر ذلک عبادة ایضا والوقت لیس محلا الا لهذه العبادة فقط فلا یخرج من عبادة الی عبادة اخری لا سیما

مشغول رہنا بھی عبادت ہی اور یہہ وقت صرف اسی ہی عبادت کا ہے سو ایک عبادت کو چھوڑ کر دوسری اختیار نکرنی چاہیئے خاص کر

لاجل الغیر والثانی انه لو قرأ فی بیته واهدی ثوابها الیهم بان قال بلسانه بعد فراغه من قراءته اللهم اجعل ثواب ما

دوسری کی واسطے دوسرا جواب یہہ ہے کہ زائر اگر اپنی گہر میں قرآن پڑھکر ثواب اہل قبور کو ہدیہ کرے اسطور کہ قرآن پڑھنے سے فارغ ہوکر زبان سے کہے الٰہی اس قرأت کا ثواب

قراته لاهل القبور لوصل الیهم ان هذا دعاء بوصول الثواب الیهم والدعاء یصل بلا خلاف فلا یحتاج ان یقرأ علی قبورهم

اہل قبور کو پہنچا دی تو البتہ یہہ ثواب انکو ملیگا کیونکہ اہل قبور کو ثواب پہنچنی کی دعا ہی اور دعا بلا خلاف پہونچتی ہے سو اسکی کیا حاجت ہی کہ قرآن قبر ہی پر پڑہا جاوے

والثالث ان قراءته علی قبورهم قد یکون سبب العذاب بعضهم اذ کلما مرت اية لم یعمل بها یقال له اما قرأتها اما سمعتها

تیسرا جواب یہہ ہی کہ قبروں پر قرآن پڑھنے سی کبھی کسی مردہ کو عذاب بھی ہونے لگتا ہے اسواسطے کہ جب ایسی آیت آویگی کہ اوسپر عمل نہیں کیا تو اوسکو کہینگے کیا یہہ آیت تو نے

فکیف خالفتها ولم تعمل بها فیعذب لاجل مخالفته بها والرابع ان السنة لم ترد بها وکفی بها منعا فاذا کان کذلک فاللائق

پڑھی نہ تھی اسکا خلاف کیوں کیا اور اسپر عمل کیوں نکیا سو اسکی مخالفت کی باعث عذاب ہوتا ہے اور چوتھا جواب یہہ ہے کہ حدیث میں نہیں آیا اور منع کرنیکو یہی کافی ہے جب یہہ بات ہوئی تو زائر کو یہی

بالزائر ان یتبع السنة ویقف عند ما شرع له ولا یتعداه لیکون محسنا الی نفسه والی اهل القبور لان زیارة القبور

لائق ہی کہ سنت کا تابع رہی اور شروع پر توقف کری تجاوز نکری تا کہ اپنا اور اہل قبور کا محسن ہو وی اسلئی کہ زیارت قبور کے

نوعان زیارة شرعیة وزیارة بدعیة اما الزیارة الشرعیة التی اذن فیها رسول الله صلی الله علیه وسلم فالمقصود

دو طرح ہی زیارت شرعی اور زیارت بدعی زیارت شرعی تو وہ ہی جسمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی اجازت دی ہے پس مقصود

منها شیئان احدهما راجع الی الزائر وهو الاتعاظ والاعتبار والثانی راجع الی اهل القبور وهو ان یسلم علیهم الزائر ویدعو

اوس سے دو باتیں ہیں ایک تو فائدہ زائر کا ہے یعنی پند پذیری اور عبرت اور دوسرا فائدہ اہل قبور کا یعنی زائر انکو سلام پہونچا دی اور انکی لئی دعا خیر

لهم واما الزیارة البدعیة فهی زیارة القبور لاجل الصلوة عندها والطواف بها وتقبیلها واستلامها وتعفیر الخدود

کری اور زیارت بدعی یہہ ہے کہ قبروں میں نماز پڑھنے کو جاوی اور اونکی طواف کرنیکو اور قبروں کی بوسہ اور چومنی کو اور مونہہ قبروں پر

علیها واخذ ترابها ودعاء اصحابها والاستغاثة بهم وسوالهم النصر والرزق والعافیة والولد وقضاء الدین وتفریج

ملنی کو اور وہاں کی مٹی لینی کو اور اہل قبور کو پکار کر اون سی مدد مانگنی کو اور اونسی یاری اور رزق اور عافیت اور اولاد اور ادای قرض اور کہلنا

الکربات واغاثة اللهفان وغیر ذلک من الحاجات التی کان عباد الاصنام یسئلون من اصنامهم فان اصل

سختیوں کا اور امداد بیچاروں کے اور سوای اسکے اور اور حاجتیں جو بت پرست اپنی بتوں سی مانگتی ہیں بیشک اصل اس

هذه الزیارة البدعیة الشرکیة ماخوذ منهم ولیس بشیء من ذلک مشروعا باتفاق علماء المسلمین اذ لم یفعله رسول رب

زیارت بدعی شرک کی بت پرستوں سی لی ہوئی ہی اور کوئی امر ان میں سے باتفاق تمام علماء مسلمین کے جائز نہیں ہے اسواسطے کہ نہ تو یہہ رسول رب

العالمين ولا احد من الصحابة والتابعين وسائر ائمة الدين بل قد انكر الصحابة ما هو دون ذلك بكثير كما روي عن
عالمین نے کیا اور نہ کسی نے صحابہ اور تابعین میں سے اور نہ کسی نے تمام ائمہ دین میں سے بلکہ صحابہ نے اکثر اس سے کمتر بات میں انکار کیا ہے چنانچہ

المعرور بن سويد ان عمر صلى صلوة الصبح في طريق مكة ثم راى الناس يذهبون مذهبا فقال اين يذهب هؤلاء
معرور بن سوید سے روایت ہے کہ عمر نے صبح کی نماز مکہ کی رستہ میں پڑھی پھر لوگوں کو دیکھا کہ ایک طرف کو جاتی ہیں پوچھا یہ لوگ کہاں جاتی ہیں

فقيل مسجدا صلى فيه رسول الله صلى الله عليه وسلم فهم يصلون فيه فقال انما هلك من كان قبلكم بمثل
کسی نے جواب دیا اوس مسجد میں جہاں رسول اللہ صلعم نے نماز پڑھی تھے ۔ سو یہ لوگ بھی وہاں نماز پڑہتی ہیں تب فرمایا پہلی امتیں ایسی ہی باتوں سے ہلاک ہوئے

هذا كانوا يتبعون آثار انبيائهم ويتخذونها كنائس وبيعا فمن ادركته الصلوة في هذه المساجد فليصلها فيها ومن
ہیں کہ اپنی اپنی انبیا کی آثار پر لگے رہتی تہی اور اسی کو کنیسہ بیع یعنی عبادتگاہ بنا لیتے تہی پس جسکو وقت نماز کا ان مسجدوں میں ہو جاوے اوسی چاہیئے کہ یہاں نماز پڑھ لے اور جسکو

لا فليمض ولا يتعمدها وكذلك لما بلغه ان الناس يتناولون الشجرة التي بويع تحتها النبي عليه الصلوة والسلام ارسل اليها فقطعها
وقت نہو تو چلا جاوے و خواہ مخواہ ارادہ نکری اور ایسے ہی جب عمر نے سنا کہ لوگ باری باری اوس درخت پر جاتے ہیں جسکے تلے نبی علیہ السلام نے بیعت لی تہی آدمی بہیجکر اوسکو کٹوا دیا

فاذا كان عمر فعل هذا بالشجرة التي بايع الصحابة تحتها رسول الله صلى الله عليه وسلم وذكرها الله تعالى في القران حيث
پس جب عمر نے اوس درخت کا یہہ حال کیا ہو جسکے تلے صحابہ نے رسول صلے اللہ علیہ وسلم کے بیعت کی تہی اور اللہ تعالی نے اوسکا ذکر قران میں کیا ہے جہاں

قال لقد رضي الله عن المؤمنين اذ يبايعونك تحت الشجرة فماذا يكون حكمه فيما عداها ولقد جرد السلف الصالح
کہا ہی اللہ خوش ہوا ایمان والوں سے جب بیعت کرنے لگے تجہسے اوس درخت کی نیچے اب اور کی تو کیا اصل ہی اور بیشک سلف صالح نے توحید کو خوب

التوحيد وحموا جانبه حتى كانت الحجرة النبوية منفصلة عن المسجد الى زمن الوليد
صاف کیا ہی اور توحید کی جانب کو حمایت سے بچایا ہے یہانتک کہ صحابہ اور تابعین اسواسطے کہ حجرہ نبوی علیہ السلام مسجد سے الگ تہا ولید بن عبد الملک کے عہد تک

بن عبد الملك لا يدخل فيها احد لا لصلوة ولا لدعاء ولا لشيء اخر مما هو من جنس العبادة بل كانوا يفعلون جميع
کوئی اوس حجرہ میں نہیں گہستا تہا نہ تو واسطے نماز کے اور نہ واسطے دعا کی اور نہ کسی و کام کو جو عبادت کی جنس کا ہو بلکہ وہ لوگ یہہ تمام عبادت

ذلك في المسجد وكان احدهم اذا سلم على النبي عليه السلام واراد الدعاء استقبل القبلة وجعل ظهره الى جدار القبر
مسجد میں کیا کرتی تہی اور ہر ایک کا یہہ حال تہا کہ جب نبی علیہ السلام پر درود پڑہکر دعا مانگتا تو قبلہ کیطرف متوجہ ہوتا اور اپنی پشت قبر شریف کی دیوار کیطرف کر لیتا

ثم دعا وهذا مما لا نزاع فيه بين العلماء وانما نزاعهم في وقت السلام عليه قال ابو حنيفة يستقبل القبلة عند السلام
تو دعا مانگتا اور یہہ تو وہ مقدمہ ہی کہ اس میں علما کو کچھ بحث نہیں ہی بحث اس میں ہی کہ درود پڑہتی ہوئی کیا کری امام ابوحنیفہ کہتی ہیں ہر وقت درود کی بہی قبلہ کیطرف منہ کرنا

ايضا ولا يستقبل القبر وقال غيره لا يستقبل القبر عند الدعاء بل قالوا انه يستقبل القبلة وقت الدعاء ولا يستقبل
چاہیئی اور قبر کی طرف توجہ نہیں چاہیے اور اوروں کہتی ہیں دعا میں استقبال قبر کا نکری بلکہ کہتے ہیں دعا میں قبلہ کیطرف متوجہ ہونا چاہیے اور قبر کی طرف

القبر حتى لا يكون الدعاء عند القبر فان الدعاء عبادة كما ثبت بالحديث المرفوع ان الدعاء هو العبادة والسلف الصالح
مونہہ کر کر ٹہہرا ہو تا کہ دعا قبر کی طرف نہ واقع ہو کیونکہ دعا عبادت ہوتی ہی چنانچہ حدیث مرفوع سے ثابت ہی کہ دعا عبادت سے ہی اور سلف صالح

من الصحابة والتابعين جعلوا العبادة خالصة لله تعالى ولم يفعلوا عند القبور شيئا منها الا ما اذن فيه النبي عليه
یعنی صحابہ اور تابعین نے عبادت کو خاص واسطے اللہ کا ٹہیرایا ہے اور اونہوں نے عبادتوں میں سے قبروں پر جاکر کچھ نہیں کیا مگر وہی جسکی نبی علیہ السلام

الصلوة والسلام من السلام على اصحابها وسؤال الرحمة والمغفرة والعافية من الله لهم وسبب ذلك ان الميت قد انقطع
نے اجازت دی ہی یعنی اہل قبور پر سلام اور اللہ سے اونکی لئے رحمت و مغفرت اور آرام مانگنا اور سبب اسکا یہہ ہی کہ میت کے اعمال تو منقطع

عمله وهو يحتاج الى من يدعو له ويشفع لاجله ولهذا شرع في الصلوة عليه من الدعاء له وجوبا او ندبا ما لم يشرع
ہوچکی ہیں ثواب وسکو یہہ حاجت ہی کہ کوئی اوسکے لئے دعا مانگی اور شفاعت کری اور اسی لئے میت کے واسطے وہ دعا وجوبا یا ندبا ثابت ہیں کہ اوس قسم کے

مثله في الدعاء للحي فانا لما كنا اذا قمنا الى جنازة ندعو له ونشفع لاجله فبعد الدفن اولى ان ندعو له ونشفع لانه

دعا زندہ کی واسطی جائز نہین سو ہم لوگ جب اوسکے جنازہ پر کہڑی ہوکر اوسکے واسطی دعا مانگتی ہین اور اوسکی شفاعت کرتی ہون تو دفن کے بعد بہت خوب ہے کہ اوسکے لئے دعا مانگین اور شفاعت

في قبره بعد الدفن اشد احتياجا الى الدعاء له منه على نعشه لانه حينئذ معرض للسوال وغيره على ما روى عن عثمان

قبر کی اندر بعد دفن کے دعا کا بہت ہی محتاج ہے کہ اتنا نعش پر نہین تہا کیونکہ اب اوسکو سوال وغیرہ درپیش ہوتی ہین جیسا کہ روایت عثمان

بن عفان انه عليه الصلوة والسلام كان اذا فرغ من دفن الميت وقف عليه وقال استغفروا لاخيكم واسالوا له

بن عفان کی کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب میت کو دفنا کر فارغ ہوتی تو اوسہی جگہ توقف کر کر فرماتے مغفرت مانگو اپنی بہائی کی لئے پہر دعا کرو

التثبيت فانه الان يسئل وروى عن سفيان الثوري انه قال اذا سئل الميت من ربك يتراى له الشيطان في صورة

کہ وہ ثابت رہی کیونکہ اب اوس سے سوال ہوگا، اور سفیان ثوری سے روایت ہی کہ وہ کہتا تہا جب میت سے سوال ہوتا ہی تیرا رب کون ہے تو اوسکو شیطان صورت بنا کر

ويشير الى نفسه اني انا ربك قال الترمذي هذا فتنة عظيمة ولذلك كان النبي عليه الصلوة والسلام يدعو بالثبات

نظر آتا ہی اور اپنی طرف اشارہ کرتا ہی کہ تیرا رب مین ہون ترمذی کہتا ہی یہہ بڑا فتنہ ہی اسہی لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ثبات کی دعا مانگا کرتی تہی کہ

اللهم ثبت عند المسئلة منطقه وافتح ابواب السماء لروحه وكان يستحبون اذا وضع الميت في اللحد ان يقال اللهم

الٰہی سوال کی وقت اوسکی بات کو ثابت رکہیو اور اوسکی روح پر آسمان کی دروازہ کہولدی اور بہت نیک جانتی تہی کہ میت کو لحد کی اندر رکہہ کر یہہ دعا مانگین الٰہی

اعذه من الشيطن الرجيم فهذه سنة رسول الله صلى الله عليه وسلم في اهل القبور بضعا وعشرين سنة

اوسکو شیطان راندہ سی بچا بس یہہ ہی طریق رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا اہل قبور کی حق مین کئی اوپر بیس سال رہا

وهذه سنة الخلفاء الراشدين وطريقة جميع الصحابة والتابعين فبدل اهل البدع والضلال قولا غير الذي قيل

اور یہہ ہی ترتیب خلفاء راشدین اور طریقہ تمام صحابہ اور تابعین کا ہی پہر گمراہ بدعتیوں نی وہ بات جو اون سی کہی گئی تہی بدل ڈالی

لهم فانهم قصدوا بالزيارة التي شرعها رسول الله صلى الله عليه وسلم احسانا الى الميت والى الزائر سوالهم بالميت و

انکی مراد زیارت سی جسکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نی میت اور زائر کی حق مین نیک سمجہہ کر جائز رکہا ہے یہہ ہے کہ میت سے سوال

الاستعانة به وليس هذا الا الفتنة التي قال فيها عبد الله بن مسعود رض كيف اذا لبستكم فتنة يهرم فيها الكبير

اور استعانت کرنا اور یہہ وہی فتنہ ہی جسمین عبد اللہ بن مسعود نی کہا ہے کیا حال ہوگا جب تمکو فتنہ ڈہانپ لیگا جسمین بڑا بڈہا ہو جاوے

وينشأ فيه الصغير تجري على الناس يتخذونها سنة اذا غيرت قيل غيرت السنة قال ابن القيم في اغاثته هذا يدل

اور بچہ جوان ہو جاوی لوگون پر جو گذری گا اوسکو سنت ٹہرا لینگے اگر اوسکو بدلین تو یہہ کہین سنت بدل ڈالی ابن قیم اغاثہ مین کہتا ہے ابن مسعود کے

على ان العمل اذا جرى على خلاف السنة فلا اعتبار ولا التفات اليه وقد جرى العمل على خلاف السنة من زمن طويل

اس قول سی معلوم ہوتا ہے کہ جب عمل طریق سنت کے خلاف ہونی لگی تو اوسکا کچہہ اعتبار نہین اور نہ اوسطرف کچہہ توجہ ہے اور مدت دراز سے عمل برخلاف سنت ہوتا ہے،

فاذن لابد ان تكون شديد التوقي من محدثات الامور وان اتفق عليه الجمهور فلا يغرنك اطباقهم على ما احدث

سو بہ خواہ مخواہ محدثات امور یعنی بدعات سی بہت ہی بچا چاہیئے اگرچہ اوسپر جمہور متفق ہون اونکی اتفاق پر شبہہ ہو لینا کہ بدعات پر جو

بعد الصحابة بل ينبغي لك ان تكون حريصا على التفتيش عن احوالهم واعمالهم فان اعلم الناس واقربهم الى الله اشبههم بهم

بعد صحابہ کی پیدا ہوئی ہین کر رکہا بلکہ تجہکو لائق ہی کہ اونکی احوال اور احوال کی خوب تفتیش کرتا رہے کیونکہ سب مین بڑا عالم اور اللہ تعالی کا بڑا مقرب وہ ہی ہے جو اونکی ساتہہ

واعلمهم بطريقتهم اذ منهم اخذ الدين وهم اصول في نقل الشريعة من صاحب الشرع فلا بد لك ان لا تكترث بمخالفتك

خوب ملتا ہو اور اونکی طریقے سے خوب واقف ہو اسواسطی کہ دین اونہی سی حاصل ہوا ہے اور وہی صاحب شرع سی شریعت نقل کرنے مین اصل ہین سو تجہکو لازم ہی کہ اپنی اہل عصر کی مخالفت کا

لاهل عصرك في موافقتك لاهل عصر النبي عليه السلام اذ قد جاء في الحديث اذا اختلف الناس فعليكم بالسواد الاعظم

صحابہ کی موافقت مین کچہہ فکر نکری کیونکہ حدیث مین آیا ہے کہ جب آدمیون مین دو راہ ہو جاوین تو بڑی انبوہ کو تو

قال

قال عبد الرحمن بن اسمعیل المعروف بابی شامۃ حیث جاء الامر بلزوم الجماعۃ فالمراد بہ لزوم الحق واتباعہ وان کان
عبد الرحمن بن اسمعیل جو ابو شامہ مشہور ہی کہتا ہی جس جگہہ لزوم جماعت کا حکم ہے تو مراد اوس سے لزوم حق کی جانب کا اور حق کا اتباع ہی اگرچہ

المتمسك قلیلا والمخالف لہ کثیرا الا ان الحق ما کان علیہ الجماعۃ الاولی وہم الصحابۃ ولا عبرۃ الی کثرۃ الباطل
اگرچہ اونپر عذاب آیا تھا وقت ظہور اور برملا ہونے منکرات کے جو دم کہا رہے منع نکیا پر اونکی حق مین اونکی دم کہا رہنی کی گناہ کا کفارہ اور طہارت تھے

من السكوت كما كان قتل بعضهم بعضا كفارة لمن كان منهم عبد العجل فانهم تائبون صالحون مستسلمون وقد علم من

جیسی آپسمین ایک دوسرے کے ہاتہ سے واسطے کفارہ گوسالہ پرستی کی سب قتل ہوئے کیونکہ یہہ سب تائب اور صلحا اور مطیع تھے اور اس سے معلوم ہوا

هذا ان الواجب على كل مسلم ان يسعى في اصلاح نفسه باسقاط ما في ذمته من الفرائض والواجبات والاجتناب عن

کہ مسلم پر واجب یہہ ہی کہ اپنی ذات کی صفائی اور اصلاح مین کوشش کری اسطور کہ جو اوسکے ذمہ فرائض اور واجبات ہین ادا کری

المحرمات والمكروهات والتوبة عن الذنوب والسيئات والمبادرة الى رد المظالم والتخلص من التبعات وهو مطلوب في كل

اور محرمات اور مکروہات سی بچے اور گناہون اور برائیون سی توبہ کری اور جور اور جفا کی معافی اور حقوق سی رستگاری مین جلدی کری اور اتنی سعی تو ہر وقت

وقت ويتاكد ذلك عند وقوع الوباء عموما ولمن وقع به الطاعون خصوصا لا سيما الوصية من غير ان يقع فيها حيف لقوله عم

درکار ہی اور اسمین وبا کی موسم مین عموما تاکید ہے اور جو طاعون مین مبتلا ہوا اوسکو زیادہ تر علی الخصوص وصیت مین کہ بلا قصور کی ہو تاکید ہو واسطی ارشاد نبی علیہ السلام

ما حق امرأ مسلم له شئ يوصي فيه يبيت ليلتين الا ووصيته مكتوبة عنده فان معناه اذا كان لامرء مسلم شئ يريد ان يوصي فيه

نہین اچھا کرتا شخص مسلمان مالک کسی چیز کا قابل وصیت کی کہ دو شب بسر کرے مگر وصیت اوسکی لکھی ہوئے اوسکی پاس تو اسکی یہہ معنی ہین جب کسی مرد مسلمان کی پاس ایسی چیز ہو کہ اوسمین وصیت کیا چاہیے

فحقه ليس الا ان يكون وصيته مكتوبة عنده لانه لا يدري متى يوافيه منية ويحول بينه وبين ما يريده وقيد ليلتين

تو اوسکا حق اور نہین ہے مگر اوسکی وصیت لکھی ہوئی اوسکی پاس ہو کیونکہ کیا جانتا ہی اوسکی موت کب بیچ مین آکر اوسکی ارادہ کو روک لے اور دو شب کی قید

غير مقصود بل هو تنبيه على انه لا ينبغي ان يمضي عليه زمان وان كان قليلا الا ووصيته مكتوبة عنده لا سيما اذا كان عليه

کچھہ مقصود نہین ہی بلکہ یہہ تاکید ہے کہ ایسا نہین چاہئی کہ اوسپر کچھہ زمانہ گذری اگرچہ قلیل ہو مگر اوسکی وصیت لکھی ہوئی اوسکی پاس ہو خاص اوسوقت کہ اوسکی ذمہ

دين او وديعة او غير ذلك من الحقوق فيلزمه الوصية ويستحب تعجيلها لانه لا يامن ان يشتد مرضه فيعتقل لسانه

قرض ہو یا امانت یا کوئی اور حق ہو پس اوسپر وصیت ضروری ہی اور اسمین جلدی اسلئے مستحب ہے کیا خبر ہی کہ مرض بڑہ کر زبان بند ہو جاوی

فيموت بغير وصية فيكون اثما بترك ما وجب عليه ان كانت الوصية واجبة عليه بان كان عليه حق من حقوق الله تعا

پھر بے وصیت مرجاوے اب اپنی ذمہ کا واجب ترک کرنی سی گنہگار رہویگا اگر اوسپر وصیت بایں لحاظ واجب تہی کہ اوسکی ذمہ کوئی حق اللہ

او حقوق الناس وان لم يكن عليه من هذين الحقين بشیء لا يجب عليه الوصية بل يستحب ومحلها لمن كان له مال ولم يكن له

یا کوئی حق العباد باقی ہو اور اگر اوسکی ذمہ ان دونوں حقوں سی کچھ نہیں ہی تو وصیت واجب نہیں ہوتی بلکہ مستحب ہے اور محل وصیت کا اسکی حق میں جسکی پاس مال ہو اور

وارث جميع المال وان كان له وارث فثلث المال ويستوفيه في الوصية الواجبة ان احتيج اليه وينقص منه في الوصية

پر وارث نہیں تمام مال ہی اور اگر وارث ہی تو پھر تہائی مال اور تہائی مال میں واجب میں اگر حاجت پڑی تو پورا کر دی اور وصیت مستحب میں تہائی سی کم

المستحبة وطريقها ان يذكرها بلسانه عند عدلين ويبين قدرها وجنسها وصفتها وان كتبها وقرأها عليهما واشهدهما

اور طریقہ وصیت کا یہ ہی کہ اپنی زبان سی دو عادل کی سامنی ذکر کری اور اوسکی مقدار اور جنس اور صفت بیان کری اور اگر وصیت لکھ کر دونوں کو پڑھ سنا کے اور دونوں کو

عليها كان اولى لكن ينبغي له ان يحترز غاية الحذر ان يخص وارثا من ورثته بشیء على وجه التمليك والاقرار فيكون خاتمة

گواہ کر دی تو بہت بہتر لیکن چاہیی کہ ایسا ہرگز نکری کہ خاص کسی ایک وارث کی لئی کوئی چیز معین کر کی مالک اوسکی لئی اقرار کر دی پھر اوسکی خاتمہ کا

شرا لا خاتمة خير لان الله تعالى تولى قسمة المواريث بنفسه واعطى كل ذي حق حقه وعينه له في كتابه الذي انزل على

برا انجام ہی اچھا نہیں کیونکہ اللہ تعالی نے بذات خود قسمت مواریث کا ذمہ دار ہوا ہی اور ہر ایک حقدار کی لئی اپنی کتاب میں جو اپنی رسول پر نازل کی ہی

رسوله وتوعد من عصاه وبدل حكمه بدخول النار والخلود فيها فقال في اخر ايات المواريث ومن يعص الله ورسوله ويتعد

حصہ معین کر چکا ہی اور نافرمان کی حق میں جو اوسکی حکم کو تبدیل کرے دوزخ میں جانی کا اور ہمیشہ رہنے کا وعید فرمایا ہی چنانچہ مواریث کی اخیر آیات میں کہا اور جو کوئی نافرمانی کری اللہ کی اور رسول کی

حدوده يدخله نارا خالدا فيها وله عذاب مهين وروى عن ابي هريرة رضه انه عليه الصلوة والسلام قال ان الرجل والمرأة

اور بڑھ جاوے اوسکی حدوں سے اوسکو داخل کری گا آگ میں ہمیشہ رہیگا اوس میں اور اوسکو ذلت کا عذاب ہی اور ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا بیشک بعضی مرد اور عورت

ليعمل بطاعة الله ستين سنة ثم يحضرهما الموت فيضاران في الوصية فتجب لهما النار ثم قرأ ابو هريرة قوله تعالى من بعد وصية

ساٹھ برس تک اللہ کی عبادت کرتی رہتی ہیں پھر جب اونکو موت آتی ہی تو وصیت میں بی انصافی کرتے ہیں آخر اونکی لئی دوزخ واجب ہو جاتا ہی پھر ابو ہریرہ نے یہ آیت پڑھی من بعد وصیة

يوصى بها او دين غير مضار الى اخر الاية يسرنا الله تعالى من الاعمال ما يوافق رضاه المجلس الحادي والستون في بيان

جو ہو چکے ہے یا قرض کی جب وارثوں کا نقصان نکیا ہو آخر تک الٰہی ہم اعمال نیک اپنی رضا کی آسان کر اکسٹھویں مجلس صبر کی بزرگی میں

فضيلة الصبر عند البلاء والمصائب وفضيلة الاسترجاع عندها قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يزال البلاء بالمؤمن

بلیات اور مصائب پر اور وقت انا للہ وانا الیہ راجعون کی پڑھنی کی فضیلت میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمیشہ بلا مومن مرد

والمؤمنة في نفسه وماله وولده حتى يلقى الله تعالى وما عليه من خطيئة هذا الحديث من حسان المصابيح رواه ابو

اور عورت کی جان اور مال اور اولاد پر اوترتی رہتی ہی آخر ایسا صاف ہو کر مرتا ہی کہ اوسپر کوئی گناہ نہیں ہوتا یہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثوں میں ہی ابو ہریرہ کی روایت

هريرة ومعناه ان البلاء لا يزال يلحق بالمؤمن في نفسه وماله وولده حتى يموت ولا يبقى له ذنب بل يكون ذنوبه

اسکے معنی یہ ہیں کہ بلا ہمیشہ مومن کی جان اور مال اور اولاد پر آتی رہتی ہی آخر وہ مرجاتا ہی اور اوسکی ذمہ کوئی گناہ نہیں رہتا بلکہ اوسکی تمام گناہ

كلها زائلة عنه بسبب ما اصابه من البلايا والمحن وقد روى عن ام المؤمنين عائشة انه عليه الصلوة والسلام

اسلئی محو ہو جاتی ہیں کہ بلا اور محنتیں اوٹھاتا ہے اور ام المؤمنین عائشہ رضہ سے روایت ہی کہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام نے

قال اذا كثر ذنوب العبد ولم يكن له ما يكفرها ابتلاه الله تعالى بالحزن ليكفرها وروى عن ابي موسى الاشعري انه عليه

فرمایا جب کسی بندہ کی گناہ بہت ہو جاتی ہیں اور اونکا کچھ کفارہ نہیں ہوتا تو اللہ تعالی اوسکو غم میں مبتلا کر دیتا ہی تاکہ کفارہ ہو جاوے اور ابو موسی اشعری سی روایت ہے

الصلوة والسلام قال لا يصيب العبد نكبة فما فوقها او دونها الا بذنب وما يعفو الله تعالى عنه اكثر وقرأ قوله تعالى

کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا بندہ پر کوئی گزند بہت یا تھوڑا بدون گناہ کی نہیں آتا اور اللہ جو معاف کر دیتا ہے سو بہت ہیں اور یہ آیت پڑھی ہے

وَمَا اَصَابَكُمْ مِنْ مُصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيكُمْ وَيَعْفُوا عَنْ كَثِيرٍ يعني ان ما اصابكم من مصيبة اي مصيبة كانت

جو پڑی تمپر کوئی سختی سو بدلا اوسکا جو کمایا تمہاری ہاتھوں نے اور معاف کرتا ہی بہت یعنی تمپر جو مصیبت آتی ہی کیسی ہی ہووے

في

فھی بسبب معاصیکم التی اکتسبتموھا واللہ تعالی یعفو عن کثیر من الذنوب فلا یعاقب علیھا فی الدنیا وقال علی المؤمن

سو وہ تمہاری نا فرمانی کی شامت سی ہے جو تم کر چکی ہو اور اللہ تعالی بہتری گناہ معاف کر دیتا ہی اور انکی سزا دنیا میں نہیں دیتا اور علی رضہ کہتی ہیں کہ مؤمن کی

عند اللہ تعالی خمس نقمات فاولھا المرض ثم المصائب فان کان ذنوبہ اکثر یعذب فی قبرہ فان کانت اکثر من ذلک

اللہ تعالی کی جانب پانچ عقوبتیں ہیں پہلی بیماری پھر مصیبتیں پھر اگر اوسکی گناہ بڑتی ہوتی ہیں تو قبر میں عذاب ہوتا ہی پھر اگر اس سے زیادہ ہوتی ہیں

یحبس علی الصراط وان کانت اکثر من ذلک یعذب فی جھنم علی قدر ذنوبہ ثم یخرج منھا وھذا کلہ مختص بالمجرمین واما

تو صراط پر رکتا ہی اور اگر اس سے بڑہتی ہوتی ہیں تو گناہوں کی موافق دوزخ میں عذاب ہوتا ہی پھر اوس میں سے نکلیگا یہہ تمام حال گنہگاروں کا ہے اور جو

غیر المجرمین من المؤمنین فانما یصیبھم المصائب فی الدنیا لیرفع درجاتھم فی العقبی کما جاء فی الحدیث ان الرجل لتکون

بے گناہ مؤمن ہیں اونپر مصایب دنیا وی اسیہی سے آتی ہے کہ اونکے درجات عقبے میں بلند ہو جاویں چنانچہ حدیث میں آیا ہی کہ بعضے شخص کا ایک مرتبہ

لہ عند اللہ منزلۃ فما یبلغھا بعملہ فما یزال اللہ تعالی یبتلیہ بما یکرھہ حتی یبلغہ ایاھا والاحادیث فی ھذا المعنی

اللہ کے نزدیک مقرر ہوتا ہی سو وہ عمل کی برکت سی حاصل نہیں کر سکتا پس اللہ تعالی اوسکو مکروہات میں مبتلا کرتا ہی کہ وہ مرتبہ پالیتا ہی اور اس مضمون میں حدیثیں

کثیرۃ لکن ینبغی ان یعلم ان الثواب الوارد لاھل البلاء فی ھذہ الاحادیث وغیرھا منوط بالصبر لا علی نفس المصیبۃ

بہت ہیں لیکن سمجھنی کی بات ہی کہ ثواب اہل بلا کا جو ان حدیثوں میں اور اور جگہہ آیا ہی اوسکا مدار صبر ہے نہ مصیبت پر

علی ما روی عن سفیان الثوری انہ قال انما الاجر علی قدر الصبر والصبر خلق کسبی یتخلق بہ الانسان ویختص بہ ولا

موافق روایت سفیان ثوری کی وہ کہتا ہی کہ اجر برابر صبر کے ہوتا ہی اور صبر ایسی سیرت کسبی ہی جسکو صرف انسان ہی حاصل کر سکتا ہی انسان ہی سے خاص ہے

یتصور فی الملئکۃ والبھائم وھو ثبات القلب علی احکام القدر والشرع وحبس النفس عن الجزع واللسان عن الشکوی

فرشتے اور جانوروں میں نہیں ہو سکتا یعنی تقدیر اور شرع کی احکام پر دل کا قایم رکہنا اور نفس کو بیصبری سی اور زبان کو شکوہ شکایت سی

والجوارح عن فعل ما لا ینبغی قال الشیخ الامام عز الدین بن عبد السلام قد ظن بعض الناس ان المصاب ماجور علی مصیبۃ

اور اعضا کو بیہودہ کاروبار سی بند رکہنا شیخ امام عز الدین بن عبد السلام کہتا ہی بعضے لوگوں کا یہہ گمان ہی کہ شخص مصیبت زدہ مصیبت پر ماجور ہوتا ہی

وھذا خطاء لان المصائب لیس من کسبہ اصلا لا مباشرۃ ولا تسببا وقد قال اللہ تعالی انما تجزون ما کنتم تعملون

اور یہہ گمان غلط ہی اسلئے کہ مصیبت انسان کی اختیاری ہرگز نہیں ہے نہ باعتبار عمل کے اور نہ باعتبار سبب کے اور بیشک اللہ تعالی فرماتا ہی وہی بدلہ پاؤ گی جو کرتے تہے

فمن مات ولدہ وتلف مالہ واصیب ببلاء فی بدنہ فھذہ المصائب لیست من کسبہ ولا من تسببہ حتی یوجر

پس جسکا بیٹا مر جاوے اور مال لٹ جاوے اور بدن پر آفت آجاوی تو یہہ مصیبتیں اوسکی اختیار سے نہیں ہیں اور نہ اسکے سبب پیدا کرنے سی تاکہ اسپر ثواب ملے

علیھا بل ان صبر علیھا یکون لہ اجر الصابرین وان رضی بھا یکون لہ اجر الراضین لکن قد ورد فی الحدیث انما الصبر

بلکہ اگر اسپر صبر کریگا تو اوسکو صابرین کا سا ثواب ملیگا اور اگر اسپر رضامند ہوا تو رضامندوں کا اجر ملیگا لیکن حدیث میں بیشک یہہ آیا ہی کہ صبر

عند الصدمۃ الاولی کما روی عن انس انہ علیہ السلام مر بامرأۃ تبکی عند قبر فقال لھا اتقی اللہ واصبری فقالت الیک

پہلے صدمہ پر ہوا کرتا ہی چنانچہ انس سے روایت ہی کہ نبی علیہ السلام ایک عورت کے پاس کہ قبر پر روتی تہی گئی آپنے فرمایا ای عورت خدا سی ڈر اور صبر کر جواب دیا الگ رہ مجہسی

عنی فانک لم تصب بمصیبتی ولم تعرفہ فقیل لھا انہ النبی علیہ السلام فاتت النبی علیہ السلام فقالت لم اعرفک یا رسول

ایسی مصیبت تمہیں نہیں پڑی ہی اور اسکو اوسنی نہ پہچانا کسی نے کہدیا کہ یہہ نبی علیہ السلام ہیں پھر وہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام کی خدمت میں آئی اور عرض کیا میں نے تمکو یا رسول اللہ

اللہ فقال النبی علیہ السلام انما الصبر عند الصدمۃ الاولی وانما قال کذلک اذ بعد ما مضی علیہ زمان یحصل الصبر

پہچانا نہیں تہا پھر نبی علیہ السلام نی فرمایا صبر پہلے صدمہ پر ہوتا ہی اور یہہ اسلئی فرمایا کہ جب دوسرے کچہہ دیر گذر جاتے ہی تو ہر مصیبت زدہ کو خود بخود صبر آجاتا ہی

لکل مصاب شاء ام ابی وقال ابن مبارک المصیبۃ واحدۃ فان جزع صاحبھا صارت اثنتین احدھما المصیبۃ نفسھا

چاہے یا نچاہے اور ابن المبارک کہتا ہی پہلے مصیبت ایک ہوتی ہی پھر اگر وہ بیصبری کرتا ہی تو دو مصیبتیں ہو جاتی ہیں ایک تو وہی مصیبت

والاخرى ذهاب اجرها وهو اعظم من المصيبة نفسها فان الجزع لا يرد ما فات ولا يرفع الحزن بل يبطل ثواب المصيبة

دوسرے ثواب کا فوت ہو جانا اور یہ اوس پہلی یعنی مصیبت سے سخت ہی کیونکہ بیصبری گذشتہ بات کو نہیں پہیر لاتی اور نہ غم کو دور کرتی ہی بلکہ مصیبت کا ثواب باطل کر دیتی ہے

لان من يجزع على المصيبة فهو انما يشكو ربه ويريد ان يرد قضاؤه وقد ورد في الحديث ان الميت ليعذب ببكاء

اسلئے کہ مصیبت پر بیصبری کرنیوالا پروردگار کی شکایت کرتا ہی چاہتا ہی کہ قضا پہر جاوے اور بیشک حدیث مین آیا ہی کہ میت کو بیشک اہل و عیال کے رونی سی

اهله عليه وذلك اذا كان على طريق النوح وكان الميت راضيا به قبل موته واما اذا لم يكن كذلك فلا باس بالبكاء

عذاب ہوتا ہی لیکن یہہ عذاب جب ہی کہ بطور نوحہ کی ہو اور میت بہی زندگی مین پسند کرتا ہو اور اگر یہہ دونو امر نہون تو پہر اوسپر

عليه رحمة له وشفقة عليه لما هو فيه من السوال المحتوم والعقاب الموهوم فان النبي عليه السلام حين مات

بطور رحمت اور شفقت کی رونے کا کیا ڈر ہی اسپر کہ وہ سوال جواب اچہے اور عقوبت موہوم مین مبتلا ہوتا ہی کیونکہ نبی علیہ السلام جب آپ کا

ابنه ابراهيم بكى وقال له عبد الرحمن بن عوف وانت تبكي يا رسول الله فقال النبي عليه السلام يا ابن عوف انها رحمة

بیٹا ابراہیم مرگیا تہا تو روتی تہی اور عبد الرحمن بن عوف نے عرض کیا آپ روتی ہین یا رسول اللہ تب نبی علیہ السلام فرمایا ای ابن عوف یہہ رحمت ہے

جعلها الله تعالى في قلوب عباده فانما يرحم الله من عباده الرحماء وفي حديث اخر انه عليه السلام قال القلب يحزن

کہ اللہ تعالی نے اپنی بندون کی دلونمین رکہدی ہے اور اللہ اپنی رحیم بندون ہی پر رحمت کرتا ہی اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام فرمایا دل غمگین ہوتا ہے

والعين تدمع ولا نقول ما يسخط الرب في رواية ولا نقول الا ما يرضى ربنا وفي حديث اخر انه عليه السلام قال ان

اور آنکہین روتی ہین اور ہم وہ کلمہ نہین کہتی کہ پروردگار ناخوش ہو اور ایک روایت مین ہی ہم وہ کہتی ہین جس سی پروردگار راضی ہو اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام فرمایا کہ

الله لا يعذب بدمع العين ولا بحزن القلب ولكن يعذب بهذا واشار الى لسانه وفي حديث اخر انه عليه السلام

اللہ تعالی آنکہ کے آنسو سے عذاب نہین کرتا ہی اور نہ دل کی غم سی پر اس سے عذاب کرتا ہی اور زبان کی طرف اشارہ کیا اور ایک حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا

قال ليس منا من ضرب الخدود وشق الجيوب ودعى بدعوى الجاهلية والمراد بدعوى الجاهلية قولهم واويلاه واثبوراه واكاسياه واناصراه

ہمارا ساتہی نہین ہی جو شخص منہہ کو پیٹی اور گریبان چیری اور جاہلیت کیسی باتین کری اور جاہلیت کی باتون سی یہ قول مراد ہین ہائی ہائی ہائی مرنیوالی ہائی پوشاک والی ہائی مددگار

ونحو ذلك وروى انه عليه السلام قال الضرب على الفخذ عند المصيبة يحبط الاجر ولهذا ندبت التعزية وهي الحمل

اور مانند اسکی اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ران کا پیٹنا مصیبت کی وقت ثواب کو کہو دیتا ہی اور اسی لئے تعزیت مستحب ہو گئی ہی یعنے

على العزاء وهو الصبر بوعد الاجر والدعاء للميت والمصاب بالمغفرة قال الزيلعي لا باس بتعزية اهل الميت وترغيبهم

صبر کا تسلیم کرنا واسطے ثواب موعود کے اور دعا خیر واسطے مردہ کی اور دعا مغفرت واسطے پسماندہ کی زیلعی کہتا ہی اہل میت کی تعزیت مین اور صبر کے رغبت دلانی مین

في الصبر لقوله عليه السلام من عزى مصابا فله مثل اجره وكيفية التعزية ان يقال لمن اصابته المصيبة

کچہہ ڈر نہین واسطی ارشاد نبی علیہ السلام کی جسنے مصیبت رسیدہ کی تعزیت کی تو اوسکی لئی برابر کا ثواب ہے اور طریقہ تعزیت کا یہہ ہے کہ مصیبت رسیدہ کو کہی

عظم الله اجرك واحسن عزاك وغفر لميتك وقال الفقيه ابو الليث ان العبد لا يدرك منزلة الاخيار الا بالصبر

خدا تجہکو بڑا اجر عنایت کری اور تیرا صبر نیک کرو اور تیرے مردہ کو بخشدی اور فقیہ ابو اللیث کہتا ہی کہ انسان کو درجہ اخیار کا نہین ملتا جب تک سختی اور

على الشدة والاذى وقد امر الله تعالى نبيه بالصبر فقال فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُو الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ فالامر للنبي امر لامته

تکلیف پر صبر نکرے اور اللہ تعالی اپنی نبی سے صبر کو فرماتا ہے چنانچہ یہہ کہا سو تو ٹہرارہ جیسے ٹہرتی رہی ہین ہمت والی رسول بس نبی کی کہنا گویا امت سے کہنا ہی

فيجب على من كان من الامة ان يقتدي بنبيه ويصبر على ما يصيبه من الالم ويعلم ان ما دفعه الله تعالى عنه

سو جو امت مین داخل ہی اوسپر واجب ہے کہ اپنی نبی کی پیروی کر کر مصیبت الم وغیرہ پر صبر کری اور یقین کری کہ جو جو بلا اللہ تعالی نے بندہ پرسی دفع کی ہین

من البلاء اكثر مما اصابه ويحمد الله تعالى على ذلك اذ روى انه عليه السلام قال اذا مات ولد العبد يقول الله تعالى

وہ زیادہ ہین اون سی جو اوسکو پہنچتی ہین اور اوسپر اللہ تعالی کا شکر بجالانا چاہئی کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام فرمایا جب کسکا بچہ مرتا ہی تو اللہ تعالی

للملئكة اقبضتم ولد عبدي فيقولون نعم فيقول اقبضتم ثمرة قلبه فيقولون نعم فيقول ماذا قال عبدي
فرشتون سی پوچھتا ہی کیا تمنی میرے بندہ کی بچہ کی جان نکال لی وہ عرض کرتی ہین ہان پھر فرماتا ہی کیا جان لی اوسکی دل کی ثمری کی وہ عرض کرتی ہین ہان پھر پوچھتا ہی میرے بندہ نی کیا کہا
حمدك واسترجع فيقول الله تعالى ابنوا لعبدي بيتا في الجنة وسموه بيت الحمد وقد ذكر ان اهل الاعمال
پھر وہ عرض کرتی ہین تیری حمد کی اور انا لله وانا اليه راجعون کہا پھر الله تعالى فرماتا ہی میرے بندہ کی لئی جنت مین گھر بناکر بیت الحمد نام رکھدو اور مذکور ہے کہ نمازے
من الصلوة والزكوة والصوم والحج يؤتى بهم يوم القيمة فيوفي اليهم اجورهم بالميزان ثم يؤتى باهل البلاء فلا ينصب
اور زکوة دینے والے اور روزہ دار اور حاجی جب قیامت کے دن حاضر کئے جاوینگے تو اونکا ثواب میزان سی تول کر پورا کیا جاویگا پھر مصیبت رسیدہ لوگ
لهم الميزان ولا ينشر لهم الديوان بل يصب عليهم الاجر صبا فيود اهل العافية لو ان جلودهم كانت قرضت في الدنيا
بلائی جاوینگی سو انکے لئی نہ ترازو کھڑی ہوگی اور نہ کچھ دفتر موجود ہوگا بلکہ انکا اجر بے اندازہ برسایا جائیگا پھر عافیت والے آرزو کرینگے کاشکی دنیا مین ہمارے کھال قینچیون سی کتری
بالمقاريض يرون ما يعطى لاهل البلاء من الثواب بغير حساب فذلك قوله تعالى انما يوفى الصابرون اجرهم بغير
جاتی کیونکہ دیکھینگے کہ اہل بلا کو کتنا بے حساب ثواب عطا ہوا یہی قول الله تعالى کا ہے ٹھہرنی والون ہی کو ملتا ہی اونکا نیگ
حساب ولهذا كان السلف الصالح يفرحون بالبلاء في الدنيا لما تحققوا ان في الصبر عليه اجرا جزيلا لا نهاية فان
ان گنت اور اسی لئی متقدمین صلحاء دنیا مین بلا پر خوش ہوتی تہے کیونکہ اونکو یقین تہا کہ بلا پر صبر کرنے مین بڑا ہی ثواب بیحد ہی اگر کوئی
قيل ان كان المراد بالصبر على البلاء الرضى به وعدم الكراهة فلا قدرة للادمي عليه وان كان المراد به الفرح بوجوده
اعتراض کری کہ بلا پر صبر کرنے سے اگر یہہ مراد ہی کہ بلا پر راضی ہو اور ناخوش نہ آوی تو یہہ آدمی کی اختیار مین نہین ہی اور اگر اوس سی یہہ مراد ہی کہ بلا پر خوش ہو
فهو ابعد من الاول فالجواب ان الشارع لم ينه عن شئ لا يدخل تحت الوسع وانما نهى عن المكتسب كشق الجيوب وضرب
تو یہہ اوس سے بہی بعید تر معلوم ہوتا ہی تو جواب یہہ ہی کہ شارع نی ایسی شی ہی کہین منع نہین جو اوسکی اختیار مین نہو ممانعت اوس شی کی ہی جسکو کر سکتا ہی جیسی گریبان چیرنا
الخدود والقول باللسان كالندب والنياحة واما ما ذكر من فرح الصالحين به فذلك فرح شرعي مكتسب من قوة الايمان
گلے پیٹنے اور زبان سے بکنا جیسے چیخنا اور نوحہ کرنا اور وہ جو مذکور ہے یعنی بلا پر صلحا کی فرحت سو یہہ فرح شرعی ہی ایمان اور یقین کے قوت سے
واليقين مثاله مثال رجل قال له الملك كلما اضربك سوطا اعطيك مائة دينار فان ذلك الرجل كما يفرح بكثرة ضرب
حاصل ہوتی ہی اوسکی مثال ایسی ہی کہ کسی شخص کو بادشاہ کہی مین تیری جب کوڑا مارون تو ہر کوڑہ کی بدلہ سو اشرفی دونگا سو یہہ شخص باوجود الم کی جیسا
الملك له مع وجود الم الضرب لما يرجوا من جزيل العطاء فكذلك الصالحون لما سمعوا قوله تعالى انما يوفى الصبرون اجرهم
بادشاہ کی کثرت ضرب سے خوش ہوتا ہی کیونکہ بڑی بخشش کا امیدوار ہی تو ایسی نے جب یہہ آیت سنے ٹھہرنے والون ہی کو ملتا ہی اونکا نیگ
بغير حساب وقوله تعالى وجزيهم بما صبروا جنة وحريرا وتيقنوا بحصول جزيل الثواب هان عليهم ما اصابهم في
ان گنت اور بدلہ دیا اونکو اسپر کہ وہ ٹھہری رہی باغ اور پوشاک ریشمی اور یقین لائی بڑی ثواب ملنی کا تو اونپر دنیا مین جو
الدنيا من المصائب كما حكي عن بعض النساء الصالحات انها عثرت يوما فانقطع ظفرها فضحكت فقيل لها اما تجدين
مصیبت گذری سب آسان ہوگئی چنانچہ کسی صالحہ عورت کا قصہ ہے کہ ایکروز پہسلکر گر پڑی تو اوسکا ناخن ٹوٹ گیا تو وہ ہنسی لگی کسی نے کہا کیا تجکو
مرارة الوجع فقالت ان لذة الثواب الحاصل من الله تعالى بالصبر والرضى ازالت عني مرارة الوجع قال العلماء حقيقة الرضى
اسمین دکھہ نہین ہوتا جواب دیا ثواب کی لذت نے جو الله تعالى سے صبر اور رضا پر ملیگا دکھہ کی تلخی کو میری ایسی دور کر دیا ہی علما کہتی ہین حقیقت رضا کی
ما علمنا الله تعالى ان نقوله عند المصيبة انا لله وانا اليه رجعون وهذا استرجاع باللسان فلا بد للعاقل عند اتيانه
وہ ہی جو الله تعالى نے ہمکو تعلیم کی ہی کہ مصیبت کی وقت یہ کہا کرین ہم مال الله کا ہین اور اوسکی طرف پہر جاتے ہین اور یہہ تو استرجاع زبانی ہوا پہر عاقل کو لازم ہی کہ اسکو زبان کہتی ہوی
به ان يتفكر في ثواب المصيبة ليسهل عليه المصيبة فان ثواب المصيبة اذا استقبله يوم القيمة يود لو ان جميع اولاده
مصیبت کی ثواب کو تصور کری تاکہ اوسپر مصیبت آسان ہوجاوی بیشک مصیبت کا ثواب جب قیامت کی روز سامنی آویگا تو یہہ آرزو کریگا کاشکی میرے ساری اولاد

واقربائه ما تواقبله في الدنيا لينال ثواب مصيبتهم وقد وعد الله تعالى في المصيبة ثوابا عظيما حيث قال ولنبلونكم

اور تمام ناسنجی گوار دنیا مین تکبیر سامنی مرجاتے تاکہ اونکی مصیبت کا ثواب ملتا اور بیشک اللہ تعالیٰ نے مصیبت مین بڑی ثواب کا وعدہ فرمایا ہے چنانچہ کہتا ہی اور البتہ ہم آزماوینگے تمکو

بشیء من الخوف والجوع ونقص من الاموال والانفس والثمرٰت وبشر الصٰبرين الذين اذا اصابتهم مصيبة قالوا انا لله و

کچھ ایک ڈر سی اور بہوک سے اور نقصان سی مالونکی اور جانونکے اور میوونکی اور خوشی سنا ثابت رہنی والون کو کہ جب اونکو پہنچے کچھہ مصیبت کہین ہم اللہ کا مال ہین اور

انا اليه رٰجعون اولٰئك عليهم صلوٰت من ربهم ورحمة واولٰئك هم المهتدون يعني ان كل من اصابه مصيبة في ماله او ولده

ہمکو اوسیکے طرف پہر جانا ایسے لوگ اونہین پر شاباشین ہین رب کے اور مہربانی اور وہی ہین راہ پر مراد یہہ ہی کہ جسکو کچھہ مصیبت پہنچی مال مین یا اولاد مین

او نفسه او عرضه كالكلمة القبيحة التي يسمعها في حقه او الهم الذي يهمه او الغم الذي يغمه من ضيق معيشته او

یا جان مین یا آبرو مین جیسے عیب کی بات اپنی حق مین کسی بادی یا ایسا اندوہ پہنچے جو سوچ لگادی یا غم پہنچے جسنے فکر مین ڈال رکہا ہو تنگی معیشت کا

قلة قوته او تعذر كسبه او عدم نبات ذرعه او غير ذلك فانه اذا صبر واحتسب ثواب مصيبته التي اصيب بها يعطيه

یا قلت روزی کا یا پیشہ نچلنے کا یا کہیتی ماری جائیگا یا کچھہ اور سوا اسکے اسپر جو صبر کریگا اور مصیبت کی ثواب کا جو اسپر گذری ہی امیدوار ہوئیگا تو اللہ تعالیٰ

الله تعالى ما وعده في كتابه من الصلوٰة والرحمة والهداية لانه تعالى لا يخلف الميعاد وروى عن عكرمة انه عليه السلام

وہ ہی عطا کریگا جسکا اوسکی نے اپنی کتاب مین وعدہ کیا ہی شاباش اور رحمت اور ہدایت کیونکہ اللہ تعالیٰ وعدہ کا خلاف نہین کرتا اور عکرمہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام کا

طفي سراجه فقال انا لله وانا اليه رٰجعون فقيل له امصيبة هي يا رسول الله فقال نعم كل شيء يؤذي المؤمن فهو له

چراغ بجھگیا تہا سو آپنے فرمایا ہم اللہ کا مال ہین اور ہمکو اوسی کی طرف پہر جانا کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا یہہ مصیبت ہی پس فرمایا ہان جس شی سی مومن کو ایذا ہو وہی اوسکی

مصيبة وفي حديث اخر انه عليه السلام قال اذا انقطع شسع احدكم فليسترجع فانها من المصائب وروى عن ام سلمة

مصیبت ہی اور ایک حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جب کسیکی جوتی کا تسمہ ٹوٹ جاوے تو انا للہ پڑہے کیونکہ یہہ بہی مصیبت ہی اور ام سلمہ سی روایت ہی

انه عليه السلام قال ما من مسلم يصيبه مصيبة فيقول انا لله وانا اليه رٰجعون اللهم اجرني في مصيبتي واخلف

کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جس مسلم پر کچھہ مصیبت گذری پہر وہ کہے ہم اللہ کا مال ہین اور ہمکو اوسی کی طرف پہر جانا الٰہی مجھکو میری مصیبت کا اجر دی اور مجھکو اوس

خيرا منها الا اجره الله في مصيبته واخلف له خيرا منها وروى عن ابن عباس انه عليه السلام قال من استرجع عند المصيبة

بہتر عوض دی تو اللہ تعالیٰ اوسکو اوسکی مصیبت کا اجر اور اوس سے بہتر عوض دیگا اور ابن عباس سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جسنے مصیبت پر انا للہ پڑہا

جبر الله مصيبته واحسن عقباه وجعل له خلفا صالحا يرضاه وروى عن الحسين انه عليه السلام قال ما من مسلم يصاب

تو اللہ تعالیٰ اوسکی مصیبت کو رفع اور اوسکا انجام نیک کردیگا اور اوسکا اچھا بدلا اوسکی پسند کا دیگا اور حسین علیہ السلام سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا نہین کوئی مسلم کہ اوسپر

بمصيبة فيذكرها وان قدم عهدها فيحدث لها استرجاعا الا كتب الله له مثلها من الاجر يعني انه تعالى يعطيه من الاجر

مصیبت گذری پہر وہ اوسکو یاد کری اگرچہ مدت گذر گئی ہو پہر وہ از سر نو انا للہ پڑہے مگر اللہ تعالیٰ اوسکی لئے ثواب اوتنا ہی مقرر کریگا مراد یہہ ہی کہ اللہ تعالیٰ اوسکو اجر

مثل الاجر الذي اعطاه يوم اصيبها وروى عن سعيد بن جبير ان الاسترجاع لم يعط الامة من الامم الا لهذه الامة ولو اعطى

برابر اوس اجر کے جو مصیبت کے روز عطا کیا تہا عنایت کریگا اور سعید ابن جبیر سی روایت ہی کہ استرجاع سوا اس امت کی اور کسی امت کو عطا نہین ہوا اگر کسیکو ملتا

لاحد لاعطي يعقوب النبي عليه السلام الا ترى انه حين اصابه لم يسترجع بل قال يا اسفي على يوسف وروى عن ابن عباس

تو البتہ یعقوب علیہ السلام کو ملتا کیا دیکہتا نہین کہ یعقوب علیہ السلام نے مصیبت کے وقت انا للہ نہین پڑہا بلکہ یہہ کہا کہ ای افسوس یوسف پر اور ابن عباس سے روایت ہے

انه نعي اليه ابنة له وهو في السفر فاسترجع ثم نزل فصلى ركعتين ثم قال قد صنعنا ما امرنا الله تعالى فانه تعالى قال استعينوا

کہ اونکو سفر مین بیٹی کی سناونی آئی تو انا للہ پڑہا پہر اوتر کر دو رکعت پڑہین پہر کہا ہمکو اللہ کا حکم تہا سو کر چکے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہی قوت پکڑو

بالصبر والصلوٰة فينبغي للمؤمن ان يفعل كذلك فانه عليه السلام كان اذا احزنه امر فزع الى الصلوٰة لكونها ام العبادات

ثابت رہنی سے اور نماز سی اب مومن کو لازم ہی کہ یہہ ہی کیا کری کیونکہ نبی علیہ السلام اگر کسی بات سی غمگین ہوتے تو نماز شروع کردیتے اسلئے کہ نماز سب عبادات کی اصل

ومعراج المؤمنين ومناجات رب العلمين قال عليه السلام ان اعظم الجزاء مع عظم البلاء وان الله تعالى اذا
اور مومنین کے لئے معراج اور پروردگار سے سرگوشی ہے نبی علیہ السلام نے فرمایا بیشک بڑا ثواب بڑے بلا پر ہوتا ہے اور بیشک اللہ تعالی جب
احب قوما ابتلاهم فمن رضي فله الرضى ومن سخط فله السخط يعني ان كثرة الثواب يحصل بحصول كثرة
کسی قوم کو محبوب کرتا ہے تو انپر بلا نازل کرتا ہے پھر جو کہ اسپر راضی ہوا تو اوسکی لئے رضامندی ہے اور جو بیزار رہا تو اوسکی بیزاری ہے مراد یہ ہے کہ ثواب کے کثرت بلا کی کثرت سے
البلاء فمن رضي به وصبر عليه يحصل له رضاء الله تعالى ومن كره البلاء وجزع ولم يرض بحكمه تعالى يحصل
حاصل ہوتی ہے پھر جو راضی ہوا اور اسپر صبر کیا تو اوسکے لئے اللہ کی رضامندی ہے اور جسنے بلا کو مکروہ جانا اور واویلا کیا اور اللہ کے حکم پر راضی نہوا تو اوسکی لئے
له سخط الله وغضبه لكن ينبغي ان يعلم ان الرضى والسخط محلهما القلب وهما يتعلقان به لا باللسان فلهذا ترى
اللہ کی بیزاری اور غضب ہے لیکن سمجھنا چاہئے کہ رضامندی اور بیزاری کا ٹھکانا دل ہے یہہ دونوں دل سے علاقہ رکھتی ہیں نہ زبان سے علاقہ نہیں رکھتی اسی لئے
كثيرا من الناس يكون له انين من وجع او شدة المرض مع ان في قلبه الرضى والتسليم بالله تعالى فعلى هذا كل من
اکثر لوگوں کو دیکھتی ہو کہ درد کی مارے یا بیماری کی شدت سے آہ اف تو کرتے ہیں اسپر اونکی دلمیں اللہ تعالے کی رضا اور تسلیم ہوتی ہے اس بیان کی موافق جس سے کہ آہ ونٹ
يسمع منه انين لا يجوز ان يقال في حقه انه غير صابر وغير راض بحكم الله تعالى فلا يطلع احد على قلب احد
سننے میں آتی ہیں اسکو یہہ نہیں کہا جاتا ہے کہ صبر نہیں کرتا اور اللہ کی حکم پر راضی نہیں ہے اسلئے کہ کسیکو کسیکی دل کی کیا خبر ہے
وروى عن عامر الرامي انه عليه السلام قال ان المؤمن اذا اصابه السقم ثم عافاه الله تعالى كان كفارة لما مضى من
اور عامر رامی سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ مومن اگر بیمار ہوجاتا ہے پھر اوسکو اللہ تعالی عافیت دیتا ہے تو گذشتہ گناہوں کا کفارہ
ذنوبه وموعظة له فيما يستقبل وان المنافق اذا مرض ثم اعفي كان كالبعير الذي عقله اهله ثم ارسلوه فلم يعلم
اور آئندہ کی واسطے پند ہے اور بیشک منافق اگر بیمار ہو کر صحت پاتا ہے تو ایسا ہے جیسے اونٹ کہ پہلے اوسکو مالکوں نے باندھ دیا پھر اوسکو چھوڑ دیا
لم عقلوه ولم ارسلوه فعلم من هذا انه تعالى انما يبتلي عبده المؤمن لمحو سيئاته او لرفع درجاته التي لم يبلغها
تو اوسکو خبر نہیں ہوتی کیوں باندھا تھا اور کیوں چھوڑ دیا اب اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالے اپنی مومن بندہ کو اسلئے مبتلا کرتا ہے کہ اوسکی گناہ محو ہوں اور وہ درجات کہ بدون ان مصائب کے نہیں
الا بانواع البلايا فانه تعالى يرسل عليه في الدنيا شدائدها ومحنها حمية له عن الافتتان بها وتزهيدا له عنها
لے سکتا تھا بلند ہو جاویں سو اللہ تعالی اوسپر دنیا میں سختیاں اور محنتیں دنیا کی فتنہ سے بچانے کو اور دنیا سے چھڑانے کو ڈالتا ہے
لئلا يطمئن اليها ويألف محبتها فيقطعه ذلك عن منازل الاخرة لانه متى ابتلي يضعف سورة نفسه ويذهب
تاکہ دنیا پر اطمینان کرکر اوسکی الفت میں نہ پھنس جاوے پھر اوسکی نحوست سے اخروی مراتب سے محروم نہ رہ جاوے کیونکہ جب آفت میں پڑیگا تو اوسکی نفس کی تندی سست اور بشری
صفات بشريته وينقطع عنه مواد الهوى ولذة الدنيا فيتوجه في كل حال في السراء والضراء الى مولاه ويألف الاقبال عليه
عادات جاتی رہینگے اور ہوا ہوس اور دنیا کی لذت اوسکی دلسے دور ہوگی پھر بہرحال راحت اور رنج میں اپنے مولی کے طرف متوجہ رہے گا اور اوسکے ساتھ الفت پکڑیگا
ويستوطن بالصبر والرضى بين يديه الى ان يرفعه الى درجات الاحباب والاولياء وهذا معنى ما روي عن انس انه عليه السلام
اور صبر اور رضا کو اپنی سامنے قایم رکھیگا آخر اوسکو مرتبہ دوستوں اور اولیا کا حاصل ہوجاویگا اور انس رض کی روایت کے یہہ ہی معنی ہیں کہ نبی علیہ السلام
قال ان الله تعالى اذا اراد بعبد خيرا واراد ان يصافيه صب عليه البلاء صبا ومن جملة ما يصب عليه من البلاء
فرمایا کہ بیشک اللہ تعالی جب کسیکی خیر اور اوسکو پاک کیا چاہتا ہے تو اوسپر بہت بلا ڈالدیتا ہے اور منجملے بلا میں اس قسم کی ہیں کہ
انه تعالى يقيض له ويسلط عليه من بعض خلقه من يقصده بالاذى حتى لو اختفى في جحر ضب او فارة يقيض الله تعالى
کہ اللہ تعالی اپنی مخلوق میں سے ایسی کو اوسپر تعین کرکر غالب کردیتا ہے کہ اوسکو ہروقت ستاتا رہے یہاں تک کہ اگر گوہ یا چوہے کی بل میں جاکر چھپے تو اللہ تعالے
له من يؤذيه كما روي عن علي انه عليه السلام قال لو كان المؤمن في جحر ضب ليقيض الله تعالى له فيه من يؤذيه وروي
اوسی جگہ ایذا رسان کو بھیجتا ہے چنانچہ علی رض سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر مومن گوہ کی بل میں چھپا ہوتا ہے تو اوسی بل میں ستانیوالا موجود ہوتا ہے اور ایسی ہے

مثله عن انس بلفظ لو ان المؤمن کان فی جحر فارة لقیض له فیه من یؤذیه والحکمة فی ذلک ان البلاء یسبک صفات

انس سے یہہ روایت ہی اگر مومن چوہی کی بہٹ مین ہووے تو اوسی جگہہ اوسکا موذی جا موجود ہوتا ہی اور اسمین حکمت ہی کہ بلا صفات بشریکو گلاکر صاف کرتی ہی

العبد فکانه تعالی یسبک نفس عبده المؤمن بنار المحنة والبلاء لیصفیه من کدورات اخلاق بشریة لیصلح لولایته

گویا اللہ تعالی اپنی مومن بندہ کی نفس کو محنت اور بلا کی آگ مین گلا کر صاف کرتا ہی تاکہ عادات بشریکی کدورت سی صاف ہوکر ولایت اور محبت کے لایق ہو جاوے

ومحبته

المجلس الثالث والستون فی بیان تحقیق قوله علیه السلام اغتنم خمسا قبل خمس الحدیث وما یتفرع علیه

باسٹہوین مجلس اس حدیث کے تحقیق مین کہ غنیمت جان پانچ کو پہلے پانچ سے اخر حدیث تک

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لرجل یعظه اغتنم خمسا قبل خمس شبابك

اور جو اس سے متعلق ہے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص سے پند دیتی ہوی فرمایا غنیمت جان پانچ کو پہلے پانچ کی جوانی کو

قبل هرمك وصحتك قبل سقمك وغناك قبل فقرك وفراغك قبل شغلك وحياتك قبل موتك هذا الحديث

پہلے بڑہاپی سے اور صحت کو پہلے بیماری سی اور توانگری پہلے فقر سے اور فرصت کو پہلے دہندی سی اور زندگی کو پہلے موت سی یہہ حدیث

من حسان المصابیح رواه میمون بن مهران فانه علیه السلام بین فیه ان الانسان فی حال شبابه یقدر علی

مصابیح کی حسن حدیثون مین سی ہے میمون ابن مہران کی روایت سی بیشک نبی علیہ السلام نی اس حدیث مین یہہ فرمایا کہ آدمی اپنی جوانی مین وہ کام کر سکتا ہے

الاعمال التی لا یقدر علیها فی حال هرمه فلا بد له ان یغتنم الفرصة ویشتغل بالطاعات فی حال شبابه قبل هرمه لانه

جو حالت پیری مین نہین کر سکتا سو اوسکو لازم ہی کہ فرصت کو غنیمت جانے اور جب جوانی مین پیری سے پہلے عبادت مین مشغول رہی کیونکہ

فی حال شبابه ان ترك العمل واتبع هواه وتعود بالمعصیة لا یقدر علی ترکها فی حال هرمه فینبغی له ان یترك

جوانی مین اگر عمل خیر ترک کر کر ہوا ہوس مین پہنسا اور معصیت کی عادت کرلے تو پہر کیا طاقت ہی کہ بڑہاپی مین چہوڑدی تو لایق یہہ ہی کہ معاصی کو

المعاصی فی حال شبابه ویعود نفسه باعمال الخیر حتی یسهل علیه فی حال هرمه وبین ایضا انه فی حال صحته یقدر

جوانی مین ترک کری اور اعمال خیر کی عادت ڈالی تاکہ پیری مین جاکر آسانی رہی اور یہہ بہی بیان فرمایا کہ انسان اپنی صحت مین اپنی

علی کسب الخیرات بماله وبدنه فینبغی له ان یغتنم صحته ویجتهد فی کسب الخیرات بماله وبدنه لانه اذا مرض یضعف

مال اور بدن سی ثواب حاصل کر سکتا ہی پہر اوسکو لازم ہی کہ اپنی صحت کو غنیمت جانکر اپنے مال اور بدن سی کسب خیرات مین کوشش کری کیونکہ بیمار ہوکر بدن ناتوان ہو جاتا ہی

بدنه فلا یقدر علی الطاعات ببدنه ویقصر یده عن ماله فیما زاد علی الثلث فلا یقدر علی التصرف فی ماله الا فی مقدار

پہر بدن مین طاعات کی طاقت کہان رہتی ہی اور ہاتہہ سے تہائی مال کی زیادہ سی تنگ ہو جاتا ہی پہر یہہ قدرت نہین کہ تہائی مال سی زیادہ خرچ کرے

ثلثه وبین ایضا انه فی حال غناءه وفی حال فراغه یقدر علی الطاعات بلا مانع فاذا بدل الغنی بالفقر والفراغ بالشغل

اور یہہ بہی بیان فرمایا کہ آدمی توانگری اور فرصت مین بلا موانع طاعات کر سکتا ہی اور جب توانگری کی بدلہ فقر آیا اور فرصت کی جگہہ دہندا لگا

یظهر الموانع فلا یقدر علی الطاعات بل یکون مشتغلا بامر المعاش فینبغی له ان یغتنم غناه وفراغه فی تحصیل الاعمال

تو پہر موانع پیدا ہوجاتے ہین پہر طاعات کی قدرت کہان بلکہ اپنی معاش کی فکر مین لگا رہتا ہے سو لایق یہہ ہی کہ توانگری اور فرصت کو صالح اعمال کی لئی غنیمت سمجہے

الصالحات لان الغنی یعقبه الفقر والفراغ یعقبه الشغل وبین ایضا انه فی حال حیوته یقدر علی العمل فاذا مات

اسلئے کہ غنا کے پیچہے فقر اور فرصت کی پیچہے دہندا لگا ہوا ہے اور یہہ بہی بیان فرمایا کہ آدمی اپنی زندگے مین عمل کر سکتا ہی اور جب موا

ینقطع عن العمل فینبغی له ان یغتنم حیاته ولا یضیع عمره فیما لا یعنیه فان کل نفس من انفاس العمر جوهرة نفیسة لا

تو عمل تمام ہوئے پس لازم یہہ ہی کہ اپنی زندگی کو غنیمت جانکر نکمے باتون مین عمر نکہوئی کیونکہ عمر کا ایک ایک دم ایک نفیس بیبہا جوہر ہے

قیمة لها اذ یمکن ان یشتری بها کنز من کنوز الجنة التی لا یتناهی نعیمها ابد الاباد فاضاعة تلك الانفاس واشتراء ما

اسلئے کہ اسکے بدلہ ایک خزانہ جنت کی خزانون مین سی ہاتہہ آسکتا ہی جسکی نعمتین کبہی تمام نہوںگے پہر ایسی انفاس کو ضایع کہونا اور ایسی چیز کا خریدنا

بما ما یکون سببا هلاکه باتباع هواه غایة الخسران ونهایة الخذلان فان من یتبع هواه یفعل ما یضره او یهلکه
کہ ہوا ہوس میں پہنساکر ہلاک کرڈالے بڑا ہی زیان اور نہایت نقصان ہی سوجو شخص ہوا ہوس میں لگا ہوا ہی تو وہ ہی کام کرتا ہی جسمین
حالا او مآلا وهو لا یشعر او یشعر لکن لخفة عقله یرجح اللذة الحاضرة التی لا بقاء لها علی العقوبات الاخرویة
حال اور مآل کا ضرر اور تباہی ہو پہر وہ بیخبر ہی یا جانتا ہی پر بیوقوفی سے حال کی نا پائدار لذت کو اخروی عقوبات سے جسکی
التی لا نهایة لها و بظن لعمی بصیرته وتناهی حماقته انه ظفر بشیء من اللذائذ ولا یعلم ذلک لاحمق انه
کچہہ انتہا نہیں ہے بہتر سمجہتا ہی اور اندہا ہوکر کمال بیوقوفی سے خیال کرتا ہی کہ کچہہ عیش اوڑایا اور احمق یہہ نہیں سمجہتا کہ دنیا سے
یخرج من الدنیا ویری انه لم یظفر بشیء من اللذائذ اصلا لا من لذائذ الدنیا لانها عنه تزول ولا من لذائذ
ابہی نکلکر دیکہہ لیگا کہ کچہہ بہی عیش نکیا نہ تو دنیا کی عیش و لذت کیونکہ سب ہو چکینگی اور نہ
الاخرة اذ لیس له الیها الوصول فیبقی فی حسرة وندامة حین لا ینفعه الندم وقد روی انه علیه السلام قال
آخرت کی عیش کی لذت کیونکہ وہ کہان ہاتہہ آسکتے ہین پہر حسرت اور ندامت میں ہوگی اوسوقت ندامت سے کچہہ فائدہ نہوگا اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا
ما من احد یموت الا ندم قالوا وما ندامته یا رسول الله قال ان کان محسنا ندم ان لا یکون ازداد وان کان
جب کوئی مرتا ہی سو نادم ہوتا ہی عرض کیا یا رسول اللہ ندامت کیون ہوتی ہی فرمایا اگر نیکوکار ہوتا ہی تو یہہ ندامت ہوتی ہی کہ عمل زیادہ کیون کئی اور اگر
مسیئا ندم ان لا یکون نزع فیا ایها العاقل لا تضیع عمرک فی الغفلة واجتهد فی تحصیل متعة الاخرة قبل
بدکار ہوتا ہی تو یہہ ندامت کیون نہ باز آیا سو دانا ہوکر اپنے عمر غفلت مین کیون کہوتا ہے آخرت کی سامان حاصل کرنے مین کوشش اس سے پہلے کر
ان یجیء یوم لا تقدر علی تحصیلها فی ذلک الیوم فانک عن قریب تعاین ذلک الیوم فتندم علی
کہ ایسا دن آجاوے کہ اوس روز تو ہرگز حاصل نہ کرسکے بیشک تو اوس دن کو جلد دیکہہ لیگا پہر تو گذشتہ عمر پر
ما فات من عمرک فی غیر طاعة ربک ولا ینفعک الندم فان العبد اذا کان فی شغل من اشغال الدنیا و
بدون عبادت پروردگار کی نادم ہوگا اور ندامت سے کچہہ فائدہ نہوگا کیونکہ آدمی جب تک دنیا کے کاروبار مین لگا رہتا ہے
کان شغله یمنعه من العمل احال ذلک العمل علی فراغه وقال اذا فرغت عملت فذلک من حماقته من
اور وہ شغل اوسکو عمل نیک سے باز رکہتا ہی تو اوس عمل نیک کو فرصت کی وقت پہ ٹال رکہتا ہی کہتا ہے فرصت ملیگی تو کرونگا سو یہہ صرف بیوقوفی ہی
وجهین احدهما ایثار الدنیا علی الاخرة ولیس هذا من شان العاقل وقد قال الله تعالی بل تؤثرون
دو وجہ سے ایک تو دنیا کو آخرت پر پسند کرنا اور یہہ عاقل کا کام نہیں ہے اور بیشک اللہ تعالی فرماتا ہی بلکہ تم پسند
الحیوة الدنیا والاخرة خیر وابقی والثانی تسویفه العمل الی وان فراغه فانه قد لا یجد مهلة بل یختطفه
رکہتی ہو دنیا کا جینا اور پچہلا گہر بہتر ہے اور رہنی والا اور دوسری وجہ عمل کو فرصت کی وقت پر ڈال رکہنا کیونکہ بعضے دفعہ مہلت نہیں ملتی بلکہ
الموت قبل فراغه او یزداد شغله لان اشغال الدنیا یستلزم بعضها بعضا فیبقی بلا زاد لیوم المعاد فالواجب
موت فرصت کی وقت سے پہلے آپکڑتے ہی یا وہ دنیا کا دہندہا بڑہتا چلا جاتا ہی کیونکہ دنیا کی کام کا سلسلہ ایک سے ایک لگا ہوا ہی پہر آخرت کے توشہ سے خالی رہجاتا ہی
علی العبد ان یبادر الی الاعمال الصالحات علی ای حال کان قبل وصول الموت وحصول الفوت لقوله
سو آدمی پر یہہ واجب ہے کہ جلدی سے اعمال صالح کو کسے حال مین ہو موت سے پہلے اور فوت سے پیشتر اختیار کری اس آیت کے
تعالی سارعوا الی مغفرة من ربکم وجنة عرضها السموات والارض اعدت للمتقین فان من تعلق قلبه
مطابق اور دوڑو بخشش پر اپنی رب کی اور جنت پر جسکا پہیلاو ہی آسمان اور زمین تیار ہوی ہی واسطی پرہیزگارونکی بیشک جسکا دل
بالدنیا واخذ منها القدر الزائد علی حاجته من الطعام والشراب واللباس یکون مضرة علیه الا ان یستعین
دنیا پر لگا ہوا ہی اور دنیا مین سے کچہہ مقدار حاجت سے زیادہ کہانا اور پینا اور پوشاک حاصل کرتا ہی تو اوسکی حق مین مضر ہی ہان اگر اوس سے طاعت الٰہی مین

على طاعة الله تعالى لان كل ما احبه الانسان وظفر به لابد ان يفارقه فان كان احبه لغير الله يعذب به
اسلئے کہ آدمی جس چیز کو محبت کی راہ سے پیدا کرتا ہی تو بالضرور اوس سے جدا ہو ویگا پھر اگر اوسکی محبت واسطے غیر اللہ کے تھی تو اوسکی جدائی
بفواته ان يحصل له من الالم قدر ما تعلق به قلبه ولهذا قال بعض السلف من احب الدنيا فليوطن نفسه على
سے دل دکھیگا اور اتنا ہی الم پیدا ہو ویگا جسقدر اوس سے دل متعلق تھا اسی لئے بعض متقدمین کا قول ہی کہ جو شخص دنیا کی محبت کرے تو چاہیے کہ اپنی جان کو
تحمل المصائب فان لمحبها لا ينفك عن ثلث مصائب هم لازم وتعب دائم وحسرة لا تنقضي فلو لم يكن لمحبها
مصیبت کا گھر بنالے کیونکہ دنیا کے محبت تین مصیبت سے خالی نہیں ہوتی فکر دائمی اور رنج ہمیشہ کا اور ارمان بے انتہا اور اگر دنیا دار کو ترت کوئی
العذاب العاجل لا هذا لكفى له مصيبة فكيف اذا حيل بينه وبين محبوباته ولذاته كلها بالموت وصار
عذاب سوا اسکے نہو تو یہہ مصیبت بھی اوسکی لئے کفایت کرتی ہی پھر تو کیا حال ہوگا جب موت اوس میں اور اوسکی محبوبات اور لذات کی بیچ میں آجاوے اور اوسی کے
معذبا بنفس ما كان متلذذا به على قدر لذته التي شغلته عن سعيه في طلب زاده ليوم معاده اذ لو كان
عذاب میں رہ جاوے جس سے مزے اور مزا آتا تھا موافق اوس لذت کے جسکے مارے قیامت کی زاد راہ کی کچھہ سعی نکی اسلئے اگر کسیکی
لاحد الف محبوب ينزل به عند الموت في وقت واحد الف مصيبة لانه كان يحب جميعها ويسلب
ہزار محبوب ہوں تو موت کے وقت ہی اوسپر ہزار مصیبت ایکبارگی پڑ جاتے ہین اسلئے کہ اسکو سب سے محبت تھی اور وہ سب کی سب
عنه في لحظة واحدة كلها ويبقى في حسرة وندامة بعد موته وهذا اول ما يلقاه عقيب موته من الالم فضلا
ایک دم بھر میں جاتی رہتی ہین اور مرتے ہی حسرت اور ندامت میں رہ جاتا ہے اور یہہ تو پہلا الم ہے جو مرتے ہی پیش آوے گا
عما اعده الله تعالى للذين استحبوا الحيوة الدنيا ورضوا بها من عذاب الاخرة والحاصل ان من احب
اوسکو تو کیا کہیے جو اللہ نے انکے لئے جو دنیا کو محبت سے آخرت کی عذاب پر پسند کر رکھتی ہین آخرت کا عذاب تیار کر رکھا ہی اور حاصل یہہ ہے کہ جو شخص
شيا سوى الله تعالى ولم يكن محبته له لله تعالى ولا لكونه معينا على طاعة الله تعالى يحصل له به
سوائے اللہ تعالی کے اور چیز کی محبت پیدا کرلی اور وہ محبت نہ خدا کے واسطے ہو اور نہ طاعت الہی پر مددگار ہو تو اوسکے حق میں
الضرر سواء ظفر به او لم يظفر فانه ان لم يظفر به يعيش بغصته ولا يستريح من التعب وان ظفر به يكون
مضر ہی برابر ہے کہ وہ شی اوسکو حاصل ہو یا نہو کیونکہ اگر نہ حاصل ہوئی تو اوسکے غم میں لگا رہتا ہی رنج سے آرام نہیں پاتا اور اگر حاصل ہوئی تو وہ الم
ما حصل له من الالم قبل حصوله ومن الحسرة عليه بعد فواته اضعاف اضعاف ما حصل له من اللذة
کہ حصول سے پہلے دیکھا وہ کا وہ اور اوسپر فوت ہونے کے بعد چند در چند اوس لذت سے زیادہ دل کے حسرت
ولو نال العبد كل حظ من حظوظ الدنيا وكل لذة من لذاتها ومضى عمره عليها ولم يسع في تحصيل
اور اگر آدمی کو دنیا کے تمام عیش اور آرام اور ساری لذتیں عمر بھر حاصل رہیں اور اوسنے آخرت کی سعادت میں
السعادة في الاخرة يصير عند الموت كانه لم يظفر بشيء من حظوظها ولذاتها وتعود تلك الحظوظ
کچھہ سعی نکی تو وہ مرتے ہی ایسا ہوگا کہ دنیا میں کچھہ بھی مزا اور آرام نہ پایا اور وہی عیش اور آرام
واللذاة عذابا له ويصير معذبا بنفس ما كان منعما به من جهتين من جهة فوته مع شدة تعلق
اوسکے حق میں عذاب ہو جاوینگی اور وہ ہی عیش کی چیزیں دو وجہ سے عذاب کا سبب بنجاوینگے ایک تو اونکا چھوٹنا اور
قلبه به ومن جهة عدم حصول ما هو له انفع وادوم فالمحبوب الحاصل يفوت عنه والمحبوب الاعظم
دل اونمیں لگا ہوا ہوگا دوسرے حاصل نہونا جو اوسکے لئے ہمیشہ کو مفید ہوتا اب حال کا محبوب تو ہاتھہ سے جاتا رہیگا اور محبوب اعظم
لا يحصل له وهذا اول ما يلحقه من العذاب قبل عذاب النار اذ قد قال العلماء ليس الموت بعدم محض
اوسکو میسر نہوگا اور یہہ تو وہ عذاب ہی جو دوزخ کے عذاب سے پہلے اوسپر گذریگا اسواسطے کہ علما کہتے ہین کہ موت عدم محض

ولا فناء

ولا فناء صرف وانما هو انقطاع تعلق الروح بالبدن ومفارقته عنه وتبدل من حال الى حال وانتقال من

اور نری فنا ہی نہیں ہی بلکہ موت کیا ہی روح کا علاقہ بدن سی چھوٹ جانا اور بدن سی الگ ہونا اور ایک حال سی دوسرا حال بدل جانا اور ایک جگہ سی

دار الى دار وهو اعظم المصائب وقد سماه الله تعالى مصيبة حيث قال فاصابتكم مصيبة الموت

دوسری جگہ نقل کرنا اور یہہ بڑی مصیبت ہی اور بیشک اللہ تعالی نی موت کا نام مصیبت رکہا ہی چنانچہ فرمایا ہے پہر پہنچے تم پر مصیبت موت کی

فالموت هو المصيبة العظمى واعظم منه الغفلة عنه وعدم ذكره وقلة التفكر فيه وترك العمل له واتباع

سو موت ہی بڑی مصیبت ہی اور اوس سی بڑہ کر غافل رہنا کہ نہ اوسکو یاد رکہی اور نہ اوسکا کچھہ فکر کری اور نہ اوسکی لئی کچھہ عمل کرے اور

الهوى فان اتباع الهوى سم من سموم الدين يفضى الى الهلاك يوم الدين مع ان المؤمن بنفس الايمان

ہوا ہوس میں پڑا رہی بیشک ہوا ہوس کی اطاعت دین کی حق میں ایسا زہر ہے کہ قیامت کی روز ہلاک کروا دیگا باوجودیکہ مومن صرف بواسطہ ایمان کے

قد عاهد الله تعالى ان لا يعصيه وذلك لان الايمان قبول والتزام فمن يقول لا اله الا الله يصير كانه

اللہ تعالی سی یہہ عہد کر لیتا ہی کہ نافرمانی نکرونگا اور یہہ اسلئی کہ ایمان قبول اور مان لینے کو کہتے ہیں پہر جو شخص لا الہ الا اللہ کہتا ہے گویا وہ یہہ کہتا ہی

يقول اني علمت واعتقدت انه تعالى واحد في ذاته وصفاته وافعاله ولا يظهر في العالم شئ الا

کہ میں نی یقین کیا اور اعتقاد لایا کہ اللہ تعالی اپنی ذات اور صفات اور افعال میں یگانہ ہی اور عالم میں کوئی شئ اوسکی علم اور ارادہ اور

بعلمه وارادته وخلقه ولا يستحق العبادة الا هو واني التزمت عبادته ولا اعبد الا اياه فبعد هذه

پیدایش کی بدون ظاہر نہیں ہو سکتی اور کوئی سوا اوسکی مستحق بندگی کا نہیں اور میں نے اوسکی بندگی اپنی ذمہ لی اور اوسکی سوا کسیکی عبادت نکرونگا ایسے

المعاهدة يحرم عليه ان يعصيه في شئ من اوامره ونواهيه حتى اذا دعته نفسه الى نقض عهد مولاه

عہد کے بعد اوسکو نافرمانی کرنے حرام ہے کوئی بات ہو حکم یا ممانعت یہانتک کہ اگر اوسکا جی میں مولی کی عہد توڑنے کا خیال آوی

يلزمه ان يقول لها كما قال يوسف النبي عليه السلام لامراة العزيز حين دعته الى نفسها معاذ الله

تو اوسکو لازم ہے کہ جی میں یہہ کہے جیسے یوسف نبی علیہ السلام نے عزیز کی جورو سے کہا تہا جب اوسنی اپنی طرف طلب کیا خدا کی پناہ

انه ربي احسن مثواي انه لا يفلح الظالمون فان من اشتد ميل نفسه الى ما يشتهيه وتركه مع قدرته عليه

وہ عزیز مالک ہے میرا اچھی طرح رکہا ہی مجھکو البتہ بھلا نہیں پاتی جو لوگ بے انصاف ہیں بیشک جسکا دل شہوت پر ٹوٹ پڑی اور شہوت کو قدرت ہوتی ہوئے

في موضع لا يطلع عليه الا الله تعالى يكون دليلا على صحة معاهدته مع ربه في ايمانه فان المؤمن اذا علم

ایسے مقام میں کہ سوا اللہ تعالی کی کوئی مطلع نہو سکے ترک کرے تو یہہ دلیل ہے کہ اسنے اپنی ایمانی عہد کو رب کے ساتھہ پورا کیا بیشک مومن جب یہہ سمجھتا ہے

ان رضى مولاه في ترك هواه يقدم رضى مولاه على هواه ويكون لذته وصفاه فيما يرضى مولاه وان كان مخالفا

کہ مولی کے خوشی ہوا ہوس کے ترک میں ہی تو اپنی مولی کی خوشی اپنے خواہش پر مقدم رکہتا ہی اور اوسکی لذت اور صفا مولی کی رضامندی میں ہوتی ہی اگرچہ خواہش کے مخالف

لهواه ويكون المه وجفاه فيما لا يرضى مولاه وان كان موافقا لهواه بل يكون لذته في ترك شهواته لله تعالى

اور اوسکا الم اور جفا مولی کی ناخوشی میں ہوتا ہی اگرچہ خواہش کے موافق ہو بلکہ اوسکو ترک شہوات میں لذت اس سی زیادہ ہوتی ہی کہ اس لذت کو

اعظم من لذته في تناولها بل يكون كراهته تناولها عنده في خلوته اشد من كراهته لالم الضرب و

حاصل کرے بلکہ اوسپر لذت کی بیزاری میں خلوت میں مار اور قید کے الم سے زیادہ ہوتی ہے

الحبس الا ترى ان يوسف النبي عليه السلام حين قالت امراة العزيز في حقه وان لم يفعل ما آمره ليسجنن

کیا معلوم نہیں کہ یوسف نبی علیہ السلام کے لئے جب زلیخا عزیز کی بیوی سنے یہہ کہا اور اگر نکریگا جو اوسکو میں کہتی ہوں البتہ قید پڑیگا

وليكونن من الصاغرين كيف قال رب السجن احب الي مما يدعونني اليه فان امراة العزيز لما كان قلبها

اور ہوگا بے عزت تو یوسف علیہ السلام نی کیسے یہہ ہی کہا ای رب مجھکو قید پسند ہی اس بات سی جسطرف مجھکو بلاتیاں ہیں کیونکہ زلیخا عزیز کی بیوی کا دل

خاليا عن الايمان مالت الى السوء والفحشاء مع كونها ذات زوج ويوسف النبي عليه السلام لما كان

چونکہ ایمان سے خالی تہا تو بدی اور فحش بات کی طرف جہکی باوجودیکہ شوہرگن تہی اور یوسف نبی علیہ السلام کے

قلبه غالبا بالايمان اعرض عما ارادت منه مع كونه شابا عزبا فان من يعمل بمقتضى الايمان يكون له

دل پر چونکہ ایمان غالب تہا تو اوسکا کہا نمانا باوجودیکہ جوان اور مجرد تہے بیشک جو شخص ایمان کی مطابق عمل کرتا ہے تو اوسکو

قوة الصبر عما يميل اليه نفسه اذا كان فيه سخط الله تعالى ويتقيد بمحاسبة نفسه ليكون الحساب عليه

نفس کی آرزو پر اگر اوسمین غصہ خدا کا ہوتا ہے تو صبر کرنا آتا ہے اور اپنی ذات کے حساب مین لگا رہتا ہی تاکہ کل کو اوسپر حساب

اهون غدا وطريق المحاسبة ان ينظر في احواله هل اليه من حقوق الله تعالى وحقوق الناس شئ

آسان ہوجاوے اور طریق حساب لینی کا یہہ ہی کہ اپنی حال کو دیکہتا رہی کہ اوسپر کوئی حق الله تعالی یا حقوق عباد مین سے کچہہ باقی ہے

ام لا فيتدارك ما فاته من فرايض الله تعالى فيقضيها ويرد المظالم حبة حبة ويستحل كل من تعرض له

یا نہین پہر اگر فرایض الہی سے کچہہ قضا ہوا ہو تو اوسکو اوسکے عوض کر دے اور رد دانہ دانہ دعوی کا ہلاکر دیوی اور جسکو

بيده ولسانه ويطيب قلوبهم بالاحسان اليهم حتى اذا مات لا يبقى عليه فريضة ولا مظلمة و

ہاتہہ یا زبان سے ستایا ہو تو معاف کرالی اور احسان کرکر اونکا دل خوش کردی آخر جب مری تو اوسپر کوئی فریضہ اور دعوی باقی نہو اور

يدخل الجنة بغير حساب لانه ان مات قبل رد المظالم يحيط به خصماؤه ويتشبثون فيه مخالبهم فهذا

بے حساب و کتاب بہشت مین چلا جاوی کیونکہ اگر حقوق ادا کئے بغیر مرگیا تو اوسکے مدعی گہیر کر نوچینگے یہہ

يقول ضربتني وهذا يقول شتمتني وهذا يقول استخدمني وهذا يقول اخذت مالي وهذا يقول وجدتني

کہیگا تونی مجہکو مارا تہا وہ کہیگا مجہکو گالی دی تہی کوئی کہیگا مجہسے کام لیا تہا کوئی کہیگا میرا مال چہین لیا تہا کوئی کہیگا تونے مجہکو

مظلوما وكنت قادرا على دفع الظلم فما دفعت عني الظلم وهذا يقول رايتني على منكر فما نهيتني

مظلوم پایا اور تجہکو یہہ قدرت تہی کہ ظلم سے بچا دیتا پر تونی مجہکو نہ بچایا اور کوئی کہیگا تونے مجہکو گناہ مین مبتلا دیکہا اور مجہکو منع نکیا

عنه فبينما هو كذلك مبهوت متحير من كثرة الخصماء وقد ضعف عن مقاومتهم ومد عنق الرجا الى

اب وہ اس حال مین مدعیون کی کثرت سے بحواس اور حیران ہوکر اونکی جواب دینے اور مقابلہ سے تنگ کر

المولى الغفار لعله ينجيه من ايديهم اذ يقرع سمعه نداء الجبار اليوم تجزى كل نفس بما كسبت لا ظلم

مولی غفار کی طرف امیدوار ہوویگا شاید کہ انکے ہاتہہ سے بچالیوی ناگاہ اوسکی کانمین آواز آویگی آج بدلا پاویگا ہر جی جیسا کمایا ظلم نہین

اليوم فعند ذلك ينخلع قلبه ويوقن بهلاك نفسه فتفكر ايها الغافل ما انزل الله تعالى في كتابه

آج اب اوسکا دل چہوٹ جاویگا اور یقین کریگا کہ مرلیا اب سوچ تو او غافل الله تعالی نے اپنی کتاب مین کیا نازل کیا ہے

حيث قال ولا تحسبن الله غافلا عما يعمل الظالمون ولا تتبع وسوسة الشيطان لانه عدو

جہان فرمایا ہی اور مت خیال کر کہ الله بے خبر ہے ان کاموں سی جو کرتے ہین بے انصاف اور شیطان کی وسوسہ کی پیروی مت کر کیونکہ شیطان تو بنی آدم کا

لبني ادم يريد اضلالهم ليجرهم مع نفسه الى النار فيجب على المومن ان يدفع وسوسته ويتخذه

دشمن ہے راہ سے بہلاتا ہے تاکہ اپنے ساتہہ دوزخ مین کہیچ لیجاوی اب مومن پر واجب ہی کہ اوسکا خیال دور کرے اور اوسکو دشمن سمجہے

عدوا كما قال الله تعالى ان الشيطان لكم عدو فاتخذوه عدوا وذكر الفقيه ابو الليث في التنبيه

چنانچہ الله تعالی فرماتا ہی تحقیق شیطان تمہارا دشمن ہے سو تم سمجہہ رکہو اوسکو دشمن اور فقیہ ابو اللیث نے تنبیہ مین کہا ہے

ان لك اربعة من الاعداء يحتاج ان تجاهد مع كل واحد منهم احدهم الدنيا وهي غدارة مكارة

کہ تیرے چار دشمن ہین اون مین سے ہر ایک کے ساتہہ لڑنا ضرور ہی ایک تو دنیا کہ عہد شکن اور فریب باز ہے

فالدنيا

فلذلك قال الله تعالی فلا تغرنکم الحیوة الدنیا والثانی نفسك وهی شر الاعداء لما روی عن ابن عباس انه علیه السلام

اسیهی لئی اسد تعالی فرماتا ہی سو تمکو نہ بہکاوی دنیا کا جینا اور دوسرا دشمن تیرا نفس ہی یہہ سب سی بدتر ہی موافق روایت ابن عباس کی کہ نبی علیه السلام

قال اعدی عدوك نفسك التی بین جنبیك وقد اخبر الله تعالی انها بذاتها امارة بالسوء حیث قال ان

نی فرمایا سب سی بڑا دشمن تیرا نفس ہی جو تیری دونو پہلو مین ہی اور بیشک اللہ تعالی خبر دیتا ہی کہ نفس خود بخود برائی کی بات بتاتا ہی جہان فرمایا ہی بیشک

النفس لامارة بالسوء والامر بالسوء دابها وعادتها لانها خلقت ظالمة جاهلة والعلم والعدل طارئ علیها

جی تو سکھاتا ہی برائی اور برائی کا حکم دینا اوسکا طریق اور عادت ہی اسلئی کہ اصل مین بیراہ اور جاہل پیدا ہوئی ہی اور علم اور عدل عارضی ہوتا ہی

وان لم یدرکها رحمة الله تعالی وفضله تبقی علی جهلها وظلمها وتکون من حزب الشیطان وتجر من اطاعها

اور اگر اوسپر اللہ کی رحمت اور فضل نہووی تو جاہل کا جاہل اور ظالم کا ظالم ہی رہی اور شیطان کی جماعت مین بھرتی ہو اور اپنی فرمان بردار کو

الی العصیان ومخالفة الرحمن لانها تجری بطبعها فی میدان المخالفة والعبد بجهده یمنعها عن سوء المطالبة

گناہون مین اور رحمان کی مخالفت پر لگادیوی کیونکہ نفس بالطبع مخالفت کی میدان مین چلتا ہی اور آدمی اوسکو روک کر مواخذہ کی خوف سی منع کرتا ہی

فمن اطلق عنانها فهو شریکها فی فسادها والثالث شیطان الجن فاستعذ بالله تعالی منه والرابع شیطان

پہر جسنی اوسکی باگ ڈہیلی چہوردی تو فساد مین اوسکا شریک ہی اور تیسرا دشمن شیطان جنی ہی سو اوس سی خدا کی پناہ مانگتا رہ اور چوتہا دشمن

الانس فاحذره فانه اشد علیك من شیطان الجن لان شیطان الجن یکون اغواءه بالوسوسة واما شیطان

شیطان انسی ہی سو اس سی بچنا بہہ شیطان جنی سی ہی تیری لئی سخت تر ہی اسلئی کہ جنی شیطان کا تو اغوا صرف خیالات سی ہوتا ہی اور انسی شیطان

الانس فهو رفیقك السوء یکون اغواؤه بالمعاینة والمواجهة لا یزال یطلب علیك وجها یزیلك عما کنت علیه

تیرا رفیق بد ہوتا ہی اسکا اغوا ظاہر کہلم کہلا آمنا سامنی ہوتا ہی ہر دم یہی تالاش رکہتا ہی کہ کسیطرح تجھکو تیری وضع سی ڈگادی

کما قال بعض السلف انك تستعیذ بالله من الشیطان الرجیم فینصرف واما شیطان الانس فلا یبرح حتی یوقعك فی

چنانچہ بعضی متقدمین کا قول ہی کہ جب تو شیطان رجیم سی اللہ کی پناہ لیتا ہی تو وہ ٹلجاتا ہی اور رہا شیطان انسی سو معصیت مین ڈالی بغیر کبہی نہین ٹلتا

المعصیة ولهذا قال النبی علیه السلام لا تصحب الا مؤمنا ولا یاکل طعامك الا تقی فانه علیه السلام حذر فی هذا

اسیهی لئی نبی علیه السلام نی فرمایا سوای مؤمن کی کسیکی پاس مت بیٹھ اور تیرا کہانا سوای پرہیزگار کی کوئی اور نہ کہانی پائی بیشک نبی علیه السلام نی اس حدیث مین

الحدیث عن مصاحبة من لیس بتقی وعن مخالطته لان الصحبة والمخالطة توقع الالفة والمحبة فی القلب فیلزم

بدکار کی ہمنشینی اور ملنی جلنی سی اسلئی ڈرایا ہی کہ ہمنشینی اور ملنی سی دلمین الفت اور محبت پیدا ہوجاتی ہی پہر ضرور ہی کہ موافق

ان یکون کما قال النبی علیه السلام یحشر المرء علی دین خلیله فلینظر احدکم من یخالل وقد قال الله تعالی الاخلاء

ارشاد نبی علیه السلام کی آدمی اپنی دوست کی دین پر اوٹہی اب ہر ایک کو غور کرنا چاہی کیسی سی دوستی کرتا ہی اور اللہ تعالی فرما چکا ہی جتنی دوست ہین

یومئذ بعضهم لبعض عدو الا المتقین فان کل واحد من الاخلاء غیر المتقین یقول یوم القیمة یا ویلتی لیتنی لم

اوسدن دشمن ہونگی مگر جو ہین ڈروالی بیشک جو دوست پرہیزگار نہین ہین وہ قیامت کی روز یہہ کہینگی ای خرابی میری کہین نہ

اتخذ فلانا خلیلا لیت بینی وبینك بعد المشرقین فخلیل الانسان ومحبه من یسعی فی عمارة اخرته وان کان فیه

پکڑی ہوتی مینی فلانی کی دوستی کسیطرح مجھ مین اور تجھ مین فرق ہو مشرق مغرب کا سو انسان کا دوست اور محب وہ ہی ہی کہ آخرت کی بھلائی مین سعی کری اگرچہ اوسمین

ضر لدنیاه وعدوه من یسعی فی خسارة اخرته وان کان فیه نفع لدنیاه فعلی هذا ینبغی للمؤمن ان لا یتخذ

دنیا کا ضرر ہو جاوی اور دشمن وہ ہی جو آخرت کو خراب کری اگرچہ اوسمین دنیا کا فائدہ ہو اس بیان کی مطابق مؤمن کو لازم ہی کہ دوستی ایسی ہی کری

خلیلا الا من یثق بدینه وامانته ویعرف صلاحه وتقواه لان المرء یکون یوم القیمة مع من احب لما روی انه علیه السلام

جسکی دین اور امانت پر اعتقاد ہو اور نیکی صلاحیت اور تقوی معلوم ہو اسلئی کہ آدمی قیامت کی روز محبوب کی ساتھ ہووبگا اس روایت کی موافق

قال المرء مع من احب قال الحسن البصري لا يغرنكم ظاهر قوله عليه السلام المرء مع من احب فانكم لم تلحقوا

کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا آدمی ساتھ محبوب کے ہوویگا حسن بصری کہتے ہیں اس حدیث کے ظاہر معنوں پر نہ بہولنا کہ آدمی ساتھ محبوب کے ہوویگا بیشک تم بدون اعمال کے

الابرار الا باعمالكم فان اليهود والنصرى يحبون انبياءهم ولا يكونون معهم يوم القيمة وهذا القول منه

ابرار سے نہیں مل سکتے کیونکہ یہود اور نصاری اپنے انبیاء کو محبوب رکہتے ہیں اور قیامت کے دن اونکے ساتھ نہونگے اونکے اس بات میں یہہ

يشير الى ان مجرد المحبة من غير الموافقة في العمل لا ينفع فان تعظيم الانبياء والعلماء والصلحاء ومحبتهم انما

اشارہ ہے کہ نری محبت بدون موافقت اعمال کے مفید نہیں ہے کیونکہ انبیاء اور علماء اور صلحاء کی تعظیم اور محبت تو جب ہوتی ہے

يكون باتباعهم فيما دعوا اليه من العلم النافع والعمل الصالح واقتفاء اثارهم وسلوك طريقتهم لان من اتبعهم

کہ اونکی اطاعت کرے جدہر وہ بلاتے ہیں یعنی طرف علم نافع اور عمل صالح کی اور اونکی پیروی کرے اور اونکا سا طریق اختیار کرے اسلئے کہ جو شخص

اقتفى اثارهم فيكون سببا لتكثير اجورهم بمقتضى قوله عليه السلام من دعى الى هدى كان له من الاجر مثل اجور

اونکی اطاعت اور پیروی کریگا تو باعث اونکی زیادتی ثواب کا موافق ارشاد علیہ السلام کے جو شخص ہدایت کرے تو اوسکو برابر ہدایت ہونے والونکے ثواب ہوویگا

من تبعه لا ينقص ذلك من اجورهم شيئا واما من لم يتبعهم ولم يقتف اثارهم بل خالفهم في العمل واشتغل بتقبيل

اور اونکے ثواب میں سے کچھ کم نہوویگا اور جسنے اطاعت نکی اور نہ اونکی پیروی کی بلکہ عمل میں تو اونسے مخالف اور اونکے ہاتھ پانو چومتا

ايديهم وتقليب نعالهم والتملق بين ايديهم والقيام عند رؤيتهم فليس ذلك من التعظيم والمحبة لانه جعلهم

اور جوتیاں سیدہی کرتا اور سامنے خوشامد اور دیکہہ کی تعظیم کیلئے کہڑا ہوتا رہا تو یہہ کچہہ تعظیم اور محبت نہیں ہے کیونکہ اپنے ساتھہ

مع نفسه محروما من الاجر فاي تعظيم ومحبة في ذلك المجلس الثالث والستون في بيان محاسبة

اونکو بہی ثواب سے محروم رکہا پہر اسمیں کیا تعظیم اور محبت ہوئی ترسیٹہویں مجلس بندہ کی محاسبہ کی بیان میں

العبد يوم القيمة والمناقشة في الحساب قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تزول

قیامت کے دن اور حساب کی مناقشہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں ہل سکتے دونو

قدما عبد يوم القيمة حتى يسئل عن اربع خصال عن عمره فيما افناه وعن جسده فيما ابلاه وعن

پانو کسی آدمی کے قیامت کے روز جب تک پوچہا جاوے چار چیز کو اپنی عمر سے کیونکر کہوئی اور بدن سے کیونکر پرانا کیا اور

ماله من اين اكتسبه وفيما انفقه وعن علمه ما عمل فيه هذا الحديث من حسان المصابيح رواه ابن

مال سے کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا اور علم سے اوسپر کیا عمل کیا یہہ حدیث مصابیح کے حسن حدیثوں میں ہے ابن مسعود کی

مسعود والعبد المذكور فيه وان كان عاما لكونه نكرة في سياق النفي لكنه مخصوص بقوله عليه السلام

روایت سے اور عبد جو اس حدیث میں آیا ہے اگرچہ عام ہے کہ نکرہ نیچے نفی کے پڑا ہے پر بیان خاص ہے بدلیل اس حدیث کے

يدخل الجنة من امتي سبعون الفا بغير حساب فعلى هذا يكون السؤال المذكور فيه لغير هؤلاء السبعين

میری امت میں سے ستر ہزار بے حساب جنت میں جاوینگے اس حدیث کے موافق یہہ چاروں سوال سوا ان ستر ہزار کے اوروں سے ہونگے

الفا فلا بد لكل من يؤمن بالله واليوم الاخر ان يعلم انه يسئل يوم القيمة ويناقش في الحساب ويطالب

ہر ایک کو جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لایا ہے ضرور ہے کہ جان رکہے کہ قیامت کے دن سوال ہوگا اور حساب میں جہگڑا ہیلیگا اور ذرہ ذرہ

بمثاقيل الذر من الخطرات واللحظات ويتحقق انه لا ينجيه من هذه الاخطار الا لزوم محاسبة النفس

سے خطرہ اور نگاہ کا مواخذہ ہوویگا اور ثابت ہے کہ ان خطرات سے بدون لازم کرنے حساب نفس کے نجات نہیں ہوسکتی

في تجارتها للاخرة ومطالبتها في انفاسها وساعاتها وحركاتها وسكناتها فان من حاسب نفسه قبل ان

اوسکی تجارت کا حساب آخرت کے واسطے اور اوسکا مطالبہ حرکات اور سکنات میں دم دم اور گہڑی گہڑی کا بیشک جسنے حساب دینے سے پہلے اپنا حساب

یحاسب

يحاسب يخف عليه يوم القيمة حسابه ويحضره عند السؤال جوابه ويحسن منقلبه ومآبه ومن لم
درست کیا تو اوسپر روز قیامت کو حساب دینا سہل ہوویگا اور سوال ہوتی ہی دلیلین جواب پیدا ہوجاویگا اور اوسکا مآل اور انجام نیک ہوویگا اور جسنی حساب

يحاسبها يدوم حسراته ويطول فى عرصات القيمة وقفاته ويعود الى الخزى والمقت سياته فاذن
درست نکیا تو ہمیشہ کو ارمان رہیگا اور مدت دراز تک قیامت کی میدان مین کہڑا رہیگا اور اوسکی تمام گناہون کا انجام رسوائی اور ہلاکت ہی سو اب

لابد للمؤمن ان لا يغفل فى تجارته لآخرته عن مراقبة نفسه فى حركاتها وسكناتها ولحظاتها وخطراتها
مؤمن کو ضرور ہی کہ آخرت کی تجارت مین اپنی نفس کی نگہبانی سی غفلت نکری اوسکی حرکات اور سکنات اور لحاظات اور خطرات کو دیکہتا رہی

لان هذه التجارة ربحها الفردوس الاعلى وبلوغ سدرة المنتهى مع النبيين والصديقين والشهداء فتدقيق
کیونکہ اس تجارت کا فائدہ فردوس اعلی اور مقام سدرۃ المنتہی انبیاء اور صدیقین اور شہداء کی ساتہ ہی سو اس تجارت کی

الحساب فى هذه التجارة اهم من تدقيقه فى تجارة الدنيا لان ارباح تجارة الدنيا بالقياس الى النعيم المقيم فى
حساب کی صفائی بہ نسبت دنیا کی تجارت کی بہت ضرور ہی اسلئی کہ دنیا کی تجارت کا فائدہ بہ نسبت دائمی نعمتون اخروی کی کمتر ناپائدار ہی

العقبى قليلة سريعة الزوال ولا خير فى خير لا يدوم بل شر لا يدوم خير من خير لا يدوم لان الشر الذى لا يدوم اذا
اور عیش ناپائدار مین کچہ خوبی نہین ہی بلکہ تکلیف ناپائدار عیش ناپائدار سی بہتر ہی اسلئی کہ تکلیف ناپائدار جب ہوچکی

زال يبقى الفرح دائما والخير الذى لا يدوم اذا زال يبقى الاسف دائما فعلى هذا ينبغى للمؤمن اذا اصبح وفرغ
تو پہر دائمی فرحت رہیگی اور عیش ناپائدار جب ہوچکا تو ہمیشہ کو افسوس باقی رہیگا اس بیان کی موافق مؤمن کو لازم ہی کہ صبح ہوتی ہی

من فريضة الصبح ان يفرغ قلبه ساعة فيقول لنفسه يا نفس ليس لى بضاعة الا العمر فاذا فنى بفنى
فجر کی نماز سی فارغ ہوکر ایک دم اپنی دل کو خالی کرکر اپنی نفس سی یہہ کہی ای نفس میری پاس سوای عمر کی کوئی سرمایہ نہین ہی جب یہہ ہی ہوچکی تو

راس المال ويقع الياس عن التجارة وطلب الربح وهذا اليوم يوم جديد قد امهلنى الله تعالى فيه و
راس مال ہوچکا پہر تجارت اور حصول منفعت کی امید نہین ہی اور آجکا دن نیادن ہی کہ اللہ تعالی نی مجہکو اسمین مہلت عطا کی ہی اور

اخر فى اجلى ولو كان توفانى لكنت اتمنى ان يرجعنى الى الدنيا يوما واحدا حتى اعمل فيه صالحا فاحسب
اجل مین تاخیر کردی ہی اگر وفات دیدیتا تو مین آرزو کرتا رہتا کہ ایکدن کی لئی مجہکو پہر دنیا مین بہیجدی تاکہ اوسدن نیک عمل کرلون ای نفس تو یہی سمجہ لی

يا نفس انك توفيت ثم رددت الى الدنيا فاياك ثم اياك ان تضيع هذا اليوم فان كل ساعة من ساعات العمر بل
کہ مرکر پہر دنیا مین آیا ہی سو چوکس رہ پہر چوکس رہ یہہ دن ضایع نہو جاوی بیشک عمر کی ایک ایک ساعت بلکہ عمر کا

كل نفس من انفاسه جوهرة نفيسة لا بدل لها يمكن ان يشترى بها كنز من كنوز الجنة لا يتناهى نعيمها ابد
ایک ایک دم ایسا جوہر نفیس بی نظیر ہی کہ اوسکی بدلی جنت کا ایک خزانہ مول آسکتی ہی جسکی نعمتین کبہی تمام نہونگی سو ایسی انفاس کا

الاباد فانقضاء هذه الانفاس ضائعة او مصروفة الى المعاصى غاية الخسران ونهاية الخذلان فان عمر الانسان
بیکار گذرنا یا معاصی مین لگا رہنا بڑا بہے خسارہ اور نہایت بی ہمتی ہی کیونکہ انسان کی زندگی

زمان لاعماله الصالحة المقربة له الى الله تعالى والموجبة له جزيل الثواب فى يوم الحساب وهذه هى
اعمال صالحہ کی واسطی ہی جس سی اللہ تعالی کا قرب حاصل ہو اور قیامت کی دن بڑا ہی ثواب ملی اور یہہ ہی

السعادة التى ينبغى للانسان ان يسعى فى تحصيلها اذ ليس له منها الا ما سعى كما قال الله تعالى وان ليس
سعادت ہی جسکی لئی انسان کو ضرور سعی کرنی چاہئی اسواسطی کہ انسان کو وہ ہی ملیگا جو آپ کرجائیگا چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی اور یہہ

للانسان الا ما سعى فكل جزء يفوت من العمر خاليا من عمل صالح يفوت من سعادة الآخرة بقدره ولهذا
کہ آدمی کو وہی ملتا ہی جو کمایا پہر عمر کا جو دم عمل صالح سی خالی کٹتا ہی دتنی ہی سعادت اخروی گہٹتی ہی اور اسہی لئی

عظمت مراعاة السلف لانفاسهم ولحظاتهم وبادروا الی اغتنام ساعاتهم واوقاتهم ولم یضیعوا اعمارهم فی
متقدمین اپنی انفاس اور لحظہ لحظہ کی بہت ہی خبرداری کرتی تھی اور ہردم اپنی ساعات اور اوقات کو غنیمت سمجھتی تھی اور اپنی عمر کو
البطالة والتقصیر قال الحسن البصری ادرکت قوما کانوا علی ساعاتهم اشفق منکم علی دنانیرکم ودراهمکم
بیکار اور تقصیر مین نہ کہوتی تھی حسن بصری کہتی ہین مینی ایک قوم کو دیکھا ہی کہ وہ اپنی ساعات کو اس سی زیادہ سنبہالتی تہی کہ تم اپنی اشرفی و روپیہ کو سنبہالتی ہو
فان واحدا منکم کما لا یحب ان یخرج منه درهم واحد الا فیما یعود الیه نفعه وهم کذلک کانوا لا یحبون
کیونکہ جیسی تم مین سی کسی کو خوش نہین ہوتا کہ روپیہ ایسی کار مین خرچ ہو جاوی کہ کچہہ فائدہ نہو وہ لوگ ہی ایسی ہی خوش نہوتی تہی کہ اونکی عمر مین سی ایک ساعت
ان یخرج من اعمارهم ساعة الا فیما یعود الیهم نفعه فان الیوم واللیلة اربع وعشرون ساعة وقد ورد
بیفائدہ گذر جاوی بیشک دن رات چوبیس ساعت کا ہوتا ہی اور حدیث مین آیا ہی چنانچہ امام غزالی احیاء مین بیان کرتی ہین کہ
فی الخبر علی ما ذکره الامام الغزالی فی الاحیاء ان العبد یعرض علیه یوم القیمة لکل یوم ولیلة اربع وعشرون
آدمی کو قیامت کی دن ہر ہر دن رات کی چوبیس چوبیس
خزانة مصفوفة فیفتح له منها خزانة فیراها مملوة نورا من حسناته التی عملها فی تلك الساعة فیناله
خزانون کی قطار پیش آویگی پہر اوسکی لئی اونمین سی ایک خزانہ کہولیگی تو دیکہیگا کہ حسنات کی نور سی بہری جو جو اوس ساعت مین کیا تہا پہر اوسکو
من الفرح والسرور ما لو وزع علی اهل النار لادهشهم ذلك الفرح والسرور عن احساس الم النار ویفتح له
اتنا فرحت اور سرور حاصل ہوگا کہ اگر وہ دوزخیون پر تقسیم کردین تو بی حواسی سی دوزخ کی الم کا ادراک نہ کرسکین پہر اوسکی لئی اور خزانہ کہلیگا
خزانة اخری فیراها سوداء مظلمة یفوح نتنها ویغشاه ظلمتها وهی الساعة التی عصی الله تعالی فیها
اوسکو سیاہ تاریک دیکہیگا کہ بدبو پہیل رہی ہی اور اندہیرا چہا رہا ہی یہہ وہ ساعت ہوگی جسمین اللہ تعالی کی نافرمانی کی ہی
فیناله من الحزن والغم ما لو قسم علی اهل الجنة لنغص علیهم نعیمها ویفتح له خزانة اخری فیراها فارغة
پہر اوسکو اتنا غم اور ملال پیدا ہوگا کہ اگر جنتیون پر تقسیم کردین تو اونپر جنت کی تمام نعمتین بی مزہ تلخ ہو جاوین پہر ایک اور خزانہ کہلیگا اوسکو خالی پاویگا
لیس فیها ما یسره وما یسوءه وهی الساعة التی نام فیها او اشتغل بشیء من مباحات الدنیا فیتحسر علی خلوها
نہ اوسمین کچہہ خوشی ہی اور نہ کوئی غم یہہ وہ ساعت ہوگی جسمین سو رہا یا دنیا کی کسی مباح چیز مین مشغول ہوگیا پہر اسکی خالی ہونی پر
ویناله من الالم ما ینال من قدر علی الربح الکثیر والملك الکبیر واهمله وتساهل فیه حتی فاته وهکذا یعرض
اتنا ارمان کرکر الم اوٹہاویگا جیسی کسیکو بڑی ہی فائدہ اور بڑا ملک ہاتہہ آسکتا تہا مگر اوسنی سستی اور دیر کی کہ وہ ہاتہہ سی جاتا رہا اسیہی طرح خزانی
علیه خزائن اوقاته طول عمره فینبغی له ان یجتهد فی تعمیرها ولا یدعها فارغة عن الکنوز التی هی اسباب
عمر کی ساعات کی پیش آتی جائینگی اب اوسکو سزاوار ہی کہ اوقات عمر کو اباد کری اور خزانون سی خالی نچہوڑی جوکہ باعث اسکی سعادت اور ملک کا ہین
سعادته وملکه ویسعی فی حفظ جوارحه السبعة التی هی العین والاذن واللسان والبطن والفرج والید
اور ساتون اعضاء کی حفاظت کری کہ وہ آنکہہ ہی اور کان اور زبان اور پیٹ اور شرمگاہ اور ہاتہہ
والرجل لانه ان فعل بواحد منها معصیة یکون کافر النعمة الله تعالی فی جمیع الاسباب التی لا بد له منها
اور پاوں کیونکہ انمین سی اگر کسی سی بہی گناہ کریگا تو اللہ کی نعمتون کا تمام اسباب مین منکر ٹہریگا جن جن اسباب کی عمل کو انمین ضرورت ہوتی ہی اسلئی
فی اقدامه علی العمل لان المراد من خلق الدنیا وما فیها ان یستعین الانسان علی الوصول الی طاعة الله تعالی
کہ مقصود دنیا اور دنیا کی سامان کی پیدائش سی یہی ہی کہ انسان اللہ تعالی کی طاعت پر مدد حاصل کری
ولا یمکن الوصول الی طاعة الله تعالی الا بدوام البدن ولا یبقی البدن الا بالغذاء ولا یحصل الغذاء الا بالماء
اور طاعت الہی کا میسر ہونا بدون قیام بدن کی ممکن نہین ہی اور بدن بدون غذا کی قایم نہین رہتا اور غذا بدون پانی

والهواء ولا يتم ذلك الا بخلق الارض والسماء فمن استعمل شيئا من اعضائه في غير طاعة الله تعالى يكون كافرا
اور ہوا کی پیدا نہیں ہوتی اور یہ سب بدون پیدایش زمین آسمان کی پورا نہیں ہوتا پھر جسنی کوئی سا عضو سوای عبادت کی کسی کار میں لگائی رکھا تو وہ اللہ کی ان تمام
لنعمة الله تعالى في جميع ذلك فلا بد من حفظ الجوارح لان حفظها هو راس المال والربح بعد ذلك فمن لم يكن له راس
نعمتوں سی منکر ہی اب حفاظت اعضا کی ضرور ہی کیونکہ انکی حفاظت بجای اصل مال کی ہی اور فائدہ اسکی بعد ہوویگا پھر جسکی پاس اصل مال ہی نہیں
المال كيف يحصل له الربح وهذه الجوارح السبع آلة للهلاك والنجاة فمن يهلك يهلك باهمالها وعدم حفظها
تو وہ فائدہ کیونکر پاسکتا ہی اور ان ساتوں اعضا سی آدمی ہلاک ہوتا ہی اور نجات بہی پاتا ہی پس جو ہلاک ہوتا ہی تو اونکی چہوڑ دینی اور حفاظت نکرنی سی
ومن ينجو ينجو بحفظها وعدم ارسالها فحفظها اساس كل خير واهمالها اساس كل شر ولجهنم سبعة ابواب
اور جو نجات پاتا ہی تو اونکی حفاظت اور نہ چہوڑنی سی اب اعضاؤں کی حفاظت تمام خوبی کی جڑ ہی اور چہوڑ دینا تمام بدی کی جڑ ہی اور دوزخ کی سات دروازی ہین
وانما يتعين تلك الابواب لمن عصى الله تعالى بتلك الجوارح فيلزم حفظها عن معاصيها اما العين فيحفظها
اور وہ دروازی نافرمانوں کی واسطی اون اعضا کی نام سی مقرر ہین تو تمام اعضا کا معاصی سی بچانا ضرور ہی پہر آنکہہ کو حرام کی طرف نگاہ کرنی سی
عن النظر الى ما يحرم نظره بل عن كل فضول مستغن عنه لان الله تعالى يسئل العبد عن فضول النظر كما يسئله عن
بچاوی بلکہ ہر زائد بیکار سی کیونکہ اللہ تعالی بندی سی فضول نگاہ کا بہی مواخذہ کریگا جیسی بیہودہ کلام سی مواخذہ کریگا
فضول الكلام فاذا حفظها عنه لا يقنع به بل يصرفها الى ما خلقت له من النظر الى عجائب صنع الله تعالى ليستدل
اور جب نگاہ کو گناہ سی محفوظ رکہا تو اسی پر نہ بیٹہہ رہی بلکہ نظر سی نظر کا کام لی یعنی عجائب صنایع الہی کو دیکہہ کر اوسکی
به على وجوده وقدمه ووحدته وقدرته وارادته وعلمه وحيوته والنظر في كتابه وسنة رسوله وسائر
وجود اور دوام اور وحدت اور قدرت اور ارادہ اور علم اور حیات پر استدلال کری اور اوسکی کتاب اور اوسکی رسول کی سنت اور تمام
كتب الدين ليتعلم امور دينه ويتعظ وهكذا يفعل في كل عضو لا سيما فيما هو رئيس الاعضاء وهو القلب الذي يلزم
کتب دین کو دیکہی تاکہ امور دینی سیکہی اور پندپذیر ہووی اور اسی طرح ہر ہر عضو کو کام میں لاوی خصوصا تمام اعضا کی رئیس کو یعنی دل جسکا
تطهيره من الاخلاق الذميمة وتزيينه بالاخلاق الحميدة وتكميله بالعلم المقرون بالعمل فان من تعلم مسئلة
عادات بد سی پاک رکہنا اور نیک سیرت سی آراستہ کرنا اور علم باعمل سی کامل بنانا ضرور ہی کیونکہ جو کوئی
من مسائل الدين ينبغي له ان يكون عاملا بها والا يسئل يوم القيمة عنها يدل عليه قوله عليه السلام وعن علمه ما
مسائل دینی میں سی کوئی مسئلہ سیکہی تو چاہئی کہ اوسپر عمل کری اور نہیں تو قیامت کی دن اسکا مواخذہ ہوویگا اس حدیث سی معلوم ہوتا ہی اور اوسکی علم سی پوچہینگی
عمل فيه فانه مخوف لانه عليه السلام لم يقل ما قال فيه فلينظر العبد فيما علم هل عمل به وكان من الصادقين الذين اثنى
کہ اوسپر کیا عمل کیا بیشک یہہ خوف کی جگہہ ہی اسلئی کہ نبی علیہ السلام نی یہہ نہیں فرمایا اوسمین کیا بحث کی اب انسان کو غور کرنا چاہئی اپنی علم میں آیا اوسپر عمل کیا تاکہ صادقین
الله تعالى عليهم بقوله اولئك الذين صدقوا او خالف علمه بفعله ودخل في قوله عليه السلام اشد الناس عذابا
میں داخل ہو جنکی اللہ تعالی یہہ ثنا کرتا ہی یہہ وہ قوم ہی جنہوں نی سچ مانا یا عمل اپنی علم کی برخلاف کرکی اس حدیث کی مضمون میں داخل ہوا سخت تر عذاب
يوم القيمة عالم لم ينفعه الله بعلمه وروي عن ابن مسعود انه قال ما منكم من احد الا سيخلو الله به كما يخلو احدكم
قیامت کی دن عالم کو ہی جسکی علم سی اللہ تعالی نی نفع ندیا اور ابن مسعود سی روایت ہی کہ کہتی تہی جو ہی تم میں سی سو اکیلا دیکہیگا اللہ کو جیسی دیکہتی ہو تم اکیلی
بالقمر ليلة البدر ثم يقول ما غرك بي يا ابن ادم ما عملت بما علمت يا ابن ادم ماذا اجبت المرسلين يا ابن ادم الم اكن رقيبا
چودہوین رات کی چاند کو پہر فرماویگا تو نی ای شخص میری حق میں کیا دہوکا کہایا ای شخص تو نی موافق علم کی عمل کیا ای شخص تو نی مرسلین کا کہنا کیا مانا ای شخص کیا میں تیری
على عينك وانت تنظر بها الى ما لا يحل لك الم اكن رقيبا على اذنك وهكذا على سائر الاعضاء فتفكر يا مسكين في عظيم
آنکہہ کا نگہبان نتہا اور تو آنکہہ سی حرام کی طرف نظر کرتا تہا کیا میں تیری کان کا نگہبان نہیں تہا اسیطرح تمام اعضا پر اب سوچ تو ای مسکین تیری کتنی بڑی خطا ہی

خيانتك اذا ذكرك الله تعالى ذنوبك شفاها اذ يقول لك يا عبدي اما استحييت مني فبادرتني بالقبيح
جب الله تعالى تیری خطاؤں کو منہہ در منہہ یاد دلاویگا جب فرماویگا ای شخص کیا تونی مجھسی حیا نکی جلدیسی خطا کر بیٹھا

واستحييت من خلقي واظهرت لهم الجميل اكنت اهون عليك من سائر عبادي استخففت بنظري
اور میری خلقت سی حیا کرکر اونکی سامنی اپنی نیکوکاری ظاہر کی کیا میں تیری نظروں میں تمام مخلوقات سی ہلکا تہا میری نگہبانی کو ہلکا سمجھ کر گناہ کئی

اليك ولم تكترث به واستعظمت نظر غيري فكيف يكون حالك وخجالتك اذا عدّ عليك
اور اوروں کی نظر کو بہت بڑا سمجھا اوسوقت تیرا کیا حال ہوگا اور کیسی شرمساری ہوگی جب تجھپر اوسکی

نعماءه ومعاصيك والاءه ومساويك فان انكرت شيئا يشهد عليك جوارحك فتفتضح على ملأ
نعمتیں اور تیری گناہ اور اوسکی خوبیاں اور تیری خطا شمار ہونگی پہر اگر تو کچہ انکار کریگا تو تیری اعضا تب باتو گواہی دینگی پہر تو تمام خلق اللہ کی سامنی

الخلائق بشهادة الاعضاء الا ان الله تعالى وعد المؤمن ان يستر عليه ذنبه ولا يطلع عليه غيره
اعضاء کی گواہی سی رسوا ہوویگا ہاں بیشک اللہ تعالی نی مومن سی وعدہ کیا ہی کہ اوسکی خطا چہپادی اور غیر کو اوسپر خبردار نکری

كما روى عن ابي هريرة رضي الله عنه عن النبي عليه السلام قال يدني الله العبد منه يوم القيمة ويضع عليه كنفه
جیسی ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا اللہ تعالی قیامت کی دن بندہ کو پاس بلاویگا اور اوسپر پردہ ڈالکر

ويستره من الخلائق كلها ويدفع اليه كتابه في ذلك الستر فيقول له اقرأ كتابك فيمر بالحسنة فيبيض لها
تمام خلایق سی چہپالیگا پہر اوس پردہ کی اندر اوسکو نامۂ اعمال دیکر فرماویگا اسکو پڑہ تو سہی پہر یہہ حسنات کو دیکہہ کر خوشی سی کہل جاویگا

وجهه ويمر بالسيئة فيسود بها وجهه فيقول الله له اتعرف يا عبدي فيقول نعم يا رب اعرف فيقول اني اعرف
اور گناہوں کو دیکہہ کر چہرہ سیاہ ہوجاویگا پہر اللہ تعالی فرماویگا کچہہ جانتا بہی ہی عرض کریگا ہاں ای پروردگار میں تو جانتا ہوں

بها منك قد غفرتها لك فلا يزال بين حسنة تقبل فيسجد وسيئة تغفر فيسجد فلا يرى الخلائق منه
پہر اللہ فرماویگا میں تجہسی زیادہ جانتا ہوں کہ تجھکو معاف کرچکا ہوں پہر یہی حال رہیگا کہ حسنات کو مقبول دیکہیگا پس سجدہ کریگا اور خطا کو معاف پاویگا پہر سجدہ کریگا سو خلق کو

الا ذلك حتى ينادي الخلائق بعضها بعضا طوبى لهذا العبد الذي لم يعص قط ولا يدرون ما جرى بينه
اسکا یہی حال نظر آویگا یہانتک کہ آپسمیں ایکدوسری سی کہیگا یہہ شخص کیا خوش نصیب ہی اسنی گناہ کبہی نہیں کیا اور یہہ معلوم نہیں کہ اللہ تعالی میں

وبين الله تعالى فيما وقفه عليه والاخبار بهذا المعنى كثيرة وذلك بفضل منه فانه يخاطبه خطاب
اور اوسمیں وہاں کہڑی کہڑی کیا معاملہ گذر گیا اور اس مضمون کی حدیثیں بہت ہیں اور یہہ اوسکا فضل ہی فضل ہی کہ اوسکو نرمی سی مخاطب ہوکر فرماویگا

الملاطفة فيقول له هل تعرف عبدي فيقول اعرف يا ربي ويقول ممتنا عليه ومظهرا فضله لديه
ای شخص جانتا بہی ہی عرض کریگا پروردگار میں جانتا ہوں پہر منت رکہکر اور اوسپر اپنا فضل ظاہر کرکر فرماویگا

فاني سترتها عليك في الدنيا ولم افضحك بها وانا اغفرها لك اليوم قيل هذه ذنوب تاب عنها كما ذكر ابو نعيم
میںنی دنیا میں تیری پردہ پوشی کی اور عزت رکہلی آج بہی تجھکو معاف کرتا ہوں بعضی کہتی ہیں یہہ گناہ توبہ کی ہوئی ہونگی چنانچہ ابو نعیم

عن الاوزاعي عن هلال بن سعد ان الله تعالى يغفر الذنوب لكن لا يمحوها عن الصحيفة حتى يوقفه عليها يوم
اوزاعی سی اور وہ ہلال بن سعد سی روایت کرتا ہی کہ اللہ تعالی گناہ تو معاف کردیتا ہی پر نامۂ اعمال سی نہیں مٹاتا تاکہ قیامت کی روز اوس سی آگاہ کردی

القيمة وان تاب منها قال القرطبي في تذكرته نقلا عن شيخه ولا يعارض هذا ما في التنزيل والحديث من
اگرچہ توبہ کرچکا ہو قرطبی اپنی تذکرہ میں اپنی اوستاد سی نقل کرتا ہی اور یہہ روایت قرآن اور حدیث کی مضمون سی مخالف نہیں ہی

ان السيئات تبدل بالتوبة حسنات فلعل ذلك بعد ما يوقفه عليها ويدل على هذا ما روى عن ابن مسعود
یعنی خطائیں بعد توبہ کی حسنات ہوجاتی ہیں شاید کہ تبدیل آگاہ کرینکی بعد ہوتی ہو اور ابن مسعود کی روایت سی ایسا ہی معلوم ہوتا ہی

انه قال ینظر الانسان یوم القیمة فی کتابه فیری فی اوله المعاصی وفی اخرها حسنات فلما رجع فی اوله
روہ کہتی ہیں کہ انسان قیامت کی دن اپنی نامہ اعمال میں نگاہ کریگا تو اول معاصی نظر آوینگی اور آخر میں حسنات پہر جب ابتداء نامہ پڑہیگا
رای کل حسنات وروی عن ابن عباس انه قال اذا تاب العبد تاب الله علیه وانسی الحفظة ما کانوا علموا من مساوی
توکیا دیکہتا ہی کہ سراسر حسنات ہیں اور ابن عباس روایت ہی کہ کہتی ہیں جب بندہ توبہ کرتا ہی تو اللہ بہی اوسپر رحمت کرتا ہی اور کرام کاتبین کو بہلا دیتا ہی جو اوسکی گناہ
عمله وانسی جوارحه ما عملت من الخطایا وانسی مقامه من الارض وابه من السماء لیجئ یوم القیمة ولیس
دیکہ چکی تہی اور اوسکی اعضا کو بہلا دیتا ہی جو جو خطا کی تہی اور زمین پر کا ٹہور ٹہکانا اور آسمان کی تلی کس جگہہ سب بہلا دیگا آخر قیامت کی دن ایسا صاف
من المخلوقات شئ یشهد علیه قیل هی ذنوب کانت بینه وبین الله تعالی واما ما کان بینه وبین العباد فلا بد
آویگا کہ مخلوقات میں سی کوئی اوسکا برا کہنی والا نہوگا بعضی کہتی ہیں یہہ وہ گناہ ہیں جو صرف حقوق اللہ میں تہی وہ گناہ جو حقوق العباد ہیں سوانمیں ضرور ہی
فیها من القصاص بالحسنات ثم روی عن ابی هریرة انه علیه السلام قال من کانت عنده مظلمة لاخیه من
حسنات میں سی بدلہ ہووی چنانچہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جسکی ذمہ کوئی حق کسیکا ہو آبرو کا
عرض او مال فلیتحلل منه الیوم قبل ان یوخذ منه یوم لا دینار فیه ولا درهم ان کان له عمل صالح اخذ
یا مال کا تو لازم ہی کہ آج اوس روز کی مواخذہ سی پہلی کہ نہ دینار ہوگا اور نہ درہم معاف کرالی اگر اوسکی پاس عمل صالح ہونگی
منه بقدر مظلمته وان لم یکن له حسنات اخذ من سیات صاحبه فحمله علیه وروی عن ابی هریرة رض
تو بقدر حقوق کی لیلینگی اور اگر اوسکی پاس حسنات نہوئی تو مدعی کی گناہ لیکر اسپر ڈالی جاوینگی اور ابو ہریرہ سی بہی روایت ہی
ایضا انه علیه السلام قال اتدرون من المفلس قالوا المفلس فینا من لا درهم معه ولا متاع قال ان المفلس من
کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جانتی ہو مفلس کون ہوتا ہی عرض کیا مفلس ہم میں وہ ہوتا ہی جسکی پاس نہ درہم ہو اور نہ کچہہ سامان فرمایا مفلس میری امت میں
امتی من یاتی یوم القیمة بصلوة وزکوة ویاتی قد شتم هذا وقذف هذا وضرب هذا واکل مال هذا فیعطی
وہ ہوگا جو قیامت کی روز نماز اور زکوۃ لاویگا پہر کوئی آویگا کہ اوسکو برا کہا تہا اور اوسکو گالی دی تہی اور اوسکو مارا تہا اور اوسکا مال کہا گیا تہا
هذا من حسناته وهذا من حسناته فان فنیت حسناته قبل ان یقضی ما علیه اخذ من خطایاهم
پہر نیکیاں کچہہ اوسکو دی جاوینگی اور کچہہ اوسکو پس اگر اوسکی حسنات ادا حقوق سی پہلی ہوچکیں تو اونکی گناہ لیکر اسکی ذمہ پڑینگی
فطرحت علیه ثم طرح فی النار فاذا تقرر هذا یجب علی کل مسلم البدار الی تدارک حاله فینظر هل علیه من
پہر اوسکو دوزخ میں پہینکدینگی جب یہہ ثابت ہوا تو ہر یک مسلمان پر واجب ہی کہ جلد سی اپنی حال کا تدارک کری غور کری کہ میری ذمہ حق اللہ
حقوق الله تعالی وحقوق الناس شئ ام لا فیتدارک ما فاته من فرائض الله تعالی فیقضیها ویرد المظالم
یا حق العباد کچہہ ہی یا نہیں پہر اوسکا عوض کردی جو فرائض الٰہی میں سی فوت ہوا ہو ادا کردی اور تمام حقوق دانہ دانہ واپس کری
حبة حبة ویستحل من تعرض له بیده ولسانه وسائر جوارحه ویطیب قلوبهم حتی یموت ولم یبق علیه
اور جسکو ہاتہہ سی یا زبان سی یا اور اعضا سی ستایا ہو اوسی معاف کرالی اور اونکا دل خوش رکہی آخر مری تو ایسا کہ اوسکی ذمہ نہ کوئی
فریضة ولا مظلمة ویدخل الجنة بغیر حساب لانه ان مات قبل رد المظالم یحیط به خصماؤه ویتشبثون
فریضہ ہو اور نہ کوئی حق اور بہشت میں بی حساب چلا جاوی اسلئی کہ اگر حقوق ادا کرنی سی پہلی مرگیا تو مدعی کہیر کر ناخن سی نوچینگی
فیه مخالبهم فهذا یقول ضربتنی وهذا یقول استخدمتنی وهذا یقول شتمتنی وهذا یقول استهزأتنی
ایک کہیگا مجکو مارا تہا کوئی کہیگا مجہسی خدمت لی تہی یہہ کہیگا مجکو گالی دی تہی وہ کہیگا مجہسی چہل کی تہی
وهذا یقول اغتبتنی وهذا یقول اخذت مالی وهذا یقول بایعتنی واخفیت عنی عیب متاعک وهذا
کوئی کہیگا میری غیبت کی تہی کوئی کہیگا تو نی میرا مال چہینا تہا کوئی کہیگا تو نی میری ہاتہہ مال بیچا اور اوسکا عیب ظاہر نکیا کوئی

يقول كذبتني في سعر متاعك وهذا يقول وجدتني مظلوما وكنت قادرا على دفع الظلم فما دفعت عني الظلم
کہیگا مال کی بہاؤ میں تونے مجہسی جہوٹ بولا اور کوئی کہیگا تونی مجہپر ظلم ہوتی دیکہا اور تو دفع کرسکتا تہا پر تونی مجہکو ظلم سی نہ بچایا

وهذا يقول رايتني على منكر فما نهيتني عنه فبينما هو كذلك مبهوت متحير من كثرة الخصماء اذ لم يبق في عمره
اور کوئی کہیگا مجہکو تونی گناہ میں مبتلا دیکہا پہر مجہکو منع نکیا پس وہ اوسی حالت میں مدعیوں کی کثرت سی حیران پریشان ہوگا اسواسطی کہ کوئی باقی نرہیگا

احد ممن عامله بدرهم او جالسه في مجلس الا وقد استحق عليه مظلمة بغيبة او استهزاء او خيانة او نظر
تمام عمر میں جس سی کچہہ معاملہ کیا ہو درہم سی یا بیٹہا ہو مجلس میں مگر وہ مستحق ہوگا اوسپر کسی دعوی کا غیبت کا یا خوش طبعی کا یا خیانت کا یا

بعين حقارة وقد عجز عن مقاومتهم ومد عنق الرجاء الى المولى الغفار لعله ينجيه من ايديهم اذ يقرع
حقارت سی دیکہنی کا اور بیشک اونکی مقابلہ سی تہک رہیگا اور مولی غفار کی طرف امیدوار ہوکر سر اوٹہاویگا کہ شاید دم ہی انکی ہاتہ سی بچادی کہ اسکی

سمعه نداء الجبار اليوم تجزى كل نفس بما كسبت لا ظلم اليوم فعند ذلك ينخلع قلبه ويوقن بهلاكه فتذكر
کان میں یہہ آواز آویگی آج بدلا پاویگا ہر جی جیسا کایا ظلم نہیں آج اسسنتی ہی دل چہوٹ جاویگا اور یقین کریگا کہ مرلیا سو ای غافل

ايها الغافل ما انذرك الله به في كتابه حيث قال ولا تحسبن الله غافلا عما يعمل الظلمون فما اشد فرحك
یاد کر جو اللہ تعالی نی اپنی کتاب میں ڈرایا ہی کہ فرمایا اور مت خیال کر کہ اللہ بی خبر ہی ان کاموں سی جو کرتی ہیں بی انصاف سو اب تو لوگوں کی

اليوم بكسر اعراض الناس وتناول اموالهم وما اشد حسرتك في ذلك اليوم اذا وقفت على بساط العدل وشوفهت
آبرو بگاڑکر اور اونکا مال چہین کر کیسا خوش ہوتا ہی اور تجہکو اوس روز کسقدر حسرت ہوگی جب تو عدالت کی فرش پر کہڑا ہوگا اور سیاست کا

بخطاب السياسة وانت مفلس فقير عاجز لا تقدر ان ترد حقا او تظهر عذرا فعند ذلك تؤخذ من حسناتك
حکم سنیگا اور تو مفلس فقیر ہوگا طاقت نہوگی حق اداکرنی کی یا عذر پیش لانی کی سو اوسوقت تیری حسنات تمام عمر بہر کی لیکر

التي صرفت فيها عمرك وتعطى الى خصمائك عوضا عن حقوقهم كما ورد في الاحاديث فانظر الى مصيبتك
حقوق کی بدلہ میں تیری مدعیوں کو دیئی جاوینگی چنانچہ حدیثوں میں آیا ہی سو اپنی مصیبت کو

في مثل ذلك اليوم اذ قلما يوجد لك حسنة سلمت من آفات الرياء ومكائد الشيطان وان سلمت حسنة
ایسی دن میں غور کر اسلئی کہ بہت کم ہوگا نیک عمل کہ ریا کی آفت اور شیطان کی مکر سی سلامت بچا ہو اور اگر مدت دراز میں

واحدة في مدة طويلة يبتدرها خصمائك ويأخذونها وقد قيل لو كان لرجل ثواب سبعين نبيا وكان له خصم واحد
کوئی ایک آدہا بچا بہی تو مدعی نزت چہین جہپٹ لینگی اور کہتی ہیں اگر کسی شخص کی پاس ثواب ستر نبیوں کی برابر ہووی اور اوسکا ایک ہی مدعی

بنصف دانق لا يدخل الجنة حتى يرضى خصمه وقيل يوخذ بدانق قسط سبعمائة صلوة مقبولة فتعطى
نیم دانگ کا ہو بی رضامندی مدعی کی جنت میں نہیں جاسکتا اور کہتی ہیں کہ ایک دانک کی بدلہ سات سو مقبول نمازوں کا ثواب لیکر مدعی کو دیا جاویگا

للخصم ذكره القشيري في التحبير وقال الامام الغزالي في الاحياء ولعلك حاسبت نفسك وانت مواظب على قيام
یہہ بیان قشیری کا ہی تحبیر میں اور امام غزالی احیاء میں کہتی ہیں اور کاشکی تو اپنی ذات کا حساب کیا کری اور رات کی قیام

الليل وصيام النهار لعلمت انه لا ينقضي عليك يوم الا ويجري على لسانك من غيبة المسلمين ما يستوفي جميع
اور دن کی صیام پر مداومت کرتا رہی تب تو بیشک معلوم کرلیگا کہ تجہہ پر کوئی دن ایسا نہیں گذرتا کہ تیری زبان پر مسلمان کی غیبت نہ آتی ہو جو کہ تمام

حسناتك فكيف ببقية السيئات من اكل الحرام والشبهات والتقصير في العبادات وكيف الخلاص من المظالم
حسنات کو پورا کرلیتی ہی پہر باقی گناہوں سی کیونکر بچی گی کہ مال حرام یا مشتبہ کہایا ہو اور عبادت میں کوتاہی کی ہو اور حقوق سی کیونکر رستگاری ہوگی

يوم يقتص فيه الجماء من القرناء ويقول الكافر يا ليتني كنت ترابا فاتق الله ايها المسكين في مظالم العباد فان
جس روز منڈی جانور کا سینگ والی سی بدلہ لیا جاویگا اور کہیگا کافر کسیطرح میں مٹی ہوتا سو ای مسکین حقوق العباد میں خدا کا خوف کر کیونکہ

ما كان بينك وبين الله تعالى خاصة فالمغفرة اليه اسرع واما ما كان عليك من حقوق العباد فلا بد من
جو کہ صرف حقوق الٰہی ہیں تو اونکی مغفرت جلد ہو سکتی ہی اور جو تجھپر حقوق العباد ہیں تو اونمیں مالکونسی ضرور
استحلال اربابها فمن عسر عليه الاستحلال فعليه ان يكثر ما قدر عليه من الاعمال الصالحات ويستغفر
معاف کرانا چاہئی اور جسکو معاف کرانا دشوار ہو تو حسب طاقت اعمال صالح زیادہ اور اپنی مظلوم مؤمن کی لئی تمام اوقات
لمن ظلمه من المؤمنين والمؤمنات في عامة الاوقات فانه اذا فعل كذلك يرجى من فضل الله تعالى وكرمه
مغفرت کیا کری بیشک اگر یہہ تدبیر کریگا تو اللہ کی فضل وکرم سی امید ہی
ان يرضي خصمه يوم القيمة لما روي عن ابي هريرة انه عليه السلام بينما هو جالس اذ ضحك حتى بدت
کہ قیامت کی دن اوسکی مدعی کو راضی کردی کیونکہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام ایکوقت بیٹھی ہوئی ناگاہ اتنا ہنسی کہ دندان مبارک
ثناياه فقيل له مم تضحك يا رسول الله فقال رجلان من امتي جثيا بين يدي رب العزة فيقول احدهما
ظاہر ہوگئی کسی پوچہا یا رسول اللہ آپ کیوں ہنستی ہیں فرمایا میری امت کی دو شخص رب العزت کی سامنی حاضر ہوئی پہر ایک کہنی لگا
يا رب خذ مظلمتي من هذا الاخ فيقول الله تعالى اعط اخاك مظلمته فيقول يا رب ما بقي من حسناتي
یا الٰہی میرا حق اس بہائی سی دلادی اللہ تعالی نی فرمایا اپنی بہائی کا حق ادا کردی عرض کیا الٰہی میری پاس کوئی حسنہ باقی نہیں ہی
شيء فيقول الله تعالى ما تصنع باخيك لم يبق من حسناته شيء فيقول يا رب فليحمل عني من اوزاره
پہر اللہ تعالی نی فرمایا اب تو اپنی بہائی سی کیا معاملہ کریگا اسکی پاس تو کوئی حسنہ باقی نہیں ہی عرض کیا یہہ میری گناہ ہی اوسپر رکہی جاویں
ففاضت عينا رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم قال ان ذلك اليوم ليوم يحتاج الناس فيه ان يحمل عنهم
پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رو پڑی پہر فرمایا وہ ایسا دن ہوگا کہ لوگوں کو یہہ حاجت ہوگی کہ ہماری گناہ اوروں پر پڑجاویں
من اوزارهم ثم قال فيقول الله تعالى للطالب حقه ارفع بصرك الى الجنان فيرفع بصره فيرى ما يعجبه
پہر فرمایا پہر اللہ تعالی نی حق دار سی کہا دیکہہ تو جنت کی طرف وہ آنکہہ اوٹہاتی ہی کیا دیکہتا ہی کہ عجب طرح کی خیر اور نعمت
من الخير والنعمة فيقول لمن هذا يا رب فيقول الله تعالى هذا لمن يعطيني ثمنه فيقول ومن يملك ثمنه
موجود ہی پوچہا الٰہی یہہ کسکا ہی اللہ فرماویگا یہہ اوسکا جو اسکی قیمت ادا کری عرض کیا الٰہی اسکی قیمت کون دیسکتا ہی
يا رب فيقول انت فيقول بماذا يا رب فيقول بعفوك عن اخيك فيقول قد عفوت عنه يا رب فيقول
اللہ فرماویگا تو دی سکتا ہی عرض کریگا الٰہی کہانسی اللہ فرماویگا اپنی بہائی کو معاف کرنی سی عرض کیا الٰہی میں نی اوسکو معاف کیا پہر اللہ تعالی
الله تعالى خذ بيد اخيك وادخل الجنة ثم قال رسول الله عليه السلام فاتقوا الله واصلحوا ذات بينكم
فرماویگا اپنی بہائی کا ہاتہہ پکڑکر جنت میں لیجا پہر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا اب تم اللہ سی ڈرو اور آپسمیں صلح رکہو
فان الله تعالى يصلح بين المؤمنين يوم القيمة قال القرطبي في تذكرته نقلا عن شيخه هذا لبعض الناس
بیشک اللہ تعالی قیامت کی روز مسلمانوں میں صلح کراویگا قرطبی اپنی تذکرہ میں شیخ سی نقل کرتا ہی ایسی وہ لوگ ہیں
ممن اراد الله تعالى ان لا يعذبه بل اراد ان يعفو عنه ويغفر له ويرضي خصمه وكذلك ما روي عنه عليه السلام
جنکو اللہ تعالی کو عذاب کرنا منظور نہیں ہی بلکہ یہہ مرضی ہی کہ اونکو معاف کرکر بخشدی اور مدعی کو راضی کردی اور ایسی ہی یہہ حدیث
ان مناديا ينادي من تحت العرش يوم القيمة يا امة محمد اما ما كان لي قبلكم فقد وهبته لكم فبقيت التبعات
کہ منادی قیامت کی دن عرش کی تلی سی آواز دیگا ای امت محمد کی میرا حق جو تمہاری ذمہ پر باقی تہا سو میں نی معاف کیا اب حقوق عباد باقی ہیں
فتواهبوا وادخلوا الجنة برحمتي فانه ايضا لبعض الناس لا لكل احد اذ لو كان ذلك لكل احد لما دخل احد النار
سو تم معاف کرکر میری رحمت سی جنت میں چلی جاؤ یہہ بہی بعضی شخصوں کی لئی ہی ہر ایک کی لئی نہیں ہی کیونکہ اگر ہر یک کی لئی ہوتا تو کوئی بہی دوزخ میں نہ جاتا

وقد وردت اخبار صحيحة نقلها ثقات ولا بد من الايمان بها ان من كان من اهل الايمان لا يبقى في النار
اور بیشک صحیح حدیثین ثقات نے نقل کی ہین اون پر ایمان لانا ضرور ہی کہ جو ایمان والا ہوگا سو گناہون کی شامت سے دوزخمین نہین رہیگا

بكسب الاوزار بل يخرج منها والخروج منها لا يكون الا بعد الدخول فيها قال القرطبي في تذكرته وقد ظن بعض
بلکہ دوزخ سے نکلیگا اور دوزخ مین سے نکلنا بدون داخل ہوئی نہین ہوسکتا قرطبی اپنی تذکرہ مین کہتی ہین بعض علماء یہہ گمان کرتی ہین

العلماء ان الصيام يختص بعامله موفرا له اجره ولا يوخذ منه شئ لمظلمة ظلمها متمسكا بما قال الله تعالى
کہ روزہ صرف روزہ دار کی کام آئیگا اوسہی کی ثواب کو بڑا دیگا اسمین سے کسیکی حق کی بدلہ مین کچھہ نہ لیا جاویگا اس دلیل سے کہ اللہ تعالی نی

في الحديث القدسي الصوم لي وانا اجزي به لكن احاديث القصاص ترد هذا الظن فان الحقوق توخذ
حدیث قدسی مین فرمایا ہی کہ روزہ میری لئی ہی اور مین ہی اوسکی جزا دونگا لیکن بدلہ لینی کی حدیثین اس گمان کو غلط کرتی ہین کیونکہ حقوق تمام

من جميع الاعمال صوما كان او غيره وقيل الصوم سر بين العبد وربه لا يطلع عليه احد سواه لكون نيته وترك
اعمال مین سے اداکئی جاوینگی روزہ ہو یا کچھہ اور ہو اور کوئی کہتا ہی روزہ درمیان بندہ اور پروردگار کی بہید ہی اوسپر سوای اوسکی کوئی مطلع نہین ہوتا کیونکہ روزہ

المفطرات والملئكة الكتبة لا يطلعون عليه ولا علم لهم فيه فاذا لم يكن معلوما لاحد ولا مكتوبا في الصحيفة
نیت اور مفطرات سے بچنا ہی اور فرشتی کرام کاتبین وہی جانا کرتی ہین جسکا اونکو علم ہو پہر جب روزہ کسیکو معلوم نہوا اور نہ اعمال نامہ مین مندرج ہوا

يستره الله تعالى ويخبوه حتى يكون له جنة من النار فانهم يطرحون عليه سياتهم فتذهب عنهم فلا
تو اللہ تعالی اوسکو چھپا رکہتا ہی تاکہ اوسکی لئی دوزخ کی ڈہال بنجاوی بیشک مدعی اسپر اپنی گناہ ڈالینگی سو اونسی اوتر جاوینگی کچھہ

تضرهم لزوالها عنهم ولا يضره ايضا لكون الصوم جنة له قال القاضي ابو بكر بن العربي في سراج المريدين
ضرر نکرینگی کیونکہ اونکی ذمہ سے موقوف ہوچکی اور اسکو بہی ضرر نہ کرینگی اسلئی کہ روزہ اسکی لئی ڈہال موجود ہی قاضی ابو بکر بن عربی سراج المریدین مین کہتی ہین

هذا تاويل حسن ان شاء الله تعالى ولا تعارض والحمد لله المجلس الرابع والستون في بيان لزوم
یہہ خوب تاویل ہی ان شاء اللہ تعالی اسکی مقابلہ پر کچھہ نہین ہی اور حمد اللہ کی ہی چوسٹھوین مجلس اس بیان مین

محاسبة العبد نفسه قبل ان يحاسب ويناقش فيهلك قال رسول الله صلى الله
کہ بندہ کو محاسبہ کرنا اپنی ذات کا پہلی حساب دینی سے ضرور ہی کہ مناقشہ مین ہلاک نہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی

عليه وسلم ليس احد يحاسب يوم القيمة الا هلك وهذا الحديث في صحاح المصابيح روته ام المؤمنين عائشة
فرمایا نہین کوئی جسسی قیامت کی دن حساب طلب ہووی مگر ہلاک ہوویگا یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی ام المؤمنین عائشہ کی روایت

فانها لما سمعته قالت اوليس يقول الله تعالى فسوف يحاسب حسابا يسيرا فقال النبي عليه السلام فذلك العرض
سے عائشہ رض نی یہہ سنتی ہی عرض کیا اللہ تعالی یہہ نہین فرماتا تو اوسی حساب لینا ہی آسان حساب پس نبی علیہ السلام نی فرمایا یہہ پیشی ہی

ولكن من نوقش في الحساب يهلك والمناقشة في الحساب ان يستقصي فيه بحيث لا يترك قليل ولا كثير ولا
ولیکن جسکی حساب مین مناقشہ ہوا وہ ہلاک ہوا اور حساب مین مناقشہ یہہ ہوتا ہی کہ حساب پورا کیا جاوی کوئی بات تہوڑی نہ بہت

صغير ولا كبير الا يسئل عنه واما العرض فهو ان يعرض على العبد عمله ولا يستقصي في حسابه والحديث يحتمل
چہوٹی نہ بڑی باقی نرہی کہ اوس سے سوال نہو اور عرض اتنا ہی ہوتا ہی کہ بندہ کی سامنی اوسکی اعمال کردین اور پورا پورا حساب نہو اور اس حدیث کی دو معنی ہوسکتی ہین

معنيين احدهما ان يكون نفس المناقشة هلاكا لما فيها من التوبيخ وثانيهما ان تفضي الى الهلاك فاذا ثبت
ایک یہہ کہ عین مناقشہ ہی ہلاکت ہووی کیونکہ اوسمین زجر و توبیخ ہوتی ہی اور دوسری یہہ کہ انجام کو ہلاکت پر پہنچادی جب یہہ امر ثابت ہوا

ان العبد يسئل يوم القيمة عن كل شئ حتى عن سمعه وبصره وفواده كما قال الله تعالى ان السمع والبصر
کہ آدمی سے قیامت کی دن ہرشی کا سوال ہوگا یہانتک کہ کان اور آنکھہ اور دل سے چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی بیشک کان اور آنکھہ

والفؤاد كل اولئك كان عنه مسئولا فيجب عليه ان يحاسب نفسه قبل ان يناقش في الحساب لانه هو تاجر
اور دل یہہ سب پوچھی جاوینگی آب آدمی پر واجب ہی کہ اپنی حال کو حساب کی مناقشہ سی پہلی پڑتالتا رہی کیونکہ آدمی آخرت کی

في طريق الاخرة وبضاعته عمره وربحه صرف عمره في الطاعات والعبادات وخسرانه صرفه في المعاصي والسيئات ونفسه
رستہ کا سوداگر ہوتا ہی اور اسکا مال عمر ہی اور عمر کو طاعات اور عبادات میں صرف کرنا اوس تجارت کا فائدہ ہی اور عمر کا معاصی اور سیآت میں تلف کرنا

شريكه في هذه التجارة هي وان كانت تصلح للخير والشر لكنها للمعاصي اقبل والى الشهوات اميل فلا بد له من مراقبتها ومحاسبتها
خسارہ ہی اور اس تجارت میں نفس اوسکا ساجہی ہی اور نفس میں اگرچہ صلاحیت نیکی بدی دونوں کی ہی پر وہ معاصی کیطرف بہت متوجہ اور شہوات کی طرف بہت جھکتا ہی

لانه ان اهملها لحظة تسرع في الخيانة وان تمادى في الاهمال تمادى في الخيانة حتى يذهب راس المال كله
سو آدمی کو لازم ہی کہ اوسکی حفاظت اور محاسبہ کرتا رہی کیونکہ اگر دم بہر بہی حفاظت نکریگا تو وہ ترت خیانت کریگا اور اگر مدت دراز تک چہوڑی رکہا تو ہمیشہ خیانت کیا کریگا

واما من لم يهملها بل راقبها وحاسبها يتبين له الربح والخسران والزيادة والنقصان
آخر وہ اصل مال تمام ہوچکیگا اور جسنی مطلق العنان نچہوڑا بلکہ دیکہتا رہا اور حساب لیتا رہا تو اوسکو نفع نقصان اور گہٹا بڑہا معلوم ہوتا رہیگا

ودليل وجوب محاسبتها قوله تعالى يا ايها الذين امنوا اتقوا الله ولتنظر نفس ما
اور محاسبہ واجب ہونیکی دلیل یہہ آیت ہی اے ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سی اور چاہی دیکہلے ہر جی کیا

قدمت لغد ففي هذه الاية اشارة الى لزوم محاسبة النفس على ما مضى من الاعمال فكانه تعالى قال لينظر احدكم
بہیجا ہی کل کیواسطی سو اس آیت میں یہہ اشارہ ہی کہ گذری ہوئی اعمال پر نفس کا محاسبہ لازم ہی گویا اللہ تعالی یہہ فرماتا ہی کہ ہر ایک تم میں سی یہہ نگاہ کرتا رہی

ما قدم ليوم القيمة من الاعمال اهي من الصالحات التي تنجيه ام من الطالحات التي ترديه فان الحسنات يوم القيمة
کہ قیامت کی دن کی لئی کیا عمل کر رکہا ہی آیا وہ عمل نیک ہی جس سی نجات ہووی یا وہ عمل بد ہی کہ ہلاک کر ڈالی بیشک قیامت کی دن حساب

انما يخف على من يحاسب نفسه في الدنيا وانما يشق على من يهملها ولا يحاسبها فان من يحاسب نفسه في الرخاء
اوسہی شخص پر آسان ہووی گا جو اپنی نفس کا حساب دنیا میں لیتا رہتا ہی اور اوسپر دشوار ہوگا جسنی نفس کو چہوڑ رکہا ہی اور حساب نہیں لیتا کیونکہ جو شخص اپنی نفس کا حساب آرام کی

قبل حساب الشدة يعود امره الى الرضاء والغبطة ومن يهملها ولا يحاسبها يعود امره الى الندامة والحسرة فان
سختی کی حساب سی پہلی لیتا ہی تو اوسکا انجام رضامندی اور آرزو مندی کیطرف ہی اور جو چہوڑی رکہتا ہی اور اوسکا حساب نہیں لیتا تو اوسکا انجام ندامت اور حسرت کی

الانسان اذا مات ينكشف له بالموت ما لم يكن له مكشوفا في حيوته كما ينكشف للمستيقظ ما لم يكن مكشوفا في نومه
طرف ہی بیشک انسان کو مرتی ہی موت کی وجہ سب باتیں معلوم ہوجاتی ہیں جو زندگی میں معلوم نہیں تہین جیسی نیند کی جاگتی ہی وہ معلوم ہونی لگتا ہی جو سوتی میں

والناس نيام فاذا ماتوا انتبهوا فينكشف له اولا ما ينفعه من حسناته وما يضره من سيأته فلا ينظر الى سيئة الا
معلوم نتہا اور آدمی اب سوتی ہیں مرینگی تو جاگینگی پہر اوسکو پہلی پہل حسنات نفع رسان اور بدیاں ضرر رسان معلوم ہونگی پہر بدیوں کی طرف کمال حسرت سی

يتحسر عليها تحسرا يختار ان يخوض غمرة النار للخلاص منها فانه ما دام في الدنيا كان يشغله شواغل الدنيا عن
دیکہہ کر یہہ پسند کریگا کہ آگ کی دریا میں ڈولوں کسیطرح مخلصی ہو کیونکہ جبتک دنیا میں رہا تو دنیا کی کاربار میں اسکی خبر نہ لی

الاطلاع عليها فبالموت ينقطع الشواغل وينكشف له جميع اعماله عند انقطاع النفس قبل الدفن وتشتعل فيه
اب موت سی وہ کاربار چہوٹی تو اوسپر تمام اعمال نفس کی منقطع ہوتی ہی دفن سی پہلی ظاہر ہونگی اور جدائیکی آگ دنیا فانی کی لذتوں سی

نار الفرقة عما كان يطمئن اليه من لذائذ الدنيا الفانية وهذا نوع من العذاب يهجم عليه قبل الدفن وبعد
جن پر جی لگا ہی تہا بکیبارگی بہڑک اوٹہی گی اور یہہ بہی ایک طرح کا عذاب ہی جو دفن سی پہلی ہجوم کریگا اور دفن کی بعد

الدفن يرد روحه الى جسده لنوع اخر من العذاب ويكون حاله كحال من تنعم زمانا في دار ملك من الملوك
[illegible] اوسکی بدن [illegible] ڈالی جاویگی اور اوسکا حال ایسا ہوگا جیسی کوئی تہوڑی دیر کو ایک بادشاہ کی گہر میں

عند غيبته اعتمادا على ان الملك يتساهل في امره او لا يدري ما يتعاطاه من قبيح افعاله فاخذه الملك يوما بغتة
اوسکی پیچہی اس بہروسہ پر عیش اوڑانی لگا کہ بادشاہ اس باب مین درگذر کریگا یا یہہ نہین سمجہتا کہ کیا بدمعاملہ کر رہا ہی پہر اوسکو بادشاہ نی ایک روز جا پکڑ

وعرض عليه جريدة قد دونت فيها جميع فواحشه وخياناته ذرة ذرة وخطوة خطوة والملك قاهر غيور
گرفتار کر کی اوسکی عمل کی فرد پیش کی جسمین اوسکی تمام بدیان اور چوریان ذرہ ذرہ اور قدم قدم کی لکہی ہوئی تہین اور بادشاہ بڑا زبردست اور صاحب غیرت ہی

على جرمه منتقم من الجناة على ملكه غير ملتفت الى من يتشفع اليه من العصاة عليه فتفكر في امر هذا الشخص
اپنی سلطنت مین خطاوار کا سزا دینی والا اور گنہگار سفارشی پر توجہ نہین کرتا اب خیال تو کر اس شخص کی حق مین کہ بادشاہ کی عذاب کرنی سی پہلی

ما يكون له حاله قبل وقوع عذاب الملك عليه من الخوف والخجالة والالم والندامة وهكذا يكون حال الميت
ماری خوف اور خجالت اور الم اور ندامت کی کیا کیا گذرتا ہوگا یہہ ہی حال میت کا جو دنیا کی لذتون پر

المغتر بلذائذ الدنيا المطمئن اليها قبل نزول عذاب القبر عند موته واما من احترز عن شهوات الدنيا واشتغل
اطمینان سی بہولا ہوا تہا عذاب قبر سی پہلی موت کی وقت ہوگا اور جو شخص دنیا کی شہوت سی الگ اور طاعات مین معروف رہتا تہا

بالطاعات ولم يكن له انس الا بذكر الله تعالى فيكون حاله كحال من كان محبوسا في مكان ضيق مظلم ففتح له
اور اوسکو سوا یاد الہی کی کوئی انس نہ تہا سو اوسکا حال ایسا ہوگا جیسی کوئی تنگ تاریک مکان مین قید ہو پہر اوسکی لئی ایک دروازہ کہل جاوی

باب يخرج منه الى بستان واسع لا يرى منتهاه وفيه انواع الاشجار والازهار والطيور والثمار والحياض
اوسمین سی ایک بڑی وسیع باغ مین چلا جاوی جسکی کچہہ اوڑ نظر نہ آتی ہو اور اوسمین قسم قسم کی درخت اور پہول اور پرند اور میوی اور حوضین

والانهار فعلى هذا ينبغي للعاقل ان يقبل على نفسه ويقول لها يا نفس اما تعرفين ان بين يديك الجنة والنار
اور نہرین ہون اس صورت مین عاقل کو لازم ہی کہ متوجہ ہو کر نفس سی کہی ای نفس کیا تجہکو خبر نہین کہ تیری آگی بہشت ہی اور دوزخ

وانت ذاهب الى احدهما عن قريب فما لك لا تستعد للموت وهو اقرب اليك من كل قريب فانك وان تراه
اور تو انہین سی ایک مین جلدی جانیوالا ہی پہر تجہکو کیا ہوا کہ موت کا سامان نہین کرتا اور وہ ہر نزدیک شئی سی نزدیک تر ہی اور تو اوسکو گنتا ہی

بعيدا لكن الله تعالى يراه قريبا اذ قال ان الموت الذي تفرون منه فانه ملاقيكم وعساه ان يختطفك
دور سمجہہ پر الله کی علم مین بہت پاس ہی کیونکہ فرماتا ہی بیشک موت جس سی تم بہاگتی ہو سو وہ تمسی ملتی ہی اور شاید تجہکو آج آدباوی یا کل

اليوم او غدا فانه اذا جاء يجيء بغتة من غير تقديم رسول اذ ليس لمجيئه سن معين ولا وقت معلوم لا في
سو یہہ جب آئیگی ناگاہ آئیگی پہلی کوئی ایلچی نہ بہیجیگا کیونکہ اوسکی آنہ کا نہ کوئی سال مقرر ہی اور نہ کوئی وقت معلوم ہی اور نہ موسم گرمی کا

الصيف ولا في الشتاء ولا في الليل ولا في النهار ولا في الصبي ولا في الشباب بل كل نفس من انفاسك يمكن ان يجيء الموت
جاڑی کا اور نہ رات اور نہ دن اور نہ لڑکپن اور نہ جوانی بلکہ ہر وقت تیری اوقات مین سی ممکن ہی کہ ناگاہ

فيه فجأة ولو لم يجئ الموت فيه فجأة وهو يفضي الى الموت فما اعجب غفلتك عنه اما تتامل قوله تعالى اقترب للناس
موت آجاوی اور اگر موت ناگاہ نہ آوی تو مرض ناگاہ پیدا ہو جاوی وہ ہی تو نوبت لیجاوی اسمین تجہکو عجب غفلت ہی کیا تو اس آیت مین غور نہین کرتا نزدیک

حسابهم وهم في غفلة معرضون وما اعجب حالك انك تدعي الايمان بلسانك واثر النفاق ظاهر عليك فان
آلگا ہی لوگون کو حساب کا وقت اور وہ بیخبر ہو کر ٹلتی مین اور تیرا عجب حال ہی کہ زبانی تو ایمان کا دعوی کرتا ہی اور نفاق کا نشان تیری حال سی ظاہر ہی کیونکہ تیرا

سيدك ومولاك قد تكفل لك في امر الدنيا حيث قال وما من دابة في الارض الا على الله رزقها وانت تكذبه
سید اور مولی دنیا کی خرچ برج کا ذمہ دار ہو چکا ہی کیونکہ فرماتا ہی اور کوئی نہین پانو چلنی والا زمین پر مگر الله پر ہی اوسکی روزی اور تو اوسکو

بافعالك وتتكالب عليه تكالب المدهوش المستهتر ووكل امر الآخرة الى سعيك حيث قال وان ليس للانسان الا
اپنی حرکات سی جہٹلاتا ہی اور اوسپر دیوانہ بنا جاتا ہی جیسی مدہوش چہل بلہ اور اوسی آخرت کی معاملہ کو تیری سعی پر حوالہ کیا ہی کیونکہ فرماتا ہی اور یہہ کہ آدمی کو دیی

جا سعي وانت تعرض عنها اعراض المغرور المستحقر وليس هذا من علامات الايمان فلو كان الايمان باللسان

جو کمایا اور تو اسمین ایسی بی پروائی کرتا ہی جیسی مغرور حقارت کرنیوالا اس سی منہ پھیرتا ہی اور زبانی دعوی ایمان کی علامت نہین ہی پس اگر ایمان کا زبانی دعوی

يكفي فلماذا يكون المنافقون في الدرك الاسفل من النار فما اجرأتك على معصية الله تعالى ان كان مع اعتقادك

کفایت کرتا تو منافق لوگ دوزخ کی تہہ مین کیون جاتی بس خدا تعالی کی معصیت پر تیری کیا ہی جرات ہی اگر تو یہہ اعتقاد کرتا ہی

انه تعالى لا يراك فما اعظم كفرك وان كان مع علمك بانه تعالى يراك فما اشنع قباحتك وما اشد حماقتك

کہ اللہ تعالی تجھکو نہین دیکھتا تو تیرا کتنا بڑا کفر ہی اور اگر تو یہہ جانتا ہی کہ اللہ تعالی دیکھتا ہی تو تیری کیا ہی بڑی قباحت ہی اور کیسی سخت حماقت ہی

فباي جسارة تتعرض لمقته وغضبه وشديد عقابه واليم عذابه افتظن انك تطيق عذابه وعقابه

پس تو کس دلیری پر خدا کی بغض اور غضب اور عقاب شدید اور دردناک عذاب کی سامنی آتا ہی کیا تو یون جانتا ہی کہ اوسکی عذاب اور عقاب کو

هيهات هيهات كانك لا تؤمن بيوم الحساب فان يهوديا لو اخبرك في الذ طعامك انه يضرك في مرضك

سہیگا افسوس افسوس تو تو گویا قیامت کی دن پر ایمان ہی نہین لایا کیونکہ ایک یہودی اگر تجھی مرغوب سی مرغوب طعام کو کہدی کہ اس مرض مین یہہ تجھکو نقصان

لصبرت عنه وتركته افكان قول الله تعالى في كتبه المنزلة وقول الانبياء المؤيدين بالمعجزة اقل عندك

دیگا تو البتہ اوسپر صبر کری اور کہانا چھوڑ دی پس گویا اللہ تعالی کا فرمودہ منزل کتابون مین اور انبیا کا ارشاد جنکو معجزہ سی تائید ہوئی ہی تیری نزدیک

تاثيرا من قول يهودي يخبرك عن ظن وتخمين مع نقصان عقل ودين بل لو اخبرك طفل من الاطفال بان

یہودی کی قول سی جو گمان اور اٹکل سی کہتا ہی تاثیر مین کمتر ہی باوجودیکہ نہ اوسکی عقل درست ہی اور نہ دین بلکہ اگر تجھسی ایک بچہ یہہ کہدی کہ

في ثوبك عقربا لرميت ثوبك في الحال من غير توقف ولا سؤال افكان قول الانبياء والعلماء اقل عندك من

تیری کپڑی مین بچھو ہی تو تو فی الفور بلا تامل اپنی کپڑی پھینکدی نہ سوچی نہ پوچھی اب انبیا اور علما کا قول تیری نزدیک بچہ کی قول سی کمتر ہی

قول صبي وصار نار جهنم واغلالها وافاعيها وعقاربها احقر عندك من عقرب لا تحس بالمه الا يوما

یا دوزخ کی آگ اور زنجیرین اور سانپ اور بچھو تیری نزدیک ایسی بچھو سی جنکی بہر غایت ایک دن

واقل منه فان كنت تعرف جميع ذلك وتؤمن به فما بالك تشتغل بالشهوات وتسوف العمل والموت لك بالمرصاد

یا کمتر ہوتی سی نہایت مقرر ہین اب اگر تو یہہ تمام باتین جانتا ہی اور یقین کرتا ہی پھر تجھکو کیا ہوا کہ شہوات مین مشغول رہتا ہی اور نیک عمل مین تاخیر کرتا ہی اور موت تیری

فلعله يختطفك من غير مهل فبماذا امنت من استعجاله فكم من مستقبل يوما لم يستكمله وكم من مؤمل غدا لم

داؤ مین ہی مقابلہ کہ وہ تجھکو ابھی اچک لی پھر تجھکو اوسکی جلد سی کیا بچاؤ ہی سو اکثر صبح کرنیوالی دن پورا نہین کرنی پاتی اور اکثر اگلی دن کی امیدوار وہ

يبلغه وعلى تقدير انك وعدت بالامهال مائة سنة واخرت العمل الى اخرها فما ظنك ان من لم يطعم لدابته

دن نہین پکڑ سکتی اور یا تو کہ تجھکو سو برس کی عمر کا وعدہ دیا ہی اور تو آخر تک عمل مین تاخیر کرتا رہا اب تو کیا کہتا ہی کہ جو شخص اپنی ٹٹو کو کہانا دانہ

الا في حضيض العقبة هل تقدر على قطع العقبة بها وهل المانع عن المبادرة والباعث على التسويف سبب غير

کبھی نہ دیوی سوای دامن کوہ کی کیا وہ اپنی طاقت رکہتا ہی کہ اوس ٹٹو پر پہاڑ پر چڑہ جاوی اور نیک عمل کرنی سی باز رہنی کا اور آج کل کرتی رہنی گا اور کیا سبب ہی سوا اسکی

عجزك عن مخالفة هواك لما في ذلك من التعب والمشقة وهل تجد يوما ياتيك ولا يعسر فيه مخالفة الهوى هذا يوم

کہ تو اپنی خواہش کی خلاف نہین کرسکتا کیونکہ اسمین دشواری اور مشقت ہوتی ہی کیا تجھکو کوئی ایسا دن معلوم ہی جسمین ہوا وہوس کی مخالفت دشوار نہو گی ایسا دن تو

لم يخلقه الله تعالى ولا يخلقه الا في الجنة والجنة محفوفة بالمكاره والمكاره لا تكون خفيفة على النفوس

اللہ تعالی نی کوئی نہین پیدا کیا اور نہ پیدا کریگا سوای جنت کی اور جنت کی چار طرف مکارہ ہین اور مکارہ نفس کو کبھی خوش نہین آتی

قط هذا محال وجوده فان كنت لا تفهم هذه الامور الجلية وتركن الى التسويف فاي حماقة تزيد على هذه

یہہ محال ہی ہرگز نہین ہوسکتا پھر اگر تو ایسی ظاہر مقدمات کو نہین سمجھتا اور عمل مین درنگ کی جاتا ہی اب کونسی نادانی اس نادانی سی زیادہ ہو گی ورگر

الحماقة وان كنت تعتمد على كرم الله تعالى وفضله فما بالك لا تعتمد على كرمه وفضله في امور دنياك اما

تجھکو اللہ کی کرم اور فضل پہ بہروسہ ہے تو کیا وجہ ہے کہ دنیا کی کاروبار میں اللہ تعالی کی کرم اور فضل پر بہروسا نہیں کرتا بھلا

تستعد للشتاء بقدر طول مدته فتجمع له القوت والحطب والكسوة وغيرها من اللوازم ولا تتكل على فضل الله و

کیا تو جاڑے کی لئے بقدر موسم کی تیاری نہیں کرتا کہانا اور ایندہن اور پوشاک وغیرہ ضروریات جمع کرتا ہے اور اللہ تعالی کی کرم اور فضل پر بہروسا

كرمه حتى يدفع عنك برد الشتاء من غير جبة ونحوها فانه قادر على ذلك افتظن ان برد زمهرير جهنم

نہیں کرتا تاکہ اللہ تعالی بدون ہی جاڑے کی سردی بغیر جبہ وغیرہ کی دفع کردی کیونکہ اللہ تعالی کو یہہ بہی قدرت ہی کیا تجھکو یہہ خیال ہی کہ زمہریر جہنم کی جاڑے کی

اخف بردا واقل مدة من برد زمهرير الشتاء ام تظن انك تنجو منهما من غير سعي هيهات هيهات فان برد الشتاء

ٹہر سے ہلکی ہے اور تہوڑی دنوں ہوگی یا تجھکو یہہ خیال ہے کہ اوس سے بے محنت بچ رہے گا کبہی نہیں کبہی نہیں بیشک جاڑے کی ٹہر

كما لا يندفع عنك الا بالجبة والحطب وسائر اللوازم كذا لا يندفع عنك حر نار جهنم وبرد زمهريرها الا بالتحصن

جیسے بدون جبہ اور ایندہن وغیرہ لوازم کی دفع نہیں ہوتی ایسی ہی دوزخ کی گرمی اور زمہریر کی ٹہر ہرگز نہیں جاتی بدون پناہ لینے

بحصن الطاعات والعبادات مع ترك المنكرات وانما كرم الله تعالى وفضله في ان يعرفك طريق التحصن لا في ان يدفع

طاعات اور عبادات کی منکرات کو چہوڑ کر اور اللہ تعالی کا کرم اور فضل یہہ ہی کہ تجھکو طریقہ پناہ کا بتادیا یہہ نہیں ہے کہ اوسکی تکلیف

عنك العذاب بدون التحصن فان كرم الله تعالى وفضله في دفع برد الشتاء عنك ان يخلق لك النار و

بدون پناہ کی دور کردے بیشک اللہ تعالی کا کرم اور فضل جاڑا دفع کرنی کی باب میں یہہ ہی کہ تیرے لئے آگ پیدا کردی اور

يهديك طريق استخراجه من بين الحجر والحديد حتى تدفع عن نفسك برد الشتاء فكما ان شرى الجبة والحطب

اوسکو چقماق سے نکالنے کا طریقہ ہدایت کردیا کہ اپنی جان سے خنکی جاڑے کی دفع کرے پر جیسی جبہ اور ایندہن

وسائر اللوازم مما يستغني عنه خالقك ومولاك وانما تشتريه لنفسك اذ جعله سببا لاستراحتك كذلك

اور اور تمام لوازم کی تیری خالق اور مولی کو کچھ پروا اور نیازمندی کا نہیں ہی صرف تو ہی اپنی جان کی فائدہ کو خرید لیتا ہی کیونکہ اسمین تیرا آرام ہی ایسی ہی

طاعتك ومجاهدتك مما يستغني عنها خالقك ومولاك وانما هي طريق نجاتك من عذاب اليم ووصولك

تیری طاعت اور عبادت کی تیری خالق اور مولی کو پروا نہیں ہی عذاب الیم سی نجات کا یہہ طریقہ ہی اور عیش دائمی کا وسیلہ

الى النعيم المقيم فمن احسن فلنفسه ومن اساء فعليها والله غني عن العلمين ولعلك تقول لا يمنعني

جسنی بہلائی کی سو اپنی جان کی لئے اور جسنی برا کیا سو اپنی نقصان کو اور اللہ بی پرواہی عالمین سی اور شاید تو کہنی لگی مجکو راہ راست سی

عن الاستقامة الا حرصي على لذة الشهوات وقلة صبري على الالام والمشقات فان كنت صادقا في ذلك

بجز حرص مزہ داری شہوت کی اور سوای بی صبری الم اور مشقت کی اور کوئی نہیں روکتا اب اگر تو اسمین سچا ہے تو تیری کتنی بڑی

فما اشد حمقك وما اقبح عذرك فان شهوات الدنيا فانية سريعة الزوال غير خالية عن الكدورات في

نادانی ہی اور کیا برا عذر ہی کیونکہ دنیا کی شہوت تو فانی ہے ابہی ہو چکیں گی اور کبہی کسی وقت میں کدورت سی خالی نہیں ہیں

حال من الاحوال فما بالك لا تطلب الدخول في الجنة للتنعم فيها بالشهوات الباقية الدائمة الصافية عن

اب تیرا کیا عجب حال ہی کہ جنت میں جانا طلب نہیں کرتا تاکہ اوسمین عیش کیا کری شہوات باقیہ دائمی ہر طرح کی کدورت سی ہمیشہ کو صاف

الكدورات في جميع الاحوال فان الاخرة خير وابقى فاستعد للاخرة على قدر بقائك فيها فان بضاعتك

کیونکہ آخرت بہتر اور رہنی والی ہی اب تو آخرت کا سامان جبتک کہ تو وہان رہی تیار کر بیشک تیرا سرمایہ

ايام عمرك وقد ضيعت اكثرها وما بقي منها الا ايام معدودة فلو اتجرت فيما بقي ربحت وان ضيعت الباقية

زندگی کی دن ہیں سو تو اکثر کہو چکا ہے اوسمیں سی چند روز باقی رہ گئی ہیں پہر اوس بقیہ میں اگر تجارت کریگا تو فائدہ ہوگا اور اگر باقی کو بہی کہو دیا

واستغرقت

واستمررت على عادتك القديم خسرت خسرانا مبينا فانتبه يا مسكين من نوم الغفلة فان الموت موعدك
اور اپنی قدیم عادت پر چلتا رہا تو خوب ظاہر ٹوٹا ہووے گا پس ای مسکین غفلت کی نیند سی آنکہیں کہول بیشک موت تیرا وعدہ ہی

والقبر بيتك والتراب فراشك والفزع الاكبر امامك وعسكر الموتى فى خارج البلد ينتظرونك وكلهم
اور گور تیرا گہر ہی اور مٹی تیرا بچھونا ہی اور بڑا خوف تیری سامنی ہی اور مردون کا لشکر شہر سی باہر تیرا منتظر ہی وہ سب

الوا بالايمان المغلظة ان لا يرجعوا من مكانهم حتى ياخذوك ويضموك الى انفسهم اما تعلم انهم يتمنون
سخت سخت قسمیں کہائی ہوئی ہین کہ تجکو بغیر اپنی جگہ سی نہ ٹلینگی اور تجکو اپنی ساتھ ملا وینگی کیا تجہی خبر نہین کہ وہ ایک گہڑی کیواسطی دنیا مین آنیکی آرزو کرتی ہین

الرجعة الى الدنيا يوما ليشتغلوا فيه بتدارك ما فرط منهم وانت تضيع ايامك وتظن انهم دعوا الى الاخرة
تاکہ اپنی تعدی کا عوض ملا لین اور تو اپنی اوقات ضایع کرتا ہی تو یہہ خیال کرتا ہی کہ وہ تو آخرت مین بلائی گئی ہین

وانت من المخلدين هيهات هيهات فانك فى هدم عمرك منذ خرجت من بطن امك تبنى على ظهر الارض
اور تو ہمیشہ یہان رہیگا کبہی نہین کبہی نہین کیونکہ تو اپنی عمر جب سی ماکی پیٹ سی پیدا ہوا ہی برباد کئی جاتا ہی زمین پر محل چنواتا ہی

قصرك وعن قريب يكون بطنها قبرك تفرح كل يوم بزيادة مالك ولا تحزن بنقصان عمرك تعرض عن الاخرة
اور عنقریب زمین کا گڑہا تیری قبر ہونیکو ہی ہر روز مال بڑہنی سی خوش ہوتا ہی اور عمر کہٹنی کا تجکو کچہہ غم نہین ہی آخرت سی منہہ پہیرتا ہی

وهى مقبلة عليك وتقبل على الدنيا وهى معرضة عنك فما اعجب حالك انك مع كونك مرتكبا لانواع
اور وہ سامنی چلی آتی ہی اور تو دنیا پر متوجہ ہوتا ہی اور وہ تجہسی الگ ہوتی جاتی ہی تیرا بہی عجیب حال ہی باوجودیکہ سب قسم کی گناہ کئی جاتا ہی

الخطايا لا تجتهد فى عمارة اخرتك بل تشتغل بعمارة دنياك كانك غير مرتحل عنها فاحذر يا مسكين
آخرت کی درستی مین ذرہ کوشش نہین کرتا ہی بلکہ دنیا کی درستی مین ایسا لگا ہوا ہی گویا کبہی نہین مریگا سو ڈر اپنی جان پر ای مسکین

يوما الى الله تعالى على نفسه ان لا يترك فيه عبدا امره فى الدنيا ونهاه فيها حتى يسئله عن عمله قليله و
اوس دن سی کہ جاویگا تو خدا کی طرف کہ وہ اوس دن مین کسی آدم مکلف کو باقی نچہوڑیگا یہان تک کہ اوسکی تمام اعمال کی پرسش کریگا تہوڑا ہو

كثيره دقيقه وجليله خفيه وجليه فانظر ايها الغافل باى قلب تقف بين يديه وباى لسان تجيب
یا بہت ادنی ہو یا اعلی پوشیدہ ہو یا ظاہر سو دیکہہ تو او غافل کیا منہہ لیکر سامنی کہڑا ہوگا اور کس زبان سی اوسکی سوال کا

عن سواله واعدّ للسوال جوابا وللجواب صوابا واصرف بقية عمرك الى العمل الصالح فى ايام قصار لايام
جواب دیگا سوال کا جواب تیار کر رکہہ جواب باصواب اور بچتی عمر چہوٹی چہوٹی دنون مین بڑی بڑی دنون کی

طوال فى دار الفناء لدار البقاء فان قلت ان نفسى لا تطاوعنى على المجاهدة والمواظبة على الطاعات فما سبيل
واسطی دار فنا مین دار بقا کی واسطی اچہی نیک کام مین صرف کر اگر تو یہہ کہی کہ میرا نفس مجاہدہ کو اور دائمی طاعات کو نہین مانتا پہر اسکا

معالجتها فاعلم ان انفع اسباب علاجها على ما ذكره الامام الغزالى فى الاحياء ان تختار صحبة عبد يجاهد
کیا علاج تو سمجہہ لی کہ اسکا بڑا مفید علاج تو موافق بیان امام غزالی کی احیاء العلوم مین یہہ ہی کہ تو صحبت ایسی شخص کی اختیار کری جو طاعت الہی مین مجاہدہ

فى طاعة الله تعالى وتلاحظ احواله وتقتدى به لكن هذا العلاج متعذر فى هذا الزمان لفقد من يجتهد
کرتا ہو اور اوسکی حالات کو ملاحظہ کر کر اوسکی پیروی کری پر یہہ علاج اس زمانہ مین دشوار ہی کیونکہ ایسا شخص

فى العبادة اجتهاد الاولين فلا علاج انفع لك فى هذا الزمان من سماع احوالهم ومطالعة اخبارهم وما كانوا
جو متقدمین کی وضع پر عبادت مین مجاہدہ کرتا ہو نہین ملتا سو اب تیری لئی مفید علاج اس زمانہ مین اونکی حالات سننی کی برابر اور اخبار دریافت کرنی کی برابر کوئی نہین ہی

فيه من الجهد الجهيد وقد انقضى تعبهم وبقى ثوابهم ونعيمهم لا ينقطع ابد الاباد وما اشد حسرة من لا يقتدى
کہ وہ کیا کیا دشوار مجاہدہ کرتی تہی اور بیشک اونکی محنت تو ہو چکی اور ثواب اور عیش باقی رہگیا جو کبہی تمام نہوگا اور کتنی بڑی حسرت اوٹہاویگا جو اونکی پیروی نہین کرتا

ـهم فیمنع نفسه ایاما قلائل شهوات مکدرة ثم یاتیه الموت ویحال بینه وبین ما یشتهیه فعلیك ان تطالع
تا اپنی نفس کو چند روز مکدر شہوات سی باز رکھی پہر اوسکو موت شہوات سی روک دیگی سو تجھکو صحابہ

احوال الصحابة والتابعین ومن بعدهم من المجاهدین وبالوقوف علی احوالهم یستبین لك بعدك وبعد
اور تابعین اور اونکی بعد کی مجاہدین کی احوال کا مطالعہ ضروری اور انکا حال دیکہکر تجہپر یہہ کہل جاویگا کہ تو اور تیری زمانہ کی لوگ

اهل عصرك عن اهل الدین فان حدثتك نفسك وقالت انما یتیسر الخیر فی ذلك الزمان لکثرة الاعوان
دینداروں سی کتنا الگ ہیں پہر تیرا نفس اگر وسوسہ سی یہہ کہی کہ خیر اور عبادت اوسہی زمانہ میں ہوسکتی تہی کیونکہ اسباب بہت تہا

واما فی هذا الزمان فان خالفت اهل عصرك یسخرون بك ویقولون انه مجنون فوافقهم فیما هم فیه فلا
اور رہا یہہ زمانہ اب اگر تو اہل عصر کی خلاف کریگا تو وہ مسخرہ بناکر باؤلا کہدینگی سو اونکی موافق جو وہ کرتی ہیں کئی جا

یجری علیك الا ما یجری علیهم والبلیة اذا عمت طابت فایاك ان تتدلی بحبل غرورها وتنخدع
جو اونکا حال سو تیرا حال مرگ با انبوہ جشن ہوتا ہی سو تو بچتی رہنا مبادا اسکی حیلہ اور فریب اور مکر اور زد میں آجاوی

بتدویرها وقل لها ارأیت لو هجم سیل یغرق کل من صادفه وثبت اهل البلد علی مکانهم ولم یاخذوا حذرهم
تو اوسکو یہہ جواب دی کہ اگر پانیکی ایسی رو چڑہ آوی کہ جو سامنی آوی سو ڈوبی اور ایک گانو والی اپنی جگہہ پر ٹہری رہین اور اپنا بچاؤ نکریں

وانت تقدر علی ان تفارقهم وترکب سفینة وتخلص بها من الغرق فهل یختلج فی قلبك ان المصیبة
اور تجہکو اتنی قدرت ہووی کہ اونسی الگ ہوکر کشتی پر سوار ہوکر ڈوبنی سی بچ جاوی اب بہی تیری دلمیں یہہ خدشہ آویگا کہ مرگ با انبوہ جشن ہوتا ہی

اذا عمت طابت ام تترك موافقتهم وتستجهلهم فی صنیعهم وتاخذ حذرك مما دهاك فاذا کنت لا توافقهم خوفا
یا اونکا ساتھ چہوڑکر اس حرکت سی اونکو نادان بتاویگا اور اوس روسی اپنا بچاؤ کرلیگا پہر اگر تو ڈوبنی کا مارا اونکا ساتہ چہوڑتا ہی

من الغرق وعذاب الغرق لا یتمادی الا ساعة من لیل او نهار فکیف لا تهرب من عذاب الابد وانت متعرض له فی کل
اور حال یہہ ہی کہ ڈوبنی کی تکلیف رات یا دن میں بجز ایک ساعت کی زیادہ نہیں ہوتی پہر دائمی عذاب سی کیوں نہیں بچتا اور تو ہر وقت اوسکی سامنی چلا آتا ہی

حال ومن این تطیب المصیبة اذا عمت فان الکفار لم یهلکوا الا بموافقة اهل زمانهم حیث قالوا
اور مرگ با انبوہ کیسی جشن ہوتا ہی بیشک کفار اہل زمانہ کی موافقت ہی سی ہلاک ہوئی ہیں کیونکہ یہی کہتی تہی

انا وجدنا اباءنا علی امة وانا علی اثارهم مقتدون فایاك ثم ایاك ان تنظر الی اهل عصرك ومن مضی
ہمنی اپنی باپ دادی ایک راہ پر پائی اور ہم اونہیں کی قدموں پر چلتی ہیں سو بچنا پر رکہنا اہل زمانہ پر اور جو پہلی گذر گئی ہیں نگاہ نکرنا

قبلك فانك ان تطع اکثر من فی الارض یضلوك عن سبیل الله نسال الله ان یعصمنا من الضلال
بیشک اگر تو اکثر زمین کی باشندوں کی اطاعت کریگا تو اللہ کی راہ سی بہکا دینگی خدا سی دعا ہی کہ ہمکو گمراہی سی بچاوی

المجلس الخامس والستون فی بیان حث الامة علی التوبة ووجوبها علی الفور وتحقیقها
پینسٹہویں مجلس امت کو توبہ پر رغبت دلانی میں اور واجب ہونا توبہ کا فی الفور اور توبہ کی تحقیق

بالمعانی الثلثة قال رسول الله صلی الله علیه وسلم یا ایها الناس توبوا الی الله فانی اتوب الیه
باعتبار تینوں معانی کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا ای لوگو اللہ کیطرف توبہ کرو کیونکہ میں طرف اللہ کی

فی الیوم مائة مرة هذا الحدیث من صحاح المصابیح رواه الاغر المزنی وفیه حث الامة علی التوبة لانه علیه السلام
ہرروز سوبار توبہ کرتا ہوں یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہی اغر مزنی کی روایت سی اور اسمیں امت کو توبہ پر ترغیب ہی اسلئی کہ نبی علیہ السلام

اذا کان یتوب فی الیوم مائة مرة مع عظم شانه وکونه معصوما فکیف لا یشتغل بالتوبة لیلا ونهارا
ہر روز سوبار توبہ کرتی تہی باوجود اس شوکت کی معصوم ہوکر پہر کیونکر رات دن توبہ نکرتا رہی

من یدنس جریدة اعماله بالذنب مرة بعد اخری لکن ینبغی ان یعلم ان التوبة لا یتحقق الا بثلثة امور
جسکا نامۂ اعمال پے درپے گناہوں سے سیاہ ہوتا رہتا ہے لیکن سمجھنے کی بات ہے کہ توبہ بدون ان تین امور مرتبہ کی نہیں ہوسکتی ہے

مرتبة علم وحال وعمل فالعلم اول والحال ثان والعمل ثالث وذلک لان العبد اذا عرف عظم ضرر الذنوب
علم اور حال اور عمل اول مرتبہ علم ہے دوسرا مرتبہ حال ہے تیسرا مرتبہ عمل ہے اور یہ اسلیے کہ آدمی جب یہ معلوم کرتا ہے کہ گناہ سے بڑا سخت

وکونها حجابا بینه وبین محبوبه فی الاخرة یحصل من هذه المعرفة فی قلبه تألم ویسمی تألمه هذا ندما
نقصان ہوتا ہے اور گناہ آخرت میں میری اور محبوب کی بیچ میں مثال پردہ کی ہوجاویگا تو اس معرفت سے اوسکی دل میں الم پیدا ہوتا ہے اور اس الم کو ندامت کہتے ہیں

فالمعرفة علم والندم حال حصل من العلم فاذا غلب هذا الندم علی القلب یحصل منه فیه قصد الی فعل له
پس یہ معرفت تو علم ہے اور یہ ندامت حال ہے کہ اس معرفت سے پیدا ہوتا ہے پھر یہ ندامت جب دل پر غالب ہوجاتی ہے تو دل میں ایسے کام کا ارادہ آتا ہے

تعلق بالحال والاستقبال والماضی اما تعلقه بالحال فبترک الذنوب واما تعلقه بالاستقبال فبالعزم
جسکو زمانہ حال اور استقبال اور گذشتہ سے لگاؤ ہوتا ہے پھر زمانہ حال سے یہ علاقہ ہوتا ہے کہ گناہ سے باز رہتا ہے اور استقبال سے یہ علاقہ ہے کہ عزم کرتا ہے

علی ترکها الی اخر العمر واما تعلقه بالماضی فبتدارک مافات بالجبر والقضاء ان کان قابلا للجبر والقضاء
کہ عمر بھر پھر گناہ نکرونگا اور زمانہ ماضی سے یہ علاقہ ہے کہ جو بات فوت ہوگئی ہے اوسکا عوض اور قضا کرے اگر قابل عوض اور قضا کی ہو

وهذا الفعل عمل حصل من الندم الحاصل من العلم والمراد من العلم ههنا الایمان والیقین بان الذنوب سموم
اوسکا یہ فعل عمل ہے جو ندامت سے حاصل ہوا اور وہ ندامت علم سے پیدا ہوئی اور یہاں علم سے مراد ایمان اور یقین ہے کہ گناہ آخرت میں زہر قاتل ہوتے ہیں

مهلکة فی الاخرة ونور هذا الایمان اذا اشرق علی القلب یثمر نار الندم لانه یبصر باشراق نور الایمان علیه انه
اور اس ایمان کا نور جب دل پر چمکتا ہے تو ندامت کی آگ بھڑک اوٹھتی ہے کیونکہ ایمان کی نور سے جو اوسپر چمکتا ہے ظاہر دیکھتا ہے کہ اپنی محبوب سے الگ رہ گیا

صار محجوبا عن محبوبه فیشتعل نار المحبة فیه فینبعث بتلک النار ارادة وقصد الی الفعل المتعلق بما ذکر
اب محبت کی حرارت شعلہ زن ہوتی ہے اوس حرارت کی زور سے اس فعل کا ارادہ پیدا ہوتا ہے جو اوقات مذکورہ حال اور استقبال اور ماضی سے

من الحال والاستقبال والماضی فالعلم والندم والقصد الی الفعل المذکور ثلثة معان یطلق اسم التوبة علی مجموعها
متعلق ہے سو علم اور ندامت اور ارادہ فعل مذکور کا یہ تین امور ہیں اس مجموعہ کو توبہ کہتے ہیں

فاذا تحققت هذه المعانی الثلثة یتحقق التوبة وکثیرا ما یطلق اسم التوبة علی الندم وحده ویجعل العلم کالمقدمة
جب یہ تینوں امر موجود ہوتے ہیں تو توبہ بیشک ہوتی ہے اور اکثر اوقات توبہ صرف ندامت کو کہدیتے ہیں اور علم کو اوسکا مقدمہ ٹھراتے ہیں

والفعل المذکور کالثمرة وبهذا الاعتبار قال النبی علیه السلام الندم توبة اذ لا یخلو الندم عن علم یوجبه ویثمره
اور فعل مذکور کو ثمرہ جانتے ہیں اور اسی اعتبار سے نبی علیہ السلام نے فرمایا ہے ندامت ہی توبہ ہے اسلیے کہ ندامت بدون علم کی کہ باعث اور موجد ہے اور

وعن عزم یتبعه ویتلوه فیکون الندم محفوفا بطرفیه احدهما ثمرته والاخر مثمره ثم ان التوبة واجبة علی جمیع
بغیر عزم کی کہ اوسکی پیچھے لازم ہوتا ہے نہیں ہوتی سو اب ندامت دونو طرف سے گہری ہوتی ہے ایک طرف ثمرہ اور دوسری طرف باعث اور موجد ہوتا ہے پھر بیشک توبہ تمام

المؤمنین علی الفور اما وجوبها علی الجمیع فلقوله تعالی وتوبوا الی الله جمیعا ایها المؤمنون ولقوله تعالی یا ایها الذین
مسلمانوں پر فی الفعل ترت واجب ہے وجوب تو سبکی اوپر اس آیت سے ثابت ہے اور توبہ کرو اللہ کی طرف سب ملکر اے ایمان والو اور اس آیت سے کہ اے ایمان والو

امنوا توبوا الی الله توبة نصوحا وظاهر هاتین الایتین یدل علی ان التوبة واجبة علی کل احد من المؤمنین
توبہ کرو آگے اللہ کی صاف دل کی توبہ اور ظاہر معنی ان دونوں آیتوں کی یہ ہی دلالت کرتی ہیں کہ توبہ ہر ہر شخص مؤمن پر واجب ہے

لورود الامر فیهما علی العموم ونور البصیرة ایضا یرشد الی ذلک لان معنی التوبة الرجوع عما لا یرضاه الله تعالی
کیونکہ امر ان دونو آیتوں میں سبکو عام ہے اور دل کی روشنی بھی یہ ہی گواہی دیتی ہے اسواسطے کہ توبہ کی معنی اللہ تعالی کی نارضامندی سے

الى مايرضاه وذلك لا يتصور الا من العاقل والعقل لا يكمل الا بعد كمال الشهوة والغضب وسائر الصفات المذمومة

رضامندی کی طرف رجوع کرنا اور یہہ امر صرف عاقل ہی سی ہوسکتا ہی اور عقل کامل نہیں ہوتی بدون کامل ہونی قوی شہوانی اور غضبی اور تمام اوصاف بد کی

التي هي وسائل الشيطان الى اغواء الانسان فان الشهوة من جنود الشيطان والعقل من جنود الملئكة وليس

جو جو واسطی ہیں اغوائی انسان کی شیطان کی وسیلی ہیں کیونکہ شہوت شیطان کا لشکر ہی اور عقل فرشتوں کا لشکر ہی اور ایسا

في الوجود انسان الا وشهوته التي هي عدة الشيطان متقدمة على عقله الذي هو عدة الملئكة فيكون الرجوع

انسان کوئی نہیں ہی جسکی شہوت جو شیطانی سامان ہی عقل پر کہ فرشتوں کا سامان ہی مقدم نہو سو اب امور سابقہ سی جو شہوات کی

عما سبق من مساعدة الشهوات ضروريا في كل انسان بعد البلوغ لان من بلغ كافرا جاهلا لدين الاسلام يجب

مددگار ہیں باز رہنا ہر انسان کو بلاغت کی دونوں ضرور ہی اسلئی کہ جو شخص حالت کفر میں اسلام سی ناواقف بالغ ہو گیا تو اوسپر

عليه التوبة عن كفره وجهله بتعلم ما يحصل به الاسلام ومن بلغ مسلما تبعا لابويه غافلا عن حقيقة الاسلام

توبہ اپنی کفر اور جہالت سی واجب ہی کردہ باتیں سیکھی جن سی اسلام حاصل ہووی اور جو شخص ماباپ کی ساتھہ حالت اسلام میں بالغ ہوا بی خبر اسلام کی حقیقت سی

يجب عليه التوبة عن غفلته بفهم معنى الاسلام اذ بعد البلوغ لا يفيده اسلام ابويه شيئا مالم يسلم بنفسه

تو اوسپر توبہ اس غفلت سی واجب ہی کہ اسلام کی معنی خوب سمجھی اسلئی کہ بالغ ہو کر ماباپ کا اسلام اسکی حق میں کچھہ مفید نہیں ہی جبتک خود مسلمان نہووی

فاذا فهم معنى الاسلام بعد البلوغ يجب عليه الرجوع عن عادته والفه بالاسترسال في الشهوات والعادات وهو اشق

پہر جب بالغ ہو کر معنی اسلام کی سمجہہ چکا تو اوسپر باز آنا اپنی عادات اور الفت سی کہ شہوات وغیرہ عادات میں بی مہار ہو رہا ہی واجب ہی اور اس قسم کی توبہ

ابواب التوبة وفيه هلك اكثر الخلق لعجزهم عنه لان الشهوة تكمل في الصبى قبل البلوغ وكمال العقل فيكون

سب قسموں کی نسبت دشوار ہی اسمیں اکثر خلقت عاجز ہو کر ہلاک ہو گئی ہی اسلئی کہ شہوت لڑکپن میں بلاغت اور کمال عقل سی پہلی مستحکم ہو جاتی ہی سو

جند الشيطان في الابتداء مستوليا على مملكة القلب ويقع للقلب انس والف بمقتضيات الشهوات والعادات

شیطانی لشکر پہلی ہی دلکی ولایت کو مغلوب کرلیتا ہی اور دل کی اندر شہوات اور عادات کی محبت اور الفت پیدا ہو کر غالب آجاتی ہی

ويغلب فيه ذلك ويعسر عليه النزوع عنه ثم يلوح العقل الذي هو من حزب الله تعالى وجنده فان كان كاملا

اور اوس حالت سی اوسکو نکلنا دشوار ہوتا ہی پہر عقل کہ اللہ تعالی کا جتہا اور لشکر ہی ظاہر ہوتی ہی پہر اگر وہ کامل

قويا ينتهض لانقاذ عباد الله تعالى من يدي اعدائه شيئا فشيئا على التدريج فيكون اول شغله قمع جنود

اور قوی ہی تو واسطی چہوڑانی عباد الہی کی دشمنوں کی ہاتہوں سی آہستہ آہستہ بتدریج تیار ہوتی ہی پہر شیطانی لشکر کا اوکہاڑنا شہوتوں کو توڑ کر

الشيطان بكسر الشهوات ومفارقة العادات ورد الطبع على سبيل القهر الى العبادات ولا معنى للتوبة الا هذا وان لم يكن

اور عادات کو چہوڑانا اور طبیعت کو بزور ہٹا کر عبادات پر لگانا اوسکا اول شغل ہی اور توبہ کی معنی سوا اسکی اور کچہہ نہیں ہیں اور اگر وہ عقل کامل

كاملا قويا تسلم مملكة القلب للشيطان وينجز اللعين وعده حيث قال لئن اخرتن الى يوم القيمة لاحتنكن ذريته

اور قوی نہووی تو دلکی مملکت شیطان کی حوالہ کردیتی ہی اور وہ ملعون اپنا وعدہ پورا کرتا ہی چنانچہ کہتا ہی اگر تو مجکو ڈہیل دی قیامت کی دن تک تو اوسکی اولاد کو ڈہانٹی دونگا

الا قليلا والمعنى انك ان اخرتني حيا الى يوم القيمة لاقودنهم حيث ماشئت

مگر تہوڑی سی اور مراد یہہ ہی کہ اگر تو مجکو جیتا چہوڑیگا قیامت تک تو بیشک اونکو جدہر چاہونگا کہینچ لیجاؤنگا

ولاستولين عليهم استيلاء قويا الا قليلا منهم وهم المخلصون من عباد الله الصالحين

اور بیشک اونپر غالب رہونگا مگر اونمیں سی بعضوں پر کہ وہ مخلص بندی اللہ کی اور صلحاء ہیں

وهذا كقول اللعين لازينن لهم في الارض ولاغوينهم اجمعين وانما عرف اللعين حصول ذلك المطلب له مع انه لا

اور یہہ چنانچہ وہ ملعون کہتا ہی البتہ میں اونکو سنواری دکہاؤنگا زمین میں اور راہ سی کہو دونگا اون سبکو ورنہ لعین حصول اس مطلب کا باوجودیکہ غیب دان نہیں ہی

يعلم الغيب استدلالا بما راى فيهم من كون مبدء الشر متعددا ومبدء الخير واحدا اذ في نفس الانسان قوة بهيمية

اس دلیل سے سمجھ گیا کہ اوسنے دیکہا کہ آدمیون کی اندر بدی کی اسباب تو بہت ہین اور بہلائی کا سبب ایک ہی ہی کیونکہ انسان کی ذات مین قوت بہیمیہ

شهوانية وقوة سبعية غضبية وقوة وهمية شيطانية وهذه الثلثة مستولية عليه من اول الخلقة داعية

شہوانی اورقوت سبعی غضبی اورقوت وہمیہ شیطانی ہی اور تینون قوتین ابتداء پیدایش سے اسپر غالب پہلی آتی ہین شر کی طرف

له الى الشر وتحدث بعد هذه الثلثة فيه قوة عقلية ملكية وهي وان كانت داعية الى الخير لكنها انما تكمل بعد استيلاء

متوجہ رکہتی ہین اوران تین قوتون کی بعد اوسمین قوت عقلی ملکی ہوتی ہی اور یہہ اگرچہ آدمیکو خیر کی طرف بلاتی ہی پر یہہ قوت جب کامل ہوتی ہی کہ

الثلثة الاولى على القلب فلما راى اللعين فيه ذلك علم ان ما يريده يمكن حصوله فعلى هذا يكون التوبة فرض عين

وہ پہلی تینون قوتین دل پر غالب ہوجاوین جب شیطان ملعون نی انسان مین یہہ قوتین دیکہین تو جان گیا کہ میرا ارادہ ہوسکتا ہی اب اس بیان کی موافق ہر ہر شخص پر توبہ

على كل شخص ولا يتصور ان يستغني عنها احد من افراد البشر واما وجوبها على الفور فلما في تاخيرها من الاصرار

فرض عین ہی اور معلوم نہین ہوتا کہ افراد انسان مین سے کوئی بہی اسکا حاجتمند نہو اور رہا توبہ کا ترت فی الحال واجب ہونا سو اسلئے کہ تاخیر کرنی مین اصرار

المحرم الذي يتضاعف الذنوب به اذ يلزم بتاخيرها لحظة ذنب اخر واجب التوبة حتى قالوا يلزم بتاخير التوبة

حرام لازم آتا ہی یعنی ہٹ کرنا کہ جس سے گناہ درگناہ بڑہتی چلی جاتی ہین کیونکہ توبہ سے ایکدم بہر تاخیر کرنی مین ایک اورگناہ واجب التوبہ پیدا ہوجاتا ہی

عن كبيرة زمانا واحدا كبيرتان الاولى وترك التوبة عنها وزمانين اربع كبائر الاوليان وترك التوبة عن كل منهما

اتنا کہتی ہین کہ گناہ کبیرہ کی توبہ سے ایکدم بہر تاخیر کرنی مین دو کبیرہ ہوجاتی ہین ایک وہ ہی پہلا اور دوسرا توبہ نکرنی اور دودم مین چار کبیرہ ہوجاتی ہین دو تو پہلی اور دو دونو سے توبہ نکرنی

وثلثة ازمنة ثماني كبائر واربعة ازمنة ستة عشر كبيرة وخمسة ازمنة اثنان وثلثون كبيرة وهكذا

اور تین دم مین آٹھ کبیرہ ہوتی ہین اور چاردم مین سولہ کبیرہ ہوتی ہین اور پانچ دم مین بتیس کبیرہ ہوتی ہین اسطرح گناہ بڑہتی جاوینگی

يتضاعف الذنوب بما زاد التاخير وقد ذكر فيما سبق ان العلم بكون الذنوب سموما مهلكة من نفس الايمان فاذا ثبت

جسقدر تاخیر ہوتی جاویگی اوراوپر مذکور ہوچکا ہی کہ گناہ کو زہر قاتل سمجہنا عین ایمان ہی جب یہہ ثابت ہوا

ان هذا العلم من نفس الايمان يلزم ان يكون الايمان باعثا على ترك الذنوب فمن لم يتركها فهو فاقد هذا الجزء من الايمان

کہ یہہ علم عین ایمان ہی تو لازم آتا ہی کہ ایمان واسطی ترک ذنوب کی باعث ہوا کری پہر جو شخص گناہ کو ترک نہین کرتا تو اوسمین ایمان کا یہہ جزو نہین ہی

ولهذا قال النبي عليه السلام لا يزني الزاني حين يزني وهو مؤمن فانه عليه السلام ما اراد به نفي الايمان الذي هو العلم

اور اسہی لئی نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ زانی زنا نہین کرتا کہ زنا کرتا ہو اور وہ مسلمان ہی ہو بیشک نبی علیہ السلام کی یہہ مراد نہین ہی کہ وہ ایمان جو خدا کا پہچاننا

بالله وملئكته وكتبه ورسله فان ذلك الايمان لا ينافيه الزنى وسائر الذنوب بل اراد به نفي الايمان الذي هو العلم

اور اوسکی فرشتون کا اور کتابون اور انبیا کا ہی جاتا رہا کیونکہ زنا اس ایمان کا منافی نہین ہی اور نہ اور تمام گناہ بلکہ اس سے یہہ مراد ہی کہ وہ ایمان جسمین یہہ سمجہنا تہا

بكون الزنى مبعدا من الله تعالى وموجبا للمقته فعلى هذا لا يكون المصر على المعاصي كاملا في ايمانه بل يكون ناقصا فيه

کہ زنا خدا سے دور کردیتا ہی اور ہلاک کرڈالتا ہی باقی نہین رہتا اس بیان کی موافق جو شخص معاصی پر جما ہوا ہی ایمان کامل نہین رکہتا بلکہ ایمان کی باب مین ناقص ہوتا ہی

وذلك لان ترك الذنوب لا يتصور الا بالصبر والصبر لا يتيسر الا بالخوف والخوف لا يتحقق الا بالعلم بعظم ضرر الذنوب

اسلئے کہ ترک ذنوب بدون صبر کی خیال مین نہین آتا اور صبر بدون خوف کی میسر نہین ہوتا اور خوف پیدا نہین ہوتا جبتک گناہون کا بڑا ہی ضرر یقین نکری

والعلم بعظم ضرر الذنوب لا يحصل الا بتصديق الله تعالى ورسوله فمن لم يترك الذنوب واصر عليها [illegible]

اور گناہون کی ضرر کا یقین بدون تصدیق خدا اور رسول کی نہین ہوتا پہر جو شخص گناہون سے باز نہ آوی گناہون پر جما ہی رہی گویا [illegible] خدا اور رسول

الله تعالى ورسوله فيخاف عليه امر عظيم عند الموت اذ ربما يكون موته على الاصرار سببا لزوال [illegible]

[illegible] نہین کی تو اوسپر مرتی دم بڑاہی خوف ہی اسلئے کہ ہوسکتا ہی کہ اوسکی موت اسی پیچ پر ایمان کو ڈگاوی [illegible] انجام

الخاتمة ویبقی فی جهنم ابد الاباد وان لم یختم له بسوء الخاتمة بل مات علی الایمان یکون فی مشیة الله تعالی ان
خاتمہ بد پر یہودی اور ہمیشہ کو دوزخ میں پڑا رہی اور اگر انجام خاتمہ بد پر نہوا بلکہ ایمان پر مرا تو اب تابع مرضی الٰہی کا ہی چاہی اوسکو دوزخ میں ڈالکر

شاء یدخله جهنم ویعذبه فیها بقدر ذنوبه ثم یخرجه منها ویدخله الجنة ولو بعد حین وان شاء یعفو عنه
بمقدار معاصی کی عذاب دیکر پہر دوزخ میں سی نکال کر جنت میں داخل کری اگرچہ بعد مدت کی ہو اور چاہی اوسکو معاف کری

ویدخله الجنة بلا عذاب اذ لا یستحیل ان یشمله عموم العفو بسبب خفی حتی لا یطلع علیه احد غیر الله تعالی
اور بلا عذاب جنت میں داخل کردی اسلئی کہ کیا محال ہی کہ اوسکی عنایت عام اوسپر بہی ہوجاوی کسی پوشیدہ سبب سی جسکو بجز الله تعالی کی کوئی نہ جانتا ہو

کما لا یستحیل ان یدخل احد خرابا لطلب کنز فاتفق ان یجده لکن من خرب بیته وضیع ماله وترك نفسه وعیاله
جیسی ممکن تہا کہ کوئی اجاڑ کی اندر خزانہ کی تلاش میں جاوی پہر اتفاقا خزانہ پالیوی لیکن جسنی اپنا گہر خراب کردیا اور مال تلف کرکر اپنی جان کو اور اولاد کو

جیاعا یزعم انه ینتظر من فضل الله تعالی ان یرزقه کنزا تحت الارض فی بیته فانه کما یعد من الحمقی المغرورین وان
بہوکا مارا کہی کہ میں الله کی اس فضل کا منتظر ہون کہ میری گہر کی اندر زمین میں سی خزانہ عنایت کری سو یہہ شخص جیسی احمق بی وقوف سمجہا جاویگا اگرچہ اوسکی خواہش

کان ما ینتظره غیر مستحیل فی قدرة الله تعالی وفضله کذلك من ینتظر المغفرة من فضل الله تعالی مع کونه مصرا
بلحاظ قدرت اور فضل الٰہی کی کچہہ محال نہیں ہی ہوسکتی ہی ایسی ہی جو شخص بخشش کا امیدوار ہی الله تعالی کی فضل سی باوجودیکہ

علی الذنوب غیر سالك طریق المغفرة یعد من المعتوهین فبعض من هؤلاء الحمقی المغرورین یروج حماقته بکلام حسن
گناہوں پر جم رہا ہی اور بخشش کی راہ نہیں چلتا بیوقوف کہلاویگا پہر بعضی انہیں سی احمق بہولی اپنی حماقت کی ساتہہ اس خوبی سی کلام کرتی ہیں

ویقول ان الله کریم لا تضیق جنته عن مثلی ولا تضره معصیتی ثم تری ذلك الاحمق یرکب البحار ویختار مشاق الاسفار
الله تعالی بیشک کریم ہی اوسکی جنت مجہہ سوال سی تنگ نہیں ہوجاویگی اور میری معصیت سی اوسکا کیا ضرر ہی پہر تم اوس احمق کو دیکہتی ہو کہ دریا کا سفر کرتا ہی اور

فی طلب الدرهم والدینار واذا قیل له ان الله تعالی کریم وخزائن دراهمه ودنانیره لا یقصر عن مثلك ولا یضره کسلك
واسطی طلب روپیہ اشرفی کی سفر کی مشقت کہینچتا ہی اور اگر یہہ کہی کہ الله تعالی بیشک کریم ہی اور اوسکی خزانی میں روپیہ اشرفی کی تجہہ سوال کی لئی کچہہ کمی نہیں ہی اور تجارت میں تیری

بترك التجارة فاجلس فی بیتك عساه ان یرزقك من حیث لا تحتسب فانه یستحمق من یقول هکذا ویستهزء
سستی سی اوسکا کیا نقصان سو تو اپنی گہر بیٹہہ رہی تجہکو روزی دیویگا جہانسی تیرا گمان نہو اب اس تقریر والی کو احمق بتاتا ہی اور ٹہٹہی کی راہ سی کہتا ہی

به ویقول ما هذا الهوس فان السماء لا تمطر ذهبا ولا فضة وانما یحصل ذلك بالکسب هکذا جرت عادة
یہہ کیا واہیات ہی آسمان سی اشرفی روپیہ کبہی نہیں برستا یہہ تو بدون محنت کسی کو حاصل نہیں ہوتا اسیطرح الله کی عادت

الله تعالی وسنته ولا تبدیل لسنة الله ولا یعلم هذا الاحمق ان رب الدنیا والاخرة واحد ولا تبدیل
اور قاعدہ جاری ہی الله کی ہاں قاعدی نہیں بدلتی اب یہہ احمق نہیں سمجہتا کہ پروردگار دین دنیا کا تو ایک ہی سو اوسکی قاعدی دونو

لسنته فیهما جمیعا وقد اخبرنا لیس للانسان الا ما سعی فکیف یعتقد بکونه کریما فی الاخرة ولا یعتقد بکونه
جہا میں نہیں بدلتی اور بیشک یہہ فرمایا ہی اور نہیں ہی واسطی انسان کی مگر جو کمایا اب کیونکر اوسکو آخرت کی لئی تو کریم جانتا ہی اور دنیا کی باب میں

کریما فی الدنیا فان من یخاف من الهلاك فی هذه الدنیا الفانیة اذا کان یجب علیه الاحتراز عن السموم وما
کریم نہیں سمجہتا بیشک جو شخص اس دار فانی میں ہلاکت سی ڈرتا ہو جب اوسپر یہہ واجب ہی کہ زہر وغیرہ مضر اور مہلک اشیا سی

یضره من المهلکات فی کل حال فالخائف من الهلاك الابدی اولی ان یجب علیه الاحتراز عن المعاصی التی هی سموم
ہر وقت احتراز کیا کری پس جو شخص ہلاک ابدی کا اندیشہ کرتا ہو اوسپر اولی تر واجب ہی کہ جملہ معاصی سی جو دین کی حق میں زہر ہیں احتراز کرتا رہی

الدین فان المخوف من هذه السموم فوات الاخرة الباقیة التی لیست اضعاف اعمار الدنیا عشر عشیرها اذ
کیونکہ اس زہر سی خوف آخرت باقیہ کی فوت کا ہی جسکی برابر دنیا کی چند در چند عمریں سوین حصہ کو نہیں پہنچتی کیونکہ

لیس

لیس لمدتها غایة ولا نهایة وفیها النعیم المقیم والملك العظیم وفی قواتها نار الجحیم والعذاب الالیم المجلس السادس

آخرت کی مدت کا نہ کچھ اوخیر ہی اور نہ کچھ انتہا اور اوسمین عیش دائمی اور سلطنت بڑی اور اوسکی فوت مین دوزخ کی آگ ہی اور عذاب دردناک — چہاسٹھوین مجلس

والستون فی بیان قوله علیه السلام ان الله یقبل توبة العبد ما لم یغرغر قال رسول الله صلعم ان الله تعالی یقبل توبة العبد

اس حدیث کی بیان مین — بیشک الله تعالی بندہ کی توبہ قبول کرتا ہی جبتک سانس گلیمین نہ اٹکی یعنی نزع تک رسول الله صلی الله علیہ وسلم نے فرمایا بیشک الله تعالی بندہ کی توبہ قبول کرتا ہی

ما لم یغرغر هذا الحدیث من حسان المصابیح رواه ابن عمر الغرغرة تردد الشیٔ فی الحلق ویستعمل فی تردد الروح

جبتک جان گلیمین آوی یہہ حدیث — مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی ابن عمر کی روایت سی اور اصل مین غرغرہ کسی چیز کا حلق میں اندر آنا جانا اور حلق مین روح کی آمد و رفت پر

وهو المراد هنا والمعنی ان توبة المذنب مقبولة ما لم یبلغ الروح الحلقوم اذ عند الغرغرة وبلوغ الروح الحلقوم

بہی استعمال کیا جاتا ہی اور یہان یہی مراد ہی اور معنی یہہ ہین کہ گنہگار کی توبہ مقبول ہوتی ہی جبتک روح گلیمین نہ آجاوی اسلئے کہ غرغرہ کی وقت جب روح حلقمین آ گئی

یعاین ما یصیر الیه من رحمة او هوان ولا ینفعه حینئذ توبة ولا ایمان کما قال الله تعالی فیما انزله من القرآن

تو اپنی انجام کو ظاہر دیکہتا ہی رحمت یا خواری اب اوسکو نہ توبہ کچھ فائدہ کری اور نہ ایمان چنانچہ الله تعالی قرآن منزل مین فرماتا ہی

فلم یك ینفعهم ایمانهم لما رأوا بأسنا وقال فی آیة اخری ولیست التوبة للذین یعملون السیئات حتی اذا حضر

پہر نہ ہوا کہ کام آوی اونکو یقین لانا اونکا جب دیکہہ چکی ہمارا عذاب اور ایک اور آیت مین فرمایا اور اونکی توبہ نہین جو کرتی جاتی ہین برے کام اور جب سامنی آوی

احدهم الموت قال انی تبت الآن لان من شرط التوبة العزم علی ترك الذنب الذی تیب عنه وعدم المعاودة

ایسی کسیکو موت کہنی لگا مین نی اب توبہ کی اسواسطی کہ توبہ مین عزم کرنا ترک گناہ کا جس سی توبہ کی ہی اور اوسکو کبہی عمل مین نہ لانا شرط ہی اور یہہ عزم

علیه وذلك انما یتحقق اذا تمکن التائب منه وبقی اوان الاختیار فما لم یبلغ الروح الحلقوم لا ینقطع الرجاء فیصح

جبہی ہوسکتا ہی کہ تائب کو قدرت ہو اور اختیار کا وقت باقی ہو سو جبتک روح حلق مین نہین آتی تو امید منقطع نہین ہوتی پس تائب سی

منه الندم والعزم علی ترك الذنب فعلم من هذا ان التوبة مبسوطة للعبد حتی یعاین قابض الارواح وذلك

ندامت اور عزم ترک گناہ کا سب صحیح ہی اس سی معلوم ہوتا ہی کہ بندہ کی لئی توبہ کا وقت فراخ ہی جبتک کہ قابض الارواح کو دیکہی — اور یہہ جب ہی

عند الغرغرة وبلوغ الروح الحلقوم فعلی هذا یجب علی العبد ان یتوب عما کان علیه من المعاصی قبل المعاینة

کہ دم اٹکنی لگی اور روح حلق مین آجاوی پس اس بیان کی موافق بندہ پر واجب ہی کہ اپنی تمام معاصی سی معائنہ اور غرغرہ سی پہلی توبہ کری

والغرغرة ولا ییأس من رحمة الله تعالی لانه تعالی قال لا ییأس من روح الله الا القوم الکافرون وقال فی آیة اخری

اور الله تعالی کی رحمت سی ناامید نہو اسلئی کہ الله تعالی فرماتا ہی ناامید نہین اسکی فیض سی مگر وہی لوگ جو منکر ہین — اور ایک اور آیت مین فرمایا

وهو الذی یقبل التوبة عن عباده ویعفو عن السیئات فینبغی للعاقل ان یتوب فی کل وقت ولا یکون مصرا علی

اور وہ ہی جو قبول کرتا ہی توبہ اپنی بندونسی اور معاف کرتا ہی برائیان سو عاقل کو لازم ہی کہ ہر وقت توبہ کیا کری اور گناہ پر نہ اڑ جاوی

الذنب فان التائب من الذنب لا یکون مصرا وان عاد فی الیوم سبعین مرة وقد جاء فی الحدیث انه علیه السلام

کیونکہ گناہ سی توبہ کرنیوالا گناہ کا مصر نہین ہوتا — اگرچہ دن بہر مین پہر پہر کر ستر مرتبہ کری — اور بیشک حدیث مین آیا ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا

قال من لزم من الاستغفار جعل الله له من کل ضیق مخرجا ومن کل هم فرجا ورزقه من حیث لا یحتسب و

کہ جو شخص استغفار کو لازم کرلی تو الله تعالی اوسکو ہر تنگی سی رستگاری دیتا ہی اور ہر غم سی کشادگی اور رزق دیتا ہی جہانسی گمان نہو — اور

فی حدیث آخر انه علیه السلام قال کل بنی آدم خطاء وخیر الخطائین التوابون وروی انه علیه السلام قال والله

ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا تمام بنی آدم خطاوار ہین اور اچہی خطاوار وہ ہین جو توبہ کرتی ہین اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا قسم ہی الله کی

انی لاستغفر الله واتوب الیه فی الیوم اکثر من سبعین مرة وفی حدیث آخر انه علیه السلام قال یا ایها الناس

کہ مین ہر روز استغفار اور توبہ ستر مرتبہ سی زیادہ کرتا ہون — اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ای لوگو

توبوا الی الله فانی اتوب الیه فی الیوم مائة مرة فانظروا یا اهل الانصاف اذ کان النبی علیه السلام یستغفر و

اللہ کی آگے توبہ کرو بیشک مین اوسکی آگے ہر روز سو بار توبہ کرتا ہون اب خیال توکرو ای انصاف والو جب نبی علیہ السلام استغفار اور

یتوب وقد غفر الله له ما تقدم من ذنبه وما تاخر فالذی لم یظهر حاله اغفر له ام لا کیف لا یتوب الی الله

توبہ کرتی ہون باوجودیکہ اللہ تعالی اونکی تمام گناہ بالفرض اگلی اور پچھلی سب معاف کر چکا ہی پہر جسکا حال کچھہ معلوم نہین کہ معاف ہوا ہی یا نہین وہ اللہ کی سامنی

فی کل وقت وکیف لا یجعل لسانه ابدا مشغولا بالاستغفار وقد روی عن ابن عباس انه علیه السلام قال هلك

ہروقت کیونکر توبہ نہ کی جاوی اور کیونکر ہمیشہ اپنی زبان کو استغفار مین مشغول نہ رکہی اور بیشک روایت ہی ابن عباس سی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ماری گئی

المسوفون والمسوف من یقول سوف اتوب وهو هالك لانه یبنی الامر علی البقاء الذی لیس مفوضا الیه فلعله لا یبقی

درنگ کرنیوالی اور مسوف وہ ہوتا ہی جو کہی اب توبہ کرونگا اور وہ ہلاک ہوا جاتا ہی اسلئی کہ بقا پر بہروسہ رکہتا ہی جو کہ اوسکی حوالہ نہین ہی پہر شاید کہ جیتا نہ بچی

فان بقی فانه کما لا یقدر علی ترك الذنب الیوم لا یقدر علی ترکه غدا لان عجزه عن الترك فی الحال لیس الا

اور اگر بچا بہی تو جیسی اب گناہ نہین چہوڑ سکتا آگی کو نہ چہوڑ سکی کیونکہ بالفعل اسکا مانع ترک معصیت سی بجز غلبۂ شہوت کی کوئی نہین

لغلبة الشهوة علیه والشهوة لا تفارقه غدا بل تتضاعف وتتاکد بالاعتیاد فلیست الشهوة التی اکدها

اور شہوت تو اگلی روز بہی ساتہہ ہی بلکہ باعتبار عادت کی پہلی سی زیادہ اور مضبوط سو جس شہوت کو آدمی نی عادت کرکر

الانسان بالاعتیاد کالتی لم یؤکدها وعن هذا هلك المسوفون فانهم یظنون ان بین المتماثلین فرقا ولا یدرون

قوت بخشی ہی وہ ایسی ضعیف نہین ہوتی جسکی عادت نہین کی اسہی مین درنگ کرنیوالی ماری گئی کیونکہ وہ یہہ خیال کرتی ہین کہ دو متماثل مین فرق ہوتا ہی یہہ نہین جانتی

ان الایام متشابهة فی کون ترك الشهوة شاقا فیها ولیس مثال المسوف الا مثال من یحتاج الی قلع شجرة فیراها

کہ دن سب ایک سی ہین ترک شہوت ہمیشہ دشوار ہی اور مسوف یعنی توبہ مین دیر لگانیوالی کی مثال ایسی ہی کہ کسیکو ضرورت درخت اوکہاڑنی کی لگی سو اوسکو دیکہا

قویة لا تنقطع الا بمشقة شدیدة فیقول اخرها سنة ثم اعود الیها فاقلعها ومن المعلوم قطعا ان الشجر

تو مضبوط پایا کہ بی مشقت شدید کی نہین اوکہڑ سکتا اب وہ کہی کہ ایک برس بہر اور کہڑا رہنی دون پہر آکر اسکو اوکہاڑون گا اور یہہ بات یقینی معلوم ہی کہ درخت

کلما بقیت فی الارض ازداد رسوخها فلا حماقة فی الدنیا اعظم من حماقته لانه عجز عن قلعها قبل ازدیاد

جتنا زمین مین کہڑا رہی گا مضبوط اور زور ہوتا جاویگا اب دنیا مین اس سی بڑا احمق کوئی نہین ہی کیونکہ اس سی ابتو اکہڑ نہین سکتا کہ ابہی خوب بیخ نہین ہوا

رسوخها ثم اخذ ینتظر القدرة علی قلعها بعد ازدیاد رسوخها اذا تحقق هذا فلا بد للمؤمن ان لا یفرغ من التوبة

پہر یہہ ایسی قوت کا منتظر ہی کہ بعد خوب مضبوط ہونیکی اکہاڑ ڈالی جب یہہ بات ثابت ہوچکی تو مؤمن کو ضرور ہی کہ توبہ سی کبہی کسیوقت فارغ نہ ہی

فی وقت من الاوقات حتی یاتیه الموت وهو تائب فان التوبة فرض علی جمیع المؤمنین باتفاق المسلمین لقوله تعالی

اتنا کہ اگر موت آوی تو یہہ شخص تائب ہی ہو بیشک توبہ تمام مؤمنون پر فرض ہی سب مسلمانون کی اتفاق سی بدلیل اس آیت کی

وتوبوا الی الله جمیعا ایها المؤمنون وقوله تعالی یا ایها الذین امنوا توبوا الی الله توبة نصوحا فانظر الی رحمته تعالی

اور توبہ کرو اللہ کی آگی سب ملکر ای ایمان والو اور بدلیل اس آیت کی ای ایمان والو توبہ کرو آگی اللہ کی صاف دلکی توبہ اب تو اللہ تعالی کی رحمت

ورافته علی عباده کیف دعاهم الی التوبة وامرهم بها وسماهم مؤمنین بعد ما اذنبوا ثم بین ما لهم من الکرامة فی التوبة فقال

اور مہربندون کی حال پر دیکہہ تو کسطور اونکو توبہ تعلیم کی اور توبہ کا ارشاد کیا اور اونکا نام گناہ کرنیکی بعد بہی مومن رکہا پہر توبہ سی جو اونکو عزت ہوگی بیان کیا فرمایا

عسی ربکم ان یکفر عنکم سیاتکم ویدخلکم جنت تجری من تحتها الانهر واخبر انه غفار لذنوبهم وقال و

شاید تمہارا رب اوتاری تمسی تمہاری برائیان اور داخل کری تمکو باغون مین جنکی نیچی بہتی ہین نہرین اور جتادیا کہ مین گناہ کا بڑا بخشنی والا ہون اور فرمایا اور

الذین اذا فعلوا فاحشة او ظلموا انفسهم ذکروا الله فاستغفروا لذنوبهم ومن یغفر الذنوب الا الله ولم یصروا

وہ لوگ جب کربیٹہین کہلا گناہ یا برا کرین اپنی حق مین تو یاد کرین اللہ کو اور بخشش مانگین اپنی گناہون کی اور کون ہی گناہ بخشتا سوا اللہ کی اور نہ اڑین .

على ما فعلوا وهم يعلمون اولئك جزاؤهم مغفرة من ربهم وجنت تجري من تحتها الانهر خلدين فيها ونعم اجر
اپنی کئی پر جانتی ہوئی اونکی جزا ہی بخشش اونکی رب کی اور باغ جنکی نیچی بہتی نہرین رہا کرینگی اونمین اور خوب مزدوری ہی

العملين ونص على انه يحبهم بعد التوبة فقال ان الله يحب التوابين ويحب المتطهرين واشار الى ان التوبة طهارة
کام کرنیوالون کی اور کہول کر فرمادیا کہ بعد توبہ کی اونکو محبوب رکہتا ہون سو فرمایا اللہ کو خوش آتی ہین توبہ کرنیوالی اور خوش آتی ہین ستہرائی والی اور یہہ اشارہ کیا کہ توبہ اونکو

لهم عن انجاس الاوزار فلابد للمؤمن من التوبة لكن لها اربعة شروط ان اختل شرط منها لا يتحقق التوبة الاول الندم
پاک کرتی ہی گناہون کی نجاست سی اسلئے مؤمن کو توبہ کرنی ضرور چاہیی لیکن توبہ کی واسطی چار شرطین ہین اگر اونمین سی ایک بہی کم ہو ویگی تو توبہ ٹہیک نہوگی اول گناہ گذشتہ کی

بالقلب على ما فعل من الذنوب في الماضي ومعنى الندم تحزن وتوجع على ما فعل وتمنى كونه لم يفعل والثاني ترك
گناہ پر دل سی نادم ہونا اور ندامت سی مراد ہی اپنی کئی ہوئی پر غمگین اور دردمند ہونا اور آرزو کرنا کاش کی یہہ نکرتا اور دوسری شرط معصیت کا

المعصية في الحال والثالث العزم على ان لا يعود الى مثلها في الاستقبال والرابع ان يكون ذلك خوفا من الله تعالى
فی الفور ترک کرنا تیسری شرط نیت کرنی کہ ایسا کار آیندہ کو پہر کبہی نکرونگا اور چوتہی شرط یہہ ہو اور اللہ تعالی خوف سی ہون کوئی

لا لامر اخر فان من ندم على شرب الخمر وتركه لما فيه من الصداع وزوال العقل والخلل بالمال والعرض لا يكون تائبا
اور وجہ نہو بیشک جو شخص شراب پینی پر نادم ہو کر اسلئی چہوڑدی کہ اسمین درد سر ہوتا ہی اور بہکتا ہی اور مال خرچ ہوتا ہی اور آبرو بگڑتی ہی تو ایسا شخص موافق شرع کی

شرعا وكذلك من قال بلسانه استغفر الله وقلبه مصر على المعصية فاستغفاره ذلك يحتاج الى استغفار
تائب نہین ہی اور ایسی ہی جو شخص زبان سی تو استغفر اللہ کہا کری اور اسکا دل معصیت پر جما ہوا ہو تو ایسی توبہ سی بہی توبہ کرنی چاہیی جو ندامت کی ساتہہ ہو

مقارن بالندم لما روي عن علي انه راى رجلا قد فرغ من صلاته وقال اللهم اني استغفرك واتوب اليك سريعا فقال
کیونکہ حضرت علی سی روایت ہی کہ اونہون نی ایک شخص کو دیکہا کہ نماز سی سلام پہیرتی ہی جلد ایسی کہنی لگا الہی مین تجہسی مغفرت مانگتا ہون تیری آگی توبہ کرتا ہون حضرت

علي يا هذا ان سرعة اللسان بالاستغفار توبة الكذابين فتوبتك تحتاج الى توبة وعن الحسن البصري انه قال
علی نی کہا ای شخص زبانی جلد ایسی استغفار کرنی جہوٹہونکی توبہ ہوتی ہی تیری یہہ توبہ قابل توبہ کی ہی اور حسن بصری کی روایت ہی کہ وہ کہتی تہی

استغفارنا يحتاج الى استغفار قال القرطبي هذا قوله في زمانه فكيف في زماننا هذا الذي يرى فيه الانسان مكبا
ہماری توبہ قابل توبہ کی ہی قرطبی کہتی ہین حسن بصری کا یہہ قول اونکی زمانہ مین ہی ہماری زمانہ کا تو کیا حال ہی جسمین تمام انسان ظلم پر اوندہی پڑی ہوئی ہین

على الظلم حريصا عليه لا يقلع عنه والسبحة في يده يزعم انه يستغفر منه وذلك استهزاء منه واستخفاف لما روي
ایسی حریص کہ ذرہ نہین بچتی اور ہاتہون مین تسبیح ہلاتی ہین یہہ خیال کہ ہم توبہ کرتی ہین اور یہہ اسکی ٹہٹہ بازی اور استخفاف ہی کیونکہ مروی ہی

انه عليه السلام قال المستغفر باللسان المصر على الذنب كالمستهزئ بربه وانما التوبة ان يستغفر بلسانه وينوي
کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا زبانی توبہ کرنیوالا دل سی گناہ پر اڑا ہوا گویا اپنی رب کا ٹہٹہول کرتا ہی توبہ وہ ہی جو زبانسی استغفار کر کر دل سی یہہ نیت کری

بقلبه ان لا يعود الى الذنب اصلا فاذا فعل ذلك يغفر الله له ذنبه وان كان عظيما اذ ليس ذنب اعظم من الكفر
کہ پہر ہرگز گناہ نکرونگا جب ایسا کرتا ہی تو اللہ اوسکی گناہ معاف کردیتا ہی کتنا ہی بڑا ہو کیونکہ کفر سی بڑا کوئی گناہ نہین ہی

وقد قال الله تعالى لنبيه في حق اهل الكفر قل للذين كفروا ان ينتهوا يغفر لهم ما قد سلف فما ظنك فيما دونه من المعاصي
اور اللہ تعالی اپنی نبی سی کفار کی حق مین فرماتا ہی تو کہدی کافرونکو اگر باز آوین تو معاف ہو اونکو جو ہو چکا پہر تجہکو معاصی کی نسبت کفر سی کمتر مین کیا خیال ہی

وقد روي انه عليه السلام قال لو اخطا احدكم حتى ملا ما بين السماء والارض ثم تاب تاب الله عليه وفي حديث
اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا اگر کوئی تم مین سی اتنی خطائین کری کہ آسمان اور زمین کا بیچ بہر جاوی پہر وہ توبہ کری تو اللہ اوسکی توبہ قبول کرتا ہی اور ایک اور حدیث مین

اخر انه عليه السلام قال ان العبد اذا اعترف ثم تاب تاب الله عليه يعني انه اذا اقر بكونه مذنبا ثم تاب وندم
ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ آدمی جب اپنی گناہ کا اقرار کر کر توبہ کرتا ہی تو اللہ بہی اوسکی توبہ قبول کرتا ہی مراد یہہ ہی کہ جب وہ اپنی خطاوار ہونیکا اقرار کری پہر توبہ کر کر

على فعل من الذنوب واكتسب من السيئات وعزم ان لا يعود الى مثله يقبل الله تعالى توبته ويتجاوز عن

کئی ہوئی گناہ اورکمائی ہوئی برائیونسی نادم ہو اورنیت کری کہ ایسا کام پہر نکرونگا تو اللہ تعالی اوسکی توبہ قبول کرتا ہی اور اوسکی گناہونسی درگذر فرماتا ہی

سيئاته لكن ينبغي ان يعلم ان الذنوب على نوعين ذنب فيما بينك وبين الله تعالى وذنب فيما بينك وبين العباد

لیکن سمجہنی کی بات ہی کہ گناہ بہی دو نو قسم کی ہین ایک گناہ تیری اور خدا کی بیچمین یعنی حق اللہ ہی اور ایک گناہ تیری اور بندی کی درمیان ہین یعنی حق العباد ہی

فالذنب الذي بينك وبين الله تعالى يكفي فيه الاستغفار باللسان والندم بالقلب والعزم على ان لا يعود

پہر جو گناہ صرف حق اللہ ہی تو اسمین صرف زبانسی استغفار اور دل سی ندامت اور پہر نکرنی کی نیت کافی ہی

فاذا فعل ذلك لا يبرح من مكانه حتى يغفر له ذنبه الا ان يكون شيئا من الفرائض فان الشرع لا يكتفي فيه

جب یہہ حال بنایا تو ابہی اپنی جگہہ سی نہین ٹلنی پاتا کہ اوسکی گناہ معاف ہوجاتی ہین ان اگر کوئی فریضہ ترک ہوا ہو کیونکہ شرع نی اسباب مین توبہ پر اکتفا نہین کیا

بمجرد التوبة بل اضاف الى ذلك في البعض قضاء كالصلوة والصوم وغيرها وفي البعض كفارة ايضا واما حقوق

بلکہ اوس توبہکی ساتہہ بعضی جگہہ قضا لگا رکہی ہی جیسی نماز اور روزہ وغیرہ اور بعضی جگہہ کفارہ بہی لگا رکہا ہی اور رہی حقوق

الادميين فلا بد من ايصالها الى مستحقيها فان لم يوجدوا يلزم تصدقها عنهم بنية ان تكون وديعة

العباد پس پہچانا حقوق کا مالکون کی پاس ضرور ہی پہر اگر وہ لوگ نہ ملین تو وہ تنا اونکی طرفسی اس نیت سی خیرات کردی کہ اللہ تعالی کی یہان ودیعت

عند الله تعالى يوصلها الى اصحابها يوم القيمة فمن لم يجد السبيل لخروجه عما عليه من التبعات لاعساره

رہی قیامت کی روز مالکون کی حوالہ کری پہر جسکو ماری مفلسی کی حقوق اداکرنیکی کوئی راہ نہ ملی تو اوسکو

فعليه ان يكثر من الاعمال الصالحات ويستغفر لمن ظلمه من المؤمنين والمؤمنات في اكثر الاوقات فانه اذا فعل

یہہ لازم ہی کہ اعمال صالحہ بہت کیا کری اور اپنی مؤمن مظلومون کی حق مین اکثر اوقات استغفار کیا کری بیشک جب یہہ عمل کریگا

كذلك يرجى من فضل الله تعالى ان يرضي خصماؤه يوم القيمة قيل لبعض العلماء هل للتائب من علامة يعرف بها

تو اللہ تعالی کی فضل سی امید ہی کہ قیامت کی دن اسکی مدعیون کو راضی کردی کسی نی ایک عالم سی پوچہا آیا تائب کی واسطی کوئی ایسی علامت ہی جس سی معلوم ہو

قبول توبته قال نعم علامته اربعة اشياء الاول ان ينقطع عن اصحاب السوء والثاني ان يكون معرضا عن

کہ توبہ قبول ہوئی کہا ہان اسکی چار علامتین ہین اول یہہ کہ بدکارونسی بیزار ہوجائی اور دوسری یہہ کہ ہر گناہ سی نفرت کری

كل ذنب مقبلا على الطاعات والثالث ان يذهب من قلبه فرح الدنيا ويرى حزن الاخرة دائما في قلبه والرابع

اور طاعات کی طرف متوجہ ہووی اور تیسری یہہ کہ اوسکی دلمین دنیا کی فرحت نرہی اور آخرت کا فکر دلمین ہمیشہ لگا رہی اور چوتہی یہہ

ان يرى نفسه فارغا عما ضمن الله له من امر الرزق ويكون مشغولا بما امر به فاذا وجد فيه هذه العلامات

کہ اپنی جان کو ایسی چیزون کی فکر سی جسکا اللہ تعالی ذمہ دار ہوچکا ہی فارغ پاوی جیسی رزق اور احکام الہی کی بجا آوری مین مشغول رہی جب اوسمین یہہ علامتین موجود ہوتی ہین

يكرمه الله تعالى باربع كرامات احدها ان يخرجه من الذنوب كانه لم يذنب قط والثاني ان يحبه والثالث ان

تو اوسکو اللہ تعالی چار کرامتین عنایت کرتا ہی ایک یہہ کہ گناہونسی ایسا صاف کردیتا ہی گویا کبہی بہی گناہ نہین کیا اور دوسری یہہ کہ اوسکو دوست رکہتا ہی تیسری یہہ

يحفظه من الشيطان ولا يسلطه عليه والرابع ان يؤمنه من الخوف قبل ان يخرج من الدنيا لانه تعالى قال

کہ اوسکو شیطانسی محفوظ رکہتا ہی شیطان کو اوسپر تسلط نہین دیتا چوتہی یہہ کہ خوف سی مامون رہتا ہی اس سی پہلی کہ دنیا مین سی روانہ ہو کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہی

تتنزل عليهم الملئكة الا تخافوا ولا تحزنوا وابشروا بالجنة التي كنتم توعدون ويجب له على الناس اربعة اشياء

اون پر اوترتی ہین فرشتی کہ تم نہ ڈرو اور نہ غم کہاؤ اور خوشی سنو اوس بہشت کی جسکا تمکو وعدہ تہا اور اور لوگون پر اوسکا چار حق واجب ہوجاتی ہین

اولها ان يحبوه لانه تعالى قد احبه والثاني ان يدعوا له بالثبات على التوبة لان الثبات على التوبة اشد من

اول یہہ کہ اوس سی محبت کیا کرین کیونکہ اللہ تعالی اوس سی محبت کرتا ہی دوسری یہہ کہ اوسکی حق مین توبہ پر قایم رہنی کی دعا کیا کرین اسلئی کہ توبہ پر قایم رہنا توبہ کرنیسی

التوبة والثالث ان یجالسوہ ویذاکروہ ویعاونوہ والرابع ان لا یعیّروہ بما سلف عن ذنوبہ لانہ تعالی قال حکایة
دشوار تر ہی تیسری یہہ کہ اوسکی پاس بیٹھ کر یاد الہی اور امداد کیا کریں چوتھی یہہ کہ باعتبار پہلی گناہوں کی طعنہ زنی نکیا کریں اسلئی کہ اللہ تعالی حضرت یوسف

عن یوسف علیہ السلام لا تثریب علیکم الیوم قال الفقیہ ابو اللیث وذلک ان المؤمن لیس من شانہ ان یقع فی الذنب
علیہ السلام کی طرف سی حکایت کرتاہی کچھ الزام نہین تمپر آج فقیہ ابو اللیث کہتی ہین یہہ اسلئی ہی کہ مؤمن کی شان سی نہین ہی کہ گناہ مین مبتلا ہووی

ولا یتعمدہ کما یدل علیہ قولہ تعالی وکرّہ الیکم الکفر والفسوق والعصیان فانہ تعالی قد اخبر انہ بغّض الی المؤمنین
اور عمد اکیا کری چنانچہ اس آیت سی معلوم ہوتاہی اور برا لگایا تمکو کفر اور گناہ اور حکمی کیونکہ اللہ تعالی نی خبر دی ہی کہ ہمنی مؤمنوں پر معصیت کو ناپسند

المعصیة فلا یقع المؤمن فیہا اذا کان ایمانہ حقیقیا لا لسانیا الا فی حال الغفلة فاذا تاب عنہا لا یجوز ان یعیّر بہا قال
کردیا ہی سو مؤمن گناہ مین نہین پڑتا اگر اوسکا ایمان حقیقی ہو صرف زبانی ہی نہو مگر غفلت مین پہر جب اوسنی گناہ سی توبہ کی تو جائز نہین ہی کہ طعنہ زنی کرین

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الکیّس من دان نفسہ وعمل لما بعد الموت والعاجز من اتبع نفسہ ہواہا وتمنّی علی اللہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا ہوشیار وہ ہی کہ اپنی جان کو ذلیل رکہی اور آخرت کی واسطی عمل کیا کری اور احمق وہ ہی کہ اپنی جان کو ہوا ہوس کی پیچہی لگاوی اور اللہ سی آرزوئین

ہذا الحدیث من حسان المصابیح رواہ شداد بن اوس ومعناہ ان العاقل من غلب علی نفسہ وقہرہا وحاسبہا
طلب کری یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی شداد ابن اوس کی روایت سی اسکی یہہ معنی ہین کہ عاقل وہ ہی جو نفس پر غالب آکر اوسکو دبالی اور محاسبہ لیکر

ونظر ما عملت لآخرتہا فان وجدہا عملت خیرا حمد اللہ تعالی ویسعی فی الازدیاد فیہ وان وجدہا عملت شرا اشتغل
دیکہی کہ آخرت کی لئی کیا عمل کیا ہی اگر جانی کہ نیک عمل کیا ہی تو خدا کا شکر کرکر اسمین اور زیادہ کوشش کری اور اگر جانی کہ برا کام کیا ہی تو توبہ اور استغفار کرکر

التوبة والاستغفار واصلاح الحال بالتوجہ الی الطاعات المنجیة عن العقبات فی العرصات والموصلة الی الدرجات
حال کو درست بناوی طاعات کی طرف متوجہ ہو جو قیامت کی عذاب سی نجات دی اور موت کی بعد بلند درجون پر پہنچاوی

بعد الممات والعاجز من غلبت علیہ نفسہ وصار تابعا لہا واعطاہا ما ارادت من المحرمات والمنہیات
اور بیوقوف وہ ہی جسپر نفس غالب آگر اوسکو اپنا تابع کرلی اور جو چاہی سو محرمات اور منہیات مین سی اوسکو دیوی

وتمنّی علی اللہ ان یغفر لہ ویدخل الجنة من غیر التوبة والاستغفار واصلاح الحال وہذا ہو الغرور والغرور علی
اور اللہ سی یہہ تمنا کری کہ خدا بخشدی اور بی توبہ اور بی استغفار اور بلا درستی حال جنت مین داخل کردی اور یہہ ہی غرور کہلاتاہی اور غرور جیسی

ما ذکرہ الامام الغزالی فی الاحیاء ہو سکون النفس الی ما یوافق الہوی ویمیل الیہ الطبع عن شبہة وخدعة من
امام غزالی نی احیاء العلوم مین ذکر کیا ہی نفس کا اطمینان اور موافق ہوا ہوس کی طبع کا میلان بسبب شبہ اور شیطانی مکر کی ہی

الشیطن فمن اعتقد انہ علی خیر اما فی العاجل او فی الآجل عن شبہة فاسدة فہو مغرور واکثر الناس یظنون فی
سو جو شخص اپنی حالت کو بالفعل یا آخر کو شبہ فاسد کی راہ سی بہتر سمجہتاہی پس وہ دہوکہ مین گرفتار ہی اور اکثر لوگ اپنی دلین اپنی حال کو

انفسہم خیرا مع کونہم مخطئین آثمین فہولاء مغرورون وان اختلفت اصناف غرورہم وتفاوتت درجاتہم حتی
بہتر سمجہتی ہین باوجودیکہ خطاوار اور گنہگار ہوتی ہین اب وہ دہوکہ مین ہین اگرچہ جہات اور طریقی دہوکہ کی مختلف اور اونکی درجی کم وزیادہ ہون یہان تک

کان غرور بعضہم اظہر واکثر من بعض فمنہم من غرتہم الحیوة الدنیا ومنہم من غرہم باللہ الغرور اما الذین غرتہم
کہ ہر ایک کا دہوکہ ایک سی فاحش اور بہت بڑہتی ہو پہر بعضی تو دنیا کی زندگانی کی دہوکہ مین ہین اور بعضی اللہ کی ساتہہ دہوکہ مین ہین پہر جو شخص دنیا کی

الحیوة الدنیا فہم الذین قالوا النقد خیر من النسیئة والدنیا نقد والآخرة نسیئة فاذن الدنیا خیر فلا بد من ایثارہا
زندگی کی دہوکہ مین ہین سو وہی شخص ہین جو کہتی ہین نقد اودہار سی بہتر ہی اور دنیا تو نقد ہی اور آخرت اودہار ہی سو اب دنیا بہتر ہی پس دنیا کا اختیار کرنا ضرور ہی

وہذا القیاس فاسد یشبہ قیاس ابلیس حیث قال فی حق آدم النبی علیہ السلام انا خیر منہ خلقتنی من نار
اور یہہ استدلال فاسد ابلیس کا سا قیاس ہی کہ اوسنی آدم علیہ السلام کی حق مین کہا تہا مین اوس سی بہتر ہون مجکو تونی بنایا آگ سی

دہوکا

وخلقته من طين والى هؤلاء الاشارة بقوله تعالى الذين اشتروا الحيوة الدنيا بالاخرة فلا يخفف عنهم العذاب

اور اوسکو بنایا خاک سی اور انہی طرف اشارہ ہی اس آیت میں جنہون نی خرید کی دنیا کی زندگی آخرت دیکر سو نہ ہلکا ہوگا اونپر عذاب

ولاهم ينصرون وعلاج هذا الغرور اما التصديق بمجرد الايمان والتصديق بالبرهان اما التصديق بمجرد الايمان

اور نہ اونکو مدد پہنچی گی اور اس دہوکہ کا علاج یا تصدیق نری ایمانی سی ہی یا تصدیق برہانی سی پہر نری تصدیق ایمان کی

فهو ان يصدق الايات الواقعة فى القران من جملتها قوله تعالى ما عندكم ينفد وما عند الله باق وقوله تعالى

تو یہہ ہی کہ آیات کی جو کہ قرآن میں آئی ہین تصدیق کری جنمین سی ایک یہہ آیت ہی جو تم پاس ہی ختم ہو جاویگا اور جو اللہ پاس ہی سو رہتا ہی اور ایک یہہ آیت

والاخرة خير وابقى وقوله تعالى وما الحيوة الدنيا الا متاع الغرور فانه عليه السلام قد اخبر بذلك طوائف

اور پچہلا گہر بہتر ہی اور رہنی والا اور یہہ آیت اور دنیا کا جینا یہی ہی جنس دغا کی بیشک نبی علیہ السلام نی بہت کفار کو اسکی خبر دی تہی

من الكفار فصدقوه وامنوا به ولم يطالبوه بالبرهان وهذا ايمان يخرج العامة من الغرور واما التصديق

پس اونہون نی سچ مانا اور اوسپر ایمان لائی اور کوئی برہان آپ سی طلب نکی یہہ ایمان ہی کہ عوام لوگ دہوکہ سی بچ جاتی ہین اور تصدیق برہانی

بالبرهان فهو ان يعرف وجه فساد هذا القياس الذى نظمه ابليس فى قلبه فان كل مغرور فلغروره سبب و

یہہ ہی کہ اس قیاس کی فساد کو معلوم کری جو کہ ابلیس نی اپنی دلمین مرتب کیا تہا کیونکہ جو شخص دہوکہ مین آتا ہی تو اوسکا کوئی سبب ہوتا ہی اور

ذلك السبب هو دليله وكل دليل نوع قياس يقع فى القلب ويورث السكون اليه وان كان صاحبه لا يشعر به

وہی سبب اوسکی دلیل ہوتی ہی اور ہر دلیل ایک طرح کا قیاس ہوتا ہی جو دلمین پیدا ہوکر دلکو تسکین دیتا ہی اگرچہ قیاس والی کو اسکی خبر نہو

ولا يقدر على نظمه بالفاظ العلماء فالقياس الذى نظمه الشيطان فى قلب المغرور مركب من اصلين احدهما

اور نہ اتنی استعداد ہو کہ علماء کی طور پہ عبارت مرتب کرلی پس وہ قیاس جو شیطان نی بہکی ہوئی کی دلمین مرتب کیا تہا دو اصل سی مرکب ہی ایک تو یہہ

الدنيا نقد والاخرة نسيئة وهذا صحيح والثانى النقد خير من النسيئة وهذا محل التلبيس اذ ليس الامر كذلك مطلق

کہ دنیا نقد ہی اور آخرت ادہار ہی یہہ تو صحیح ہی اور دوسرا یہہ کہ نقد بہتر ہوتا ہی ادہار سی یہہ جگہ دہوکہ کی ہی کیونکہ کلیہ یون نہیں ہی

بل اذا كان النقد مثل النسيئة فى المقدار والمقصود فهو خير منها واما اذا كان اقل من النسيئة فالنسيئة خير منه

بلکہ نقد اور ادہار دونو اگر مقدار اور مقصود مین برابر ہون تو جب تو نقد بہتر ہی اور اگر نقد مقدار مین ادہار سی کمتر ہو تو پہر نقد ادہار بہتر ہوتا ہی

فان هذا المغرور يبذل فى تجارته درهما نقدا لياخذ عشرة نسيئة ولا يقول النقد خير من النسيئة وكذا اذا

کیونکہ یہہ مغرور ہی اپنی تجارت مین ایک روپیہ نقد خرچ کرتا ہی تاکہ دس روپیہ ادہار یعنی انجام کو حاصل کری اب نہین کہتا کہ نقد بہتر ہی ادہار سی اور ایسی ہی اگر

حذره الطبيب من الفواكه ولذائذ الاطعمة يترك ذلك فى الحال خوفا من الم المرض فى الاستقبال والتجار كلهم

طبیب میوی اور لذیذ کہانو نسی منع کردی تو آیندہ کو خوف کا مارا فورًا چہوڑ دیتا ہی اور تمام تجارت پیشہ

يركبون البحار ويحتارون مشاق الاسفار فى الحال لاجل الربح والراحة واللذة فى الاستقبال فاذا كانت العشرة فى

دریا کا سفر اور سفر کی مشقتین بالفعل گوارا کرلیتی ہین آیندہ کی منفعت اور آرام اور لذت کی واسطی پہر جب آیندہ کی دس

الاستقبال خيرا من الواحد فى الحال وكذا اذا كان الربح والراحة واللذة فى الاستقبال خيرا من الالم والمشقة فى

حال کی ایک سی اور ایسی ہی آیندہ کی منفعت اور راحت اور لذت حال کی الم اور مشقت سی بہتر ہوئی تو

الحال فقس لذة الدنيا وراحتها من حيث مدتها بالنسبة الى مدة الاخرة فان اقصى عمر الانسان مائة سنة

پس دنیا کی لذت اور راحت کو باعتبار دنیا کی مدت کی آخرت کی مدت کی نسبت قیاس کرلی کیونکہ انسان کی بڑی سی بڑی عمر سو برس کی ہوتی ہی

قلما يتجاوزها وهو ليس عشر عشير من جزء من الف جزء من مدة الاخرة فكانه ترك واحدا لياخذ الف الف

اس سی بہت کم کہ بیشی پاتا ہی سو یہہ سوان حصہ بہی نہیں ہی ہزارویں حصہ مین کا آخرت کی مدت مین سی گویا اسی ایک کو دس لاکہہ لینی کی واسطی ترک کیا

بل لیاخذ مالا نهایة له هذا من حیث المدة واما من حیث النوع فلذات الدنیا مکدرة مشوبة بانواع الآلام

بلکہ بے نہایت کی واسطی یہہ فرق لذتوں باعتبار مدت کی ہی اور باعتبار خوبی قسم کی سو دنیا کی لذتیں طرح طرح کی الم سی مکدر اور سختیوں سی آلودہ ہین

والشدائد ولذات الآخرة صافیة غیر مکدرة فاذن یظهر غلطه فی قوله النقد خیر من النسیئة وعند ذلك

اور آخرت کی لذتیں صاف اور مصفا اب اوسکی غلطی صاف ظاہر ہوتی ہی کہ نقد بہتر ہوتا ہی ادہار سی اور اسوقت

یرجع الشیطان الی قیاس آخر وهو ان الیقین خیر من الشك والدنیا یقین والآخرة شك فلا یترك الیقین وهذا

شیطان ایک اور قیاس منتظم کرتا ہی اور وہ یہہ ہی یقین بہتر ہوتا ہی شک سی اور دنیا تو یقینی ہی اور آخرت مین شک ہی سو یقین کو ترک نہین کرسکتی اور یہہ

القیاس اکثر فسادا من الاول لکون کل من اصلیه باطلا لان کون الیقین خیرا لیس الا اذا کان مثله لا مطلقا

قیاس پہلی قیاس سی خراب تر ہی کیونکہ اسکی دونوں اصل غلط ہین اسلئی کہ یقین جب ہی بہتر ہوتا ہی کہ شک کی مثل ہووی کچھ کلیہ نہین ہی

الا تری ان التاجر فی تعبه علی یقین وفی حصول ربحه علی شك وکذا المریض یشرب الدواء البشیع الکریه وهو فی

کیا تو نہین دیکھتا کہ سوداگر اپنی مشقت کو یقینی جانتا ہی اور فائدہ ہونی مین شک پر ہی اور ایسی ہی بیمار کڑوی بدمزہ دوا پیتا ہی تلخی دوا کی تو یقینی ہی

مرارة الدواء علی یقین وفی حصول الشفاء علی شك لکن یقول الم مرارة الدواء قلیل بالنسبة الی الم امتداد المرض المؤدی

اور صحت ہونی مین شک ہی پر وہ یہہ کہتا ہی کہ الم کڑوی دوا کا بنسبت الم زیادتی مرض کی کمتر ہی جس مین

الی الهلاك فمن کان علی شك فی امر الآخرة یجب علیه ان یقول الصبر فی ایام قلائل وهو منتهی الامر قلیل بالنسبة

مر بہی جاتی ہین پہر جسکو آخرت کی باب مین شک ہو تو اوسپر یہہ تصور واجب ہی کہ صبر کرنا چند روز کا یعنی آخر حیات تک بہ نسبت

الی ما یقابله من امر الآخرة فان کان ما یقال فیه کذبا فما یفوتنی الا التنعم ایام حیاتی وقد کنت فی العدم من الازل

اپنی مقابل یعنی آخرت کی کمتر ہی کیونکہ آخرت کا حال جو مشہور ہی اگر جہوٹ نکلا تو میرا اسوا عیش زندگانی کی کیا جاتا رہیگا اور بیشک مین ازل سی

الی الآن واحسب انی بقیت فی العدم ولم اتنعم وان کان ما یقال فیه صدقا ابقی فی النار دهرا طویلا وهذا مما

اب تک نابود ہی تہا سو مین سمجہونگا معدوم ہی رہا عیش حاصل نہوا اور اگر یہہ مشہور سچ ہوا تو مین زمانہ دراز تک آگ مین جلونگا اس مصیبت کی طاقت

لا یطاق به وکذلك قال علی لبعض الملحدین المنکرین للآخرة ان کان ما قلتم حقا تخلصتم وتخلصنا وان کان

ہرگز نہین ہی ایسا ہی علی رضی اللہ عنہ نی ایک ملحد سی جو آخرت کا منکر تہا جواب مین یہہ فرمایا جو تو کہتا ہی اگر سچ ہوا تو تم بہی بچی اور ہم بہی بچی اور اگر

ما قلنا حقا تخلصنا وهلکتم ولیس هذا القول منه علی شك فی الآخرة بل کلم الملحد علی قدر عقله وبین له

ہمارا قول حق ہوا تو ہم بچی اور تم مارے گئی اور یہہ قول علی کا آخرت مین کچھ شک کی راہ سی نہ تہا بلکہ ملحد سی اوسکی عقل کی موافق کلام کیا اور اوسکو ظاہر کردیا

انه وان لم یکن متیقنا فهو مغرور واما الاصل الثانی الذی هو ان الآخرة شك فهو باطل ایضا لان ذلك یقین

کہ بلاشبہ اگر وہ نہین یقین رکہتا تو وہ دہوکہ مین ہی اور اس قیاس کی دوسری اصل یعنی آخرت مشکوک ہی یہہ بہی باطل ہی اسلئی کہ مؤمن کی نزدیک

عند المؤمن وایمانه یدفع غرور الشیطان الا انه اذا ترك اوامر الله تعالی وضیع الاعمال الصالحة ولابس المعاصی

یقینی بات ہی اور اوسکا ایمان شیطان کی فریب کو دفع کردیتا ہی پر اتنا ہی کہ اسنی جب احکام الٰہی کو ترک اور اعمال صالحہ کو ضایع کیا اور معاصی

والمنکرات یکون مشارکا للکفار فی هذا الغرور لانه وان کان معترفا بکون الآخرة خیرا من الدنیا لکنه مال

اور منکرات مین مبتلا ہوا تو اس دہوکہ مین کوار کا شریک ہوگیا اسواسطی کہ اگرچہ آخرت کو دنیا سی بہتر جانتا ہی اور اقرار کرتا ہی پر دنیا کی طرف راغب ہوکر

الی الدنیا وآثرها علی الآخرة واستحق ان یکون من اهل النار کالکفار الا ان امره یکون اخف لان اصل الایمان

دنیا کو آخرت پر پسند کرلیا ہی اور سزاوار ہی کہ کفار کی طرح ناری ہووی لیکن اسکا حال بہ نسبت کفار کی خفیف تر ہی کیونکہ اصل ایمان

ینجیه من العذاب الابدی ویخرجه من النار ولو بعد حین وهذا هو فائدة مجرد الایمان وحده واما

ابدی عذاب سی بچاکر دوزخ مین سی نکال دیگا اگرچہ کچھ مدت کی بعد اتنا تو فائدہ نری ایمان کا ہی اور رہا

الفوز بالمقصود فلا یکفی له مجرد الایمان وحده بل لا بد من ضم العمل الصالح الیه کما یدل علیه آیات القرآن

حاصل کرنا درکار مقصود کا سواسمین نرا ایمان کافی نہین ہی بلکہ اوسکی ساتہہ عمل صالح بہی چاہیئی چنانچہ قرآن کی آیات سی معلوم ہوتا ہی

من جملتها قوله تعالی وَاِنِّیْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰی وقوله تعالی اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِیْبٌ

اونہین سی ایک یہہ آیت ہی اور میری بخشش ہی اوسپر جو توبہ کری اور یقین لاوی اور کری بہلا کام پہر راہ پر رہی اور یہہ آیت بیشک مہر اللہ کی نزدیک ہی نیکی والونسی

وقوله تعالی وَالْعَصْرِ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فوعد المغفرة فی کتاب اللّٰه تعالی منوط

اور یہہ آیت قسم اوتری دن کی مقرر انسان ہی ٹوٹا ہی مگر جو یقین لائی اور کئی بہلی کام پس کتاب اللہ مین بخشش کا وعدہ ایمان

بالایمان والعمل الصالح جمیعا لا بالایمان وحده فمن اقر بلسانه ان الاخرة خیر وابقی ثم ترك العمل واشتغل بالمعاصی

اور عمل صالح دونو پر موقوف ہی نری ایمان پر نہین پہر جسنی زبانسی یہہ اقرار کیا کہ آخرت بہتر اور رہنی والی ہی پہر عمل خیر ترک کرکر معاصی مین مشغول ہوا

فهو من المغرورین بالدنیا والمسرورین بها والمحبین لها والکارهین للموت خیفة فوات لذاتها لا خیفة فوات لذات

تو وہ دنیا کی دہوکہ مین آیا ہوا ہی دنیا پر خوش ہوتا ہی اور اوسکی محبت مین موت سی ڈرتا ہی مبادا دنیا کی لذت فوت ہو جاوی یہہ خوف نہین ہی کہ آخرت کی لذت

الاخرة وحصول عقابها فهؤلاء هم الذین غرتهم الحیوة الدنیا وهم عن الاخرة هم غفلون والذین غرهم بالله الغرور

فوت ہوکر عذاب ہونی لگی سو یہہ وہ لوگ ہین جنکو دہوکہ دیا دنیا کی زندگی نی اور وہ آخرت سی بی خبر ہین اور جنکو دہوکہ مین ڈالا اللہ کی نام سی غرور نی

فهم الذین یهملون الاعمال ویشتغلون بالمنکرات ویقولون ان اللّٰه کریم رحیم نرجو رحمته ومغفرته وهذا

وہ وہی لوگ ہین جو اعمال مین سستی کرتی ہین اور منکرات مین مشغول رہتی ہین اور کہتی ہین کہ اللہ کریم اور رحیم ہی اوسکی رحمت اور مغفرت کی امید ہی یہہ

الکلام وان کان صحیحا فی نفسه مقبولا فی القلوب الا ان الشیطان لا یغوی الانسان الا بکلام مقبول الظاهر

بات اگرچہ حقیقت مین راست ہی دل مانتی ہین پر انسان کو شیطان ایسی ہی بات سی بہکاتا ہی جو ظاہر مین مقبول ہو

مردود الباطن ولولا حسن ظاهره لما انخدعت به القلوب لکن النبی علیه السلام کشف عن ذلك بقوله الکیس

اور باطن مین مردود اور اگر ظاہر مین پسندیدہ نہووی تو اوسکی بات پر دل ہرگز فریب نکہاوین لیکن نبی علیہ السلام نی اسکو ظاہر کردیا یہہ فرمایا کہ ہوشیار

من دان نفسه وعمل لما بعد الموت والعاجز من اتبع نفسه هویها وتمنی علی اللّٰه وهذا التمنی هو الغرور الذی غیر

وہ ہی کہ اپنی آپ کو حقیر سمجہی اور آخرت کی لئی عمل کری اور احمق وہ ہی کہ ہوا ہوس کی پیچہی لگا ہی اور اللہ پر آرزوئین کری یہہ آرزو پکانی ہی دہوکا ہی جسکا شیطان نی بدلکر

الشیطان اسمه وسماه رجاء حتی خدع به کثیرا من الناس وقد شرح اللّٰه الرجاء بقوله الذین آمنوا وهاجروا

رجا نام رکہا ہی یہان تک کہ بہت لوگون کو اس فریب مین لی لیا ہی اور رجا کی شرح اللہ تعالی نی اس آیت مین آپ کردی ہی جو لوگ ایمان لائی اور ہجرت کی

وجاهدوا فی سبیل اللّٰه اولئك یرجون رحمت اللّٰه وقیل للحسن قوم یقولون نرجو اللّٰه ویضیعون العمل فقال

اور لڑی اللہ کی راہ مین وہ امیدوار ہین اللہ کی مہر کی کسینی حسن سی کہا ایک لوگ یہہ کہتی ہین اللہ سی ہمکو امید ہی اور عمل خیر ضایع کرتی ہین حسن نی کہا

هیهات هیهات تلك امانیهم یترددون فیها من رجا شیئا طلبه ومن خاف شیئا هرب منه وکما لا ینبت فی الدنیا

افسوس افسوس یہہ آرزوئین ہین انکی فکر مین پڑی ہین جو شخص کسیکی آرزو کرتا ہی تو اوسکو طلب کرتا ہی اور جو کسی بات سی ڈرتا ہی تو اوس سی بہاگتا ہی اور جیسی دنیا مین

زرع الا بالحراثة کذلك لا یحصل فی الاخرة اجر وثواب الا بالایمان والعمل وکما کان معتوها من رجا ولدا ولم ینکح

کہیتی بدون بوئی نہین اگتی ایسی ہی آخرت مین اجر اور ثواب بدون ایمان اور عمل کی نہین ملتا اور جیسی نادان کہلاتا ہی جو شخص اولاد کی آرزو کری اور نکاح نکری

او نکح ولم یجامع او جامع ولم ینزل کذلك یکون معتوها من رجا رحمة اللّٰه تعالی ولم یؤمن او آمن ولم یعمل

یا نکاح تو کری پر صحبت نکری یا جماع بہی کری پر منزل نہو ایسی ہی نادان کہلاتا ہی جو شخص رحمت الہی کی امید رکہی اور ایمان نہ لاوی یا ایمان لاوی پر عمل صالح

الصالحات او عمل الصالحات ولم یترك السیئات وکما ان من نکح وجامع وانزل ینبغی له ان یرجو حصول الولد

نکری یا اعمال صالح بہی کری پر برائیان نچہوڑی اور جیسی جو شخص نکاح کری پہر جماع کری اور منزل ہووی تو اوسکو لایق ہی کہ اولاد کی آرزو کری

وان يخاف عدم حصوله كذلك ان من امن وعمل الصلحت وترك السيأت ينبغي له ان يرجو حصول

اور اولاد نہونی کا بہی خوف کری ایسی ہی جو شخص ایمان لایا اعمال نیک کئی اور برائیان چہوڑ دین تو اوسکو لائق ہی کہ اجر اور ثواب کا

الاجر والثواب وان يخاف عدم حصوله فالواجب على المؤمن ان يتوب عن السيأت ويداوم على الطاعات

متوقع ہووی اور محرومی سی ڈرتا رہی پس مؤمن پر یہ واجب ہی کہ برائیون سی توبہ کری اور ہمیشہ طاعات کرتا رہی

ثم يكون بين الخوف والرجاء ولا يقنط من رحمة الله تعالى ولا يأمن من عذاب الله تعالى فان المنهمك في المعاصي

پہر خوف اور رجا دونون کری اور اللہ کی رحمت سی نا امید اور عذاب الہی سی بیخوف نہو بیشک جو شخص گناہون مین مبتلا ہی

قد يخطر له التوبة فيقول له الشيطان انى يقبل توبتك مع ارتكابك امثال تلك الذنوب فيجب عند

اوسکی دل مین کبہی توبہ کا خیال آتا ہی پر اوسکو شیطان یون بہکاتا ہی تیری توبہ کب قبول ہوتی ہی تو ایسی ایسی گناہون مین گرفتار ہی پس ایسی حالت مین واجب ہی

ذلك قمع القنوط بالرجاء ويقول ان الله كريم رحيم يغفر ذنوب التائبين لانه تعالى قال واني لغفار لمن

کہ نا امیدی کو دفع کر کر امیدوار ہو جانا چاہئی اور کہی کہ بیشک اللہ کریم اور رحیم ہی توبہ کرنیوالون کی گناہ معاف کرتا ہی اسلئی کہ اللہ تعالی فرماتا ہی البتہ بخشنیوالا ہون جو

تاب ووعد قبول التوبة وقال وهو الذي يقبل التوبة عن عباده فان التوبة طاعة تكفر الذنوب كلها

توبہ کری اور توبہ قبول کرنیکا وعدہ کیا فرمایا اور وہ ہی ہی جو قبول کرتا ہی توبہ اپنی بندون سی بیشک توبہ ایسی عبادت ہی کہ گناہ صغیرہ ہون یا کبیرہ سب اوتار

صغيرها وكبيرها حتى الكفر بخلاف سائر الطاعات فانها لا تكفر الا الصغائر فمن توقع المغفرة مع التوبة فهو

دیتی ہی یہان تک کہ کفر کو بخلاف تمام اور عبادات کی سوا اور عبادات صرف گناہ صغیرہ کو اوتار دیتی ہین پہر جو شخص توبہ کر کر بخشش کا امیدوار ہو تو وہ

راج ومتوقع المغفرة مع الاصرار فهو مغرور وكل توقع يورث التوبة والتشمر على العبادة فهو رجاء وكل توقع

راجی ہی اور گناہ پر اڑا ہوا بخشش کی توقع کری تو وہ مغرور ہی جس توقع مین توبہ اور عبادت کا عزم حاصل ہووی وہ ہی رجا ہی اور جس توقع مین

يوجب الفتور في العبادة والركون الى البطالة فهو غرور فان من خطر له ان يترك الذنوب ويشتغل بالعبادة

عبادت مین قصور اور بیہودگی کی طرف رغبت آوی وہ ہی غرور ہی کیونکہ جسکی دل مین یہ خیال آوی کہ گناہ سی بچون اور عبادت کرون

يقول الشيطان له مالك تؤذي نفسك وتعذبها ولك رب كريم غفور رحيم فيفتر بذلك عن التوبة والعبادة

تو شیطان اسکو یہ وسوسہ دیتا ہی تجہکو کیا ہوا اپنی جان کو تکلیف اور عذاب دیتا ہی تیرا پروردگار تو کریم اور غفور اور رحیم ہی سو اس فریب مین آکر توبہ اور عبادت سی باز رہتا ہی

فهذا غرور وعند ذلك يجب على العبد ان يستعمل الخوف ويخوف نفسه بغضب الله تعالى وعظيم عقابه

سو یہ ہی غرور ہی ایسی حالت مین ضرور ہی کہ آدمی خوف کری اور اپنی نفس کو غضب الہی اور اوسکی بڑی عذاب سی ڈراوی اوسکو یہ سمجہاوی

ويقول لها ان الله تعالى كما كان غافر الذنوب وقابل التوبة فهو شديد العقاب ايضا وانه مع كونه كريما

کہ اللہ تعالی جیسی گناہ معاف اور توبہ قبول کرتا ہی پس وہ عذاب بہی بہت بڑا کرتا ہی اور کریم اور رحیم ہوکر

رحيما خلد الكفار في النار ابد الاباد مع ان كفرهم لا يضره بل بسلط العذاب والمحن والامراض والعلل والفقر

کفار کو دوزخ مین قدیم کی لئی ڈال رکہا ہی باوجودیکہ اونکی کفر سی اوسکا کیا ضرر تہا ملکہ دنیا کی اندر اپنی بندون پر عذاب محنت اور دکہ اور بیماری اور فقیری

والجوع على عباده في الدنيا مع كونه كريما رحيما قادرا على ازالتها فمن كان سنته في عباده كذلك كيف يغتر به

اور بہوک تعینات کر دیتا ہی حال یہ ہے کہ کریم ہی اور رحیم ہی قدرت والا سب تکلیفین دور کر سکتا ہی پہر جسکا بندون کی حق مین یہ طرز ہو تو آدمی کب فریفتہ

العبد ولا يخافه وقد خوفه عقابه ورجاء اكثر الخلق في هذا الزمان هو سبب فتورهم عن العمل واقبالهم على الدنيا

ہو سکتا ہی کہ اوسکا خوف اوٹہا رکہی اور وہ بیشک اپنی عقاب سی ڈرا چکا ہی اور اس زمانہ مین اکثر خلق کو رجا ہی کہ عمل مین سست دنیا پر متوجہ

واعراضهم عن طاعة الله تعالى واهمالهم السعي للاخرة وهم لا يعلمون انه غرور وليس برجاء وقد اخبر النبي عليه السلام

طاعت الہی سی بی پرواہ آخرت کی سعی مین چست کو ضعیف کر دیتی ہی اور لیکن نہین سمجہتی کہ یہ شیطانی دہوکہ ہی رجا نہین ہی اور بیشک نبی علیہ السلام خبر دی

ان الغرور سيغلب على اخر هذه الامة قال الامام الغزالي قد كان ما اخبر به النبي عليه السلام فان الناس في الزمان
چکی ہیں کہ غرور آخر کو اس امت کا جلد زور پکڑ جاویگا امام غزالی کہتی ہیں کہ نبی علیہ السلام نی جو خبر دی تھی وہ ہو گئی کیونکہ اول زمانہ میں لوگ ہمیشہ

الاول كانوا يواظبون على الطاعات والعبادات ويبالغون في الاحتراز عن الشبهات والشهوات ومع ذلك كانوا
طاعت اور عبادات میں مشغول رہتی تھی اور شبہات اور شہوات سی خوب بچتی تھی اور پہر بہی اپنی حال پر

يخافون على انفسهم ويبكون في الخلوات واما الان فترى الخلق آمنين فرحين غير خائفين مع اصرارهم على
ڈرتی رہتی تھی اور تنہائی میں رویا کرتی تھی اور اب اس زمانہ میں دیکھتی ہو کہ خلقت امن کی اندر خوش وخورم بی خوف وہراس معاصی پر اڑی ہوئی

المعاصي وانهماكهم في الدنيا واعراضهم عن طاعة الله تعالى ويزعمون انهم واثقون بكرم الله تعالى وفضله و
اور دنیا میں کہپی ہوئی طاعت الٰہی سی بی پرواہی اور کہتی ہیں ہمکو اللہ کی کرم اور فضل پر بڑا بہروسہ ہی اور اوسکی

راجون لعفوه ومغفرته ويقولون ان نعمته واسعة ورحمته شاملة واين معاصي العباد في بحار مغفرته ويسمون
درگذر اور بخشش کی امید ہی اور کہتی ہیں کہ اوسکی نعمت فراخ ہی اور رحمت عام اور بندوں کی معاصی کی اوسکی دریای مغفرت میں کیا اصل ہی اور اس تمنی

تمنيهم واغترارهم رجاء ويقولون ان الرجاء مقام محمود في الدين فكانهم يزعمون انهم عرفوا من كرم الله تعالى و
اور اغترار کا نام رجا رکھ چھوڑا ہی اور کہتی ہیں کہ رجا دین میں پسندیدہ مقام ہی سو گویا یہہ کہتی ہیں کہ ہم اللہ کا کرم اور فضل

فضله ما لم يعرفه الانبياء والصحابة والسلف الصالح

المجلس الثامن والستون في بيان فضيلة التقوى

ایسا جانتی ہیں کہ انبیا اور صحابہ اور صلحا پیشین نہیں جانتی تھی اڑسٹہویں مجلس تقوی اور حسن خلق کی فضیلت میں اور بیان دونوں کی حقیقت کا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اتدرون ما اكثر ما يدخل الناس الجنة تقوى الله وحسن الخلق هذا الحديث
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا تم جانتی ہو کیا چیز ہی جو جنت میں لوگوں کو زیادہ لیجاویگی پرہیزگاری اور عادت نیک یہہ حدیث

من حسان المصابيح رواه ابو هريرة ومعناه ان اكثر اسباب السعادة الابدية انما يحصل بالجمع بين هاتين الخصلتين
مصابیح کی حسن حدیثوں میں ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اوسکی معنی یہہ ہیں کہ اکثر سبب سعادت ابدی کا بدون جمع کرنی ان دونوں خصلتوں کی حاصل نہیں ہوسکتا

فان التقوى اشارة الى حسن المعاملة مع الخالق وحسن الخلق اشارة الى حسن المعاملة مع الخلق فعلى هذا ينبغي
کیونکہ تقوی سی اشارہ طرف نیک معاملہ کی ہی ساتہہ خالق کی اور حسن خلق اشارہ طرف نیک معاملہ کی خلقت سی اسکی موافق لایق ہی

لمن علم ان سعادة الدنيا فانية وان سعادة الاخرة باقية ان يختار سعادة الاخرة على سعادة الدنيا وسعادة
اسکو جو یہہ جانتا ہی کہ سعادت دنیوی فنا ہونیوالی ہی اور سعادت اخروی رہنی والی کہ سعادت اخروی کو سعادت دنیوی پر پسند کری اور سعادت

الاخرة لا تحصل الا بتقوى الله تعالى لان حسن الخلق وان ذكر معها اهتماما بشانه الا انه داخل فيها لانها عبارة عن
اخروی بدون تقوی الٰہی کی حاصل نہیں ہوتی کیونکہ حسن خلق اگرچہ اوسکی ساتہہ عظمت شان کی لئی مذکور ہی پر وہ تقوی ہی میں داخل ہی اسلئی کہ تقوی یہہ ہی کہ آدمی

اجتناب المنكرات والمنهي عنها واتيان المعروفات والمامور بها وبها تحصل خيرات الدنيا والاخرة اما الخيرات الدنيوية
منکرات اور ممنوعات سی بچنا اور امور حسنہ اور خدا کی فرمود کو بجالانا اور اسی سی دنیا اور آخرت کی خوبیاں موجود ہیں پہر خوبیاں دنیا کی

فمنها الحفظ والحراسة كما قال الله تعالى وان تصبروا وتتقوا لا يضركم كيدهم شيئا ومنها النجاة من الشدائد والرزق من
انکی منجملہ حفاظت اور نگہبانی ہی چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی اور اگر تم ٹہری رہو اور بچتی رہو کچہہ نہ بگاڑیگا تمہارا اونکی فریب سی اور انہیں سی سختیوں سی نجات پانی اور حلال روزی

الحلال كما قال الله تعالى ومن يتق الله يجعل له مخرجا ويرزقه من حيث لا يحتسب واما الخيرات الاخروية
چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی اور جو کوئی ڈرتا ہی اللہ سی وہ کردی اوسکا گذارہ اور روزی دی اوسکو جہاں سی اوسکو خیال نہو اور آخرت کی خوبیوں سی یہہ ہی

فمنها اصلاح العمل كما قال الله تعالى يا ايها الذين امنوا اتقوا الله وقولوا قولا سديدا يصلح لكم اعمالكم ومنها
درستی عمل کی چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی ای ایمان والو ڈرتی رہو اللہ سی اور کہو بات سیدہی کہ سنوار دی تمکو تمہاری کام اور انہیں سی

قبول العمل كما قال الله تعالى انما يتقبل الله من المتقين ومنها الاكرام والاعزاز كما قال الله تعالى ان اكرمكم

قبولیت عمل کی چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہی اللہ قبول کرتا ہی سو ادب والوں سی اور انہیں سی اکرام اور عزت چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہی بیشک عزت اللہ کی ہان

عند الله اتقاكم ومنها البشارة كما قال الله تعالى الذين امنوا وكانوا يتقون لهم البشرى في الحيوة الدنيا

اوسی کو بڑی جسکو ادب بڑا اور انہیں سی مژدہ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہی جو لوگ یقین لائی اور رہی پرہیزگاری کرتی اونکو ہی خوشخبری دنیا کی جیتی

وفي الاخرة ومنها النجاة من النار كما قال الله تعالى ثم ننجي الذين اتقوا ونذر الظلمين فيها جثيا ومنها الخلود

اور آخرت مین اور انہیں سی دوزخ سی نجات چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہی پہر بچا لینگی ہم اونکو جو ڈرتی رہی اور چہوڑ دینگی گنہگاروں کو اوسمین اوندہی پڑی اور انہیں سی جنت

في الجنة كما قال الله تعالى لكن الذين اتقوا ربهم لهم جنت تجري من تحتها الانهر خلدين فيها ومنها الدرجة

مین ہمیشہ کو رہنا چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہی لیکن جو لوگ ڈرتی رہی اپنی رب سی اونکو باغ ہین جنکی نیچی بہتی ندیاں رہ پڑی اوسمین اور انہیں سی درجہ بلند

العليا والمرتبة القصوى التي هي محبة الله تعالى كما قال الله تعالى ان الله يحب المتقين ولو لم يكن في

اور انتہا کا مرتبہ یعنی محبت الٰہی چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہی اللہ کو خوش آتی ہین احتیاط والی اور اگر تقوی مین

التقوى سوى هذه الخصلة لكفت فكيف لا يسعى العبد في تحصيلها مع ان لها فضائل كثيرة سواها و

سوای اسکی کوئی خصلت نہوتی تو بہی کافی تہی پہر آدمی کیونکر نہ سعی کرکر اوسکو حاصل کری باوجودیکہ اوسمین اسکی سوای بہت فضیلتین ہین اور

القران مملو بذكر فضائلها فانه تعالى قال في اية والله ولي المتقين وقال في اية اخرى والعاقبة للمتقين

قرآن اسکی فضائل سی پر ہی بیشک اللہ تعالیٰ ایک آیت مین فرماتا ہی اللہ رفیق ہی ڈرنیوالوں کا اور دوسری آیت مین فرمایا اور آخر بہلا ہی ڈرنیوالوں کا

وقال في اية اخرى وازلفت الجنة للمتقين وغيرها الايات الدالة على فضيلة التقوى فانه تعالى قد وصى

اور ایک اور آیت مین فرمایا اور نزدیک لائی گئی بہشت ڈر والوں کی اور سوا اسکی اور آیتین جو تقوی کی فضیلت پر دلالت کرتی ہین اور اللہ تعالیٰ نی بیشک

بها الاولين والاخرين من حيث قال ولقد وصينا الذين اوتوا الكتب من قبلكم واياكم ان اتقوا الله والحاصل

پہلوں اور پچہلوں کو وصیت کی ہی چنانچہ فرماتا ہی اور ہمنی کہہ رکہا ہی پہلی کتاب والوں کو اور تمکو کہ ڈرتی رہو اللہ سی حاصل یہہ ہی

انها اجماع كل خير وهي في اللغة فرط الصيانة وفي عرف الشرع عبارة عن التوقي عما يضره في الاخرة من فعل او

کہ اسمین تمام خوبیاں جمع ہین اور تقوی لغت مین خوب احتیاط کرنی اور عرف شرع مین ایسی اعمال سی بچنی کو کہتی ہین جو کرنی سی چہوڑنی سی آخرت مین ضرر

ترك فيلزم اجتناب الكبائر بالاتفاق في تحصيلها وعند البعض يلزم اجتناب الصغائر ايضا

پہنچاوی سو واسطی حصول تقوی کی کبایر سی بچتی رہنا بالاتفاق لازم ہی اور بعضون کی نزدیک تقوی کی لئی صغایر سی بہی بچنا ضرور ہی

في تحصيلها وهو الحق وقيل لا يلزم اجتنابها لانها مكفرة عن مجتنب الكبائر

اور یہی قول حق ہی اور کوئی کہتا ہی صغائر سی اجتناب ضروری نہیں کیونکہ صغائر اوسکی اوتر جاتی ہین جو کبایر سی بچتا ہی

فلا يستحق العبد بها العقوبة لقوله تعالى ان تجتنبوا كبائر ما تنهون عنه نكفر عنكم سياتكم لكن هذا خطا

سو بندہ صغایر کی بدلہ سزاوار عقوبت کا نہیں ہوتا اس آیت سی اگر تم بچتی رہو گی بڑی چیزوں سی جو تمکو منع ہوئین تو ہم اوتار دینگی تمسی تقصیرین تمہاری لیکن یہہ رائی

مخالف لقواعد اهل السنة لان العقاب على الصغيرة جائز عندهم ولو مع اجتناب الكبائر لان بعض المفسرين

خطا اور اہل سنت کی قواعد سی خلاف ہی کیونکہ اہل سنت کی نزدیک صغیرہ پر بہی عذاب کرنا جایز ہی اگرچہ کبایر سی بچتا ہی کہ بعض مفسرین نی اس آیت مین کبایر سی مراد

حملوا الكبائر في الاية على انواع الشرك كشرك اليهود والنصارى والمجوس وغيرهم لان المطلق عند عدم القرينة

اقسام شرک لئی ہین جیسی یہود اور نصاری اور مجوس وغیرہ کا شرک کیونکہ مطلق سی بدون قرینہ کی فرد کامل مراد ہوتا ہی اور

ينصرف الى الكامل وهو الشرك وباجتنابه لا يتعين تكفير غيره بل يبقى في مشية الله تعالى لقوله تعالى ان الله لا يغفر ان

فرد کامل شرک ہی اور شرک سی بچنی مین اور گناہ کا اوترنا مقرر نہیں ہوتا بلکہ مشیت الٰہی مین رہتا ہی اس آیت سی بیشک اللہ یہہ نہیں بخشتا

يُشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَاۤءُ مع ان الاصرار علی الصغائر کبیرة فلا یکون مکفرة بل لابد من اجتنابها

کہ اوسکا شریک ٹہراوی اور اوس سی نیچی بخشتاہی جسکو چاہی باوجودیکہ صغایر پر جمی رہنا کبیرہ ہوتاہی پہر کفارہ کب ہوسکیگا بلکہ اوسی ہی اجتناب ضروری ہی

وقد روی عن عطیة انه علیه السلام قال لا یبلغ العبد ان یکون من المتقین حتی یدع ما لا باس به حذرا

اور عطیہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا آدمی درجہ تقوی کا نہین پاتا جبتک لاباس کو نچھوڑی بخوف ابتلا اوس زلہ کی

عما به باس وهذا الحدیث نص فی لزوم اجتناب الصغائر فی تحصیل التقوی لانها علی تقدیر کونها مکفرة عن مجتنب

اس حدیث سی صاف ظاہر ہی کہ اجتناب صغائر سی واسطی حصول درجہ تقوی کی ضروری ہی کیونکہ صغائر کو مانا کہ کبایر کی بچنی والی سی اوترجاتی ہین

الکبائر یکون مما لا باس به فیلزم اجتنابها مع ان المعنی اللغوی الذی هو فرط الصیانة یقتضی اجتناب الکبائر و

پہر لاباس بہ مین تو داخل ہین پس صغائر سی اجتناب لازم ہی باوجودیکہ لغوی معنی کی رعایت یعنی خوب احتیاط کرنی تقاضا یہہ ہی کہ کبائر سی اور

الشبهات ایضا لکن الاحتراز عن جمیع الشبهات لا یمکن فی هذا الزمان کما قال قاضیخان فی فتاوٰه لیس زماننا زمان

شبہات سی بہی بچی لیکن اس زمانہ مین تمامی شبہات سی احتراز نہین ہوسکتا چنانچہ قاضیخان اپنی فتاوی مین کہتی ہین ہمارا زمانہ شبہات کا زمانہ نہین ہی

الشبهات وعلی المسلم ان یتقی الحرام العائن وکذا قال صاحب الهدایة فی التجنیس وزمانهما قبل ستمائة سنة وقد بلغ

مسلم کا یہی ذمہ ہی کہ حرام ظاہر سی پرہیز رکہی اور ایسا ہی ہدایہ والا تجنیس مین کہتاہی اور ان دونو کا زمانہ چہہ سو برس سی پہلی ہی اور اب تو

التاریخ الان ما بلغ ولا شك ان الفساد والتغیر یزیدان بزیادة بعد الزمان عن عهد النبوة والسبب فی عدم امکان

زمانہ کا حال ہی سو ہی اور اسمین کچہہ شک نہین ہی کہ عہد نبوت سی زمانہ جتنا دور ہوتا جاتاہی فساد اور تغیر بڑہتی جاتی ہین اور اس زمانہ مین شبہات سی

الاحتراز عن الشبهات فی هذا الزمان عدة امور الاول ان قوام البدن وانتظام المعاش لیس الا بالنقود والحبوب ونحوها

احتراز نہوسکنی کی کئی سبب ہین اول یہہ کہ بدن کی تندرستی اور گذران کا انتظام بدون نقود اور دانہ وغیرہ کی

مما یخرج من الارض والغالب المستعمل فی النقود والفسوخ لیس الا الدراهم وقد صغروها بحیث لا یعلم کم منها یبلغ قدر

جو زمین سی پیدا ہوتاہی نہین ہوتا اور اکثر معاملات کی کرنی اور توڑنی مین چلن سوای دراہم کی نہین ہی سو انکو اتنا کم کر ڈالاہی کہ اصلا معلوم نہین ہوتا کہ اتنین سی کی

وزن درهم واحد شرعی بل الطامعون من اخساء الفسقة والکفرة لا یزالون یقطعونها حتی صار المقطوع فی الدراهم

درہم برابر ایک درہم شرعی کی ہوسکتی ہین بلکہ لالچی فرومایہ فاسق اور کفار ہمیشہ دراہم کو کترتی جاتی ہین یہان تک کہ کترا ہوا بچی سی گہٹہتی

غالبا علی غیره وسبب ذلك ترکوا وزنها وجعلوها من المعدودات فی التبائع والاستقراض والفضة وزنیة ابدا

ہوگیاہی اسکا باعث یہہ ہوا ہی کہ دراہم کو تولنا چہوڑ دیاہی اور انکو بیوع اور قرض وغیرہ مین معدود ٹہرا رکہاہی اور چاندی ہمیشہ کی لئی وزنی ہی

لنص الشارع علیه فلا یتبدل بالعرف لان شرط اعتباره عدم النص وهذا مذهب ابی حنیفة ومحمد وروایة ظاهرة

شارع اوسکو صاف فرما چکاہی سو عرف کی برتاؤسی بدل نہین سکتی اسلئی کہ عرف وہان معتبر ہوتاہی جہان نص موجود نہو اور یہہی مذہب ہی ابوحنیفہ اور محمد کا اور یہہ ہی ہی

عن ابی یوسف وفی روایة ضعیفة عنه یعتبر العرف مطلقا فاذا کانت الفضة وزنیة ابدا یلزم بیان وزنها فی

ظاہر روایت ابو یوسف سی اور ایک ضعیف روایت ابو یوسف سی یہہ ہی کہ عرف مطلق معتبر ہوتاہی پہر جب چاندی ہمیشہ کو وزنی ہی تو اوسکا وزن بیان کر دینا بیوع

التبایع والاستقراض لان بیان مقدار الثمن شرط صحة البیع ونحوه ومقدار الوزن لا یعلم بالعد کما لا یعلم

اور قرض مین ضرور ہوا اسلئی کہ ثمن کی مقدار بیان کرنی بیوع وغیرہ کی صحت کی لئی شرط ہی اور وزن کی مقدار گنتی سی معلوم نہین ہوتی جیسی تولنی سی

مقدار العددی بالوزن فاذا لم یبین وزنه یفسد البیع والاجارة والقرض ونحوها فیکون ما اشتری بالبیع الفاسد

گنتی معلوم نہین ہوتی پہر جب اسکا وزن معلوم نہوا تو بیع اور اجارہ اور قرض وغیرہ سب فاسد ہوئی پس جو جو بوسیلہ بیع فاسد کی خریدا

من الطعام والجاریة ملکا للمشتری بعد القبض لکن لا یحل له اکل الطعام ولا وطیٔ الجاریة ولا مخلص منه و

کہانا یا لونڈی یہہ سب بعد قبض کی خریدار کی ملک ہونگی پر اوسکو نہ تناول کہانی کا حلال ہی اور نہ صحبت لونڈی کی اور اس سی کوئی مخلصی نہین ہی

قوله فی المعنی الشرعی والمعنی ... فرط الصیانة
شرعی معنون مین ... اور خوب احتیاط

لاحو

ولا حیلة فیه الا التمسك بالروایة الضعیفة عن ابی یوسف لتعسر الجمع بین العدد والوزن خصوصا
اور نہ اسمین کوئی حیلہ بجز تمسک اوسی ضعیف روایت کی جو ابو یوسف سی ہی کیونکہ گنتی اور تول کا جمع کرنا بہت دشوار ہی خاص کر

فی حق الفقراء وقد تقرر ان الضرورات تبیح المحظورات والثانی غلبة الطمع علی الناس بحیث تری کثیرا
فقراء کی حق مین اور بیشک ٹہر چکا ہی کہ ضرورت مین ممنوع چیز مباح ہو جاتی ہی اور دوسرا سبب لوگون پر طمع کا غالب ہو جانا چنانچہ تو اکثر لوگون کو دیکہتا ہی

منهم لا یرضون بحقوقهم ولا یقنعون بحظوظهم بل یتجاوزون الی الحرام والثالث غلبة الظلم بین الخلق
کہ اپنی اپنی حق پر راضی نہین ہوتی اور اپنی اپنی حصہ پر قناعت نہین کرتی بلکہ حرام تک بڑہ جاتی ہین اور تیسری خلقت مین ظلم کا پہیلنا

من الغصب والسرقة والخیانة والتزویر ونحوها والرابع غلبة الجهل علی التجار والصناع والاجراء والشرکاء
چہین لینا چورا لینا خیانت کرنی دغا کرنی اور مانند اسکی چوتہی اصل یا سبب مین جہالت کا غلبہ سوداگرون اور کاریگرون اور مزدورون اور شرکا پر

فی الاصل والعلة فلا یراعون شرائط الشرع فی معاملاتهم فاذن معاملاتهم لا تخلو اما ان تبطل فیکون
سو یہہ لوگ شرعی شرطون کی رعایت اپنی کاروبار معاملہ مین نہین کرتی پس اب اونکی معاملات اس سی خالی نہین یا باطل ہونگی پہر تو

مکسوبهم حراما او تفسد فتکره فتکون مکسوبهم خبیثا والحرام لا یکون ملکا بالقبض بل ان امکن الرد
اونکی کمائی حرام ہوگی یا فاسد اور مکروہ ہونگی اب اونکی کمائی خبیث مشکوک ہوگی اور حرام چیز قبضہ کرنی سی ملک نہین ہو جاتی بلکہ اگر اوسکی مالک تک

الی صاحبه یجب الرد الیه ویحصل الاثم بغیره ولا یجوز لاحد اخذه بشراء او اجارة او هبة او صدقة او
پہیر دینا ممکن ہو تو پہیر دینا واجب ہوتا ہی اور بدون اسکی گنہگار ہوتا ہی اور کسیکو اوسکا لینا جایز نہین خرید کر یا اجارہ سی یا ہبہ سی یا صدقہ سی یا

نحوها اذ لا یصیر بها حلالا وان تعذر الرد الی صاحبه فسبیله التصدق لا غیر والخبیث وان کان ملکا
کسی اور وجہ سی مانند اسکی کیونکہ کوئی وجہ حلت کی نہین ہی اور اگر مالک تک پہنچانا دشوار ہو تو اوسکی راہ بجز صدقہ دینی کی کوئی نہین اور خبیث مشکوک اگرچہ قبضہ کرنی سی ملک

بالقبض لکن یجب علی مالکه التصدق ویاثم بغیره ولا یجوز لاحد اخذه الا ان یتصدق علیه وهو فقیر فاذا
تو ہو جاتی ہی پر مالک کو واجب ہی کہ صدقہ دیدی اور سوا صدقہ کی گنہگار ہوتا ہی اور کسیکو اوسکا لینا جایز نہین ہی الا جسکو صدقہ دیدی اور وہ فقیر ہو جب

کان کذلك فکیف یمکن المعاملة بالناس فی هذا الزمان مع الاحتراز عن الشبهات فان کثیرا ما فی ایدیهم
حال یہہ ہی تو اس زمانہ مین لوگون سی شبہات سی بچکر معاملہ کرنا کیونکر ممکن ہو سکتا ہی کیونکہ اکثر مال جو اونکی قبضہ مین ہین

من الاموال اما حرام وخبیث بسبب ظلم بعضهم بعضا بالغصب والسرقة والخیانة والتزویر ونحوها
یا حرام ہین یا خبیث مشکوک آپکی ظلم سی بسبب غصب یا چوری یا خیانت یا دغا بازی وغیرہ کی

او بسبب عدم مراعاة شرائط الشرع فی معاملاتهم فالاخذ بالقول الاحوط والاحتراز عن الشبهات فی هذا
یا اپنی معاملات مین شرعی شرایط کی رعایت نکرنی سی پس محتاط قول کو لینا اور شبہات سی بچنا اس

الزمان یستدعی ان لا یعامل مع الناس ویقتضی العزلة عنهم والفرار الی الجبال وسکنی المغارات وبطون الاودیة
زمانہ مین یہہ چاہتا ہی کہ لوگون کی ساتہہ کوئی معاملہ نکیجئی اور اونسی سراسر الگ ہوکر پہاڑون مین بہاگ جائی اور غارون اور نالون کی اندر رہا کری

ورعی العشب والکلاء وفی هذا حرج عظیم وتکلیف بما لا یطاق وکلاهما منفیان فی الشرع بالنص لان الانسان
اور گہاس پہونس کہا لیا کری اور اسمین بڑا ہی حرج اور طاقت سی زیادہ تکلیف ہی اور شرع کی اندر یہہ دونو بدلالت نص نہین ہین کیونکہ انسان کی طبیعت

مدنی بالطبع لا یمکنه ان یعیش وحده بل لا بد له ان یعیش مع الناس فیتعین فی هذا الزمان لا محالة الاخذ
مل سار ہی یہہ کب ہو سکتا ہی کہ اکیلا گذران کری بلکہ بالضرور اوسکی گذران آدمیون مین ہوگی پس اس زمانہ مین بالضرور امداد دینی روایتین سی لینی چاہئی

بما قال محمد ومن تبعه من المشائخ من جواز اخذ مال الغیر باذنه ورضائه بعوض وبغیر عوض ما لم یعلم کونه
جو امام محمد کہتی ہین اور اونکی تلمیذ بعض مشایخ کہ غیر کا مال اوسکی اجازت اور خوشی سی لینا بدلہ مین اور بی بدلہ جب تک صاف طور معلوم نہو

حراما بعينه تمسكا باصول مقررة في الشرع من ان اليد دليل الملك وان الاصل في الاشياء الاباحة وان

جایز بتاتی ہین قواعد مقررہ شرع سی تمسک کرکر کہ قبضہ دلیل ملک ہوتا ہی اور اصل اشیاء مین اباحت ہی اور

اليقين لا يزول بالشك وانما يزول بيقين مثله وان الثمن في العقود والفسوخ اذا كان من النقود لا يتعين

یقین شک سی دفع نہین ہوتا یقین جب ہی جاتا ہی تب ویسا ہی یقین ہو اور ثمن عقود اور فسوخ مین اگر نقد روپیہ ہوتا ہی تو تعین کرنی سی

بالتعيين بل يثبت بالذمة حتى لو اشير الى الثمن النقد ودفع غيره يجوز بخلاف المبيع فانه يتعين بالعقد حتى

متعین نہین ہوتا بلکہ ذمہ پر لازم ہوتا ہی یہان تک اگر ثمن نقد کو اشارہ سی متعین کری اور وہ اور روپیہ دیدی تو جایز ہی برخلاف مبیع کی پس مبیع عقد کرنی سی متعین ہوتا ہی

لا يجوز استبداله باخر واقامته مقامه الا بالفسخ وتكرار العقد وبما قال الكرخي وقد صرحوا بكون الفتوى عليه

یہانتک کہ اوسکو اور مبیع سی بدل دینا اور بدلہ کو اوسکی جگہہ ٹہرا دینا جایز نہین ہی جبتک پہلا عقد فسخ اور دوبارہ عقد نکیا جاوی اور تمسک کری امام کرخی کی قول سی کہ صاف کہہ چکی ہین

في هذا الزمان ان المشتري بحرام بعينه حلال طيب الا ان يشار اليه حين العقد ثم سلم فح يكون ملكا خبيثا

کہ اس زمانہ مین فتوی اسی پر ہی کہ شی خریدی ہوئی ثمن معین حرام سی حلال پاکیزہ ہوتی ہی مگر اوس صورت مین کہ عقد کرتی ہوئی اوس ثمن حرام کی طرف اشارہ کرین پہر وہ ہی دیدین

واجب التصدق وبما ذهب اليه ابو حنيفة من ان الخلط الرافع للتميز استهلاك موجب للتملك والضمان وبما روي

ایسی شی ملک خبیث ہوگی اوسکا صدقہ کردینا واجب ہی اور تمسک کرنا امام ابو حنیفہ کی مذہب سی کہ ملا دینا دو چیز کا جسمین امتیاز باقی نرہی ہلاک کردینا ہی اسمین ملک حاصل ہوجاتی ہی اور ضمان

عنه ان سبب الطيب وجوب الضمان لا اداؤه نعم ما لا يدرك كله لا يترك كله فان الاحتراز عن جميع الشبهات لما

اور تمسک کرنا جو اونسی مروی ہی کہ سبب حلت کا وہ ہی ضمان کا لازم آنا ہی اوسکا ادا کرنا نہین ان جو چیز سراسر میسر نہ آوی تو سراسر چہوڑنا نہ چاہئی بیشک احتراز تمام شبہات سی چونکہ

لم يكن ممكنا في هذا الزمان لزم الاحتراز عن الشبهات التي يمكن الاحتراز عنها في تحقق التقوى لان الطاعة

اس زمانہ مین ممکن نہین ہی تو احتراز کرنا ایسی شبہات سی جو کہ سہل ہین واسطی ثبوت تقوی کی لازم ہی اسواسطی کہ اطاعت موافق طاقت کی ہوتی ہی

بحسب الطاقة فمن اتقى عما في وسعه من الشبهات يرجى من فضل الله تعالى ان يعفو عنه ما ليس في وسعه

پہر جو شخص اپنی مقدور بہر شبہات سی بچتا رہی تو اللہ کی فضل سی امید ہی کہ اوسکو وہ معاف کردی جو اوسکی طاقت سی باہر ہی

ويجعل له ثواب المتقين واما طعام اهل الوظائف من الاوقاف او بيت المال فهو كسائر المكاسب فان الكسب

اور اوسکو ثواب متقیون کا عنایت کری اور رہا کہانا وظیفہ دارون کا اوقاف مین سی یا بیت المال مین سی سو وہ ایسا ہی جیسی اور تمام کمائی کیونکہ فائدہ لینا

بالبيع والاجارة ونحوهما اذا روعي فيها شرائط الشرع كما يكون حلالا طيبا كذلك الوقف اذا صح وروعي فيه شرائط

بیع اور اجارہ وغیرہ سی اگر اوسمین شرطین شرعی رعایت کی جاوین جیسی حلال طیب ہوتا ہی ایسی ہی وقف اگر صحیح ہو اور شرطین وقف کی اوسمین

الواقف يكون حلالا طيبا وكذا بيت المال يحل لمن كان مصرفا له واخذه بقدر الكفاية وتفصيل الكفاية على ما

رعایت کی جاوین تو حلال طیب ہوتا ہی اور ایسی ہی بیت المال حلال ہوتا ہی اگر اوسکی قابل ہو اور بقدر کفایت لیا کری اور تفصیل کفایت کی موافق بیان

في الاحياء وغيره من الكتب في السلوك ولا فرق بين الوقف وبين بيت المال وبين غيرهما من المكاسب في كون

احیاء وغیرہ کتب کی سلوک مین اور درمیان وقف اور بیت المال وغیرہ آمدنیون کی اس باب مین کچہہ فرق نہین ہی

كل منها حلالا طيبا اذا روعي فيه شرائط الشرع وفي عدم كونه حلالا اذا لم يراع فيه شرائط الشرع وذكر في الواقعات

کہ یہ سب حلال طیب ہین اگر انمین شرایط شرعی رعایت کیجاوین اور مردار خبیث ہوتی ہین اگر انمین شرایط شرعی رعایت نہوین اور واقعات مین مذکور ہی

ان الذين يقضون ويفتون ويشتغلون بالتعليم وياكلون من بيت المال فانهم ليسوا عاملين بالاجرة بل هم عاملون

کہ جو لوگ حکم کرتی ہین اور فتوی دیتی ہین اور درس تدریس مین مصروف رہتی ہین اور بیت المال مین سی کہاتی ہین سو یہ لوگ یعنی قاضی مفتی مدرس مزدور نہین ہین

لله تعالى واجرهم على الله تعالى وكذلك ما يعطيه الامراء والسلاطين من اموالهم الى رجل حلال ما لم يعلم انه حرام

بلکہ اللہ کا کار کرتی ہین اور انکا اجر خدا پر ہی اور ایسی ہی جو کہ امراء اور سلاطین اپنی مال مین سی کسیکو کچہہ دیتی ہین سب حلال ہی جبتک معلوم نہو کہ وہ شی خاص حرام ہی

بعينه

بعينه نعم درجات الحلال كثيرة عالية بعضها اعلى من بعض لكن في زماننا لا يمكن الاخذ بالقول الاحوط في
ان مرتبہ حلال کی بہت ہیں ایک سی ایک بالا پر ہماری زمانہ میں تقوی کی باب میں احتیاط کامل پر عمل کرنا ممکن نہیں ہی

التقوى لان الاستقصاء البالغ في الحلال على قانون الورع الاعلى في زماننا مما يفضي الى الحرج وهو مدفوع في الدين
کیونکہ حلال کی باب میں نہایت درجہ کا مبالغہ کرنی سی موافق قواعد اعلی رتبہ کی پرہیز کی ہمارے زمانہ میں بڑا حرج ہوتا ہی اور دین کی اندر حرج نہیں ہی

بل الشرع هو الميزان المستقيم فما لا يذمه الشرع فهو حلال رحمة من الله تعالى على عباده فاذا تمسك احد بالشريعة
بلکہ شرع سیدہی ترازو ہی جسکو شرع ابرا نکہی وہ سب حلال ہی ہی یہہ اللہ کی طرف سی بندوں کی حال پر کمال رحمت ہی اور جب کوئی شریعت سی سند لاوی

فليس لاحد ان ينكر عليه لان الانكار عليه استخفاف بالشريعة ومن استخف بالشريعة يخاف عليه زوال الايمان
پہر یہہ کسکا مقدور ہی کہ اوسی انکار کری کیونکہ اسپر انکار کرنا شریعت کی تحقیر ہی اور جو شخص شرع کی تحقیر کری اوسپر کفر کا خوف ہی

اذا تحقق هذا فالورع والتقوى في هذا الزمان ان يجعل ما في يد كل انسان ملكا له ما لم يتيقن انه بعينه مغصوب
جب یہہ امر ثابت ہوا تو ورع اور تقوی اس زمانہ میں یہہ ہی کہ جو چیز جس شخص کی قبضہ میں ہی اوسہی کی ملک مانی جاوی جبتک یقینی معلوم نہو کہ یہہ خاص چیز چہینی ہوئی

او مسروق وان علم يقينا ان في ماله حراما اذ قد قال قاضيخان في فتاواه رجل دخل على سلطان فقدم اليه شيء
یا چرائی ہوئی ہی اگرچہ یہہ بات یقینی معلوم ہو کہ اوسکی مال میں حرام ہی ملا ہی اسلئی کہ قاضیخان اپنی فتاوی میں کہتا ہی کہ ایک شخص حاکم کی پاس گیا حاکم نی اوسی کوئی چیز

من الماكولات ان لم يعلم انه بعينه غصب يحل له ان ياكل لانه لم يعلم بالحرمة والاصل في الاشياء الاباحة
کہانیکو دی اگر یہہ معلوم ہو کہ یہہ ہی خاص غصب کی ہوئی ہی تو اوسکو کہا لینا حلال ہی اسلئی کہ اوسکی حرمت معلوم نہیں ہی اور اصل اشیاء میں اباحت ہی

وان علم انه بعينه حرام لا يحل له ان ياكل منه لانه علم بالحرمة وسئل ابو بكر البلخي عن الفقير انه لو اخذ
اور اگر معلوم ہو کہ یہہ خاص چیز حرام ہی تو کہانا حلال نہیں ہی کیونکہ حرمت معلوم ہو گئی کسینی ابوبکر بلخی سی فقیر کا حال پوچہا کہ اوسنی اگر

جائزة السلطان مع علمه ان السلطان اخذها غصبا ايحل له ذلك قال ان السلطان ان خلط الدراهم
عطیہ سلطان کا مغصوب جان بوجہ کر لیلیا تو کیا اوسکو یہہ حلال ہی جواب دیا اگر سلطان نی دراہم ایک قسم کی دوسری

بعضها ببعض فلا باس باخذه وان دفع اليه عين الغصب من غير خلط لا يجوز له اخذه قال الفقيه ابو الليث
قسم میں ملا دئی تو لینی میں کچہہ خوف نہیں ہی اور اگر اوسکو مغصوب درہم دہ کی وہ ہی بدون ملانی کی دیدئی تو لینا جایز نہیں ہی فقیہ ابو اللیث کہتی ہیں

هذا الجواب يستقيم على قول ابي حنيفة اذ عنده من غصب الدراهم من قوم وخلط بعضها ببعض يملكها الغاصب
یہہ جواب ابوحنیفہ کی قول پر درست ہوتا ہی اسلئی کہ امام کی نزدیک اگر کسینی دراہم کسی سی چہین کر ایک کو دوسری میں ملا دئی تو غاصب مالک

ويكون مديونا لهم وذكر في بستان العارفين ان الناس اختلفوا في اخذ جائزة السلطان قال بعضهم يجوز ما
اور اوسکا قرضدار ہو جاتا ہی اور بستان العارفین میں مذکور ہی کہ فقہاء میں درباب قبول کرنی عطیہ سلطان کی اختلاف ہی کوئی کہتا ہی جایز ہی

لم يعلم انه يعطيه من الحرام وقال بعضهم لا يجوز اما من اجازه فقد ذهب الى ما روي عن علي بن ابي طالب
جبتک نہ معلوم ہو کہ یہہ حرام کا مال دیا ہی اور کوئی کہتا ہی جایز نہیں ہی پہر جو شخص جایز کہتا ہی تو اوسنی وہ اختیار کیا ہی جو علی بن ابی طالب سی روایت ہی

انه قال السلطان يصيب من الحلال والحرام فما يعطيك فخذه فانما يعطيك من الحلال وروي عن عمر انه عليه السلام
کہ فرمایا سلطان کی پاس حلال اور حرام سب آتا ہی پہر جو تجکو دیتا ہی سو لیلی کیونکہ تجکو حلال ہی دیتا ہی اور عمر سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی

قال من اعطي شيئا من غير مسئلة فلياخذه فانما هو رزق رزقه الله تعالى وروي عن حبيب بن ابي ثابت انه قال
فرمایا جسکو کوئی شخص بی مانگی کچہہ دیوی تو لی لینا چاہیی کیونکہ وہ اللہ تعالی نی رزق بہیجا ہی اور حبیب بن ابی ثابت سی روایت ہی کہ کہتا ہی

رايت ابن عمر وابن عباس يأتيهما هدايا المختار فيقبلانها مع كونه مشهورا بالظلم وروي محمد بن الحسن عن ابي حنيفة
کہ میںنی ابن عمر اور ابن عباس دونوں کو دیکہا ہی کہ اونکی پاس ہدیہ مختار کا آتا اور وہ دونوں لیلیتی باوجودیکہ مختار ظالم مشہور تہا اور محمد بن الحسن ابوحنیفہ سی اور وہ حماد سی

عن حماد ان ابراهیم النخعی خرج الی زهیر بن عبد الله الازدی وکان عاملا علی حلوان یطلب جائزته هو وابوزر

روایت کرتی ہین کہ ابراہیم نخعی زہیر بن عبد اللہ ازدی کی پاس جب وہ حلوان کا عامل تہا اپنا جائزہ لینی گئی وہ اور ابوزر ہمدانی دونو

الهمدانی قال محمد وبه ناخذ مالم تعرف شیئا من عطائه حراما بعینه وهذا قول ابی حنیفة المجلس التاسع والستون

محمد کہتا ہی ہماری یہہ ہی سند ہی جبتک نہ معلوم ہو کہ کوئی شئی عطیہ مین بعینہ حرام ہی اور یہہ ہی قول ابو حنیفہ کا ہی اونہترین مجلس

فی بیان لزوم طلب کسب الحلال وای الطیب من المکاسب واقبحها قال رسول الله صلی الله علیه وسلم

بیان مین تلاش حلال کمائی کی اور کونسی کمائی پاک ہی اور کونسی بری ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا

ان اطیب ما اکلتم من کسبکم وان اولادکم من کسبکم هذا الحدیث من حسان المصابیح رواته ام المؤمنین

بیشک پاکیزہ تر تمہارا کہانا تمہاری کمائی کا ہی اور تمہاری اولاد بہی تمہاری کمائی ہی یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین سی ہی ام المؤمنین عائشہ کی

عائشة وفیه تحریض علی الکسب الحلال لان المراد بالطیب ههنا الحلال ومعنی الکسب الطلب والسعی فی تحصیل

روایت سی اسمین کسب حلال کی ترغیب ہی اسلئی کہ طیب سی مراد یہان حلال ہی اور کسب کی معنی تلاش اور کوشش رزق کی واسطی

الرزق وانما جعل الولد کسبا لان الوالد یطلبه ویسعی فی تحصیله فیکون من جملة اکسابه فیجوز له ان یاکل

اور اولاد کو کمائی اسواسطی ٹہرایا کہ اولاد کی طلب ہوتی ہی اور اوسکی لئی سعی کرتی ہین پس تو اولاد اوسکی کمائی مین داخل ہی اب اوسکو جایز ہی کہ اگر

من کسبه اذا کان محتاجا والا فلا الا ان یطیب به نفسه قال الفقیه ابو اللیث فی بستان العارفین کره

محتاج ہووی تو اولاد کی کمائی مین سی کہالی اور نہین تو نہ کہاوی ہان اگر وہ دل سی خوش ہوتا ہو فقیہ ابو اللیث بستان العارفین مین کہتا ہی بعضی لوگ

بعض الناس الاشتغال بالکسب وقالوا الواجب علی کل انسان الاشتغال بعبادة الله والتوکل علیه وحجتهم

کسب اختیار کرنیکو مکروہ کہتی ہین وہ لوگ یہہ کہتی ہین کہ ہر شخص پہ شغل عبادت الہی کا اور اوسپر بہروسا کرنا واجب ہی اور اونکی دلیل

قوله تعالی وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون وقال النبی علیه السلام ما اوحی الی ان اجمع المال واکن من التاجرین

یہہ آیت ہی اور مینی جو بنائی جن اور آدمی سو اپنی بندگی کو اور یہہ حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا مجہپر یہہ وحی نہین آئی کہ مال جمع کر کر تجارت کیا کرون

ولکن اوحی الی ان سبح بحمد ربک وکن من الساجدین واعبد ربک حتی یاتیک الیقین وقال عامة اهل العلم الکسب

لیکن یہہ وحی آئی ہی کہ تو یاد کر خوبیان اپنی رب کی اور رہ سجدہ کرنیوالونمین اور بندگی کر اپنی رب کی جب تک پہنچی تجہکو موت اور عام اہل علم کہتی ہین کہ اتنی مزدوری

بمقدار ما یکفیه ولعیاله واجب فان زاد علی ذلک فهو مباح ولا یکون الاشتغال بطلب الزیادة حراما اذا لم یرد

کہ اوسکو اور اوسکی عیال کو کافی ہو واجب ہی اگر اس سی زیادہ ہووی تو مباح ہی اور زیادہ کی تلاش اگر فخر اور ریا منظور نہو تو حرام نہین ہی

به الفخر والریا وحجتهم انه تعالی قد فرض الفرائض ولا یتاتی اداؤها الا بستر العورة وقوة البدن ولا یحصل ستر العورة

ان لوگون کی یہہ دلیل ہی کہ اللہ تعالی نی بیشک فرایض ذمہ پر مقرر کئی ہین اور وہ فرایض بدون ستر عورت اور قوت بدن کی ادا نہین ہوسکتی اور ستر عورت

الا باللباس ولا قوة البدن الا بالقوت اذ قال الله تعالی وما جعلناهم جسدا لا یاکلون الطعام وتحصیل القوة واللباس

بدون پوشاک کی اور بدن کی قوت بغیر کہائی پئی نہین ہوسکتی کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہی اور ایسی بدن نہ بنائی تہی کہ کہانا نہ کہاوین اور میسر آنا قوت اور لباس کا

لا یکون فی الغالب الا بالکسب وما ذکر فی انکار ذلک من الحجة فالجواب عنه ان یقال ان التجارة اما ان یکون

اکثر اوقات بدون کسب کی نہین ہوتا اور جو دلیل اسکی انکار مین مذکور ہوئی ہی تو اوسکا یہہ جواب ہی کہ کہین تجارت یا تو واسطی طلب کفایت کی ہوتی ہی

لطلب الکفایة او لطلب الزیادة علی الکفایة فان کانت لطلب الکفایة فهی واجبة ماجور فاعلها فیکون الاشتغال

یا واسطی طلب زیادت کی قدر کفایت پر پہر اگر واسطی طلب کفایت کی ہی تو واجب ہی ایسا شخص ثواب دیا جاتا ہی پہر تو یہہ دہندا

بها اشتغالا بالعبادة وان کانت لطلب الزیادة فان کان طلب تلک الزیادة لاستکثار المال وادخاره لا لصرف

بجای خود عبادت ہی اور اگر تجارت واسطی طلب زیادت کی ہی پہر اگر وہ زیادت واسطی کثرت مال اور خزانہ کی ہو کہ خیرات اور حسنات مین کام نہ آوی

الى الخيرات والحسنات فهو اقبال على الدنيا التي حبها رأس كل خطيئة فلا يكون الاشتغال بها اشتغالا بالعبادة

تو يہہ توجہ دنيا كى ہى جسكى محبت تمام گناہوں كى سردار ہى پس يہہ دھندا شغل عبادت كا نہين ہى

بل ان وجد فيها تلبيس وخيانة يكون فسقا وظلما وان كان طلبها للمواساة بها الفقراء والضعفاء فهي افضل

بلكہ اسمين اگر كچھہ فريب اور خيانت ہووىگى تو فسق اور ظلم ہى اور اگر يہہ طلب اسلئى ہى كہ اس مال سى فقراء اور ضعفاء كى ساتھہ مروت عمل مين آوى

من الاشتغال بالنوافل من العبادات البدنية فكيف لا يكون الاشتغال بها اشتغالا بالعبادة وقد ذكر في الاحياء

تو يہہ شغل عبادت بدنيہ مين سى نفلون كى پڑھنى سى افضل ہى پہر يہہ شغل كيونكر عبادت كا شغل نہوگا حال آنكہ بيشك احياء مين مذكور ہى

ان الرسل عليهم السلام كانوا يكتسبون ويأكلون من كسبهم فادم النبي عليه السلام زرع الحنطة وسقاها وحصدها

كہ رسول عليهم السلام اپنا كام كركر اپنى كمائى سى كہاتى ہى پس آدم نبى عليه السلام نى گيہوں بوئى پہر كو پانى ديا پہر كاٹى

وداسها وطحنها وعجنها وخبزها واكلها ونوح النبي عليه السلام كان نجارا وابرهيم عليه السلام كان بزازا وداود

پہر گاہا پہر پيسا پہر خمير بنايا اور پكاكر كہايا اور نوح نبى عليه السلام كہاتى كا پيشہ كرتى تہى اور ابراہيم نبى عليه السلام بزازى كرتى تہى اور داود

النبي عليه السلام كان يصنع الدرع وسليمن النبي عليه السلام كان يصنع المكتل من الخوص ونبينا محمد عليه السلام

نبى عليه السلام درع بنايا كرتى تہى اور سليمان نبى عليه السلام برگ خرما كى زنبيل بنايا كرتى تہى اور ہمارى نبى محمد صلى الله عليه وسلم نى

رعى الغنم وذكر في الاحياء ان اصحاب رسول الله عليه السلام كانوا يتجرون في البر والبحر ويعملون في نخيلهم

بكرياں چرائى ہين اور احياء العلوم مين مذكور ہى كہ اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم خشكى اور ترى مين تجارت اور اپنى باغوں كى اندر كام كيا كرتى تہى

وهم القدوة فيلزم الاقتداء بهم ولا يلتفت الى جماعة انكروا ذلك وقعدوا في المساجد واعينهم طامحة الى ما

اور يہہ لوگ پيشوا ہين انكى پيروى ضرور چاہيى اور كيا اعتبار ہى ان لوگوں كا جو اسى احتراز كركر مسجدوں مين جا بيٹہى ہين اور انكى آنكہين لوگوں كى مال كو تك رہى ہين

في ايدي الناس فيسمون انفسهم متوكلين وليسوا كذلك بل خرجوا عن حدود الشرع فانهم قد تمسكوا بقوله تعالى

اور اپنا نام متوكل ركہہ چہوڑا ہى اور حقيقت مين متوكل نہين ہين بلكہ يہہ ہى لوگ حد شرع سى باہر نكل گئى ہين انكى سند يہہ آيت ہى

وفي السماء رزقكم وما توعدون لكنهم بمعناه وتاويله جاهلون فان المراد به المطر الذي هو سبب انبات

اور آسمان مين ہى روزى تمہارى اور جو كچھہ تمسى وعدہ كيا پر انكو اس آيت كى معنى اور تاويل معلوم نہين ہى كيونكہ اس سى مراد مينہہ ہى جس سى رزق پيدا ہوتا ہى

الرزق فلو كان الرزق ينزل من السماء بغير كسب لما امرنا بالاكتساب والسعي في الاسباب وقد قال الله تعالى فاذا

اور اگر رزق ہيہر آسمان پر سى بى محنت اوترا كرتا تو ہمكو كسب اور سعى كرنيكا حكم ہرگز نہوتا اور الله فرماتا ہى پہر جب

قضيت الصلوة فانتشروا في الارض وابتغوا من فضل الله وقال في اية اخرى ليس عليكم جناح ان تبتغوا فضلا

تمام ہو چكى نماز تو پہيل پڑو زمين مين اور ڈہونڈہو فضل الله كا اور ايك اور آيت مين ہى كچھہ گناہ نہين تمپر كہ تلاش كرو فضل

من ربكم وروي عن ابي هريرة انه عليه السلام قال من الذنوب ذنوب لا يكفرها الا الهم في طلب المعيشة وسئل

اپنى رب كا اور ابو ہريرہ سى روايت ہى كہ نبى عليه السلام نى فرمايا گناہوں مين سى بعضى گناہ ہين كہ انكا كچھہ اور كفارہ نہين سواى مشقت طلب معيشت كى اور ابراہيم سى

ابرهيم عن التاجر الصدوق اهو احب اليك ام المتفرغ للعبادة فقال التاجر الصدوق احب الي لانه في جهاد

كسينى حال سچى تاجر كا پوچہا آيا وہ تمكو محبوب ہى يا زاہد عابد جواب ديا مجكو سچا تاجر محبوب ہى اسلئى كہ وہ جہاد كرتا ہى

ياتيه الشيطان من طريق الكيل والميزان ومن قبل الاخذ والاعطاء فيجاهده وقال ابو قلابة لرجل لان اراك

اوسكى پاس شيطان وسوسہ كو آتا ہى پيمانہ اور ترازو كى راہ سى اور لينى اور دينى كى طرف سى سو يہہ تاجر اوسپر جہاد كرتا ہى اور ابو قلابہ نى ايك شخص كو كہا اگر

تطلب معاشك احب الي من ان اراك في زاوية المسجد لكن لا ينبغي للتاجر ان يشغله معاشه عن معاده فيكون عمره

مين تجہكو معاش كى طلب مين ديكہوں تو بہت بہتر ہى كہ تجہكو مسجد كى كونہ مين ديكہوں پر تاجر كو يہہ نہين چاہيى كہ معاش كى دہندہى مين معاد كو بہول جاوى پہر تو اوسكى عمر

ضائعا وصفقته خاسرة لان ما يفوته من الربح فى الاخرة لا يفى به ما يناله فى الدنيا فيكون ممن اشترى
برباد ہوئی اور تجارت میں ٹوٹا آیا کیونکہ جتنا اخروی فائدہ اسکا تلف ہوگا اسکا عوض جو دنیا میں پیدا کیا نہیں ہوسکتا پس انھیں سی ہوگا کہ دنیا کی

الحيوة الدنيا بالاخرة بل ينبغى له ان يشفق على نفسه فى تجارته ولا ينسى نصيبه من الدنيا للاخرة كما
زندگی بعوض آخرت کی مول لی بلکہ اوسکو یون چاہئی کہ تجارت میں اپنی جان کی غمخواری کری اور نہ بھولی اپنا حصہ دنیا میں کا آخرت کی لئی جیسا

قال الله تعالى ولا تنس نصيبك من الدنيا فان الدنيا مزرعة الاخرة وفيها تكتسب الحسنات والمسجد
کہ فرمایا اللہ تعالی نی اور نہ بھول اپنا حصہ دنیا میں سی ف کیونکہ دنیا آخرت کی کھیتی ہی اسھی میں حسنات حاصل ہوسکتی ہین اور مسجد

ف کردہ تین کپڑی کفن کی ہین ۱۲

والبيت والسوق له حكم واحد وانما النجاة بالتقوى وهى تتحقق فى جميع الاحوال وقد روى عن ابى ذر انه عليه السلام
اور گھر اور بازار سب کا حال ایک سا ہی اور نجات تقوی ہی سی ہوتی ہی اور تقوی ہر حال میں متحقق ہوتا ہی اور ابوذر سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا

قال اتق الله حيث ما كنت فان وظيفة التقوى لا تنقطع عن المجردين للدين كيف ما تقلبت بهم الاحوال
اللہ سی ڈرتا رہ جہان رہی بیشک لوازم تقوی کی دین کی عزلت نشینوں سی کبھی دور نہین ہوتی اونکا حال کیسا ہی بدلتا رہی

اذ فيها يرون نجاتهم وربحهم وبها يكون حياتهم وعيشهم وانما يتم شفقته على نفسه فى تجارته بمراعاة
کیونکہ وہ لوگ اوسیمین اپنی نجات اور فائدہ دیکھتی ہین اور اوسی میں اونکی زندگی اور آرام ہی اور تجارت کی اندر غمخواری اپنی جان کی کئی امور کی لحاظ سی پوری ہوتی ہی

عدة امور الاول ان ينوى بما اكتسبه الاستعفاف عن السؤال وكف الطمع عن الناس واستعانة على
اول یہہ کہ اس نیت سی نماوی کہ مانگنی تانگنی سی بچتا رہی اور لوگون کی طرف طمع نہ آوی اور دین کی مدد کری

الدين وقياما بكفاية عياله ليكون من المجاهدين لما روى عن ابى هريرة انه عليه السلام قال من سعى
اور اپنی عیال کی ذمہ داری بجا لاوی تاکہ مجاہدون میں داخل ہووی کیونکہ ابوہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو شخص اپنی عیال کی

على عياله من حله فهو كالمجاهد فى سبيل الله فاذا اضمر فى قلبه هذه النيات يكون عاملا فى طريق الاخرة
خبر حلال مال سی لی پس وہ ایسا ہی جیسی اللہ کی راہ میں مجاہد جب اپنی دلمین یہہ نیتین کریگا تو آخرت کی راہ کا عامل ہوویگا

فان استفاد مالا فقد ربحه فى الدنيا والاخرة وان لم يستفد مالا ربح فى الاخرة والثانى ان يقصد فى صنعته
پھر اگر اوسکو مال ہاتھ آیا تو اسنی فائدہ دنیا اور آخرت دونو کا پیدا کیا اور اگر مال حاصل نہ ہوا تو آخرت ہی کا فائدہ ہوا دوسرا یہہ کہ اپنی پیشی

وتجارته القيام بفرض من الفروض الكفايات اذ لو تركت الصناعات والتجارات كلها لبطلت المعائش وهلك
در تجارت سی یہہ قصد کری کہ فرض کفایہ ادا کرتا ہی اسلئی کہ اگر تمام پیشی اور تجارات ترک کردین تو گذران مشکل پڑجاوی اور خلقت

الخلق لان انتظام امر الكل بتعاون الكل وتكفل كل فريق بعمل اذ لو اقبل كلهم على صنعة واحدة لتعطلت البواقى
مرجاوی کیونکہ سب کی حال کی درستی سب کی امداد سی ہوتی ہی اور ہر فریق کی ذمہ داری سی جدی جدی عمل پر اسلئی کہ اگر سب انسان ایک ہی پیشہ کرنی لگین تو باقی کی پیشی بیکار

وهلكوا لكن الصناعات منها ما هو مهم ومنها ما هو مستغنى عنه لرجوعه الى طلب التنعم والتزين فى الدنيا فينبغى
ہوجاوین اور مرجاوین لیکن بعضی پیشی تو بہت ضرور ہوتی ہین اور بعضون کی چندان ضرورت نہین ہوتی اونکا مال عیش طلبی ہی اور دنیا کا سنگار اور آرایش ہی اسلئی چاہیئی

له ان يشتغل بصناعة مهمة ليكون فى قيامه بها كافيا عن المسلمين مهما فى الدين ولا يشتغل بصناعة
ہی کہ ضروری پیشہ کو اختیار کری تاکہ اوس پیشہ سی ضروریات دین میں سب مسلمانون کا حاجت روا ہو اور نقاشی اور زرگری وغیرہ

النقش والصياغة وجميع ما تزخرف به الدنيا وذكر فى الاختيار ان افضل اسباب الكسب التجارة ثم الزراعة
اور تمام وہ پیشی جنمین دنیا کی زیب وزینت ہی اختیار نکری اور اختیار میں مذکور ہی کہ عمدہ اسباب کمائی کا تجارت ہی پھر کھیتی

ثم الصناعة لما روى انه عليه السلام قال الحرفة امان من الفقر ومنهم من فضل الزراعة على التجارة لكونها
پھر دستکاری کرنا کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ حرفہ فقیری سی بچاتا ہی اور بعضی تجارت سی کھیتی کو بہتر کہتی ہین کیونکہ اسکا

اعم

اعم نفعا اذ قد روی انه علیه السلام قال ما زرع مسلم زرعا وما غرس شجرة فتناول منها انسان او دابة

نفع عام ہوتا ہی اسلئی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو مسلمان کہیتی کرتا ہی اور درخت لگاتا ہی پہر اوسمین سی کوئی انسان یا چوپایہ

او طیر الا کانت له صدقة والثالث ان لا یمنعه سوق الدنیا عن سوق الاخرة وهو المسجد فینبغی له ان

یا پرندہ کہاوی تو اوسکی لئی صدقہ ہوگا اور تیسری یہہ کہ دنیا کا بازار اوسکو آخرت کی بازار سی نہ روک رکہی کہ وہ مسجد ہی سو اوسکو چاہئی کہ

یجعل اول النهار الی وقت دخول السوق لاخرته فیلازم المسجد فی ذلك الوقت ویواظب علی الاذکار والاوراد

اول روز یعنی صبح کی وقت جبتک دکانین کہلکر بازار جاری ہو آخرت کی لئی مقرر کری اوسوقت مین مسجد کی بیٹہا ہوا ذکر او وظیفہ مین مشغول رہی

لیکون من الذین قال الله تعالی فیهم فی بیوت اذن الله ان ترفع ویذکر فیها اسمه یسبح له فیها بالغدو

تاکہ اوس زمرہ مین داخل ہو جنکی حق مین اللہ تعالی فرماتا ہی اون گہرون مین کہ اللہ نی حکم دیا اونکو بلند کرنیکا اور وہان اوسکا نام پڑہنی کا یاد کرتی ہین اوسکی وہان صبح اور

والاصال رجال لا تلهیهم تجارة ولا بیع عن ذکر الله ثم انه مهما سمع الاذان للظهر والعصر ینبغی له ان یفرغ

شام وہ مرد کہ نہین غافل ہوتی سوداگری مین نہ بیچنی مین اللہ کی یاد سی پہر جب وہ ظہر اور عصر کی اذان سنا کری تو لایق ہی کہ دہندہی سی فارغ ہوکر

عن شغله وینزعج من مکانه ویدع کل ما کان فیه لان ما یفوته من فضیلة التکبیر مع الامام فی اول الوقت

اپنی جگہہ سی کہڑا ہو جاوی اور سب کار بار چہوڑ دوی اسلئی کہ اول وقت مین امام کی ساتہہ تکبیر اولی کا ثواب جو فوت ہو جاویگا

لا یوازیها الدنیا بما فیها وقد جاء فی تفسیر قوله تعالی رجال لا تلهیهم تجارة ولا بیع عن ذکر الله انهم کانوا

اوسکی برابر دنیا اور جو دنیا مین ہی کچہہ نہین ہو سکتا اور اس آیت کی تفسیر مین آیا ہی وہ مرد غافل نہین ہوتی سوداگری مین نہ بیچنی مین اللہ کی یاد سی کہ وہ لوگ

حدادین وخرازین وکان احدهم اذا رفع المطرق او غرز الاشفی فسمع الاذان لم یخرج الاشفی ولم یوقع المطرقة

لوہار اور موچی تہی اور ہر ایک کا یہہ حال تہا کہ اگر ہتوڑا اوٹہایا یا ستاری گڑوئی پہر اذان سن پائی تو یہہ درفش نہ نکالتا اور وہ ہتوڑا نہ ڈالتا

بل رمی بها وقام الی الصلوة وهکذا یکون تجارة من یتجر لطلب الکفایة لا للتنعم فی الدنیا فان مثله یتجر فی الدنیا

بلکہ سب پہینک پہانک کر نماز کو چلی جاتی جو لوگ کفایت کی طالب ہوتی ہین اور عیش دنیا کا مقصود نہین رکہتی اونکی یہی تجارت ہوتی ہی کیونکہ ایسی لوگ دنیا کی تجارت کرتی ہین

ولا یضیع دینه فی تجارته لعلمه بان ربح الاخرة اولی بالطلب من ربح الدنیا فان من یطلب الدنیا للاستعانة

اور اس تجارت مین دین ضایع نہین ہوتا اسلئی کہ جانتی ہین کہ آخرت کا فائدہ طلب کرنا دنیا کی فائدہ سی بہتر ہی بیشک جو شخص دنیا آخرت کی امداد کی واسطی حاصل کرتا ہی

بها علی الاخرة کیف یدع ربح الاخرة بل ینبغی له ان لا یکون شدید الحرص علی السوق والتجارة بان یکون اول داخل

وہ آخرت کا فائدہ کیونکر چہوڑ دیگا بلکہ اوسکو یون لازم ہی کہ بازار اور تجارت پر بہت لالچ نکری کہ بازار مین سب سی پہلی جایا کری

فیها واخر خارج منها اذ روی عن معاذ بن جبل وعبد الله بن عمر ان ابلیس یقول لولده زلنبور سر بکتائبك فائت

اور سب سی پیچہی آیا کری کیونکہ معاذ بن جبل اور عبد اللہ بن عمر سی روایت ہی کہ ابلیس اپنی بچی زلنبور سی کہا کرتا ہی اپنی کتاب بازار مین لیجا

الاسواق وزین لهم الحلف والکذب والخدیعة والمکر والخیانة وکن مع اول من یدخل فیها واخر من یخرج منها

اور اونکو بہلا بنا کر دکہا خلاف اور جہوٹہ اور فریب اور مکر اور چوری اور اوسکی ساتہہ رہ جو بازار مین سب سی پہلی آوی اور سب سی پیچہی جاوی

وفی الخبر ان شر البقاع الاسواق وشر اهلها اولهم دخولا واخرهم خروجا وطریق الاحتراز عنه ان یراقب

اور حدیث مین ہی کہ سب سی بری جگہ بازار مین اور سب سی برا وہ بازاری جو پہلی آوکا اور پیچہی جاوی اور طریقہ احتراز کا یہہ ہی کہ اپنی کفایت کی وقت کو دیکہتا رہی

وقت کفایته فاذا حصل له کفایة وقته ینصرف ویشتغل بتجارة الاخرة هکذا کان یفعل صلحاء السلف

ہاتہہ لگ جاوی تو چلا آوی اور آخرت کی تجارت مین لگی صلحا پہلی زمانہ کی یون ہی کیا کرتی تہی

فمنهم کان ینصرف بعد الظهر ومنهم من کان ینصرف بعد العصر ومنهم من کان لا یعمل فی الاسبوع الا

اونمین سی بعضی ایسی تہی کہ ظہر کی بعد چلی آتی تہی اور کوئی ایسا تہا کہ عصر کی بعد چلا آتا تہا اور کوئی ایسا تہا کہ ہفتہ بہر مین

يوما ويومين وكانوا يكتفون بذلك ثم ينبغي للمكتسب ان يراعي في معاملته العدل ويجتنب الظلم لان
ایک روز یا دو روز کام کرتا اور سب اوسیہی پر اکتفا کرتی پہر پیشہ ورکو لازم ہی کہ اپنی معاملہ میں عدالت برتی اور ظلم سی بچتا رہی اسلئی

المعاملة قد تجري على وجه يحكم المفتي بصحتها وانعقادها لكنها تشتمل على ظلم يتعرض به العامل لسخط
کہ بعضی وقت معاملہ ایسی طور پر بہکت جاتا ہی کہ مفتی اوسکو جایز بتادی اور عقد کو ٹھیک کہی پر اوسمین ایسا ظلم ہوجاتا ہی جس سی اہل معاملہ پر غضب

الله تعالى اذ ليس كل نهي مقتضيا لفساد العقد والمراد من الظلم ما يستضر به الغير فكل ما يستضر به الغير
الٰہی آجاوی کیونکہ ہر نہی ایسی نہین ہوتی کہ عقد کو فاسد کر دیا کری اور مراد ظلم سی یہہ ہی کہ جسمین غیر کا نقصان ہوجاوی پہر جسمین غیر کا نقصان ہوتا ہو

فهو ظلم وانما العدل ان لا يصدر عنه ضرر لاحد والضابط فيه ان لا يحب لاحد الا ما يحب لنفسه فكل ما
وہی ظلم ہی اور عدل وہی ہی جسمین کسیکا کچہہ نقصان نہو اور قاعدہ کلیہ اسمین یہہ ہی کہ ہر یکے کی لئی وہی بات پسند کری جو اپنی لئی پسند کرتا ہی پہر جو

عومل به لو كان يشق عليه ويثقل على قلبه ينبغي له ان لا يعامل به غيره بل ينبغي له ان يستوي عنده درهم
معاملہ اسپر دشوار اور اوسکی دل پر بہاری گذرتا ہو تو چاہئی کہ ویسا معاملہ غیر سی نکری بلکہ یوں لازم ہی کہ اسکی نزدیک اپنا اور پرایا روپیہ یکسان ہووی

ودرهم غيره هذا هو الاجمال واما التفصيل ففي صورة امور الاول ان لا يثني على السلعة فانه ان وصفها
یہہ تو قاعدہ مجمل ہی اور یہی تفصیل سو کئی باتون مین ہی اول یہہ کہ بکری کی چیز کی تعریف نکیا کری کیونکہ اگر ایسی تعریف کی

بما ليس فيها فان لم يقبله منه فهو كذب محض وان قبل منه فهو مع كونه كذبا تلبيس وظلم وان وصفها
جو اوسمین نہین ہی اگر خریدار نمانی پس وہ نرا جہوٹہہ ہی اور اگر خریدار اسکی مان لیا تو اب وہ جہوٹ کا جہوٹ اور دہوکا اور ظلم ہی اور اگر اوسکی ایسی تعریف

بما فيها فان علم به المشتري فهو هذيان وتكلم بما لا يعنيه ويحاسب عليه لان كل كلمة تصدر عن الانسان
کی جو اوسمین ہی یعنی سچی پہر اگر خریدار کو معلوم ہی تو یہہ تعریف بیہودہ بک ہی اور نکمی بات اور اوسکا حساب لیا جاویگا اسلئی کہ جو بات انسان کی منہہ سی نکلتی ہی

فانه يحاسب عليها لقوله تعالى ما يلفظ من قول الا لديه رقيب عتيد وان لم يعلم به المشتري ما لم يذكر
اوسپر محاسبہ ہونیوالا ہی اس دلیل سی نہین بولتا ایک بات جو نہین اوس پاس راہ دیکہتا تیار اور اگر خریدار کو وصف معلوم نہو جبتک یہہ ذکر نکری

فلا باس بذكر القدر الموجود فيه من غير مبالغة واطناب ويكون قصده منه ان يعرفه اخوه المسلم
تو جتنا ہو وتنا کہنی مین کچہہ ڈر نہین ہی مبالغہ نکری بات نہ پہیلاوی اور اس بیان سی غرض یہہ ہو کہ برادر مسلمان کو معلوم ہوجاوی تو رغبت سی خریدی

فيرغب فيه ويحصل حاجته ولا ينبغي له ان يحلف عليه البتة لانه ان كان كاذبا فقد اتى باليمين الغموس
اور اوسکا کام بن جاوی اور ہرگز لایق نہین ہی کہ اوسپر قسم کہاوی اسلئی کہ اگر جہوٹ ہوا تو اسنی یمین غموس کہائی

وهي من الكبائر التي تذر الديار بلاقع وان كان صادقا فقد جعل اسم الله تعالى عرضة لايمانه واساء فيه
و یہہ ایسا کبیرہ گناہ ہی کہ ملک کو اوجاڑ دیتی ہی اور اگر سچا ہی تو اسنی اللہ تعالیٰ کی نام کو اپنی قسمون کا نشانہ بنایا اور برا کیا

لان الدنيا اخس من ان يقصد ترويجها بذكر اسم الله تعالى من غير ضرورة والثاني ان لا يكتم من عيوبها وخفايا
اسلئی کہ دنیا اس مرتبہ سی کمتر ہی کہ بی ضرورت اللہ تعالیٰ کا نام لیکر اوسکو رونق دی جاوی دوسری یہہ ہی کہ نہ اوسکی عیوب پوشیدہ کری اور نہ

صفاتها شيئا اصلا بل يجب عليه ان يظهر جميع عيوبها خفيها وجليها لانه ان اخفى شيئا منها يكون ظالما غاشا
ہرگز کوئی اور بات چہپی ہوئی چہپاوی بلکہ اوسپر یہہ واجب ہی کہ اوسکی تمام عیب چہپی اور ظاہر بیان کردی کیونکہ اگر کوئی عیب اوسمین سی چہپا دیگا تو ظالم اور خائن ٹہریگا

تاركا للنصح والغش حرام والنصح واجب ومهما اظهر احسن وجهي الثوب واخفى الوجه الاخر يكون غاشا وكذلك
خیر خواہ نہوگا اور خیانت کرنی حرام ہی اور خیر خواہی واجب اور اگر تہان کا اچہا پلا دکہلا دیا اور دوسرا پلا چہپا لیوی تو خائن ہوتا ہی اور ایسی

اذا عرض احسن فردي الخف او النعل وامثاله وكذلك اذا عرض المتاع في موضع مظلم والحاصل ان الغش
اگر موزہ کا اچہا فرد پیش کردی اور جوتی کی اچہی پوائی اور مانند اسکی اور ایسی ہی اگر اسباب کو اندہیری مین سامنی کری حاصل یہہ ہی کہ دغا

حرام في البيوع والصنائع جميعا فلا ينبغي للصانع ان يتهاون بعمله على وجه لو عامله به غيره لما ارتضيه بل ينبغي له

تمام بیوع اور صناعت مین حرام ہی سو کاریگر کو نہین چاہیی کہ اپنی کار مین ایسی سستی برتی کہ اگر کوئی اور اوسکی ساتھہ ویسا معاملہ کری تو کبہی پسند نکری بلکہ لایق یہہ ہی

ان يحسن الصنعة ويحكمها وان وقع فيها عيب يبين عيبها وبه يتخلص من الغش الحرام ومن كونه ظالما للناس

کہ اپنا کار بہت درست اور مضبوط بناوی اور اگر اتفاق عیب دار ہو جاوی تو عیب بیان کر دی اسمین دغا سی جو حرام ہی اور خلق پر ظلم کرنی سی بچ جاتا ہی

ومن هذا القبيل ما روي عن امام احمد انه سئل عن الرفو بحيث لا يتبين فقال لا يجوز لمن يبيعه ويخفيه و

اور اسی قسم کی امام احمد سی یہہ روایت ہی کہ اونسی کسی نی ایسی رفو کا مسئلہ پوچہا کہ ہرگز معلوم نہو پس جواب دیا بیچنی والی کو جایز نہین ہی کہ کپڑا بیچدی اور رفو چہپالی

انما يحل اذا علم انه يظهره ولا يخفيه او لا يريد بيعه ويدل على تحريم الغش انه عليه السلام مر برجل يبيع الطعام

اور حلال جب ہوتا ہی کہ معلوم ہو جاوی کہ یہہ بیان کر دیگا چہپانیکا نہین یا بیچیگا نہین اور دغا کی حرمت پر یہہ روایت دلیل ہی کہ نبی علیہ السلام ایک شخص کی پاس گئی کہ وہ گیہون بیچتا تہا

فاعجبه فادخل يده فنالت اصابعه بللا فقال ما هذا يا صاحب الطعام فقال اصابته السماء يا رسول

غیر کا نقصان ہو جاوی سو جس عمل میں غیر کا نقصان ہوتا ہو وہ ہی ظلم ہی اور عدل وہی ہی کہ جسمیں کسیکا کچھ نقصان نہووی اور عدل جب ہو سکتا ہی کہ چند باتوں سی

عن عدة امور الاول ترويج الزيوف من النقود فانه ظلم عام يتضرر به الناس لان من يروج شيئا منها الى غيره

احتراز کری اول کہوٹی نقود کی برتاوی بیشک یہہ ظلم عام ہی اسمیں سبکا نقصان ہی اسلئی کہ جو شخص کوئی کہوٹا نقد اور کو دیویگا

فذلك الغير ان لم يعرف انه زيف فهو يتضرر به وان عرف انه زيف فهو يروجه الى غيره وغيره الى غيره وهكذا

پھر اوسی اگر نہ پہچانا کہ وہ کہوٹا ہی تو وہ نقصان پاویگا اور اگر پہچانا کہ یہہ کہوٹا ہی تو وہ اور کو دیویگا اور وہ اور کو دیوی گا اور اسیطرح

لا يزال يتردد في ايدي الناس بعضرره ويشيع فساده ويكون وبال الكل من حين ترويجه الى وقت انقراضه راجعا

لوگون کی ہاتہون مین پہرتا رہیگا اور سب کا نقصان ہوتا رہیگا اور فساد چہیلتا جاوی گا اور سبکا وبال جب سی اسنی دیا تہا اوسکی کہنی تک کا اسکی سر پر ہیگا

اليه بمقتضى قوله عليه السلام من سن سنة سيئة فعمل بها من بعده كان عليه وزرها ووزر من عمل بها لا

بدلیل اس حدیث کی جسنی طریقہ بد نکالا پہر اوسپر اوروں نی بعد اوسکی عمل کیا تو اوسکا اور سب جو اوسپر عمل کرینگی سب کا بوجہ اسپر ہووےگا

ينقص من اوزارهم شيء ولهذا قال بعض السلف انفاق درهم واحد من الزيف اشد من سرقة مائة درهم

اور انکی گناہ سی کچہ کم نہ کرینگی اسیہی لی بعضی متقدمین کا قول ہی کہ کہوٹی ایکدرہم کا چلانا چوری سو درہم کی چہلیسی بد تر ہی

من الجياد لان سرقة المائة معصية واحدة منقضية واما انفاق زيف فهو معصية مستمرة يتصل بها ما دام

اسلئی کہ چورانا سو درہم کا ایک گناہ ہی کہ ہو چکا اور کہوٹی روپیہ کا گناہ جاری ہی عمل مین آتی جاتا ہی جبتک وہ کہوٹا

ذلك الزيف يتردد في ايدي الناس فيكون عليه في حياته وبعد مماته اثم ما افسد ونقص من اموال الناس بسببه

روپیہ لوگون کی ہاتہ مین پہرتا رہتا ہی سو اوسکی زندگی بہر ، اور بعد موت کی گناہ باقی رہیگا جسقدر لوگون کا مال اوسکی سبب سی خراب اور تلف ہو ویگا

الى اخر فناء ذلك الزيف وانقراضه فطوبى لمن يموت ويموت معه ذنوبه وويل لمن يموت ويبقى بعده ذنوبه

جبتک وہ کہوٹا روپیہ نکلکر فنا ہو جاوی سو مزدہ ہی اوسکو جو مرجاوی اور اوسکی تمام گناہ ہو چکین اور افسوس ہی اوسکی لئی جو مرجاوی اور بعد اوسکی گناہ قایم رہین

وقد قيل انفاق الدرهم الردي على من يعلمه اكبر ذنبا من انفاقه على من لا يعلمه لان الاول متعمد والثاني

اور کوئی کہتا ہی کہ جانکار کو کہوٹی روپیہ کا دیدینا بڑا گناہ ہی انجان کو دینی سی اسلئی کہ وہ اول تو متعمد ہی اور دوسرا خطاوار ہی لیکن خطا یعنی انجان پنی کا گناہ بندہ کی حق مین

مخطى لكن الخطاء في حق العباد غير موضوع فعلى هذا يجب على التاجران يتعلم احوال النقود ليميز الزيف من غيره

معتبر نہین ہوتا اسکی موافق تاجر کو واجب ہی کہ روپیہ کا پرکہنا بہی سیکہی تاکہ کہوٹا کہرا پہچان لیا کری

لا يستقصي لنفسه بل لئلا يسلمه الى غيره بعدم علمه فيكون انما لتقصيره في تعلم ما يلزمه في معاملته اذ لكل

اس نیت سی نہین کہ اپنا حق پورا کیا کری بلکہ اس نیت سی کہ انجان پنی سی غیر کو نہ دیبیٹہی پہر گنہگار ہوگا اسلئی کہ معاملات کی لوازم سی سیکہنی مین جو قصور کیا کیونکہ ہر

عمل علم يجب تحصيله لمن يباشره كيلا يقع في الاثم ولهذا كان السلف يتعلمون احوال النقود نظرا لدينهم لا لدنياهم

کار بار کی لئی علم ہوتا ہی کہ اوس کار روائی کو اوسکا سیکہنا واجب ہوتا ہی تاکہ گناہ مین نہ پہنچاوی اور اسیہی واسطی متقدمین نقود کا پرکہنا واسطی لحاظ دین کی سیکہا کرتی تہی دنیا کی

فان من يقع في يده شيء من الزيوف ينبغي له ان يجتهد في اعدامه وافنائه ومحو اثره ولا يسعى في ترويجه لانه

بیشک جسکی ہاتہ کوئی کہوٹا روپیہ پیسا آجاوی تو اوسکو لایق ہی کہ اوسکی کہونی اور فنا کرنی مین اور اوسکا نشان مٹانی مین کوشش کری اوسکی چلانی مین سعی نکری کیونکہ

ان روجه الى من لا يعرفه يكون اثما لايصاله اليه الضرر وان روجه الى من يعرفه يكون اثما ايضا لان من

اگر انجان کو دیدیا تو اسلئی گنہگار ہوگا کہ اوسکا نقصان کیا اور اگر جانکار کی حوالہ کیا تو تو بہی گنہگار ہوگا اسلئی

ياخذه لا ياخذه غالبا الا ليروجه الى غيره اذ لو لم يكن قصده ذلك لكان لا يرغب في اخذه اصلا فيكون

کہ لینی والا اکثر اسیہی لئی لیلیتا ہی کہ اور کو دیدی کیونکہ اگر اوسکی ایسی نیت نہوتی تو ہر گز بہی نہ لیتا تو ایسہ اسلئی

تسليمه اليه تسليطا له على الفساد واعانة له على الشر ومشاركة معه في الاثم واما من ياخذه ليكون من الذين

کہوٹا روپیہ دیکر اوسکو فساد پر قایم کیا اور بدی پر امداد کی اور گناہ مین شریک ہوا اور رہا وہ شخص جو اسواسطی لیتا ہی کہ اوس زمرہ مین

دعالهم رسول الله صلى الله عليه وسلم بقوله رحم الله امرأ سهل البيع سهل الشراء سهل القضاء سهل الاقتضاء فلا بد

داخل ہووی جنکی حق مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی دعاء خیر فرمائی ہی اسی حدیث مین رحم کری اللہ اوس شخص پر جو آسانی سی بیچی آسانی سی خریدی آسانی سی ادا کری آسانی

له ان ياخذه على قصد اعدامه وافنائه ومحو اثره لا على قصد ترويجه في معاملته اذ لو كان قصده ذلك

اوسکو ضرور ہی کہ اس نیت سی لیوی کہ اوسکو کہو دی اور فنا کر دی اور نشان مٹاوی نہ اس نیت سی کہ اوسکو معاملات مین جاری کری اگر اوسکی یہہ نیت ہی

يكون

يكون داخلا في شر روجه الشيطان اليه في معرض الخير فالمراد بالزيف من الدراهم والدنانير ما ليس فيه نقره

تو وہ اوس برائی میں داخل ہی جسکو شیطان نے خوبصورت بناکر دکہایا ہی اور کہوٹی درہم اور دینار سے وہ مراد ہی جسمین نہ کچہہ چاندی ہو

ولا ذهب اصلا بل هو مموه واما ما فيه فضة وذهب فالعبرة فيه للغالب ان كان الغالب على الدراهم

اورنہ سونا بلکہ صرف ملمع ہو اور جسمین چاندی اور سونا ہو تو اوسمین اکثر کا اعتبار ہی اگر درہم مین چاندی زیادہ ہووی

الفضة فهي فضة وان كان الغالب على الدنانير الذهب فهي ذهب لان النقود لا تخلو عن قليل غش

تو وہ چاندی ہی اور دینار مین اگر سونا زیادہ ہووی تو وہ سونا ہی کیونکہ نقود ایسی کم ہوتی ہین جسمین کچہہ نہ کچہہ ملونی نہو

اما خلقة كما في الردي من الفضة او الذهب او عادة بسبب انها تتفتت ولا تنطبع بدون الغش وانما

یا اصلی ہوتی ہی جیسی نرسی چاندی اور کم درکا سونا یا عادت کی موافق اس سبب سے کہ اوسکو کوٹتی ہین اور بدون ملونی کی گہڑا نہین جاتا

تنطبع بخلط الغش بها فعلى هذا يعتبر الغالب لان المغلوب في مقابلة الغالب كالمعدوم فاذا كان الغالب

گہڑا جب ہی جاتا ہی کہ اوسمین ملونی ملائی اس حال کی موافق اکثر کا اعتبار ہوتا ہی کیونکہ غالب کی سامنی مغلوب کی کچہہ ہستی نہین ہوتی پس تو اگر دراہم مین چاندی

على الدراهم الفضة وعلى الدنانير الذهب فهما في حكم الفضة والذهب وان كان الغالب عليهما الغش فان كانتا

غالب ہو اور دنانیر مین سونا پہر وہ دونو چاندی اور سونی مین داخل ہین اور اگر دونو کی اندر ملونی زیادہ ہو تو پہر اگر اونکا

نقد البلد فما دام رواجهما باقيا فهما ثمن لا يتعلق العقد بعينهما بل انما يتعلق بجنسهما وان ارتفع رواجهما

چلن جاری ہی تو جب تک اونکا چلن باقی رہیگا تب تک وہ ثمن یعنی نقد ہین عقد اونکی تعیین سی متعلق نہین ہوتا بلکہ اوس سکہ کی دراہم اور دنانیر سی متعلق ہوگا وہ ہون یا اور

فهما سلعتان يتعلق العقد بعينهما ان علم المتعاقدان حالهما وعلم كل واحد منهما ان صاحبه يعلم حالهما وان لم يعلما

تو پہر وہ رخت اور جنس بیع مین داخل ہین عقد مین متعین ہوجاینگی اگر اونکا حال بایع اور مشتری کو معلوم ہو اور دونو یہہ بہی جانتے ہون کہ ہر ایک اون دراہم دنانیر کا

او لم يعلم احدهما او علما لكن لم يعلم كل واحد منهما ان صاحبه يعلم فالعقد لا يتعلق بهما بل انما يتعلق بالرائج

دونون کو معلوم نہین یا ایک کو معلوم نہین یا دونو کو معلوم تو ہی پر دونو کو یہہ خبر نہین کہ وہ دوسرا بہی جانتا ہی تو عقد ایسی دراہم و دنانیر سے علاقہ نہین رکہتا بلکہ چلن بازاری

في البلد وان لم يرتفع رواجهما بالكلية بل كانتا بحيث يقبلهما البعض دون البعض فهما كالزيوف لا يتعلق العقد

علاقہ رکہتا ہی اور اگر اونکا رواج چلن بسلسر نہین گیا بلکہ ایسا ہی کوئی تو لیلیتا ہی اور کوئی نہین لیتا تو اب وہ دراہم و دنانیر کہوٹون مین داخل ہین عقد کی

بعينهما بل انما يتعلق بجنسهما من الزيوف ان كان البايع يعلم حالهما لثبوت الرضى منه بجنس الزيوف وان كان

متعین نہین ہونگی بلکہ عقد مین اوس سکہ کی کہوٹی دراہم اور دنانیر ردی ہونگی اگر بایع کو اونکا حال معلوم تہا کیونکہ بایع اوس سکہ کی کہوٹون پر راضی ہوچکا ہی اور اگر

البايع لا يعلم حالهما لا يتعلق العقد الا بجنسهما من الجيد لعدم ثبوت الرضى منه بجنس الزيوف والثاني مما

بایع کو اونکی حال سی اطلاع نہین تہی تو پہر عقد مین اوس سکہ کی کہری دینی ہونگی کیونکہ بایع کی رضا اوس قسم کی کہوٹون پر ثابت نہین ہی اور دوسرا امر جس سی

يجب الاحتراز عنه مدح السلعة فان من يصفها بما ليس فيها ولم يقبل قوله فهو كذاب وان قبل قوله فهو

احتراز کرنا واجب ہی اسباب کی تعریف کرنی ہی بیشک جو شخص اسباب کی ایسی تعریف کرے جو اوسمیں موجود نہین ہی اور وہ مان نہین لیا تو وہ صرف جہوٹا ہی اور اگر اوسکا

مع كونه كذابا تلبيس وظلم وان وصفها بما فيها فان كان المشتري يعلم به فهو هذيان وتكلم بما لا يعنيه وحساب

کہا مان لیا تو وہ جہوٹ کا جہوٹ وردغابازی اور ظلم ہی اور اگر ایسی تعریف کی جو اوسمین ہی ہی ہی تو پہر اگر مشتری کو وہ معلوم ہی تو صفت کی بلسو بیفایدہ کلام ہی اسپر محاسبہ

عليه اذ ما من كلمة تصدر عن الانسان الا يحاسب عليها لقوله تعالى ما يلفظ من قول الا لديه رقيب

کیونکہ جو بات انسان کی زبان سی نکلتی ہی سو ہی محاسبہ طلب ہی بدلیل اس آیت کی نہین بولتا ایک بات جو نہین اوس پاس ایک راہ دیکہتا

عتيد وان كان المشتري لا يعلم ما فيها فيذكر القدر الموجود فيها من غير مبالغة وافراط ويكون

تیار اور اگر مشتری کو معلوم نہین ہی تو اسکا مضائقہ نہین ہی کہ جتنی بات اوس مین درحقیقت ہو اوس بات کو کم و بیش بغیر زیادتی کی بیان کردے امر نیت سی

کہوٹی اور دنانیر اوس سکہ کی کہوٹے
کا سکی کہوٹی
سہو کیگا

قصده منه ان يعرفه اخوه المسلم ويرغب فيه ويحصل مقصوده ولا يحلف البتة لانه ان كان كاذبا يكون

کہ اپنی بہائی مسلمان کو جتلا کر ترغیب دی کہ اوسکا مقصود حاصل ہو جاوی اور قسم ہرگز نہ کہاوی کیونکہ اگر جہوٹی ہی

يمينه غموسا وهي من الكبائر التي تذر الديار بلاقع وان كان صادقا فقد جعل اسم الله تعالى عرضة لايمانه

تو یمین غموس ایسی کبیرہ ہی کہ ملک کو اوجاڑ دیتی ہی اور اگر سچی ہی تو بیشک اللہ تعالی کی نام کو اپنی قسمونکا نشانہ بنایا

واساء فيه لان الدنيا اخس من ان يقصد ترويجها بذكر اسم الله تعالى من غير ضرورة حتى قال الفقهاء يكره

اور برا کیا کیونکہ دنیا کا اتنا درجہ کہاں ہی کہ بلا ضرورت خدا کا نام لیکر اوسکو رونق دیجئی یہاں تک کہ فقہا کہتی ہیں تاجر کو

للتاجر ان يذكر الله تعالى او يصلي على النبي عليه السلام عند فتح متاعه على قصد ترويجه بان يقول اللهم

مکروہ ہی کہ اسباب کہولتی ہوئی ترویج کی نیت سی بسم اللہ کہا کری یا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑہا کری اسطور کہ کہا کری اللہم

صل على محمد ما اجود هذا والثالث مما يجب الاحتراز عنه كتم عيوب السلعة فان من يكتم شيئا منها يكون

صل علی محمد کیا خوب مال ہی اور تیسرا امر جس سی احتراز واجب ہی مال کا عیب چہپا لینا بیشک جو شخص کوئی عیب چہپا لیتا ہی تو وہ

ظالما تاركا للنصح الواجب مرتكبا للغش الحرام فالواجب عليه ان يظهر جميع عيوبها خفيها وجليها وهذا امر

ظالم اور خیر خواہی کا تارک جو اوسپر واجب تہی اور اختیار کرنیوالا دغا حرام کا ہوتا ہی پس تاجر پر واجب ہی کہ مبیع کی تمام عیوب ظاہر و باطن بیان کر دیا کری اور یہہ بات

يشق على اكثر الخلق فمن لا يقدر عليه فليترك التجارة او ليوطن نفسه على عذاب النار والرابع مما يجب الاحتراز

اکثر لوگوں پر دشوار گذرتی ہی پہر جس سی یہہ بات نہو سکی تو اوسکو لازم ہی کہ تجارت موقوف کری یا اپنی جان کی واسطی دوزخ میں ٹہکانا بنا وی اور چوتہا امر جس سی احتراز کرنا

عنه الخيانة فان من يخون لا يخلو اما ان يكون خيانته في المقدار او في السعر او في المرابحة والتولية فاما

واجب ہی خیانت کرنی بیشک جو شخص خیانت کرتا ہی تو اسی خالی نہیں کہ یا تو مقدار میں خیانت کرتا ہی یا بہاؤ میں یا نفع لینی میں یا اوس کی ان بیچنی میں پہر

من يكون خيانته في المقدار فهو يدخل تحت قوله تعالى وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِينَ الَّذِينَ إِذَا اكْتَالُوا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُونَ

جو شخص مقدار میں خیانت کرتا ہی تو وہ اس آیت کی مضمون میں داخل ہی خرابی ہی کہٹا نیوالوں کی وہ کہ جب ماپ لیں لوگوں سی پورا بہر لیں

وَإِذَا كَالُوهُمْ أَو وَّزَنُوهُمْ يُخْسِرُونَ ولا ينجو من هذا الا من يزيد اذا اعطى وينقص اذا اخذ لان العدل الحقيقي

اور جب دیں اونکو ماپ کر یا تول دیں تو کہٹا کر دیں اور اس وبال سی وہ ہی بچتا ہی جو دینی میں کچہہ زیادہ دیدی اور لینی میں کچہہ کم لیلی اسلئی کہ حقیقی عدل تو

قلما يتصور فان من يستقصي في اخذ حقه بكماله يوشك ان يتجاوزه ولذلك كان النبي عليه السلام اذا

بہت ہی کم خیال میں آتا ہی بیشک جو کوئی اپنا حق پورا پورا لیا چاہی تو کیا بعید ہی کہ حد سی بڑہ جاوی اور اسی واسطی نبی علیہ السلام جب

اشترى شيئا يقول للذي يزن الثمن زن وارجح وكان بعض السلف يقول لا اشتري الويل بحبة وكان اذا اخذ

کوئی شی مول لیتی تو ثمن دینی والی سی فرما دیتی کہ ثمن تول دی اور کچہہ زیادہ دی اور بعضی متقدمین کا قول ہی ہم بعوض ایک دانہ کی دوزخ نہیں خریدتی اور اونکا یہہ حال تہا

نقص حبة واذا اعطى زاد حبة وكان يقول ويل لمن يبيع بحبة جنة عرضها السموات والارض واما من يكون

کہ جب لیتی تو کچہہ کم لیتی اور جب دیتی تو کچہہ بڑہا دیتی اور یہہ کہتی افسوس اوسکی حق میں جو دانہ کی بدلہ ایسا جنت بیچ ڈالی جسکا پہلاؤ آسمان اور زمین ہی اور جو شخص

خيانته في السعر فهو من الظلمين التاركين للنصح الواجب اذ ليس لاحد ان يلبس على البايع او المشتري سعر الوقت

بہاؤ میں خیانت کرتا ہی سو وہ ایسا ظالم ہی کہ نصیحت جو اوسپر واجب تہی ترک کی کیونکہ کسیکو جایز نہیں ہی کہ بایع یا مشتری پر بہاؤ اوسوقت کا رلا دیوی

وينتهض الفرصة ويخفي من البايع غلاء السعر ومن المشتري انحطاطه فان من يفعل ذلك يكون من الذين لا يحب

اور فرصت کو غنیمت سمجہی بایع سی تو گرانی بہاؤ کی چہپالی اور مشتری سی ارزانی بیشک جو ایسا کام کرتا ہی وہ اون لوگوں میں داخل ہی کہ نہیں پسند کرتا

احدهم لاخيه المسلم ما يحب لنفسه وقد روي انه عليه السلام قال لا يؤمن احدكم حتى يحب لاخيه ما يحب

اپنی بہائی مسلم کی واسطی جو اپنی واسطی پسند کرتا ہی اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا مؤمن نہیں ہوتا کوئی تم میں سی جبتک نہ پسند کری اپنی بہائی کی

لنفسه وأما من يكون خيانته في المرابحة والتولية فلابد له من معرفتهما حتى يمكن له الاحتراز عنهما

حق میں جو اپنی حق میں پسند کرتا ہی اور جو شخص نفع پر دیتی ہیں اور دام کی دام دینی میں خیانت کرتا ہی تو اوسکو بہی اون دونوں کا سمجھنا چاہئی تاکہ اوس سی بچ سکی

آما المرابحة فهي بيع ما ملكه بمثل ما قام عليه بزيادة ربحه وأما التولية فهو بيع ما ملكه بمثل ما قام عليه

مرابحت تو بیچنا مال کا جتنی کو اسکو پڑا ہو اوسپر کچہ نفع لیکر اور تولیہ بیچنا مال کا جتنی کو اسکو پڑا ہو

بدون زيادة ربح وكل منهما انما يصح اذا كان رأس المال مثليا لان مبناهما على الامانة والاحتراز

بدون نفع لئی یعنی دام کی دام کو اور یہ دونو بیع جب صحیح ہوتی ہیں کہ راس المال مثلی یعنی ذوات الامثال سی ہو کیونکہ ان دونوں کی بنیاد امانت اور خیانت سی

عن الخيانة وشبهتها فان الغبي الذي لا يهتدي في التجارة يعتمد على الفعل الذكي الذي يهتدي فيها و

اور خیانت کی شبہ سی احتراز پر ہی بیشک بہولا بچارہ جو تجارت کی ڈہنگ نہیں جانتا وہ بہروسہ کیا کرتا ہی ایسی شخص کی ذکر کرنی پر جو تجارت کا مشاق ہو اور

يطيب نفسه بمثل ما اشتراه بزيادة ربح في المرابحة وبدونها في التولية وان لم يكن رأس المال مثليا

اپنی جی میں خوش ہوتا ہی خرچ کی خریدی سی فائدہ بڑہتی دیکر مرابحہ میں اور بدون فائدہ کی تولیہ میں اور اگر راس المال ذوات الامثال سی نہو

بل كان قيميا يكون قدره مجهولا لا يعلم الا بالظن والتخمين فيتمكن شبهة الخيانة فلا يتحقق المرابحة

بلکہ ذوات القیم سی ہو تو اوسکی مقدار مجہول ہوویگی اگر معلوم ہو تو گمان اور اٹکل سی ہو پہر اسمیں خیانت کا شبہ قایم ہو جاتا ہی پہر مرابحہ اور تولیہ دونو ثابت

والتولية الا ان يكون المشتري مرابحة وتولية ممن ملك ذلك البدل بوجه من الوجوه فيمكن للبايع ان

نہیں ہوتی آزراہ بیع مرابحہ اور تولیہ کی اونہیں سی کہ مالک ہوگیا ہو اسی بدل یعنی ثمن کا کسیطرح پر پس اسوقت روا ہی بایع کو یعنی پہلی جو مشتری

يبيع منه ما اشتراه بذلك البدل وبربح معلوم في المرابحة وبدونه في التولية ومن اشترى متاعا

بیچنا مالک بدل کی ہاتہ اس چیز کو کہ خریدہ تہا مشتری اول نی عوض اسی بدل کی مع نفع معلوم کی بیچی مرابحہ میں یا بدون نفع کی بیع تولیہ میں اور جس شخص نی کچہ مال

بالنقود يجوز له ان يضم الى الثمن اجرة القصار والصباغ والحمال وغير ذلك مما يزيد في عين المبيع او

نقدون خریدا تو اوسکو جایز ہی کہ ثمن میں مزدوری دہوبی اور رنگریز اور پلہ دار وغیرہ کی جس سی کہ عین مبیع یا

قيمته كسوق الغنم فانه يزيد في قيمتها كما يزيد الحمل في قيمة المتاع لان القيمة تختلف باختلاف المكان ويقول

قیمت مبیع بڑہ جاوی جیسی بکریان ہکالیجانا اس سی بہی بکری کی قیمت بڑہتی ہی جیسی پلہ داری سی قیمت مال کی بڑہتی ہی اسواسطی کہ مکان بدلنی سی قیمت بدل جاتی ہی اور یون بیان کری

قام على بكذا ولا يقول اشتريت بكذا تحرزا عن الكذب وان فعل شيئا من هذه المذكورات بنفسه لا يضمه

کہ مجہکو اتنی میں پڑتی ہی یہہ نکہی میں اتنی کو خریدی ہی تاکہ جہوٹ سی بچ جاوی اور اگر کوئی کام ان مذکورہ سابقہ سی بذات خود سرانجام کر لیا ہو تو اوسکی مزدوری ثمن

وكذا لا يضم نفقة نفسه ولا جعل لا بق ولا كراء بيت الحفظ ولا اجر الطبيب والمعلم والراعي والدلال لان

اور ایسی ہی اپنی ذات کا خرچ اور نہ انعام بہاگی ہوئی غلام کا اور نہ کرایہ حفاظت کی مکان کا اور نہ نذرانہ طبیب اور اوستاد کا اور نہ اجرت چرواہی اور دلال کی کیونکہ

هذه المذكورات لا تزيد في المبيع شيئا ومن اشترى ثوبا بعشرين وقبضه ثم باعه مرابحة بثلثين وتقابضا

ان اخراجات سی مبیع میں کچہ نہیں بڑہتا اور اگر کسینی ایک تہان پارچہ کا بیس روپیہ کو لیکر قبضہ کر لیا پہر اوسکو بطور مرابحہ تیس روپیہ کو بیچکر دونوں نی اپنی اپنی مال پر قبضہ کر لیا

ثم اشتراه من مشتريه بعشرين واراد ان يبيعه مرابحة يطرح الربح ويبيعه على عشرة ويقول قام على

پہر اسنی دوبارہ وہ ہی تہان اپنی خریدار سی بیس روپیہ کو خرید لیا اب اگر اوس تہان کو بطور مرابحہ بیچی تو اول کا نفع کم کر کی دس روپیہ پر نفع لی اور یون بیان کری کہ یہہ تہان مجہکو

بعشرة ولو كان اشتراه بعشرين وباع باربعين ثم اشتراه بعشرين لا يبيعه مرابحة اصلا لانه قبل شراه

دس روپیہ کو پڑا ہی اور اگر اول وہ میں بیس روپیہ کو لیکر چالیس کو بیچا ہو پہر اوسکو دوبارہ بیس کو لیا ہو تو اس صورت میں ہرگز مرابحہ سی نہ بیچی اسلئی کہ دوبارہ خریدنی سی پہلی

ثانيا يحتمل ان يرد عليه بعيب ويسقط الربح الذي ربحه فلما اشتراه ثانيا تاكد ذلك الربح الذي كا

شاید کہ وہ تہان بواسطہ عیب کی پہر جاتا تو جسقدر اس نی نفع لیا ہی یعنی بیس روپیہ وہ جاتا رہتا جب اسنی دوبارہ خرید لیا تو وہ نفع جو ساقط ہونیکو تہا قایم

على شرف السقوط فيصير الشراء الثاني شبهة حصول الربح به وللتاكيد حكم الايجاب ففي المسئلة الاولى يصير

اور ثابت ہوگیا اب دوبارہ خریدنے میں ایسا شبہہ ہوتا ہے کہ اس خرید کی سبب سے نفع ملا اور تاکید کی بھی حکم ایجاب کا ہوتا ہے سو پہلی صورت کا انجام یہہ ہے

كانه اشترى ثوبا وعشرة دراهم بعشرين فيتقابل العشرة بالعشرة فيبقى الثوب بعشرة فلا يبيعه مرابحة

گویا اس نے ایک تہان اور دس روپیہ بیس روپیہ کو لئی پہر دس روپیہ تو دس روپیہ کی برابر ہوگئی اور تہان دس میں پڑ گیا سو اسکو بطور مرابحہ

او تولية الا على عشرة وفي المسئلة الثانية يصير كانه اشترى ثوبا وعشرين درهما بعشرين فيتقابل العشرون

اور تولیہ کی بیچی تو دس روپیہ ہی پر بیچی اور دوسری صورت کا انجام یون ہے کہ گویا ایک تہان اور بیس روپیہ بیس روپیہ کو لئی پہر بیس روپیہ تو بیس روپیہ کی برابر ہوئی

بالعشرين فيبقى الثوب مجانا فلا يبيعه مرابحة ولا تولية احترازا عن شبهة الخيانة لانها كحقيقتها فيهما

اور وہ تہان مفت پڑ گیا سو مرابحہ اور تولیہ سے نہ بیچی تاکہ شبہہ خیانت کا نہ رہی کیونکہ مرابحہ اور تولیہ میں خیانت کا شبہہ بہی

احتياطا وهذا لو كان لرجل على اخر عشرة دراهم فصالحه منها على ثوب لا يبيع ذلك الثوب مرابحة ولا تولية

احتیاطا اصل خیانت کی برابر ہی اسیلئی اگر کسیکی دوسری پر دس روپیہ قرض آتی ہون قرضدار نی اوس سی ایک تہان پر صلح کر لی تو اوس تہان کو بطور مرابحہ اور تولیہ کی

على عشرة لان مبنى الصلح على الحط والاسقاط بخلاف ما اذا تخلل ثالث لان التاكيد يحصل بغيره ومن اشترى

دس روپیہ پر نہ بیچی اسواسطی کہ بنیاد صلح کی کمی اور معافی پر ہوتی ہی برخلاف اوس صورت کی کہ تیسرا شخص بیچمین آ جاوی اسی لئی کہ اب تقرر غیر سی حاصل ہوا ہی اور جس

اشياء صفقة واحدة بثمن واحد ليس له ان يبيع بعضها مرابحة على حصتها من الثمن لان ذلك لا يكون

کئی چیزین مجتمعہ ایک عقد میں سبکا ایک ثمن ٹہرا کر مول لین تو اوسکو جایز نہیں ہی کہ اونمین سی بعض کو بطور مرابحہ کی ثمن میں کا حصہ ٹہرا کر بیچی کیونکہ حصہ ثمن میں سی

الا باعتبار القيمة وتقسيمها فلا يخلو عن شبهة الغلط ومن اشترى جارية سليمة فاعورت بافة سماوية او وطيها

ٹہرانا بدون اعتبار قیمت کی نہیں ہو سکتا اور تقسیم کرنیمین غلطی کا شبہہ باقی رہتا ہی اور اگر کسینی ایک لونڈی اچہی چنگی خریدی پہر آفت سماوی یعنی بی اختیار کسی کانی ہوگئی یا اوسکی

وهي ثيبة ولم ينقصها الوطي يجوز له ان يبيعها مرابحة او تولية لكن يجب عليه بيان عيبها ولا يجب عليه بيان

بیوہ تہی یعنی شوہر دیدہ تہی صحبت کی اوسکو کچہہ نہ بگاڑا تو اوسکو جایز ہی کہ لونڈی کو بطور مرابحہ یا تولیہ کی بیچ ڈالی لیکن اوسپر اتنا واجب ہی کہ عیب بیان کر دی اور یہہ واجب نہین ہی

حدوث العيب عنده ما لم يسئله المشتري ولا بيان وطئه اذ لم يحتبس عنده شئ يقابل الثمن لان الاوصاف

کہ کہی یہہ عیب میری پاس پیدا ہوا ہی جبتک خریدار نہ پوچہی اور نہ صحبت کا بیان کرنا واجب ہی اس لئی کہ اسنی کوئی ایسی شی نہیں رکہہ لی جو ثمن کی مقابلہ ہو کیونکہ اوصاف کی

لا يقابلها شئ من الثمن وكذا منافع البضع اذا لم ينقصها الوطي لا يقابلها شئ من الثمن واما اذا فقا المشتري

مقابلہ میں ثمن کچہہ نہیں ہوتا اور ایسی ہی بضع کی منافع اگر اونکو وطی سی کچہہ نقصان نہ آیا ہو تو ثمن اونکی مقابلہ میں کچہہ نہیں ہوتا ہان اگر خود مشتری ہی نی

عينها او فقأها اجنبي واخذ المشتري ارشها او وطيها المشتري وهي بكر فلا يبيعها الا بالبيان لانه حبس بعض المبيع

اوسکی آنکہہ پہوڑ دی یا کوئی غیر شخص اوسکی آنکہہ پہوڑ دی اور مشتری دیت لیلوی یا مشتری اوس سی صحبت کری اور وہ باکرہ تہی تو اوسکو بدون بیان نہ بیچی کیونکہ اب مبیع میں سی گویا کچہہ حق

لكون ما فات منه كالمسلم له معنى باخذ بدله اذا جنى غيره وكذا اذا جنى نفسه اذ لو لم يكن ملكه لكان

لی رکہا ہی اسلئی کہ جو آنکہہ کی خراب ہوا ہی وہ گویا اسکی پاس ہی عوض لینی سی اگر خطا غیر کی ہو اور ایسی ہی اگر آپ بذات خود خیانت کی ہو اسواسطی کہ اگر لونڈی اسکی ملک نہ ہوتی

مضمونا عليه فصار سقوط الضمان عنه كاخذ البدل فلا يمكنه بيع الباقي مرابحة وتولية بكل الثمن بلا

تو بیشک ضمان اسکی ذمہ پڑتا بس تو اب ضمان کا ذمہ پر نہ آنا بمنزلہ عوض لینی کی ہی سو اسکو بطور مرابحہ یا تولیہ کی پوری اصلی ثمن سی باقی کا بیچنا بدون بیان کی روا

بيان لان الاوصاف اذا صارت مقصودة بالاتلاف يصير لها حصة من الثمن وكذا العذرة يصير لها

نہیں ہی اسلئی کہ جب اوصاف تلف کرنی سی مقصود ہو جاتی ہیں تو اونکی مقابلہ میں حصہ رسد ثمن ہوا کرتا ہی اور ایسی ہی بکارت کی مقابلہ حصہ ثمن کا

حصة من الثمن لكونها جزءا من العين وقد حبسها فلا بد من البيان ومن اشترى ثوبا فاصابه قرض فارة

ہوتا ہی کیونکہ بکارت اصل کا جز ہوتا ہی سو اوسکو اوسنی روک رکہا تو اب بیان کرنا ضرور چاہی اور جسنی تہان خریدا پہر اوسکو چوہی نی کتر دیا

او حرق نار یجوز له ان یبیعه مرابحة او تولیة بلا بیان حدوث العیب عنده اذ قد ذکر ان الاوصاف تابعة
یا کچھ جل گیا تو اوسکا بیچنا بطور مرابحہ یا تولیہ کی بغیر جتلائی جایز ہی اسواسطی کہ آگی کہہ چکی ہین کہ اوصاف تابع ہوتی

لا یقابلها شیء من الثمن وان تکسر بنشره وطیه لا یجوز له ان یبیعه مرابحة او تولیة بلا بیان لانه صار
ہین اونکی مقابلہ مین ثمن کچھ نہین ہوتا اور اگر پھیلاتی اور تہہ کرتی پہٹ گیا تو اب جایز نہین کہ بطور مرابحہ یا تولیہ کی بلا اظہار بیچڈالی اسلیئی کہ وصف تلف کرنی

مقصودا بالاتلاف ومن اشتری دارا او دابة واصاب من غلتها شیئا یجوز له ان یبیعها مرابحة او تولیة بلا
سی مقصود ہو گیا اور جس نی کوئی گہر یا جانور چوپایہ خریدا اور اونکی کرایہ سی کچھ نفع پیدا کیا تو اوسکو جایز ہی کہ دونو کو بطور مرابحہ یا تولیہ کی بی[چ] لینی

بیان لان الغلة لیست متولدة من العین بل هی استیفاء منفعة واستیفاء المنفعة لا یمنع بیع المرابحة او التو[لیة]
اظہار بیچڈالی اسلیئی کہ کرایہ اصل مین سی نہین پیدا ہوتا بلکہ کرایہ منفعت کا پورا کرنا ہی اور منفعت کا پورا کرنا بیع مرابحہ یا تولیہ سی منع نہین کرتا

بخلاف ما لو اشتری شاة واصاب من لبنها وصوفها فانه اذا باعها مرابحة او تولیة یطرح من راس المال قدر
برخلاف اوس صورت کی کہ اگر بکری مول لیوی اور اوسکا دودہ پیوی اور اون کترلی تو یہہ شخص اگر بکری کو بطور مرابحہ یا تولیہ کی بیچی تو اصل قیمت مین سی جتنا

ما اصاب منها ولو اشتری جاریة او شاة او نخیلا فولدت الجاریة والشاة او اثمر النخیل یبیع الاصل مع الزیادة
فائدہ لیا ہی کم کردی اور اگر لونڈی مول لی یا بکری یا میوہ دار درخت پہر لونڈی جنی یا بکری بیاہی یا درخت پہل لایا تو اصل کو مع افزایش یعنی بچہ اور

مرابحة او تولیة ولو استهلك الزیادة لا یبیع الاصل مرابحة او تولیة حتی یبین ما استهلك منها ولو اشتری شیئا
بطور مرابحہ یا تولیہ کی بیچی اور اگر وہ افزایش یعنی بچہ اور پہل تلف ہو جاوی تو اصل کو بطور مرابحہ یا تولیہ کی نہ بیچی جبتک بیان نکری جسقدر اوسمین سی تلف ہوا ہی اور اگر کوئی شی

بثمن ثم زاد فی الثمن او حط البایع عنه او زاد فی المبیع یلتحق کل من الزیادة والحط باصل العقد ویظهر حکم الالتحاق
ثمن معین کر کر مول لی پہر ثمن پر مشتری نی کچھہ بڑہا دیا تو یہہ تمام کمی بڑہی اصل عقد مین ملجاوی گی اور حکم اس کمی بڑہتی کا مرابحہ اور تولیہ مین جاکر ظاہر ہوگا

فی المرابحة والتولیة حتی اذا اراد ان یبیع ذلك الشیء مرابحة او تولیة لا یبیعه الا بما بقی من الثمن بعد الحط فی صورة
یہان تک کہ اگر اوس شی کو بطور مرابحہ یا تولیہ کی بیچا چاہی تو کمی کی صورت مین اوس ثمن پر بیچی جو کم کرنی کی بعد باقی رہا تہا

الحط او بما زاد علی اصل الثمن او علی اصل المبیع فی صورة الزیادة ومن اشتری متاعا بالف درهم نسیئة وباعه بربح
اور بڑہتی کی صورت اوس ثمن پر جو اصل ثمن پر یا اصل مبیع پر بعد بڑہانی کی ہو گیا ہی اور جس شخص نی کچھ مال ہزار روپیہ کو ادہار مول لیا اور اوسکو سو روپیہ نفع

مائة ولم یبین للمشتری ذلك فعلم المشتری فهو مخیر ان شاء رده وان شاء قبله بالف ومائة لان للاجل شبها بالمبیع
گیارہ سو کو بیچا اور مشتری سی حال ادہار کا بیان نکیا پہر مشتری کو وہ معلوم ہو گیا تو مشتری کو اختیار ہی چاہی وہ مال پہیردی چاہی گیارہ سو کو رکہ لی اسلیئی کہ مدت

ان یزاد فی الثمن لاجل الاجل والشبهة فی هذا الباب ملحقة بالحقیقة فصار کانه اشتری شیئین وباع احدهما
مدت کی سبب سی ثمن بڑہ جایا کرتا ہی اور شبہہ خیانت کا اس باب یعنی مرابحہ مین بعینہ خیانت ہوتی ہی تو انجام یہہ ہوا کہ گویا اس نی دو چیزین مول لیوین اور ایک چیز

بثمنهما مرابحة والمرابحة توجب الاحتراز عن مثل هذه الخیانة یسر الله تعالی الاحتراز عن جمیع الشبهات والخیانات
کل ثمن کو بطور مرابحہ کی بیچدی اور مرابحہ مین ایسی ایسی خیانت سی احتراز واجب ہی اللہ تعالی تمام شبہات اور خیانات سی احتراز کرنا ہمپر آسان کر

المجلس الثانی والسبعون فی تحریض التاجر علی ملازمة الصدق والامانة فی جمیع اقواله

بہتروین مجلس تاجر کو رغبت دلانی مین اوپر اختیار کرنی صدق اور امانت کی تمام اقوال اور افعال مین

وافعاله قال رسول الله صلی الله علیه وسلم التاجر الصدوق الامین مع النبیین والصدیقین والشهداء
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا بڑا سچا اور امانت دار تاجر نبیون اور صدیقون اور شہیدون کی ہمراہ ہی

الحدیث من حسان المصابیح رواه ابو سعید وفیه تحریض للتاجر علی ملازمة الصدق والامانة فی جمیع اقواله
حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی ابو سعید کی روایت ہی اور اسمین تاجر کو رغبت دلانی ہی سچ اور امانت اختیار کرنی پر تمام اقوال

وافعاله لاسيما في بيعه وشرائه كما هو مقتضى صيغة المبالغة في الصدوق والامين فان رب الارباب ومسبب
اور افعال مین خاص کر بیع اور شرا مین جیسی کہ مطلب مبالغہ کی صیغہ کا ہی لفظ صدوق اور امین مین بیشک پروردگار عالم اور مسبب
الاسباب جعل الاخرة دار الثواب والعقاب وجعل الدنيا دار التشمر والاكتساب لكن ليس التشمر في الدنيا مقصورا
الاسباب نی آخرت کو ثواب اور عذاب کا گہر بنایا ہی اور دنیا کو محنت کشی اور تحصیل کا گہر مقرر کیا لیکن دنیا مین صرف آخرت کی لئی محنت کشی
على الاخرة بدون للعيشة بل المعيشة ذريعة الى الاخرة ولا يكون المعيشة ذريعة الى الاخرة ما لم يتادب المتشمر في
بدون معیشت کی نہین ہی بلکہ معیشت آخرت کا وسیلہ ہی اور معیشت آخرت کا وسیلہ نہین ہوسکتی جب تک دنیا کا طالب طریقہ شرعی
طلبها باداب الشرع فان الشرع اعتبر في طلبها اركانا وشروطا يجب عليه رعايتها عند مباشرته في طلبها حتى يكون
اختیار نکری کیونکہ شرع نی دنیا کی طلب کیواسطی ارکان اور شرطین ٹہرائی ہین جب دنیا کی طلب کری تو اونکی رعایت واجب ہوتی ہی تاکہ
كسبه صحيحا خاليا عن البطلان والفساد خالصا عن شائبة الحرمة والكراهة اذ لو ترك رعايتها لا يكون كسبه
اوسکی کمائی درست بطلان اور فساد سی خالی اور حرمت اور کراہت کی لونی سی صاف ہو کیونکہ اگر اون قواعد شرعی کی رعایت نکریگا تو اوسکی کمائی
صحيحا بل تارة يكون باطلا وتارة يكون فاسدا فلا يكون خاليا عن الحرمة والكراهة فعلى هذا لابد له من معرفة
درست نہو گی بلکہ بعضی دفعہ باطل اور بعضی دفعہ فاسد ہوگی پہر حرمت اور کراہت سی کبہی پاک نہو گی اس بیان کی موافق اوسکو بیع اور شرا
البيع والشراء وكيفية انعقادهما حتى يميز عنده الباطل من الفاسد والفاسد من الصحيح ويتخلص من الحرمة والكراهة
اور کیفیت انعقاد کی معرفت پیدا کرنی ضرور چاہیئ تاکہ باطل کو فاسد سی اور فاسد کو صحیح سی الگ الگ کرسکی اور حرمت اور کراہت سی بچ جاوی
ويتيسر له الصدق والامانة فيهما فالبيع مبادلة المال بالمال وينعقد بالايجاب والقبول والمراد بالايجاب الكلام الصادر
اور بیع اور شرا مین صدق اور امانت میسر ہوسکی تو اب بیع بدلنا مال کا مال سی ہی اور ایجاب اور قبول سی پوری ہوتی ہی اور مراد ایجاب سی کلام اول کی ہی
من احد العاقدين اولا بايعا كان او مشتريا والمراد بالقبول الكلام الصادر من الاخر ثانيا بايعا كان او مشتريا
جو دونو مین کسی ایک سی صادر ہو بایع ہو یا مشتری اور قبول سی مراد کلام دوسری کی ہی جو دوسری سی صادر ہو بایع ہو یا مشتری
وانما ينعقد بهما اذا كانا بلفظ الماضي مثل ان يقول البايع للمشتري بعت منك هذا بكذا فيقول المشتري اشتريت
اور بیع ایجاب اور قبول سی جب گنٹہتی ہی کہ وہ دونو ماضی کی لفظ ہون جیسی بایع مشتری سی کہی یہہ مال مین تیری ہاتہ اتنی کو بیچ چکا پہر مشتری کہی مین لی چکا
او يقول المشتري للبايع اشتريت منك هذا بكذا فيقول البايع بعت لان البيع انشاء تصرف شرعي والانشاء اثبات ما
یا پہلی مشتری بایع سی کہی مین تجہسی یہہ چیز اتنی کو مول لی چکا پہر بایع کہی مین بیچ چکا اس لئی کہ بیع انشا یعنی نیا تصرف شرعی ہوتا ہی اور انشا مین قایم کرنا
لم يكن ثابتا وهو لا يعرف الا بالشرع لان واضع اللغة لم يضع له لفظا خاصا والشرع قد استعمل فيه اللفظ الموضوع
معدوم کا ہوتا ہی اوسکا علم بدون شرع کی نہین ہوتا اسواسطی کہ لغت بنانیوالی نی اسکی لئی کوئی خاص لفظ نہین وضع کیا اور شرع نی اسمین ایسا لفظ
للاخبار المستعمل في الماضي الذي يدل على الوجود حتى يدل على ان هذا التصرف مما يراد وجوده فينعقد به البيع و
جو ماضی مین خبر کی واسطی مستعمل ہوتا ہی استعمال کیا ہی جسمین وجود پر دلالت ہوتی ہی تاکہ یہہ معلوم ہو کہ یہہ ہی تصرف مقصود ہی پہر اوس سی بیع منعقد ہوجاتی ہی
لا ينعقد بلفظين احدهما امر بل لابد فيه من ثلثة الفاظ كما اذا قال المشتري للبايع بع مني هذا بكذا وقال البايع
اور ایسی لفظون سی منعقد نہین ہوتی جو ایک امر ہو بلکہ اسمین تین لفظون کی ضرورت پڑتی ہی جیسی اگر مشتری بایع سی کہی یہہ مال میری ہاتہ اتنی کو بیچدی اور بایع کہی
بعت فما لم يقل المشتري ثانيا اشتريت لا ينعقد البيع وكذا اذا قال البايع للمشتري اشتر مني هذا بكذا وقال المشتري
مینی بیچا پہر جبتک مشتری دوبارہ یون نکہیگا کہ مینی خریدا تو بیع منعقد نہو گی اور ایسی ہی اگر بایع مشتری سی کہی مجہسی یہہ اتنی کو خرید لی اور مشتری کہی
اشتريت فما لم يقل البايع ثانيا بعت لا ينعقد البيع واما اذا كان احد اللفظين او كلاهما مضارعا فينعقد البيع اذا قارنه
مین نی خریدا پہر جبتک بایع دوبارہ یون نکہیگا کہ مین نی بیچا تو بیع منعقد ہو گی اور اگر دونو مین سی ایک کلام یا دونو کلام مضارع ہون تو بہی بیع منعقد ہوجاتی ہی

النية ويحمل لفظ المضارع على الحال وكذا ينعقد البيع بكل ما يدل على معنى بعت واشتريت كما اذا قال البايع

ثابت ہوا اور اس لفظ مضارع سے حال کی معنی لیلینگے اور ایسی ہی بیع ہر لفظ سے جس میں بعت کی اشتریت کی معنی ہوں منعقد ہو جاتی ہے جیسے بایع مشتری سے کہے

للمشتري بعت منك هذا بكذا وقال المشتري قبلت او قال المشتري للبايع اشتريت منك هذا بكذا وقال البايع

میں نے یہہ شی تیری ہاتھ اتنی کو بیچی اور مشتری کہے میں نے قبول کی یا مشتری بایع سے کہے میں نے تجھ سے فلانی چیز اتنی کو مول لی اور بایع کہے

خذه ينعقد البيع في كلتا الصورتين اما في الصورة الاولى فظاهر واما في الصورة الثانيه فلانه لما امره ان

لیلے تو بیع دونوں صورتوں میں منعقد ہو جاوے گی پہلی صورت میں تو ظاہر ہے اور رہی دوسری صورت سو اسلئے کہ جب بایع نے اسکو

ياخذه بالبدل وهو لا يكون الا بالبيع صار كانه قال بعته منك به فخذه فيقدر البيع اقتضاء فيثبت العقد

عوض بدل کی لیلینے کی اجازت دی تو یہہ بدلہ بدون بیع کی نہیں ہوتا تو انجام اسکا یہہ ہوا گویا بایع نے کہا میں نے تیری ہاتھ اتنی کو بیچی سو تو لیلے پس بیع

باعتباره لا بلفظين احدهما امر صحيحا في ما سبق لان المعنى هو المعتبر في هذه العقود وهذا ينعقد البيع بالتعاطي

باعتبار اقتضاء کی مقدر ہوگی پس انعقاد بیع کا اس اعتبار سے ہوگا اور بیع منعقد نہیں ہوتی ایسے دو لفظوں سے کہ ان میں سے ایک امر ہو کہ منافی بیان سابق کی ہو اسلئے کہ ان عقود

في الخسيس والنفيس هو الصحيح لتحقق المرضيات لكن لابد فيه من الاعطاء من الجانبين عند البعض وعند البعض

مبیع کم بہا ہو یا بیش بہا یہی مذہب صحیح ہے کیونکہ رضامندی ہو جاتی ہے لیکن اس صورت میں بعضوں کی نزدیک ضرور ہے کہ دونوں طرف سے ثمن اور مبیع کا دینا

يكفي الاعطاء من جانب واحد فان محمدا اشار في الجامع الصغير الى ان تسليم المبيع يكفي في تحقق البيع هذا

ایک طرف سے ادا کرنا ہی کفایت کرتا ہے کیونکہ امام محمد رح نے جامع صغیر میں یہہ اشارہ کیا ہے کہ مبیع کا حوالہ کر دینا واسطے ثبوت بیع کی کافی ہے یہہ اس صورت میں

اذا بين الثمن او كان معلوما كما اذا قال رجل لبايع الحنطة بكم تبيع الحنطة فقال قفيز بدرهم فقال كلني

ہے کہ ثمن بیان کر دیں یا کسیطرح سے معلوم ہو جیسے کوئی گیہوں بیچنے والے سے پوچھے گیہوں کیا بہاؤ بیچتا ہے اوسنے کہا فی روپیہ ایک پیمانہ پہر اوسنے کہا مجکو پانچ

خمسة اقفزة فكاله فذهب بها فهذا بيع فعليه خمسة دراهم وكذا لو اشترى وقرا من الحطب بثمانية ثم

قفیز ناپ دے پہر اوسنے ناپ دیئے پہر وہ لیکر چلا گیا یہہ بیع پوری ہے اور اوسکے ذمہ پانچ روپیہ ہیں اور ایسے ہی اگر ایک بہار لکڑی کا آٹھ پیسے کو خریدا پہر

قال ائت بوقر اخر والقه ههنا ففعل فهذا بيع وله ان يطلب الثمانية ولو قال لبايع الحطب بكم تبيع هذا الوقر

کہا ایک بہار اور لاکر یہاں ڈالدے اوسنے لا ڈالا تو یہہ بیع پوری ہے اور اوسکو مطالبہ آٹھ پیسے کا پہنچتا ہے اور اگر لکڑہارے سے کہا یہہ گٹھا لکڑی کا کتنی کو

من الحطب فقال بثمانية فقال سق الحمار فساقه اختلفوا فيه قال بعضهم لا يكون بيعا ما لم يتسلم الحطب ولم ينقد

بیچتا ہے اوسنے کہا آٹھ پیسے کو پہر اوسنے کہا گدہا ہانک لیچل پہر وہ ہانک لیگیا اسمیں اختلاف کرتے ہیں بعضے کہتے ہیں بیع پوری نہیں ہوتی جبتک لکڑیاں حوالہ نکردے

الثمن وقال بعضهم يكون بيعا لانهما تراضيا على التمليك والتملك والتراضي هو المعتبر في الباب الا انه لما كان

اور پیسے نہ لیلے اور بعضے کہتے ہیں بیع ہو گئی کیونکہ دونوں لینے دینے پر راضی ہیں اور تملیک اور دونوں کی رضامندی ہی بیوع میں معتبر ہے اتنا ہے کہ دلکی رضامندی

باطنة اقيم الايجاب والقبول مقامه لدلالتهما عليه فاذا اوجب احد العاقدين بايعا كان او مشتريا كما اذا قال البايع

امر مخفی ہے ایجاب قبول کو اوسکی جگہ ٹہرادیا ہے اس سے رضا معلوم ہوجاتی ہے پہر جب ایک نے ایجاب کیا بایع ہو یا مشتری جیسے کہ بایع مشتری سے کہے

للمشتري بعت منك هذا بكذا او قال المشتري للبايع اشتريت منك هذا بكذا فالاخر بالخيار ان شاء قبل

میں نے تیری ہاتھ فلانی شی اتنی کو بیچی یا مشتری بایع سے کہے میں نے تجھسے اتنی کو مول لی اب دوسرے کو اختیار ہے چاہے اوس مجلس میں عقد کو قبول کرے

العقد في المجلس وان شاء رده وهذا الخيار يسمى خيار القبول ويمتد الى اخر المجلس ولا يبطل بالتاخير اليه و

اور چاہے رد کرے اور اس اختیار کو خیار قبول کہتے ہیں اور یہہ اختیار آخر مجلس تک باقی رہتا ہے مجلس تک تاخیر سے باطل نہیں ہوتا

ان طال ما لم يظهر ما يبطله اذ يحتاج اليه المرء للترديد وليس له ان يقبل العقد في البعض دون البعض اذ فيه

اگرچہ مجلس دراز ہو جاوے جبتک ایسی حرکت ظاہر نہو جس سے خیار باطل ہو جاوے کیونکہ آدمی کو مہلت کی حاجت رد کرنیکی لئے ہوتی ہے اور اوسکو یہہ اختیار نہیں ہے کہ مبیع کو

تفريق الصفقة فيتضرر به احد العاقدين لان المبيع ان كان واحدا يلزمه ضرر الشركة وان كان متعددا فالعادة

صفقہ یعنی عقد پورا نہین رہتا پہر دونون مین سے کسی ایک کا نقصان ہوگا کیونکہ مبیع اگر ایک شی ہی تو نقصان شرکت کا لازم آتا ہی اور اگر کئی ہین تو عادت یون پڑ گئی ہی

ضم الجيد الى الردي ونقص ثمن الجيد لترويج الردي فلو ثبت له خيار القبول في البعض يقبل الجيد ويترك

کہ عمدہ کو ناقص کی ساتہہ ملا کر ناقص کی نکاسی کی لئی عمدہ کی قیمت کچہہ کم کر دیتی ہین اب اگر اوسکو یہہ اختیار رہو دی کہ جو نسی چاہی چہانٹ لی تو وہ عمدہ کو لیلیو یگا اور

الردي فيزول الجيد عن يد البايع باقل من ثمنه وفيه ضرر له الا اذا كرر العقد وبين ثمن كل واحد بان

ناقص کو نہ لیگا تو بایع کی ہاتہہ سی عمدہ مبیع کم قیمت کو جاتی رہی گی اور اسمین بایع کا بڑا ضرر ہی ہان اگر دوبارہ عقد کری اور ہر ایک کا ثمن جدا جدا بیان کر دی

قال بعت هذا بكذا وهذا بكذا فحينئذ ينتفي الضرر عنه فالم يحصل القبول يبطل الايجاب بقيام واحد منهما

اسطور کہ مینی یہہ اتنی کو اور یہہ اتنی کو بیچا اب اوسکا کچہہ ضرر نہین ہی پہر جبتک قبول نہو دی تو ایجاب دونون مین سی ایک کی کہڑی ہو لی

ايهما كان ولا يبقى لواحد منهما ولاية القبول بعده لان القيام دليل الرجوع وكذا لو قال البايع للمشتري بعت

کوئی ہی کہڑا ہو جاوی پہر دونون مین سی کسیکو اختیار قبول کا باقی نہین رہتا کیونکہ کہڑا ہو جانا رجوع کی دلیل ہی اور ایسی ہی اگر بایع نی مشتری سی کہا مین نی تیری ہاتہہ مبیع

منك هذا بكذا ولم يقل المشتري شيئا حتى كلم البايع انسانا في حاجة لم يبطل الايجاب واذا حصل الايجاب

اتنی کو بیچا ابہی مشتری نی کچہہ جواب نہین دیا کہ بایع اور شخص سی کچہہ بات چیت کرنی لگا تو ایجاب باطل نہین ہوگا اور جب ایجاب قبول دونو ہو چکی

والقبول تم العقد ولا يكون لواحد منهما خيار اصلا لا في المجلس ولا بعده الا من عيب او عدم رؤية

ہین تو عقد پورا ہو جاتا ہی اب دونون مین سی ہرگز کسیکو کچہہ اختیار ہیر نی پہیر نیکا نہین ہی نہ مجلس مین نہ بعد مجلس کی مگر بسبب عیب کی یا نہ دیکہنی کی

وفي العوض المشار اليه مبيعا كان او ثمنا يكفي الاشارة في صحة البيع بلا علم بقدره ووصفه وفي غير

اور عوض مین جو سامنی موجود ہو مبیع ہو یا ثمن واسطی صحت بیع کی بدون دریافت مقدار اور وصف کی اشارہ کفایت کرتا ہی اور جو سامنی نہو

المشار اليه لابد من علم بقدره ووصفه لان التسليم واجب بالعقد ويمتنع حصوله بالجهالة المفضية

تو اوسکی مقدار اور وصف کا علم ضرور چاہئی اسلئی کہ بعد عقد کی تسلیم واجب ہو دیگی اور بسبب جہالت کی جس سی جہگڑا پیدا ہوتا ہی ہرگز نہین ہو سکتی

الى النزاع ويصح البيع بثمن حال وثمن مؤجل لاطلاق قوله تعالى واحل الله البيع ولما روي انه عليه السلام

اور بیع ثمن حالی یعنی نقد اور ثمن مؤجل یعنی ادہار دونو صحیح ہو جاتی ہی کیونکہ آیت مین کوئی قید نہین ہی اور حال کی اسلی بیع کو اور اسلئی کہ روایت ہی

اشترى من يهودي طعاما الى اجل ورهن درعه لكن لابد ان يكون الاجل معلوما اذ لو لم يكن معلوما بل

ایک یہودی سی ایک مدت پر ادہار غلہ مول لیا اور زرہ گروی رکہہ دی لیکن مدت کا معلوم ہونا ضرور چاہئی اسواسطی کہ اگر مدت معلوم نہو گی بلکہ

كان مجهولا كالبيع الى قدوم الحاج او الى الحصاد او الى الدياس او الى القطاف او الى الجزاز لكانت جهالته مانعة من

مجہول ہوگی جیسی بیچنا بشرط ادہار ثمن حاجیون کی آنی پر یا کہیتی کٹنی پر یا پیر اوشنی پر یا انگور ٹوٹنی پر یا اون کترنی پر تو یہہ جہالت بیشک تسلیم ثمن سی

التسليم الواجب بالعقد لان هذه الاوقات تتقدم تارة وتتاخر اخرى فربما يطالبه البايع في قريب المدة و

مانع ہوگی جو عقد سی واجب ہو گئی ہی اسلئی کہ یہہ اوقات کہین آگی ہوتی ہین اور کہین پیچہی سو کبہی بایع اول وقت مین مطالبہ کریگا اور

المشتري يؤخره الى بعيدها ويقع بينهما التنازع الموجب لفساد العقد ولو انهما تبايعا الى هذه الاجال ثم تراضيا

مشتری پچہلی وقت تک ٹال دیگا پہر اون دونو مین جہگڑا پڑیگا جس سی عقد فاسد ہو جاتا ہی اور اگر دونو نی بیع انہی اوقات مذکورہ پر کی پہر دونو نی راضی ہوکر

باسقاط الاجل قبل قدوم الحاج وشروع الناس في الحصاد والدياس وغيرهما ينقلب البيع صحيحا لارتفاع المفسد

حاجیون کی آنی سی اور کہیتی کی کاٹنی سی اور پیر کی دہانی وغیرہ سی پہلی مدت موقوف کی تو وہ ہی بیع صحیح ہو جاویگی کیونکہ مفسد پہلی

قبل تقرره ولو وقع بينهما البيع مطلقا ثم اجل الثمن الى هذه الاوقات يجوز لان هذا تاجيل الدين والجهالة

جاتا رہا اور اگر دونو مین بیع بلا شرط واقع ہوئی پہر بعد اسکی ثمن کی یہہ ہی اوقات مقرر کر دئی تو جائز ہی اسلئی کہ یہہ دین کی مدت ہی اور تہوڑی سی

البسيرة

اليسيرة متحملة فيه لان كل دين اذا اجله صاحبه الى اجل معلوم او الى اجل مجهول جهالة يسيرة كالتاجيل

جہالت کی اسمین گنجایش ہوسکتی ہی کیونکہ کوئی دین ہو جب قرض خواہ اوسکی مدت معین معلوم یا مدت کچہ مجہول مقرر کردیتا ہی جیسی مدت

الى هذه الاوقات يصير ذلك الدين مؤجلا ويكون تاجيله لازما الا القرض فان تاجيله لا يكون لازما

ان اوقات مذکورہ کی تو وہ دین مؤجل ہوجاتا ہی اور اوسکی مدت لازم ہوجاتی ہی سوا قرض نقد کی بیشک اسکی مدت لازم نہین ہوتی

بل يجوز ابطاله لكونه من التبرعات ولا جبر فيها كما في الاعارة ولو اريد ان يكون تاجيله لازما فطريقه ان يحيل

بلکہ اوسکا ابطال جایز ہی کیونکہ یہ قرض صرف احسان ہوتا ہی اسمین کوئی زبردستی نہین چلتی جیسی عاریت مین اور اگر چاہو کہ قرض نقد کی مدت لازم ہوجاوی تو یون طریقہ ہی

المستقرض المقرض على رجل بدينه فيؤجل المقرض ذلك الرجل مدة معلومة فحينئذ يكون التاجيل لازما

کہ قرضدار قرض خواہ کو اپنی دین کا حوالہ اور شخص پر کردی پہر قرض خواہ اوس شخص کی لئی مدت معلومہ مقرر کردی پس اب مدت لازم ہوجاویگی

حتى لو اراد المقرض ان يطالبه قبل تلك المدة ليس له ذلك ومن اشترى شيئا مما ينقل لا يجوز له ان يبيعه حتى

یہانتک کہ اگر قرض خواہ اوس مدت سی پہلی طلب کرنا چاہی تو اوسکو اختیار نہین ہی اور جسنی کوئی شئ منقول مول لی تو اوسکو قبضہ کرنی سی پہلی بیچڈالنا جایز نہین ہی

يقبضه لما روي انه عليه الصلوة والسلام نهى عن بيع ما لم يقبض لما فيه من غرر انفساخ العقد على تقدير

اسواسطی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام نی منع فرمایا ہی بی قبضہ کی ہوئی بیع سی کیونکہ اسمین احتمال عقد ٹوٹنی کا ہوتا ہی اگر مبیع

هلاكه فانه لو هلك قبل قبضه ينفسخ العقد ويعود الى قديم ملك البايع فيكون المشتري بايعا ملك غيره

تلف ہوجاوی بیشک اگر مبیع قبض سی پہلی ہلاک ہوجاوی تو عقد ٹوٹ جاتا ہی اور مبیع بایع کی اصلی ملک مین داخل ہوجاتا ہی تو اب مشتری گویا غیر کا مال

واما اذا قبضه فحينئذ يتم البيع فيكون بايعا ملك نفسه فلما كان قبل القبض لا يدري ان البيع يتم فيكون

بیچتا ہی اور اگر مشتری قبضہ کرچکا تو اب بیع پوری ہوچکی اب اپنا مال بیچتا ہی اور چونکہ قبض سی پہلی نہین معلوم کہ آیا بیع پوری ہوگی کہ اپنا مال بیچتا ہی

بايعا ملك نفسه او ينفسخ فيكون بايعا ملك غيره حكم بعدم الجواز بخلاف بيع العقار قبل قبضه فانه يجوز

یا ٹوٹ جاویگی کہ بیگانہ مال بیچتا ہی تو اسلئی حکم عدم جواز کا ہی برخلاف بیع زمین وغیرہ کی قبضہ سی پہلی کہ یہ بیع جایز ہی

لعدم المانع فيه وهو غرر انفساخ العقد على تقدير الهلاك لان الهلاك في العقار نادر ويجوز التصرف في الثمن

کیونکہ اسمین وہ مانع یعنی شبہ عقد ٹوٹ جانیکا بشرط ہلاک مبیع کی نہین ہی اسلئی کہ زمین کم ہلاک ہوتی ہی اور ثمن مین قبضہ سی پہلی تصرف جایز

قبل قبضه سواء كان مما لا يتعين كالنقود او مما يتعين كالمكيل والموزون حتى لو باع متاعا بدراهم او بكر حنطة

ہی برابر ہی کہ غیر معین ہو جیسی نقود یا متعین ہو جیسی مکیل اور موزون یہان تک کہ اگر کچہ مال بعوض دراہم یا گون گیہون کی

يجوز له ان ياخذ بدلها شيئا اخر لوجود المجوز وهو الملك وانتفاء المانع وهو غرر الانفساخ بالهلاك لان الثمن

بیچا تو بایع کو جایز ہی کہ اونکی بدلہ کوئی اور چیز مشتری سی لیلیوی کیونکہ جایز کرنیوالی یعنی ملک موجود ہی اور مانع نہین ہی یعنی شبہ عقد ٹوٹنی کا ہلاک ہونی سی کیونکہ ثمن

يثبت في الذمة ولا يتعين بالتعيين والمكيل والموزون وان كان مبيعا من وجه لكنه ثمن من وجه فلا ينفسخ

ذمہ پر ثابت ہوجاتا ہی اور تعین کرنی سی معین نہین ہوتا اور مکیل اور موزون اگرچہ ایک وجہ سی مبیع ہین پر ایک وجہ سی ثمن ہین سو بیع انکی ہلاک ہونی سی

البيع بهلاكه والمراد بجواز التصرف في الثمن قبل قبضه جواز تمليكه ممن عليه الدين ولو بعوض لا جواز تمليكه من

نہین ٹوٹیگی اور ثمن مین تصرف قبل قبض جو جایز ہی اس سی یہ مراد ہی کہ جسکی ذمہ پر ثمن ہوتا ہی اوسکو مالک کردی تو جایز ہی اگرچہ بدلہ لی یہ مراد نہین ہی

غير من عليه الدين لان تمليك الدين من غير من عليه الدين ليس بمشروع ويجوز بيع الحنطة وغيرها من

کہ سوا اوسکی یعنی ذمہ دار کی اور کو مالک کرنا جایز ہی اسلئی کہ دین کا مالک کرنا اور کو سوا دین دار کی جایز نہین ہی اور بیچنا گیہون وغیرہ دانہ کا

الحبوب مكايلة ومجازفة وباناء لا يعرف قدره ولا ينكبس بالكبس واما اذا كان ينكبس بالكبس كالزنبيل ونحوه فلا يجوز

پیمانہ سی اور تخمین سی یعنی ڈہیری اور ایک ایسی پیمانہ سی ناپ کر جسکی مقدار معلوم نہو اور کہینچنی سی نہ بڑہتا ہو جایز ہی اور ہان اگر کہینچنی سی بڑہتا ہو جیسی زنبیل وغیرہ

فمن اشترى كيليا مجازفة يجوز له ان يبيعه او ياكله قبل ان يكيله لان البيع يقع على المشار اليه لا على مقدار
اور جس نے کیلی شی کا ڈھیر بے اٹکل سے مول لی تو اوسکو جایز ہے کہ بغیر کیل کئے بیچ ڈالے یا کھا ویوی اسواسطے کہ اس صورت میں بیع موجود کی ہوتی ہی مقدار معین کی نہیں ہوتی

معين فيكون الكل له وان اشتراه بشرط الكيل لا يبيعه ولا ياكله حتى يكيله لاحتمال ان يزيد على المشروط
وہ سبکا سب اوسی کا ہی اور اگر ڈھیری بشرط کیل کی مول لی تو بغیر کیل کئے نہ بیچے اور نہ کھاوی اسواسطے کہ شاید مقدار مشروط سی کچھ بڑھ جاوی

وهو للبايع والتصرف في مال الغير حرام يجب الاحتراز عنه ويكفي كيل البايع بعد بيعه بحضرة المشتري في الصحيح لان
اور وہ بایع کا مال ہوگا اور غیر کی مال میں تصرف حرام ہی اس سی بچنا ضرور ہی اور بیچنے کی بعد مشتری کی سامنے بایع کا کیل کرنا صحیح مذہب میں کفایت کرتا ہی کیونکہ

المبيع يصير به معلوما ويتحقق معنى التسليم ولا اعتبار بكيله قبل البيع ولو بحضرة المشتري لان الشرط كيل
مبیع اس سے ہی معلوم ہو جاتا ہی اور تسلیم ثابت ہو جاتی ہی اور بیچنے سی پہلی بایع کی کیل کا کچھ اعتبار نہیں ہی اگرچہ مشتری کی سامنے ہو اسلئے کہ شرط کیل

البايع او المشتري وهو ليس بواحد منهما ولا بكيل بعد البيع بغيبة المشتري لان الكيل من باب التسليم اذ به يصير
بایع کا ہی یا مشتری کا اور قبل البیع وہ کوئی بھی نہیں ہی نہ بایع ہی اور نہ مشتری اور نہ بعد بیع کی کیل کا کچھ اعتبار مشتری کی پس غیبت میں کیونکہ کیل قسم تسلیم

المبيع معلوما ولا تسليم الا بحضرته وكذا لو اشترى ما يوزن او يعد بشرط الوزن او العد لا يبيعه ولا ياكله حتى
مبیع معلوم ہوتا ہی اور تسلیم مشتری کی موجود ہوئی بغیر نہیں ہوتی اور ایسی ہی اگر تول کی شی یا گنتی کی شی بشرط وزن یا شمار کی مول لی تو بیدون تولی یا گنتی نہ بیچی اور نہ کھاوی

يزنه او يعده الا ان البايع لو وزنه او عده بعد البيع بحضرة المشتري يكفي ولو اشترى ما يذرع بشرط الذرع
جبتک تول یا گن نہ لی اگر بایع بیع کی بعد مشتری کی سامنے تول دی یا گن دی تو کفایت کرتا ہی اور اگر گز گت کی شی بشرط گز گت کی مول لی

يجوز له ان يبيعه قبل الذرع لان الذرع وصف لا يقابله شيء من الثمن فيكون الكل له قال الزيلعي هذا اذا لم يسم
تو جایز ہی کہ ناپنی سی پہلی بیچ ڈالی اسلئے کہ گز گت ایسا وصف ہی کہ اوسکی مقابلہ میں ثمن کچھ نہیں ہوتا وہ سب اوسیکا ہی زیلعی کہتا ہی یہہ اوس صورت میں ہی

البايع لكل ذراع ثمنا واما اذا سمى وقال كل ذراع بكذا فلا يحل للمشتري ان يتصرف فيه حتى يذرعه ومن باع
کہ بایع فی ذرع ثمن نہ ٹہرا دی اور اگر فی درعہ ثمن معین کردی مثلا چار آنہ گز تو مشتری کو حلال نہیں ہی کہ گز گت کئی بغیر اوسمیں تصرف کری اور اگر کسینی

صبرة كل قفيز بكذا ولم يذكر عدد قفزانها لا يجوز البيع عند ابي حنيفة الا في قفيز واحد لتعذر صرف العقد الى
اناج کا ڈہیر بیچا ہر پیمانہ اتنی کو اور بیان نکیا کتنی پیمانہ ہی تو امام ابی حنیفہ کی نزدیک بیع جایز نہیں ہی بجز ایک پیمانہ کی کیونکہ عقد تمام ڈہیر پر نہیں پڑتا

الكل لجهالة المبيع والثمن جهالة تفضي الى النزاع لان البايع يطلب الثمن اولا بموجب العقد والمشتري لا يدفعه
اسلئے کہ مبیع اور ثمن دونو ایسی مجہول ہیں جسمیں جہگڑا کہڑا ہو جاوی اسواسطے کہ بایع موافق تقاضا عقد کی ثمن پہلی طلب کریگا اور مشتری نہیں دیگا

لكونه غير معلوم لكون المبيع غير معلوم واذا تعذر صرفه الى الكل يصرف الى الواحد وهو معلوم ولو زالت
کیونکہ ثمن کی مقدار معلوم نہیں ہی اسلئے کہ مبیع معلوم نہیں ہی اور جبکہ عقد کو تمام مبیع پر صرف نہیں کرسکتی تو ایک پیمانہ پر لگاوینگی اور ایک تو معلوم ہی اور اگر

الجهالة في المجلس بالكيل او بذكر جميع القفزان يجوز البيع في جميعها لكن يكون المشتري مخيرا وهكذا الحكم
مجلس کی اندر جہالت دفع ہو جاوی کیل کرنی سی یا تمام پیمانہ بیان کر دینی سی تو بیع تمام ڈہیر کی جایز ہو جاویگی لیکن مشتری کو لینی نہ لینی کا اختیار ہوگا اور تمام

في جميع الموزونات والمعدودات المتقاربة ولو باع قطيع غنم كل شاة بكذا ولم يذكر عددها لا يجوز البيع في جميعها
موزونات اور معدودات میں جو ایک سی ہوں ایسا ہی حکم ہی اور اگر ریوڑ بکریوں کا اسطور بیچا کہ ہر ایک راس اتنی کو اور اونکی گنتی بیان نکی تو امام ابو حنیفہ کی نزدیک

عند ابي حنيفة كما ذكر ان العقد يصرف الى الواحد وهو متفاوت لكون افراد الشاة متفاوتة وتفاوت الافراد
بیع سراسر جایز نہیں ہی چنانچہ ذکر ہو چکا ہی کہ عقد ایک عدد پر مصروف ہوتا ہی اور وہ متفاوت ہی اسلئے کہ راس بکریوں کی ایک سی نہیں ہوتی اور تفاوت افراد کا

يقتضي الجهالة المفضية الى النزاع وكذا الحكم في كل معدود متفاوت اذا باع عدل ثوب كل ثوب بكذا ولم يذكر
ایسی جہالت ہوتی ہی کہ جسمیں جہگڑا کہڑا ہو جاوی اور ہر ایک معدود متفاوت کا ایسا ہی حکم ہی اگر گٹہڑی تہان کی اسطور بیچی کہ ہر ایک تہان اتنی کو اور گنتی بیان

عددها لا يجوز البيع في جميعها للجهالة المفضية الى النزاع وعندهما يجوز البيع في جميع ذلك وقد ذكر في
گنتی تو بیع سراسر جایز نہوگی بسبب جہالت کی جو جھگڑا اکھڑا کردیتی ہی اور صاحبین کی نزدیک بیع تمام کی جایز ہی اور فتاوی قاضیخان مین

فتاوى قاضيخان ان الفتوى على قولهما تيسيرا على الناس ولو ذكر عددها وقال للمشتري بعت منك هذا
مذکور ہی کہ لوگون پر آسانی کی واسطے صاحبین کی قول پر فتوی ہی اور اگر بایع نے گنتی بیان کرکر مشتری سی کہا مین نے تیری ہاتہہ یہہ ریوڑ

القطيع على انه مائة شاة او هذا العدل على انه مائة ثوب بكذا يصح البيع لكون كل من المبيع والثمن معلوما
کہ سو بکریان ہین اور یہہ گٹھڑی کہ سو تھان ہین اتنی کو بیچا تو بیع صحیح ہی اسواسطے کہ مبیع اور ثمن نام لینی سی دونو معلوم ہوگئی ہین

بالتسمية لكن ان وجده المشتري اقل او اكثر يفسد البيع اما فساده اذا وجده اكثر فلعدم دخول الزوائد
لیکن اگر مشتری نی کم یا زیادہ پائی تو بیع فاسد ہوجاویگی پہر فساد بیع کا زیادتی کی صورت مین اسواسطے ہی کہ فرد زاید عقد کی

تحت العقد فيجب رده وهو مجهول لكون افراد الشاة او الثوب متفاوتة واما فساده اذا وجده اقل فلوجوب
تلی نہین آیا تو اوسکا پھیر دینا واجب ہی اور وہ معلوم نہین کونسا ہی اسلئی کہ اس بکریون کی یا تھان کپڑی کی ایک سی نہین ہین اور فساد بیع کا کمی کی حالت مین اسلئی ہی کہ

سقوط حصة الناقص من الثمن عن ذمته وهي مجهولة اذ لا يدري ان الناقص كان جيدا او وسطا او رديا ولو
مقدار قیمت کتنے فرد کی منجملہ ثمن کی اوسکی ذمہ سی کم کرنی چاہیی اور وہ معلوم نہین کیا معلوم ہی کہ کمی کا تھان یا اس عمدہ ہی یا درمیانہ ہی یا کمتیل ہی اور اگر

بيّن لكل منها ثمنا وقال كل شاة او كل ثوب بكذا يصح البيع في الاقل لكن يكون المشتري مخيرا ان شاء اخذ الموجود
بایع نے ہر ایک کا ثمن بیان کردیا کہ ہر بکری اس اور ہر ایک تھان اتنی کو تو بیع کمی کی صورت مین صحیح ہی لیکن مشتری کو اختیار ہی چاہی موجود کو حصہ رسد

بحصته من الثمن لكونه معلوما وان شاء تركه ويفسد في الاكثر لجهالة المبيع ومن قال لغيره بعت منك كرا من
ثمن مین سی مول لیلی کیونکہ معلوم ہی اور چاہی نہ لیوی اور بڑہتی کی صورت مین فاسد ہی کیونکہ مبیع مجہول ہی اور جس نی دوسری سی کہا مین نی تیری ہاتہہ پیمانہ

الحنطة التي في هذا الانبار او من هذا الكدس ثم اعطاه حنطة من موضع اخر لا يجوز لان ما سوى النقود يتعين
گیہون کا اس ڈہیر مین سی یا اس خرمن مین سی بیچا پہر اوسکو گیہون اور جگہ سی حوالہ کئی تو جایز نہین ہی اسلئی کہ سب شی سوای نقود کی تعین کرنی سی

بالتعيين فلا يجوز استبداله واقامة الاخر مقامه الا بالفسخ وتكرار العقد ومن باع شيئا وقال للمشتري بعته منك
معین ہوجاتی ہی پس اوسکا بدلنا اور دوسری کا اوسکی جگہ قایم کرنا جایز نہین ہی ہان وہ عقد توڑ کر دوبارہ عقد کری تو جایز ہی اور جس نی کوئی شی بیچی اور مشتری سی کہا مین نی یہہ شی تیری ہاتہہ

بغير ثمن يكون البيع باطلا لان الثمن اذا نفي ينتفي ركن البيع فلا يكون بيعا ولو باعه وسكت عن ثمنه لا يبطل البيع
بغیر ثمن کی بیچی تو یہہ بیع باطل ہی کیونکہ جب ثمن نہین ہوتا تو بیع کا رکن نہین ہوتا تو بیع کب ہوگی اور اگر کوئی شی بیچی اور ثمن سی چپ کر رہا تو بیع باطل نہین ہوتی

بل يفسد لان مطلق البيع يقتضي المعاوضة واذا سكت عن الثمن يكون غرضه القيمة ويصير كانه باعه
بلکہ فاسد ہوتی ہی اسلئی کہ مطلق بیع معاوضہ کو چاہتی ہی اور جب اوسنی ثمن بیان نکیا تو اوسکی غرض قیمت لینیکی ہی اسکا انجام یہہ ہی کہ گویا قیمت کو بیچا

بقيمته وبيع الشيء بقيمته فاسد لا باطل والحاصل ان البيع اذا لم يكن صحيحا فهو قد يكون باطلا وقد يكون
اور شی کو قیمت سی بیچنا فاسد ہوتا ہی باطل نہین ہوتا اور حاصل یہہ ہی کہ بیع اگر صحیح نہین ہوتی تو پہر وہ بعضی دفعہ باطل ہوتی ہی اور کبہی

فاسدا فلا بد من بيان كل منهما ليمكن الاحتراز عنهما فالبيع الباطل ما لا يصح باصله ووصفه ولا يفيد الملك اصلا
فاسد اب ہر ایک کا بیان کرنا ضرور ہوا تاکہ ان دونو سی بچ سکین سو بیع باطل تو وہ ہی کہ اپنی اصل اور وصف مین صحیح نہو اور ہرگز فایدہ ملک کا نہین دیتی

ولهذا قيل من غلب على ظنه ان اكثر معاملة اهل السوق على البطلان ليس له ان يشتري منهم شيئا ولا يحل له ما
اسیی لئی کہتی ہین جسکو گمان غالب یون ہو کہ اکثر معاملات ان بازار والون کی باطل ہوتی ہین تو اوسکو جایز نہین ہی کہ اونسی کوئی چیز مول لی اور جو مال اونسی لیگا

اشتراه منهم والبيع الفاسد ما يصح باصله لا بوصفه ويفيد الملك في المبيع بعد قبض المشتري اياه لكن لا على
حلال نہوگا اور بیع فاسد وہ ہی جو اصل مین صحیح ہو وصف مین غیر صحیح اور مبیع پر جب مشتری قبضہ کر لیتا ہی تو فایدہ ملک کا دیتی ہی لیکن پاکیزگی کی

وجه الطيب بل على وجه الخبث ولهذا قيل لا يحل له ان يتصرف فيه بتمليك او انتفاع حتى لو كان طعاما
راہ سے نہیں بلکہ خباثت کی راہ سے اسی واسطے کہتے ہیں کہ ایسی مبیع میں تصرف یعنی کسیکو مالک کرنا یا نفع لینا حلال نہیں ہے یہان تک کہ اگر طعام ہو

لا يحل له اكله ولو كان جارية لا يحل له وطيها بل يجب على كل واحد من البايع والمشتري فسخ العقد دفعا للفساد
تو کہانا حلال نہیں ہے اور اگر لونڈی ہے تو صحبت حلال نہیں ہے بلکہ ہر ایک بایع اور مشتری پر واسطے اوٹہانے فساد کی عقد کا توڑنا واجب ہے

وان لم يفسخا بل باع المشتري ما قبضه بالشراء الفاسد بعقد صحيح ينفذ بيعه لانه لما ملكه ملك تمليكه لغيره
اور اگر دونوں ملکر بیع نہ توڑیں بلکہ مشتری اپنی وہی مبیع بیع فاسد کا قبضہ میں لیکر اور کے ہاتھ عقد صحیح سے بیچ ڈالا تو اوسکی بیع قایم رہیگی کیونکہ جب مبیع کا مالک ہوا تو

تو اوسکی نماز قبول نہین ہوتی اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو غلام بہاگ جاتا ہی اوس سی ذمہ خالی ہی اور مولی کو

للمولی اذا طالت مدة مملوکه فی خدمته ان یعتقه لعله یخرج به مما بقی علیه من حقوقه ومظالمه راسا

لازم ہی کہ جب غلام کو خدمت کرتی ہوئی مدت دراز ہوجاوی تو اوسکو آزاد کردی کیا بعید ہی کہ اسکی سبب باقی حقوق اور مظالم سی برابر برابر بچ جاوی

براس ولعل الله تعالی یعتق بکل عضو منه عضوا منه لما روی عن ابی هریرة انه علیه السلام قال

شاید کہ اللہ تعالی غلام کی ہر عضو کی بدلہ اسکی اعضا کو آزاد کردی کیونکہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا

من اعتق رقبة مسلمة اعتق الله تعالی بکل عضو منه عضوا من النار حتی فرجه بفرجه وفیها اشارة

جسنی غلام مسلمان آزاد کیا تو اللہ تعالی اوسکی ہر عضو کی بدلہ اسکی اعضا آگ سی آزاد کریگا یہان تک کہ اسکی شرمگاہ اوسکی شرمگاہ کی بدلہ اسمین اشارہ ہی

الی استحباب اعتاق کامل الاعضاء بان لا یکون مجبوبا او خصیا انما المقابلة اذ فهم منه انه تعالی

کہ آزاد کرنیکا حق یہہ ہی کہ اعضا کامل ہون ایسا کہ ذکر بریدہ یا خوجہ نہو تا کہ پورا مقابلہ ہو جاوی اسلئی کہ اس حدیث سی یون معلوم ہوتی

یعتق فرج المعتق من النار بمقابلة اعتاق فرج مملوکه من الرق ولذلك قیل المستحب ان یعتق الرجل

کہ اللہ تعالی معتق کی شرمگاہ آگ سی آزاد کردیتا ہی بدلہ مین آزادگی شرمگاہ غلام کی غلامی کی اسیلئی کہتی ہین کہ مستحب یہہ ہی کہ مرد تو غلام آزاد کیا کری

عبدا والمراة امة تحقیقا للمقابلة وکذا ینبغی للسید اذا اتی مملوکه بطعام قد اصلحه ان یقعده معه

اور عورت لونڈی تا کہ مقابلہ ثابت ہوجاوی اور ایسی ہی سید کو لازم ہی کہ جب غلام کہانا پکا کر لاوی تو اوسکو اپنی ساتہہ دستر خوان پہ بٹہالی

علی الخوان وان لم یقعده یعطیه لقمة ویقول له کل هذه لما روی عن ابی هریرة انه علیه السلام

اور اگر نہ بٹہاوی تو ایک لقمہ ہی دیدی اور کہدی کہ کہالی کیونکہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا

قال اذا صنع لاحدکم خادمه طعامه ثم جاء به وقد ولی حره ودخانه فلیقعده معه فلیاکل وان

جب تمہاری نوکر غلام کہانا پکاوی پہر لیکر آوی اور بیشک اوسنی گرمی اوٹہائی اور دہوان کہایا تو چاہیی کہ اوسکو کہانی کو ساتہہ بٹہالی اور اگر

كان الطعام مستفوها قليلا فليقعده فليضع في يده منه اكلة او اكلتين وفي الفتاوى رجل لا ينفق على عبده

کھانا تھوڑا بہت ہوں اور کہانا تھوڑا ہو تو اسکی ہاتھ میں ایک یا دو لقمے رکھدے اور فتاوی میں ہی کہ ایک شخص غلام کا خرچ نہیں اوٹھاتا

ان كان العبد قادرا على الكسب لا ياكل من مال مولاه بلا رضاه وان لم يكن قادرا على الكسب او منعه

اگر وہ غلام کما سکتا ہی تو مولی کی مال میں سی اوسکی بلا رضا نہ کہاوی اور اگر کما نہیں سکتا یا مولی کمانی نہیں

مولاه عن الكسب يجوز له ان ياكل من مال مولاه بلا رضاه والامة تاكل مطلقا روي عن ام سلمة رض

دیتا تو سب جائز ہی کہ مولی کی مال میں سی بلا اجازت کہالی اور لونڈی بہرحال کہایا کری ام سلمہ سی روایت ہی

انه عليه السلام كان يقول في مرضه الصلوة وما ملكت ايمانكم فانه عليه السلام قرن المماليك بالصلوة

کہ نبی علیہ السلام مرض کی حالت میں فرماتی تھی نماز کی اور مملوک کی حفاظت کرو بیشک نبی علیہ السلام نی ممالیک کو نماز کی ساتھ ملاکر

وامر بحفظهم كما امر بحفظها ليعلم ان القيام بمقدار حاجتهم من الطعام واللباس وتعليم الدين واجب

انکی حفاظت کا حکم دیا جیسی نماز کی حفاظت کا تاکہ معلوم ہو کہ ممالیک کی خدمت بقدر حاجت کہانی پہنی اور دین سیکہنی کی مالکوں کی ذمہ

على من يملكهم كما يجب الصلوة عليهم فان المسلم كما يجب عليه نفقة عبيده واماءه قدر ما يكفيهم كذلك

ایسی واجب ہی جیسی اونپر نماز واجب ہی بیشک مسلمان پر جیسی خرچ غلاموں اور لونڈیوں کا بقدر کفایت واجب ہی ایسی ہی

يجب عليه ان يعلمهم ما فرض الله تعالى عليهم وما نهاهم عنه فان هذا امر قد اهمل اكثر العلماء في هذا

اوسپر یہہ واجب ہی کہ سکہادی اللہ تعالی نی کیا کیا اونپر فرض کیا ہی اور کیا کیا منع کیا ہی بیشک یہہ ایسا کام ہی کہ اس زمانہ میں اکثر علما اوسی چہوڑ دیا ہی

الزمان فضلا عن العوام فان العبيد والاماء في هذا الزمان لا يقصدون بالتعليم اصلا بل انما يقصدون

عوام کو کیا روئیں بیشک غلام لونڈیاں اس زمانہ میں دین سیکہنی کا ارادہ ہرگز نہیں کرتی بلکہ بجز مقاصد

لقضاء المآرب الدنيوية فقط كانهم عند ملاكهم حيوان بهيمي لا تكليف عليهم فان كثيرا ممن يدعي

دنیوی کی کچھہ ارادہ نہیں کرتی گویا وہ اپنی مالکوں کی پاس بیل ڈنگر ہیں اونکی ذمہ احکام شرعی نہیں ہیں بیشک اس زمانہ میں اکثر شخص جو اسلام کی

الاسلام في هذا الزمان يكون عنده عبيد واماء فلا يامرهم بواجب ولا ينهاهم عن حرام بل يكون العبد و

دعوی کرتی ہیں اونکی پاس غلام لونڈیاں ہیں پہر اونکو کسی واجب کا حکم کرتی ہیں اور نہ حرام سی روکتی ہیں بلکہ غلام لونڈیوں کو

الجارية في ملكه عدة سنين لا يصليان الصلوة المفروضة ويرتكبان امورا كثيرة من المناهي والمنكرات

اونکی ملک میں کئی کئی برس گذر جاتی ہیں کہ فرض نماز نہیں پڑہتی اور بہتیری اعمال مناہی اور منکرات کئی جاتی

وهو يريهما ويتغافل عنهما ويظن ان اثمهما عليهما لا عليه ولا يعلم ذلك المسكين انه مؤاخذ بما صدر عنهما

اور میاں دیکہا کرتی ہیں اور کچھہ نہیں کہتی اس خیال میں ہیں کہ اونکا گناہ اونپرہی مجہپر نہیں ہی اور بیچارہ کو یہہ خبر نہیں کہ جو گناہ اونسی ہوگا وہ پکڑا جاویگا

ومسئول عنه ومعاقب عليه يوم القيمة لما روي عن عمر بن الخطاب انه عليه السلام قال كلكم راع

اور اوسی پوچھہ ہوگی اور قیامت کی دن اوسپر عذاب ہوگا کیونکہ عمر بن الخطاب سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا تم سب نگہبان ہو

وكلكم مسئول عن رعيته واذا علم الانسان ان يسئل عن عبيده واماءه يوم القيمة لا يتركهم كالبهائم

اور نگہبانی کی سب سی پوچھہ ہوگی جب آدمی کو یہہ معلوم ہو کہ قیامت کو غلام لونڈیوں کی مجہسی پوچھہ ہوگی تو اونکو شتر بی مہار

المرسلة بلا ضابط ديني ولا زاجر شرعي بل يشدهم بزمام الشريعة ويقيدهم بالاحكام الدينية ويصونهم

بی ضابطہ دینی اور بغیر زاجر شرعی کی کہیلی چہوڑی بلکہ اونکو شریعت کی رسی میں باندہی اور احکام دینی میں گہیری اور عذاب اخروی کی

عن موجبات العقوبات الاخروية اذ قال الله تعالى يا ايها الذين امنوا قوا انفسكم واهليكم نارا فان اهل

اسباب سی بچاوی اللہ تعالی فرماتا ہی ای ایمان والو بچاؤ اپنی جانوں کو اور اپنی گہروالوں کو اوس آگ سی بیشک لفظ اہل

وان كان الاصل فيه ان يطلق على القرابة لكن يطلق على الاتباع ايضا ولا يبعد ان يكون المراد ههنا هذا

اگرچہ اصل میں قرابت دار پر بولتے ہیں لیکن اتباع کو بھی کہتے ہیں اور کیا بعید ہے کہ یہاں عموم کی جہت سے

المعنى لعمومه فعلى هذا يجب على المؤمن ان يعلم عبيده واماءه من احكام الاسلام قدر ما يجب عليهم

یہی معنی مراد ہوں اس تقریر کی موافق مؤمن پر واجب ہے کہ اپنی غلام لونڈیوں کو احکام دینی جسقدر اونپر واجب ہیں سکھا دیوے

ثم يامرهم باداء الفرائض والواجبات وينهاهم عن ارتكاب المعاصي والمحرمات بالرفق اولا فان ابوا

پھر اونسے فرائض اور واجبات ادا کرائے اور معاصی اور محرمات پر عمل کرنے سے منع کردے پہلے تو نرمی سے پھر اگر نہ مانیں

يغلظ الكلام عليهم فان ابوا يضربهم فمن لم يدخل منهم طريق الصلاح بعد ذلك يبيعه لانه مادام

تو زبانی دھمکا کر پھر بھی اگر باز نہ آویں تو مار کر پھر بھی اگر کوئی اونمیں سے طریقہ خوبی کا نہ لے تو اوسکو بیچ ڈالے اسلئے کہ جب تک اوسکی ملک

في ملكه يجب عليه حفظه كما قال قاضيخان في فتاويه رجل له عبد مريض لا يقدر على الوضوء عن

میں رہیگا اوسکی حفاظت کا ذمہ دار ہے چنانچہ قاضیخان اپنی فتاوی میں کہتے ہیں ایک شخص کے پاس غلام بیمار ہے وضو نہیں کرسکتا

محمد يجب على المولى ان يوضيه لانه مادام في ملكه كان عليه تعاهده لكن ينبغي ان يعلم ان المولى و

امام محمد سے ہے کہ مولی پر وضو کرانا واجب ہے اسلئے کہ جبتک اوسکی ملک میں ہے تب تک اوسکا ذمہ دار ہے لیکن سمجھنا چاہئے کہ مولی کو اگرچہ غلام کا مارنا

ان جاز له ان يضرب عبده اذا اتى بما لا يوجب الحد لكن اذا اتى بما يوجب الحد فليس له ان يقيم عليه

جایز ہے اگر وہ ایسی خطا کرے کہ جسمیں حد نہ آتی ہو لیکن اگر ایسا کام کریگا جسمیں حد آتی ہو تو مولی کو اختیار نہیں ہے کہ مقدمہ پیش کیے بے جبتک حاکم

الحد الا باذن الحاكم بعد المرافعة اليه وثبوته عنده فاذا اقام عليه الحد ولم ينزجر يبيعه ولو بثمن بخس

ثابت کرکے حکم نہ دے اسپر حد جاری کرے پھر جب اوسپر حد جاری ہوچکی تو بھی نہ باز آوے تو بیچ ڈالے اگرچہ کم داموں سستا

لما روى عن ابي هريرة رض انه قال اذا زنت امة احدكم فتبين زناها فليجلدها بحد ولا يثرب عليها ثم ان

اسواسطے کہ ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جب کسیکی لونڈی زنا کرے اور وہ ظاہر ہوجاوے تو اوسکو حد مارنی چاہیے اور اوسکو کچھ سرزنش نہ کرے پھر اگر

زنت فليجلدها بحد ولا يثرب عليها ثم ان زنت الثالثة فليبعها ولو بحبل من شعر وفي ذكر الامة على الاطلاق

دوبارہ زنا کرے تو پھر حد مارنی چاہئے اور کچھ سرزنش نہ کرے پھر اگر تیسرے دفعہ زنا کرے تو اوسکو بیچ ڈالے اگرچہ بدلے بال کی رسی کے اور مطلق لونڈی کی ذکر کرنی میں

اشعار بان حدها منكوحة كانت او غيرها الجلد لا انه نصف جلد الحرائر لقوله تعالى فان اتين بفاحشة

یہ اشارہ ہے کہ لونڈی کی حد منکوحہ ہو یا غیر منکوحہ درے ہیں اتنا ہی کہ آزاد عورت سے آدھی بدلیل اس آیت کی پھر اگر کریں بیحیائی کا کام

فعليهن نصف ما على المحصنت من العذاب والمراد بالفاحشة في الاية الزنا وبالمحصنت الحرائر وبالعذاب

تو اونپر ہے آدھی مار جو بی بیوں پر مقرر ہے اور مراد لفظ فاحشہ سے اس آیت میں زنا ہے اور محصنت سے مراد آزاد عورتیں ہیں اور عذاب سے مراد

الجلد لا الرجم لانه لا ينتصف واستدل الشافعي بهذا الحديث على ان للمولى اقامة الحد على مملوكه وقال

درے ہیں سنگسار نہیں ہے کیونکہ سنگسار کا آدھا نہیں ہے اور امام شافعی نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ مولی کو اپنی غلام پر حد جاری کرنیکا اختیار ہے اور

الحنفيون ليس له ذلك الا باذن الامام لقوله عليه السلام اربع الى الولاة وذكر منها الحدود والولاة جمع الوالي

حنفی کہتے ہیں کہ بدون اذن امام کی مولی کو اختیار نہیں ہے بدلیل اس حدیث کی کہ چار باتیں والیوں کے اختیار میں ہیں اونہی میں حدود کو ذکر کیا اور ولاۃ جمع والی کی

وهو اذا اطلق ينصرف الى من له ولاية عامة وهو السلطان او نائبه واما التصريح بالنهي عن التثريب

اور اسکو جب قید بولتے ہیں تو وہ حاکم مراد ہوتا ہے جسکو حکومت عام ہو یعنی بادشاہ یا اوسکا نائب اور صریح ممانعت سرزنش سے لونڈیوں کو

عليها بعد الامر بجلدها فلان عقوبة الزنا قبل ان يشرع الجلد كان التثريب وهو التوبيخ والتعيير

بعد حکم دینی درہ زنی کی اسواسطے ہے کہ زنا کی عقوبت درہ مقرر ہونی سے پہلی تثریب تھی یعنی جھڑکنا اور شرم دلانی

فیکون معنی الحدیث لا یقتصر علی تعییرها بل یقیم علیها الحد وقیل معناه لا تثریب علیها بعد اقامة الحد

تو معنی حدیث کی یہہ ہوئی کہ سرزنش پہ اکتفا نکریں بلکہ اوسپر حد جاری کیجاوی اور بعضی کہتی ہیں اسکی معنی یہہ ہیں کہ جب حد جاری ہوچکی تو اب سرزنش نہیں ہی

علیها واما الامر ببیعها فی الثالثة فلما فیه من ترک المخالطة مع الفساق واهل المعاصی فان قیل کیف یکره

اور اسکو بیچ ڈالنیکا تیسری دفعہ میں حکم اسلئی ہی کہ اسمیں فساق اور فجار کا ملاپ اور صحبت چھوٹتی ہی پہر اگر کوئی اعتراض کری یہہ کیونکر ہی

شیئا لنفسه ویرتضیه لاخیه المسلم مع انه علیه السلام قال لا یؤمن احدکم حتی یحب لاخیه ما یحب

کہ ایک شی کو اپنی لئی برا سمجھی اور بہائی مسلمان کی لئی پسند کری باوجودیکہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ہی مؤمن ہوگا کوئی تم میں سی جبتک کہ پسند کری واسطی بہائی

لنفسه فالجواب انه یبیعها علی قصد ان تستعف عند مشتریها بضبطها او بالاحسان الیها والتوسعة علیها

کی جو اپنی لئی کرتا ہی مسلمان کی جلد بکری اپنی لئی تو اسکا جواب یہہ ہی کہ اس نیت سی بیچی کہ مشتری کی پاس جاکر اوسکی ضبط یا احسان کرنی سی اور فراخی برتنی سی عفیفہ ہوجاوی

وذکر فی نصاب الاحتساب ان من اعتاد ان یشتم ممالیکه کل یوم وکل ساعة لا یقبل شهادته وان کان

اور نصاب الاحتساب میں مذکور ہی جسکی یہہ عادت پڑجاوی کہ غلاموں کو ہر روز اور ہر وقت گالیاں دیا کری تو اوسکی گواہی مردود ہی اور اگر کبھی کبھی گالی دیتا ہو

احیانا تقبل ان لم یکن قذفا وان کان قذفا یسقط العدالة ویوجب الجلد لکن لا یضرب فی الدنیا لان المولی

تو گواہی اوس صورت میں قبول ہوگی کہ وہ گالی قذف نہووی اور اگر قذف ہو تو وہ عادل نہیں رہتا اور دُرّہ مارنی آتی ہیں لیکن دنیا میں نہیں اسلئی کہ مولی پہ

لا یعاقب فی الدنیا بسبب عبده بل یضرب فی الاخرة لما روی عن ابی هریرة انه علیه السلام قال من قذف

دنیا میں غلام کی جہت سی عقاب نہیں ہوتا بلکہ آخرت میں لگینگی کیونکہ ابوہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو شخص اپنی غلام کو

مملوکه وهو بریء مما قال جلد یوم القیمة الا ان یکون کما قال وذکر الفقیه ابو اللیث فی التنبیه عن عامر الشعبی

گالی دیوی اور وہ اوسکی گالی سی پاک ہی تو قیامت کی دن دُرّہ لگینگی ہان اگر اوسکی کہنی کی موافق ہو تو خیر اور فقیہ ابو اللیث تنبیہ میں عامر شعبی سی روایت کرتا ہی

انه قال استسقی رجل من اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم من اهل بیت فدعت المرأة خادمتها فابطأت

کہ ایک شخص نی اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں سی ایک اہل بیت سی پانی مانگا سو بی بی گھروالی نی لونڈی کو بلایا اوسنی دیر کی

فقذفتها فقال ذلک الرجل اما انک تستحدین لها یوم القیمة او تقیمین اربعة انها کما قلت فاعتقها

پہر بی بی نی اوسکو گالی دی پہر اوس شخص نی کہا بیشک قیامت کی دن تجہپر حد لگیگی یا چار گواہ لا کہ یہہ لونڈی ایسی ہی جو تو کہتی ہی پہر بی بی نی اوسکو آزاد کر

قال عسی ان یکفر هذا عنک هذا الحدیث وان دل علی ان قذف المملوک یوجب الحد لکن لا

اوس شخص نی کہا امید ہی کہ تیرا یہہ عوض ہوجاوی اس حدیث سی اگرچہ معلوم ہوتا ہی کہ غلام کو گالی دینی سی حد لازم آتی ہی لیکن حد

یوجبه لعدم الاحصان فیه لان شرط الاحصان فی حد القذف خمسة الحریة والاسلام والعقل و

واجب نہیں ہوتی اسلئی کہ محصن نہیں ہی اسلئی کہ حد قذف میں احصان کی شرطیں پانچ ہیں آزادگی اور اسلام اور عقل اور

البلوغ والعفة عن الزنا فمن لم یوجد فیه واحد من هذه الشروط الخمسة لا یکون محصنا فقذفه

بلوغ اور پاک ہونا زنا سی پہر جسمیں ان پانچ شرطوں میں سی کوئی سی ایک بہی موجود نہو گی تو وہ محصن نہیں ہوگا ایسی کی قذف سی حد نہیں آتی

لا یوجب الحد بل یوجب التعزیر البالغ غایته وهو تسعة وثلثون سوطا عند ابی حنیفة وعند ابی یوسف فی

بلکہ بڑی سی بڑی تعزیر آتی ہی اور وہ نزدیک امام ابو حنیفہ کی انتالیس دُرّہ میں اور امام ابو یوسف کی نزدیک ایک

روایة خمسة وخمسون وفی روایة تسعة وسبعون فان لم یضرب فی الدنیا یضرب فی الاخرة بسیاط

روایت میں پچپن دُرّہ ہیں اور ایک روایت میں اناسی دُرّہ ہیں سو دنیا میں اگر نہ لگینگی تو آخرت میں سب کی سامنی آگ کی دُرّہ لگینگی

من النار علی رؤس الاشهاد ومن یوجد فیه هذه الشروط الخمسة کلها یکون محصنا ویوجب قذفه الحد

اور جسمیں یہہ پانچوں شرطیں تمام موجود ہوں تو وہ محصن ہی اوسکی قذف سی حد لازم آتی ہی

وهو ثمانون سوطا للحر ونصفها للعبد مع عدم قبول شهادتهما ولو بعد التوبة لقوله تعالى والذين يرمون
یعنی اسی درّہ ازاد کی لئی اور اوس کی آدہی غلام کی لئی اور گواہی بہی مقبول نہو گی گرچہ توبہ کرین بدلیل اس آیت کی اور جو لوگ عیب لگاتی ہین

المحصنت ثم لم ياتوا باربعة شهداء فاجلدوهم ثمانين جلدة ولا تقبلوا لهم شهادة ابدا واولئك هم
قیدوالیوں کو پہر نہ لائی چار شاہد تو مارو اونکو اسی چوٹ قمچی کی اور نہ مانو اونکی کوئی گواہی کبہی اور وہ ہی لوگ ہین

الفسقون الا الذين تابوا من بعد ذلك واصلحوا فانه تعالى قد بين في هذه الاية ان الذين يرمون المحصنت
بی حکم مگر جنہون نی توبہ کی اس پیچہی اور سنوار پکڑی بیشک اللہ تعالی نی اس آیت مین بیان فرمایا ہی کہ جو لوگ تہمت زنا کی کرتی ہین پاکدامن عورتون کو

بالزنا ثم لم ياتوا باربعة شهداء يتوجه عليهم ثلثة احكام وجوب جلدهم ورد شهادتهم وكونهم فاسقين لا
پہر نہین لاتی چار گواہ تو اونپر تین حکم جاری ہونگی بالضرور درہ مارنی اور گواہی مردود اور وہ فاسق ہین پہر اتنا ہی

انهم ان تابوا واقروا بالكذب ببراءة المقذوف واستحلوا منه واصلحوا ما افسدوا من كسر العرض وهتك الستر
کہ اگر وہ توبہ کرین اور اپنی جہوٹ اور مقذوف کی برأت کی قائل ہون اور اوس سی معاف کرالین اور جو خرابی کی تہی اوسکو درست کرین یعنی بی آبروئی اور پردہ دری

يرتفع عنهم الفسق للاستثناء الواقع في الاية ولا يرتفع عنهم الجلد ولا رد الشهادة عند العلماء الحنفية والحاصل
تو فسق دور ہو جائیگا بالفعل کہ آیت مین استثناء واقع ہی اور درّہ معاف نہین ہوگا اور نہ گواہی مقبول ہوسکی نزدیک علماء حنفیہ کی اور حاصل یہہ ہی

ان في الاية تصريحا بترتيب الاحكام الثلثة عليهم بمجرد العجز عن اقامة البينة بلا اشتراط الكذب في الحقيقة
کہ آیت مین صاف تینوں حکم اونپر مرتب کر رکہی ہین گواہ گذارنی سی عاجز ہوتی ہی لازم ہین اور کچہہ شرط نہین ہی کہ حقیقت اور نفس الامر مین

ونفس الامر لان القذف خبر يحتمل الصدق والكذب الا انهم هتكوا ستر العفة بلا فائدة حيث عجزوا عن الاثبات
جہوٹ ہووی اسلئی کہ قذف خبر ہی احتمال صدق اور کذب دونو کا رکہتی ہی لیکن وہ عفت کی پردہ دری بلا فائدہ کرکر کہ ثابت نکرسکی

كانوا فاسقين مستحقين للعقوبة التي هي الجلد ورد الشهادة وان كانوا صادقين في نفس الامر اذ قال الله تعالى
فاسق ہو گئی اور سزاوار اس عذاب کی ہوئی یعنی درہ اور رد شہادت گرچہ واقع مین سچی ہی ہون اسواسطی کہ اللہ تعالی فرماتا ہی

لولا جاءوا عليه باربعة شهداء فاذ لم ياتوا بالشهداء فاولئك عند الله هم الكذبون فعلم من هذا ان ما لا حجة
کیوں نہ لائی وہ اس بات پر چار شاہد پہر جب نہ لائی شاہد تو اللہ کی ہان وہ ہی ہین جہوٹی اس ہی معلوم ہوا کہ جس بات پر حجت نہو گی

عليه فهو في حكمه تعالى كذب ولذلك رتب عليه الحد لعدم الفائدة في الاخبار به من الحسبة
وہ حکم الہی مین جہوٹ ہی اسی لئی اوسپر حد قایم ہوئی کیونکہ اس خبر مین کوئی سا فائدہ نہین ہی نہ تنبیہ

والزجر والسياسة بل هو مجرد هتك الستر وكسر العرض وهذا اذا كانوا صادقين فكيف اذا كانوا
اور نہ زجر اور سیاست بلکہ یہہ صرف پردہ دری اور بی آبروئی ہی یہہ اس صورت مین ہی اگر سچی ہون پہر کیا کہون اگر

كذبين وهم يحسبونه هينا وهو عند الله عظيم ولهم في الاخرة عذاب اليم ثم من راى رجلا يزني
جہوٹی ہون اور وہ لوگ سہل سمجہتی ہین اور وہ اللہ کی ہان بڑی ہی اور اونکی لئی ہی آخرت مین دکہہ کی مار ہی ان جو شخص کسیکو زنا کرتی دیکہی

يحل له ان يقتله وانما لا يقتله لانه لا يصدق انه قتله لانه راه يزني المجلس السابع والسبعون
تو اوسکو اوسکا قتل کرنا حلال ہی اور قتل اسلئی نہین کرتا کہ ثابت نکرسکیگا کہ مین نی زنا کرتا دیکہہ کر قتل کیا ہی ستروین مجلس

في بيان حرمة اللواطة وعقوبتها وغيرها قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان اخوف ما
اغلام کی حرمت کی بیان مین اور اوسکی سزا وغیرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا مجہکو بڑی سی بڑا خوف

اخاف على امتي عمل قوم لوط هذا الحديث من حسان المصابيح رواه جابر وفيه تنبيه عظيم على كون عملهم
اپنی امت پر عمل قوم لوط کا ہی یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثوں مین ہی جابر کی روایت سی اور اسمین بڑی تنبیہ ہی کہ اونکا یہہ عمل

من اعظم الذنوب وهذا عاقبهم الله تعالى بما لم يعاقب به امة من الامم وجمع عليهم من انواع العذاب ما لم
اعظم المعاصی سے ہی اسیوا سطی اللہ تعالی نی اونکو ایسا عذاب دیا کہ تمام امتوں میں سی کسیکو نہیں دیا اور اونپر کئی قسم کی عذاب جمع کر دئی جو اور کسی

يجمعه على غيرهم من بني آدم وذمهم وكرر قصتهم في عدة سور من كتابه الكريم حتى يرتدع من علمهم الذين يؤمنون
بنی آدم پہ جمع نہیں کئی اور اونکی برائی بیان کی اور بار بار اونکا قصہ اپنی کتاب کریم کی کئی سورتوں میں بیان کیا تاکہ جو لوگ خدا اور قیامت کی

بالله واليوم الآخر اشد الارتداع ويحترزوا عنه وعن مباديه كالنظر والمصاحبة واللمس والقبلة اشد
دن پر ایمان لاتی ہیں اس سی خوب باز آویں اور اوس سی اور اوسکی اسباب سی جیسا دیکھنا اور پاس بیٹھنا اور ہاتھ لگانا اور منہ چومنا

الاحتراز ولا يقربوا منه ولا يحوموا حوله فضلا عن ان يفعلوه اذ قد روي ان طباع جميع الحيوانات
خوب احتراز کریں اور اوسکی پاس نہ پھٹکیں اور اوسکی گرد نجاویں کرنیکا تو کیا ذکر ہی اسواسطی کہ روایت ہی کہ تمام حیوانات کی طبیعتیں بجز سور اور بندر کی اوس سی

يابآه الا الخنازير والقرد وفي رواية الا الخنزير والحمار فمن يميل طبعه اليه يكون في الدناءة والخساسة
نفرت کرتی ہیں اور ایک روایت میں ہی سوای سور اور گدہی کی پہر جسکی طبیعت اودہر مایل ہووی تو وہ دنائت اور خساست

والخباثة مثل الخنزير والقرد والحمار بل هو ادنى منها حالا لما روي انه عليه السلام قال الخنازير والقرد
اور خباثت میں سور اور بندر اور گدہی کی برابر ہی بلکہ اونسی بہی بدتر اسواسطی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا سور اور بندر

اعقل عند الله تعالى ممن يرتكب المعاصي وذلك لان من يرتكب المعاصي على الاستمرار من غير التوبة والاستغفار
اللہ کی نزدیک اوس سی زیادہ ہوشیار ہیں جو معاصی اختیار کرتا ہی اسلئی کہ جو شخص معاصی میں ہمیشہ گرفتار رہتا ہی بی توبہ اور استغفار کی

يكون من الذين قال الله تعالى فيهم اولئك كالانعام بل هم اضل فانه تعالى شبههم بالبهائم في كون مشاعرهم
وہ اون لوگوں میں ہی جنکو اللہ تعالی فرماتا ہی وہ جیسی چوپائی بلکہ اونسی زیادہ بی راہ کیونکہ اللہ تعالی انکو بہایم سی تشبیہ دی کہ انکی دل و دماغ

متوجهة الى اسباب الدنيا ومقصورة عليها وعدم التفكر فيما يقرع اذانهم من الآيات وعدم الانتفاع بها بل
اسباب دنیوی کی طرف متوجہ ہو کر اوسی کی ہو رہی اور اونکا کچہہ فکر نہیں ہی جو آیات سنتی ہیں اور اونسی کچہہ نفع لیتی ہیں بلکہ ایسی لوگوں کو

جعلهم اضل منها لانها تدرك ما من شأنها ان تدركه من المنافع والمضار وتجتهد غاية جهدها في جلب
اونسی بہی گمراہ ٹہرایا کیونکہ ڈنگر تو وتنا سمجہتی ہیں جو اونکی سمجہہ کی لایق ہی فائدہ اور نقصان کو منفعت کی وصول میں اور مضرت کی دفع میں خوب کوشش کرتی ہیں

ما ينفعها وسلب ما يضرها وتنقاد لصاحبها وتميز من يحسن اليها ممن يسيء اليها وهؤلاء ليسوا كذلك حيث لا يميزون
اور اپنی مالک کی مطیع رہتی ہیں اور اپنی محسن اور ایذا رساں میں تمیز کرتی ہیں اور یہہ لوگ بدکار ایسی نہیں ہیں کیونکہ یہہ منفعت

بين المنافع والمضار ويجتهدون غاية جهدهم في جلب ما يضرهم وسلب ما ينفعهم ولا ينقادون لربهم ولا يعرفون
اور مضرت میں فرق نہیں کرتی اور مضرت حاصل کرنیکو اور منفعت کہونی پر ٹوٹ پڑتی ہیں اور اپنی پروردگار کی فرمانبرداری نہیں کرتی اور اوسکی احسان

احسانه اليهم من اساءة الشيطان الذي هو عدو عدوهم ويقدمون على العذاب الاليم ولا يقدمون على
کی تمیز کرتی ہیں شیطان کی بدی سی جو کہ اونکا بڑا ہی دشمن ہی اور سخت عذاب پر دوڑتی ہیں اور عیش دائمی

النعيم المقيم ويكونون من الذين قال الله تعالى فيهم يعلمون ظاهرا من الحيوة الدنيا وهم عن الآخرة هم
کی طرف متوجہ نہیں ہوتی اور اون لوگوں میں داخل ہیں جنکو اللہ تعالی فرماتا ہی جانتی ہیں اوپر اوپر دنیا کا جینا اور وہی لوگ آخرت سی

غافلون يعني انهم يعلمون ظاهرا حقيرا خسيسا من الدنيا وهو ما يشاهدونه من زخارفها وملاذها وسائر
خبر نہیں رکہتی یعنی وہ لوگ دنیا میں سی یہہ ہی حقیر بی حقیقت کو سمجہہ رہی ہیں اور وہ ہی جو دیکہتی ہیں دنیا کی زیب و زینت اور لذتیں اور تمام

احوالها الموافقة لشهواتهم الملائمة لاهوائهم وهم عن الآخرة التي هي مطلب الاعلى والمقصد الاقصى غافلون
حالات جو اونکی شہوات کی موافق ہیں اور ہوا و ہوس کی مناسب اور یہہ لوگ آخرت سی جو بڑا مطلب اور غایت درجہ کا مقصد ہی غفلت میں ہیں

لا يخطرونها ببالهم ولا يدركون من احوال الدنيا ما يؤدي الى معرفتها ولا يتفكرون فيها حتى يحصل لهم علم بها
اسکا خیال دلمیں نہیں لاتی اور دنیا کی حالات میں سی اوسپر نظر نہیں ڈالتی جس سی آخرت کی سمجھ آوی اور نہ اوسمیں فکر کرتی ہیں تاکہ اونکو آخرت کا علم آوی

فان العلم بامور الاخرة موقوف على العلم بوجود الباري تعالى وقدرته وارادته وعلمه وحيوته وذلك العلم لا يحصل
کیونکہ علم اخروی امور کا وجود باری تعالی اور اوسکی قدرت اور ارادہ اور علم اور حیات کی علم پر موقوف ہی اور یہہ علم بدون نگاہ

الا بالنظر الى المصنوعات والتفكر في احوالها المتغيرة وهم قصروا النظر على الظاهر الخسيسة كالبهائم ولم يتفكروا في
کرنیکی مصنوعات میں اور بغیر فکر کرنیکی بدلتی حالات میں حاصل نہیں ہو سکتا اور اونہوں نی ڈنگروں کی طرح صرف ظاہر پی حقیقت پر نگاہ کر رکہی ہی

عجائب صنعه تعالى ليستدلوا بها على وجوده وصفاته التي يتوقف عليها وجود الممكنات فيعلموا ان ما اخبر به من امور
اور عجائبات صنع الہی میں فکر نہیں کرتی تاکہ اوسکی وسیلہ سی اوسکی وجود اور صفات پر استدلال کر سکیں جسپر وجود ممکنات کا موقوف ہی اور معلوم کریں کہ امور اخروی جنکی خبر

الاخرة امور ممكنة يلزم ثبوتها وكون المكلفين فيها فريقين فريق في الجنة وفريق في السعير بحكم صلاح الاعمال
آئی ہی امور ممکنہ ہیں انکا ثبوت لازم ہی اور مکلف لوگ اسمیں دو قسم پر ہیں اعمال کی خوبی اور بدی کی لحاظ سی ایک قسم جنت میں اور ایک قسم دوزخ میں پہر بیشک سبب

وفسادها ثم ان سبب محبة العبد المعاصي والفجور فساد العلم او فساد القصد او فسادهما جميعا بل قد قيل فساد
آدمی کی محبت کا معاصی اور فجور سی یا نرا علم کا فساد ہی یا نرا قصد کا فساد یا ملکر دونو کا فساد بلکہ بعضی کہتی ہیں

القصد من فساد العلم فان من علم ما في المضار من المضرة حقيقة العلم لا يميل اليه الا ترى ان من علم
قصد کا فساد بہی علم کی فساد ہیں سی ہی اسلئی کہ جسکو خوب معلوم ہووی کہ مضر چیز میں نقصان ہی تو اودہر رغبت نہیں کرتا تو دیکہتا نہیں کہ جسکو یقینی معلوم ہو

من طعام لذيذ انه مسموم لا يقدم عليه فعلى هذا ان الايمان الحقيقي هو الذي يحمل صاحبه على فعل
کہ فلانی لذیذ کہانی میں زہر ملا ہی وہ اسمیں ہاتہہ نہیں ڈالتا اس بیان کی موافق بیشک حقیقی ایمان وہ ہی جس سی آدمی منفعت اخروی کو اختیار کری

ما ينفعه في الاخرة وترك ما يضره فيها فاذا لم يفعل ما ينفعه في الاخرة ولم يترك ما يضره فيها لا يكون ايمانه حقيقيا
اور مضرات اخروی کو چہوڑی پہر اگر آدمی نہ تو منفعت اخروی پر عمل کری اور نہ مضرات اخروی کو چہوڑی تو اسکا ایمان حقیقی نہیں ہی

بل لسانيا لا قلبيا فان المؤمن بالنار حقيقة الايمان حتى كانه يراها لا يسلك طريقها الموصلة اليها فضلا
بلکہ زبانی ہی دلی نہیں کیونکہ جو شخص دوزخ پر ایسا حقیقی ایمان لایا گویا اوسکو دیکہہ رہا ہی تو ایسا راہ نہیں چلیگا جو اودہر لیجاوی اور سعی کر کر

عن ان يسعى في دخولها والمؤمن بالجنة حقيقة الايمان حتى كانه يراها لا يهمل عن طلبها بل يسعى في دخولها
داخل ہوئیگا تو کہاں مرتبہ اور جو جنت پر ایسا حقیقی ایمان لایا ہی گویا کہ اوسکی نظر کی سامنی ہی اوسکی طلب میں سستی نہیں کریگا بلکہ سعی کر کر داخل ہوگا

وهذا امر يجده الانسان في نفسه عند سعيه في امور الدنيا من دفع ما يضره وجلب ما ينفعه فعلى هذا كل من اعتاد
اور یہہ تو ایسی بات ہی کہ آدمی جب دنیاوی کاروبار میں لگتا ہی تو اپنی دلمیں سوچ لی کہ نقصان سی حتی المقدور بچتا ہی اور منفعت کو حاصل کرتا ہی اس بیان کی موافق

ان يعمل عمل قوم لوط لا يكون ايمانه حقيقيا بل لسانيا لان جرمه لا يشبه سائر الجرائم ولهذا اختلف العلماء
جسکی عادت عمل قوم لوط کی پڑ جاوی تو اوسکا ایمان حقیقی نہیں ہی بلکہ زبانی ہی کیونکہ اسکی خطا اور خطاؤں سی نہیں ملتی اسہی لئی اسکی حد میں علماء کو اختلاف ہی

في حده فذهب قوم الى ان الفاعل يحد حد الزنا فانه ان كان محصنا يرجم وان لم يكن محصنا يجلد مائة جلدة
ایک گروہ کا یہہ مذہب ہی کہ فاعل پر حد زنا کی جاری ہو پہر اگر فاعل محصن ہی تو سنگسار کریں اور اگر محصن نہیں تو سو درے ماریں

وهو قول الشافعي وابي يوسف ومحمد بن الحسن والحسن البصري وعطاء والنخعي وقتادة والاوزاعي وذهب قوم
اور یہہ ہی قول شافعی اور ابو یوسف اور محمد بن الحسن اور حسن بصری اور عطاء اور نخعی اور قتادہ اور اوزاعی کا ہی اور ایک قوم کا یہہ مذہب ہی

الى انه يرجم محصنا كان او غير محصن وكذا المفعول به وهو قول مالك واحمد واستدلوا على ذلك بان الله تعالى
کہ سنگسار کریں محصن ہو یا غیر محصن اور ایسی ہی مفعول بہ کو اور قول مالک اور احمد کا یہہ ہی اسپر انکا استدلال یہہ ہی کہ اللہ تعالی

اهلك قوم لوط بالرجم كما قال فی محكم تنزیله وامطرنا علیهم حجارة من سجیل وجه الاستدلال ان شریعة
نی قوم لوط کو پتھر اوسی ہلاک کیا چنانچہ اپنی کتاب مین فرمایا ہی اور برسائی ہمنی اونپر پتھر بان کہنگر کی وجہ استدلال کی یہہ ہی کہ پہلی شریعتین

من قبلنا شریعة لنا اذا قصته بلا انكار ولم یظهر نسخها وقد حكیت بلا انكار ولم یظهر نسخها بل روی انه علیه السلام
جیسنہ ہماری شریعت ہی اگر اونکا بیان بلا انکار چلا آوی اور اونکا نسخ ظاہر نہووی اور اسکی حکایت بلا انکار ہی اور اسکا نسخ بہی ظاہر نہین ہی بلکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام

قال من وجدتموه یعمل عمل قوم لوط فاقتلوا الفاعل والمفعول به واتفق علیه الصحابة وان اختلفوا فی كیفیته فان
فرمایا جسکو دیکہو کہ عمل قوم لوط کا کرتا ہی تو فاعل اور مفعول بہ دونو کو قتل کرو اور صحابہ تمام اسپر متفق ہین اگرچہ طریقہ قتل مین مختلف ہین کیونکہ

اربعة من الخلفاء احرقوه وهم ابوبكر وعلی وعبد الله بن زبیر وهشام بن عبد الملك ویروی عن ابی بكر انه قال هدم
چار خلفاء اوسکو جلا دیا ہی یعنی ابو بکر اور علی اور عبد اللہ بن زبیر اور ہشام بن عبد الملک نی اور ابو بکر سی یہہ بہی روایت ہی کہ کہتا تہا اوسکی اوپر

علیه البیت وقال ابن عباس ینظر اعلی بناء فیرمی منه منكوسا ثم یتبع بالحجارة لان قوم لوط اهلكوا كذلك حیث
گھر کو گرا دین اور ابن عباس کہتی ہین ایک بلند مکان تجویز کر کی اوسپر سی سر کی بل گرا دین پہر ترت پتھر مارین اسلئی کہ قوم لوط اسیطرح ہلاک کیا گیا ہی کیونکہ

حملت قریتهم ونكست بهم ولاشك فی اتباع الهدم بهم حال نزولهم وذكر صدر الشریعة فی درر الاحكام ان الصحابة
انکی گانوکو اوٹہا کر اوندہا ڈالدیا تہا اور بیشک جب وہ گری ترت اونکی اوپر مکان گری اور صدر الشریعہ نی درر الاحکام مین ذکر کیا کہ صحابہ

اختلفوا فی موجبه من الاحراق بالنار وهدم الجدار والتنكیس من محل مرتفع واتباع الاحجار وعند ابی حنیفة یعزر
اسکی سزا مین یعنی آگ مین جلانا اور اونپر دیوار گرانا اور اونچی مکان سی اوندہا گرا کر ترت پتھر مارنی اختلاف کرتی ہین اور امام ابو حنیفہ کی نزدیک کو ہی ایسی ہی

بامثال هذه الامور وهذا هو المناسب فی هذا المحل لغلظ الجنایة ووجود الموافقة للصحابة فان التعزیر بهذا الوجه و
تعزیر دین اور اس محل مین یہہ ہی مناسب ہی کیونکہ گناہ بہت سخت ہی اور صحابہ کی رائی سی اتفاق ہی بیشک اسطرح کی تعزیر

ان كان فوق الحد لكن یجوز علی طریق السیاسة حتی لا یبقی للوطی رخصة فی المیل الی اللواطة فان عدم لزوم الحد
اگرچہ حد سی زیادہ ہی لیکن سیاست کی واسطی جایز ہی تاکہ لوطی کی واسطی لواطت کی طرف سہارا رغبت کا باقی نرہی اور حد کا لازم نہونا

فیها عند ابی حنیفة لیس لخفة امرها فان حرمتها عنده وعند جمیع العلماء اعظم من حرمة الزنا بل لكون خبثها
اس گناہ مین امام ابو حنیفہ کی نزدیک اسلئی نہین ہی کہ یہہ گناہ ہلکا ہی کیونکہ اسکی حرمت تو اونکی اور تمام علماء کی نزدیک زنا کی حرمت سی بڑہکر ہی بلکہ اسکی خباثت

مركوزا فی الطباع لان المحل مستقذر لا یمیل الیها من له طبع سلیم ولا نستند الی زاجر للامتناع عنها بل اكتفی فیها
جو دلون مین گڑی ہوئی ہی کیونکہ یہہ جگہہ نجس ناپاک ہی جسکی طبیعت سلیم ہی ادہر کبہی خیال نہین کرتا نہ اوسکو کسی زاجر مانع کی حاجت ہی بلکہ یہہ ہی نفرت طبعی

بالمانع الطبعی كما اكتفی به فی اكل الرجیع وشرب البول لكن لما كان فی النفوس الخبیثة المتعدیة لحدود الله تعالی اقوی الداعی
روکنی کو کافی ہی جیسی کہ نفرت طبعی گوہ کہانی اور موت پینی مین کافی ہی لیکن چونکہ خبیث نفسون کو جو حدود الٰہی سی تجاوز کرتی ہین اور بڑا اشتیاق ہی تو خوب سختی سی

الیها وجب الزجر عنها بابلغ وجه فانها فی هذا الزمان قد شاعت فی هذه الامة المحمدیة وانتشرت بین عربها وعجمها وعالمها و
روکنا واجب ہوا کیونکہ لواطت اس زمانہ مین درمیان امت محمدی کی بہت پہیل گئی ہی اور درمیان عرب اور عجم کی اور عالم اور

جاهلها وخواصها وعوامها وبلغت مبلغا كانوا یفتخرون بها ویلومون من لا امرد له ویطعنون فیه ویقولون انه
جاہل اور خاص وعام مین منتشر ہوکر یہہ نوبت ہوگئی ہی کہ اسمین فخر کرتی ہین اور جسکی پاس امرد نہووی اوسکو ملامت اور طعن کرتی ہین کہتی ہین یہہ

لیس بآدمی ولا مذاق له ویفتخرون بقیام الامرد بین ایدیهم ویلبسونه احسن الثیاب من المحرمات لیری علی احسن
کیا آدمی ہی اوسکو کچہہ مذاق نہین ہی اور ناز کرتی ہین کہ اونکی سامنی امرد موجود ہی اور اوسکو اچہی اچہی حرام کپڑی پہناتی ہین تاکہ اچہی صورت نظر آوی

الهیئة وقد روی انه علیه السلام قال من سره ان یتمثل له الرجال قیاما فلیتبوأ مقعده من النار فان هذا الوعید
اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جسکو پسند آوی کہ مرد اوسکی آگی تصویر کی طرح کہڑی رہین تو وہ اپنی بیٹہک دوزخ مین بناوی بیشک یہہ وعید

في قيام الرجال فكيف في قيام المرد الذين لا يجوز النظر اليهم على ما ذكر في النوازل ان الغلام اذا كان صبيحا لا يجوز

مردوں کی قیام پہ ہی پہر امرد کی قیام پہ جنکی طرف دیکھنا بہی جایز نہیں دیکہیں کیا ہوتا ہی چنانچہ نوازل میں مذکور ہی کہ اگر لڑکا خوبصورت ہو تو اوسکی طرف دیکھنا جایز نہیں ہی

النظر اليه لما روي انه عليه السلام قال واياكم ومجالسة اولاد الاغنياء فان لهم صورة العذرية وفتنتهم اشد من

کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا بچو اولاد اغنیا کی ہمنشینی سی کیونکہ انکی صورت عورتا کی سی ہوتی ہی اور انکا فتنہ عورتوں کی

فتنة النساء وذكر في ملتقط الناصري ان الغلام اذا بلغ مبلغ الرجال ولم يكن صبيحا فحكمه حكم الرجال وان كان

فتنہ سی بدتر ہی اور ملتقط ناصری میں مذکور ہی کہ لڑکا جب مردوں کی حد کو پہنچی اور خوب صورت نہووی تو اوسکا حکم مردوں کا سا ہی اور اگر

صبيحا فحكمه حكم النساء وهو عورة من قرنه الى قدمه لا يحل النظر اليه عن شهوة واما السلام والنظر لا عن شهوة

خوب صورت ہووی تو اوسکا حکم عورتوں کا سا ہی اور وہ عورت ہی سر سی پانوتک بنظر شہوت اوسکو دیکھنا حلال نہیں اور سلام کرنی اور بی شہوت دیکھنی میں

فلا باس به ولهذا لم يؤمر بالنقاب وقد جاء في الاخبار ان عبد الله بن عمر كان جالسا في باب داره مع بعض اصحابه

کچھ مضائقہ نہیں اور اسی لئی اوسکو نقاب ڈہکنی کا حکم نہیں ہی اور اخبار میں آیا ہی کہ عبد اللہ بن عمر اپنی گہر کی دروازہ میں اپنی یاروں کی ساتہہ بیٹھی تہی سو انہوں نی

فرأى غلاما صبيحا قد اقبل من السكة فقام ودخل داره فلما قالوا ذهب خرج من الدار فقيل له هذا من عندك

ایک لڑکا خوبصورت دیکھا کہ کوچہ میں سی سامنی آگیا تو کہڑی ہو کر گہر میں گہس گئی جب یاروں نی کہا وہ چلا گیا تب گہر میں سی نکل آئی کسی نی پوچھا یہ اپنی طرف سی احتیاط ہی

يا ابا عبد الرحمن ام سمعت شيئا من رسول الله عليه الصلوة والسلام فقال سمعت رسول الله عليه السلام يقول النظر

یا ابو عبد الرحمن یا کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سی سنا ہی جواب دیا میں نی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سی سنا ہی کہ فرماتی تہی کہ لڑکوں کی طرف

اليهم حرام والكلام معهم حرام ومجالستهم حرام وقال القاضي سمعت الامام يقول ان مع كل امرأة شيطانين ومع

دیکھنا حرام ہی اور بولنا حرام ہی اور ہمنشینی حرام ہی اور قاضی کہتا ہی میں نی امام سی سنا ہی کہتی تہی بیشک ہر عورت کی ساتہہ دو شیطان ہوتی ہیں اور ہر

كل صبيح (غلام) ثمانية عشر شيطانا وكان محمد بن الحسن صبيحا وكان ابو حنيفة يجلسه خلفه او خلف سارية المسجد

خوبصورت لڑکی کی ساتہہ اٹہارہ شیطان ہوتی ہیں اور محمد بن الحسن خوبصورت تہی امام ابو حنیفہ باوجود کمال تقوی کی اونکو اپنی پیٹہ (پیچہی) بٹہایا کرتی تہی یا مسجد کی ستون

حتى لا يقع عليه بصره مخافة خيانة العين مع كمال تقواه وقال سفيان يكون في هذه الامة ثلثة اصناف من

تاکہ اوسپر نگاہ نپڑی مبادا آنکہہ سی خیانت ہووی اور سفیان کا قول ہی کہ اس امت میں تین قسم کی لوطی ہونگی

اللوطيين صنف ينظرون وصنف يصافحون وصنف يعملون والشر في الصبيان اكثر من النساء لان من مال قلبه الى

ایک قسم جہانپنی والی نظرباز اور ایک قسم دست بوسی کرنیوالی اور ایک قسم عمل کرنیوالی اور لڑکوں میں بہ نسبت عورتوں کی بڑا فتنہ ہی اسلئی کہ اگر کسیکا دل عورت پر

امرأة يمكن استباحتها بالنكاح والنظر الى وجه الصبي يورث الحب فلا يمكن استباحة اللواطة بوجه من الوجوه

مبتلا ہو تو اوسکا مباح کرنا بوسیلہ نکاح کی ممکن ہی اور لڑکوں کو دیکھنا جو عشق پیدا کرتا ہی تو لواطۃ کا مباح ہونا ہرگز کسی صورت میں ممکن نہیں ہی

فاذا غلب عليه حبه يرتكب الفعل القبيح ويكون من الهالكين المستهزءين بايات الله تعالى ودينه اذ قد يشتد بينهما

پہر جب اوسکا عشق غالب ہوویگا تو فعل بد کریگا اور ہلاک ہو کر آیات اور دین الہی سی چہل کرنیوالوں میں ٹہریگا کیونکہ بعضی دفعہ دونوں میں

الاتصال ويحصل فيهما من الاقتران والمخالطة مثل ما يحصل بين الزوجين حتى ان فجار الفسقة يسمونهما زوجين

نہایت محبت ہو جاتی ہی اور ہر دم کی ملاقات اور رلنا ملنا ایسا ہوتا ہی جیسی میاں بی بی میں یہاں تک کہ فاسق بدکار اونکو خصم جورو نام رکہتی ہیں

ويقولون تزوج فلان بفلان والحاضرون يسمعون قولهم ويرون حالهم ولا يمنعونهم بل يضحكون ويعجبهم مثل ذلك

اور کہتی ہیں فلانی نی فلانی کو جورو بنایا ہی اور پاس بیٹہنی والی اونکی یہ باتیں سنا کرتی ہیں اور انکا حال دیکہا کرتی ہیں اور منع نہیں کرتی بلکہ ہنسا کرتی ہیں اور ایسی چہل بہت اونکو

المزاح ولا يبالون بخروج الايمان والاسلام عنهم وقد قال قاضيخان في فتاواه يكره بيع الغلام الامرد من رجل فاسق

پسند آتی ہی اور ایمان اور اسلام جاتی رہنی کا کچھ خیال نہیں کرتی اور قاضیخان نی اپنی فتاوی میں کہا ہی امرد غلام کا مرد فاسق کی ہاتہہ بیچنا مکروہ ہی

یعلم انه یعصی الله تعالی به لانه اعانة علی المعصیة واتفق العلماء من السلف والخلف علی کون اللواطة حراما

جسکو جانتا ہو کہ اسمیں اللہ کا نافرمان ہی کیونکہ اسمیں معصیت کی امداد ہی اور تمام علماء متقدمین اور متاخرین لواطہ کو حرام کہتی ہین

لانه تعالی خلق الخلق ذکرا وانثی وخلق لکل منهما اعضاء لیصرف کل واحد من تلك الاعضاء الی ما خلق

کیونکہ اللہ تعالی نی خلق کو نر اور مادہ پیدا کیا ہی اور ہر یک کو اعضا الگ الگ دیئی تا ہر یک نر و مادہ اپنی اپنی تمام اعضاء کو ادہر صرف کرین جسکو واسطی پیدا کئی ہین

له وجعل الانثی محلا للحرث کما اخبر به فی کتابه وقال نساؤکم حرث لکم فأتوا حرثکم انی شئتم فهل یلیق للعاقل

اور عورت کو محل پیدائش کا بنایا چنانچہ اپنی کتاب مین خبر دی ہی عورتین تمہاری کہیتی ہین تمہاری سو جاؤ اپنی کہیتی مین جیسی چاہو پہر عاقل کو کیا

ان یصرف عضوا من اعضائه الی غیر ما خلق له وهل یمکن له الحرث فیما لیس محلا للحرث فان قیل سلمنا ان الغلام

کہ اپنی کسی عضو کو تمام اعضاء مین سی خلق الہی سی بی محل صرف کری بہلا کہیتی کب ممکن ہی ایسی جگہہ جو محل کہیتی کا نہین پہر اگر کوئی کہی یہہ تو مانا کہ لڑکا

لیس محلا للحرث لکنه محل لقضاء الشهوة واستیفاء اللذة فاذا کان مملوکا لم لا یجوز لصاحبه ان یتصرف فیه

کہیتی کا محل نہین ہی لیکن محل قضاء شہوت کا اور استیفاء لذت کا تو ہی پہر اگر وہ مملوک ہووی تو مالک کو اوسمین ویسا تصرف کیون نہین جایز ہی

کما یتصرف فی سائر املاکه من الماکولات والملبوسات فالجواب ان الانسان وان کان له ان یتصرف فی ماله لکنه

جیسے اور تمام املاک مین تصرف کرتا ہی کہانی اور پہنی مین تو جواب یہہ ہی کہ بیشک آدمی کو اگرچہ اوسکی مال مین ہر طرحکا تصرف حاصل ہی پر اوسکو

محجور عن التصرف التام فیه لان ما فی یده من المال لیس له فی الحقیقة بل هو فی یده عاریة اذن له فی الشرع ان یتصرف

غلام مین پوری تصرف سی ممانعت ہی اسلئی کہ جو مال اسکی قبضہ مین ہی حقیقت مین اسکا نہین ہی بلکہ اسکی قبضہ مین مستعار ہی شرع سی یہہ اجازت ہی کہ اوسمین

فیه بوجه ومنع عن التصرف فیه بوجه آخر ولم یاذن له الشرع ان یتصرف فی هذا المحل المکروه لغایة خباثته ونهایة

ایکطرح کا تصرف کری اور ممانعت ہی کہ ایک اور وجہ سی تصرف نکری اور شرع نی اجازت نہین دی کہ اس محل مکروہ مین تصرف کری کیونکہ غایت درجہ کی خباثت اور نہایت مرتبکی

قذارته الا تری ان وطی الزوجة فی القبل مع کونه حلالا قد وقع المنع عنه حال الحیض لاجل الاذی بقوله تعالی

نجاست ہی کیا معلوم نہین کہ جماع بی بی کا قبل مین باوجودیکہ حلال ہی کبہی اوس سی بہی ممانعت ہی جیسی حیض مین گندگی کی سبب سی واسطی ارشاد الہی کی

ویسئلونك عن المحیض قل هو اذی فاعتزلوا النساء فی المحیض وهی ایام یسیرة من الشهر فکیف لا یمنع عن موضع

اور پوچہتی ہین تجہسی حکم حیض کا تو کہہ وہ گندگی ہی سو تم پری رہو عورتون سی حیض کی وقت اور وہ تمام مہینی مین چند روز ہوتا ہی پہر کیونکر نہ ممانعت ہووی ایسی جگہہ

لا یفارقها النجاسة التی اشد من دم الحیض اصلا فعلم من هذا ان مجرد الملك لا یقتضی التصرف فیما لم یاذن فیه

جہانسی نجاست اصلا نہین دور ہوتی جو کہ حیض کی خون سی زیادہ تر نجس ہی اس سی معلوم ہوا کہ صرف ملکیت سی یہہ نہین ہو سکتا کہ بدون اذن شرع کی سب تصرف کیا کری

الشرع الا تری ان الامة المجوسیة او الوثنیة مع کونها محلا للحرث لا یجوز لصاحبها ان یتصرف فیها بالتقبیل والتفخیذ

دیکہتا نہین کہ لونڈی مجوسیہ آتش پرست یا وثنیہ بت پرست باوجودیکہ محل کہیتی کا ہی لیکن اوسکی مالک کو جایز نہین کہ اوسمین کچہہ تصرف کری بوسہ لینا یا تفخیذ وغیرہ

وغیرهما من دواعی الجماع فضلا عن الجماع وکذا البهیمة مع کونها محلا لقضاء الشهوة لا یجوز لمالکها قضاء الشهوة فیها

جو جماع کی لوازم ہین جماع کی تو کہان نوبت ہی اور ایسی ہی چوپایہ باوجودیکہ اوس سی قضاء شہوت ہو سکتی ہی پر مالک کو چوپایہ سی قضاء شہوت جایز نہین ہی جب یہہ بات مسلم ہوئی

اذا تقرر هذا فالواجب علی کل مسلم ان یحترز عن هذا الفعل القبیح لما روی انه علیه السلام قال من عمل قوم لوط

تو ہر مسلم پر واجب ہی کہ ایسی فعل بد سی کنارہ کری کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جسنی قوم لوط کا سا عمل کیا

یعذب فی النار منکوسا وروی ایضا انه علیه السلام قال اذا علا الذکر الذکر اهتز العرش وتقول السموات ربنا

دوزخ مین اوندہا لٹکایا جاویگا اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ جب نر پر نر چڑہتا ہی تو عرش کانپ اٹہتا ہی اور افلاک کہتی ہین کہ ای رب ہمکو

یا رب ائذن لنا باهلاکه وتقول الارض یا رب مرنا ان نبتلعه فیقول الله تعالی دعوه فان طریقه علی وقوفه بین یدی

حکم دی اسکو ہلاک کر ڈالین اور زمین کہتی ہی ای رب ہمکو حکم ہو تو اسکو نگل جاوین اللہ تعالی فرماتا ہی تم جانی دو اسکا رستہ میری طرف ہی آخر میری سامنی کہڑا ہونا ہی

وروی ایضا انه علیه السلام قال لو اغتسل اللوطی بالبحار السبع لم یجیٔ یوم القیمة الا جنبا وذکر فی الفتاوی
اور یہہ بھی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا لوطی اگرچہ ساتون دریاءون مین نہاوی پر قیامت کو دن ناپاک ہی آویگا اور فتاوی

الصوفیة عن سفیان ان اللواطة لا تکون فی الجنة لان الله تعالی استبعدها واستقبحها وقال ما سبقکم بها
صوفیہ مین سفیان سی نقل ہی کہ لواطت جنت مین نہین ہوگی کیونکہ اللہ تعالی اسکو بہت مستبعد اور بدتر ٹہرایا ہی اور فرمایا تم سی پہلی نہین کی

من احد من العلمین وسماها خبیثة حیث قال ونجینه من القریة التی کانت تعمل الخبائث والجنة منزهة
یہہ کسیی نی جہان مین اور اسکا نام خبیثہ رکھا جہان کہ بیان کیا ہی اور بچایا ہمنی اوسکو اوس شہر سی جو کرتی تہی گندہ کام اور جنت مین

عن الخبائث قیل قد یعلم من هذا ان الجنة لکونها طیبة لطیفة فی غایة اللطافة اذا کانت لا تقبل اللواطة
خباثت کا کیا کام ہی کسیی نی یہہ تقریر کی اس سی معلوم ہوتا ہی کہ جنت چونکہ طیب اور غایت درجہ پاکیزہ ہی جب اوسمین لواطت نہین ہوسکتی

لکونها فعلا خبیثا یلزم ان لا یقبل من یفعلها فی الدنیا لکونه خبیثا خسیسا فی غایة الخباثة والخساسة لان
کیونکہ فعل خبیث ہی تو لازم آتا ہی کہ گنجایش نہووے کی جو دنیا مین لواطت کرتا ہی کیونکہ غایت درجہ کا خبیث اور خسیس ہی اسلئی کہ

المتصف بالخبث خبیث الا ان یتدارکه الله بالتوبة النصوح الماحیة لجمیع الذنوب المجلس الثامن
جو خباثت کا کام کری وہ بہی خبیث ہوتا ہی مگر اس صورت مین کہ اللہ تعالی توبہ خالص سی اسکا بدلا کردی جسی تمام گناہ دور ہوجاتی ہین اٹہترویں مجلس

والسبعون فی بیان حرمة شرب الخمر وبیان عقوبتها وسائر المسکرات

مین بیان شراب کی حرمت اور اوسکی عقوبت کا اور تمام مسکرات کا

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من شرب الخمر فی الدنیا فمات وهو یدمنها ولم یتب منها لم یشربها فی الآخرة هذا الحدیث
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جسنی دنیا مین شراب پی پہر مرگیا اور ہمیشہ پیتا رہا اور توبہ نکی تو قیامت مین وہ نہ پی سکیگا یہہ حدیث

من صحاح المصابیح رواه ابن عمر ومعناه ان من داوم علی شرب الخمر فمات ولم یتب عنها لا یدخل الجنة
مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی ابن عمر کی روایت سی اسکی یہہ معنی کہ جو ہمیشہ شراب پیتا رہا پہر مرگیا اور توبہ نہین کی تو جنت مین نہین جاویگا

ولا یشرب من خمرها لان نوعا من شرابها الخمر لقوله تعالی وانهر من خمر لذة للشاربین یعنی ان فی
اور نہ وہانکی شراب نصیب ہوگی اسلئی کہ ایک قسم وہانکی شراب خمر ہی بدلیل اس آیت کی اور نہرین ہین شراب کی جسمین مزہ ہی پینی والون کا مراد یہہ ہی کہ

الجنة انهارا من خمر لذیذة لیس فیها کراهة الطعم والریح ولا غائلة السکر والخمار وانما هی تلذذ محض
جنت مین مزہ دار شرابون کی نہرین ہین جسکا مزہ اور بو مکروہ نہی اور نہ رنج نشہ اور خمار کا وہ نرا مزہ ہی مزہ ہی

یتلذذ بها الشاربون فمن یدخل الجنة لابد ان یشرب منها ولا یکون محروما عنها فیکون عدم شربه
پینی والی مزہ اوڑاوینگی پہر جو جنت مین جاویگا وہ بالضرور پیویگا اوسی محروم ہرگز نہوگا اب نہ پینا شراب کا

منها کنایة عن عدم دخوله فیها بسبب شرب الخمر فی الدنیا لان خمر الدنیا حرام نجس نجاسة غلیظة لا یحل
اشارہ ہی کہ دنیا کی شراب پینی سی جنت مین نہ جاویگا کیونکہ دنیا کی شراب حرام ناپاک مغلظ ہی اوسکا پینا حلال نہین

شربها ومن شرب منها طائعا ولو قطرة یقام علیه الحد وهو ثمانون جلدة للحر ونصفها للعبد فان لم یضرب
ہی اور جو شخص بطیب خاطر اگرچہ ایک قطرہ پیوی اوسپر حد جاری کیجاویگی یعنی اسی درہ آزاد کی اور چالیس درہ غلام کی اگر دنیا مین نہ لگیگی

فی الدنیا یضرب فی الآخرة بسیاط من النار علی رؤس الاشهاد ویکفر مستحلها ویحرم بیعها وشراؤها واکل
تو آخرت مین آگ کی درہ سبکی سامنی لگین کی اور جو شخص حلال سمجہی وہ کافر ہی اور اوسکا بیچنا اور خریدنا اور اوسکی قیمت

ثمنها ویمنع اهل الذمة من اظهار شربها وبیعها وقد ذکر فی کتب الفقه ان جارة بیت بالامصار وبقرانا
کہانی سی حرام ہی اور ذمی لوگ برملا پینی اور بیچنی نہ پاوین اور فقہ کی کتابون مین مذکور ہی کہ ہم لوگونکا یہہ دینا شہرون مین اور ہماری قریون مین شراب

ممن یبیع فیه الخمر مسلما کان او کافرا لا یجوز لانه اعانة علی المعصیة وقد قال الله تعالی تعاونوا علی البر و
فروش کو مسلم ہو یا کافر جایز نہیں ہی اسواسطی کہ معصیت کی امداد ہی اور اللہ تعالی کا یہہ حکم ہی اور آپسمین مدد کرو نیک کام پر اور

التقوی ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان وما نقل عن ابی حنیفة انه جوز ذلک فی السواد فمراده بالسواد علی
پرہیزگاری پر اور مدد نکرو گناہ پر اور زیادتی پر اور وہ روایت جو ابو حنیفہ سی منقول ہی کہ سواد مین بیچنا یا کرایہ دینا جایز ہی سواد کی مراد سواد ہی

ما صرح به العلماء سواد الکوفة لان غالب اهلها کان اهل الذمة واما سواد بلادنا فاعلام الاسلام فیها
موافق تصریح علمار کی گروہ کوفہ کا ہی اسلئی کہ اکثر باشندہ وہانکی ذمی تہی اور ہمارے گروہ ہماری شہرون کا سو اسلام کی نیزہ یہان

ظاهرة فلا یمکنون فیها کما لا یمکنون فی الامصار وهو الصحیح وقد ذکر فی نصاب الاحتساب ان المحتسب لو احرق بیت
غالب ہین یہان اونکو لوگ اتنی قدرت کہان جیسی شہرون مین قدرت نہین یہی صحیح ہی اور نصاب الاحتساب مین مذکور ہی کہ محتسب اگر ایسا مکان جو

الخمار المشهور لا یضمن اذا علم انه لا ینزجر بدونه لتعینه طریقا للحسبة نعم ان اصحابنا لم یروو عنهم فی
شراب خانہ مشہور ہو پھونک دی تو ضمان نہین آتا اگر یہہ سمجہی کہ بدون اسکی نہ باز آویگا کیونکہ یہہ ہی طریقہ احتساب کا ہی ہان ہماری علما سی درباب جلا دینی کلال خانہ کی

احراق البیت شیء وانما ورد عنهم هدم البیت وکسر الدنان لکن ذکر فی الفصل الثامن من کتاب الصلوة من
کوئی روایت نہین ہی اونسی یہہ ہی روایتین ہین کہ کلال خانہ کو گرا دی اور مٹکی پھوڑ دی لیکن محیط کی آٹھوین فصل مین کتاب الصلوۃ سی مذکور ہی

المحیط انه علیه السلام قال لقد هممت ان آمر رجلا یصلی بالناس وانظر الی قوم یتخلفون عن الجماعة فاحرق
کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا میں ارادہ کیا تہا کہ ایک شخص واسطی ادا نماز جماعت کی مقرر کرون اور مین اون لوگون کو دیکھون جو جماعت سی پیچھی رہ جاتی ہین پہر اونکی گہر

بیوتهم وهذا الخبر یدل علی جواز احراق بیت من یتخلف عن الجماعة لان الهم علی المعصیة لا یجوز من الرسول لانه
پھونک دون اس حدیث سی معلوم ہوتا ہی کہ تارک جماعت کا گہر پھونک دینا جایز ہی اسواسطی کہ عزم معصیت کا رسول سی نہین ہو سکتا کیونکہ یہہ ہی

معصیة فاذا علم جواز احراق البیت علی ترک السنة المؤکدة فما ظنک فی احراق البیت علی ترک الواجب و
معصیت ہی پہر جب گہر کا پھونک دینا سنت موکدہ کی ترک سی جایز ہو تو اب گہر جلانی مین ترک واجب اور فرض پر تیرا خیال کیا ہی

الفرض وقد ذکر فی الباب الثلثین من شرح ادب القاضی للخصاف ان عمر خطب الناس یوما فقال بلغنی ان فی بیت
اور خصاف کی شرح ادب القاضی کی تیسوین باب مین مذکور ہی کہ عمر رضی اللہ عنہ نی ایکروز لوگون کو خطبہ سنایا کہا مینی سنا ہی کہ

فلان وفلان مسکرا فانی آتی بیوتهما فان کان حقا احرق بیوتهما وهما رجلان رجل من قریش ورجل من
فلانی اور فلانی کی گہر مین شراب ہی مین اونکی تلاشی لونگا اگر سچ نکلا تو اونکی گہر پہونک دونگا اور وہ دو شخص ایک تو قریش مین سی تہا اور ایک

ثقیف فسمع القریشی بذلک فحذر واخرج ما فی بیته من المسکر واراقه ولم یفعل الثقفی وکان اسمه مرشد فاتی
ثقیف مین سی سو قریشی نی یہہ بات سن پائی ڈرا اور جو اوسکی گہر مین نشہ تہا سب پہینکدیا اور ثقفی نی کچہہ پروا نکی اور اوسکا نام مرشد تہا پہر

عمر بیت القریشی فلم یجد فیه شیئا من المسکر واتی بیت الثقفی فوجد فیه خمرا فاحرق بیته وقال انت
عمر نی قریشی کی گہر کی تلاشی لی تو نشہ کچہہ نہ پایا پہر ثقفی کی گہر گئی تو وہان شراب موجود تہی سو اوسکا گہر پہونکدیا اور فرمایا تو مرشد

بمرشد وعلم من هذا الاثر ان المحتسب اذا بلغه خبر من المنکرات ینبغی له ان یعلنه ویهدد علیه لان عمر
نہین ہی اور اس اثر سی معلوم ہوا کہ محتسب جب منکرات کی خبر سنی تو اوسکو چاہیی کہ مشہور کری اور دہمکا دی کیونکہ عمر نی

لما بلغه خبر المسکر اعلنه فی خطبته ووعظه وهدد علیه باحراق البیت واتعظ القریشی ولم یحرق بیته
جب شراب کی خبر سنی تو خطبہ اور وعظ مین ظاہر کیا اور گہر پہونک دینی سی دہمکایا اور قریشی نی تو نصیحت مانی اوسکا گہر جا

ولم یتعظ الثقفی فاحرق بیته لانه هدد به فلا یلیق بالسیاسة ان یهدد بشیء ثم لا یاتی به وروی ان نفرا من
اور ثقفی نی پند نمانی سو اوسکا گہر جلا دیا کیونکہ یہہ ہی دہمکی دی تہی پہر سیاست کی خلاف ہی کہ دہمکی تو دیوی اور ویسا عمل نہ کری اور روایت ہی کہ اہل شام

اهل الشام شربوا الخمر وقالوا هي لنا حلال لانه تعالى قال ليس على الذين امنوا وعملوا الصلحت جناح فيما طعموا
میں سے چند آدمیوں نے شراب پی اور کہنے لگے ہمکو حلال ہے اسلئے کہ اللہ تعالی فرماتا ہے جو لوگ ایمان لائے اور کام نیک کئے اونپر نہیں گناہ جو کچھ پہلی کہا چکے

فكتب فيهم الى عمر بذلك وكتب عمر ان ابعثوا بهم الي فلما قدموا جمع لهم عمر رض اصحاب رسول الله عليه السلام
سو یہہ بات عمر کے پاس لکھی آئی عمر نے جواب لکھا کہ اونکو یہاں بھیجدو جب وہ آئے تو عمر رض نے اونکے لئے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جمع کرکر

وشاورهم فيهم فقالوا يا امير المؤمنين انهم افتروا على الله تعالى وشرعوا في دينه ما لم ياذن به فاضرب اعناقهم
مشورہ کیا سب نے کہا یا امیر المؤمنین ان لوگوں نے اللہ پر افترا کیا اور اوسکے دین میں نیا راہ نکالا جسکی اجازت نہیں ہے سو انکو قتل کر

وعلي في القوم ساكت فقال له عمر ما ترى فيهم يا علي فقال ارى ان تستتيبهم فان تابوا فاضرب كل واحد منهم
اور علی رض سب میں چپ تھے عمر رض نے اونسے پوچھا یا علی انکے باب میں آپکی کیا رائے ہے کہا میری نزدیک انسے توبہ کراؤ اگر توبہ کریں تو ہر ایک کی

ثمانين جلدة وان لم يتوبوا فاضرب اعناقهم فاستتابهم فتابوا وضرب كل واحد منهم ثمانين جلدة والجواب
اسی اسی درہ مارو اور اگر توبہ نکریں تو انکو قتل کرو سو اونسے توبہ کرائی تو انہوں نے توبہ کی اور ہر ایک کی اسی اسی درہ ماری اور جواب

عن الاية التي استدلوا بها على اباحة الخمر ما روي عن ابن عباس انه قال لما نزل تحريم الخمر قالوا يا رسول الله كيف
اوس آیت کا جس سے اونہوں نے اباحت خمر پر حجت کی تھی یہہ ہے جو روایت ہے ابن عباس سے کہ جب شراب کی حرمت قرآن میں آئی تو لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ

باخواننا الذين ماتوا وهم يشربون الخمر فنزل قوله تعالى ليس على الذين امنوا وعملوا الصلحت جناح فيما طعموا
ہماری بھائیوں کا کیا حال ہوگا جو مرگئے اور شراب پیتے تھے تب یہہ آیت اوتری جو لوگ ایمان لائے اور کام نیک کئے اونپر نہیں گناہ جو کچھ پہلی کہا چکے

يعني ان الذين شربوا الخمر قبل تحريمها لا اثم عليهم انما الاثم على الذين يشربونها بعد تحريمها فان قيل تحريم
مراد یہہ ہے کہ جنہوں نے حرام ہونے سے پہلی شراب پی وہ گنہگار نہیں ہیں گنہگار وہی ہیں جو بعد حرمت کی پیتے ہیں اگر کوئی کہے کہ حرمت

شرب ما يزيل العقل الذي هو ملاك معرفة الله تعالى وشكر نعمه حسن لا شبهة فيه فلم كان حلالا للامم
ایسی چیز کی پینے کی جو عقل کو کھودیوی کہ وہ معرفت الہی اور نعمتوں کی شکر کی جڑ ہے بہت خوب ہے اسمیں کچھ شبہہ نہیں ہے پر پہلی امتوں کی واسطے کیوں حلال تھی

السالفة مع احتياجهم الى ذلك فالجواب ان العقل لا يزول بشرب القليل منه وانما يزول بالسكر والسكر حرام
اسکو وہ بہی تو حاجتمند تہے سو جواب یہہ ہے کہ تہوڑے پینے میں عقل کم نہیں ہوتی عقل جب ہی جاتی ہے کہ نشہ چڑہے اور نشہ

في جميع الاديان لكن القليل من الخمر قد حرمت على هذه الامة المشهود لهم بالخيرية تكرمة لهم من الله تعالى
تمام دینوں میں حرام رہا ہے لیکن اس امت کی حق میں جسکی عمدگی کی گواہی گذر چکی ہے تہوڑی بہی شراب بہی حرام ہوگئی ہے یہہ اللہ تعالی کی طرف سے کرامت ہے

لئلا يقعوا في المحظور الذي هو السكر لان قليلها يدعو الى كثيرها وهذا من خواصها وهذا يزداد لذة شاربها
تاکہ نشہ میں جوکہ ممنوع ہے مبتلا نہوجاویں کیونکہ تہوڑی شراب بہت کا مزہ لگادیتی ہے یہہ ہی اسکا خاصہ ہے اسیلئے شرابی کا مزہ شراب بڑہانی سے

بالاستكثار منها بخلاف سائر المشروبات فان قيل الداعي المذكور كان موجودا فيها فلم لم تحرم ابتداء وما حرمت
بڑہتا جاتا ہے برخلاف تمام اور شربتوں کی اگر کوئی کہے کہ داعی یعنی خاصہ مذکور تو اوسمیں ہمیشہ موجود رہتا پہر پہلی ہی ابتداء اسلام میں کیوں نہ حرام ہوئی

الا بالتدريج فالجواب ان الشهادة بالخيرية لم تكن اذ ذاك واما التدريج الطاري فلئلا يقع النفرة عن الاسلام فانهم
بلکہ بتدریج حرام ہوئی تو جواب یہہ ہے کہ عمدگی کی گواہی ابتدا میں کہاں تہی اور دہیرے آہستگی سو اسلئے کہ اسلام کی نفرت بیچ نہ آجاوے کیونکہ وہ لوگ

في الجاهلية كانوا مولفين بشربها فلكونهم مولفين بشربها اظهر الله تعالى فضله ورحمته بانه لم يحرمها دفعة و
جاہلیت میں شراب کی بڑی شوقین تہی تو اونکی شوق کی لحاظ سی اللہ تعالی نی اپنا فضل اور احسان ظاہر فرمایکہ یکلخت حرام نہ کی

بل بالتدريج حتى تواردت في شانها اربع ايات نزل في مكة قوله تعالى ومن ثمرات النخيل والاعناب تتخذون
بلکہ بتدریج حرام کی یہاں تک کہ شراب کی باب میں چار آیتیں اوتریں مکہ میں تو یہہ آیت تہی اور میووں سی کہجوروں کی اور انگوروں کی بناتے ہو

منه سكرا ورزقا حسنا والمراد من السكر الخمر فقال كبراء الصحابة لو كان فيها خير لم تميز من الرزق الحسن
اوس سے نشہ اور روزی خاصی اور سکر سے شراب مراد ہے بڑے بڑے فہیم صحابہ قایل ہوئے کہ اگر شراب میں کچھ خوبی ہوتی تو رزق حسن سے الگ کیوں ہوتی

فتركوها وخفي على غيرهم ان توصيف المعطوف بالحسن لا يخلو عن الدلالة على ان في المعطوف عليه قبحا فلم يتركوها
سو انہوں نے تو ترک کی اور اور لوگوں پر یہہ امر پوشیدہ رہ گیا کہ معطوف کی موصوف ہونے میں خوبی سے یہہ ہی دلالت ہے کہ معطوف علیہ میں کچھہ نہ کچھہ برائی ہے سو انہوں نے نہیں چھوڑی

ثم ان عمر ومعاذا ونفرا من الصحابة قالوا يا رسول الله افتنا في الخمر والميسر فان احدهما مذهبة للعقل والآخر
پھر عمر اور معاذ اور کئی اور صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ہمکو شراب اور جوئے کا حکم بتاؤ بیشک ایک تو عقل کہو دیتی ہے اور دوسرا مال تلف

متلف للمال فنزل قوله تعالى يسئلونك عن الخمر والميسر قل فيهما اثم كبير ومنافع للناس واثمهما اكبر من نفعهما
کرتا ہے تب یہہ آیت آئی تجھسے پوچھتے ہیں حکم شراب اور جوئے کا تو کہہ ان میں گناہ بڑا ہے اور فائدے بھی ہیں لوگوں کو اور انکا گناہ فائدے سے بڑا ہے اس آیت میں

فانه تعالى لم يحرمهما بل ذمهما ونبه بذلك على ان اجتنابهما اولى من اقترافهما لان الحكم في الامور للغالب فامتنع كثير
ظهور السارق والقاتل احيانا بتهديداتهم البليغة وتشديداتهم الاليمة نعم قد يظهر السارق والقاتل احيانا بتهديداتهم

کہ بعضی دفعہ چور اور قاتل اونکی غایت درجہ کی دھمکیوں اور سخت گیریوں سے ہاتھ آجاتے ہیں ہاں سچ کبھی چور اور قاتل تو اونکی دھمکی

وتشديداتهم لكن الى ان يظهر ظالم واحد يظلم خلقا كثيرا في انفسهم واعراضهم بل يهلك بعضهم بانواع العقوبات

اور سختی سے پیدا ہو جاتا ہی پر جب تک ایک ظالم ہاتھ لگے اتنی بہتیری خلقت کی جان اور ابروی پر ظلم گذر جاتا ہی بلکہ بعضی لوگ طرح طرح کی عقوبت

واصناف التعذيبات ويتعطل اعضاء بعضهم واما اخذ اموالهم واهلاكها فلا يعدونها شيئا بل يبيحونها ويستحلونها

اور قسم قسم کی عذاب میں ہلاک اور بعضوں کی اعضاء بیکار ہو جاتی ہیں اور مال لے لینا یا تلف کر دینا یہہ تو کچھ شمار ہی نہیں بلکہ یہہ تو مباح اور حلال جانتے

فاذا كان السعي في رفع ظلم ظالم واحد متضمنا لمظالم كثيرة غير منحصرة فتفكر ايها العاقل هل يليق مثله

پھر جب ایک ظالم کا ظلم دفع کرنے کی سعی میں بہت سی ظلم غیر منحصر عمل میں آئیں اب فکر کی بات ہی ای عاقل کیا اہل ایمان کو ایسا ہی عمل لایق ہی

لاهل الایمان وهل یجوز فعلها فی دار الامان وتحقق ان الشارع لم یترك تلك القاعدة الا بعد وزنها بمیزان
اور دار الامان مین ایسا کام کہان جایز ہی اور ثابت ہی کہ شارع نے یہہ قاعدہ تب چہوڑا ہی کہ اسکو حکمت کی ترازو مین خوب تول لیا ہی

الحکمة وظهور غلبة مضارها علی منفعتها فان الحکیم لا یحکم له الا بما فیه المنفعة العامة الشاملة او بما
اور اسکا نقصان بہ نسبت فائدہ کی زیادہ معلوم ہوچکا ہی بیشک حکیم وہی حکم دیتا ہی جسمین منفعت عام اور شامل ہو یا جسمین فائدہ

یغلب منفعته علی مضرته لا بما یغلب مضرته علی منفعته الا تری ان الخمر والمیسر کیف حرمهما الله تعالی فی
نقصان سی زیادہ ہو وہ حکم نہین دیتا جسکی مضرت منفعت کی زیادہ ہو تجہکو معلوم نہین کہ شراب اور جوئی کو اللہ تعالی نی قرآن مین

القرآن بعد ما نص فیه بنفعهما حیث قال یسئلونك عن الخمر والمیسر قل فیهما اثم کبیر ومنافع للناس واثمهما اکبر من نفعهما
کیسی حرام کیا بعد اسکی کہ انکی فائدی بہی کہہ چکا چنانچہ فرمایا تجہسی پوچہتی ہین حکم شراب اور جوئی کا تو کہہ انمین گناہ بڑا ہی اور فائدی بہی ہین لوگون کو اور انکا

لان جانب النفع اذا غلب علیه جانب الضرر یحمی جانب الضرر فان اهل العرف فی هذا الزمان کثیرا ما یظلمون اهل بلدة و
کیونکہ نفع کی جانب جب ضرر کی جانب غالب ہو جاتی ہی تو ضرر کی جانب کا لحاظ ہوتا ہی بیشک اہل عرف اس زمانہ مین ایک ظالم کی واسطی شہر کی شہر پر اور

اهل قریة بانواع المظالم بسبب ظالم واحد ومع هذا لا یظفرون بذلك الظالم فیکون مظالمهم اشد بالف مرتبة
گانوکی گانو ہر قسم کی اکثر ظلم کر ڈالتی ہین اور پہر بہی وہ ظالم ہاتہ نہین آتا اب انکا ظلم اوس ظالم کی ظلم سی ہزار گونہ ہو جاتا ہی

من ظلم ذلك الظالم مع بقاء ظلمه فلیس مثلهم الا کمثل من یقصد احراق حشیش نبت خلال زرع فیوقد النار
اور وہ کا وہ باقی رہتا ہی انکی مثال ایسی ہی جیسی کوئی گہاس جلانی کا ارادہ کری جو کہیت کی اندر اوگتا ہی پہر اوس کہیت کی اندر آگ جلادی

وسط زرعه فیحترق الزرع واما الحشیش الذی قصد احراقه فربما یحترق وربما لا یحترق فلعمر الله لیس هذا
اور تمام کہیت پہک جاوی اور وہ گہاس جسکا جلانا منظور تہا کبہی جلجاتا ہی اور بعضی دفعہ قایم رہتا ہی سو اللہ کی قسم ہی کہ یہہ

من الاصلاح بل هو من الافساد فلو کان فی هذا العرف خیر لکان القرون التی یستعمل هذا العرف فیها خیرا من
انتظام نہین ہی بلکہ گہنڈت ہی اگر اس عرف مین کچہہ خوبی ہوتی تو بیشک یہہ زمانہ جسمین یہہ عرف خوب برتا جاتا ہی اون عہدسی

القرون التی لم یستعمل فیها هذا العرف کقرون النبی علیه السلام والخلفاء الراشدین والتابعین ولا شك ان خیر
جنمین یہہ عرف نہین برتا گیا بہتر ہوتا جیسی عہد نبی علیہ السلام کا اور عہد خلفاء راشدین کا اور تابعین کا اور اسمین شک نہین کہ

القرون قرن النبی علیه السلام ثم الذین یلونهم ثم الذین یلونهم ثم فشا الکذب والفساد الی قرننا الذی هو شر
سب سی بہتر زمانہ نبی علیہ السلام کا ہی پہر اونکا جو انسی متصل ہین پہر اونکا جو انسی متصل ہین پہر جہوٹ اور فساد پہیل گیا ہماری زمانہ تک جو سب سی بدتر ہی

القرون یشهد بذلك الاحادیث المشهورة بل المتواترة ولو بالقدر المشترك فانقیل تلك القرون لکونها قرون
مشہور حدیثین بلکہ متواتر اسکی گواہ ہین اگرچہ ملتی جلتی مضمون سی پہر اگر کوئی کہی وی زمانہ چونکہ رشد

الرشد والصلاح وعهد الصدق والفلاح کان الامر یتم بسهولة الشرع ولا یحتاج الی صعوبة العرف واما هذه
اور صلاح کی اور عہد صدق اور فلاح کی تہی تو انتظام شرع کی سہولت سی ہو جاتا تہا عرف کی اس صعوبت کی حاجت نہین ہوتی تہی اور یہہ

القرون فلما کان الغالب فیها الفسق والفساد والکذب والعناد اضطر العقلاء الی اجراء العرف الشدید لما راوا
زمانہ اسمین فسق اور فساد اور جہوٹ اور عناد جو غالب ہوگیا ہی تو عقلانی لاچار ہو کر یہہ عرف سخت جاری کیا کیونکہ دیکہتی تہی

من عدم انزجار اهلها بالشرع السدید فالجواب ان هذا السؤال لا یبقی له مورد بعد ما عرف فی اجراء العرف من
کہ اس زمانہ کی لوگ صرف شرع محکم سی باز نہین آتی سو جواب یہہ ہی کہ اس سوال کا ٹہکانا نہین ہی جب عرف کی جاری کرنی مین مفاسد

المفاسد وما فی الشرع من کفایته فی جمیع الاعصار لجمیع المقاصد ثم ان ما ذکر من کون القرون السابقة قرون
مالوم ہی اور شرع کی کفایت تمام عہدون مین تمام مطالب کی لئی تسلیم کرلی پہر وہ جو مذکور ہوا کہ وہ زمانہ رشد

الرشد والصلاح وهذه القرون قرون الفسق والفساد ليس الا بركة اجراء الشريف في تلك القرون وشامة احداث
اور صلاح کی تھی اور یہہ زمانہ فسق اور فساد کا ہی تو یہہ نہین ہی مگر بسبب برکت اجرا شرع شریف کی اوس عہد مین اور بسبب نحوست پیدا کرنی
العرف السخيف في هذه القرون اذ في هذه القرون كثر اولاد الزنا بسبب اكراه اهل العرف اهل كل بلدة واهل كل قرية
نکو عرف کی اس عہد مین کیونکہ اس زمانہ مین حرام کی اولاد بہت ہوگئی ہی اسلئی کہ اہل عرف ہریک شہر پر اور ہریک گانو پر
في كل سنة بل في كل شهر مرارا على الحلف بالطلاق في انواع القضايا فيلزم الحنث بالضرورة وبهذا السبب كثر
سال بسال بلکہ ماہ بماہ کئی کئی بار زور اور ظلم سی ہریک قضیہ مین طلاق کی قسمین دلاتی ہی پہر قسم کا ٹوٹنا بالضرور لازم آجاتا ہی اس سببی
اولاد الزنا في هذا الزمان واشتغلوا بالتزويرات والتلبيسات وانواع الفساد اذ لا يصدر من الذوات الخبيثة
اس زمانہ مین حرام کی اولاد بہت ہوگئی اور مکر اور فریب اور طرح طرح کی فساد کرنی لگی کیونکہ بدذات آدمی سی سوا بدذاتی کی
الا الافعال الخبيثة فان قيل العقوبة المتجاوزة عما عينه الشرع قد صدرت عن السلف وذكر في الكتب المعتبرة
اور کیا ہوتا ہی پہر اگر کوئی کہی کہ ایسی عقوبت جو شرع کی حد معین سی بڑہ جاوی بیشک سلف سی بہی عمل مین آئی ہی اور معتبر کتابون مین مذکور ہی
انها محمولة على السياسة فلم لا يجوز ان يكون العرف المذكور محمولا على السياسة ايضا فالجواب ان السياسة على
کہ وہ عقوبت سیاست پر محمول ہی کیون نہین جایز کہ یہہ عرف مذکور بہی سیاست پر محمول ہووی سو اسکا جواب یہہ ہی کہ سیاست
ما ذكر في معين الحكام نوعان احدهما ظالمة والاخرى عادلة اما الظالمة فالشرع يحرمها ويحكم بعدم جوازها
موافق مضمون معین الحکام کی دو قسم کی ہی ایک تو ظالمہ ہی اور دوسری عادلہ ظالمہ کو تو شرع نی حرام اور مطلق ناجایز کہا ہی
والعرف المذكور عينها وبسببها ينفتح ابواب المظالم الشنيعة ويؤخذ الاموال ويسفك الدماء بغير الشريعة واما
اور یہہ عرف مذکور بعینہ وہی ہی اور اسی کی سبب سی ظلم شنیع کی دروازی کہل جاتی ہین اور مال چہنتی ہین اور خلاف شرع خونریزی ہوتی ہی اور رہی
العادلة فالشرع يوجب المصير اليها والاعتماد عليها وهي ما ذكر في العناية تغليظ جناية لها حكم شرعي حسما لمادة
عادلہ سو شرع سی اوسکی طرف توجہ اور اوسپر اعتماد کرنا واجب ہی اور وہ ہی سیاست عادلہ وہ ہی جو کتاب عنایہ مین مذکور ہی خطا پر حکم شرعی سی فساد کی جڑ
الفساد وقيل هي الشريعة مغلظة وبسببها يخرج الحق من الظالم ويندفع كثير من المظالم ويرتدع اهل الفساد من
کاٹنی کی واسطی تنگ پکڑنا اور کوئی کہتا ہی کہ وہ بہی شریعت بہاری ہی اور اوسکی سبب سی حق ظالم کی قبضہ سی نکل آتا ہی اور اور بہت مظالم بند ہوجاتی ہین اور مفسد لوگ
الفساد وباهمالها يضيع الحقوق ويتعطل الحدود فلا بد من اعتبارها لكن بعد معرفة طريق اجرائها لئلا يتجاوز
فساد کرنا چہوڑ دیتی ہین اگر اسکو چہوڑ دیجی تو حقوق تلف ہوتی ہین اور حدود بیکار سو اسکا اعتبار ضرور ہی لیکن پہلی اوسکی اجرا کو سمجہ لینا چاہئی تاکہ اوس سی بڑہ کر
بها الى غيرها اذ لا يمكن رفع الفساد من وجه الارض الا بعقوبة المتهمين بالاجرام المشهورين بها بعقوبات الشرع
اور کچہہ نہ کر بیٹہی اسواسطی کہ روئی زمین سی فساد دور نہین ہوسکتا جب تک مفسدون کو عقوبت شرعی نہو جنکی نام پر جرم لگی ہوئی ہین اور اوس باب مین
بقدر تهمتهم وشهرتهم بها اما بالحبس كما ذكر في حدود فتاوى قاضيخان ان من يتهم بالقتل والسرقة وضرب الناس يحبس
مشہور ہین جسقدر اونپر تہمت اور جتنا اونکا شہرہ ہو یا تو قید کر کر چنانچہ حدود فتاوی قاضیخان مین ذکر ہی کہ جسکی نام پر خون اور چوری اور ایذا رسانی لوگون کی تہمت ہو اوسکا
ويخلد في السجن الى ان يظهر توبته وذكر في باب الحبس من قضاء الخلاصة والبزازية ان الدعار وهم الذين يقصدون اتلاف
اوسکو قید کرین اور قید خانہ مین اتنی پڑا رکہین کہ وہ توبہ کری اور خلاصہ کی قضا کی باب الحبس مین اور بزازیہ مین مذکور ہی کہ دعار یعنی وہ لوگ جو لوگون کا مال اور
اموال الناس وانفسهم يحبسون حتى يعرف توبتهم بظهور شعار الصالحين في سيماهم او بالضرب كما ذكر في اكراه البزازية
جان تلف کیا چاہتی ہین قید کئی جاوین جبتک کہ اونکی توبہ معلوم ہو کہ اونکی چہرون پر اطوار صلحا کی سی ظاہر ہو جاوین یا مار مار کر چنانچہ بزازیہ کی اکراہ مین مذکور ہی
ان حسن بن زياد سئل عن المتهم بالسرقة ايحل ضربه حتى يقر قال ما لم يقطع اللحم ولم يظهر العظم يعني ان ضربه
کہ حسن بن زیاد سی پوچہا گیا چور کو چوری کی تہمت مین مارنا جایز ہی تاکہ اقرار کری کہا جبتک کہ گوشت نہ کٹین اور ہڈی نہ نکل آوی مراد یہہ ہی کہ ایسا

ينبغي ان لا يخرج عن صفة ضرب الحدود ولا يعاقب بغير عقوبات الشرع بل يضرب ضرب تعزير لا ضرب حد او

کہ حد کی وضع سے مخالف ہو جاوے اور کوئی اور عقوبت سوای عقوبات شرعی کی نکرین بلکہ تعزیر کیسی مار ماریں حد کیسی مار نماریں یا

بالقتل كما ذكر في سير البزازية ان عطاء بن حمزة سئل عن قتل الاعونة البغاة والظلمة في ايام الفترة فقال يباح

قتل کرکر چنانچہ سیر بزازیہ میں مذکور ہی کہ عطاء بن حمزہ سی پوچھا کہ ایام فترہ میں باغیوں اور ظالموں کی جو حامی ہوں اونکو قتل کرنا چاہیئے جواب دیا

قتلهم لانهم مسارعون في الارض بالفساد فقيل له انهم يمتنعون عن السعي في تلك الايام ويتوارون قال ذلك امتناع

اونکا قتل مباح ہی کیونکہ وہ ملک میں فساد کرنیکو دوڑتی پہرتی ہیں کسی نی کہا اب تو وہ اوس عمل سی باز آئی ہیں اور چھپ گئی ہیں کہا لاچاری کو باز آئی ہیں

ضروري ولو ردوا لعادوا لما نهوا عنه وكذلك قال الامام السيد ابو شجاع وزاد بان قال يثاب قاتلهم قال لان من

اور اگر پہر وہ ہی حال ہو تو پہر وہ ہی کریں جو اونکو منع ہوا تہا اور ایسے ہی امام سید ابو شجاع نی کہا ہی اور ا تنا زیادہ کیا کہ اونکی قاتل کو ثواب ہوویگا کیسے کہا کہ

شرط الاسلام الشفقة على الخلق والفرح بفرحهم والحزن بحزنهم وهم على عكس ذلك وذكر في كراهية البزازية انه كان

کیسا ہوگا کہا اسیے کہ اسلام کی شرط ہی کہ خلق پر شفقت کری اور اونکی خوشی سی خوش ہو اور اونکی غم سی غمگین اور وہ لوگ اسکی برخلاف ہیں اور بزازیہ کی کراہیہ میں مذکور ہی

يفتى بكفرهم واختيار المشايخ ان لا يفتى بكفرهم وجواز القتل لا يدل على الكفر قال الله تعالى انما جزاء الذين يحاربون

کہ اونکی کفر پر فتوی تہا اور مشایخ کا مختار یوں ہی کہ کفر پر فتوی نہ دیویں اور قتل جایز ہونی سی کفر نہیں ثابت ہوتا اسد تعالی فرماتا ہی یہی ہی سزا ہی اونکی جو لڑائی کرتی ہیں

الله ورسوله ويسعون في الارض فسادا ان يقتلوا والاعونة من المحاربين الله ورسوله وذكر في باب السعاية من

اللہ سی اور اوسکی رسول سی اور دوڑتی ہیں ملک میں فساد کرنیکو کہ اونکو قتل کریں یا سولی چڑہاویں اور مددگار بہی اللہ اور رسول سی لڑنیوالی ہیں اور باب السعایہ میں

جنايات البزازية ان المشايخ لفساد الملك بسبب السعاية افتوا بان قتل الاعونة والسعاة في زمان الفترة جائز والتقييد

جنایات بزازیہ سی مذکور ہی کہ مشایخ نی اسلیے کہ بسبب سعایہ کی ملک میں فساد پہیل گیا تہا فتوی دیا تہا کہ قتل باغی کی مددگار کا زمانہ فترہ میں جایز ہی اور قید سی

لكونهم في مثل ذلك الزمان اشد ضررا فيلحقون بالذين يحاربون الله ورسوله ويسعون في الارض فسادا فعلى هذا

کیونکہ اونسی ایسی زمانہ میں بڑا ضرر ہوویگا پہر وہ اون لوگوں میں مل جاوینگی جو اسد اور رسول سی لڑتی ہیں اور ملک میں فساد کرتی پہرتی ہیں اس رای کی موافق

يجوز قتلهم لكن باسهل الطرق واقلها عذابا كالصلب وضرب العنق لا باصعبها واكثرها عقابا كالسياسات الجارية

اونکا قتل جایز ہی پر آسانی سی جسمیں تکلیف نہووی جیسی سولی اور سر اوڑا دینا سخت عذاب سی نہیں جسمیں تکلیف زیادہ ہو جیسی سیاسات اس زمانہ میں

في هذا الزمان لما روي انه عليه السلام قال اذا قتلتم فاحسنوا القتلة فعلم من هذا النقول ان اجراء هذه العقوبات

مروج ہیں کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا اگر قتل کرو تو اچھی طرح قتل کرو ان نقلوں سی معلوم ہوا کہ ان عقوبات کا جاری کرنا

انما يجوز اذا كان المدعى عليه متهما بالجرائم مشهورا بها وانكر ما ادعي عليه واما اذا لم يكن متهما بها بل كان رجلا صالحا

جب جایز ہی کہ مدعی علیہ جرم میں بدنام اور خطاواری میں مشہور ہو اور وہ دعوی سی منکر ہو اور اگر اوسپر کچہہ تہمت نہو بلکہ مرد نیک خوبی سی مشہور ہو

مشهورا بالصلاح فلا يجوز عقوبته اصلا بل يحلف ويخلى سبيله ان لم يقم عليه بينة وان كان مجهول الحال لا يعرف ببر

تو ایسی کی عقوبت ہرگز جایز نہیں ہی بلکہ قسم لیکر چہوڑ دیں اگر گواہ نہوں اور اگر مجہول الحال ہو یعنی نہ تو نیکوکار مشہور ہی اور نہ بدکار تو ایسی کو

ولا فجور يجوز حبسه يوما او يومين حتى يتبين حاله بالبينة او بالاقرار وان لم يظهر شيء منها يحلف ويخلى سبيله ولا

ایک یا دو دن قید کرنا جایز ہی یہاں تک کہ اوسکا حال یا گواہ سی یا اقرار سی ظاہر ہوجاوی اور اگر کچہہ بہی ظاہر نہو تو قسم لیکر چہوڑ دیں اور

يجوز ضربه كما ذكر في سرقة الخلاصة والبزازية ان عصام بن يوسف دخل على الامير فاتي بسارق فانكر السرقة فقال الامير

مارنا جایز نہیں ہی چنانچہ خلاصہ و بزازیہ کی باب السرقہ میں مذکور ہی کہ عصام بن یوسف امیر کی پاس گیا وہیں ایک چور پکڑا آیا سو اوس چور نی انکار کیا امیر نی

لعصام بن يوسف ايش يجب عليه فقال عصام عليه اليمين وعلى المدعي البينة فقال الامير هاتوا بالسوط

عصام بن یوسف سی پوچہا اسپر کیا واجب ہی عصام نی کہا اسپر قسم ہی اور مدعی پر گواہ امیر نی کہا کوڑا لاؤ یہاں تک

فما ضربه عشرا حتى اقر واتى بما سرقه فقال عصام سبحان الله ما رايت ظلما اشبه بالعدل من هذا فانظر كيف

پھر دس کوڑی نہین لگائی تھی کہ اوسنی اقرار کیا اور چوری کا مال لا دیا عصام نے کہا سبحان اللہ مین نے اس ظلم سے زیادہ عدل سے ملتا ہوا کوئی ظلم نہین دیکھا اب دیکھو کیونکر

سماه ظلما مع ظهور الحق ولم يجعله عدلا بل جعله شبيها به لعدم وجود علامة ظاهرة موجبة لذلك الضرب

اسکا نام ظلم لیا باوجودیکہ حق ظاہر ہوگیا تھا اوسکو عدل نہین ٹھہرایا بلکہ عدل کا مشابہ کیونکہ کوئی ظاہر دلیل جس سے ضرب واجب ہوجاوے نہین تھی

لانه وان ظهر به الحق في هذه المرة لكن كثيرا ما لا يظهر فيكون ظلما محضا بخلاف المتهم بالجرايم فان ضربه

اسواسطی کہ اگرچہ اوسوقت تو حق ظاہر ہوگیا لیکن اکثر حق ظاہر نہین ہوا کرتا پھر نرا ظلم ہی ظلم ہوتا ہے برخلاف اوسکی جو جرایم سے بدنام ہو رہا ہو بیشک ان

ليس لمجرد استخراج الحق بل ليمتنع عن افعاله المذمومة سواء ظهر الحق ولم يظهر فافترقا وكل ما ذكر الى هنا من جواز

اوکا مارنا صرف حق پیدا کرنے کی لیے نہین ہے بلکہ اس لیے کہ اپنی افعال بد سے باز آوے برابر ہے کہ حق ظاہر ہو یا نہ ظاہر ہو سوان دونو مین فرق ہے اور یہان تک جو مذکور ہوا

اجراء العقوبة على المتهمين بالجرايم انما هو قبل ثبوتها بالبينة والاقرار واما بعد ثبوتها باحدهما فيقام عليهما ما

یعنی اجراء عقوبت کا جایز ہونا جرایم کی بدناموں پر ثبوت سے پہلے ہی گواہوں سی ہو یا اقرار سے اور اگر جرم ثابت ہوجاوے کسی ایک وجہ اقرار یا بینہ سے تو پھر اونہیم

عملا موافقا لرضائه

عين لهم في الشرع من الحد والتعزير يسرنا الله تعالى

المجلس الحادي والثمانون في بيان احكام القضاء

وہ ہی قایم ہوویگا جو شرع نی مقرر کیا ہے حد اور تعزیر سے آپہی ہمپر اعمال موافق اپنی رضا کی آسان کر اکیاسی مجلس احکام قضا کی بیان مین

واخذه بالرشوة وحكومته بشهادة الزور قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انما انا

اور عہدہ قضا کو رشوت سے لینی مین اور جہوٹی گواہی پر حکم کرنی مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مین تو

بشر وانكم تختصمون الي ولعل بعضكم يكون الحن بحجته من بعض واقضي له على نحو ما اسمع منه فمن

خدا کا بندہ ہون اور تم میری پاس فیصلی لاتی ہو اور شاید کہ بعض تم مین سے حجت مین ہوشیار ہو بعضی سے اور جیسا اوس سے سنونگا مین فیصلہ کردونگا پھر

قضيت له بشيء من حق اخيه فلا ياخذنه فانما اقطع له قطعة من النار هذا الحديث من صحاح المصابيح

مین جسکو دوسری کی حق مین سے دلانی لگون تو وہ ہرگز نہ لیوی یہہ ہی ہے کہ اوسکی واسطی ٹکڑا آگ کا جدا کئی دیتا ہون یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہے

رونه ام المؤمنين ام سلمة ومعناه انكم تختصمون الي وربما يكون بعضكم مبطلا في دعواه ولا اعرف

ام المؤمنین ام سلمہ کی روایت سے اسکی معنی یہہ ہی کہ تم اپنی فیصلہ میری پاس لاتی ہو اور بعضی وقت کوئی اپنی دعوی مین جہوٹا ہوتا ہے اور مجکو وہ اپنی

كونه مبطلا في دعواه الا انه افطن بحجته واقدر على تقريرها بحيث اظنه صادقا في دعواه اقضي له

دعوی مین جہوٹا معلوم نہین ہوتا لیکن چونکہ وہ حجت مین ایسا قوی اور تقریر مین اتنا چسپ ہوتا ہے کہ مین اوسکی دعوی کو سچا گمان کرکر اوسکی دعوی کی

على وفق دعواه فيكون ما قضيته له من حق اخيه قطعة من النار لكونه حراما بسوقه الى النار فانه عليه السلام

موافق دلا دیتا ہون پھر وہ جو مین اوسکو دلاتا ہون بہائی کی حق مین سے آگ کا ٹکڑا ہوتا ہے کیونکہ وہ حرام ہے دوزخ مین کہینچ لیجاویگا بیشک نبی علیہ السلام نی

صدر كلامه في هذا الحديث بقوله انما انا بشر تنبيها على جواز عدم مطابقة حكمه لما في نفس الامر لكونه بشرا لا

اپنی کلام اس حدیث مین اس لفظ سے شروع کی کہ مین آدمی ہون اس تنبیہ کی واسطی کہ حکم نفس الامر سے غیر مطابق ہوسکتا ہے کہ وہ بشر ہین

يعلم من الغيب ولا يطلع على الضمائر الا ما يوحى اليه ولا يلزم منه ان يكون حكمه خطاء اذ ليس هذا من قبيل الخطاء

غیب دان نہین ہین دل کی بہید پر جب ہی خبر ہوتی ہے کہ وحی آوی اور اس سے یہہ ثابت نہین ہوتا کہ وہ حکم بیجا ہے اسواسطی کہ یہہ حکم مین غلطی نہین ہے

في الحكم لان الحاكم مامور مكلف بان يحكم بين الخصمين بالظاهر على حسب ما يسمعه من كلامهما وعلى ما يقتضيه

کیونکہ حاکم کی ذمہ یہہ ہی ہے کہ دونو مدعی مدعی علیہ مین ظاہر کی موافق جیسا کہ اونکی کلام سنکر معلوم ہو اور جو اونکی حجت سے ثابت ہو حکم کردی

حجتهما لا بما في نفس الامر حتى ان من كان مبطلا في دعواه اذا اتى بشاهدي الزور ولو يعلم القاضي بكذبهما وقضى

یہہ نہین ہے کہ نفس الامر کی حکم ہو یہان تک کہ جسکا دعوی جہوٹا ہو اور وہ جہوٹی دو گواہ گذار دی اور قاضی کو اونکا جہوٹ معلوم نہو اور وہ اونکی گواہی کی

بشہادتہما بعد تعدیلہما فہو محق فی الحکم وان لم یکن ما حکم بہ ثابتا فی نفس الامر فعلم من ھذا ان حکم القاضی

موافق اونکی تعدیل کی بعد حکم کردی تو قاضی کا حکم حق پر ہی اگرچہ وہ مدعا نفس الامر مین ثابت نہو اس سی معلوم ہوا کہ قاضی کا حکم

بشہادۃ الزور لا یحل ماکان حراما ولا یحرم ماکان حلالا ولا ینفذ قضاؤہ الا ظاھرا وھذا متفق علیہ

جھوٹی گواہی سی حرام کو حلال نہین کردیتا اور نہ حلال کو حرام اور اوسکا حکم ظاہر ہی مین جاری ہوتا ہی یہہ بات املاک مرسلہ

فی الاملاک المرسلۃ التی لم یذکر فیہا سبب معین من اسباب الملک واما فی العقود کالبیع والشراء والنکاح

کہ جنمین کوئی خاص سبب ملک کا بیان نہو متفق علیہ ہی اور رہی عقود جیسی بیع اور شرا اور نکاح

والاجارۃ ونحوھا وفی الفسوخ کالاقالۃ والطلاق ونحوھما فعند ابی حنیفۃ ینفذ ظاھرا وباطنا وعند غیرہ

اور اجارہ اور مانند انکی اور فسوخ عقد جیسی اقالہ اور طلاق اور مانند انکی سو امام ابو حنیفہ کی نزدیک حکم قاضی کا ظاہر اور باطن مین جاری ہوتا ہی اور اورون کی

انما ینفذ ظاھرا لا باطنا لھم ان القضاء اظہار ماکان ثابتا لا اثبات مالم یکن ثابتا وما ادعی من العقود والفسوخ لم یکن

نزدیک فقط ظاہر مین جاری ہوتا ہی باطن مین نہین ہوتا انکی یہہ دلیل ہی کہ قضا ظاہر کرنا ثابت کا ہی غیر ثابت کا ثابت کرنا نہین ہی اور دعوی عقود مین اور فسوخ مین ثابت

ثابتا عند کون الدعوی باطلۃ والشہود کاذبۃ فلا ینفذ القضاء فیہ الا ظاھرا واما باطنا فلا لان القضاء انما

نہین ہوتا جس صورت مین کہ دعوی جھوٹا ہوا ور گواہ بھی جھوٹی ہون تو اب قضا صرف ظاہر مین نافذ ہوگی باطن مین نہین ہوگی اسلئی کہ قضا حجت کی

ینفذ بقدر الحجۃ والحجۃ باطلۃ فی الباطن لکون شہادۃ الزور حجۃ فی الظاھر لا فی الباطن والمشہود لہ

موافق نافذ ہوتی ہی اور یہہ حجت تو باطن مین غلط ہی کیونکہ گواہ جھوٹی ہین ظاہر مین حجت ہی باطن مین نہین اور گواہون والا

یعلم ذلک والقاضی لا یعلمہ فینفذ قضاؤہ ظاھرا لا باطنا کما فی الاملاک المرسلۃ ولہ ان القاضی اذا قیمت عندہ

اسکو جانتا ہی اور قاضی نہین جانتا سو قضا ظاہر مین نافذ ہوگی باطن مین نہین ہوگی جیسی املاک مرسلہ مین اور امام صاحب کی یہہ دلیل ہی کہ قاضی کی پاس

البینۃ وعدلت یکون علیہ القضاء واجبا حتی لو امتنع عن القضاء واخرہ یکون اثما لکن لما کان القضاء اظہار

جب گواہ آئی اور تعدیل ہوچکی تو اوسپر حکم دینا واجب ہی یہان تک کہ اگر کچھ حکم ندیوی یا درنگ کری تو گنہگار رہوتا ہی لیکن چونکہ قضا ظاہر کرنا

ماکان ثابتا ولم یکن ما ادعی من العقود والفسوخ ثابتا عند کون الدعوی باطلۃ والشہود کاذبۃ وجب اثباتہ

ثابت کا ہوتا ہی اور مدعا عقود اور فسوخ مین ثابت نہین ہوتا جسصورت مین کہ دعوی باطل اور گواہ جھوٹی ہون تو اب بطور اقتضا کی

اقتضاء لئلا یلزم ان یکون القاضی مکلفا بما لیس فی وسعہ فان قضاء القاضی فیما یحتمل الانشاء ولم یکن فی المحل

مدعا ثابت کرنا ضرور ہوا تا کہ قاضی کی تکلیف طاقت سی زیادہ لازم نہ آوی بیشک حکم قاضی ایسی محل مین ہی کہ احتمال نئی سری ہونیکا ہی اور اس محل مین

مانع وکانت الشہود کاذبۃ یکون انشاء لانہ مامور بالقضاء بالحق ولا یکون قضاؤہ بالحق فیما یحتمل الانشاء ولم

کوئی مانع نہین ہی اور گواہ جو جھوٹی تھی تو انشا یعنی از سرنو اب ہوجائیگا کیونکہ قاضی قضا برحق کا مامور ہی اور اوسکی قضا برحق ایسی محل مین کہ احتمال انشا کا ہووی اور

یکن فی المحل مانع وکانت الشہود کاذبۃ الا بالحمل علی الانشاء والعقود والفسوخ مما یحتمل الانشاء وللقاضی ولایۃ الانشاء

وہان مانع بھی نہو اور گواہ بھی جھوٹی ہون نہین ہوسکتی بدون حمل کئی انشا پر اور عقود اور فسوخ مین انشا یعنی از سرنو کا احتمال ہی اور قاضی از سرنو کردیگا

فی الجملۃ فیجعل قضاؤہ انشاء بطریق الاقتضاء فیصیر کانہ قال فی دعوی عقد النکاح لہ زوجتک ایاہ وحکمت

فی الجملہ مختار ہی سو اوسکی قضا بطریق اقتضاء انشا از سرنو ہوگی اسکا انجام یہہ ہی گویا قاضی عقد نکاح کی دعوی مین یہہ کہتا ہی مینی تیرا نکاح اوسکی ساتھ کردیا

بینکما بالنکاح وفی دعوی فسخ النکاح بصیر کانہ قال فرقتک عنہ وحکمت بینکما بالطلاق وکذا فی غیر ذلک

اور مین نی تم دونو مین نکاح کا حکم دیا اور فسخ نکاح کی دعوی مین یہہ انجام ہوتا ہی گویا قاضی کہتا ہی مین نی تجکو اوس سی اب جدا کیا اور تم دونو مین طلاق کا حکم دیا اور ایسی ہی اور

مما ادعی من العقود والفسوخ بخلاف الاملاک المرسلۃ فان القضاء فیہا بشہادۃ الزور لا ینفذ الا ظاھرا لان

دعوون مین جو جو دعوی عقود اور فسوخ کی ہون برخلاف املاک مرسلہ یعنی بی قید کی بیشک اوسمین قضا جھوٹی گواہی سی صرف ظاہر مین نافذ ہوگی کیونکہ

الملك لابد له من سبب في الاسباب كثرة ومزاحمة ولا يمكن للقاضي ان يعين شيئا منها بدون الحجة اذ ليس بعضها
ہر ملک کی واسطی کوئی سبب چاہئی اور اسباب تو بہت ہین ایک دوسری کا مخالف قاضی سی یہہ نہین ہوسکتا کہ اونمین سی کسی ایک کو بدون حجت کی مقرر کر لی کیونکہ ایک کو

اولى من البعض فحينئذ لا يمكن اثبات شيء منها سابقا على القضاء بطريق الاقتضاء لان الملك ليس مما يحتمل الانشاء
ایک پر کچہہ فوقیت نہین ہی سو اب بطریق اقتضاء قضا سی پہلی کچہہ بہی ثابت نہین ہوسکتا اسلئی کہ ملک مین احتمال انشا کا یعنی از سر نو کا تو نہین ہی

والقاضي ليس مامورا بالقضاء بالملك بل هو مامور بالقضاء بقصر يد المدعى عليه عن المدعي فهذا هو النافذ منه
اور قاضی کو یہہ حکم نہین کہ ملک کا حکم دیا کری بلکہ اوسکو یہہ حکم ہی کہ مدعی علیہ کا ہاتہہ مدعی سی کوتاہ کردی سو یہہ ہی ہی کہ ظاہر مین نافذ ہوتی ہی

ظاهرا لا غير بيانه ان رجلا اذا ادعى على رجل بيعا او شراء في جارية او طعام واقام شاهدي الزور وقضى القاضي
فقط اسکی تفصیل یہہ ہی کہ ایک شخص نی ایک شخص پر ایک لونڈی یا طعام کی بیع کا یا شرا کا دعوی کیا اور دو جہوٹی گواہ گذار دئی اور قاضی نی

بينهما بالبيع او الشراء ينفذ قضاؤه ظاهرا وباطنا حتى يحل لمن حكم له بالجارية او الطعام ان يطأ الجارية بعد الاستبراء
اون دونون مین بیع یا شرا کا حکم دیا تو یہہ حکم ظاہر و باطن مین نافذ ہو جائیگا یہان تک کہ جسکو وہ لونڈی یا طعام دلایا گیا ہی حلال ہی کہ لونڈی سی بعد رحم صاف کرنی کی

ويأكل الطعام لثبوت الملك له بالثمن الذي وقع الشهادة به واما اذا ادعى رجل على رجل ملكا مطلقا في جارية او
وطی کری اور کہانا کہا لیوی کیونکہ اوسکی ملک ثمن سی ثابت ہوگئی جسکی گواہ گذر چکی ہین اور رہی وہ صورت کہ ایک شخص ایک شخص پر لونڈی یا طعام کی مطلق ملکیت کا دعوی

طعام من غير تعيين سبب من اسباب الملك واقام شاهدي الزور وقضى القاضي بينهما بالملك لا ينفذ قضاؤه الا
کری اور کوئی سبب خاص ملک کا بیان نکری اور دو جہوٹی گواہ گذار دی اور قاضی اونمین حکم ملکیت کا دیدیوی تو اب اوسکا حکم فقط ظاہر مین نافذ ہوگا

ظاهرا حتى لا يحل لمن حكم له الجارية او الطعام ان يطأ الجارية او يأكل الطعام لعدم ثبوت الملك له فيما بينه وبين
یہان تک کہ جسکو لونڈی یا طعام دلا دیوی حلال نہین ہی کہ لونڈی سی صحبت کری یا طعام کو کہا لیوی کیونکہ اوسکی ملک فیما بینہ وبین اللہ یعنی واقع مین ثابت

الله تعالى ومن امثلة العقود ان احدا من الرجال او النساء اذا ادعى على اخر نكاحا واقام شاهدي الزور وقضى
نہین ہی اور ایک مثال عقد کی یہہ ہی کہ کوئی مرد ہو یا عورت اگر دوسری پر نکاح کا دعوی کرکر دو جہوٹی گواہ گذار دی اور قاضی

القاضي بينهما بالنكاح ينفذ قضاؤه ظاهرا وباطنا حتى يحل للرجل الوطي وللمراة التمكين هذا اذا لم يكن المراة في
اونمین حکم نکاح کا کر دی تو اب قضا ظاہر اور باطن مین نافذ ہو جائیگی یہان تک مرد کو وطی اور عورت کو اپنی اوپر قبضہ دینا حلال ہی یہہ اوس صورت مین ہی کہ وہ عورت

نكاح الغير او عدته فاما اذا كان في نكاح الغير وعدته فالقضاء انما ينفذ ظاهرا فقط لا باطنا ومن امثلة الفسخ
اور کی نکاح مین یا عدت مین نہو اور اگر اور کسیکی نکاح یا عدت مین ہوگی تو قضا صرف ظاہر مین نافذ ہوگی باطن مین نہوگی اور مثال فسخ کی یہہ ہی

ان احد الزوجين اذا ادعى على اخر فسخ النكاح واقام شاهدي الزور وقضى القاضي بينهما بالفرقة ينفذ قضاؤه ظاهرا و
کہ خاوند جورو مین سی کسی نی دوسری پر فسخ نکاح کا دعوی کرکر دو جہوٹی گواہ گذار دئی اور قاضی نی اونمین جدائی کا حکم دیدیا تو یہہ حکم ظاہر و باطن مین نافذ ہوگا

باطنا حتى يحرم للرجل الوطي وللمراة التمكين ويجوز لها التزوج بزوج اخر ويجوز للزوج الاخر وطئها وان علم ان الزوج
یہان تک کہ اوس خاوند کو اب وطی اور جورو کو اپنی اوپر قبضہ دینا حرام ہی اور عورت کو جائز ہی کہ اور خصم کر لی اور اوس دوسری خاوند کو اوسکی وطی جائز ہی اگرچہ معلوم ہو کہ پہلی

الاول لم يطلقها بان كان احد شاهدي الزور وهذا كله قد كان ظاهرا معلوما مما ذكر لكن ينبغي ان يعلموا ايضا ان
خاوند نی اسکو طلاق نہین دی ہی اسطور کہ اون دو جہوٹی گواہون مین کا ایک یہہ ہی ہو اور یہہ تمام مذکور سابق سی ظاہر اور معلوم ہی پر یہہ بہی سمجہہ لو کہ

قضاء القاضي في العقود والفسوخ بشهادة الزور وان كان نافذا ظاهرا وباطنا ومفيدا للحل عند ابي حنيفة لكونه
قاضی کا حکم عقود اور فسوخ مین جہوٹی گواہی سی اگرچہ ظاہر و باطن مین نافذ اور امام کی نزدیک حلت کا فائدہ بہی دیتا ہی کیونکہ عقد یا فسخ

انشاء بطريق الاقتضاء الا ان المدعي والشهود لا يخلو من ان يتعرضوا لسخط الله تعالى وعقابه حيث ارتكبوا ما نهى الله
بطور اقتضاء کی از سر نو ہو جاتا ہی اتنا ہی کہ مدعی اور گواہ دونو غضب الٰہی اور عقاب سی نہ بچین گی کیونکہ اونہون نی وہ عمل کیا ہی جو اللہ

ورسوله وسعوا فی ابطال حق الغیر وظلمه لاسیما اذا لم یکن الثمن الذی شهدوا به مساویا للقیمة اما المدعی فانه ارتکب
اور اوسکے رسول نے منع کیا ہی اور غیر کی حق تلفی اور ظلم میں سعی کی ہی خاص کر اوس صورت میں کہ ثمن جسکی گواہی دی ہی قیمت کی برابر نہو مدعی نے تو جھوٹ بولا
الکذب وادعی ما لیس له وقد روی انه علیه السلام قال من ادعی ما لیس له فلیس منا فلیتبوأ مقعده من النار واما الشهود
اور ایسا دعوی کیا جو اوسکا حق نہیں ہی اور روایت ہی کہ نبی علیه السلام نے فرمایا جسنے دعوی کیا جو اوسکا حق نہیں ہی وہ ہم میں سے نہیں ہی چاہیے کہ اپنا ٹھکانا دوزخ میں تیار کرلے
فانهم ارتکبوا الکبیرة التی شابهت الشرك وهی شهادة الزور ولکن المدعی حیث رضی بها وقد روی انه علیه السلام
اور یہ گواہ سو انہوں نے وہ گناہ کبیرہ اختیار کیا کہ شرک کی مانند ہی یعنی جھوٹی گواہی ایسی ہی مدعی کہ اوسپر رضا مند ہوا اور روایت ہی کہ نبی علیه السلام نے
قال عدلت شهادة الزور بالاشراك بالله تعالی ثلث مرات ثم قرأ قوله تعالی فاجتنبوا الرجس من الاوثان واجتنبوا قول الزور فانه
تین بار فرمایا جھوٹی گواہی اشراک باللہ کی برابر ہی پھر یہ آیت پڑھی سو بچتے رہو بتوں کی گندگی سے اور بچتے رہو جھوٹی بات سے بیشک نبی علیه السلام
بین فی هذا الحدیث ان شهادة الزور کانت مساویة للشرك فی حصول الاثم الموجب لدخول النار الا ان الشرك موجب للخلود
نے اس حدیث میں بیان فرمایا کہ جھوٹی گواہی گناہ میں شرک کی برابر ہی جس سے بالضرور دوزخ میں داخل ہوتا ہی اتنا ہی کہ شرک سے ہمیشہ دوام کو دوزخ ہی
فیها وشهادة الزور غیر موجبة له وهما ینبغی ان یعلم ایضا ان قضاء القاضی بشهادة الزور فی العقود والفسوخ انما ینفذ ویفید
اور جھوٹی گواہی سے دوام نہیں ہی اور یہ بھی سمجھنے کی بات ہی کہ قاضی کا حکم جھوٹی گواہی سے عقود اور فسوخ میں جب نافذ ہوتا ہی حلت کا فائدہ
الحل اذا اخذ القاضی القضاء بغیر رشوة واما اذا اخذ القضاء بالرشوة فلا یکون قاضیا ولا ینفذ حکمه علی ما ذکر فی عامة
دیتا ہی کہ قاضی کو عہدہ قضا بغیر رشوت ملا ہو اور اگر قضا رشوت دیکر لی ہی تو نہ وہ قاضی ہی اور نہ اوسکا حکم نافذ ہی چنانچہ تمام کتابوں میں مذکور ہی
الکتب فعلی هذا لا یوجد فی هذا الزمان قاض ینفذ حکمه اذ قلما یوجد قاض یاخذ القضاء بغیر الرشوة فان القضاة فی هذا
اس روایت کی موافق اب اس زمانہ میں ایسا کوئی قاضی نہیں ہی جسکا حکم نافذ ہو کیونکہ بہت کمتر قاضی ہیں جنکو قضا بدون رشوت کی ملا ہو بیشک اس زمانہ کی قاضی
الزمان یسعون فی اخذ القضاء بالرشوة سعیا بلیغا ویبذلون فی تحصیله مالا کثیرا سموه باسماء غیر الرشوة مع کون کله
رشوت دیکر قضا لینے میں نہایت درجہ کی سعی کرتے ہیں اور قضا کی لئے خوب مال خرچ کرتے ہیں اوسکا نام سوا رشوت کی کچھہ اور رکھہ چھوڑا ہی باوجودیکہ سب
رشوة فکیف یوجد فیهم قاض ینفذ حکمه فانهم باخذهم القضاء بالرشوة یکونون سببا لابطال کثیر من الاحکام الشرعیة
رشوت ہی پھر کہاں ہی ایسا قاضی جسکا حکم نافذ ہووے کیونکہ قاضی تو رشوتوں سے قضا لیکر بہتیری احکام شرعی باطل کرتے ہیں
لان کثیرا من امور المسلمین مفوض الی رایهم وموقوف علی حکمهم وهم اذا اخذوا القضاء بالرشوة لا ینفذ حکمهم فی شیء
اسلئے کہ اکثر امور مسلمانوں کی اونکی رای پر مفوض اور اونکی حکم پر موقوف ہیں اور اونہوں نے جب قضا رشوت دیکر لی تو اونکا حکم کسی فیصلہ شرعی میں نافذ نہیں ہوتا
من المحکومات الشرعیة فیلزم بطلان کثیر من امور المسلمین لاسیما النکاح الذی یکون مفوضا الیهم فان القاضی الذی اخذ
تو اب مسلمانوں کی بہتیری امور باطل ہوتی ہیں خاص کر نکاح جو اونکی طرف مفوض ہی بیشک جس قاضی نے رشوت دیکر
القضاء بالرشوة اذا عقد النکاح الذی فوض الیه یکون ذلك النکاح باطلا فیلزم ان یکون الزوج والزوجة زانیین ما داما
قضا حاصل کی ہی جب وہ کسیکا عقد نکاح کریگا جو اوسکی طرف مفوض ہی تو وہ نکاح باطل ہوگا اب یہ لازم آتا ہی کہ دونو خاوند جورو زانی ہوں جب تک
تحت ذلك النکاح ولیس هذا الا لکثرة محبتهم الدنیا وقلة مبالاتهم فی الدین فانهم لغایة غفلتهم عن الاخرة یاخذون القضاء
اوس نکاح میں رہیں اور یہ حال اسی لئے ہی کہ دنیا کی محبت بہت ہی اور دین کی پروا کمتر ہی کیونکہ یہ قاضی آخرت سے خوب غافل ہوکر قضا کو رشوت سے
بالرشوة ولا یبالون بکونهم ملعونین بلعن رسول الله علیه السلام بل یفتخرون به مع ان کثیرا من السلف امتنعوا عن قبوله
حاصل کرتے ہیں اور اوسکی کچھہ پروا نہیں کرتے کہ اونپر رسول علیه السلام کی لعنت پڑتی ہی بلکہ اوسپر فخر کرتے ہیں باوجودیکہ سلف میں اکثر لوگوں نے باوجود ہدایت کراہت کی ہی
حتی اکرهوا اکراها بلیغا علی قبوله فلم یقبلوه فضلا عن بذل المال فی حصوله الا تری ان ابا حنیفة دعی الی القضاء ثلث مرات
قبول نہیں کیا اور اوسکی لئے مال خرچ کرنیکا تو کیا ذکر ہی دیکھو نہیں کہ امام ابو حنیفہ کو قضا کی لئے تین دفعہ بلایا

فابى حتى حبس وضرب في كل مرة ثلثين سوطا فلما خاف على نفسه قال حتى استشاور اصحابي فشاورهم فقال ابو يوسف

پر انکار ہی کیا آخر کو قید ہوئے اور ہر بار تیس تیس کوڑی کہائی پہر جب جان کا خوف ہوا تو کہا میں اپنی یاروں سی مشورہ لیلوں پہر مشورہ کیا تو ابو یوسف نے کہا

لو تقلدت لانتفعت الناس فنظر اليه ابو حنيفة نظر الغضب وقال لو امرت ان اعبر البحر سباحة لكنت اقدر عليه

اگر قضا لیلو تو لوگون کا بڑا فائدہ ہی پہر ابو حنیفہ نے اونکی طرف غصہ سی گہور کر کہا اگر مجہکو یہہ حکم ہوتا کہ دریا کو تیر کر اوتر جاؤن تو البتہ مجہکو قدرت تہی

فكاني بك قاضيا فاعرض ولم ينظر اليه بعد ذلك وكذلك دعي محمد الى القضاء فابى حتى قيد وحبس نيفا وخمسين يوما

میری جگہہ تو ہی قاضی ہی پہر منہہ پہیر لیا اور اوسکی طرف پہر نہ دیکہا اور اسیطور امام محمد کو قضا کی واسطی بلایا سو انکار کیا یہان تک کہ قید ہوئی اور پچاس اور کئی دن محبوس

واضطر فتقلده وانما امتنع هؤلاء الكرام عن تقلده لما روي عن ابي هريرة انه عليه السلام قال من جعل قاضيا

رہی اور لاچار ہو کر قضا لیلی اور اس جماعت بزرگ نی اسیلئی نہ مانا کہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو شخص لوگون پر قاضی ہوا

بين الناس فقد ذبح بغير سكين والمراد من الذبح في هذا الحديث القتل فان القتل بغير سكين كسقي السم مثلا لا يؤثر

بیشک بے چہری کا ذبح ہوا اور ذبح سی مراد اس حدیث مین قتل ہی بیشک قتل بغیر چہری کی جیسی زہر پلا دینا مثلا ظاہر مین کچہہ اثر نہین کرتا

في الظاهر وانما يؤثر في الباطن بازهاق الروح كذا القضاء لا يؤثر في الظاهر لانه في الظاهر رفعة وعظمة وانما يؤثر

اور باطن مین ایسا اثر کرتا ہی کہ جان نکل جاتی ہی ایسی ہی قضا ظاہر مین کچہہ اثر نہین کرتی کیونکہ ظاہر مین تو رفعت اور عظمت ہی باطن مین ایسا اثر کرتی ہی

في الباطن باهلاك الدين لان القاضي قلما يعدل بين الخصمين بل ربما يميل في الحكم الى الاصدقاء والاقرباء او الى من

کہ دین ہلاک کر دیتی ہی اسلئی کہ قاضی خصمین مین بہت ہی کم عدل کرتا ہی بلکہ اکثر حکم مین دوست کی اور اقربا کی طرفداری کر جاتی ہین یا کسی منصب والی کی

له منصب يتوقع نواله او يخاف بلاءه وربما يوسوس له نفسه على قبول الرشوة فمن كان حاله كذلك فالموت خير

جس سی کچہہ وصول کی توقع یا اوسکی بلا کا خوف ہو اور بعضی وقت دلمین رشوت لینی کا خطرہ گذرتا ہی پہر جسکا ایسا حال ہووی تو ایسی قضا سی موت بہتر ہی

من القضاء لان الموت يقطعه عن المعاصي والقضاء يوقعه في المعاصي فان قيل القضاء بالحق من اقوى الفرائض

کیونکہ موت تو معاصی سی الگ کر دیتی ہی اور قضا معاصی مین مبتلا کر دیتی ہی پہر اگر کوئی کہی حکم حق پر دینا عمدہ فرائض ہی

واشرف العبادات لكونه امرا بالمعروف ونهيا عن المنكر وقد امر الله به النبيين كما قال في كتابه انا انزلنا التورية

اور عبادات مین اشرف ہی اسلئی کہ امر بالمعروف اور بند کرنا بدی سی ہی اور اللہ نی انبیا کو یہہ حکم کیا ہی چنانچہ قرآن مین فرماتا ہی ہمنی اوتاری توریت

فيها هدى ونور يحكم بها النبيون وقال لنبينا عليه السلام انا انزلنا اليك الكتب بالحق لتحكم بين الناس فما وجه

اسمین ہدایت اور روشنی اوسپر حکم کرتی پیغمبر اور ہماری نبی علیہ السلام کو فرمایا ہمنی اوتاری تجہکو کتاب سچی کہ تو انصاف کری لوگون مین پہر اس سی

الامتناع عنه فالجواب انه وان كان من اقوى الفرائض واشرف العبادات لكن ذكر في كتب الفقه ان من كان

رکنی کی کیا وجہ ہی جواب یہہ ہی کہ قضا اگرچہ بڑا فریضہ اور عبادات مین اشرف ہی پر فقہ کی کتابون مین مذکور ہی کہ جو شخص

صالحا له ينبغي له ان لا يطلبه بقلبه ولا يسئله بلسانه فان دعي اليه بلا طلبه قال بعض العلماء يكره له الدخول فيه

قضا کی لایق ہوا اوسکو لازم ہی کہ دل سی اوسکا طالب نہووی اور نہ زبان سی اوسکا سوال کری پہر اگر بلا طلب اوسکی لئی مقرر کرین تو بعضی علما کہتی ہین کہ اختیار کرنی قضا مین

مختار المارودي عن انس انه عليه السلام قال من ابتغى القضاء وسئله وكل الى نفسه ومن اكره عليه انزل الله تعالى

پہنسنا مکروہ ہی اسلئی کہ انس سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جسنی قضا تلاش کی اور سوال کیا تو اپنی ذات پر حوالہ کیا جاتا ہی اور جو زبردستی قاضی کیا گیا تو اللہ تعالی

عليه ملكا يسدده فانه عليه السلام اشار في هذا الحديث الى ان من يطلب القضاء بقلبه ويسئله بلسانه يفوض امره

اوسپر فرشتہ تعین کر دیتا ہی وہ اوسکو راستی پر رکہتا ہی سو نبی علیہ السلام نی اس حدیث مین یہہ اشارہ کیا کہ جو شخص قضا کو بدل تلاش اور زبانی سوال کرتا ہی تو وہ اوسکی

الى نفسه ومن يفوض امره الى نفسه لا يهدى الى الصواب لان النفس امارة بالسوء تجر صاحبها الى المخالفة وسوء المطالب

ذات پر حوالہ ہی اور جسکا امر اوسکی ذات پر حوالہ رہا صواب کا راہ نہین پاتا اسلئی کہ نفس برائی ہی بتاتا ہی اپنی یار کو مخالفت اور بری مطلب کی طرف کہینچتا ہی

ولا يسلم

فلا یسلم من الوقوع فی الظلم والمعصیة وایضا من یطلب القضاء ویسئله یعتمد علی علمه وورعه فیکون صاحب عجب

کھینچتا ہی سو ظلم اور معصیت سی سلامت نہین رہتا اور یہہ بہی ہی کہ جو قضا کی طلب اور سوال کرتا ہی تو اپنی علم اور پرہیز پر بہروسہ کرتا ہی اسواسطی تکبر آویگا

فیحرم التوفیق واما من یکره علیه فانه یصیر منکسر القلب بالاکراه فیعتصم بحبل الله تعالی ویتوکل علی الله

اور توفیق سی محروم ہو گا اور جسپر قضا کی لئی زور ہوتا ہی تو اکراہ سی آزردہ دل ہوکر الله کی رسی سی سہارا لیتا ہی اور الله پر توکل کرتا ہی

ومن یعتصم بالله فقد هدی الی صراط مستقیم ومن یتوکل علی الله فهو حسبه فیلهمه الرشد ویوفقه

اور جو الله کا سہارا پکڑتا ہی بیشک سیدہی راہ پاتا ہی اور جو شخص الله پر توکل کری وہ اوسکا ذمہ دار ہی پس اوسکی ذہن رشد پیدا کردیتا ہی اور

الصواب یسر نا الله تعالی عملا مطابقا لرضائه بلطفه وکرمه المجلس الثانی والثمانون فی بیان

صواب مین پہنچاتا ہی الہی ہمپر عمل مطابق اپنی رضا کی اپنی لطف اور کرم سی آسان کر بیاسی مجلس اوس شخص کی بیان مین

من یجوز له الوعظ للناس ومن لا یجوز وما یتفرع علیه قال رسول الله صلی الله علیه وسلم

جسکو لوگون کی لئی وعظ کہنا جایز ہی اور جسکو نہین جایز اور اسپر کیا پیدا ہوتا ہی رسول الله صلی الله علیه وسلم نی فرمایا

لا یقص الا امیر او مامور او مختال هذا الحدیث من حسان المصابیح رواه عوف بن مالک ومثله ما رواه ایضا انه ع

وعظ نہین بیان کرتا مگر امیر یا مامور یا شیخی خورا یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی عوف ابن مالک کی روایت سی اور ایسی ہی مضمون کی وہ حدیث ہی

قال القصاص ثلثة امیر ومامور ومختال والقص التکلم بالقصص ویستعمل فی الوعظ وهو المراد ههنا والمعنی ان الذین

علیه السلام نی فرمایا وعظ کہنی والی تین ہین امیر اور مامور اور شیخی خورا اور قصہ کی معنی ہین قصہ بیان کرنا اور قص وعظ مین برتا جاتا ہی اور یہان وعظ ہی مراد ہی اور معنی یہہ ہین

یعظون الناس ثلثة احدهم الامیر وهو الحاکم فان الحکام فی الزمان الاول کانوا یعظون الناس ویقصون علیهم اخبار

جو شخص لوگون کو وعظ کہتی ہین تین ہین ایک تو امیر یعنی حاکم بیشک پہلی زمانہ مین حاکم ہی لوگون کو وعظ کیا کرتی تہی اور گذری ہوئی خبرین انکو سناتی تہی

الماضیة لیعتبروا وثانیهم المامور وهو الذی امره الامیر بالوعظ واذن له فیه وثالثهم المختال وهو الذی لیس بامیر

تاکہ عبرت پذیر ہون اور دوسرا مامور یعنی جسکو امیر نی واسطی وعظ کی مقرر کیا اور اجازت دی ہی اور تیسرا مختال یعنی نہ وہ امیر ہی

ولا مامور من جهته بل هو فضولی یفعل ذلک تکبرا علی الناس وطلبا للریاسة بینهم ویرائیهم بقوله وفعله وفیه

اور نہ امیر کی طرف سی مامور بلکہ وہ شخص زاید ہی یہہ پیشہ لوگون پہ بزرگ ہونی کو اور اونمین ریاست لینی کو اختیار کرتا ہی اور اونکو اپنا قول اور فعل دکہلاتا ہی اسمین

زجر للواعظ عن الوعظ بغیر اذن الامام وانما کان کذلک لان الامام یجب علیه ان یقوم بمصالح الرعیة ویرتب

واعظ کو کہ بدون اذن امام کی وعظ کہی ممانعت ہی اور ممانعت اسلئی ہی کہ امام پر واجب ہی کہ واسطی مصلحت رعیت کی مستعد رہی اور ہر ہر گانو مین

فی کل قریة وفی کل محلة عالما متدینا یعلم الناس دینهم فینظر فی العلماء فمن یری فیه علما ودیانة وحسن عقیدة

اور ہر ہر محلہ مین ایک ایک عالم دیندار تعین کری کہ وہ لوگون کو دین تعلیم کیا کری پہر علماء مین غور کری جسمین علم اور دیانت اور نیک عقیدہ دیکہی

یاذن له ان یعظ الناس ومن لا یری فیه هذه الصفات لا یاذن له فی الوعظ لئلا یوقع الناس فی البدعة والضلالة

اسکو اجازت دی کہ لوگون کو وعظ کیا کری اور جسمین یہہ صفات نہ پاوی تو اوسکو وعظ کی اجازت نہ دی تاکہ لوگون کو بدعت اور بی راہی مین نہ پہنسادی

کما هو واقع فی هذا الزمان وذلک لان الخلق لا یولدون بالعلم وانما یولدون بالجهل والجهل مرض من امراض القلوب

جیسا اس زمانہ مین ہو رہا ہی اور یہہ اسواسطی ضرور ہی کہ خلق عالم نہین پیدا ہوتی یہہ ہی جہالت مین پیدا ہوتی ہی اور جہالت دلکی بیماریون مین سی ایک مرض ہی

فلا بد له من طبیب حاذق یعالجهم ویزیل مرضهم بتعلیم احکام الدین فی اصله وفرعه ومن لم یکن حاذقا

سو اس مرض کی لئی کوئی پکا طبیب چاہئی کہ علاج کرکر دین کی اصلی اور فرعی احکام سکہا کر اونکا دلی مرض کہودی اور جو پکا طبیب نہین ہی

لا یزیل مرضهم بل یزیدهم مرضا فیهلکهم وقد ذکر فی الاحیاء ان الدنیا دار المرض اذ لیس فی بطن الارض الا میت

تو اونکا دکہہ نہین کہوویگا بلکہ اور دکہہ بڑہا کر ہلاک کر دیگا اور احیاء مین مذکور ہی کہ دنیا بیماری کا گہر ہی کیونکہ جو زمین کی اندر ہی سو مردہ ہی

ولا على ظهرها الا سقيم ومرض القلوب اكثر من مرض الابدان وانما صار كذلك لثلث علل احدها ان من كان
اور جو اوسکی پیٹھ پر ہی سو بیمار ہی اور دلکی دکھہ جسمانی بیماری سی زیادہ ہین اور یہہ حال تین سبب سی ہوگیا ہی ایک تو یہہ کہ جو
مريض القلب لا يدري كونه مريضا والثانية ان عاقبة مرض القلب لا يشاهد قبل الموت بخلاف مرض البدن
دلکا دکہیا ہی وہ اپنی تئین دکہیا نہین سمجہتا اور دوسرا سبب یہہ ہی کہ دلکی بیماریکا انجام موت سی پہلی ظاہر نظر نہین آتا برخلاف مرض بدنی کی
فان عاقبته موت مشاهد تنفر عنه الطباع ويكون ما بعد الموت غير مشاهد قلت النفرة عن الذنوب
کہ اوسکا انجام موت نظر آتی ہی سو ہی طبیعتین اوس سی نفرت کرتی ہین اور موت کی بعد کا حال جو ظاہر نہین نظر آتا اسلئی گناہون سی نفرت کم ہوگئی ہی
ويتكل مرتكبها على فضل الله تعالى ولا يشتغل بعلاج مرض قلبه بل يشتغل بعلاج مرض بدنه من غير اتكال
اور گنہگار اللہ تعالی کی فضل پر تکیہ کرلیتا ہی اور اپنی دلکی دکھہ کا علاج نہین کرتا بلکہ بدنی مرض کا علاج فضل الٰہی پر بی تکیہ کی کرتا ہی
على فضل الله تعالى مع كون فضل الله تعالى عاما في الدنيا والاخرة والثالثة وهي الداء العضال فقد الطبيب
باوجودیکہ اللہ تعالی کی فضل دنیا اور آخرت دونون مین برابر ہی اور تیسرا سبب یہہ ہی اور یہہ بڑا سخت دکھہ ہی یعنی طبیب کا نہونا
فان الاطباء هم العلماء وهم في هذا الزمان قد مرضوا مرضا شديدا حتى عجزوا عن علاج انفسهم فضلا عن
کیونکہ اسکی طبیب تو علماء ہین سو اس زمانہ مین وہ خود ہی سخت بیمار ہین یہان تک کہ اپنا ہی علاج نہین کرسکتی غیر کی تو کیا گنتی ہی اس سبب سی یہہ دکھہ
علاج غيرهم وبهذا السبب عم الداء وانقطع الدواء وهلك الخلق بل اشتغل الاطباء بفنون الاغواء فليتهم
اور بہی زیادہ پہیل گیا اور علاج جاتا رہا اور خلق مرگئی بلکہ طبیب طرح طرح کی اغوا مین مشغول ہین کاشکی وہ طبیب
اذ لم يصلحوا لم يفسدوا وليتهم سكتوا ولم ينطقوا فانهم اذا تكلموا لا يقصدون في مواعظهم الا استمالة قلوب العوام
اگر علاج نکرتی تو دکھہ ہی نہ بڑہاتی اور کاشکی وہ خاموش رہتی کچہہ نہ بولتی بیشک جب وہ بولتی ہین تو اوس وعظ سی سوا بہلانی قلوب عوام کی کچہہ اور غرض نہین
ولا يتوصلون اليها الا بذكر الرجاء والرحمة لكون ذلك الذ في الاسماع واخف على الطباع فينصرف الخلق عن مجلس
ہوتی اور اسکا وسیلہ یہہ ہی امید اور رحمت کا ذکر بہترا کہا ہی کیونکہ یہہ ہی کانون مین لذیذ اور طبیعتون پر ہلکا ہی پہر خلقت مجلس وعظ سی جب اوٹہتی ہی
وعظهم وقد استفادوا مزيد جرأة على المعاصي ومهما كان الطبيب كذلك يهلك المريض بالدواء حيث يضعه
تو اونکو گناہون پر اور بہی جرأت پیدا ہوجاتی ہی اور جب طبیب ہی ایسا ہووی تو دکہیا دوا ہی سی مریگا کیونکہ طبیب بی محل دوا
في غير موضعه فان الخوف والرجاء دواءان لكن لشخصين متضادي العلة فالذي غلب عليه الخوف حتى هجر
دیتا ہی بیشک خوف اور رجا دونو دوا تو ہین پر ایسی دو شخص کی جو ایک سی بیمار نہون پہر جسپر خوف اتنا غالب آیا کہ دنیا بالکل ترک کی
الدنيا بالكلية وكلف نفسه ما لا يطيق وضيق عليه العيش يكسر سورة خوفه بذكر اسباب الرجاء وسعة رحمة
اور اپنی جان طاقت سی زیادہ تکلیف مین ڈالی اور عیش تنگ کرلیا تو اوسکی خوف کی شدت کو اسباب رجا کی اور فراخی رحمت الٰہی کا ذکر کرکی
الله تعالى ليعود الى الاعتدال وكذا المصر على الذنوب المشتهي للتوبة الممتنع عنها بحكم القنوط واليأس استعظاما
گہٹادی تاکہ وہ اعتدال پر آجاوی اور ایسی ہی جو گناہ پر اڑا ہوا توبہ کا آرزومند کہ بسبب ناامیدی اور یاس کی اپنی گناہون کو سخت سمجہہ کر
لذنوبه التي سبقت يعالج ايضا بذكر اسباب الرجاء وسعة رحمة الله تعالى حتى يطمع في قبول توبته فيتوب
جو اوس سی عمل مین آئی ہین توبہ نکرتا ہو ایسی کا علاج بہی یہہ ہی ذکر کرنا اسباب رجا کا اور فراخی رحمت الٰہی کا تاکہ اوسکو توقع قبول توبہ کی پیدا ہو پہر وہ توبہ کری
فاما معالجة المغرور المسترسل في المعاصي بذكر اسباب الرجاء وسعة رحمة الله تعالى فيضاهي معالجة المحموم
اور رہا دہوکی میں پڑا ہوا معاصی مین بی قید اسکا علاج ذکر اسباب رجا سی اور بیان فراخی رحمت الٰہی سی ایسا ہی جیسی تپ چڑہی کو
بالعسل وذكر في موضع اخر من الاحياء ان هذا الزمان زمان لا ينبغي ان يذكر فيه للخلق اسباب الرجاء وسعة
شہد پلادیا اور احیاء کی ایک اور جگہ مین مذکور ہی کہ یہہ ایسا زمانہ ہی کہ اسمین خلقت کی سامنی ذکر اسباب رجا کا اور بیان فراخی

رحمة الله تعالى لان ذكرهما يهلكهم بالكلية لكنهما لما كانت اخف على النفوس واللذ في القلوب ولم يكن غرض
رحمت الٰہی کا اچھا نہیں کیونکہ یہہ دونو ذکر خلقت کو سراسر کہو دیتی ہیں لیکن یہہ ذکر لوگوں پر جو ہلکا ہے اور دلوں کی دلوں میں لذت پیدا کرتا ہے اور واعظوں کی
الوعاظ الا استمالة القلوب واستنطاق الخلق بالثناء عليهم كيف ما كانوا مالوا الى الارجاء حتى ازداد الفساق فسادا
غرض بہی دلوں کی بہلائی اور خلقت سے اپنی تعریف کرانی کی سوا کچہہ اور نہیں ہے خلق کا حال کچہہ ہی ہوا کرو تو واعظ خواہ مخواہ رجا کی طرف متوجہ ہوتے ہیں یہانتک کہ فساق
والمنهمكون في طغيانهم تماديا وذكر في موضع اخر ان الخلق الموجودين في هذا الزمان كان الاصلح لهم غلبة الخوف بشرط
اور بہی فساد بڑہ گیا اور طغیانی میں پہنسی ہوئی لوگ اور بہی ڈوب گئی اور ایک اور جگہہ میں مذکور ہے کہ اس زمانہ کی خلقت کے لئے اصلح یہہ ہے کہ اونپر خوف غالب کیا جاوے بشرطیکہ
ان لا يخرجهم الى الياس وترك العمل وقطع الطمع من المغفرة فيكون ذلك سببا للتكاسل عن العمل وداعيا الى الانهماك
کہ وہ نا امید ہو کر عمل ترک نکردیں اور مغفرت کی طمع نجاتی رہے کیونکہ اب عمل میں سست اور لاچار معاصی میں کہپ جاوینگے سو یہہ درجہ یاس کا ہے
في المعاصي فان ذلك قنوط وليس بخوف بل الخوف هو الذي يحث على العمل ويكدر جميع الشهوات ويزعج القلب
خوف کا نہیں ہے بلکہ خوف یہہ ہوتا ہے کہ عمل کی رغبت ہو اور تمام شہوات بے مزہ ہو جاویں اور دل دنیا کی رغبت سے بیزار ہو کر
عن الركون الى دار الغرور ويدعوه الى الميل الى دار السرور وهذا هو الخوف المحمود لا الياس الموجب للقنوط فاذا كان
اوکہڑ جاوے اور آخرت کی رغبت ہوتی لگی اور یہہ حالت اچہی خوف کی ہے یاس کا درجہ نہیں جسمیں نا امید ہو جاوے جب حال ایسا ہے
الامر كذلك فالطريق الذي ينبغي ان يسلكه الواعظ في وعظه مع الخلق في هذا الزمان اذا كان مامورا من
تو وہ رستہ جو واعظوں کو وعظ میں اس زمانہ کی خلقت کی ساتہہ چلنا چاہیے جب کہ واعظ امام کی طرف سے مامور ہو تو یہہ ہے کہ
جهة الامام ان يذكر ما في القران من الايات المخوفة للمذنبين وما ورد في الاخبار والاثار في ذم المجرمين ومدح التائبين
کہ قرآن میں سے وہ آیات بیان کرے جنمیں گنہگاروں کی واسطے خوف ہے اور وہ احادیث اور آثار جنمیں گنہگاروں کی ہجو اور توبہ کر کر اطاعت کرنیوالوں کی مدح ہے
المطيعين ويستكثر منها ان كان وارث رسول رب العالمين فانه عليه السلام ما خلف دينارا ولا درهما وانما
اور اسہی قسم کی کثرت رکہے اگر رسول رب العالمین کا وارث ہے بیشک نبی علیہ السلام نے نہ دینار چہوڑا ہے اور نہ درہم یہہ ہے
خلف العلم والحكمة وورثه كل عالم بقدر ما اصابه ثم ينبغي له ان يقرر عندهم ان تعجيل العقوبة على الذنب متوقع
علم اور حکمت چہوڑ گئے ہیں اور ہر عالم اوسکا وارث ہوا جتنا اوسکی نصیب میں تہا پہر یوں چاہیے کہ اونکی سامنے تقریر کرے کہ گناہ کی وبال سے دنیا میں ابہی عقوبت ہو جانی
في الدنيا ويبين لهم ان كل ما يصيب الانسان من المصائب في الدنيا فهو بسبب ذنبه كما قال الله تعالى وما اصابكم
ممکن ہے اور بیان کرے کہ انسان پر دنیا میں جو مصیبت پڑ جاتی ہے سو وہ سب گناہوں کی وبال سے ہے چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہے اور جو پڑتی تمپر
من مصيبة فبما كسبت ايديكم فينبغي له ان يخوفهم بذلك لان بعض الناس يخاف من العقوبة في الدنيا ويتساهل
کوئی سختی سو بدلہ اوسکا جو کمایا تمہاری ہاتہوں نے اب لازم ہے کہ اونکو یہہ ہی خوف دلاوے اسلئے کہ بعضی آدمی دنیا ہی کی عقوبت سے ڈرتے ہیں اور آخرت کی
في امر الاخرة لفرط جهله فيلزمه ان يبين له ان الذنوب كلها يتعجل في الدنيا شومها في غالب الامر ويضيق عليه رزقه
بات میں جہالت کی ماری سہولت برتتی ہیں تو اب واعظ کو لازم ہے کہ اوسکی سامنے یہہ ہی بیان کرے کہ گناہوں کی شامت اکثر دنیا میں جلد آجاتی ہے اور اسکی سبب سے روزی تنگ
بسببها لما روي انه عليه السلام قال ان العبد ليحرم الرزق بسبب ذنب يصيبه ثم ينبغي له ان يفخم امر الوعظ ويرفع
ہو جاتی ہے کیونکہ روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ آدمی گناہ کی سبب رزق سے محروم ہو جاتا ہے پہر اوسکو چاہیے کہ وعظ عظمت سے اور پکار کر کہے
صوته ويكون منه في وعظه ما يشعر بالحال الذي هو فيه من الترغيب والترهيب لما روي عن جابر انه عليه السلام
اور وعظ میں جو بیان کرتا ہو ویسا ہی حال بنالے کہ صورت سے ترغیب اور خوف معلوم ہو کیونکہ جابر سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام کا
كان اذا خطب احمرت عيناه وعلا صوته كانه منذر جيش وكذا ينبغي له اذا تكلم بكلام ان يكرره ثلث مرات
یہہ حال تہا کہ جب وعظ فرماتے تو آنکہیں سرخ اور آواز بلند ہو جاتی گویا فوج سے ڈراتے ہیں اور ایسے ہی لازم ہے کہ جب کوئی بات کہے تو تین بار کہے

لیفهمها سامعوه ویتمکن فی قلوبهم ویحفظوه لما روی عن انس انه علیه السلام کان اذا تکلم بکلمة اعادها ثلثا

تاکہ سننے والے سمجھ لیوین اور اونکے دلون میں بیٹھ جاوے اور یاد رکھیں کیونکہ انس سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام اگر کوئی بات فرماتے تو تین بار کہتے

حتی تفهم عنه لکن یجب علیه ان یحترز عن خلط کلامه البدعة لما ذکر فی الاحیاء ان الواعظ مهما مزج کلام البدعة

تاکہ خوب سمجھ لیں لیکن واعظ پر واجب ہے کہ اپنے کلام میں بدعت کی باتیں نہ ملاوے کیونکہ احیاء میں مذکور ہے کہ واعظ اگر بدعت بیان کرنے لگے

یجب منعه ولا یجوز حضور مجلسه الا علی قصد الرد علیه ان قدر وان لم یقدر لا یحضر مجلسه وکذا مهما کان کلامه

تو اوسکا روکنا واجب ہے اور اوسکی مجلس میں جانا جایز نہیں مگر بارادہ رد کی جاوے تو جاوے اگر قدرت رکھتا ہو اور اگر قدرت نہو تو اوسکی مجلس میں نجاوے اور ایسے ہی اگر اوسکی کلام

مائلا الی الارجاء وتجرئة الناس علی المعاصی وزاد بسببه رجاء الخلق علی خوفهم فهو منکر یجب منعه لکون

ارجا کی طرف جھکتی ہو اور لوگون کو معاصی پر جرءت ہوتی ہو اور اس باعث سے خلق کو رجا خوف سے زیادہ بڑھ جاوے اب وہ واعظ نہین منکر ہے اوسکا روکنا چاہیے

فساده عظیما بل الاقرب والالیق بطباع الخلق ان یرجح خوفهم علی رجائهم لانهم الی الخوف احوج وذکر فی الرسالة

اسکا بڑا فساد ہے بلکہ خلقت کی حال کی مطابق یہہ ہے کہ اونپر رجا سے خوف غالب رہے کیونکہ خوف کی زیادہ تر محتاج ہین اور امام غزالی کی رسالہ مین

المسماة بایها الولد للامام الغزالی ان الواعظ ینبغی له ان یکون عزمه وهمته ان یدعو الناس من الدنیا الی

جسکا نام ایہا الولد ہے مذکور ہے کہ واعظ کو چاہیے کہ اوسکا قصد اور ہمت یہہ ہی ہووے کہ لوگون کو دنیا سے آخرت کی طرف بلاوے اور معصیت سے طاعت کی طرف

الاخرة ومن المعصیة الی الطاعة ومن الحرص الی القناعة ویحبب الیهم الاخرة ویبغض علیهم الدنیا ویعلمهم

طلب کرے اور حرص سے قناعت کی طرف اشارہ کرے اور اونکو آخرت کی محبت اور دنیا کا بغض دلاوے اور اونکو عبادت

العبادة والتقوی لان الغالب فی طباعهم الزیغ عن منهج الشرع والسعی فیما لا یرضی الله تعالی فیلقی فی قلوبهم

اور پرہیزگاری تعلیم کرے اسلیے کہ اونکی طبیعتون مین اکثر شرع کی راہ سے کجی اور برخلاف رضامندی اللہ تعالی کی سعی ہوتی ہے سو اونکی دلون مین خدا کا خوف

الرعب ویخوفهم عما یستقبلهم من المخاوف لعل صفات باطنهم تتغیر ومعاملة ظاهرهم تتبدل ویظهر

ڈالے اور اونکو سامنے آتی ہوئی خوفناک چیزون سے ڈراوے شاید کہ اونکی صفات باطنی بدل جاوین اور ظاہر کا معاملہ پلٹ جاوے اور اونسے طاعت کی حرص

الی الطاعة والرجوع عن المعصیة وهذا هو طریق الوعظ والنصیحة وکل واعظ لا یکون وعظه هکذا فوعظه وبال

اور معصیت سے رجوع ظاہر ہونے لگے اور یہہ ہی ہے طریقہ وعظ اور نصیحت کا اور جس واعظ کا وعظ ایسا نہووے تو اوسکا وعظ کہنے

علی القائل والسامع بل قیل انه شیطان فی صورة الانسان یخرج الخلق عن طریق الحق ویهلکهم فیجب علیهم ان یهربوا

اور سننے دونون پر وبال ہے بلکہ بعضے کہتے ہین کہ وہ انسان کی صورت مین شیطان ہے کہ خلقت کو طریق حق سے بچلا کر ہلاک کرتا ہے سو خلق پر واجب ہے کہ اوس سے ایسا بھاگین

منه فرارهم من الاسد لان ما یفسده هذا الواعظ من دینهم لا یستطیع ان یفسد بمثله الشیطان ومن کان له ید و

جیسے شیر سے بھاگتے ہین کیونکہ یہہ واعظ جتنا انکا دین برباد کریگا شیطان کی قدرت نہین کہ اتنا برباد کرے اور جسکو قابو اور قوت ہووے

قدرة یجب علیه ان ینزله من منابر المسلمین ویمنعه عما باشره لانه من جملة الامر بالمعروف والنهی عن المنکر وکذا الوعاظ

واجب ہے کہ اوسکو مسلمانون کی منبر سے اوتار دے اور وعظ کہنے سے منع کرے کیونکہ یہہ امر ہے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر مین داخل ہے اور ایسے ہی وہ واعظ

الذین یشتغلون بالقصص التی یتطرق الیها الزیادة والنقصان والکذب والبهتان قد ورد نهی السلف عن الجلوس فی

کہ کہانیان بیان کرتے ہین جسمین زیادتی کمتی اور جھوٹ اور بہتان ملا ہوا ہے متقدمین انکی مجلس مین جانے سے منع کر گئے ہین

مجلسهم لان القصص منها ما ینفع سماعه ومنها ما یضر سماعه وان کان صدقا فمن فتح علی نفسه ذلک الباب یختلط

اسلیے کہ بعضے قصون کا سننا مفید ہوتا ہے اور بعضے قصون کا سننا ضرر کرتا ہے اگرچہ سچا ہووے پھر جو شخص اپنے اوپر یہہ دروازہ کھول لیگا تو اوسپر

علیه الصدق بالکذب والنافع بالضار وقال احمد بن حنبل القصة ان کانت من قصص الانبیاء والصالحین

سچ جھوٹ مین اور نافع مضر مین ملا ہے گا تمیز نہوگی اور احمد بن حنبل کہتے ہین کہ قصہ اگر انبیا اور صلحاء کا ہو

فیما

فيما يتعلق بامور الدين وكانت صحيحة الرواية فلا ارى به باسا فليحذر الكذب وحكاية احوال تومى الى هفوات

جو امور دینی سے متعلق ہیں اور روایت بھی صحیح ہو تو اوسمین کچھ مضائقہ نہیں معلوم ہوتا سو جھوٹ سے اور ایسی احوال بیان کرنے سے پرہیز کرے جسمین خطا

ومساهلات يقصر فهم العوام عن درك معانيها فان العامي يتمسك بذلك في مساهلاته وهفواته ويمهد لنفسه

اور سہل انکاری ہو اور عوام کا فہم اوسکی معانی سمجھنی سے قاصر ہو کیونکہ عام لوگ اوس حکایت سے سہل انکاری اور خطا کی سند کر لیتی ہیں ایک عذر بنا کر

عذرا فيها ويقول قد صدر عن بعض المشايخ وبعض الاكابر كيت وكيت وكلنا بصدد المعاصي فلا غرو

پکڑ لیتی ہیں اور کہنی لگتی ہیں بیشک بعضی بعضی مشایخ اور بزرگوں سے ایسی ایسی باتیں ہوگئی ہیں اور ہماری تو کیا شمار ہے ہم تو سراسر گنہگار رہے ہیں

ان صدر مني ذنب فقد صدر عمن هو اكبر مني ويفيد ذلك جرأة على الله تعالى من حيث لا يدري وبعد الاحتراز

اگر ہم سے کوئی گناہ ہوگیا تو کیا تعجب ہے جب ہم کا جو بڑا بزرگ ہیں اون سے ہوگیا ہے اور اسمین عوام کو خدا پر ایسی جرأت پیدا ہوتی ہے کہ اونکو خبر نہیں ہوتی اور

عن هذين فلا باس به وعند ذلك يرجع القصص المحمودة الى ما اشتمل عليه القرآن وصح في الكتب الصحيحة من الاخبار

یہہ دونوں امر اگر نہوں تو پھر کچھہ خوف نہیں ہے اب وہ اچھی اچھی سچی حکایات مطابق ہوگئیں جو قرآن میں آئی ہیں اور تاریخ کی معتبر کتابوں میں صحیح صحیح مذکور ہیں

واما ما يوجد في بعض الكتب التي يذكر فيها من قصص الانبياء ما لا يليق بحالهم فيجب تنزيههم عنها كقصة داود النبي

اور یہی وہ قصے جو بعضی کتابوں میں ملتی ہیں جنمیں انبیاء علیہم السلام کی قصے ایسے مذکور ہیں کہ انبیاء کی حال سے نامناسب ہیں ایسے قصوں سے اونکو پاک سمجھنا واجب ہے

فانها على ما يرويها القصاص من انه عليه السلام دخل ذات يوم محرابه واغلق بابه وجعل يصلي ويقرأ الزبور

جیسے قصہ داود نبی علیہ السلام کا سو یہہ قصہ موافق روایت قصاصوں کی کہ داود علیہ السلام نے ایکروز اپنی محراب میں داخل ہوکر دروازہ بند کرلیا اور نماز اور زبور کی تلاوت میں مشغول ہوئے

فبينما هو كذلك اذ جاء الشيطان في صورة حمامة من ذهب فمد يده لياخذها لابن له صغير فطارت فاتبعها

وہ اسیحال میں تھی کہ ناگاہ شیطان سونیکا کبوتر بنکر آگیا سو داود علیہ السلام نے چھوٹی بیٹی کی کھیلنی کی واسطی اوسکی پکڑنی کو ہاتھہ لپکایا وہ اڑگیا پھر ہاتھہ لپکایا

اليها فطارت فوقعت في كوة فتبعها فابصر امرأة جميلة قد نقضت شعرها فغطى بدنها وهي كانت امرأة رجل

تو وہ اوڑکر تابدان میں گرپڑا اوسکی پیچھی گئی تو ایک عورت خوبصورت کہ اوسنے اپنی بال کھول کر بدن ڈہکہ لیا نظر پڑ گئی اور وہ ایک شخص کی جورو تھی

يقال له اوريا وكان من غزاة البلقاء فكتب الى صاحب بعث البلقاء وهو ايوب بن صوريا ان ابعث

نام اوسکا اوریا اور بلقا کی غازیوں میں تہا پھر داود نے بلقا کی سردار لشکر یعنی ایوب بن صوریا کو یہہ لکھا کہ میں اوریا کو بھیجتا ہوں

اوريا فقدمه على التابوت وكان من يتقدم على التابوت لا يحل له ان يرجع حتى يفتح الله تعالى على يديه او يستشهد

سو تو اوسکو تابوت پہ پیش کردینا اور قاعدہ یوں تہا کہ جو شخص تابوت پر پیش ہوتا تہا اوسکو حلال نہیں تہا کہ بدون فتح کئی ہوئی چلا آوی یا شہید ہوجاوی

ففتح الله تعالى على يده وسلم وامره ان يرده مرة اخرى وثالثة حتى قتل واتاه خبر قتله ولم يحزن كما يحزن على

سو اللہ تعالی نے اوسکی ہاتھہ پر فتح دی اور وہ سلامت بچا پہر اوسکو حکم دیا کہ اوریا کو دوبارہ اور سہ بارہ روانہ کری آخر وہ مارا گیا اور داود علیہ السلام کو خبر اوسکی قتل کی آئی تو

الشهداء فتزوج امرأته فهذا وامثاله افك مبتدع تمجه الاسماع ومنكر مخترع تنفر عنه الطباع ناش من عدم

شہدا پر جو رنج ہوتا تہا ویسا نہوا پھر اوسکی بی بی سے نکاح کرلیا سو یہہ قصہ اور ایسی ایسی قصی طوفان گھڑلئی ہیں کان سنی سے انکار کرتی ہیں اور بیجا بنائی ہوئی ہیں طبیعتوں کو انسے نفرت ہوتی ہے

العلم بما يجب وما يستحيل وما يجوز في حق الانبياء فويل لمن ابتدعه واشاعه وتبا لمن اخترعه واذاعه اذ يقبح

اسکا باعث یہہ جہالت ہے کہ انبیاء علیہم السلام کی حق میں کیا واجب ہے اور کیا محال ہے اور کیا جائز ہے سو افسوس ہے جسنی اسکو گھڑا اور مشہور کیا اور ہلاک ہو جسنی بنایا اور پھیلایا کیونکہ

ان يحدث به عن بعض المتسمين بالصلاح من افراد المسلمين فضلا عن بعض اعلام الانبياء والمرسلين ولذلك

قبیح ہے کہ ایسی بات مسلمانوں میں سے کسی صالح سے منقول ہو چہ جائی کہ بزرگ انبیاء اور مرسلین سے اسی لئی علی کرم اللہ وجہہ نے کہا ہے

قال علي كرم الله وجهه من حدث بحديث داود النبي عليه السلام على ما يرويه القصاص جلدته مائة وستين

کہ جو شخص داود علیہ السلام کی بات موافق روایت قصاص کی بیان کریگا تو میں اوسکو ایک سو ساٹھہ کوڑی مارونگا

وهذا سند الفرية على الانبياء وروي ان عمر بن عبد العزيز حدث بذلك وكان عنده رجل من اهل الحق فكذب

اور انبیا پر تہمت لگیکی یہہ ہی حد ہی اور روایت ہی کہ عمر بن عبد العزیز کی سامنی یہہ ہی بیان ہوا اور اونکی پاس ایک شخص حقانی موجود تہا سو اوسنی

المحدث به وقال ان القصة ان كانت على ما في كتاب الله تعالى فما ينبغي ان يلتمس خلافها بان يقال غير ذلك

اوس قصہ گو کو جہٹلایا کہا کہ قصہ داود کا اگر کتاب اللہ کی موافق ہی تو کیا مناسب ہی کہ اوسکی خلاف تلاش کرین کہ اوسکی سوائی اور کچہہ بیان ہو

وان كانت على ما ذكرت فقد كف الله تعالى عنها سترا على نبيه فما ينبغي اظهارها عليه فقال عمر بن عبد العزيز

اور اگر تیری اظہار کی موافق ہو تو بیشک اللہ تعالی نی اسکا اپنی نبی پر پردہ رکہا تو اوسکا بیان کرنا لایق نہین ہی عمر بن عبد العزیز نی کہا

لسماع هذا الكلام احب الي مما طلعت عليه الشمس وانما قال ذلك لانها قصة زل فيها كثير من الناس وقالوا

یہہ بات مجہکو سب باتون سی محبوب تر ہی جن پر آفتاب چمکتا ہی اور یہہ اسلئی کہا کہ یہہ ایسا قصہ ہی کہ اسمین بہت لوگ پہسل پڑی ہین اور داود

في نبي الله داود عليه السلام ما لا يليق بحال الانبياء فان اصل القصة على ما ذكر في بعض التفاسير ان داود النبي ع

نبی علیہ السلام کو ایسا کہنی لگتی ہین کہ انبیاء کی حال ہی مناسب نہین ہی اور اصل قصہ موافق بعضی تفسیرون کی یون ہی کہ داود نبی کی نظر اوریا کی

رأى امرأة رجل يقال له اوريا فمال قلبه اليها فسأله ان يطلقها فاستحيى ان يرده ففعل فتزوجها وهي ام سليمان

جورو پر پڑ گئی تو اوسپر اونکا دل آگیا سو داود ع نی اوریا کو کہا کہ اوسکو طلاق دیدی اوسنی حیا کی ماری سوال رد نکیا جب اوسنی طلاق دیدی اونہون نی نکاح کر لیا

النبي ع وكان ذلك جائزا في شريعته معتادا بين امته غير مخل بالمروة حيث كان يسئل بعضهم بعضا ان ينزل له

اور وہ عورت سلیمان علیہ السلام کی ماں ہی اور یہہ طریقہ اونکی شریعت مین جایز اور امت مین مروج تہا اور خلاف مروت نتہا کیونکہ جب کسیکی بی بی کسیکو پسند آتی تہی تو اوس سی سوال کرتا تہا

عن امرأته فيتزوجها اذا اعجبته وكان الانصار في صدر الاسلام يواسون المهاجرين بمثل ذلك من غير نكير خلا انه عليه السلام

کہ اپنی بی بی میری لئی چہوڑ دی پہر وہ نکاح کر لیتا اور انصار ابتداء اسلام مین اسیطرح بی طعن و طنز مہاجرین کی ساتہہ طریق مروت برتتی تہی مگر داود علیہ السلام کو

لعظم منزلته وارتفاع مرتبته وعلو شانه لم يكن ينبغي له ان يتعاطى ما يتعاطاه احاد امته ويسأل رجلا ليس له

بسبب عظمت منزلت اور رفعت مرتبت اور علو شان کی مناسب نتہا کہ ایسا معاملہ کرین جو کہ اونکی امت کی ادنی آدمی کرتی تہی اور وہ بہی ایسی شخص سی سوال کرین کہ اوسکی

الا امرأة واحدة ان ينزل له عنها فيتزوجها مع كثرة نسائه بل كان ينبغي له ان يغالب هواه ويقهر نفسه ويصبر

پاس ایک ہی بی بی تہی کہ میری لئی چہوڑ دی پہر اوس سی نکاح کر لیں باوجودیکہ انکی پاس بی بیان بہت تہین بلکہ انکو یون لازم تہا کہ ہوا کو مغلوب کرتی اور نفس کو دبا لیتی

على ما امتحن به فعلى هذا القول لا يلزم في حق داود ع الا ترك الاولى لان وقوع بصره عليها كان من غير قصده

اور اس امتحان پر صبر کرتی اس بیان کی موافق حضرت داود کی حق مین یہہ ہی لازم آتا ہی کہ ترک اولی ہوا کیونکہ اوس عورت پر نظر تو بلا قصد پڑ گئی تہی

فلا يكون ذنبا وكذا ميل قلبه اليها عقيب النظر لا يكون ذنبا لان الاحتراز عنه غير مقدور للبشر وانما عوتب كل

سو کچہہ گناہ نہین ہی اور ایسا ہی دیکہنی کی بعد دل کا آجانا کچہہ گناہ نہین ہی کیونکہ یہہ امر آدمی کی بس مین نہین ہی اور یہہ تمام عتاب الہی

هذا العتاب حتى بعث الملئكة بالخصومة عنده تمثيلا لحاله وتقريرا لذلك لديه لان الانبياء يواخذون بادنى شئ

کہ انکی پاس فرشتی جہگڑتی ہوئی اونکی حال کی صورت اور تقریر لیکر آئی تو اسلئی ہوا کہ انبیاء علیہم السلام سی مواخذہ ایسی ذرہ بات پر ہو جاتا ہی

كان منهم مما لا يؤخذ بذلك غيرهم بل يعد ذلك من غيرهم من ارفع الاعمال واجلها الا ترى ان يونس النبي ع لما دعى

کہ اوروں سی اوسپر مواخذہ نہین ہوتا بلکہ وہ بات اوروں کی حق مین بڑا عمل اور نیک تر ہوتا ہی کیا معلوم نہین کہ یونس نبی علیہ السلام نی جب اپنی قوم کو

قومه الى الايمان وابوا عن قبوله واصروا على الكفر والعصيان وبالغوا في العناد والطغيان حتى عيل صبره ولم

ایمان پر بلایا اور اونہون نی تسلیم سی انکار کیا اور کفر اور عصیان پر اڑ گئی اور عناد اور سرکشی حد کو پہنچا دی یہان تک کہ اونکو صبر دشوار ہو گیا اور

يطق على المصابرة معهم خرج من بينهم غضبا لله تعالى وبغضا للكفر وهذا وان كان يعد من ارفع الاعمال

طاقت صبر کی نرہی تو اونمین سی خدا کی واسطی غصہ ہو کر کفر کی دشمنی کی ماری چلی گئی یہہ بات اگرچہ اور مومن کی حق مین عمدہ اور نیک تر عمل

واجلها بالنسبة الى غيره من احاد المؤمنين لكن لما كان خروجه من بينهم بلا اذن من الله تعالى وكان عليه

شمار مین آتا ہی ۔ پر حضرت یونس کا اونمین سی چلا جانا بدون حکم اللہ تعالی کی تہا اور اونکو لازم یہہ تہا

ان يصبر وينتظر الاذن من الله تعالى عوتب وحبس في بطن الحوت مقدار ما شاء الله تعالى والحاصل

کہ صبر کرتی اور اللہ تعالی کی حکم کی منتظر رہتی تو عتاب ہوا اور مچہلی کی پیٹ مین بمقدار مشیت الہی قید رہی حاصل یہہ ہی

ان الانبياء في زمان نبوتهم معصومون عن الكبائر مطلقا وعن الصغائر عمدا لكن يجوز صدور الصغائر عنهم

کہ انبیاء نبوت کی زمانہ مین کبایر سی تو مطلقا معصوم ہوتی ہین اور عمدا صغایر سی بہی لیکن اونسی صغیرہ کا ہو جانا

سهوا او على سبيل النسيان او على سبيل الخطاء في التاويل ويسمى ذلك زلة وهي الصغيرة التي يفعل من غير قصد

از روی سہو یا بہول کر یا تاویل مین چوک کر جایز ہی اور اوسکو زلہ کہتی ہین یعنی صغیرہ جو بی ارادہ ہو جاوی

اليها كما قال الامام السرخسي اما الزلة فلا يوجد فيها القصد الى عينها وانما يوجد فيها القصد الى اصل الفعل

چنانچہ امام سرخسی کہتا ہی کہ زلہ مین وہ فعل خاص مقصود نہین ہوتا اوسمین وہ اصل فعل مراد ہوتا ہی

لانها ماخوذة من قولهم زل الرجل في الطين اذا لم يوجد منه القصد الى الوقوع ولا الى الثبات بعد الوقوع

کیونکہ لفظ زلہ کا اکی اس محاورہ سی لیا ہی آدمی کیچڑ مین پہسل پڑا جب اوسکا ارادہ کرنیکا نہین ہوتا اور نہ ثبات کا بعد گرنیکی

وان وجد منه القصد الى المشي في الطريق وانما يؤاخذ الانبياء عليها لانها لا تخلو عن نوع تقصير يمكن للمكلف

اگرچہ اوس سی راہ مین قصد چلنی کا پایا گیا اور انبیاء سی اتنی بات پر اسلئی مواخذہ ہوتا ہی کہ اسمین بہی کچہہ تو تقصیر ہی کہ ہر مکلف اگر ثابت رہی

الاحتراز عنه عند التثبت واما المعصية حقيقة فهي فعل حرام يقصد اليه مع العلم بحرمته فيستحيل صدوره

تو بچ سکتا ہی اور رہی معصیت حقیقی سو وہ فعل حرام ہی کہ اوسکی حرمت جان کر اوسکی طرف قصد کری سو ایسی بات انبیاء سی ہونی محال ہی

عنهم وما يوجد ايهم صدور الذنب عنهم في زمان نبوتهم من قصصهم الواقعة في القران والاحاديث والاثار فالجواب

اور یہہ جو زمانہ نبوت مین گناہ ہونیکا وہم اونکی قصون سی پیدا ہوتا ہی جو قرآن اور حدیث اور آثار مین آئی ہین تو ان قصون کا

عن تلك القصص اجمالا ان ما كان منها منقولا بالاحاد يجب رده لان نسبة الخطاء الى الرواة اهون من نسبة

مجمل جواب یہہ ہی کہ جو قصی احاد سی منقول ہین اونکا رد کرنا واجب ہی کیونکہ راوی کی طرف خطا کا لگا دینا انبیاء کی طرف خطا لگانی سی آسان ہی

المعاصي الى الانبياء وما كان منها منقولا بالتواتر فما دام له محمل اخر يحمل عليه ويصرف عن ظاهره لدلائل العصمة

اور جو قصی بالتواتر منقول ہین پہر جبتک اوکی اور معنی بن سکین تو ظاہر سی پہیر کر اوسپر حمل کرین کیونکہ دلایل عصمت کی موجود ہین

وما لا يوجد له محيص يحمل على انه كان من قبيل ترك الاولى او من الصغائر الصادرة عنهم سهوا او نسيانا . . .

اور جسمین کوئی مخلصی نہین ہی تو اوسکو یہہ قیاس کرین کہ ترک اولی ہوا یا صغیرہ ہی کہ اونسی سہوا یا بہول کر ہو گیا اور ترک اولی ہونا

يا صغيرہ کا سہوا یا بہول کر ہونا اسکی منافی نہین ہی کہ اوسکا نام گناہ ہووی چنانچہ اس آیت مین تا معاف کری اللہ جو آگی ہوئی تیری گناہ اور جو پیچہی رہی اور نبیون کی استغفار

ينافي تسميته ذنبا كما في قوله تعالى ليغفر لك الله ما تقدم من ذنبك وما تاخر ولا الاستغفار عنهم كما في قصة

داود النبي ع ولا الاعتراف بكونه ظلما كما في قصة ادم النبي ع لانه وان كان حسنة بالنسبة الى غيرهم لكن

داود نبی علیہ السلام کی قصہ مین اور نہ اقرار اوسکی ظلم ہونیکا جیسی کہ آدم نبی علیہ السلام کی قصہ مین کیونکہ وہ اگرچہ اورون کی حق مین حسنہ ہی لیکن بہ نسبت انبیاء کی گناہ ہی

بالنسبة اليهم يعد ذنبا ويستغفرون عنه ويعترفون بكونه ظلما لكون حسنات الابرار سيات المقربين ولهذا

انبیاء اوس سی استغفار اور اوسکی ظلم ہونیکا اقرار کرتی ہین کیونکہ حسنات ابرار کی مقربون کی حق مین بمنزلہ سیآت کی ہوتی ہین اور اسیہی لئی

قال اهل العرفان من كان في مقام القرب مع الله تعالى وتحركت همته بالتصرف في نهاره لتدبير ما يفطر في ليلة

اہل عرفان کہتی ہین کہ جو شخص اللہ تعالی سی قرب رکہتا ہو اور دنمین اوسکی ہمت صرف ہو تا کہ آتنا پیدا کری کہ رات کو روزہ افطار کری

ويمكن ان يقال ايضا ان التقييد بالاولوية من الصغائر الصادرة منهم سهوا او نسيانا ١٢ منه

تكتب له خطيئة لان ذلك من قلة الوثوق بفضل الله تعالى وقلة اليقين برزقه الموعود وهذه رتبة الانبياء
تو اوسکی حق مین خطا لکہی جاتی ہی کیونکہ اسمین فضل الٰہی پر بہروسہ کامل اور روزی موعود پر یقین نہین ہی اور یہہ رتبہ انبیاء

والصديقين والاولياء المقربين

اور صدیقین اور اولیاء مقربین کا ہی

المجلس الثالث والثمانون في بيان ان الله يبعث لهذه الامة على راس كل مائة سنة من يجدد الدين

تراسی مجلس اس بیان مین کہ اللہ تعالی اس امت کی لئی ہر صدی کی سری پر ایسا شخص پیدا کرتا ہی کہ دین از سر نو قایم کردی

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله يبعث
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا بیشک اللہ تعالی
لهذه الامة على راس كل مائة سنة من يجدد لها دينها هذا الحديث من حسان المصابيح رواه ابو هريرة والمراد
اس امت کی واسطی ہر صدی کی سری پر ایسا شخص پیدا کرتا ہی کہ دین کو از سر نو قایم کری یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اور مراد
من راس كل مائة سنة اولها من هجرة النبوية والمراد من تجديد الدين للامة احياء ما اندرس من العمل بالكتاب
ہر صدی کی سری سی صدی کا ابتدا ہی ہجرت نبوی سی اور دین نیا کرنی سی امت کی لئی زندہ کردینا پرانی اعمال کا موافق کتاب اور سنت کی
والسنة والامر بمقتضاهما فان المبعوث على راس المائة والمجدد للدين قيل يلزم ان يكون رجلا مشهورا بالعلم
اور انکی موافق امر کرنا مراد ہی پس صدی کی سری پر دین کا مجدد جو مبعوث ہو تو کہتی ہین کہ ضرور ہی کہ وہ شخص علم مین مشہور اور فضیلت مین
معروفا بالفضل مشارا اليه في الدين وان ينقضي المائة وهو حي ولا يعلم ذلك المجدد الا بغلبة الظن ممن
معروف اور دین مین مشار الیہ ہو اور ساری صدی مین زندہ رہی اور وہ مجدد اپنا ہم عصر علماء مین سی گمان غالب سی
عاصره من العلماء بقرائن احواله والانتفاع بعلمه اذ المجدد للدين لابد ان يكون عالما بالعلوم الدينية الظاهرة
بوسیلہ قراین احوال اور افادہ علم کی معلوم ہوتا ہی کیونکہ دین کا مجدد ضرور ہی کہ تمام علوم دینی ظاہری اور باطنی کا عالم
والباطنة ناصرا للسنة قامعا للبدعة وان يعم علمه اهل زمانه وانما كان التجديد على راس كل مائة سنة
اور سنت کا حامی بدعت کا اوکہاڑنیوالا اور اوسکا علم تمام اہل زمانہ پر عام ہو اور ہر ہر صدی کی سری پر تجدید دین کی اسلئی ہوتی ہی
لانخرام العلماء فيه غالبا واندراس السنن وظهور البدع فيحتاج حينئذ الى تجديد الدين فياتي الله تعالى من
کہ اس مدت مین اکثر علماء کم ہو جاتی ہین اور سنتین پرانی اور بدعتین ظاہر ہو جاتی ہین سو اب تجدید دین کی ضرورت پڑتی ہی سو اللہ تعالی خلق مین سی
الخلق بعوض من السلف اما واحدا او متعددا فكان عند المائة الاولى عمر بن عبد العزيز وعند المائة الثانية
بعوض متقدمین کی کسیکو موجود کردیتا ہی یا ایک یا کئی سو پہلی صدی کی سری پر تو عمر بن عبد العزیز تہی اور دوسری صدی پر
الامام الشافعي وعند المائة الثالثة ابن شريح والاشعري وعند المائة الرابعة الباقلاني وعند المائة الخامسة
امام شافعی اور تیسری صدی پر ابن شریح اور اشعری اور چوتہی صدی پر باقلانی اور پانچوین صدی پر
الامام الغزالي وعند المائة السادسة الامام فخر الدين الرازي والرافعي وعند المائة السابعة ابن دقيق العيد
امام غزالی اور چہٹی صدی پر امام فخر الدین رازی اور رافعی اور ساتوین صدی پر ابن دقیق العید
وعند المائة الثامنة الحبر البلقيني والحافظ زين الدين وعند المائة التاسعة الامام السيوطي وعند المائة
اور آٹہوین صدی پر حبر بلقینی اور حافظ زین الدین اور نوین صدی پر امام سیوطی اور دسوین
العاشرة لم يتبين من هو قال السيوطي ونظير هذا الحديث ما ورد ان راس كل مائة سنة يكون عندها
صدی پر معلوم نہین کون ہی سیوطی کہتا ہی اسحدیث کی نظیر وہ ہی جو وارد ہوا کہ ہر صدی کی سر پر ایک امیر ہوتا ہی
امير فكان عند المائة الاولى الحجاج الذي عم ظلمه وفساده فجدد الله تعالى بعمر بن عبد العزيز وكان عند
سو پہلی صدی پر تو حجاج تہا جسکا ظلم اور فساد عام ہو گیا سو اللہ تعالی نی دین کی تجدید عمر بن عبد العزیز سی کی اور دوسری

المائة

المائة الثانية فتنة المامون الذى خالطه المعتزلة فحسنوا له القول بخلق القران وغير ذلك
اور دوسری صدی پر مامون کا فتنہ ہوا کہ معتزلوں نی مخالطت بہم پہنچا کر اوسکو حدوث قرآن کا اور سوای اسکی
من البدع الاعتقادية حتى امتحن العلماء بذلك امتحانا عاما فی الاقطار ومن لم يجب فبعضهم
اور بدعات اعتقادی کا قایل کر دیا یہاں تک کہ اوسنی اس مسئلہ میں عام علماء روی زمین کا امتحان لیا اور جسنی نمانا پھر بعضوں کو
ضرب وبعضهم قيد وحبس وبعضهم قتل وهذه من اعظم الفتن فی هذه الامة ولم يدع خليفة قبله الى
مارا اور کسیکو قید اور حبس کیا اور کسیکو جان سی مارا اس امت میں آنکی برابر کوئی فتنہ نہین ہوا اور اس سی پہلی کسی خلیفہ نی بدعت کو اتنا رواج
شيء من البدع فقيض الله تعالى عند هذه المائة الشافعي فطبق الارض بعلومه وهو اول من افتى
نہین دیا سو اللہ تعالی نی اس صدی پر شافعی کو پیدا کیا پس اوسنی اپنی علم سی زمین کو پر کر دیا اور اونہوں نی سب سی پہلی
بقتل من قال بخلق القران وتكفيره وكان عند المائة الثالثة فتنة القرامطة فی كثير من البلاد
واسطی قتل اور کفر ایسی شخص کی جو حدوث قرآن کا قائل ہو فتوی دیا اور تیسری صدی پر قرامطہ کا فتنہ اکثر شہروں میں پہیلا
حتى دخلوا مكة وقتلوا الحجيج فی المسجد الحرام قتلا ذريعا وطرحوا القتلى فی بئر زمزم وضربوا الحجر الاسود
یہاں تک کہ مکہ میں جا کر حاجیوں کو مسجد حرام میں بہت قتل کیا اور لاشین چاہ زمزم میں ڈالدین اور حجر اسود کو
بالدبوس فكسروه ثم قلعوه وحملوه الى بلادهم وبقی عندهم اكثر من عشرين سنة ثم اشترى منهم
گرز مار کر توڑ ڈالا پہر اوکہاڑ کر اپنی ملک کو لیگئی اور بیس برس سی زیادہ اونکی پاس رہا پہر اونسی تیس ہزار دینار کو خرید کر
بثلثين الف دينار واعيد الى مكة فی محله وكان عند المائة الرابعة فتنة الحاكم بامر الله وناهيك ما فعل
مکہ میں لائی اور اوسی جگہہ پر رکہا اور چوتہی صدی پر فتنہ حاکم بامر اللہ کا ہوا اور کچہہ حد نہین جو فساد
من الفساد بل هو اعظم شرا من كان قبله بكثير فانه امر الناس بالسجود له اذا ذكر اسمه فی الخطبة و
کہ اوسنی کیا بلکہ اسکا فساد پہلی کی نسبت کئی درجہ بدتر تہا کیونکہ اسنی لوگوں کو یہہ حکم دیا کہ جب خطبہ میں میرا نام آوی تو سجدہ کرو اور
من كان قبله لم يامر احدا بالسجود له اذا ذكر اسمه فی الخطبة وكان عند المائة الخامسة استيلاء
جو مفسد اس سی پہلی تہی کسی نی اپنی لئی سجدہ کا حکم نہیں دیا تہا کہ جب خطبہ میں میرا نام آوی تو سجدہ کرو اور پانچویں صدی پر اکثر شام کی شہروں پر
الفرنج على كثير من البلاد الشامية حتى دخلوا بيت المقدس وقتلوا فيه وحده اكثر من سبعين الفا
فرنگیوں کا غلبہ ہو گیا یہاں تک کہ اونہوں نی بیت المقدس میں جا کر صرف وہاں ستر ہزار آدمیوں سی زیادہ قتل کر ڈالی
وذهب الناس هاربين من الشام الى العراق مستغيثين على الفرنج وبقی بيت المقدس فی ايديهم احدى
اور خلقت فرنگیوں کی فریادی شام سی عراق کو بہاگ گئی اور بیت المقدس تین مہینی ایک روز انکی قبضہ میں رہا
وتسعين يوما الى ان خلصه الله تعالى عنهم بيد السلطان صلاح الدين بن ايوب وكان عند المائة
آخر اللہ تعالی نی انکی قبضہ میں سی سلطان صلاح الدین بن ایوب کی ہاتہہ پر چھوڑا یا اور چھٹی صدی پر
السادسة خروج التتار وعموم الفساد حتى ان العلماء حكموا بكفرهم واختلفوا فی البلاد التی استولوا عليها
قوم تتار نی غلبہ کر کر فساد عام کر دیا یہاں تک کہ علماء نی اونکی کفر کا فتوی دیا اور اون شہروں میں جن پر غالب ہو گئی تہی اختلاف ہی
هل هی من بلاد الاسلام ولا فقالوا البلاد التی فی ايديهم اليوم لا شك انها من بلاد الاسلام لعدم اتصا
آیا وہ شہر دار الاسلام میں یا نہین اور کہتی ہیں کہ جو شہر آج اونکی قبضہ میں ہیں بیشک وہ دار الاسلام ہیں کیونکہ دار الحرب سی متصل نہین ہیں
بلاد الحرب ولم يظهروا فيها احكام الكفر بل البلاد التی عليها والی مسلم من جهتهم يجوز فيها اقامة الجمع و
اور نہ اونہین احکام کفر کی جاری کئی ہین بلکہ جس شہر میں اونکی طرف سی مسلمان حاکم ہی اوسمیں نمازین جمعہ اور

الاعياد واخذ الخراج وتقليد القضاة وتزويج اليتامى لاستيلاء المسلم عليها وطاعته للكفرة اما موادعة
عید کی پڑہنی اور خراج کا لینا اور قاضیوں کا منصوب ہونا اور یتیموں کا نکاح کر دینا جایز ہی کیونکہ ان شہروں پر مسلم کا غلبہ ہی اور وہ کفار کا جو مطیع ہی یا تو بطور صلح

او مخادعة واما البلاد التي عليها ولاة كفار فيجوز فيها ايضا اقامة الجمعة والعيدين والقاضي قاض بتراضي
یا فریب کی ہی اور جن شہروں پر کفار حاکم ہیں سو انمیں بہی جمعہ اور عیدین کا قایم کرنا جایز ہی اور قاضی بہی قاضی ہوگا مسلمانوں کی رضی

المسلمين اذ قد تقرر ان بقاء شيء من العلة يبقي الحكم وقد حكمنا بلا خلاف بان هذه الديار قبل استيلاء
سی اسلئی کہ یہہ بات ٹہری ہوئی ہی کہ جبتک کچہہ علت باقی ہی حکم باقی رہتا ہی اور بیشک بلاخلاف ہم یہہ یقین کر چکی ہیں کہ یہہ شہر قوم تتار کی غلبہ سی

التتار من ديار الاسلام وبعد استيلائهم اعلان الاذان والجمع والجماعات والحكم بمقتضى الشرع والفتوى شائع
پہلی دیار اسلام تہی اور اونکی غلبہ کی بعد برملا ہونا اذان اور جمعہ اور جماعات کا اور حکم مطابق شرع اور فتوی کی جاری ہی

بلا نكير من ملوكهم فالحكم بانها من بلاد الحرب لا جهة له واعلان بيع الخمر واخذ الضرائب والمكوس برسم التتار
اونکی بادشاہ کو انمین کچہہ تکرار نہیں پہر حکم کرنا کہ دار الحرب ہی اسکی کوئی وجہ نہیں ہی اور ظاہر شراب کا بکنا اور چنگی اور خراج کا لینا موافق رسم تتار کی ایسا ہی

كاعلان بني قريظة في المدينة باليهودية وطلب الحكم من الطاغوت في مقابلة رسول الله عليه السلام ومع ذلك كانت المدينة
جیسی بنی قریظہ مدینہ میں یہودیت ظاہر کرتی تہی اور بتوں سی رسول الله صلی الله علیہ وسلم کی مقابلہ میں حکم لیتی تہی پہر بہی مدینہ بلاشبہہ

بلدة الاسلام بلا ريب ثم ان من قال منهم انا مسلم وشهد بكلمتي الشهادة يحكم باسلامه لكن في الخلاصة مسألة يجب التنبيه
دار الاسلام تہا پہر بیشک جو شخص اونمیں سی کہی میں مسلم ہوں اور دونو کلمہ شہادت کی گواہی دی تو اوسکی اسلام کا حکم ہوویگا لیکن خلاصہ میں ایک مسئلہ ہی اسکی

عليها وهي ان اهل بلدة اذا كانوا يدعون الاسلام ويصلون ويصومون ويقرءون القران ومع ذلك يعبدون الاوثان
اطلاع دینی چاہیی یعنی اگر ایک شہر والی دعوی اسلام کا کرتی ہوں اور نماز پڑہتی ہوں اور روزہ رکہتی ہوں اور قرآن کی تلاوت کرتی ہوں اور پہر بت پرستی کرتی ہوں

فاغار عليهم المسلمون وسبوهم واراد انسان ان يشتري من تلك السبايا ان كانوا يقرون بالعبودية لملكهم جاز الشراء
پہر مسلمان اونپر غارت کر کر گرفتار کر لاویں اور کوئی شخص اون قیدیوں میں سی کسیکی خریداری کا ارادہ کری تو اب اگر اپنی پادشاہ کی عبودیت کا اقرار کرتی ہیں تو خریدنا

وان لم يكونوا مقرين بالعبودية لملكهم جاز شراء النساء والصبيان دون الكبار قال قاضيخان في فتاواه
اور اگر اقرار اپنی پادشاہ کی عبودیت کا نہیں کرتی تو خرید لینا عورتوں اور بچوں کا جایز ہی بڑی مردوں کا جایز نہیں قاضی خان اپنی فتاوی میں کہتا ہی

لانهم لما اقروا بالاسلام ثم عبدوا الاوثان كانوا مرتدين فيجوز استرقاق نسائهم وصغارهم ولا يجوز استرقاق كبارهم
یعنی کہ جب اونہوں نی اسلام کا اقرار کیا اور پہر بت پرستی کی تو وہ مرتد ہوئی تو انکی عورتوں اور بچوں کا غلام کر لینا جایز ہی اور بالغ مردوں کا غلام کر لینا جایز نہیں

الا ان يكونوا مقرين بالعبودية لملكهم فيجوز استرقاقهم فاذا ملكهم السابي يجوز له بيعهم وكان عند المائة
ان اگر اپنی پادشاہ کی عبودیت کی قائل ہوں تو اب اونکا بہی غلام کر لینا جایز ہی جب قید کرنیوالا اونکا مالک ہوا تو اونکی بیع بہی جایز ہی اور ساتویں

السابعة غلاء وفناء عظيمان في ديار مصر والشام بحيث اكلت الحمر والبغال والكلاب وكان عند المائة الثامنة فتنة
صدی پر قحط گرانی اور وبا دیار مصر اور شام میں اسقدر ہوئی کہ گدہی اور خچر اور کتی کہائی اور آٹہویں صدی پر فتنہ

تمرلنك واما المائة التاسعة فقد قال العلامة الناصري لا شك ولا ارتياب ان فتنة المائة التاسعة هي فتنة السلطان
تیمور لنگ کا ہوا اور نویں صدی پر علامہ ناصری کہتا ہی کہ اسمیں مجہکو کچہہ شک اور شبہ نہیں ہی کہ فتنہ نویں صدی کا وہ فتنہ سلطان سلیم خان کا ہی

سليم خان وحروبه مع اخوته وقتله اياهم واولادهم ثم حروبه مع صاحب الشرف وكسره وقتله واخذ بلاده ثم اجتماعه
اور اوسکی لڑائیاں بہائیوں سی اور اونکی اولاد کا قتل کرنا پہر اوسکی جنگ وجدال صاحب الشرف سی اور اوسکا توڑنا اور مار ڈالنا اور ملک چہین لینا پہر

بعسكر مصر وقتل سلطانها واكابر امرائها ثم دخوله مصر وفعله فيها مع اهلها ما فعل وفي المائة العاشرة ظهرت فتن
مصر کی لشکر کی ساتہہ جمع ہونا اور وہانکی سلطان کو اور بڑی بڑی امیروں کو قتل کرنا پہر مصر میں جا کر وہانکی باشندوں کی ساتہہ جو کچہہ کیا اور دسویں صدی میں بہت سی

كثيرة متوالية غير منقطعة الى الآن حتى كان اهل الاسلام يتعامل بعضهم مع البعض معاملة الكفار في قتل بعضهم

پیدا ہوئی جو آج تک چلی آتی ہیں یہاں تک کہ اہل اسلام ایک دوسری کی ساتھہ کفار کا سا معاملہ کرتا ہے کہ کوئی کسیکو مار ڈالتا ہے

بعضا وقد روي عن جرير انه عليه السلام قال في حجة الوداع لا ترجعن بعدي كفارا يضرب بعضكم رقاب بعض

اور جریر سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے حجۃ الوداع میں فرمایا تم میرے بعد کافر مت ہو جانا کہ ایک دوسری کو قتل کرنا شروع کرے

يعني ان شان الكفار ان يقتل بعضهم بعضا فلا تتشبهوا بهم ايها المؤمنون في قتل بعضكم بعضا ولا يكن افعالكم شبيهة

مراد یہہ ہے کہ یہہ کفار کا چلن ہے کہ کوئی کسیکو مار ڈالے سو تم مومن ہوکر آپکی خونریزی میں اونکی مثل نہو جانا اور تمہارے چلن مسلمانوں کی

بافعالهم في ضرب رقاب المسلمين وروي عن ابي بكرة انه عليه السلام قال اذا التقى المسلمان فحمل احدهما السلاح على

قتل میں اونکی افعال سے نہ ملنے لگی اور ابوبکرہ سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جب دو مسلمان مقابل ہوتے ہیں پھر کوئی اپنے بھائی پر ہتیار اوٹھاتا

اخيه فهما في جرف جهنم فاذا قتل احدهما صاحبه دخلاها جميعا فان القاتل يدخلها بفعله والمقتول يدخلها بسعيه

تو وہ دونو دوزخ کی بیچمیں ہیں جب ایک اپنے یار کو قتل کردیتا ہے تو وہ دونو دوزخ میں جاتے ہیں قاتل تو اوسکو مارکر دوزخمیں جاتا ہے اور مقتول اپنے بھائی کی قتل کی سعی سے

في قتل اخيه كما اجاب به النبي عليه السلام في حديث آخر رواه ابو بكرة ايضا انه عليه السلام قال اذا التقى المسلمان

دوزخمیں جاتا ہے چنانچہ اسکا جواب نبی علیہ السلام نے ایک اور حدیث میں دیا ہے وہ بھی ابوبکرہ ہی روایت کرتا ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جب دو مسلمان تلوار لیکر

بسيفهما فالقاتل والمقتول في النار قال ابو بكرة قلت يا رسول الله هذا القاتل فما بال المقتول قال انه كان حريصا

مقابل ہوتے ہیں تو قاتل اور مقتول دونو جہنمی ہیں ابوبکرہ کہتا ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ یہہ تو قاتل ہے مقتول کا کیا قصور ہے فرمایا یہہ بھی اپنے بھائی کی

على قتل اخيه وروي عن ابي هريرة انه عليه السلام قال بادروا بالاعمال فتنا كقطع الليل المظلم يصبح الرجل مؤمنا ويمسي

قتل پر حریص تھا اور ابوہریرہ سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جلدی کرو اعمال کی فتنوں سے جیسے ٹکڑے اندھیری رات کی صبح کو آدمی مسلمان ہوگا اور شام کو

كافرا ويمسي مؤمنا ويصبح كافرا يبيع دينه بعرض من الدنيا فكانه عليه السلام قال سياتي فتن كالليل المظلم لا يعرف احد

کافر اور شام کو مسلمان ہوگا اور صبح کو کافر اپنا دین بعوض اسباب دنیا کی بیچیگا سو گویا نبی علیہ السلام نے فرمایا اب نزدیک ایسی فتنے آوینگی جیسی اندھیری رات

طريق الخلاص منها ولا يقدر صاحب الورد على محافظة الوظائف والاوقات فيها فاسرعوا بالاعمال الصالحات قبل ان ياتيكم الفتن

کسیکو مخلصی کا رستہ نہ ملیگا اور اوسمیں صاحب ورد کو قدرت محافظۃ وظائف اور اوقات کی نرہیگی سو جلدی کرو صالح اعمال میں اس سے پہلے کہ تمپر فتنے آجاویں

اذ عند مجيئها لا يخلوا اما ان يقتتل طائفتان من المؤمنين ويستحل كل منهما دم الاخرى وما لها فيكفر بهذا الاعتقاد واما

کیونکہ جب فتنے آوینگی تو کوئی دو جماعت مؤمنین کی نہ باقی رہینگی بلکہ ہر ایک دوسریکا خون اور مال حلال سمجھیگا سو اس عقیدہ سے کافر ہوویگا اور

ان يغلب الفسقة ويريقون دماء المسلمين وياخذون اموالهم بغير حق ويزنون ويشربون الخمر ويلبسون الحرير ويعتقدون

یا فساق غالب ہوکر مسلمانوں کی خونریزی کرینگی اور ناحق اونکی مال چھین لینگی اور زنا کرینگی اور شراب پیوینگی اور حریر پہنینگی اور اعتقاد کرینگی

انهم على الحق ويفتيهم بعض علماء السوء بجواز افعالهم وربما يقتلون السارق ويصلبونه باعتقاد جواز قتله

کہ ہم حق پر ہیں اور بعضی علماء بد اونکو فتوی دینگی کہ یہہ افعال جایز ہیں اور بعضی وقت جایز سمجھکر چور کو قتل کرینگی اور سولی چڑہاوینگی

وصلبه ويكفرون بذلك الاعتقاد لان حد السارق ليس القتل والصلب بل حده قطع يده لقوله تعالى والسارق و

اور اسہی اعتقاد سے کافر ہوجاوینگی اسلئے کہ چور کی حد قتل اور سولی نہیں ہے بلکہ چور کی حد ہاتھ کاٹنا ہے بدلیل اس آیت کی اور جو کوئی چور ہو مرد

السارقة فاقطعوا ايديهما وليس ذلك الا وقوع ما روي عن عبد الله بن عمرو بن العاص انه عليه السلام قال ان

یا عورت تو کاٹ ڈالو اونکی ہاتھ اور یہہ اوسی روایت کا ظہور ہے جو عبداللہ بن عمرو بن العاص سے ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا بیشک

الله تعالى لا يقبض العلم انتزاعا ينتزعه عن العباد ولكن يقبض العلم بقبض العلماء حتى اذا لم يبق عالما اتخذ الناس

اللہ علم یوں نہیں اوٹھا لیگا کہ آدمیوں کی دلوں سے نکال لے لیکن علماء کو قبض کرکر اوٹھا لیگا یہاں تک کہ جب کوئی عالم باقی نرہیگا تو لوگ جاہلوں کو سردار بنا لینگی

رءوسا جهالا فسئلوا فافتوا بغير علم فضلوا واضلوا فانه عليه السلام بين في هذا الحديث ان الله تعالى لا يقبض
جب اونسے پوچھینگے تو وہ جہالت سے فتوے دینگے پھر آپ بھی گمراہ ہونگے اور اونکو گمراہ کرینگے بیشک نبی علیہ السلام نے اس حدیث میں بیان فرمایا کہ اللہ تعالی علم کو
العلم من بين الناس على طريق محوه من صدور العلماء ورفعه من بينهم الى السماء فان ذلك وان كان جائزا في قدرة
لوگوں میں سے یوں نہیں قبض کریگا کہ علماء کے دلوں سے بھلا دیوے اور اونکے اندر سے آسمان پر لیجاوے کیونکہ اسطرح بھی اگرچہ باعتبار قدرت الٰہی کے ہو سکتا ہے
الله تعالى الا ان هذا الحديث يدل على عدم وقوعه بل الواقع انه تعالى يقبض العلم بقبض ارواح العلماء فانه تعالى
پر یہہ حدیث دلالت کرتی ہے کہ یوں نہوگا بلکہ یوں قبض ہوگا کہ اللہ تعالی علماء کی روحیں قبض کرکر علم کو اوٹھا لیگا اور جب اللہ تعالی
اذا قبض ارواح العلماء ولم يترك عالما يبقى الجهال فيتخذهم الناس لكونهم في زي العلماء قضاة ومفتين فيقضي قاضيهم
علماء کی روح قبض کریگا اور کوئی عالم نچھوڑیگا تو جاہل باقی رہ جاوینگے سو لوگ اونکی سند پکڑینگے کیونکہ وہ جاہل علماء اور قاضی اور مفتیوں کی صورت ہونگے پھر اونمیں سے
بغير علم ويفتي مفتيهم بغير علم فيكونون ضالين ومضلين قال الدميري هذا الحديث مبين ان المراد بقبض العلم في الاحاديث
قاضی بدون علم کے حکم جاری کریگا اور مفتی بدون علم کے فتوی دیگا سو آپ بھی گمراہ ہونگے اور اونکو گمراہ کرینگے دمیری کہتا ہے یہہ حدیث بیان کرتی ہے کہ علم کی اوٹھ جانے سے مراد احادیث
المطلقة ليس محوه من صدور حفاظه بل معناه انه يموت حملته ويتخذ الناس رءوسا جهالا يحكمون بجهالاتهم ويفتون بجهالاتهم
مطلقہ میں یہہ نہیں ہے کہ حافظوں کے سینہ میں سے محو ہو جاویگا بلکہ یہہ مراد ہے کہ حافظ سب مر جاوینگے پھر لوگ جہال کو سردار بنالینگے وہ اپنی جہالت سے حکم دینگے اور اپنی جہالت سے
فيضلون ويضلون قال القرطبي معنى الحديث ان الله تعالى يقبض العلماء ويبقى الجهال الذين يتعاطون مناصب العلماء
فتوے دینگے پھر آپ بھی گمراہ ہونگے اور اونکو گمراہ کرینگے قرطبی کہتا ہے حدیث کے یہہ معنی ہیں کہ اللہ تعالی علماء کو اوٹھا لیگا اور ایسے جہال باقی رہ جاوینگے کہ علماء کے مناصب فتوی
في الفتوى والتعليم فيفتون بغير علم ويعلمون من غير علم وينتشر الجهل وقد ظهر ذلك ووجد ما اخبر النبي عليه السلام فكان
اور تعلیم کو آپ لیلینگے پھر بغیر علم کے فتوی دینگے اور بغیر علم کے سکھلاوینگے اور جہل پھیل جاویگا اور بیشک ظاہر ہو چکا ہے اور نبی علیہ السلام نے جو خبر دی تھی سو پائی گئی
دليلا من ادلة نبوته خصوصا في هذه الازمنة عن انه جاء في الترمذي عن ابي الدرداء ما يدل على ان الذي يرفع هو العمل
سو یہہ بھی دلائل نبوت میں سے ایک دلیل ہے خاص کر اس زمانہ میں اتنا ہے کہ ترمذی میں ابو الدرداء سے روایت آئی ہے اوس سے معلوم ہوتا ہے کہ عمل اوٹھ جاویگا
حيث قال كنا مع رسول الله عليه السلام فشخص ببصره الى السماء ثم قال هذا اوان يختلس فيه العلم من الناس حتى لا يقدروا
چنانچہ کہتا ہے کہ ہم رسول اللہ علیہ السلام کے ساتھ تھے اور آپ نے آسمان کی طرف دیکھا پھر فرمایا یہہ وقت ہے کہ اسمیں لوگوں سے علم اوچک لینگے اتنا کہ کچھہ قدرت باقی نرہیگی
فيه على شيء فقال زياد بن لبيد الانصاري كيف يختلس العلم منا وقد قرانا القران ولنقرئنه نساءنا وابناءنا فقال النبي
زیاد بن لبید انصاری نے عرض کیا ہم سے علم کیونکر اوچک لینگے اور ہم قرآن پڑھتے ہیں اور بالضرور اپنی عورتوں کو اور بچوں کو پڑھائینگے نبی علیہ السلام نے فرمایا
ثكلتك امك يا زياد هذه التوراة والانجيل عند اليهود والنصارى فماذا تغني عنهم وظاهر هذا الحديث يدل على ان الذي
اے زیاد تجھکو تیری ماں روئے یہہ توریت اور انجیل یہود اور نصاری کے پاس ہے پھر اونکو کیا فائدہ ہوتا ہے اور ظاہر معنی اس حدیث کے یوں دلالت کرتے ہیں
يرفع هو العمل لا نفس العلم بخلاف ما ظهر من الحديث السابق فانه صريح في رفع العلم وقيل لا تنافي بينهما فان العلماء اذا
کہ عمل اوٹھ جاویگا خود علم نہیں جاویگا برخلاف اول معنوں کے جو پہلی حدیث سے معلوم ہوتے ہیں بیشک اوس سے علم کا اوٹھنا صریح معلوم ہوتا ہے اور بعضے کہتے ہیں ان دونوں میں کچھ
ذهب بموت العلماء يخلفهم الجهال ويفتون بالجهل ويعمل به فيذهب العلم والعمل وان كانت المصاحف والكتب بايدي
منافات نہیں ہے کیونکہ جب علماء مرنے سے علم جاتا رہا اونکے بعد جہال رہینگے اور جہالت سے فتوی دینگے اوسی پر عمل ہوویگا پھر علم اور عمل دونوں گئے اگرچہ قرآن اور کتابیں لوگوں کے سامنے دھری رہیں
الناس كما كان كذلك اهل الكتابين ولذلك قال النبي عليه السلام لزياد ثكلتك امك يا زياد هذه التوراة والانجيل
جیسے حال دونوں کتابوں والوں کا ہے اور اسیلئے نبی علیہ السلام نے زیاد کو فرمایا تجھکو تیری ماں روئے یہہ توریت اور انجیل یہود اور
عند اليهود والنصارى فماذا تغني عنهم فان علماءهم لما انقرضوا خلفهم جهالهم وخالفوا الكتاب وحرفوه فجهلوا معناه
نصاری کے پاس ہیں پھر کیا فائدہ ہے کیونکہ اونکے علماء جب گذر گئے تو اونکے پیچھے جہال رہ گئے اور کتاب کے برخلاف رہنے لگے اور کتاب کو بدل ڈالا پھر معنی

فعملوا بالجهل وافتوا بغير علم فارتفع العلم والعمل وبقيت اشخاص الكتب عندهم لا تغني عنهم شيئا يسرنا
اور جہل پر عمل کیا اور بغیر علم کی فتوی دیا پھر علم اور عمل دونو جاتی رہی اور کتابیں اونکی پاس بیٹھائیں دہری رہ گئیں الٰہی ہمپر

الله تعالى عملا موافقا لرضائه المجلس الرابع والثمانون في بيان كيفية السلام وافضلية من
عمل موافق اپنی رضا کی سہل کر مجلس چوراسی طرز سلام کی بیان میں اور افضلیت سلام

بداية قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان اولى الناس بالله تعالى من بدأ بالسلام هذا الحديث من
پہلی کرنیوالی کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا بیشک لوگوں میں سی اولی نزدیک اللہ تعالی کی وہ ہی جو سلام پہلی کری یہہ حدیث

حسان المصابيح رواه ابو امامة ومعناه ان احق الناس برحمة الله تعالى واقربهم اليها من بدأ بالسلام
مصابیح کی حسن حدیثوں میں ہی ابو امامہ کی روایت سی اسکی معنی یہہ ہیں کہ لوگوں میں سی بڑا مستحق رحمت الٰہی کا اور رحمت سی بہت نزدیک وہ ہی جو سلام پہلی کری

وظاهره يدل على كون السلام افضل من الرد وقد ذهب اليه بعض العلماء وقال بعضهم الرد افضل لانه فرض
ظاہر اس حدیث سی یہہ معلوم ہوتا ہی کہ سلام رد سلام سی افضل ہی اور بیشک بعضی علما کا یہہ ہی مذہب ہی اور بعضی کہتی ہیں رد سلام افضل ہی کیونکہ جواب

والسلام سنة فاجر الفرض اكثر من السنة ودليل فرضيته قوله تعالى واذا حييتم بتحية فحيوا باحسن
سلام کا فرض ہی اور سلام سنت ہی سو ثواب فرض کا سنت سی زیادہ ہوتا ہی اور دلیل فرضیت کی یہہ آیت ہی اور جب تمکو دعا دیوی کوئی تم بھی دعا دو اوس سی بہتر

منها او ردوها فان كل واحد من قوله تعالى فحيوا او ردوا امر وظاهر الامر الوجوب فيكون رد السلام واجبا لكن
یا وہ ہی کہو اولٹ کر اس آیت میں دونو لفظ فحیوا اور ردوا امر ہیں اور ظاہر امر کا وجوب ہوتا ہی پھر رد سلام واجب ہوویگا پر

على وجه التخيير الزيادة على السلام بذكر الرحمة والبركات وبين تركها فان من سلم على الغير فقال السلام عليك
سلام پر زیادہ بڑہانی میں اختیار ہی ذکر رحمت اور برکت کا زیادہ کری یا نہ کری پھر جسنی دوسری کو سلام کرتی ہوی کہا السلام علیک

يكون ذلك الغير مخيرا في الرد بين ان يقول وعليك السلام ورحمة الله بزيادة الرحمة والبركات معا او يقول
تو دوسرا رد سلام میں مختار ہی آسمیں کہ علیک السلام ورحمة الله رحمت اور برکت دونو بڑہا کر جواب دی یا اتنا ہی کہی

وعليك السلام بغير زيادة شيء منهما وهذا القدر فرض والزيادة فضل وليس المراد من الرد ان يقول رددت
وعلیک السلام دونو میں سی کچھ بھی نہ بڑہاوی اتنا تو فرض ہی اور زیادہ کرنا افضل ہی اور رد سلام سی یہہ مراد نہیں ہی کہ رددت

عليك سلامك بل المراد به كون الجواب قدر السلام فان اقل ما يتادى به سنة السلام اذا سلم على واحد ان
علیک السلام کہدی بلکہ مراد یہہ ہی کہ جواب برابر سلام کی ہو بیشک کم سی کم حسن سی سلام کی سنت ادا ہو جاوی جب کسیکو سلام کری تو یہہ ہی

يقول السلام عليك بحرف التعريف ولو قال سلم عليك بغير حرف التعريف بل بالتنوين يصح لان احدهما يقوم
کہ السلام علیک کہی حرف تعریف یعنی الف لام سی اور اگر یوں کہی سلام علیک بدون الف لام کی بلکہ میم کی تنوین کی ساتھ تو بھی درست ہی کیونکہ ایک دوسری کی

مقام الآخر وبدونهما لا يصح ولا يكون سلاما والاولى ان يقول في السلام على الواحد السلام عليكم بحرف التعريف
جگہ ہو جاتا ہی اور بدون دونو یعنی تنوین اور لام کی درست نہیں ہی اور سلام نہیں ہوتا اور بہتر یوں ہی کہ ایک شخص پر سلام کرتی ہوی بھی السلام علیکم ساتھ تعریف کی

او سلام عليكم بغير حرف التعريف بل بالتنوين مع ضمير الجمع فيهما ليكون سلاما عليه وعلى ملئكته لان المسلم لا يكون
یا سلام علیکم بدون حرف تعریف کی بلکہ میم کی تنوین سی دونو صورت میں ضمیر جمع کی تاکہ اوسپر اور اوسکی فرشتوں پر سلام ہو جاوی اسلئی کہ مسلمان اکیلا کبھی نہیں

وحده بل يكون معه على اصح الاقاويل خمس من الملئكة واحد عن يمينه يكتب الحسنات وواحد عن يساره
ہوتا بلکہ اوسکی ساتھ موافق اصح قول کی پانچ فرشتی ہوتی ہیں ایک تو داہنی طرف جو نیکیاں لکہتا ہی اور ایک بائیں طرف

يكتب السيات وواحد امامه يلقنه الخيرات وواحد وراءه يدفع عنه المكاره وواحد عند ناصيته يكتب ما
جو برائیاں لکہتا ہی اور ایک سامنی جو خیرات کی ہدایت کرتا ہی اور ایک پیچھی جو مکروہات سی بچاتا ہی اور ایک پیشانی کی پاس جو درود کو

يصلي على النبي عليه السلام ويبلغه اياه فينبغي ان يخاطم في السلام ومن يدخل بيته يستحب له ان يسلم على اهله لانهم
کلہتا ہی جو نبی علیہ السلام پر جتنی اپنے پڑہی اور اوسکو پہنچاتا ہی سو لائق ہی کہ اونکو بہی سلام مین شامل کرین اور جو شخص اپنے گہر مین جاوی تو مستحب ہی کہ اپنے اہل پر سلام کہکر
احق بالسلام من غيرهم وقد روى عن انس انه عليه السلام قال يا بني اذا دخلت على اهلك فسلم عليهم يكون
کیونکہ وہ اوروں کی نسبت سلام کی زیادہ مستحق ہین اور انس سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ای بچی جب تو اپنے اہل پاس جاوی تو اونپر سلام کر او
بركة عليك وعلى اهل بيتك وذكر في فتاوى قاضيخان ان من اتى باب دار انسان يجب عليه ان يستاذن قبل
تجہہ پر اور تیری اہل پہ برکت ہووی گی اور فتاوی قاضیخان مین مذکور ہی جب کوئی کسی شخص کی دروازہ پر آوی تو اوسپر واجب ہی کہ پہلی سلام کرکر اجازت
السلام ثم اذا دخل يسلم اولا ثم يتكلم وان كان في الفضاء يسلم اولا ثم يتكلم وحكى عن بعض الصلحين على ما ذكر
طلب کری پہر جب اندر جاوی تو پہلی سلام کری پہر بات چیت کری اور اگر میدان مین ہو تو پہلی سلام کری پہر بات کری اور بعض صلحا کی حکایت ہی چنانچہ
في بستان العارفين ان واحدا من اصدقائه استقبله وقال له كيف اصبحت فقال له الرجل الصالح ويحك ما هذا
بستان العارفین مین مذکور ہی کہ اوسکا ایک دوست سامنی سی آگیا کہنی لگا مزاج اچہا ہی اوس مرد صالح نی کہا افسوس تجہکو یہہ کیا کہا
فهلا قلت السلام عليكم فيكون لك عشر حسنات وارد عليك فيكون لي عشر حسنات فاذا اجتمع عشرون
اول یہہ کیون نہ کہا السلام علیکم کہ تیری لئی دس نیکیاں ہوتین پہر مین جواب دیتا تو میری لئی دس نیکیاں ہوتین اور جب بیس نیکیاں جمع ہوجاتین
حسنة يرجى عند ذلك نزول الرحمة وحصول المغفرة واما الانحناء فمكروه في كل حال لكل احد لما روى عن انس ان
تو پہر نزول رحمت اور حصول مغفرت کی امید ہوتی اور رہا جہکنا سو بہرحال ہر ایک کو مکروہ ہی کیونکہ انس سی روایت ہی
رجلا قال يا رسول الله الرجل منا يلتقي اخاه اينحني له قال لا قال النووي هذا الحديث صحيح لم يات له معارض
کہ ایک شخص نی عرض کیا یا رسول اللہ کوئی شخص ہم مین سی جب اپنی بہائی سی ملتا ہی تو اوسکی لئی جہکی فرمایا نہین نووی کہتا ہی یہہ حدیث صحیح ہی اسکی معارض کوئی
ولا مصير الى مخالفته ولا ينبغي ان يغتر بكثرة من يفعله ممن ينتسب الى علم وصلاح فان الاقتداء لا يكون الا
حدیث نہین ہی اور نہ ٹہکانا اسکی مخالفت کا اور سزاوار نہین ہی کہ بہت سی علم اور صلاح والون کو جہکتا دیکہہ کر دہوکا کہا جاوین کیونکہ پیروی تو نبی علیہ السلام ہی کی ہی
بالنبي عليه السلام لانه تعالى قال وما اتيكم الرسول فخذوه وما نهيكم عنه فانتهوا وقال في اية اخرى فليحذر الذين
اسلئی کہ اللہ تعالی فرماتا ہی اور جو دی تمکو رسول سو لیلو اور جس سی منع کری سو چہوڑدو اور ایک اور آیت مین فرمایا سو ڈرتی رہین جو لوگ
يخالفون عن امره ان تصيبهم فتنة او يصيبهم عذاب اليم وقد قال الفضيل بن عياض كلاما معناه اتبع طرق
خلاف کرتی ہین اوسکی حکم کا کہ پڑی اونپر کچہہ خرابی یا پہنچی اونکو دکہہ کی مار اور فضیل بن عیاض نی ایک بات کہی ہی اوسکی یہہ معنی ہین ہدایت کا رستہ
الهدى ولا يضرك قلة السالكين واياك وطرق الضلالة ولا تغتر بكثرة الهالكين واما المصافحة فسنة عند التلا
اختیار کر اور کمتر چلنی والوں کی کچہہ ضرر نہین ہی اور گمراہی کی رستہ سی بچتا رہ اور ہالکین کی کثرت سی دہوکہ مین نہ آ اور رہا مصافحہ سو ملتی وقت سنت ہی
لما روى عن البراء انه عليه السلام قال ما من مسلمين يلتقيان فيتصافحان الا غفر لهما قبل ان يفترقا ويستحب
کیونکہ براء سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا نہین کوئی دو مسلمان کہ ملین اور مصافحہ کرین مگر جدا ہونی سی پہلی بخشی جاتی ہین اور مستحب ہی
ان يكون معها بشاشة بالوجه ودعاء بالمغفرة لما روى عن البراء ايضا انه عليه السلام قال ان المسلمين اذا التقيا
کہ مصافحہ کی ساتہہ چہری پر خوشی کی آثار ہون اور مغفرت کی دعا کیونکہ براء سی یہہ بہی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا بیشک دو مسلمان جب ملکر
فتصافحا وتحابا بود ونصيحة تناثرت خطاياهما بينهما وفي رواية انه عليه السلام قال اذا التقى مسلمان فتصافحا و
مصافحہ کرتی ہین اور محبت اور خیر خواہی جمع ہوتی ہین تو اونکی گناہ دونوں کی بیچ مین جہڑ پڑتی ہین اور ایک روایت مین ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جب دو مسلمان ملکر مصافحہ اور
حمدا الله تعالى واستغفراه غفر الله لهما وفي حديث اخر رواه انس انه عليه السلام قال ما من عبدين متحابين
اللہ کی حمد کرتی ہین اور مغفرت مانگتی ہین تو اللہ دونوں کو بخشدیتا ہی اور ایک اور حدیث مین انس کی روایت سی ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا نہین کوئی دو شخص بندہ ہی دوست

فی الله یستقبل احدهما الاخر فیتصافحه فیصلیان علی النبی الا لم یفترقا حتی یغفر الله من ذنوبهما ما تقدم
کہ دونو آمنی سامنی ہوکر مصافحہ کرین پھر درود بہیجین مجھپر مگر اتنی دیر نہیں ہوتی کہ اللہ تعالی انکی گناہ جو ہو چکی ہین

منها وما تاخر وهذه المصافحة یکون من تمام السلام بینهما لما روی انه علیه السلام قال تمام تحیاتکم بینکم المصافحة
اور جو ہونگی سب بخشدیتا ہی اور یہہ مصافحہ اونمین سلام کی تمامی ہوتی ہی اسلئی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا تمامی تمہاری آپس کی سلام کی مصافحہ ہی

والمراد من التحیة السلام والاصل فی السلام قوله تعالی یا ایها الذین امنوا لا تدخلوا بیوتا غیر بیوتکم حتی تستانسوا
اور تحیہ سی سلام مراد ہی اور اصل دلیل سلام کی یہہ آیت ہی ای ایمان والو مت جایا کرو کسیکی گہرون مین اپنی گہرون کی سوا جبتک نہ پوچہ لیا

وتسلموا علی اهلها ذلکم خیر لکم ان الاستیذان والتسلیم خیر لکم من ان تدخلوا بغتة وتحیة الجاهلیة کان
کرو اور سلام دیلو اوس گہر والون پر یہہ بہتر ہی تمہاری حق مین یعنی اجازت لینی اور سلام کرنا تمہاری حق مین اس سی بہتر ہی کہ چانچک گہس جاؤ اور جاہلیت کا سلام یون تہا

الرجل منهم اذا دخل بیتا غیر بیته قال حییتم صباحا وحییتم مساء ودخل فربما اصاب الرجل مع امراته فی لحاف
جبکوئی شخص سوائی اپنی گہر کی اور کی گہر جاتا تو کہتا میں نی تحیہ کیا تمہر صبح کو اور تحیہ کیا شام کو رگہس جاتا سو اکثر گہر والیکو جورو کی ساتہ ایک لحاف مین

وروی ان رجلا قال للنبی علیه السلام استاذن علی امی قال نعم قال انها لا خادم لها غیری استاذن کلما دخلت
اور روایت ہی کہ ایک شخص نی نبی علیہ السلام سی پوچہا کیا ماسی بہی اجازت لیا کرون فرمایا ہان عرض کیا اوسکی پاس کوئی خدمتگار بجز میری نہین ہی پہر کیا جب

قال اتحب ان تراها عریانة قال لا قال فاستاذن لعلکم تذکرون متعلق بمحذوف ای انزل علیکم او قیل لکم هذا
جایا کرون اجازت لیا کرون فرمایا کیا تجہکو پسند آتا ہی کہ اوسکو ننگی دیکہی عرض کیا نہین فرمایا تو پس اجازت لیا کر لعلکم تذکرون یہہ کلمہ عبارت محذوف یعنی انزل علیکم سی متعلق ہی

ارادة ان تذکروا وتعلموا ما احق لکم فان لم تجدوا فیها احدا یاذن لکم فلا تدخلوها حتی یؤذن لکم حتی یاتی من
یعنی تمسی بیان کیا اس غرض سی کہ پند پذیر ہو اگرچہ جانو تم وہ چیز کہ محتاج ہو اوسکی پہر اگر اوسمین کوئی نہو کہ تمکو اجازت دیوی تو مت گہسو اوسمین جبتک کہ تمکو اجازت نہو یہانتک کہ

یاذن لکم فان المانع من الدخول لیس الاطلاع علی العورات فقط بل وعلی ما یخفیه الناس عادة من ان التصرف فی ملک الغیر بغیر
اجازت دینی والا آجاوی کیونکہ روک اندر کی جانی سی کچہ یہہ ہی نہین ہی اطلاع عورات پر فقط بلکہ اطلاع اوسکی جو لوگ عادت کی موافق چہپاتی ہین یعنی تصرف کرنا غیر کی چیز مین بغیر

اذنه حرام واستثنی ما عرض من حرقا وغرقا وکان فیه منکر ونحوها فان قیل لکم ارجعوا فارجعوا هو
اجازت کی حرام ہی اور استثنا کی گئی ہی ضرورت جو پیش آوی قسم جلنی یا ڈوبنی سی یا اوسمین کوئی بات خلاف شرع ہو مانند نکی اور اگر تمکو کہی کہ پہر جاؤ تو پہر جاؤ

ازکی لکم ای الرجوع اطهر لکم وانفع لدینکم فان من یدخل بیتا ینبغی له ان یسلم علی من کان فیه فان لم یکن
اسہی مین خوب ستہرائی ہی تمہاری یعنی ہٹ جانا تمہاری لئی طہارت اور دین مین مفید ہی بیشک جو شخص کسیکی گہر مین جاوی تو اوسکو لائق ہی کہ گہر والون پر سلام بہیجی اور اگر وہان

فیه احد یسلم علی نفسه بان یقول السلام علینا وعلی عباد الله الصالحین لانه تعالی قال فاذا دخلتم بیوتا فسلموا
کوئی نہو تو اپنی اوپر سلام بہیجی اسطور کہی سلام ہمپر اور خدا کی صالح بندون پر کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہی پہر جب جانی لگو کبہی گہرون مین تو

علی انفسکم فالایة تقتضی هذین الامرین جمیعا وهما التسلیم علی الاهل عند وجودهم وعلی نفسه عند عدم
سلام کہو اپنی اوپر پس آیت سی دونو امر لازم ہین یعنی سلام کرنا اہلخانہ پر اگر وہان موجود ہون اور اپنی اوپر اگر وہان کوئی نہو

وجود احد منهم وادنی ما یتادی به الرد ان یقال وعلیک السلام بواو العطف حتی لو ترک الواو لا یصیر ردا
اور کم سی کم جسمین سلام کا جواب ادا ہو جاوی اتنا ہی وعلیک السلام ساتہ واو عاطفہ کی یہانتک کہ اگر واو کو ترک کریگا تو جواب نہو دیگا

لان الوارد فی الشرع الرد مع الواو فاذا ترک لا یعتد به ولا یسقط الفرض بدونه وکمال السلام ان یقال السلام
اسلئی کہ شرع مین جواب واو کی ساتہ آیا ہی جب اوسکو ترک کیا تو عبارت کا کچہ اعتبار نہین ہی اور نہ بدون اوسکی فرض ادا ہوتا ہی اور کمال سلام کا یہہ ہی کہ یون کہی

علیکم ورحمة الله وبرکاته لما روی انه علیه السلام قال من قال السلام علیکم کتب له عشر حسنات ومن قال
السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو شخص کہی السلام علیکم اوسکی لئی دس نیکیان لکہی جاتی ہین اور جسنی کہا

السلام علیکم ورحمة الله کتب له عشرون حسنة ومن قال السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته کتب له ثلثون
السلام علیکم ورحمۃ اللہ اوسکی لیی بیس نیکیاں لکہی جاتی ہیں اور جس نی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہا اوسکی لیی تیس نیکیاں لکہی جاتی ہیں

حسنة فانه علیه السلام قد بین فی هذا الحدیث ان فی السلام عشر حسنات وفی ضم الرحمة الیه عشرون حسنة
اس لیی کہ نبی علیہ السلام نی اس حدیث میں فرمادیا ہی کہ سلام میں دس نیکیاں ہیں اور اوسپر رحمۃ کی ملانی میں بیس نیکیاں ہیں

وفی ضم البرکات الیهما ثلثین حسنة وهی النهایة لانتظامها لجمیع فنون المطالب التی هی السلامة عن المضار ونیل المنافع
اور اوسپر برکات ملانی میں تیس نیکیاں ہیں اور یہہ انتہا کا درجہ ہی اسمیں تمام اقسام کی مطالب آگئی یعنی سلامتی اسباب ضرر سی اور حصول منفعت کا

ودوامها ونماؤها ولا ینبغی ان یزاد علی ذلک لما روی عن ابن عباس انه قال لکل شئ منتهی ومنتهی السلام البرکات
ہمیشہ کو اور اوسکی افزایش اور سزاوار نہیں ہی کہ اس سی زیادہ بڑہادی اسلئی کہ روایت ہی کہ ابن عباس نی کہا ہی ہر شی کا انتہا ہوتا ہی اور سلام کا انتہا برکات ہی

ثم ینبغی ان یعلم ان من یسلم علی احد انما یصیر مؤدیا حق السنة اذا رفع صوته مقدار ما یحصل به الاسماع
پہر سمجہا چاہیی کہ جو شخص کسی پر سلام بہیجتا ہی اوس کی حق سنت جب ادا ہوتا ہی کہ اتنی بلند آواز سی کہی کہ وہ سن لی

فان لم یحصل به الاسماع لا یصیر مؤدیا حق السلام فلا یجب الرد لان الشرط فی ثبوت الحکم للشئ العلم به فاذا
اور اگر وہ نہ سنی تو اوس کی حق سلام کا ادا نہیں ہوتا اور جواب بہی واجب نہیں ہوتا اسواسطی کہ کسی شی کی حکم ثابت ہونی میں اوس شی کا علم شرط ہی جب

لم یحصل العلم بالسلام لا یکون الرد فرضا وکذا من یرد السلام انما یکون مؤدیا فرض الرد اذا رفع صوته مقدار
سلام کی خبر نہو ئی تو جواب بہی فرض نہیں ہوتا ایسی ہی جو سلام کا جواب دیتا ہی اوس کی فرضیت جواب کی جب ادا ہوتی ہی کہ آواز اتنی بلند کری

ما یحصل به الاسماع فان لم یحصل به الاسماع لا یسقط فرض الرد فان من یسلم علی واحد یکون الرد فرضا علیه
کہ وہ سن لی اگر وہ جواب مسموع نہوا تو فرضیت جواب کی ساقط نہو گی پس جو شخص کسیکو سلام کرتا ہی تو اوسپر جواب فرض ہوجاتا ہی

حتی لو لم یرد یکون اثما ومن سلم علی جماعة یکون الرد فرضا علیهم حتی لو ترکه کلهم یکونون اثمین وان رده
یہاں تک کہ اگر جواب ندیگا تو گنہگار ہوگا اور اگر کسینی ایک جماعت کو سلام کیا تو جواب اون سب پر فرض ہوجاتا ہی یہاں تک کہ اگر کوئی بہی جواب ندیگا تو سب گنہگار ہونگی

بعضهم یسقط الفرض عن الباقین لکن الافضل ان یرده کلهم ولو کان فیهم صبی ولم یرده الا الصبی لا یسقط
اور اگر کسی ایک نی بہی جواب دیدیا تو سب کی ذمہ سی فرض ساقط ہوجاتا ہی پر افضل یہہ ہی کہ سب جواب دیویں اور اگر اوس جماعت میں بچہ نابالغ ہو اور اوس کی سوائی

عنهم الفرض لان الصبی لیس من اهل الفرض ویشترط فی الرد ان یکون علی الفور حتی لو اخر لا یعد ردا ویستحب
کوئی جواب ندیوی تو اونکی ذمہ سی فرض ساقط نہیں ہوتا اسلئی کہ بچہ کی ذمہ پر کچہہ فرض نہیں ہوتا اور جواب کی یہہ شرط ہی کہ ترت جواب دیوی اگر دیر کی بعد جواب دیگا تو جواب نہیں

لمن سلم علی واحد واسمعه سلامه وتوجه علیه الرد بشروطه فلم یرد ان یجعله فی حل منه فیقول ابرأته من حقی
گنا جاتا اور جو شخص کسیکو سلام کری اور اوسکو سلام سنادی اور جواب اوسکی ذمہ پر سلام کی شرطسی لازم آجاوی پہر وہ جواب ندیوی تو مستحب ہی کہ سلام کرنیوالا اپنی طرف سی معاف

فی رد سلامی وجعلته فی حل منه او نحو ذلک فاذا قال هذا یسقط به حقه واذا دخل جماعة علی قوم یسن لجمیعهم
کردی یہہ کہدی کہ مینی اپنا حق سلام کی جواب کا معاف کیا یا مینی اپنی طرف سی اوسکو معاف کیا یا مانند اسکی جب اتنا کہدیگا تو اوسکا حق ساقط ہو جائیگا اور اگر ایک جماعت جمع ہوکر

ان یسلموا ویکره لهم ترک السلام فان سلم بعضهم یسقط الکراهة عن الباقین لان السلام سنة علی الکفایة
ایک قوم کی پاس آوی تو سبکو مسنون ہی کہ سلام علیک کریں اور سلام کا ترک کرنا اونکو مکروہ ہی پہر اگر بعضون نی سلام علیک کرلی تو کراہت سبکی ذمہ سی اوتر گئی کیونکہ سلام سنت کفایہ ہی

کما ان الرد فرض علی الکفایة علی ما روی عن زید بن وهب انه علیه السلام قال اذا مر قوم بقوم فسلم واحد
جیسی سلام کا جواب فرض کفایہ ہی چنانچہ زید بن وہب سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جب ایک جماعت ایک جماعت پر گذری اور ایک شخص

منهم اجزاهم واذا رد واحد منهم اجزا عنهم واذا دخل واحد علی جماعة قلیلة یعمهم سلام واحد یکفی سلام واحد
اونمیں سی سلام علیک کری تو سبکو کافی ہی اور اگر ایک شخص جواب دیدی تو اونکی طرف سی کافی ہی اور اگر ایک شخص چہوٹی جماعت کی پاس آوی تو سبکو ایک سلام کری سب پر

على جميعهم وما زاد من تخصيص بعضهم فهو ادب ويكفي في الرد ان يرد واحد منهم فمن زاد بعدهم فهو ادب
اور جو زیادہ کری کسی خاص کو تو یہہ ادب ہی اور جواب یہی کافی ہی اگر ایک شخص جواب دیدی پہر اگر اونہین سی کسی اور نی جواب دیا تو یہہ

وان كان جمعا عظيما لا ينتشر فيهم سلام واحد كالجامع والمسجد العظيم فالسنة ان يسلم عليهم اذا شاهدهم
ادب ہی اور اگر بڑی جماعت ہو تو ایک سلام کہان پہیلتا پہریگا جیسی مسجد جامع اور بڑی مسجد تو سنت یہہ ہی کہ اونکو سلام کرتا جاوی جس سی ملتا جاوی

ويكون مؤديا حق السلام في جميع من سمعه فان اراد ان يجلس فيهم يسقط عنه سنة السلام فيمن لم يسمع سلامه
اور حق اونکی سلام کا ادا کر چکیگا جو جو سن لینگی پہر یہہ شخص اگر انہین بیٹھنا چاہی تو اسکی ذمہ سی سنت سلام کی ساقط ہوئی بہ نسبت باقیون کی

من الباقين وان اراد ان يجلس فيمن لم يسمع سلامه ففيه وجهان احدهما ان سنة السلام عليهم حصلت بالسلام
جنہون نی سلام نہین سنا اور اگر اوس قوم مین بیٹھنا چاہی جنہون نی سلام نہین سنا تو اسمین دو وجہ ہین ایک یہہ کہ اب سنت سلام اونکی حق کی پہلون پر سلام کرنی سی

على اوائلهم لكونهم جمعا واحدا فلو اعاد السلام عليهم يكون ادبا والوجه الثاني كون سنة السلام باقية في حق
ادا ہو چکی کیونکہ یہہ سب ایک ہی جماعت ہی پہر اگر اسنی انکو بہی سلام کیا تو ادب ہی اور دوسری یہہ وجہ ہی کہ سنت سلام انکی حق کی جنکو اسکا سلام

من لم يبلغهم سلامه والسنة ان يسلم الراكب على الماشي والماشي على القاعد والصغير على الكبير والقليل
نہین پہنچا باقی ہی اور مسنون یہہ ہی کہ سوار پیادہ کو سلام کری اور چلتا ہوا بیٹہی کو اور چہوٹا بڑی کو اور چہوٹی جماعت

على الكثير ولو خالفوا وسلم الماشي على الراكب والكثير على القليل والكبير على الصغير لا يكره بل يكون تركا لما
بڑی جماعت کو اور اگر اسکی خلاف کیا یعنی پیادہ نی سوار کو سلام کیا یا بڑی جماعت نی چہوٹی جماعت کو اور بڑی نی چہوٹی کو تو مکروہ نہین ہی بلکہ اپنا حق ترک کیا

يستحقه من سلام غيره عليه ومن مر على قارئ القران لا ينبغي ان يسلم عليه كيلا يشغله عن القراءة فان
کہ دوسرا اسکو سلام کرتا اور جو شخص قرآن کی تلاوت کرتی پاس جا پہنچا تو اوسکو سلام کرنا نہین چاہئی تاکہ تلاوت سی نہ روکدی پہر اگر اسنی

سلم عليه قال بعضهم لا يجب عليه الرد وقال بعضهم يجب وهو اختيار فقيه ابي الليث ومن مر على من اتى
سلام کیا تو بعضی کہتی ہین اوسپر جواب واجب نہین ہی اور بعضی کہتی ہین واجب ہی فقیہ ابو اللیث نی یہہ ہی اختیار کیا ہی اور جو شخص ایسی پاس پہنچا

الخلاء وهو يتغوط او يبول ينبغي له ان لا يسلم عليه في هذه الحالة فان سلم عليه قال ابو حنيفة رض يرد عليه بقلبه
جو بیت الخلا مین پائخانہ پہرتا ہی یا پیشاب کرتا ہی تو چاہئی کہ اس حالت مین اوس سی سلام علیک نکری پہر اگر اوسپر سلام علیک کی تو ابو حنیفہ کہتی ہین کہ دل ہی جواب

لا بلسانه وقال ابو يوسف لا يرد عليه بقلبه ولا بلسانه ولا بعد الفراغ ايضا وقال محمد يرد عليه بعد الفراغ و
دی زبان سی نہ بولی اور ابو یوسف کہتی ہین نہ دل سی جواب دی نہ زبان سی اور نہ بعد فراغت کی اور امام محمد کہتی ہین فارغ ہوکر جواب دی اور

لا يسلم على احد وقت الخطبة فان سلم والخطيب في الخطبة لا يجب الرد على السامع ومن كان جالسا مع قوم
خطبہ کی وقت کسی سی سلام علیک نکری پہر اگر سلام کیا اور خطیب خطبہ مین ہو تو سننی والی پر جواب واجب نہین ہی اور جو شخص ایک جماعت مین بیٹھا ہوا تہا

ثم قام للذهاب فالسنة ان يسلم عليهم لما روي عن ابي هريرة انه عليه السلام قال اذا انتهى احدكم الى المجلس فليسلم
پہر جانی لگا تو سنت یہہ ہی کہ وہ ہی اونکو سلام کری کیونکہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جب کوئی مجلس مین آوی تو سلام کری

فاذا اراد ان يقوم فليسلم فليست الاولى باحق من الاخرى قال الامام النووي ظاهر هذا الحديث يقتضي ان يجب على
پہر اگر کہڑا ہووی تو سلام کری سو پہلی جماعت بڑی حق دار نہین ہی دوسری سی امام نووی کہتی ہین ظاہر اس حدیث کا یون چاہتا ہی کہ جماعت کی

الجماعة رد السلام على هذا الذي سلم عليهم وفارقهم وقال بعض العلماء جرت عادة بعض الناس بالسلام عند
ذمہ جواب سلام کا اس شخص پر واجب ہی جسنی سلام کیا تہا اور جدا ہوا ہی اور بعضی علماء کہتی ہین بعضی لوگون کو سلام کرنیکی عادت پڑی ہوئی ہی

مفارقة القوم وذلك دعاء يستحب له الجواب لان السلام انما يكون عند اللقاء لا عند الانصراف وانكر هذا القول
جب جماعت سی جدا ہون اور یہہ دعا ہی اوسکی لئی جواب مستحب ہی اسلئی کہ سلام ملاقات کی وقت ہوتا ہی جدا ہوئی نہین ہوتا اور امام ابو بکر شافعی

الامام ابو بکر الشافعی وقال ہذا القول فاسد لان السلام کما کان سنۃ عند اللقاء کذلک ھو سنۃ عند الانصراف
اس بات سی انکار کرتی ہیں اور کہتی ہیں کہ یہہ بات غلط ہی اسواسطی کہ سلام جیسی ملتی وقت سنت ہی ایسی ہی جدا ہوتی ہوئی سنت ہی
علی ما دل علیہ الحدیث السابق ومن کتب کتابا وکتب فیہ سلاما علی احد او ارسل الیہ سلاما بالرسول فبلغہ
چنانچہ اسپر حدیث سابق دلالت کرتی ہی اور اگر کسینی خط لکہا اور اوسمین کسیکو سلام لکہدیا یا کسیکو سلام زبانی رسول کی کہلا بہیجا پہر اوسکی پاس
الکتاب او الرسالۃ یجب علیہ الرد علی الفور لان السلام علی الغائب لا یکون الا بالرسالۃ او بالکتاب فعلیہ ان یرد بمثلہ
خط یا زبانی سلام پہنچا تو اوسپر فورًا جواب واجب ہی اسلئی کہ سلام غائب پر نہیں ہوسکتا مگر زبانی رسول کی یا خط مین سو اوسپر لازم ہی کہ ویسا ہی جواب دی
او باحسن منہ لکن ینبغی ان یعلم ان من بلغ الغیر سلام احد ینبغی لذلک الغیر ان یرد علیہما ویقول علیک
یا اوس سی بہتر لیکن سمجہا چاہئی کہ جسنی کسی غیر کو کسیکا سلام پہنچایا تو اوس غیر کو لازم ہی کہ سلام کا جواب دونو کو دی اسطور علیک
وعلیہ السلام لما روی ان رجلا قال للنبی علیہ السلام ان ابی یقرئک السلام فقال النبی علیہ السلام علیک
وعلیہ السلام اسلئی کہ روایت ہی کہ ایک شخص نی نبی علیہ السلام سی عرض کیا کہ میرا باپ آپکو سلام کہتا ہی سو نبی علیہ السلام نی فرمایا تجہہ پر
وعلی ابیک السلام ومن سلم علی احد ثم لقیہ ثانیا او راہ ثانیا یستحب لہ ان یسلم علیہ ثانیا لما روی انہ علیہ السلام
اور تیری باپ پر سلام اور اگر کسینی کسیکو سلام کیا پہر اوس سی دوبارہ ملگیا یا دوبارہ دیکہا تو مستحب ہی کہ اوسکو دوبارہ سلام کری کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام
کان اذا دخل المسجد یسلم علی اصحابہ ثم اذا صعد المنبر واقبل علیہم یسلم علیہم ثانیا ویروی عن ابی ھریرۃ انہ علیہ السلام
جب مسجد مین آتی تو اپنی اصحاب سی سلام علیک کرتی پہر جب منبر پہ چڑہ کر اونکی آمنا سامنی ہوتی تو دوبارہ سلام علیک کرتی اور ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام
قال اذا لقی احدکم اخاہ فلیسلم علیہ فان حالت بینہما شجرۃ او جدار او حجر ثم لقیہ فلیسلم علیہ وکان اصحاب رسول
نی فرمایا جب کوئی تم مین سی اپنی بہائی سی ملی تو سلام کری پہر اون دونوں کی بیچمین اگر درخت یا دیوار یا پتہر آجاوی اور پہر ملی تو سلام کری اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ
اللہ علیہ السلام اذا ساروا فی طریق فاستقبلہم شجرۃ فاجتازوھا یسلم بعضہم علی بعض واذا التقی الاثنان
وسلم کی اصحاب جب رستہ چلتی اور اونکی سامنی درخت آجاتا تو اوس سی بڑہکر آپسمین سلام کیا کرتی اور جب دو شخص ملین
وقال کل واحد منہما للاخر دفعۃ او علی الترتیب السلام علیکم قبل یصیر کل واحد منہما مسلما علی الاخر ولا یقوم ذلک
اور ہر ایک دونوں مین سی دفعۃً یا بترتیب سلام علیک کری کہتی ہیں کہ دونو کی طرف سی سلام علیک ہوجاتی ہی اور یہہ سلام جواب کی جگہ
مقام الرد بل یجب علی کل واحد منہما الرد والصواب علی ما ذکرہ النووی ان سلام احدہما ان کان بعد سلام الاخر
نہیں ہوگا بلکہ دونو پر جواب واجب ہی اور صواب موافق ذکر نووی کی یہہ ہی کہ ایک کا سلام اگر بعد دوسری کی سلام کی ہی
یکون ردا لکون ھذا اللفظ صالحا للرد والا فلا ومن لقی احدا فقال لہ ابتداء علیکم السلام لا یکون ذلک مسلما
تو جواب ہوجاتا ہی کیونکہ یہہ لفظ قابل جواب کی ہی اور نہیں تو نہیں اور اگر کوئی کسی سی ملا اور پہلی ہی کہا علیکم السلام تو یہہ عبارت سلام نہیں ہوتا
حتی لا یستحق الرد لان ھذہ الصیغۃ مشروعۃ للرد لا للابتداء فلا تقوم مقام السلام علی الاحیاء بل ھی تحیۃ
یہاں تک کہ وہ مستحق جواب کا نہیں کیونکہ یہہ عبارت شرع مین جواب کی واسطی مقرر ہی ابتدا کی واسطی نہیں ہی سو زندوں پر سلام کی قایم مقام نہو گی بلکہ یہہ سلام
الموتی علی ما روی ان رجلا اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال علیک السلام یا رسول اللہ فقال النبی علیہ السلام لا تقل
موتی کا ہی موافق اس روایت کی کہ ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پاس آکر کہا علیک السلام یا رسول اللہ سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا علیک السلام
علیک السلام علیک السلام تحیۃ الموتی فانہ علیہ السلام قد بین فی ھذا الحدیث ان ھذہ الصیغۃ لیست
مت کہا کر علیک السلام موتی کا سلام ہی بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی اس حدیث مین بیان کردیا کہ یہہ عبارت اسلئی نہیں ہی
مما یسلم بہا علی الاحیاء بل انما یسلم بہا علی الاموات لان الاحیاء وضع لہم فی الشرع عند السلام صیغۃ وعند الرد
کہ زندوں پر سلام کیجئی بلکہ اس عبارت سی مردوں پر سلام کرتی ہیں کیونکہ شرع مین زندوں کی واسطی سلام کی اور عبارت ہی اور جواب کی واسطی

صیغۃ

صيغة فلا يحسن ان يوضع ما وضع للرد موضع السلام واما الاموات فلا يرد عليهم فيستوي في حقهم السلام
اور عبارت سوا ہی نہیں ہی کہ جو عبارت جواب کی لی ہی وہ سلام کی جگہ استعمال کرین اور مردون پر تو جواب نہین ہوتا پہر ادنکی حق مین سلام

عليكم بالصيغتين لما روي انه عليه السلام كان يسلم على اهل القبور بقوله السلام عليكم دار قوم مؤمنين
علیک دونو عبارت سی برابر ہی کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام اہل قبور پر سلام علیک اس عبارت سی کرتی تہی السلام علیکم ملک قوم مؤمنین کی

ومن سلم على اصم يستحب له ان يتكلم بالسلام بلسانه لقدرته عليه ويشير بيده حتى يحصل الافهام فيستحق
اور جو شخص بہری کو سلام کری تو مستحب ہی کہ سلام زبان سی کہی کیونکہ اسکو قدرت ہی اور ہاتہہ سی اشارہ کردی تاکہ وہ سمجہہ جاوی اور یہہ مستحق جواب کا ہو

الرد ولو لم يجمع بينهما لا يستحق الرد ولو سلم عليه اصم واراد ان يرد عليه يلزمه ان يتكلم بالرد بلسانه لقدرته
اور اگر دونو بات نکریگا تو مستحق جواب کا نہین ہی اور اگر بہرہ اسکو سلام کری اور یہہ جواب دیا چاہی تو لازم ہی کہ جواب زبانسی دی کیونکہ اسپر قادر ہی

عليه ويشير بيده ليحصل الافهام ويسقط عنه الرد ولو سلم على اخرس فاشار الاخرس بيده يسقط عنه الفرض
اور ہاتہہ سی اشارہ کردی تاکہ وہ سمجہہ جاوی اور اسکی ذمہ سی جواب ادا ہو جاوی اور اگر گنگی کو سلام کیا اور گنگی نی ہاتہہ سی اشارہ کردیا تو اوسکی ذمہ سی فرض ادا ہو جاتا ہی

لان اشارته قائمة مقام العبارة ولو سلم عليه الاخرس بالاشارة يستحق الرد والنساء بعضهن مع بعض في
کیونکہ اوسکا اشارہ قایم مقام بولنی کی ہی اور گنگی نی اشارہ سی اسکو سلام کیا تو وہ مستحق جواب کا ہی اور عورتین عورتین آپسمین سلام علیک کی باب مین

حكم السلام كالرجال واما الرجل اذا سلم على امرأة فان كانت زوجته او جاريته او كانت من محارمه فعليها الرد
مانند مردون کی ہین اور اگر مرد عورت کو سلام کری اگر وہ عورت اوسکی بی بی ہی یا لونڈی ہی یا اوسکی کوئی محرم ہی تو اوسپر جواب دینا لازم ہی

وان كانت اجنبية شابة لا يجوز لها الرد ويكون الرجل مفرطا في السلام عليها وكذا المرأة ان سلمت على رجل فاذا
اور اگر کوئی غیر جوان ہی تو اوسکو جواب دینا چاہئے نہین اور وہ مرد اس سلام مین بیجا پر ہی اور ایسی ہی عورت اگر مرد کو سلام کری پہر اگر

كانت زوجته او جاريته او كانت من محارمه او كانت عجوزا لا يخاف منها الفتنة فعليه الرد وان كانت شابة يميل
وہ اوسکی جورو یا لونڈی یا اوسکی کوئی محرم ہی یا ایسی بڑہیا ہی کہ اوسپر کچہہ خوف فتنہ کا نہین تو مرد کی ذمہ جواب لازم ہی اور اگر ایسی جوان ہی کہ

اليها النفس يكره له الرد وتكون المرأة مفرطة في السلام عليه واما الصبيان فالسنة ان يسلم عليهم لما روي عن
نفس کو اوسکی طرف رغبت ہوئی تو جواب دینا مکروہ ہی اور عورت اس سلام مین بیجا پر ہی اور نابالغ بچون کو سلام کرنا مسنون ہی اسلئی کہ انس سی روایت ہی

انس انه مر على صبيان فسلم عليهم وقال كان النبي عليه السلام يفعله وفي رواية انه عليه السلام مر على غلمان
کہ وہ لڑکون پر گذری تو اونکو سلام کیا اور کہا نبی علیہ السلام یہی کیا کرتی تہی اور ایک روایت مین ہی کہ نبی علیہ السلام لڑکون کی پاس آگئی

فسلم عليهم ولو سلم صبي على بالغ فالصحيح وجوب رد سلامه لقوله تعالى واذا حييتم بتحية فحيوا باحسن منها واما
تو اونکو سلام کیا اور اگر نابالغ لڑکا بالغ کو سلام کری تو صحیح یون ہی کہ جواب دینا واجب ہی بدلیل اس آیت کی اور جب تمکو دعا دیوی کوئی تو تم بہی دعا دو اوس سی بہتر

المبتدعة ومن اقترف ذنبا عظيما ولم يتب منه فينبغي ان لا يسلم عليهم ولا يرد سلامهم قال البزازي يسلم على لاعب
اور بدعتی لوگ اور جو جو بڑی گناہ کرتی ہین اور اوس گناہ سی توبہ نہین کرتی تو سزاوار ہی کہ انکو سلام نکری اور نہ انکی سلام کا جواب دی بزازی کہتا ہی کہ امام کی

الشطرنج عند الامام ليشغله عن ساعة الرد لا عندهما لان المجاهر بالفسق في معتقده ولو مجتهدا لا يستحق الاكرام
نزدیک شطرنج باز کو سلام کرلی تاکہ دم بہر جواب دیتا ہوا شطرنج سی باز رہی صاحبین کی نزدیک سلام نکری اسلئی کہ فاسق علی الاعلان اپنی معتقد مین اگرچہ اجتہاد

وقال النووي فمن اضطر الى السلام على الظلمة اذا دخل عليهم وخاف ان يترتب عليه في دينه ودنياه ضرر ان لم يسلم
ہو سزاوار عزت کا نہین ہی اور نووی کہتا ہی جو شخص ظالمون کو سلام کرنیمین لاچار ہو جب اونکی پاس جاوی اور یہہ ڈر ہو کہ اگر انکو سلام نہین کرتا تو دین کا یا دنیا کا

عليهم يسلم عليهم وينوي ان السلام اسم من اسماء الله تعالى ليكون المعنى ان الله عليكم رقيب فيجازيكم بما
تو اونکو سلام کرلی اور یہہ نیت کرلی کہ سلام الله کا نام ہی تاکہ یہہ معنی ہو جاوین کہ الله تمہاری اوپر نگہبان ہی سو تمکو تمہاری لایق سزا دیوے گا

تستحقون واما اهل الذمة فيكره للمسلم ان يسلم عليهم ابتداء لما روى عن ابى هريرة انه عليه السلام
اور ہی ذمی لوگ سو مسلم کو مکروہ ہی کہ اونکو پہلی سلام کری کیونکہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیه السلام نی فرمایا

قال لا تبدءوا اليهود والنصارى بالسلام قال قاضيخان فى فتاواه هذا اذا لم يكن للمسلم حاجة اليه واما
کہ یہود اور نصاری کو پہلی سلام مت کرو قاضیخان اپنی فتاوی مین کہتا ہی یہہ اوس صورت مین ہی کہ مسلمان کی کوئی غرض نہ اوسکی ہو

اذا كانت فلا باس ان يسلم عليه ومن سلم على من لم يعرفه فبان انه ذمى يستحب له ان يسترد سلامه فيقول
اور اگر کوئی غرض ہی تو سلام کرنےمین کچھ ڈر نہین ہی اور اگر کسینی کسی نا واقف کو سلام کیا پہر معلوم ہوا کہ وہ ذمی ہی تو اوسکو مستحب ہی کہ اپنا سلام ہٹالی یون کہی

رد على سلامى لما روى ان عبد الله بن عمر سلم على رجل فقيل له انه يهودى فتبعه فقال له رد على سلامى
ہٹا دی میرا سلام کیونکہ روایت ہی کہ عبد اللہ بن عمر نی ایک شخص کو سلام کیا پہر کسی نی کہا یہہ تو یہودی ہی پہر عبد اللہ نی اوسکی پیچہی جا کر کہا میرا سلام ہٹا دی

واذا سلم ذمى على مسلم ينبغى للمسلم ان لا يزيد فى الرد عليه على قوله عليك لما روى عن انس انه عليه السلام
اور اگر ذمی مسلمان کو سلام کری تو مسلمان کو چاہئی کہ جواب مین اس سی کچھ زیادہ نہ کہی اتنا ہی کہی علیک کیونکہ انس سی روایت ہی کہ نبی علیه السلام نی فرمایا

قال اذا سلم عليكم اهل الكتاب فقولوا وعليكم قال الخطابى هكذا يرويه عامة المحدثين وعليكم بالواو وكان
جب اہل کتاب تمکو سلام کریں تو کہو وعلیکم خطابی کہتا ہی کہ عام محدث یہہ ہی روایت کرتی ہین وعلیکم واو سمیت اور

سفيان بن عيينة يرويه عليكم بغير الواو وهو الصواب اذ بغير الواو يصير ما قالوه بعينه مردودا عليهم وبالواو
سفیان بن عیینہ علیکم روایت کرتا ہی بدون واو کی اور حق یہہ ہی ہی اسواسطی کہ بدون واو کی جو اہل کتاب کہتی ہین بعینہ وہ ہی اونپر مردود ہوگا اور واو

يقع الاشتراك معهم والدخول فيما قالوه لان الواو حرف عطف يجمع بين الشيئين وقال النووى اتفقوا على لزوم الرد
سی اونکی ساتہہ شرکت اور جو اونہون نی کہا ہی اسمین شامل ہونا ہو ویگا اسلئی کہ واو حرف عطف کا ہی دو شئی کو جمع کر دیتا ہی اور نووی کہتا ہی سب علما متفق ہین

على اهل الكتاب لكن لا يذكر السلام بل بدونه بان يقال وعليكم بالواو وعليكم بدونها اذ قد جاءت الاحاديث
کہ اہل کتاب کا جواب دینا لازم ہی لیکن سلام کو ذکر نہ کری بلکہ بدون سلام کی اسطور کہی وعلیکم واو سی اور علیکم بدون واو کی اسلئی کہ حدیثین واو کی ساتہہ بہی

باثبات الواو وحذفها واثباتها اكثر فعلى هذا يكون فى معناها وجهان احدهما كونها للعطف والتشريك لانهم
آتی ہین اور بدون واو کی بہی اور واو کی ساتہہ زیادہ ہین اب اسکی معنی دو طرح ہین ایک تو یہہ کہ واو عاطفہ ہو اور شرکت کی لئی کیونکہ

كانوا يقولون للمسلمين السام عليكم وقد فسر السام بالموت فيكون المعنى نحن وانتم فيه سواء كلنا نموت والثانى كونها
وہ لوگ مسلمانون کو یہہ کہا کرتی تہی السام علیکم اور سام کی معنی موت ہی اب یہہ مراد ہوئی ہم اور تم موت مین برابر ہین ہم سب مرجاوینگی اور دوسری یہہ

للاستيناف لا للعطف والتشريك فيكون المعنى ونحن نقول عليكم ما قلتم وتستحقونه او ما تريدون بنا وقيل اذا
کہ واو استیناف کا ہو اور عطف و شرکت کا نہو اب یہہ مراد ہوگی اور ہم ہی کہتی ہین تمپر ہی جو تم کہتی ہو یا جسکی تم لایق ہو یا جو تم ہماری ساتہہ ارادہ کرتی ہو اور کوئی

لم يكن منهم تعريض بالدعاء علينا يكون اثبات الواو فى الرد عليهم دعاء لهم بالاسلام لكونه مدار السلامة فى الدارين
کہتا ہی اگر وہ نیت مین ہمپر بد دعا نکرتی ہون تو جواب مین واو کی ہونی سی اونکی لئی اسلام کی دعا ہو گی کیونکہ دارین مین یہہ ہی سبب سلامتی کا ہی

المجلس الخامس والثمانون فى بيان هجران اخيه المسلم فوق ثلثة ايام قال رسول الله صلى الله عليه
پچاسی مجلس بیان مین برادر مسلمان کو چہوڑ دینی مین زیادہ تین روز سی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم نی فرمایا

وسلم لا يحل لرجل ان يهجر اخاه فوق ثلث ليال يلتقيان فيعرض هذا ويعرض هذا وخيرهما الذى يبدأ بالسلام
حلال نہین ہی کسیکو کہ اپنی بہائی کو زیادہ تین رات سی چہوڑی رکہی جب ملین تو یہہ ادہر کو ہو جاوی اور وہ ادہر کو اور دونین اچہا وہ ہی جو پہلی سلام کری

هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه سعد بن ابى وقاص وهو بمنطوقه يدل على حرمة هجران المسلم اكثر من
یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی سعد بن ابی وقاص کی روایت سی اسکا منطوق دلالت کرتا ہی کہ چہوڑ دینا مسلم کا زیادہ

ثلثہ

ثلثة ایام واما جواز هجرانه ثلثة ایام فانما یدل علیه بمفهومه لا بمنطوقه فمن التزم حجیة المفهوم جاز له
تین روز سی زیادہ حرام ہی اور تین دن تک چھوڑ دینیکا جواز اسکی مفہوم سی معلوم ہوتا ہی منطوق سی نہیں معلوم ہوتا پھر جو شخص مفہوم کو حجت مانتا ہی اوسکو
ان یقول ان الادمی مجبول علی الغضب وسوء الخلق فرخص له فی الثلث لقلتها حتی یذهب عنه ذلك الغضب
جایز ہی کہ کہی بیشک آدمی کو غضب خلقی عادت ہی سو آپ نی تین دن کی اجازت دی کیونکہ مدت قلیل ہی تاکہ اوسکا غصہ اوتر جاوی
ولم یرخص له فیما فوق ذلك لکثرته فقوله علیه السلام یلتقیان فیعرض هذا ویعرض هذا بیان کیفیة هجرانهما
اور اس سی زیادہ کی اجازت نہیں دی پہر مدت زیادہ ہی اب یہہ جملہ حدیث کا کہ ملتی ہین پھر یہہ ادہر ہو جاتا ہی اور وہ ادہر یہہ چھوڑ دینی کی کیفیت کا بیان ہی
وقوله وخیرهما الذی یبدأ بالسلام حث علی ترك الهجران فانه یزول بالسلام علی ما ذهب الیه الجمهور وتخصیص
اور یہہ جملہ کہ ان میں اچھا وہ ہی جو پہلی سلام کری رغبت ہی جدائی کی ترک پر کیونکہ موافق مذہب جمہور کی جدائی سلام سی جاتی رہتی ہی اور خاص
الاخ بالذکر یشعر بالغلبة والمراد به الاخ فی الدین دون القرابة بدلیل قوله علیه السلام فی حدیث اخر لا یحل
اخ کو ذکر کرنا تغلیبا معلوم ہوتا ہی اور اس سی مراد دینی برادر ہی قرابت کا مراد نہیں بدلیل ارشاد نبی علیہ السلام کی ایک اور حدیث مین کہ مسلم کو
لمسلم ان یهجر مسلما فوق ثلث لیال فانهما ناکبان عن الحق ما داما علی صرامهما واولهما فیأ یکون سبقته بالفئ کفارة له
حلال نہیں ہی کہ مسلم کو زیادہ تین رات سی چھوڑ رکہی بیشک یہہ دونو جبتک لڑتی رہین حق سی پھرے ہین اور اونمین سی پہلی باز آنی والی کو اوسکی سبقت ہی کفارہ ہی
وروی عن ابی هریرة انه علیه السلام قال تفتح ابواب الجنة یوم الاثنین ویوم الخمیس فیغفر لکل عبد لا یشرك بالله
اور ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا پیر کو اور جمعرات کو جنت کی دروازی کہلتی ہین پھر ہر ایک بندہ کہ اللہ کی ساتھ کچھ شریک نکرتا ہو بخشا
شیئا الا رجل کانت بینه وبین اخیه شحناء فیقال انظروا هذین حتی یصطلحا وفی روایة انه علیه السلام قال یعرض
جاتا ہی سوای اوس شخص کی کہ اوسمین اور اوسکی بہائی مین کینہ ہو پھر حکم ہوتا ہی ان دونو کو رہنی دو جبتک آپسمین صلح کرین اور ایک روایت مین ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا
اعمال الناس فی کل جمعة مرتین یوم الاثنین ویوم الخمیس فیغفر لکل عبد مؤمن الا عبدا بینه وبین اخیه شحناء
کہ ہر ہفتہ مین لوگون کی اعمال دوبار پیش ہوتی ہین پیر کی دن اور جمعرات کی دن سو ہر ایک بندہ مؤمن بخشا جاتا ہی مگر وہ بندہ کہ اوسمین اور اوسکی بہائی مین کینہ ہو
فیقال اترکوا هذین حتی یفیئا والمراد بالجمعة ایام الاسبوع بدلیل انه علیه السلام بینها بقوله یوم الاثنین
حکم ہوتا ہی انکو رہنی دو جبتک ملاقات کرلیں اور مراد جمعہ سی ہفتہ کی ایام ہین اس دلیل سی کہ نبی علیہ السلام نی اسکو پیر کی دن اور
ویوم الخمیس علی طریق التعبیر عن الشئ باخر جزئه والشحناء العداوة والمعنی اترکوا مغفرتهما حتی یرجعا من
جمعرات کی دن سی تعبیر کیا جسطور ایک شی کا اخیر جزء بیان کرتی ہین اور شحناء کی معنی دشمنی کی ہین [illegible] چھوڑ دو انکی بخشش کو جبتک
العداوة الی الصداقة لان الاخوة الدینیة تقتضی الصداقة وتنافی العداوة فان المؤمنین اخوة من حیث انهم
دونو دشمنی سی دوستی کیطرف آوین اسواسطی کہ دینی برادری دوستی کا تقاضا کرتی ہی اور عداوت کی برخلاف ہی کیونکہ تمام مؤمن بہائی ہوتی ہین اسواسطی کہ
ینتسبون الی اصل واحد هو الایمان الموجب للحیوة الباقیة کما ان الاخوة من النسب ینتسبون الی اصل و[illegible] هو
سب ایک اصل سی نسبت رکہتی ہین یعنی ایمان سی جس سی دائمی زندگی ہوتی ہی جیسی نسبی برادر ایک اصل سی منسوب ہوتی ہین یعنی
الاب الموجب للحیوة الفانیة فالاخوة الدینیة اقوی من الاخوة النسبیة لان الاخوة النسبیة اذا خلت [illegible] الاخوة
باپ سی جس سی حیات فانیہ ہوتی ہی سو دینی برادری نسبی برادری سی بہت قوی ہوتی ہی اسلئی کہ نسبی برادری جب دینی برادری [illegible]
الدینیة لا تعتبر الا تری ان المسلم اذا مات وکان له اخ کافر یکون ماله للمسلمین لا لاخیه الکافر فعلی هذا یجب
ہی تو اسکا کچھ اعتبار نہیں ہوتا دیکہتا نہیں کہ مسلمان اگر مر جاوی اور اوسکا بہائی کافر موجود ہو تو اوس مسلم کا مال مسلمانون کو ملیگا کافر بہائی کو نہیں پس اس بنا
علی المسلمین ان یترکوا ما ینافی الاخوة الدینیة الموجبة للصداقة والمزیلة للعداوة لما روی عن ابی هریرة انه علیه السلام
کی موافق مسلمانون پر واجب ہی کہ مخالفات دینی برادری کا ترک کری جو دوستی کو واجب اور دشمنی دور کرتی ہی کیونکہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی

قال لا يحل لمسلم ان يهجر اخاه فوق ثلث فمن هجر فوق ثلث فمات دخل النار يعني انه استحق ان يدخل النار لانه
فرمایا مسلم کو حلال نہیں ہے کہ اپنے بہائی کو تین روز سے زیادہ چھوڑ دے اور جسنے تین دن سے زیادہ چھوڑ دی رکہا پہر وہ مرگیا تو دوزخ میں جاویگا مراد یہہ ہے کہ اس
مات عاصیا غیر تائب وذلک یستدعی ان یکون من اهل النار هذا اذا کان الهجران لامر دنیوی کالتقصیر فی
کیونکہ گنہگار بلا توبہ مرا ہے اس سے لازم آتا ہے کہ دوزخی ہووے یہہ اوس صورت میں ہے کہ یہہ ترک ملاقات دنیاوی سبب سے ہو
حقوق الصحبة والعشرة واما اذا کان فی حق الدین لفسق ومعصیة فالزیادة علی الثلث مشروع فان هجران
جیسے حقوق صحبت اور عشرت کی ادا کرنیکا قصور اور اگر بسبب حق دینی کی ہو جیسے فسق اور معصیت تو تین دن سے زیادہ بہی جایز ہے کیونکہ بدکاروں کا
اهل العصیان یجوز الی ان یزول عنهم ذلک العصیان ویظهر توبتهم لانه من قبیل الامر بالمعروف والنهی عن المنکر و
ترک کرنا جایز ہے جبتک کہ وہ بدکاری ترک کریں اور اونکی توبہ ظاہر ہووے کیونکہ یہہ عمل امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں داخل ہے اور
قد قال الله تعالی لا تجد قوما یؤمنون بالله والیوم الاخر یوادون من حاد الله ورسوله ولو کانوا اباءهم
اللہ تعالی فرماتا ہے تو نہ دیکھیگا کوئی لوگ جو یقین رکہتے ہوں اللہ پہ اور پچہلے دن پہ پہر دوستی کریں ایسوں سے جو مخالف ہوئے اللہ کی اور اوسکی رسول کی پڑتی وہ
او ابناءهم او اخوانهم او عشیرتهم فدلت هذه الایة علی ان من یرتکب المعاصی والمنکرات یجب هجره
اپنے ماباپ یا اپنے بیٹے یا اپنے بہائی یا اپنے گہرانے والے تو اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ معاصی اور منکرات پر عمل کرنیوالے کی ترک ملاقات واجب ہے
وان کان من الاقرباء لا سیما فی حق من ظلم الغیر وعصی الله تعالی به فان عدم الاعراض عنه احسان
اگرچہ سگا سودہر ہو خاص کر ایسے کی ملاقات جو غیر پر ظلم اور خدا کی نافرمانی کرتا ہو کیونکہ ایسے شخص سے اعراض نہ کرنا گویا اوسپر احسان ہے
الیه ولا یحسن الاحسان الیه لان الاحسان الیه اساءة للمظلوم وحق المظلوم اولی بالمراعاة وتقویة
سو ایسے پر احسان کرنا اچہا نہیں ہے کیونکہ احسان مظلوم کی ساتہہ بدی ہے اور رعایت مظلوم کی حق کی اولی ہوتی ہے اور مظلوم کا دل
قلبه بالاعراض عن الظالم احب الی الله تعالی من تقویة قلب الظالم وقد هجر النبی علیه السلام الثلثة الذین
قوی کرنا ظالم سے منہہ پہیر کر اللہ کو بہت محبوب ہے ظالم کا دل قوی کرنی سے اور بیشک نبی علیہ السلام نے تین شخصوں کو جو
تخلفوا عن غزوة تبوک ولم یکلمهم خمسین یوما وامر الناس بهجرهم حتی انزل الله تعالی توبتهم وروی انه
جنگ تبوک سے بیٹہہ رہے تہے چھوڑ دیا تہا اور پچاس روز تک اونسے نہیں بولے تہے اور لوگونسے فرمایا تہا کہ انکو چھوڑ دو یہاں تک کہ اللہ تعالی نے اونکی توبہ قبول کی
علیه السلام لما اعتل بعیر صفیة قال لزینب اعطیها بعیرا وکان عندها فضل بعیر فقالت انا اعطی تلک
اور روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے جب صفیہ کا اونٹ بیمار ہوگیا تہا تو زینب سے کہا تو اوسکو اونٹ دیدے اور اوسکے پاس بڑہتی اونٹ تہا سو زینب نے عرض کیا
الیهودیة فغضب النبی علیه السلام فهجرها ذا الحجة والمحرم وبعض صفر قیل لم یوجد فی السنة مدة الهجر اکثر
میں اوس یہودیہ کو دونگی پہر نبی علیہ السلام غضبناک ہوئے اور اونکو تمام ذالحجہ اور تمام محرم اور چند روز صفر کی چھوڑے رکہا کہتے ہیں کہ اس سے زیادہ مدت ترک کی سنت میں
من ذلک لکن قد وجد من السلف من هجر اخاه المسلم فی امر مکروه من امور الدین السنة والسنتین ومنهم من
نہیں ملتی لیکن بعضی متقدمین ایسے گذرے ہیں کہ اپنے بہائی مسلمان کو بسبب امر مکروہ دینی کی ایک برس اور دو برس چھوڑے رکہا ہے اور بعضے ایسے ہیں
هجر صاحبه فی ذلک مدة عمره ورأوا انفسهم فی فسحة من ذلک ما لم یرجع المهجور عما ارتکب وکان الامام احمد ممن
کہ اپنے صاحب یعنی مسلم کو اسی بابت تمام عمر چھوڑ رکہا ہے اور اپنے تئیں اس باب میں بے قصور جانتے تہے جبتک کہ وہ مہجور اوس عمل سے نہ باز آیا اور امام احمد بہی اہل معاصی
هجر اهل المعاصی ومن یقارن الافعال الردیة فانه هجر بعض اصحابه ممن کان یتعلم منه وکان یتردد الیه ولا
کو اور جو کہ افعال ناکارہ کیا کرتے تہی چھوڑ دیا کرتی تہے بیشک انہوں نے ایک شاگرد کو جو اونسے پڑہتا تہا چھوڑ دیا تہا وہ آتا جاتا تہا پر
یکلمه فلم یزل یسأله عن تغیر حاله ولا یذکره حتی قال له یوما بلغنی انک طینت حائط دارک من جانب الشارع
بات نکرتے تہے وہ ہمیشہ پوچہتا رہتا کہ آپ کیوں بیزار ہیں اور وہ کچہہ نہ کہتے آخر ایک روز یہہ کہا میں نے سنا ہے کہ تو نے اپنی گہر کی دیوار شارع عام کی

فقد اخذت قدر سمك الطين من شارع المسلمين فلا تصل لتعلم العلم وهجر ابن عمر ابناله الى ان مات واصل
طرف سے لیپی ہی سوتو نے برابر دل گاری کی مسلمانوں کی شارع عام میں سے لیدیا تو علم سکہانے کو نہیں ہے اور ابن عمر نے اپنے بیٹے کو مرتی دم تک چہوڑے رکہا اور

ذلك ان من وقف على منكر ولم يستطع ان ينكره بيده ولسانه وامكنه ان يظهر دلائل الانكار يلزمه ذلك
اصل اسکی یہہ ہے کہ جسکو کوئی امر بد معلوم ہو اور ہاتہہ اور زبان سے منع نہیں کر سکتا اور یہہ ہو سکتا ہے کہ بیزاری کی علامات ظاہر کرے تو اوسکو یہہ ہی لازم ہے

اذ لا ينبغي للمؤمن ان يترك احدا على منكر لقرابة او لصداقة ومودة فان صداقته ومودته يوجب له ان
اسلئے کہ مؤمن کو یہہ اچہا نہیں ہے کہ کسیکو امر منکر پر بسبب لحاظ قرابت یا صداقت اور مودت کی رہنے دے کیونکہ صداقت اور مودت کا تو حق یہہ ہے کہ اوسکو

ينظر اليه بنظر الرحمة ويرى اقدامه على المنكر مصيبة على نفسه ويكون مغتما حزينا من تعرضه لعقاب
نظر رحمت سے دیکہے اور اوسکی منکر میں مبتلا ہونے کو اپنی حال پر مصیبت سمجہے اور غمگین اور حزین ہووے کہ یہہ اب عقاب الہی میں

الله تعالى ويقصد تخليصه منه بالانكار عليه اذ ليس من مقتضى الرحمة له ترك الانكار عليه وعدم التعرض
گرفتار ہوا اور بیزار ہو کر اوسکی بچانی کا قصد کرے مقتضے رحمت کا یہہ نہیں ہے کہ اوس سے بیزار نہو اور اوسکو منع نکرے

له بل من كمال الرحمة له الانكار عليه ورده الى المنهج القويم والصراط المستقيم والا انقلب صداقته
بلکہ یہہ بیزاری اور طریق درست اور راہ راست پر لانا اوسکی حق میں کمال رحمت ہے اور نہیں تو قیامت کی دن یہہ ہی دوستی

عداوة يوم القيمة كما اخبر الله تعالى عن ذلك وقال الاخلاء يومئذ بعضهم لبعض عدو الا المتقين فان كل
دشمنی ہو جاویگی چنانچہ اللہ تعالی اسکی خبر دیتا ہے فرماتا ہے جتنے دوست ہیں اوسدن دشمن ہونگے مگر جو ہیں ڈر والے بیشک ہر

واحد من الاخلاء الغير المتقين يقول في ذلك اليوم يا ويلتى ليتني لم اتخذ فلانا خليلا ليت بيني وبينه بعد المشرقين
ایک دوست ناپرہیزگار اوس روز کہیگا خرابی میری کاشکے میں فلانے کو دوست نکرتا کاشکے میری اور اوسکی بیچ میں مسافت مشرقین کی

فصديق الانسان من يسعى في عمارة آخرته وان كان فيه ضرر الدنيا وعدوه من يسعى في خسارة آخرته وان
ہوتی پس آدمی کا دوست وہ ہی ہے جو آخرت کی درستی میں کوشش کرے اگرچہ اسمیں دنیا کا نقصان ہووے اور دشمن وہ ہے جو آخرت کو خراب کر دے اگرچہ

كان فيه نفع لدنياه وقد قال الله تعالى وتعاونوا على البر والتقوى ولا تعاونوا على الاثم والعدوان ولا شك ان من
اوسمیں دنیا کا فائدہ ہو اور اللہ تعالی فرماتا ہے مدد کرو نیک کام پر اور پرہیزگاری پر اور مدد نکرو گناہ پر اور زیادتی پر اور بیشک جسنے

راى اخاه المسلم على منكر ولم ينهه عنه فقد اعانه عليه بالتخلية بينه وبين ذلك المنكر وعدم الاعتراض عليه
کسی برادر مسلمان کو بری کار پر متوجہ دیکہا اور منع نکیا تو بیشک اوسکی امداد کی کہ اوسکو منکر پر قایم رکہا اور اعتراض نکیا

وروي عن ابي هريرة ان رجلا يتعلق برجل يوم القيمة وهو لا يعرفه فيقول له ما لك تتعلق بي وما رايتك قط فيقول
اور ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ ایک شخص ایک شخص کا قیامت کی روز دامنگیر ہوگا اور وہ اوسکو پہچانتا نہوگا وہ کہیگا تو کون ہے مجکو پکڑتا ہے میں نے تجکو

بلى قد رايتني يوما على منكر فلم تغيره وروي عن ابن عمر ان رجلا يؤمر به الى النار ويؤمر بجلسائه ايضا فيقولون
کبہی نہیں دیکہا وہ کہیگا ہاں تونے بیشک مجکو ایکروز منکر پر دیکہا اور منع نکیا اور ابن عمر سے روایت ہے کہ ایک کو دوزخکا حکم ہوگا اور اسکی ہمنشینوں کو بہی سو وہ عرض کرینگے

ما لنا فيقال لهم انكم تامرونه اكنتم تنهونه فيقولون لا فيقال اذهبوا به الى النار وهذا امر خطر قلما يقع السلامة
ہماری کیا خطا ہے جواب ہوگا کیا تم اوسکو امر کرتے تہے کیا تم اوسکو منع کرتے تہے وہ کہینگے نہیں پہر حکم ہوگا کہ اوسکی ساتہہ ہمنشینوں کو دوزخ میں لیجاؤ یہہ بات بڑی مشکل ہے

عنه لان كثيرا من المنكرات تظهر في كل زمان فلا تغير بل يقع السكوت عنها لاستيناس النفوس بها ولذلك قال النبي عم
اس سے کم بچا جاتا ہے اسلئے کہ ہر زمانہ میں منکرات کی کثرت ہے اور ممانعت نہیں ہوتی بلکہ چپ ہو رہتے ہیں کیونکہ نفسونکو منکرات کی محبت ہے اسہی لئے نبی علیہ السلام

في حديث رواه ابو سعيد لا تصاحب الا مؤمنا ولا ياكل طعامك الا تقي فانه عليه السلام حذر المؤمن في هذا الحديث
نے فرمایا ایک حدیث میں کہ ابو سعید کی روایت سے ہے پاس مت بیٹہہ سوا مؤمن کی اور کہانا مت دے کسو کو سوا پرہیزگار کی بیشک نبی علیہ السلام اس حدیث میں مؤمن کو

عن مصاحبة من ليس بتقي وعن مخالطته لان الصحبة والمخالطة توقع الالفة والمحبة في القلب فيلزم ان يكون

ناپرہیزگار کی پاس بیٹھنی اور ملی جلنی سی منع کیا ہی کیونکہ پاس بیٹھنی اور ملی جلنی سی دلمین الفت اور محبت پیدا ہوجاتی ہی پہر ضرور ہی کہ ویسا ہی ہو

كما قال النبي عليه السلام في حديث رواه ابو هريرة يحشر المرء على دين خليله فلينظر احدكم من يخالل يعني ان من

جو نبی علیہ السلام نی فرمایا اوس حدیث مین جو ابوہریرہ روایت کرتی ہین آدمی دوست کی دین پر اوٹھیگا اب سب خیال کرلین کسکو دوست بنا رکھا ہی مراد یہ ہی

يريد ان يعرف حال نفسه فلينظر الى صديقه فان كان صديقه صالحا فهو من الصلحين وان كان صديقه

جو کوئی اپنا حال دریافت کیا چاہی تو اپنی دوست کو دیکھہ لی پہر اگر اوسکا دوست صالح ہی تو وہ بہی صالح ہی اور اگر اوسکا دوست

فاسقا فهو من الفاسقين لكون الطباع مجبولة على التشبيه والاقتداء والطبع يسرق من الطبع من حيث لا يدرى

فاسق ہی تو وہ بہی فاسق ہی کیونکہ طبیعت کو مشابہت اور پیروی کی عادت ہوتی ہی اور طبیعت طبیعت سی ایسا چرا لیتی ہی کہ آدمی کو خبر نہین ہوتی اور

الانسان ومشاهدة المنكر يهون امر المعصية في القلب ويذهب نفرته عنها فلا يوجد فيه اضعف الايمان المذكور

اور منکر کو دیکھتی دیکھتی گناہ دل پر آسان ہوجاتا ہی اور اوسکی نفرت دل سی جاتی رہتی ہی پہر اوسمین ضعیف ایمان بہی نہین رہتا جو حدیث مین مذکور ہی

فيما روى عن ابي سعيد انه عليه السلام قال من راى منكم منكرا فليغيره بيده فان لم يستطع فبلسانه فان

ابو سعید سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو شخص منکر کو دیکھی تو ہاتھہ سی منع کری اور اگر طاقت نہو تو زبان سی اور اگر

لم يستطع فبقلبه وذلك اضعف الايمان فاذا لم يوجد فيه اضعف الايمان فما ذا يرجى ان يوجد فيه المجلس

طاقت نہو تو دل سی بیزار رہو اور یہہ بہت ضعیف ایمان ہی پہر اگر اوسمین ضعیف ایمان بہی نہو تو پہر کیا توقع ہی کہ اسمین ایمان ہوگا چہاسی

السادس والثمانون في بيان التحذير من سوء الظن وهي التجسس قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

مجلس ڈرانی کی بیان مین بدگمانی سی کہ وہ تلاش ہی یا رسول الله صلی الله علیه وسلم نی فرمایا

اياكم والظن فان الظن اكذب الحديث ولا تجسسوا هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابو هريرة وفيه تحذير

بچتی رہو بدگمانی سی بیشک بدگمانی بڑی جہوٹ بات ہی اور تلاش نکیا کرو یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی ابوہریرہ کی روایت سی اور اسمین

من الظن ونهي عن التجسس اما الظن فهو في الشريعة قسمان محمود ومذموم والمراد به ههنا ما هو المذموم المسئ الذي

بدگمانی سی ڈرا دیا ہی اور تلاش سی ممانعت شریعت مین ظن کی دو قسم ہین ایک محمود دوسرا مذموم اور یہان مراد وہ ہی ہی جو مذموم بری ہی

هو عقد القلب وحكمه على شخص بالسوء من غير علامة ظاهرة تقتضي ذلك واما الخواطر وحديث النفس التي لا يمكن

یعنی دل مین ایک شخص پر برائی کا گمان بدون ظاہر علامت کی جس سی ثابت ہوجاوی ٹہان لینا اور یقین کرلینا اور رہی خطرات اور نفس کی خیالات جو دفع

دفعها فانها اذا لم تستقر ولم تستمر فيعفو عنها لان العبد انما يكلف بما في وسعه لا بما ليس في وسعه وحد الظن

نہین ہوسکتی تو وہ اگر جم نجاوین اور مستمر نہووین تو معاف ہین کیونکہ بندہ کو وہی تکلیف دی جاتی ہی جو اوس سی ہوسکی وہ نہین ہوتی جو نہو سکی اور بدگمانی کی

السئ حمل فعل المؤمن على وجه فاسد مع امكان حمله على وجه حسن وهذا ينقسم الى قسمين الاول هو الذي يكون

حد یہہ ہی کہ مومن کی عمل کو وجہ فاسد پر قیاس کرنا باوجودیکہ اچھی وجہ پر بہی قیاس ہوسکتا ہی اور اسکی دو قسم ہین پہلی قسم وہ ہی جسکا باعث اوسکی

منشاؤه سوء اعتقادك فيه حتى لو صدر منه فعله وجهان يحملك سوء اعتقادك فيه على حمله على الوجه

حق مین تیری بداعتقادی ہو یہان تک کہ اگر اوس سی کوئی کام ذو جہتین ہووی تو تو اپنی بداعتقادی ہی اوسکی برائی پر قیاس کری

الاردى من غير علامة تخصصه به وهذا جناية عليه بالقلب وهو حرام في حق كل مؤمن القسم الثاني هو

بدون ایسی علامت کی جو برائی سی خاص کردی اور یہہ اوسکی ایسی خطا ہی جو دل سی ہوئی اور یہہ خطا ہر مومن کی حق مین حرام ہی دوسری قسم وہ ہی

الذي يستند الى علامة فانها تحرك الظن تحريكا ضروريا لا يقدر الانسان على دفعه والذي يميز الظنون

جسکی کچہہ علامت موجود ہو بیشک وہ علامت گمان کو [illegible] گمت دیتی ہی کہ آدمی اوسکو [illegible] نہین سکتا [illegible] جس سی ظنون واجب الاجتناب

التي يجب اجتنابها عما عداها ان كل ظن لم يظهر له علامة صحيحة ولم يعرف له سبب ظاهر فانه حرام
دوسری قسم سی الگ ہو جاوین یہہ ہی کہ جس گمان کی لئی کوئی علامت صحیح ظاہر نہو اور نہ اوسکا کچھ سبب ظاہر معلوم ہو تو ایسا گمان حرام

واجب الاجتناب وذلك اذا كان المظنون به ممن شوهد منه الخير والصلاح في الظاهر فظن الشر والفساد به
واجب الاجتناب ہی اور یہہ جب ہی کہ جسکی حق مین گمان بد کیا ہی وہ ایسا شخص ہو کہ ظاہر مین اوس سی خیر اور صلاح دیکھنی مین آتی ہون اُسکی

حرام بخلاف من اشتهر بين الناس بتعاطي الريبة والمجاهرة بالمعاصي فان حسن الظن به لا يجوز اذ للظن حالتان
گمان شر اور فساد کا اوسکی حق مین حرام ہی بخلاف ایسی شخص کی جو لوگون مین فریب باز مشہور اور گناہون مین ظاہر ہو ایسی کی حق مین نیک گمان جایز نہین ہی کیونکہ

الاولى ان يقع في القلب شيء ويعرف ويقوى بوجه من وجوه الامارات فيجوز الحكم به لان اكثر احكام الشرع مبنية
گمان کی دو حالتین ہین پہلی یہہ کہ دلمین کچھ خیال آوی اور معلوم ہو اور کسیطرح کی نشانی سی قوی ہو جاوی تو اوسپر حکم کرنا جایز ہی مسلئی کہ اکثر شرعی احکام غلبہ ظن پر

على غلبة الظن كالقياس وخبر الواحد وغير ذلك من قيم المتلفات واروش الجنايا والحالة الثانية ان يقع في النفس
مبنی ہین جیسی قیاس اور خبر واحد اور سوا اسکی جیسی قیمت تلف کی ہوئی چیزون کی اور خطاؤن کا تاوان اور دوسری حالت یہہ ہی کہ نفس کی اندر

شيء من غير دلالة على كون ذلك الشيء اولى من ضده فلا يجوز الحكم به بل هو منهي عنه لقوله تعالى يا ايها الذين امنوا
کوئی خطرہ آوی بدون ایسی دلالت کی کہ اسکی یہہ ہی جانب ضد سی اولی ہو تو اوسپر حکم کرنا جایز نہین ہی بلکہ یہہ ممنوع ہی اس آیت سی ای ایمان والو

اجتنبوا كثيرا من الظن ان بعض الظن اثم ولا تجسسوا ولا يغتب بعضكم بعضا فانه تعالى قد نهى في هذه الاية عن
بچتی رہو بہت تہمتین کرنی سی مقرر بعضی تہمت گناہ ہی اور بہید نہ ٹٹولو کسیکا اور بد نکہو پیٹھ پیچھی ایکدوسرے کو بیشک اللہ تعالی نی اس آیت مین بدگمانی

الظن السيء ثم عن التجسس ثم عن الغيبة لان اول ما يقع في قلب الانسان الظن السيء ثم يحتاج الى التجسس ثم يشرع
سی ممانعت کی پہر تجسس سی پہر غیبت سی منع کیا کیونکہ پہلی جو انسان کی دلمین آتا ہی تو بدگمانی پہر اوسکو تلاش کی حاجت پڑتی ہی پہر غیبت

في الغيبة وسبب تحريم ظن السيء ان اسرار الانسان لا يعلمها الا الله تعالى وليس لاحد ان يعتقد في غيره سوءا الا اذا
کرنی شروع کرتا ہی اور بدگمانی کی حرمت کا یہہ سبب ہی کہ آدمی کی دل کی بات خدا ہی جانتا ہی اور کسیکو جایز نہین ہی کہ اور کسیکی حق مین اعتقاد بد کیا کری الا اگر

انكشف له حاله بوجه لا يحتمل التاويل فعند ذلك لا يمكنه ان لا يعتقد فيه ما علمه منه بامارة ومشاهدة بعينه
اوسکا حال ایسی وجہ سی ظاہر ہو جاوی کہ تاویل کی گنجایش نرہی اب اس سی نہین ہو سکتا کہ اوسکا اعتقاد نہ کری جو کہ علامت سی معلوم کیا اور آنکہون سی دیکھا

وسمعه باذنه واما ما لم يعلمه بامارة ولم يشاهده بعينه ولم يسمعه باذنه بل وقع في قلبه من غير سبب ظاهر فهو شيء
اور کانون سی سنا اور جبتک نشان سی معلوم نہین ہوا اور نہ آنکہون سی دیکھا اور نہ کانون سی سنا بلکہ بے سبب ظاہر خود بخود دلمین خیال آگیا تو یہہ ایسا خطرہ ہی

القاه الشيطان في قلبه فينبغي له ان يكذب به لانه افسق الفاسقين وقد قال الله تعالى يا ايها الذين امنوا ان جاءكم
کہ شیطان نی دلمین ڈالا ہی تو چاہیی کہ اسکو جہوٹہہ مانی کیونکہ شیطان بڑا ہی فاسق ہی اور اللہ تعالی فرماتا ہی ای ایمان والو اگر آوی تم پاس

فاسق بنبأ فتبينوا ان تصيبوا قوما بجهالة فتصبحوا على ما فعلتم ندمين روي في سبب نزول هذه الاية انه عليه الصلوة
ایک گنہگار خبر لیکر تو تحقیق کرو کہین جا نہ پڑو کسی قوم پر نادانی سی پہر کل کو لگو اپنی کئی پر پچہتانی شان نزول اس آیت کی یون مروی ہی کہ نبی علیہ السلام نی

والسلام بعث وليد بن عقبة مصدقا الى بني المصطلق فلما سمعوا به استقبلوه فحسب انهم مقاتلوه اذ كان
ولید بن عقبہ کو صدقات کی اوگہائی کو بنی المصطلق پاس بہیجا تہا جب اونہون نی یہہ سنا تو اوسکی پیشوائی کو نکلی اوسنی جانا لڑنی آتی ہین کیونکہ

بينه وبينهم عداوة فرجع وقال لرسول الله عليه السلام انهم ارتدوا ومنعوا الزكوة فهم رسول الله عليه السلام
اوسمین اور اونمین دشمنی چلی آتی تہی سو اوسنی آکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سی عرض کیا کہ وہ تو سب مرتد ہوگئی اور زکوۃ ندی پہر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی

بقتالهم فنزلت هذه الاية لبيان وجوب الاحتراز عن الاعتماد على قول الفاسق لان من لا يحامي الفسق لا يحامي الكذب
اونپر جہاد کا اہتمام کیا تب یہہ آیت اوتری اس بیان کی لئی کہ فاسق کی بات پر بہروسہ کرنی سی احتراز واجب ہی کیونکہ جو فسق سی پرہیز نہین کرتا جہوٹ سی

الذی نوع منه بل یرید القاء الفتنة بین الناس وفیها دلالة علی ان یفعل شیئا بجهالة من غیر ان یتعرف حقیقة
کہ وہ بہی ایک قسم کا فسق ہی بلکہ لوگون مین فتنہ چہیلانا چاہتا ہی اور اسمین یہہ دلالت ہی کہ جو شخص کوئی عمل جہالت سی بدون سمجہی حقیقت حال کی
الحال یصیر نادما البتة ولو بعد زمان والندم هم دائم علی ما وقع مع تمنی انه لم یقع وقال بعض العلماء المراد بالظن
کربیٹہتا ہی بالضرور وہ شرمسار ہوتا ہی اگرچہ کچہہ مدت کی بعد اور شرمساری ایک دائمی غم ہی گذری ہوئی بات پر اس امید مین کہ کاشکی یہہ بات نہوتی اور بعضی علماء کہتی
الواقع فی الایة والحدیث التهمة کمن یتهم بالفاحشة او بشرب الخمر او نحو ذلك ولم یظهر علیه ما یقتضی ذلك فان
ہین مراد ظن سی جو آیت اور حدیث مین ہی تہمت لینی ہی جیسی کوئی فاحشہ کی یا شراب خوری کی یا مثل اسکی بدون ظہور علامات مثبت کی تہمت لگاوی بیشک
من حکم بالظن علی غیره بشر یبعثه الشیطان علی ان یطول فیه اللسان بالغیبة والبهتان او یقصر فی القیام
جو شخص گمان سی غیر پر برائی کا یقین کرتا ہی تو اوسکو شیطان ابہارتا ہی کہ اوسکی غیبت اور بہتان مین زبان درازی کری اوسکی اداء حقوق مین قصور اور عزت مین فتور کری
بحقوقه او یتوفی فی اکرام ان ینظر الیه بعین الاحتقار ویری نفسه خیرا منه وکل ذلك من المهلکات ولذلك منع
کہ حقارت کی آنکہہ سی دیکہی اور اپنی آپ کو اوس سی بہتر سمجہی یہہ تمام اطوار مہلک ہین اور اسہی لئی نبی علیہ السلام نی تہمت کی جگہ جانی سی منع کیا ہی
النبی علیه السلام من التعرض لمواضع التهم فقال اتقوا مواضع التهم حتی انه علیه السلام احترز من ذلك اذ روی
فرمایا ہی بچتی رہو تہمت کی جگہ سی یہان تک کہ نبی علیہ السلام نی اس سی خود احتراز فرمایا ہی کیونکہ
عن علی بن الحسین ان صفیة بنت حیی قالت ان النبی علیه السلام کان معتکفا فاتیته فتحدثت عنده فلما انصرفت
علی بن الحسین سی روایت ہی کہ صفیہ بنت حیی کہتی ہین کہ نبی علیہ السلام معتکف تہی مین اونکی پاس آکر باتین کرنی لگی جب مین وہان سی چلی تو پیغمبر علیہ السلام
قام ومشی معی فمر رجلان من الانصار فسلما ثم مضیا فدعاهما النبی علیه السلام فقال انها صفیة بنت حیی فقالا
میری ساتہہ چلی آمین دو شخص انصاری آگئی اور سلام کر کر چلی پہر نبی علیہ السلام نی اونکو بلا کر فرمایا یہہ صفیہ بنت حیی ہی ان دونون نی عرض کیا
یا رسول الله ما نظن بك الا خیرا قال ان الشیطن یجری من ابن ادم مجری الدم وانی خشیت ان یدخل علیکما فانظر
یا رسول اللہ ہمکو آپ پر سوای خیر کی کچہہ گمان نہین ہی آپ نی فرمایا شیطان آدمی کی اندر ایسا پہرتا ہی جیسی لوہو اور مجکو خوف آیا مبادا تمپر دخل کر جاوی اب دیکہہ
انه علیه السلام کیف اشفق علیهما بل علی جمیع الامة وعلمهم طریق الاجتناب عن التهمة حتی لا یتساهل العالم المعروف
کہ نبی علیہ السلام نی اونپر کیا شفقت فرمائی بلکہ تمام امت پر اور اونکو تہمت سی بچاو کا طریقہ سکہا دیا تاکہ کوئی عالم جو صالح مشہور ہو
بالصلاح فی احواله ویقول لا یظن بمثلی الا الخیر عجبا بنفسه فان من کان من المؤمنین اورع الناس واتقاهم واعلمهم
اپنی احوال مین سہل انکاری نکری کہ اپنی عجب مین یہہ کہنی لگی کہ مجہہ سی شخص مین سوای خیر کی کب بدگمانی ہوسکتی ہی اسلئی کہ کوئی کیسا ہی مومن سب سی بڑا پرہیزگار
لا ینظر الیه الناس کلهم بعین واحدة بل ینظر الیه بعضهم بعین الرضی وبعضهم بعین السخط فعلی هذا یجب علی المؤمن
اور بڑا متقی اور بڑا عالم ہو تو بہی تمام خلقت اوسکو ایک نظر سی نہین دیکہتی بلکہ بعضی اوسکو اعتقاد کی نگاہ سی دیکہتی ہین اور بعضی غصہ سی اس بیان کی موافق مومن پر
الاحتراز عن مواضع التهم لئلا یتهم الناس بالمنکرات ودلیل کون الظن بمعنی التهمة فی الایة والحدیث ورود النهی
واجب ہی کہ تہمت کی مقام سی احتراز کری تاکہ لوگ منکرات سی بدنام نکرین اور اسکی دلیل کہ ظن جو آیت اور حدیث مین ہی تہمت کی معنون میں ہی وارد ہونا نہی کا ہی
بعده عن التجسس فان الانسان قد یقع له خاطر التهمة ابتداء فیرید ان یتجسس لیتحقق ما وقع له من خاطر
بعد اوسکی تجسس سی کیونکہ آدمی کی دل مین بعضی وقت پہلی تہمت کا خطرہ آتا ہی پہر اوسکی تلاش پڑتی ہی تاکہ جو خطرہ تہمت کا واقع ہوا ہی ثابت ہو جاوی
تلك التهمة لان التجسس من ثمرات سوء الظن فان من وقع فی قلبه خاطر لا یقنع بالظن بل یطلب التحقیق
کیونکہ تجسس بدگمانی کا پہل ہوتا ہی بیشک جسکی دل مین کچہہ خطرہ آتا ہی تو اوسپر اکتفا نہین کیا کرتا بلکہ تحقیق کی لئی
فیشتغل بالتجسس فنهی الله تعالی ورسوله عن التجسس وهو البحث عن عیوب الناس وطلب الامارات المعرفة لها
تجسس مین لگ جاتا ہی سو اللہ تعالی اور اوسکی رسول نی تجسس کا ممانعت کی ہا و ر تجسس لوگون عیوب بیان کرنی اور ایسی نشانیان تلاش کرنی جنسی یقین ہو جاوی

فان

فان حصلت امارة من امارات المعرفة بلا تجسس او ورثت معرفة جاز العمل بمقتضاها فاما طلبها فلا رخصة
پھر اگر کوئی علامت یقینی یوں ہی بلا تلاش حاصل ہوجاوی اور اوس سی یقین ہوجاوی تو اوسپر عمل جایز ہی اور اوس علامت کی تلاش سو اوسکی ہرگز
فيه اصلا وقد روي عن عبد الله بن المبارك انه قال لعلي والد سهيل ارضانت عن سهيل فقال له سهيل
رخصت نہیں ہی اور عبد اللہ بن مبارک سی روایت ہی کہ اونہی علی سہیل کی باپ سی کہا کیا تو سہیل سی خوش ہی سہیل نی اوس سی کہا کیا مجکو
اليس قد نهاك الله عن التجسس فصاغرت الى عبد الله نفسه فكل امر اذا فتشت منه ثقل على صاحبك
اللہ تعالی نی تجسس سی منع نہیں کیا پس عبد اللہ اپنی دلمیں شرمندہ ہوگئی سو جو بات کہ تو اوسکی تلاش کریگا اور تیری یار پر اوسکی آگاہی دشوار گذری
مطالعتك اياه واسره منك فهو تجسس قال ابن الجوزي لا ينبغي لاحد ان يسترق السمع على دار غيره ليسمع
اور وہ تجھسی اوسکو چھپاوی پس وہ ہی تجسس ہی ابن الجوزی کہتا ہی کسیکو نہیں چاہیی کہ غیر کی گہر پر کان لگاوی تاکہ باجوں کی آواز سنی
صوت الاوتار ولا ان يتعرض للشم ليدرك رائحة الخمر ولا ان يمس ما ستر بثوبه ليعرف ما هو ولا ان يستخبر الجيران
اور نہ سونگھنی کا قصد کری تاکہ شراب کی بو پالیوی اور نہ ٹٹولی جو کپڑی تلی ڈہکا ہوا ہی تاکہ جانی کیا ہی اور نہ پڑوس کی خبر لیتا پھری
بما جرى فان فعل شيئا من ذلك يدخل في مذمة التجسس ومن مذمته قوله تعالى والذين يؤذون المؤمنين و
اونمین کیا گذرا اگر اسمین سی کچھ بھی کریگا تو وہ تجسس کی مذمت مین داخل ہوجاویگا اور اس آیت کی مذمت مین اور جو لوگ تہمت لگاتی ہین مسلمان مردوں کو اور
المؤمنات بغير ما اكتسبوا فقد احتملوا بهتانا واثما مبينا وروي عن ابن عمر انه عليه السلام صعد المنبر فنادى
عورتوں کو بن کئی کام کی تو اوٹھایا اونہوں نی بوجھ جھوٹ کا اور صریح گناہ کا اور ابن عمر سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام منبر پر تشریف لی گئی پھر بلند آواز سی
بصوت رفيع فقال يا معشر من اسلم بلسانه ولم يفض الايمان الى قلبه لا تؤذوا المسلمين ولا تعيروهم ولا تتبعوا
پکار کر فرمایا اى وہ جماعت جو زبانی مسلمان ہو اور دلوں مین ایمان کا اثر نہیں پہنچا مسلمانوں کو مت ستاؤ اور نہ عار دلاؤ اور نہ اونکی
عوراتهم فان من تتبع عورة اخيه تتبع الله عورته ومن تتبع الله عورته يفضحه ولو في جوف بيته
پوشیدہ عیب ڈھونڈو بیشک جو شخص اپنی بھائی کی چھپی عیب تلاش کرتا ہی اللہ تعالی اوسکی چھپی عیب ظاہر کرتا ہی اور جسکی چھپی عیب اللہ ظاہر کرتا ہی تو خوار کر دیتا ہی اگرچہ
وقال بعض السلف من اراد ان يسلم من الغيبة فليسد على نفسه باب الظنون فان من سلم من الظن سلم من
اور بعضی متقدمین کا قول ہی جو شخص چاہی کہ غیبت کرنی سی سلامت بچی تو لازم ہی کہ اپنی اوپر بدگمانیوں کا دروازہ بند کر دی کیونکہ جو شخص بدگمانی سی بچ رہتا ہی
التجسس ومن سلم من التجسس سلم من الغيبة ومن سلم من الغيبة سلم من الزور ومن سلم من الزور سلم من البهتان
تو تجسس سی بچ رہتا ہی اور جو تجسس سی بچا غیبت سی بچا اور جو غیبت سی بچا جھوٹ سی بچا اور جو جھوٹ سی بچا وہ بہتان سی بچا
فلو ظهر من مسلم علامة تدل على فساد لا يجوز عقد القلب عليها واساءة الظن بالمسلم بها لما روي انه عليه السلام
پھر اگر کسی مسلمان سی ایسی علامت ظاہر ہوجاوی کہ فساد پر دلالت کرتی ہو تو اوسکو دلمین بٹھا لینا اور اوسکی سبب مسلم پر بدگمانی جایز نہیں ہی اسلئی کہ نبی علیہ السلام
قال ان الله تعالى حرم من المسلم دمه وماله وعرضه وان يظن به ظن السوء فلا يستباح ظن السوء الا بما يستباح
نی فرمایا بیشک اللہ تعالی نی مسلمان کا خون اور مال اور عزت اور اوسکی حق مین بدگمانیاں کرنی حرام کر دی ہین پھر بدگمانی اوسی طرح سی مباح ہوتی ہی جسطرح
به المال وهو يقين عن مشاهدة او بينة عادلة وان خطر لك سوء الظن ولم يكن لك يقين ينبغي لك ان
اوسکا مال مباح ہوتا ہی یعنی یقین سی مشاہدہ ہو یا عادل گواہ ہوں اور اگر تیری دلمین بدگمانی آئی اور تجھکو اوسپر یقین نہیں ہی تو تجھکو لازم ہی کہ
تدفعه عن نفسك وتقرر عليها ان حاله مستور عندك فما رايته منه من العلامة يحتمل الخير والشر فكيف
اوس خطرہ کو دلمین سی دور کر دی اور اوسکو یوں ٹھراوی کہ اوسکا حال مجھسی پوشیدہ ہی اور جو علامت نظر آتی ہی وہ نیک اور بد دونوں احتمال رکھتی ہی
تحكم عليه بالشر واما اذا اخبرك به عدل ومال قلبك الى تصديقه كنت معذورا لانك لو كذبته تكون
پھر بدی ہی کا کیوں یقین کرتا ہی اور اگر اوسکی خبر کوئی عادل تجھکو سنادی اور تیرا دل اوسکی تصدیق پر مایل ہو تو اب تو معذور ہی اسلئی کہ اگر تو اوسکو جھوٹا کہی

جانيا عليه حيث ظننت به الكذب وهذا من سوء الظن ايضا فلا ينبغي لك ان تحسن الظن باحد و

تو اسکا گنہگار ہوتا ہی اسواسطی کہ اسکی حق مین گمان جھوٹا کیا یہہ بہی ایک بدگمانی ہی سو تجھکو لایق نہین ہی کہ ایک کی حق مین گمان اچہا اور

تسيء بالاخر بل ينبغي لك ان تبحث عن حالهما هل بينهما عداوة ومحاسدة وتعنت ام لا فان كان بينهما

دوسری کی حق مین گمان برا کری بلکہ تجھکو یہہ چاہیئی کہ ان دونو کا حال دریافت کری کہ آیا ان دونو مین دشمنی اور حسد اور سرکشی ہی یا نہین پہر اگر ان دونون مین

شيء منها يتطرق التهمة والشرع قد رد شهادة الاب العدل للتهمة فلك ان تتوقف عند ذلك ولا تحكم

کچہہ حسد وغیرہ ہو تو اب تہمت نی راہ پائی اور شرع نی تو عادل باپ کی گواہی کو بہی تہمت کی وجہ سی نہین مانا اب تجھکو چاہیئی کہ کچہہ یقین نکری نہ جھوٹ اور نہ سچ

عليه بكذب ولا بصدق وتقول ماذكر من حاله كان في ستر الله تعالى عندي وكان امره محجوبا عني وقد بقي كما

اور اوسکی حال مذکور کو کہنا چاہیئی کہ وہ مجہسی اللہ تعالی کی پردہ پوشی مین ہی اور اوسکا حال مجہسی پوشیدہ ہی اور وہ ویسا ہی ہی جیسی تہا

كان لم ينكشف لي من امره شيء هذا اذا اخبرك عدل واحد واما اذا اخبرك عدلان فلا مجال لك من عدم تصد

تب بہی مجھکو اوسکا حال کچہہ معلوم نہین یہہ اوس صورت مین ہی کہ ایک عادل بیان کری اور اگر تجھکو دو عادل خبر دیوین تو اب تصدیق کرنی سی تجھکو کوئی علاج نہین

لانهما حجة في الشرع لكن ينبغي ان يعلم ان الانسان لعدم كونه خاليا عن الخطاء والنقصان لا يوجد احد

کیونکہ یہہ دونو شرعی حجت ہین لیکن جاننا چاہیئی کہ کوئی آدمی از بسکہ خطا اور نقصان سی خالی نہین ہوتا تو جو مؤمن ہوگا

من المؤمنين الا وله محاسن ومساوي فمن غلبت محاسنه على مساويه فهو يعد من الصلحين ولذلك قال

اوسکی حسنات بہی ہونگی اور جرایم بہی پہر جسکی خوبیان برائیون سی زیادہ ہون وہ صلحاء مین شمار کیا جاتا ہی اسی لئی

الامام الشافعي ما احد من المسلمين يطيع الله تعالى ولا يعصيه ولا احد من المؤمنين يعصي الله ولا يطيعه

امام شافعی نی کہا ہی کوئی مسلمان ایسا نہین ہی کہ سراسر اللہ کا مطیع ہو اور نافرمانی نکرتا ہو اور نہ کوئی ایسا مؤمن جو سراسر گناہ کرتا ہو اور کچہہ طاعت نکرتا ہو

فمن كان طاعاته اكثر من معاصيه فهو عدل في حكم الشرع فاذا كان مثل هذا عدلا في حق الله تعالى فكونه

پہر جسکی طاعات معاصی سی زیادہ ہون تو وہ شرع مین عادل ہی جب ایسا شخص حق اللہ مین عادل ہووی تو تیری نظرون مین

عدلا عندك اولى واحرى وروي ان رجلا اثنى على رجل عند النبي عليه السلام فلما كان من الغد ذمه فقال

اولی اور سزاوار تر ہی کہ عادل ہو اور روایت ہی کہ ایک شخص نی نبی علیہ السلام کی سامنی ایک کی ثنا اور تعریف کی جب اگلا دن ہوا تو اوسکو برا

والله لقد صدقت عليه بالامس وما كذبت عليه اليوم فانه ارضاني بالامس فقلت في حقه احسن ما علمت فيه

کہنی لگا اور کہا قسم خدا کی بیشک مین نی کل سچ عرض کیا تہا اور نہ آج جھوٹ کہتا ہون کل تو اوسنی مجھکو خوش کیا تہا سو مین نی اوسکی حق مین جو نیک معلوم تہا

واغضبني اليوم فقلت في حقه اقبح ما علمت فيه فقال النبي عليه السلام ان من البيان سحرا فكانه عليه السلام

کہدیا تہا اور آج اوسنی ناخوش کیا تو مجھکو جو برائی معلوم تہی وہ کہدی پہر نبی علیہ السلام نی فرمایا بیشک بعضی تقریر جادو ہی گویا نبی علیہ السلام کو

كره ذلك وشبهه بالسحر اذ ما من شخص الا ويمكن تحسين حاله وتقبيحها بما يوجد فيه من الخصال المحمودة والمذ

مکروہ معلوم ہوا اور جادو سی مشابہت دی کیونکہ ایسا کوئی نہین کہ اوسکی حال پر بلحاظ علو آ نیک اور بد کی تحسین یا تقبیح نہو سکی

المجلس السابع والثمانون في بيان النهي عن المصاحبة والمماكلة مع الفاسق قال رسول

ستاسی مجلس ممانعت کی بیان مین فاسق کی صحبت اور ساتہہ کہانی سی رسول

الله صلى الله عليه وسلم لا تصحب الا مؤمنا ولا يأكل طعامك الا تقي هذا الحديث من حسان المصابيح

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا مت ساتہہ ہو سوا مؤمن کی اور مت کہانا دی سواء پرہیزگار کی یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی

رواه ابو سعيد والمراد بالمؤمن المذكور فيه المؤمن الخاص الذي يقابله الفاسق كما في قوله تعالى افمن

ابو سعید کی روایت سی اور مؤمن سی مراد اس حدیث مین وہ مؤمن خاص ہی جسکی مقابل مین فاسق ہوتا ہی جیسی اس آیت مین بہلا ایک جو

کان

كان مؤمنا كمن كان فاسقا لا يستوون فكانه عليه السلام قال لا تصاحب الا صالحا ولا تخالل الا تقيا فانه
جو ہی ایمان پر برابر اوسکی جو ہی حکم ہی نہیں برابر ہوتی گویا نبی علیہ السلام نی فرمایا مت ساتھہ ہو سوا صالح کی اور دوستی مت کر سوا پرہیزگار کی بیشک
عليه السلام قد حذر المؤمن في هذا الحديث عن مصاحبة من ليس بتقي وزجره عن مخالطته ومواكلته
نبی علیہ السلام نی اس حدیث مین مؤمن کو ناپرہیزگار کی صحبت سی ڈرایا ہی اور اسکی ملنی جلنی اور ساتھہ کہانی سی منع کیا
لان الصحبة والمخالطة توقع الالفة والمحبة في القلب فيلزم ان يكون كما قال النبي عليه السلام في حديث رواه
اسلئی کہ ہمنشینی اور ملاقات سی دلمین الفت اور محبت پیدا ہوجاتی ہی پہر ویسا ہی ہوکر رہی گا جیسا نبی علیہ السلام نی حدیث مین ابوہریرہ کی روایت
ابوهريرة يحشر المرء على دين خليله فلينظر احدكم من يخالل يعني ان من كان صديقه صالحا يكون صالحا
سی فرمایا ہر شخص اپنی دوست کی دین پر اوٹہیگا اب ہر ایک خیال کرلی کسکو دوست بناتا ہی یعنی مراد یہہ ہی جسکا دوست صالح ہوگا وہ بہی صالح ہوگا
ومن كان صديقه فاسقا يكون فاسقا فيدخل في عموم قوله تعالى الاخلاء يومئذ بعضهم لبعض عدو الا المتقين
اور جسکا دوست فاسق ہوگا وہ بہی فاسق ہوگا پہر اس آیت کی عام مضمون مین داخل ہوگا جتنی دوست ہین اوسدن دشمن ہونگی آپسمین مگر جو ڈر والی
فان كل واحد من الاخلاء الغير المتقين يقول يوم القيمة يا ويلتى ليتني لم اتخذ فلانا خليلا يا ليت بيني وبينه بعد
بیشک ہر ایک دوست ناپرہیزگار قیامت کی دن یہہ ہی کہیگا ای خرابی میری کہین نہ پکڑا ہوتی مینی فلانی کی دوستی کسیطرح مجہہ مین اور اوسمین فرق ہو
المشرقين فعلى هذا ينبغي للمؤمن ان لا يتخذ خليلا الا من يثق بدينه وامانته ويعرف صلاحه وتقواه اذ لا يصلح
مشرق اور مغرب کا سا اس بیان کی موافق مؤمن کو لازم ہی کہ دوست اوسی کو پکڑی جسکی دین اور امانت پر اعتماد کلی ہو اور اوسکی خوبی اور تقوی معلوم ہو کیونکہ ہر
للصداقة كل احد بل لا بد ان يكون فيمن يؤثر صداقته عدة خصال الاولى العقل اذ لا خير في صداقة الاحمق لان
شخص دوستی کی قابل نہین ہوتا بلکہ ضرور ہی کہ جسکی دوستی پسند کرتا ہی اوسمین کئی خصلتین ہون اول عقل اسواسطی کہ احمق کی دوستی مین کچہہ خوبی نہین ہی
احسن احواله ان يضرك وهو يريد نفعك وترجع الى القطيعة والوحشة عاقبتها وان طالت مدتها ولذلك
اوسکا اچہی سی اچہا حال یہہ ہوتا ہی کہ بہلائی کرنی مین نقصان کردی اور اوسکا انجام ترک ملاقات اور وحشت ہوگی اگرچہ دوستی پر مدت گزر جاوی اسی لئی
قيل العدو العاقل خير من الصديق الاحمق والمراد من العاقل من يفهم الامور على ما هي عليه اما بنفسه او بتعليمه
کسیکا قول ہی دانا دشمن نادان دوست سی بہتر ہی اور عاقل سی مراد وہ ہی کہ امور کی حقیقت اور اصل کو سمجہتا ہو یا خود بخود یا سیکہہ سمجہہ کر
وتفهيمه وقد روي عن الحسن انه قال هجران الاحمق قربان الى الله تعالى وقال عيسى النبي عليه السلام اني
کہ تجہکو واسطی تصدیق نبی علیہ السلام کی ہدایت کرتی ہی اور موارد اشارات سمجہا دیتی ہی پہر عقل کو تصرف سی بیکار رکہہ کر اتباع لازم کر لی تیری

لا تسلم الا بہ قال بعض العلماء العقل یوصلک الی صدق النبی علیہ السلام ثم تترکہ وتقتدی بالنبی علیہ السلام

سلامتی اسیمیں ہی بعضی علما کہتی ہیں عقل تجہکو نبی علیہ السلام کی تصدیق تک پہنچا دیتی ہی پہر تو اوسکو چھوڑ اور افعال اور ترک افعال میں نبی کی

فی افعالہ وترکہ کالفرس فی سفرک الظاہر فانہ یوصلک الی البحر ثم تترکہ وترکب فی السفینۃ وتقتدی بالملاح فی

پیروی کر جیسی گہوڑا ظاہری سفر میں دریا تک پہنچا دیتا ہی پہر تو اوسکو چھوڑ کر کشتی میں سوار ہو جا اور اوسکی چلانی اور ٹہرانی میں ملاح کی پیروی کر

مجریہا ومرسیہا وقال الشیخ الکلاباذی ان اللہ تعالی لم یبن امور الدین علی عقول العباد ولم یعد ولم یوعد

اور شیخ کلاباذی کہتا ہی کہ اللہ تعالی نی امور دینی کی بنیاد بندوں کی عقلوں پر نہیں رکہی ہی اور نہ وعدہ کیا ہی اور نہ وعید

علی ما یحتملہ عقولہم ویدرکونہ بافہامہم او یقیسونہ بارائہم بل وعد واوعد بمشیتہ وارادتہ وامر ونہی

موافق عقلی احتمالات کی کہ اوسکو وہ اپنی فہم اور رای سی سمجہ لیں اور جانچ لیں بلکہ وعدہ اور وعید اپنی مشیت اور ارادہ کی موافق اور امر اور نہی

بحکمتہ وعلمہ ولو کان کل ما لم یدرکہ العقول مردودا لکان اکثر الشرایع مستحیلا علی موضوع عقول العباد و

اپنی حکمت اور علم کی مطابق کیا ہی اور اگر جو امر کہ عقل سی دریافت نہیں ہو سکتا ہو مردود ہوتا تو اکثر احکام شرعی موافق موضوع عقول عباد کی محال ہو جاتی اور

ذلک ان اللہ تعالی اوجب الغسل بخروج المنی الذی طاہر عند بعض الصحابۃ وکثیر من فقہاء الامۃ واوجب غسل

وہ یہہ امور ہیں کہ اللہ تعالی نی منی کی نکلنی سی جو کہ نزدیک بعضی صحابہ کی اور اکثر فقہاء امت کی پاک ہی نہانا واجب کیا ہی

الاطراف من خروج الغائط الذي لا خلاف بين الامة وسائر من يقوم به العقل من غيرها على نجاسته و
اور پاخانہ کی نکلنے سے صرف ہاتھ پانو وغیرہ اعضاء وضوء کا دہونا واجب کیا جسکی نجاست اور پلیدی اور بدبو میں کسیکو امت میں سے

قذارته ونتنه واوجب بريح تخرج من موضع الحدث ما اوجبه بخروج الغائط الكثير الفاحش فباى عقل
اور تمام عقلاء وبار امت کو اصلا خلاف نہیں ہے اور موضع حدث سے ہوا کی نکلنے پر بہی وہی واجب کیا جو پاخانہ کی نکلنے پر جو نہایت تفاحش ہے

نستقيم هذا وباى رأى يجب مساواة ريح ليس لها عين قائمة لما يقوم عينه ويزيد على الريح نتنا وقذارة
سے یہہ درست ہوسکتا ہے اور کونسی رای میں ہوا جسکو کچہ جسمیت قایم نہیں ہے برابر ہوسکتی ہے اوسکی ساتہہ جو جسم ہے اور ہوا پر باعتبار بدبو اور نجاست کی برتری

واوجب قطع يمين مؤمن بسرقة عشرة دراهم وعند البعض بثلثة دراهم او دون ذلك ثم يسوى بين هذا القدر
اور دس درہم چوری پر اور بعضوں کی نزدیک تین درہم کی چوری یا اسکی کمتر پر مؤمن کا داہنا ہاتہہ کاٹنا واجب کیا ہے پہر اتنی مقدار مال سے بڑہ کر

من المال وبين مائة الف دينار ويكون القطع فيهما سواء واعطى الام من ولدها الثلث ثم ان كان للمتوفى اخوة
لاکہہ اشرفی تک وہ بہی داہنا ہاتہہ کاٹنا برابر ہے اور ماں کو بیٹا بیٹی کی ترکہ میں سے تہائی دلایا ہے پہر اگر میت کی اوپر دو بہائی بہن ہوں

جعل لها السدس من غير ان يرث الاخوة من ذلك الميت شيئا فباى عقل يدرك هذا الا تسليما وانقيادا ليسرنا
تو ماں کی لئے چہٹا حصہ ہے حالانکہ وہ بہائی بہن بہی میت کی کچہ وارث نہیں ہوتی اب یہہ کونسی عقل میں آسکتا ہے بجز تسلیم اور اطاعت کی الہی حکم کو

الله تعالى بلطفه وكرمه تسليما وانقيادا **المجلس التسعون في بيان سبق رحمة الله وغلبتها على غضبه وماهيتهما**
اپنی لطف وکرم سی تسلیم اور اطاعت آسان کردی نوی مجلس رحمت الہی کی سبقت میں اور اوسکی غلبہ میں غضب پر اور دونو کی حقیقت میں

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لما قضى الله الخلق كتب كتابا فهو عنده فوق عرشه ان رحمتي سبقت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ تعالی خلقت کو پیدا کرچکا تو ایک حکم لکہا سو وہ عرش کی اوپر اوسکی پاس ہے بیشک میری رحمت میری غضب پر

غضبي وفي رواية ان رحمتي غلبت غضبي هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابو هريرة ومعناه ان الله تعالى
سابق ہے اور ایک روایت میں ہے بیشک میری رحمت میری غضب پر غالب ہے یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہے ابو ہریرہ کی روایت سے اسکی معنی یہہ ہیں کہ اللہ

لما خلق الخلق حكم حكما جازما ووعد وعدا لازما ان رحمته سبقت وغلبت غضبه فالرحمة عبارة عن
جب خلقت کو پیدا کرچکا تو حکم یقینی اور وعدہ ضروری دیا کہ اوسکی رحمت غضب پر سابق اور غالب ہے سو رحمت کیا ہے ارادہ ثواب دینی کا

ارادة الاثابة للمطيع والغضب عبارة عن ارادة الانتقام من العاصي فعلى هذا كان كل واحد منهما صفة من
مطیع کو اور غضب ارادہ بدلا لینی کا گنہگار سے اس بیان کی موافق رحمت اور غضب دونو

صفات الله تعالى راجعة الى الارادة ومن المعلوم قطعا ان صفاته تعالى كلها قديمة لا يوصف بعضها بكونه
اللہ تعالی کی صفات ہیں انجام انکا ارادہ ہے اور یقینی معلوم ہے کہ تمام صفات الہی قدیم ہیں کوئی کسی پر نہ سابق ہوسکتی ہے

سابقا وغالبا على الآخر فلزم ان يقال المقصود من هذا الكلام بيان سعة رحمة الله تعالى وشمولها على الخلق
اور نہ غالب اب لاچار قائل ہونا پڑا کہ اس سے مقصود بیان کرنا وسعت رحمت الہی کا ہے اور اسکا عموم اور شمول خلق پر

لانها تتعلق بالمطيع والعاصي والصغير والكبير واما الغضب فلا يتعلق الا بالعاصي ثم ان قسط الخلق من الرحمة اكثر
کیونکہ رحمت مطیع اور گنہگار اور صغیر اور کبیر سب پر ہوتی ہے اور رہا غضب سو فقط عاصی ہی پر ہوتا ہے پہر بیشک رحمت میں سے حصہ خلقت کا زیادہ ہے

من قسطهم من الغضب لانهم ينالون الرحمة بغير استحقاق ولا ينالون الغضب الا باستحقاق فصارت الرحمة
بہ نسبت حصہ غضب کی کیونکہ وہ لوگ بدون استحقاق کی بہی رحمت پاتی ہیں اور غضب میں بدون استحقاق کی گرفتار نہیں ہوتی اب گویا رحمت

كانها السابقة الغالبة بالنسبة الى الغضب ثم ان الرحمة تقتضي دفع المضار عن الغير وايصال المنافع اليه وان
غضب سی سابق اور غالب ہے پہر بیشک رحمت غیر سی مضرت دور کرنیکا اور فائدہ پہنچانیکا تقاضا کرتی ہے اگرچہ

كرهها نفسه وشقت عليها وهذه هي الرحمة الحقيقية الا ترى ان الاب كان من رحمته بولده ان يمنعه عن شهواته
اوسکا نفس پسند نکرے اور اوسپر دشوار ہو تو مرتبہ حقیقی رحمت کا یہی تو نہیں جانتا کہ باپ کی رحمت بیٹے کی حق میں یہہ ہکہ اوسکو شہوات سے بند کرے

ويكرهه على العلم والادب بالضرب وغيره ومتى اهمل ذلك من ولده كان ذلك من عدم رحمته به وان ظن انه من
اور علم و ادب پر مار مارکر سکہاوے　اور یہہ طریقہ اگر بیٹے سے موقوف رکہے گا تو یہہ اسپر بے رحمی ہے　اگرچہ بیٹا یہہ سمجہے

رحمته به فان هذه الرحمة مقرونة بالجهل كرحمة الام ولذلك كان من رحمة الله تعالى بعباده ان يبتليهم
کہ بڑی رحمت ہکہ کیونکہ یہہ رحمت جہالت کی راہ سے ہے جیسے ماں کی رحمت اسی لئے　رحمت الٰہی بندوں پر یہہ ہکہ اونکو اوامر اور نواہی مین

بالاوامر والنواهي لا لحاجة منه اليهم بما امرهم به ولا لبخل منه عليهم بما نهاهم عنه بل ليهتدوا الى صراط مستقيم
آزماتا ہے مامور بہ مین اور نہی سے تعالی کی کوئی غرض نہیں ہے اور نہ ممنوعات مین اوسکی کچہ بخل ہے　بلکہ اسلئے کہ سیدہی راہ چلین

ويدخلوا في النعيم المقيم ومن رحمته ايضا انه نغص عليهم الدنيا وكدرها وسلط عليهم البلاء فيها حمية لهم عنها لئلا
اور دائمی عیش مین داخل ہون　اور یہہ بہی اوسکی رحمت ہے کہ دنیا کو اونپر کمتر اور مکدر اور بلا اونپر مسلط کر رکہی ہے کہ دنیا سے بچین تا کہ دنیا مین

يطمئنوا بها وبالغوا محبتها وينقطعوا من منازل الاخرة فانه تعالى ساقهم الى تلك المنازل بسياط الابتلاء فمنعهم
بالطمینان خاطر ہوکر غایت درجہ کی محبت نکرین اور منازل اخروی سے الگ نہ ہو رہین بیشک اللہ تعالی نے اونکو اون منازل پر ابتلا کی تازیانے سے روانہ کیا ہے سو اونکو

ليعطيهم وابتلاهم ليعافيهم واماتهم ليحييهم فان العبد متى ابتلي يضعف سورة نفسه ويذهب صفات بشريته
بند کیا تا کہ عطا کرے اور مبتلا کیا تا کہ درگذر کرے اور موت دی تا کہ پہر زندہ کرے کیونکہ بندہ جب مبتلا ہوجاتا ہے تو اوسکی نفس کی تیزی کہٹ جاتی ہے اور صفات بشری جاتی رہتی ہے

وينقطع عنه مواد الهوى ولذة الدنيا ويتوجه عند كل سراء وضراء الى مولاه ويألف الاقبال عليه ويستوطن
اور مادہ ہوا و ہوس اور دنیا کی لذت منقطع ہوجاتی ہے　اور ہر حال خوشی اور رنج مین اپنی مولی کیطرف متوجہ رہتا ہے اور اوسکی طرف توجہ سے الفت پکڑ کر اوسکی سامنے

بالصبر والرضى بين يديه الى ان يرفعه الى درجة الاولياء والاحباب لان البلاء يسبك العبد فكانه تعالى يسبك
صبر اور رضا کا　وطن کرلیتا ہے یہان تک کہ اوسکو　اولیا اور احباب کی درجہ پر سربلند کردیتا ہے کیونکہ مصیبت بندہ کو سانچہ مین اوتارتی ہے

عبده المؤمن بنار المحنة والبلاء ليصفيه من كدرات اخلاق البشرية ليصلح لولايته ومحبته وهذا هو السعادة
گویا اللہ تعالی اپنی مؤمن بندہ کو بلا اور محنت کی آگ سے ڈالتا ہے تا کہ اخلاق بشری کی میل سے صاف ہوکر قابل ولایت اور محبت کی ہوجاوے اور سعادت عظمی

العظمى والكرامة الكبرى لكن وقع الجهل من بني ادم وطلبوا السعادة والكرامة بالدين الفاسد والدنيا الفانية وهما
اور کرامت کبری یہہ ہی ہے لیکن بنی آدم سے بڑی جہالت ہوئی کہ اونہون نے سعادت اور کرامت دین فاسد اور دنیا فانی کی وسیلہ سے طلب کی اور یہہ دونو

في الحقيقة ضد ما طلبوه ففاتهم مطلوبهم من حيث قصدوه ووقعوا في الالم من حيث اجتنبوه وذلك لان الاعمال التي
حقیقت مین مطلوب کی ضد ہین سو اونکا مطلوب جس راہ سے طلب کیا تہا فوت ہوگیا　اور بچتی ہوئی الم مین　آپڑے اور یہہ اسواسطے کہ لوگ جو اعمال

يعملها الناس اما ان يتخذوها دينا اولا وما اتخذوها دينا اما ان يكون دينا حقا اولا فالنعيم المقيم لا يكون الا في الدين
کرتے ہین　یا تو اوسکو دین سمجہتے ہین یا نہین سمجہتے اور جسکو دین سمجہتے ہین یا وہ دین حق ہوتا ہے یا دین حق نہین ہوتا سو عیش دائمی تو صرف دین حق ہی مین ہوتی

الحق فاهله هم اصحاب النعيم المقيم كما اخبر الله تعالى به في كتابه في مواضع عديدة من جملتها قوله تعالى في حق المتقين
اور اہل دین حق کی وہ ہی اصحاب عیش دائمی کی ہین چنانچہ اللہ تعالی اپنی کتاب مین کئی جگہ اسکی خبر دیتا ہے انہین سے ایک یہہ آیت ہے پرہیزگار ہدایت والون کی حق مین

المهتدين اولئك على هدى من ربهم واولئك هم المفلحون وقوله تعالى فمن اتبع هداي فلا يضل ولا يشقى وقوله تعالى
اونہون نے پائی ہے راہ اپنی رب کی　اور وہ ہی مراد کو پہنچی　اور یہہ آیت پہر جو چلا میری بتائی راہ سو نہ وہ بہکیگا نہ وہ تکلیف مین پڑیگا اور یہہ آیت

فمن تبع هداي فلا خوف عليهم ولا هم يحزنون وقوله تعالى ان الابرار لفي نعيم وان الفجار لفي جحيم والقرآن مملوء بعد
تو جو کوئی چلا میری بتائی پر نہ ڈر ہوگا اونکو　اور نہ اونکو غم　اور یہہ آیت　بیشک نیک لوگ ہین آرام مین　اور بیشک گنہگار دوزخ مین ہین اور قرآن اس وعدہ

النعیم المقیم لاهل الهدایة والعمل الصالح فی الاخرة وبوضد الجحیم لاهل الضلالة والعمل السیئ فیها وذلك مما

اور وعید سی پہر ہی کہ آخرت مین ہدایت اور نیک اعمالوالون کی لئی عیش دائمی ہی اور گمراہون اور بدکارون کی واسطی دوزخ ہی اور اسی مضمون پر

اتفق علیه الرسل من اولهم الی اخرهم واما المصائب التی تصیبهم فی الدنیا فان لم یکن لهم ذنب تکون تلك

تمام رسل اول سی آخر تک متفق ہین اور رہی وہ مصیبتین جو دنیا مین پڑجاتی ہین اگر بدون خطا کی ہین تو اون مصائب سی عقبی

المصائب لرفع الدرجات فی العقبی علی ما جاء فی الحدیث ان الرجل لتکون له عند الله منزلة فما یبلغها بعمله

مین رفع درجات ہووےگا چنانچہ حدیث مین آیا ہی کہ بعضی شخصکا اللہ کی ہان مرتبہ ہوتا ہی اور وہ بذریعہ عمل کی حاصل نہین کرسکتا

فما یزال الله تعالی یبتلیه بما یکره حتی یبلغه ایاها والاحادیث فی هذا المعنی کثیرة وان کان لهم ذنب تکون

پہر اللہ تعالی ہمیشہ اوسکو مکروہات مین مبتلا رکہتا ہی آخر وہ درجہ لیلیتا ہی اور اس مضمون کی حدیثین بہت ہین اور اگر وہ لوگ خطاوار ہین تو وہ

تلك المصائب بسبب ذنوبهم کما قال الله تعالی وما اصابکم من مصیبة فبما کسبت ایدیکم فتکون تلك

مصیبتین اونکی گناہون کا وبال ہی چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی اور جو پڑی تمپر کوئی سختی سو بدلا اوسکا جو کمایا تمہارے ہاتہون نی پہر وہ مصیبتین

المصائب کفارة لذنوبهم علی ما روی عن ام المؤمنین عائشة انه علیه السلام قال اذا کثر ذنوب العبد

اونکی گناہ صاف کردیتی ہین موافق روایت ام المؤمنین عائشہ کی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جب آدمی کی گناہ بڑہ جاتی ہین

ولم یکن له ما یکفرها ابتلاه الله تعالی بالحزن لیکفرها وفی حدیث اخر رواه ابو هریرة انه علیه السلام قال

اور کفارہ ہوتا نہین تو اللہ تعالی غم مین مبتلا کردیتا ہی تاکہ گناہون کو صاف کردی اور ایک اور حدیث مین ہی ابو ہریرہ کی روایت سی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا

لا یزال البلاء بالمؤمن والمؤمنة فی نفسه وماله وولده حتی یلقی الله تعالی وما علیهما من خطیئة الا ان البعض

ہمیشہ مؤمن مرد اور مؤمن عورت پر بلا نازل رہتی ہی جان پر اور مال پر اور اولاد پر یہان تک کہ اللہ تعالی کی ہان صاف ہوکر چلا جاتا ہی اوسکی ذمہ کوئی گناہ

منهم مع کونه متلوثا بالاثام یظن انه قائم علی الدین الحق بالتمام ویتهم ربه لجهله ولا یعلم احسانه الیه

نہین ہوتا لیکن بعضی لوگ باوجودیکہ گناہون مین آلودہ ہوتی ہین پہر گمان پکاتی ہین کہ ہم دین حق پر خوب قایم ہین اور اپنی جہالت سی رب پر تہمت لیتی مین یہہ نہین جانتی

ویقول اذا اصابه نوع من البلاء یا رب ما ذنبی حتی فعلت بی هذا ویعتقد ان السلامة والراحة فی الدنیا للصالحین

کہ اوسکا کتنا احسان ہی اور جب اوسپر کسیطرح کی بلا آتی ہی تو کہتا ہی الہی میری کیا خطا ہی جو تو نی میری ساتہہ ایسا کیا، اور یون سمجہتا ہی کہ دنیا مین سلامتی اور آرام

والمحنة والمشقة فیها للطالحین ویعتمد علی ذلك الاعتقاد وذلك الاعتقاد فتنة عظیمة صدت کثیرا من الخلق

صلحاء کی لئی ہی اور محنت مشقت بدکارونکو ہی اور اسی پر بہروسہ کئی ہوئی ہی اور ایسا اعتقاد بڑا ہی فتنہ ہی اس فتنہ نی بہت خلقت کو دین حق پر قایم رہنی

عن القیام علی الدین الحق واصله الجهل بحقیقة الدین الحق ومن هذا الجهل یتولد الاعراض عن القیام علی

بند کردیا ہی اور اصل مین یہہ جہالت ہی کہ دین حق کی حقیقت نہین جانتا اور اس جہالت سی بہت ایسی غفلتین پیدا ہوتی ہین جنکی مارے دین حق پر

الدین الحق حتی فسد بذلك الاعتقاد کثیر من عابد جاهل لا بصیرة له فی امور الدین وناسك منتسب الی

قایم نہین رہتا یہان تک کہ اس اعتقاد سی بہت جہال عابد بگڑگئی جنکو امور دین مین کچہہ سمجہہ نہ تہی اور بہت پرہیزگار نام کی عالم جنکو

العلم لا معرفة له بحقائق الدین اذ من المعلوم قطعا ان العبد وان کان مؤمنا بما جاء به النبی علیه السلام

حقایق دین سی کچہہ معرفت نہ تہی اسواسطی کہ اتنی بات یقینا معلوم ہی کہ آدمی اگرچہ احکام شرعی نبی کی لائی ہوئی پر ایمان لایا ہو

الا انه محتاج الی ما لا بد له منه من جلب النفع ودفع الضر واذا اعتقد ان القیام علی الدین الحق ینافی ذلك ومن یتمسك

مگر وہ اپنی ضروریات کا محتاج ہوتا ہی نفع اوٹہانا اور نقصان دفع کرنا اور جب یہہ اعتقاد کریگا کہ دین حق پر قایم ہونا اسکی برخلاف ہی اور جسنی دین حق کا

به یتعرض بما لا یقدر علیه من البلاء ویفوته حظوظه ومنافعه العاجلة ویلزم من ذلك اعراضه عن حال

تمسک کیا تو نشانہ ایسی بلا کا ہوگا جسکی طاقت نہو اور اوسکو منفعت حالی سی کچہہ بہرہ نہوگا تو اس سی لازم آتا ہی کہ وہ مقرب لوگ گذری ہوون کی حال پہ

السابقین المقربین بل عن حال المقتصدین اصحاب الیمین بل دخوله فی زمرة الظلمین بل فی زمرة المنافقین حتی
متوجہ نہو بلکہ راہ راست والون کی حال تک بہی جو داہنی ہاتہ والی ہین بلکہ لازم آتا ہی کہ ظالمون کی زمرہ مین داخل ہو بلکہ منافقون مین یہان تک
یسمع من بعضهم یقول اذا تبت الی الله تعالی وعملت عملا صالحا یضیق رزقی ویکدر معیشتی واذا رجعت الی
کہ سنا گیا ہی کہ بعضی یون کہتی ہین کہ جب مین اللہ کیطرف رجوع اور اعمال نیک کرتا ہون تو میری روزی تنگ اور عیش بی لذت ہوتا ہی اور اگر معصیت کو
المعصیة واعطیت نفسی مرادها یتسع رزقی ویحسن معیشتی وهذا من جهله بدین الله ووعده ووعیده وما
بجا لاکر نفس کی مراد ہوا ہوس پوری کرتا ہون تو رزق فراخ اور معیشت درست ہوجاتی ہی اور یہہ اسلئی کہ اللہ کی دین کو اور اوسکی وعدہ اور وعید کو نہین جانتا
معه من الدین الحق حیث یظن انه قائم علی الدین الحق ویفعل ما امر به ویترک ما نهی عنه مع انه کثیرا ما یترک
اور نہ اپنی دین کو جانتا ہی کیونکہ یہہ خیال کرتا ہی کہ مین دین حق پر قایم ہون اور مامور بہ پر عمل اور منہیات کو ترک کرتا ہون باوجودیکہ اکثر اوقات بہتیری ایسی
کثیرا من الامور الواجبة علیه لعدم علمه بها ولا بوجوبها فیکون من اهل التقصیر فی العلم بل کثیرا ما یترکها بعد العلم
امور جو اوسپر واجب ہوتی ہین بی علمی سطلق سی یا غیر واجب سمجھہ کر ترک کر دیتا ہی سو علم کی باب مین صاحب تقصیر ہو جاتا ہی بلکہ اکثر امور واجبہ جان بوجھہ کر
بها وبوجوبها اما کسلا وتهاونا او لنوع من التاویل الباطل او لظنه انه مشتغل بما هو اهم منها او لغیر ذلک
ترک کرتا ہی یا تو ماری سستی اور کاہلی کی یا کوئی جہوٹا بہانہ کرکی یا اوس وہم سی کہ ہم اوس سی بہی ضروری کار مین لگ رہی ہین یا اور کسی وہم سی
بل کثیرا ما یتعبد الله تعالی بترک ما هو واجب علیه من الامر بالمعروف والنهی عن المنکر مع قدرته علیه ویزعم
بلکہ اکثر اوقات اللہ کی عبادت کرتا ہی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو جو اوسکی ذمہ واجب ہی قدرت ہوتی سواتی ترک کر دیتا ہی اور کہتا یون ہی
انه متقرب الی الله تعالی بترک ما لا یعنیه ویظن انه قائم علی الدین الحق ولا یعلم انه من امقت الخلق الی
کہ ہم بیہودہ امور کو ترک کرکر قربت الٰہی پیدا کرتی ہین اور خیال یہہ کرتا ہی کہ دین حق پر قایم ہون اور یہہ خبر ہی نہین کہ خدا تعالی کا سب سی زیادہ مردود
الله تعالی وابغضهم له بل کثیرا ما یتعبد الله تعالی بما حرمه الله تعالی علیه ویعتقد انه طاعة وعبادة وحاله
اور سب سی زیادہ مبغوض ہی بلکہ اکثر اوقات حرام کو عمل مین لاکر خدا کی عبادت کرتا ہی اس اعتقاد پر کہ یہہ طاعت اور عبادت ہی اب اسکا حال
فی ذلک شر من حال من یفعل ذلک ویعتقد انه معصیة وذنب کاصحاب التغنی الذین یتقربون الی الله تعالی
اوس شخص سی بدتر ہی جو حرام کو گناہ اور معصیت سمجھہ کر کرتا ہی جیسی صوفی پیرزادہ مزامیر سنکر خدا کی قربت چاہتی ہین
ویظنون انهم اولیاء الله تعالی واحباؤه وکثیر من الناس اذا غلب علیه عدوه وهو عند نفسه من الصالحین
اور گمان کر رہی ہین کہ ہم خدا کی دوست اور محبوب ہین اور اکثر لوگ جب اونپر دشمن غالب ہوجاتا ہی اور وہ اپنی گمان مین صالح ہین
وعدوه من الفاسقین وفی ظنه انه من کل وجه محق ومظلوم وعدوه باطل وظلوم یقول ان اهل الحق فی
اور اونکا دشمن فاسق ہی اور اپنی گمان مین بہرحال حق پر ہین اور مظلوم ہین اور دشمن باطل پر ہی اور ظالم ہی تو کہتی ہین کہ حق والی دنیا مین
الدنیا مغلوب ومقهور واهل الباطل مرفوع ومنصور مع ان الامر فی الحقیقة لیس کذلک بل قد یکون معه
مغلوب اور مقہور رہی ہوتی ہین اور اہل باطل سربلند اور فتحیاب ہوتی ہین باوجودیکہ حقیقت مین حال یون نہین ہی بلکہ کبہی وہ خود ہی
نوع من الظلم والباطل ومع عدوه نوع من الحق والعدل الا ان الانسان لکونه مجبولا علی حب نفسه وعلی
کچہہ نہ کچہہ ظلم اور باطل پر اور اوسکا دشمن ایک طرح کی حق اور عدل پر ہوتا ہی لیکن آدمی اپنی محبت اور دشمن کی عداوت پیدایشی رکہتا ہی
بغض خصمه لا یری الا محاسن نفسه ومساوی خصمه بل قد یشتد حبه لنفسه حتی یری مساویها محاسن
پہر اسکو بجز اپنی خوبیون اور دشمن کی برائیون کی کچہہ نہین سوجہتا بلکہ بعضی دفعہ اپنی محبت اتنی بڑہ جاتی ہی کہ اپنی برائیون کو بہی حسنات سمجہتا ہی
ویشتد بغضه لخصمه حتی یری محاسنها مساوی وهذا من جهله المقرون بالظلم والهوی وبجهله بوعد
اور دشمن کی عداوت اتنی ہوجاتی ہی کہ اوسکی خوبیون کو بہی برا جانتا ہی اور یہہ جہالت اوسکی ظلم اور ہوا ہوس کی ساتہہ ہی اور خدا کی وعدہ

الله تعالى ووعيده وما معه من الدين الحق فانه تعالى قد ضمن في كتابه نصر دينه الحق والقائمين به علما
اور وعید کا اور اپنی دین حق کا علم نہین ہی بیشک اللہ تعالی اپنی کتاب مین دین حق کی اور جو دین پر باعتبار علم اور عمل کی قایم ہین انکی امداد کا ضامن

وعملا ولم يضمن نصر الباطل ولو اعتقد صاحبه انه على الحق وكذا كل من العزة والرفعة انما يكون لاهل
ہو لیا ہی اور باطل کا مددگار نہین ہی اگرچہ باطل والا اپنی تئین حق پر جانا کری اور ایسی ہی تمام عزت اور رفعت واسطی دینداروں کی ہی

الدين الذي به بعث الله رسله وانزل كتبه كما قال الله تعالى ولله العزة ولرسوله وللمؤمنين وقال
جسکی واسطی اللہ تعالی نی رسول بہیجی اور کتابین اوتارین چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی اور زور اللہ کا ہی اور اوسکی رسول کا اور ایمان والون کا اور فرمایا

الله تعالى وانتم الاعلون ان كنتم مؤمنين فللعبد من العزة والرفعة بحسب ما معه من الايمان وحقائقه
اللہ تعالی نی اور تم ہی غالب رہو گی اگر تم ایمان رکہتی ہو سو آدمی کی لئی عزت اور رفعت وتنی ہوتی ہی جتنا باعتبار علم اور عمل کی اوسکا ایمان

علما وعملا فاذا فاته حظ من العزة والرفعة ففي مقابلة ما فاته من حقائق الايمان علما وعملا وكذا النصر
اور ایمانی حقایق ہوتی ہین پہر اگر اوسکی عزت اور رفعت کچہہ کہٹ جاتی ہی سو وتنی ہی جو اوسکی ایمان مین باعتبار علم اور عمل کی فرق آتا ہی اور ایسی ہی پوری

التام والتائيد الكامل انما يكون لاهل الايمان الكامل وقد يقع الغلط في كثير من الناس ويعتقد انه تعالى
امداد اور کامل تائید اوسہی کی ہی کہ جسکا ایمان کامل ہی اور بیشک اکثر لوگون کو غلطی ہو جاتی ہی کہ یہہ اعتقاد کرتا ہی کہ اللہ تعالی

لا يؤيد صاحب الدين الحق ولا ينصره ولا يجعل له العافية في الدنيا بوجه من الوجوه بل يعيش فيها طول
دین حق والی کی نہ تائید کرتا ہی اور نہ نصرت اور نہ اوسکو کسیطرحکا دنیا مین آرام دیتا ہی بلکہ دنیا مین تمام عمر

عمره مظلوما مقهورا مع امتثاله بما امر به ظاهرا وباطنا وانتهائه عما نهي عنه ظاهرا وباطنا ويظن ان
مظلوم اور مغلوب رہتا ہی باوجودیکہ اسکی ظاہر وباطن مین اطاعت کرتا ہی اور منہیات سی ظاہر اور باطن مین بچتا ہی اور یہہ خیال کرتا ہی

اهل الدين الحق يكونون في الدنيا اذلاء مقهورين واذا ذكر بما وعده في القران يقول هذا في الاخرة فقط ولا يثق
کہ دین حق والی دنیا مین خوار اور مغلوب ہی ہوتی ہین اور جب اوسکی سامنی قرآن کا وعدہ بیان کرو تو کہنی لگی یہہ صرف آخرت ہی مین ہی اور اللہ کی وعدہ

بوعد الله تعالى بنصر دينه واهله في الدنيا والاخرة وهذا من سوء الفهم لانه تعالى بين في كتابه انه ينصر
پر یقین نہین کرتا کہ اپنی دین اور دینداروں کا دنیا اور آخرت دونون مین مددگار ہی اور یہہ اوسکی نافہمی ہی کیونکہ اللہ تعالی نی اپنی کتاب مین بیان فرمایا ہی

المؤمنين في الدنيا والاخرة قال انا لننصر رسلنا والذين امنوا في الحيوة الدنيا ويوم يقوم الاشهاد وقال تعالى
کہ مؤمنون کی دنیا اور آخرت مین مدد کریگی فرمایا ہم مدد کرتی ہین اپنی رسولون کی اور ایمان والون کی دنیا کی جیتی اور جب کہڑی ہونگی گواہ اور فرمایا اللہ تعالی نی

ولو قاتلكم الذين كفروا لولوا الادبار ثم لا يجدون وليا ولا نصيرا سنة الله التي قد خلت من قبل ولن تجد
اور اگر لڑتی تمسی کافر تو پہیرتی پیٹہہ پہر نہ پاوینگی حمایتی نہ مددگار رسم پڑی اللہ کی جو چلی آتی ہی پہلی سی اور نہ تو دیکہیگا

لسنة الله تبديلا وهذا خطاب للمؤمنين القائمين بحقائق الايمان ظاهرا وباطنا وقال الله تعالى
رسم اللہ کی بدلتی اور یہہ خطاب اون مؤمنون کو ہی جو حقایق ایمان پر ظاہر وباطن مین قایم ہین اور فرمایا اللہ تعالی نی

والعاقبة للمتقين والمراد بالعاقبة العافية في الدنيا قبل الاخرة لانه تعالى ذكر ذلك في سورة الاعراف حكاية عما
اور آخر بہلا ہی ڈر والون کا اور مراد عاقبت سی دنیا کا انجام ہی آخرت سی پہلی اسلئی کہ اللہ تعالی نی اسکو سورۂ اعراف مین موسی نبی علیہ السلام کی

قال موسى النبي عليه السلام لقومه استعينوا بالله واصبروا ان الارض لله يورثها من يشاء من عباده
زبانی قوم کی لئی بیان فرمایا ہی مدد مانگو اللہ سی اور ثابت رہو زمین ہی اللہ کی اوسکا وارث کری جسکو چاہی اپنی بندون مین سی

والعاقبة للمتقين بل ذكر مثل ذلك في سورة هود عقيب قصة نوح النبي عليه السلام ونصره على قومه
اور آخر بہلا ہی ڈر والون کا بلکہ ایسا ہی سورۂ ہود مین بعد قصۂ نوح علیہ السلام کی اونکی قوم پر نصرت کر کر فرمایا ہی

فقال تلك من انباء الغيب نوحيها اليك ما كنت تعلمها انت ولا قومك من قبل هذا فاصبر ان العاقبة

یہہ بعضی چیزین ہین غیب کی کہ ہم بہیجتی ہین تیری طرف انکو جانتا نتہا تو اور نہ تیری قوم اسی پہلی سو تو ٹہراہ البتہ آخر بہلا ہی

للمتقين فيكون المعنى ان عاقبة النصر تكون لك ولمن تبعك كما كانت لنوح النبي عليه السلام ولمن تبعه و

ڈرنیوالون کا سو اب معنی یہہ ہونگی کہ آخر کو نصرت تیری اور تیری ساتہیونکی لئی ہی جیسی نوح علیہ السلام کی اور اوسکی ساتہیون کی ہوئی تہی اور

قال تعالى وكان حقا علينا نصر المؤمنين وقال تعالى فايدنا الذين امنوا على عدوهم فاصبحوا ظاهرين فمن نقص

فرمایا اللہ تعالی نی اور حق ہی ہپر مدد ایمان والون کی اور فرمایا اللہ تعالی نی پہر زور دیا ہمنی اونکو جو یقین لائی تہی اونکی دشمنون پہ پہر ہوری غالب پہر جسکی

عمله بمقتضى الايمان ينقص نصيبه من النصر والتائيد وهذا قيل ما اصاب العبد من مصيبة في نفسه او

اعمال مقتضای ایمان سی کمتر ہوتی ہین اوسکا حصہ ہی نصر اور تائید کا کمتی ہوجاتا ہی اسیلئی کہا گیا ہی کہ آدمی پر جو مصیبت آتی ہی جان پہ یا

ماله او بغلبة العدو عليه فانما هو بذنوبه اما بترك واجب وفعل محرم ثم ان ههنا امورا لابد من معرفتها

مال پہ یا دشمن کی غلبہ سی تو یہہ سب گناہون کا وبال ہی یا تو واجب ترک ہوتا ہی یا حرام عمل مین آتا ہی پہر یہان کئی بات ہین سمجہنی چاہئین

الاول ان ما يصيب الانسان في بعض الازمان من غلبة العدو عليه وايذائه له فامر لازم للطبيعة البشرية

اول یہہ کہ آدمی پر بعضی وقت جو مصیبت آتی ہی دشمن کا غلبہ اور اوسکی ایذا دہی سو یہہ بات موافق ارادۂ الہی اور حکمت ربانی کی

والنشاة الانسانية بالارادة الالهية والحكمة الربانية كالحر الشديد والبرد القوي والامراض والهموم و

طبیعت بشری اور عادات انسانی کی لوازم سی ہی جیسی گرمی کی شدت اور جاڑی کی ٹہر اور بیماریان اور غم و غصہ

الغموم اللاحقة له حتى الاطفال والبهائم فلو تجرد الخير عن الشر والنفع عن الضر واللذة عن الالم لكان هذا

جو آدمی پر گذرتا ہی یہان تک کہ بچون اور جانورون پر پہر اگر خیر شر سی اور نفع ضر سی اور لذت الم سی خالی اور صاف ہوکری

العالم عالما اخر غير هذا العالم ونشأة اخرى غير هذه النشاة والثاني ان الانسان مدني بالطبع لا يمكنه ان

تو یہہ عالم اور ہی عالم ہوجاوی یہہ عالم نرہی اور پیدائش کچہ ہوجاوی سوا اس پیدائش کی اور دوسری بات یہہ ہی کہ آدمی ملنسار ہوتا ہی اکیلا

يعيش وحده بل لابد له ان يعيش مع الناس وللناس ارادات واعتبارات يطلبون منه ان يوافقهم عليها

زندگی نہین کرسکتا بلکہ اوسکو ضرور ہی کہ آدمیون کی ساتہہ رہاکری اور اون لوگون کی کچہہ کچہہ ارادی اور اعتبارات ہوتی ہین کہ چاہتین وہ اسکو اپنی موافق

وان لم يوافقهم يؤذونه ويعذبونه وان وافقهم وكان موافقته اياهم على باطل يحصل له العذاب والالم من

کیا کرتی ہین اور اگر موافق نہو تو ایذا دیتی ہین اور ستاتی ہین اور اگر اونکی موافق ہوا اور وہ موافقت باطل پہ ہوئی تو اوسکو اور طرح کا عذاب اور الم ہوویگا

وجه اخر ولا ريب ان الم المخالفة لهم في باطلهم اسهل من الالم المرتب على موافقتهم فالم يسير يعقبه لذة

اور اسمین کچہہ شک نہین ہی کہ باطل مین مخالفت کا الم اوس الم سی بہت سہل ہی کہ اونکی موافقت سی ہوویگا پس تہوڑا سا الم کہ اوسکی پیچہی بڑی لذت

عظيمة دائمة اولى بالاحتمال من لذة يسيرة يعقبها الم عظيم دائم والثالث ان البلاء الذي يصيب

دائمی ہووی اوٹہانا اولی ہی بہ نسبت ایسی تہوڑی سی لذت کی کہ اوسکی بعد بڑا الم دائمی ہووی تیسری بات جو بلا کہ آدمی پر حق کی راہ مین گذرتی ہی

الانسان في طريق الحق لا يخلو اما ان يكون في نفسه او ماله او عرضه او اهله واشد هذه الاقسام ما كان

اس حال سی خالی نہین ہی کہ اوسکی جان پہ ہووی یا اوسکی مال پہ یا آبرو پہ یا اہل پہ اِن قسمون مین سی بڑی سخت وہ ہی

في نفسه وغايته ان يقتل ويكون شهيدا وهذا اشرف الموتات واسهلها لان الشهيد لا يجد من الالم الا

جو جان پہ ہووی اور اوسکا انجام یہہ ہی کہ مارا جاوی اور شہید ہوجاوی اور یہہ موت سب موتون مین اشرف ہی اور سب سی سہل اسلئی کہ شہید کو اتنا ہی الم ہوتا ہی

مثل القرصة وليس في قتل الشهيد الم زائد على ما هو المعتاد لبني ادم عند موتهم على فرشهم ولا موت مقدم على

کہ جیسی چیونٹی کاٹی یا چٹکی لو اور شہید کی قتل مین کوئی الم زیادہ نہین ہوتا جو بنی آدم کی بستر پر مرتی ہوئی ہوتا ہی اور کوئی موت جلد مقرری پہ مقدم ہوتی

اجله لان المسطور فی الکتب الکلامیة ان المیت مقتول باجله فمن فر من الموت او من القتل وظن انه
سے کہ عقائد کی کتابوں میں یہہ لکھا ہوا ہی کہ مقتول اپنی اجل پر مرتا ہی پھر جو شخص موت سے یا قتل سے بھاگے اس خیال پر کہ بھاگنے سے عمر دراز

بفراره یطول عمره ویتمتع بالعیش الکثیر فقد کذبه الله تعالی فی هذا الظن وقال قل لن ینفعکم الفرار ان فررتم
ہوگی اور خوب عیش اوڑاوینگا تو اللہ تعالی اوسکو اس خیال میں جھٹلاتا ہی تو کہہ ہرگز نہ فائدہ دیگا تمکو بھاگنا اگر بھاگوگے

من الموت او القتل واذا لا تمتعون الا قلیلا فانه تعالی بیّن فی هذه الآیة ان الفرار من الموت او القتل لا ینفع
مرنے سے یا ماری جانے سے اور پھر بھی پھل نہ پاؤگے مگر تھوڑے دنوں پس اللہ تعالی نے اس آیت میں بیان کردیا کہ موت یا قتل سے بھاگنا کچھ فائدہ نہیں دیتا

الا قلیلا اذ لا خلاص لاحد من الموت بل لا بد له منه فیفوته بهذا الفرار ما هو خیر له منه من الحیوة الابدیة
مگر کچھ تھوڑا کیونکہ موت سے کسیکو مخلصی نہیں ہی بلکہ موت ضرور ہی سو اس بھاگنے میں جو موت سے بہتر ہی اوسسے جاتی رہتی ہی یعنی ہمیشہ کی زندگی

التی تحصل للشهید عند ربه فان من اختار فی الدنیا الراحة علی التعب فی سبیل الله اتعبه الله تعالی اضعاف
کہ رب کی یہاں سے شہید کو ملتی ہی بیشک جو شخص دنیا کا آرام پسند کرتا ہی اللہ کی رستے کی محنت پر تو اللہ تعالی اوسکو کئی گونہ زیادہ محنت دیتا ہی

ما ناله فی غیر سبیل الله تعالی الا تری ان ابلیس لما امتنع من السجود لآدم النبی علیه السلام فرارا من الخضوع له
جو اوسنے میں اوٹھاتا ہی کیا نہیں دیکھتا کہ ابلیس نے جو آدم نبی علیہ السلام کی سجدہ سے ذلت سے بچنے کو باز رہا تو اللہ تعالی نے اوسکو

جعله الله تعالی اذل الاذلین وصیّره خادما لفساق ذریته وفجارهم الی یوم الدین وکذلک کل من یمتنع
سب سے زیادہ خوار کرکر قیامت تک آدم کی ذریت میں سے فساق اور فجار کا خادم بنادیا اور ایسے ہی جو شخص اپنی ذات کو

ان یذل نفسه لله تعالی ویتعب بدنه فی طاعته ومرضاته لا بد ان یذل لمن کان اظلم خلق الله تعالی
ذلیل کرنے سے واسطے اللہ کی اور بدن کو اللہ کی طاعت اور مرضی کی محنت اوٹھانے سے بچاوے تو ضرور ہی کہ وہ شخص ایسے کی سامنے ذلیل ہو کہ تمام خلق اللہ میں

وافسدهم ویتعب نفسه وبدنه فی طاعته ومرضاته عقوبة له من الله تعالی ولذلک قال بعض العارفین
ظالم اور مفسد ہو اور بسبب عقوبت الٰہی کی اوسکی جان اور بدن اوسہی کی طاعت اور مرضی کی محنت میں مبتلا ہی اور اسہی لئے بعضے عارف کہتے ہیں جو شخص

من لم یعبد الحق اختیارا یعبد الخلق اضطرارا فینعزل عن خدمة الخالق الی خدمة المخلوق فعلی هذا کان
اپنی اختیار سے حق کی بندگی نہیں کرتا تو وہ لاچار ہوکر خلق کی بندگی کرتا ہی پس خالق کی خدمت سے معزول ہوکر مخلوق کی خدمت کرنے لگتا ہی اس بیان کی موافق

الواجب علی العبد ان یشتغل بعبادة الله تعالی وطاعته ویترک الاعتراض علیه ویرضی بقضائه فی کل ما
آدمی پر واجب ہی کہ اللہ تعالی کی عبادت اور طاعت کیا کرے اور کسیطرحکا اعتراض نکرے اور اوس حکم پر راضی رہے اوسکی یہاں سے جو

جاء من عنده من النفع والضر والصحة والمرض والمنع والعطاء والالم والاذی ویلاحظ قوله تعالی عسی ان تکرهوا
آوے نفع یا نقصان صحت یا مرض روک یا بخشش الم یا تکلیف اور اس آیت کا مضمون کو لحاظ کرے شاید تمکو

شیئا وهو خیر لکم وعسی ان تحبوا شیئا وهو شر لکم والله یعلم وانتم لا تعلمون ویتیقن انه تعالی ارحم بعباده من
بری لگے ایک چیز اور وہ بہتر ہو تمکو اور شاید تمکو خوش لگے ایک چیز اور وہ بری ہو تمکو اور اللہ جانتا ہی اور تم نہیں جانتے اور یقین کرجانے کہ اللہ تعالی اپنی بندوں پر اس سے زیادہ

الوالدة بولدها وانه تعالی اعلم بمصلحته من نفسه ثم اذا ظهر عطاء یشکر الله تعالی واذا وقع بلاء یحاسب نفسه
رحمت والا ہی کہ ماں اپنی اولاد پر اور اللہ تعالی اوسکی مصلحت کو اوس سے زیادہ جانتا ہی پھر اگر عطا ظاہر ہووے تو اللہ کا شکر بجالاوے اور اگر بلا آوے تو اپنا حساب لیوے

فیما صدر منها حتی استحق ذلک اذ قال الله تعالی وما اصابکم من مصیبة فبما کسبت ایدیکم ویعفو عن کثیر
کہ ایسے کیا خطا ہوئی کہ جسمیں اس بلا کا سزاوار ہوا کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہی جو پڑے تمپر کوئی سختی سو بدلا اوسکا جو کمایا تمہارے ہاتھوں نے اور معاف کردیتا ہی

فانه تعالی بیّن فی هذه الآیة ان ما اصاب العبد من مصیبة ای مصیبة کانت فهی بسبب ذنوبه التی اکتسبها
بیشک اللہ تعالی نے اس آیت میں یہہ بیان فرمایا کہ آدمی پر جو مصیبت آتی ہی کوئی مصیبت ہو سو وہ گناہوں کا وبال ہی جو آپ کمائے ہیں

بنفسه والله تعالی یعفو عن کثیر منها فلا یعاقب علیها فی الدنیا واما فی العقبی فهو فی مشیة الله تعالی

اور اللہ تعالی بہتیری گناہ معاف کردیتا ہی سو اونپر دنیا مین عذاب نہین کرتا اور عقبی مین اگر توبہ نہین کی تو مشیت الٰہی مین ہی

ان لم یتب عنها فانه تعالی ان شاء یعفو عنه ویدخله الجنة بلا عذاب وان شاء یعذبه فی جهنم

بیشک اللہ تعالی چاہی معاف کرکر بلا عذاب جنت مین داخل کردی اور چاہی گناہون کی موافق دوزخ مین عذاب دی

بقدر ذنوبه ثم یخرجه منها ویدخله الجنة قال علی للمؤمن عند الله تعالی خمس نقمات فاولها المرض

پہر دوزخ سی نکال کر جنت مین داخل کری حضرت علی کہتی ہین مؤمن کی حق مین اللہ تعالی کی ان پانچ عقوبت مین پہلی تو دکہہ

ثم المصائب فان کانت ذنوبه اکثر من ذلك یعذب فی قبره فان کانت اکثر من ذلك یحبس علی الصراط وان

پہر مصیبتین پہر اگر اسکی گناہ اس سی بہی زیادہ ہوئی تو گور مین عذاب ہوگا پہر اگر اس سی بہی زیادہ ہین تو پلصراط پر رکیگا اور اگر

کان اکثر من ذلك یعذب فی جهنم علی قدر ذنوبه ثم یخرج منها بالتوحید

اس سی بہی زیادہ ہین تو گناہون کی موافق دوزخ مین رہ کر پہر توحید کی برکت سی نکلیگا

المجلس الحادی والتسعون

اکیانوین مجلس

فی بیان ان الشیطن یجری من الانسان مجری الدم

اس بیان مین کہ شیطان انسان کی اندر مثال خون کی پہرتا ہی

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا

ان الشیطان یجری من الانسان مجری الدم هذا الحدیث من صحاح المصابیح رویته ام المؤمنین صفیة

بیشک شیطان انسان کی اندر خون کی مثال پہرتا ہی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی ام المؤمنین صفیہ کی روایت سی

والمراد بالشیطان ههنا وسوسته لا نفسه فی المجری یحتمل ان یکون اسم مکان فیکون المعنی ان کید

اور شیطان سی مراد اسجگہہ شیطانی وسوسہ ہی عین شیطان نہین ہی پس اب لفظ مجری مین احتمال ہی کہ اسم ظرف ہو وی اب معنی یون ہوجاینگی کہ

الشیطن ووسوسته یجری فی الانسان جریان الدم فان الدم کما یجری فی اعضاء الانسان من غیر احساس الانسان

شیطان کا مکر اور وسوسہ انسان مین لوہو کی طرح پہرتا ہی بیشک لوہو جیسی انسان کی اعضا مین پہرتا ہی اور آدمی کو اوسکی خبر نہین ہوتی

بجریانها کذلك وسوسة الشیطن تجری فی اعضاء الانسان من غیر احساس الانسان بجریانها وقیل یجوز

ایسی ہی شیطانی وسوسہ انسان کی اعضا مین پہرتا ہی اور آدمی کو خبر نہین ہوتی اور کوئی کہتا ہی کہ جایز ہی

ان یراد بالشیطان نفسه لا وسوسته فانه لکونه غیر کثیف لا یبعد ان یجری فی عروق الانسان لان غیر

کہ عین شیطان مراد لین وسوسہ نہ مراد لین اسلئی کہ شیطان مادی جو نہین ہی تو کیا تعجب ہی کہ انسان کی رگون مین پہرتا ہو اسلئی کہ بی مادہ شئی

الکثیف یدخل فی الکثیف کالهواء النافذ فی البدن فیجری الشیطن فی الانسان مجری الدم ویصادف نفسه

مادی مین گہس جاتی ہی جیسی ہوا بدن مین سو اب شیطان ہی انسان کی اندر خون کی طرح پہرتا ہی اور اوسکی جان کی پاس ہوکر

ویسئلها عما تحبه وتریده فاذا عرف مقصودها ومرادها یستعین بها علی الانسان فی اضلاله واخراجه

پوچہتا ہی تجہکو کیا پسند ہی تیرا کیا ارادہ ہی پہر اوسکا مقصود اور مراد پاکر راہ سی بچلا نی مین اور طریق مستقیم سی نکالنی مین

عن الطریق المستقیم فانه یورده الموارد التی یتخیل الیه ان فیها منفعة ثم یصدره المصادر التی فیها عطبه

انسان کی مدد کرتا ہی پس وہ شیطان آدمی کو ایسی گہاٹ لگادیتا ہی جہان یہہ خیال ہو کہ اسمین یہہ فائدہ ہی پہر ایسی جگہہ پہنچاتا ہی جہان عطا ہتہ آوی

ثم یتبرأ منه ویسلمه ویقف یشمت به ویضحك منه فانه یامره بالسرقة والزنا وقتل النفس ثم یدل علیه

پہر اوس سی الگ ہوکر اوسہی کی حوالہ کردیتا ہی اور آپ ٹہٹہا مارتا اور ہنستا ہی سو آدمی سی پہلی تو چوری اور زنا اور خون کرادیتا ہی پہر ظاہر کرکر

ویفضحه کما فعل بالراهب الذی زنا بامرأة فلما ولدت امره بقتلها وقتل ولدها ثم دل علیه اهلها وکشف

فضیحت کردیتا ہی جیسی ایک راہب کی ساتہہ کیا کہ اوسنی ایک عورت سی زنا کیا پہر وہ جنی تو اوسنی اوسکو اور اوسکی بچہ کو قتل کرایا پہر عورت کی مالکون کو بتا دیا

لهم امره فلما اراد واصلبه امرهم بان یسجد له لینجیه فلما سجد له فرّ منه وترکه وفیه نزل قوله تعالی
اور اوسکا سب حال کہول دیا جب وہ لوگ اوسکو صولی دینی لگی تو اپنی تئین سجدہ کرایا کہ بچا دونگا جب وسنی سجدہ کیا تو اوسکو چہوڑ کر بہاگ گیا اسہی قصہ مین یہہ آیت اوتری
کمثل الشیطن اذ قال للانسان اکفر فلما کفر قال انی بری منک انی اخاف الله رب العلمین ولا
جیسی کہاوت شیطان کی جب کہی انسان کو تو منکر ہو پہر جب وہ منکر ہوا کہی مین الگ ہون تجہسی مین ڈرتا ہون اللہ سی جو رب ساری جہان کا اور
یختص هذا بالذی ذکرت هذه القصة عنه بل هو عام فی کل من یطیع الشیطان فی امره بالکفر والعصیان
شیطان کا یہہ مکر کچہہ اوس سی خاص نہین ہی جسکا یہہ قصہ مذکور ہو بلکہ علی العموم ہر یکسی جو شیطان کا کفر اور معصیت مین مطیع ہی
لینصره ویقضو حاجته ثم یتبرأ منه ویسلمه کما یتبرأ من جملة اولیائه یوم القیمة ویقول
تاکہ وہ نصرت کری اور حاجت روا کری پہر اوسکو اوسہی پر ڈال کر الگ ہو جاتا ہی جیسی اپنی تمام دوستون سی قیامت کو الگ ہو جاویگا یہہ کہہ کر
لهم انی کفرت بما اشرکتمون من قبل فانه یوقعهم الموارد فی الدنیا ثم یتبرأ منه یوم القیمة فعلی هذا ینبغی للعاقل
مین نہین قبول رکہتا جو تمنی مجکو شریک ٹہرایا تہا پہلی بیشک یہہ شیطان اپنی دوستون کو دنیا مین ایک گہاٹ پر لگا دیتا ہی پہر اونسی قیامت کو الگ ہو جاویگا اس واسطی
ان یجتهد فی دفع وسوسته عن نفسه اذ لیس تسلطه علی الانسان بالقهر والالجاء بل تسلط علیه بالتزیین
عاقل کو لازم ہی کہ اپنی دلین سی اسکا وسوسہ جسطرح بنی دور کری اسلئی کہ انسان پر شیطان کا غلبہ قہر اور زور سی نہین ہی بلکہ معاصی کی زینت دینی اور
والاغواء لما روی انه علیه السلام قال خلق ابلیس مزیّنا ولیس الیه من الاضلال شیء فانه علیه السلام
بہکانی سی ہی کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ابلیس زینت دینی کو پیدا ہوا ہی اور گمراہ کرنی کی کوئی بات اوسکی اختیار مین نہین ہی بیشک نبی علیہ السلام
بیّن فی هذا الحدیث ان الشیطن لیس بمسلط علی بنی آدم بحیث یامرهم بالمعصیة ویلجئهم علیها اذ لو کان
اس حدیث مین فرمایا کہ شیطان بنی آدم پر اسطور غالب نہین ہی کہ معصیت کا حکم کر کر گناہ پر لاچار کر دی اگر یہہ حال ہوتا
الامر کذلک لما نجا من شره احد بل شانه ان یوسوس فی صدورهم ویزین المعصیة الیهم ولیس بیده اکثر
تو اسکی بدی سی کوئی بہی نہ بچتا بلکہ اسکا یہہ طریق ہی کہ بنی آدم کی دلون مین وسوسہ پیدا کرتا ہی اور معصیت کو اونکی نظرون مین خوبصورت بنا دیتا ہی
من ذلک کما اخبر الله تعالی عنه انه یقول لاهل النار یوم القیمة وما کان لی علیکم من سلطن الا ان دعوتکم
اس سی زیادہ کچہہ مقدور نہین ہی چنانچہ اللہ تعالی اسکی خبر دیتا ہی کہ قیامت کی دن دوزخیونسی یون کہیگا اور تم پر مجکو حکومت نہ تہی مگر مین نی تمکو بلایا
فاستجبتم لی فلا تلومونی ولوموا انفسکم یعنی ان دعوتی ایاکم الی الباطل لم یکن بطریق القهر والالجاء ولا
پہر تم نی مان لیا سو مجکو مت الزام دو اور الزام دو اپنی تئین مراد یہہ ہی کہ میرا بلانا تمکو باطل پر کچہہ بطور قہر اور لاچار کر کر نہین تہا اور نہ
بحجة وبرهان یدل علی صدقی بل بمجرد تزیین وتسویل فاستجبتم لی لموافقة دعوتی اهواءکم واغراضکم
کسی حجت اور دلیل سی تہا کہ میری صدق پر دلالت کرتی ہو بلکہ صرف زینت اور آرایش سی تہا سو تمنی میرا کہا اپنی ہوا ہوس اور غرضون کی موافق دیکہہ کر مان لیا
ولم تستجیبوا لربکم الذی دعاکم الی الحق دعوة مقرونة بالحجج والبینت لعدم موافقة دعوته اهواءکم
اور اپنی رب کا کہا نہ مانا جسنی حق پر دلائل اور بینات کی ساتہہ بلایا تہا کیونکہ اللہ کی طلب تمہاری ہوا ہوس اور غرض کی
واغراضکم فان عدو الله تعالی لما امتنع عن السجود لآدم النبی علیه السلام واخرج من زمرة الملئکة المقربین
مطابق نہ تہی بیشک شیطان نی جب آدم علیہ السلام کو سجدہ نکیا اور مقرب ملائک کی زمرہ سی یا جنت میں سی نکالا گیا
او من الجنة وسال ان ینظر الی یوم یبعث فیه آدم النبی علیه السلام وذریته للجزاء فانظر الی یوم الوقت
اور اسنی سوال کیا کہ اوس دن تک کہ آدم نبی ع او اوسکی اولاد جزا کی لئی اوٹہائی جاوین مہلت ملی پہر اوسکو اوسوقت
المعلوم الذی هو وقت النفخة الاولی التی علم الله تعالی ان من فی السموت ومن فی الارض یصعق عندها
معلوم تک مہلت ملی جو کہ وقت پہلی نفخہ کا ہے اللہ جانتا ہی کہ جو آسمان اور زمین مین ہین اوسوقت سب بیہوش ہو جاوینگی

الا من شاء الله تعالى قال رب بما اغويتني لازينن لهم في الارض ولاغوينهم اجمعين الا عبادك

مگر جنکو اللہ بچا رکہی تو شیطان نی یہہ کہا ای رب جیسا تو نی مجھکو راہ سی کہویا میں انکو بہار دکہلاؤنگا زمین میں اور راہ سی کہودونگا سبکو مگر جو تیری

منهم المخلصين واستثنى عباد الله الذين اخلصهم الله تعالى لطاعته وعبادته وطهرهم عن تاثير

چنی بندی ہیں اور اوسنی ان بندون کو جدا کیا جنکو اللہ تعالی نی واسطی اپنی طاعت اور عبادت کی خاص کیا ہی اور انکو اوسکی بہکاوی کی اثر سی

اغوائه فيهم فلما استثناهم وكان طريقهم مرضيا عند الله تعالى قال الله تعالى هذا صراط علي مستقيم

پاک کر رکہا ہی پہر جب اونکو جدا کیا اور اونکا چلن اللہ تعالی کو پسند تہا تو اللہ تعالی نی فرمایا یہہ راہ ہی مجہہ تک سیدہی

ان عبادي ليس لك عليهم سلطان الا من اتبعك من الغاوين فانه تعالى قد اخبر في هذه الاية ان عباده

جو میری بندی ہیں تجہکو اونپر زور نہیں مگر جو تیری راہ چلا خراب لوگون میں بیشک اللہ تعالی نی اس آیت میں خبر دی ہی کہ میری بندی

الذين اخلصهم لطاعته وعبادته ليس لعدوه عليهم سلطان بل سلطانه على الذين اتبعوه من الغاوين واخبر

جو خالص طاعت اور عبادت کی لئی ہیں اونپر میری دشمن کو غلبہ نہیں ہی بلکہ اوسکا غلبہ اون لوگون پر ہی جو گمراہ اوسکی تابع ہیں اور دوسری

في اية اخرى ان عباده المؤمنين المتوكلين لا سلطان له عليهم فقال انه ليس له سلطان على الذين امنوا

آیت میں خبر دی ہی کہ بیشک میری بندی مؤمن اور متوکل اونپر شیطان کو غلبہ نہیں ہی فرمایا اوسکا زور نہیں چلتا اونپر جو یقین رکہتی ہیں اور

على ربهم يتوكلون انما سلطنه على الذين يتولونه والذين هم به مشركون وهذه الاية تضمنت امرين احدهما

اپنی رب پر بہروسہ کرتی ہیں اوسکا زور اونہی پر ہی جو اوسکو رفیق سمجہتی ہیں اور جو اوسکو شریک ٹہراتی ہیں اور اس آیت میں دو باتین ہیں ایک تو یہہ

نفي سلطانه على اهل الايمان وعلى الذين يفوضون امرهم الى الله تعالى في كل ما ياتون ويذرون فان وسوسته

کہ ایمان والون پر اور جو لوگ اپنی کاربار اللہ پر حوالہ کر دیتی ہیں تمام جو کرتی ہیں یا نہیں کرتی اون پر غلبہ نہیں ہی بیشک شیطان کا وسوسہ

لا تؤثر فيهم ودعوته غير مستجابة عندهم والثاني اثبات سلطانه على اهل الشرك وعلى الذين يتخذونه وليا

اونمیں اثر نہیں کرتا اور اوسکا بولاوا اونکو مقبول نہیں ہی اور دوسری یہہ کہ مشرکون پر اور جو لوگ شیطان کو اپنا دوست رکہتی ہیں

ويطيعون وسوسته ويستجيبون دعوته والمراد بسلطانه عليهم تسلطه عليهم بالوسوسة والدعوة المستتبعة

اور اوسکی وسوسہ کی مطیع ہیں اور اوسکا بولاوا مانتی ہیں اونپر غلبہ ثابت ہی اور اونپر غلبہ جو ہی تو اوس سی یہہ مراد ہی کہ تسلط وسوسہ سی اور بولانی سی ہی

للاستجابة لا بالقسر والالجاء لانه منتف عن الكل لما سبق من قوله تعالى حكاية عنه وما كان لي عليكم من سلطن

کہ ترسمان ہی نہیں کچہہ زور سی کا ورلاچار کرکر نہیں ہی کیونکہ ایسا تسلط تو کسی پر بہی نہیں ہی اسلئی کہ اوسکا قول بطور حکایت کی گذر چکا ہی اور مجہکو تمپر حکومت نہ تہی

الا ان دعوتكم فاستجبتم لي ولما علم عدو الله تعالى انه تعالى لا يسلطه على عباده المخلصين قال فبعزتك

مگر میں نی تمکو بلایا پہر تمنی مان لیا اور جب شیطان کو یقین ہوا کہ اللہ تعالی اپنی مخلص بندون پر غلبہ نہیں دیتا بولا تو قسم ہی تیری عزت کی

لاغوينهم اجمعين الا عبادك منهم المخلصين وقد اخبر الله تعالى ان عدوه ابليس حين وبخ بقوله تعالى

میں گمراہ کرونگا ان سبکو مگر جو بندی ہیں انمیں تیری چنی اور اللہ تعالی نی خبر دی ہی کہ جب شیطان کو یہہ جہڑکی ملی

وما منعك الا تسجد اذ امرتك قال فبما اغويتني لاقعدن لهم صراطك المستقيم ثم لاتينهم من بين ايديهم ومن خلفهم

اور تجہکو کیا مانع تہا کہ سجدہ نکیا جب میں نی فرمایا بولا تو جیسی تو نی مجہی گمراہ کیا ہی میں بیٹہونگا ونکی تاک میں تیری سیدہی راہ پر پہر اونپر آؤنگا آگی سی اور پیچہی سی

وعن ايمانهم وعن شمائلهم ولا تجد اكثرهم شاكرين قال جمهور المفسرين والنحاة كلمة على هنا محذوفة ونصب صراطك

اور داہنی سی اور بائیں سی اور نہ پاویگا تو اکثر اونمیں شکر گذار تمام مفسر اور نحوی کہتی ہیں کہ یہانسی لفظ علی کا محذوف ہی اور زبر صراطک کا

على نزع الخافض كانه قيل لاقعدن على صراطك المستقيم ثم لاتينهم من جميع جهاتهم وهذا تفصيل لهذه الجملة

حرف جر دور کرنی سی ہی گویا عبارت یون ہی لاقعدن علی صراطک المستقیم پہر اون پاس سب طرفون سی آؤنگا اور یہہ تفصیل اوس اجمال کی ہی

فی قوله فبعزتك لاغوینهم اجمعین و تمثیل لوسوسته الیهم وتسویله علیهم ما امکنه وقدر علیه اذ ما من
جو اس عبارت مین ہی قسم تیری عزت کی مین سبکو گمراہ کرونگا اور تمثیل ہی وسوسہ کی اور آرایش کی ہی جو اوپر آویگی اور جسپر قادر ہوگا کیونکہ جو
طریق خیر الا والشیطان قاعد علیه یقطعه علی السالکین فیه بانواع مکائده وغروره فانه یشام نفس الانسان
خیر کا رستہ ہی سو اوسپر شیطان بیٹھا ہوا چلنی والون پر طرح طرح کی مکر اور فریب سی راہ مارتا ہی کیونکہ شیطان انسان کی نفس پر غور کرکر
لیعلم ای القوتین غالب علیها هل هی قوة الاقدام ام هی قوة الاحجام فان رای ان الغالب علیها قوة الاحجام یاخذ
معلوم کرتا ہی کہ دونو قوت مین سی اسپر کونسی غالب ہی آیا قوت عمل کی یا قوت باز رہنی کی پہر اگر دیکہتا ہی کہ اوسپر قوت باز رہنی کی غالب ہی تو اوسکی
فی تثبیطه واضعاف همته وارادته عن المامور به ویثقله علیه ویهون علیه ترکه حتی یترکه جملة
ہمت یعنی سستی کا بڑہانا اور مامور بہ سی ارادہ کا پہیرنا شروع کرتا ہی اور اوسپر عمل دشوار اور ترک کرنا آسان کردیتا ہی آخر وہ اوسکو سراسر ترک کرتا ہی
او یقتصر فیه ویتهاون به وان رای ان الغالب علیها قوة الاقدام یاخذ فی تقلیل المامور به عنده ویوهم انه
یا اوسمین قصور کرتا ہی یا اوسمین سستی کرتا ہی اور اگر دیکہتا ہی کہ اوسپر قوت عمل کی غالب ہی تو مامور بہ کو اوسکی نظر مین کہٹانا شروع کرتا ہی اور وہم مین ڈالتا ہی
لا یکفیه بل یحتاج الی مبالغة وزیادة ویقصر بالاول ویتجاوز بالثانی وقد قال بعض السلف ما امر الله بامر الا
کہ مجہکو کافی نہوگا بلکہ حاجت مبالغہ اور زیادت کی ہی اور اول مین تقصیر ہوتی ہی اور دوسری مین بڑہ جاتا ہی اور بعضی متقدمین کا قول ہی کہ اللہ تعالی جو
وللشیطان فیه نزغتان اما الی تفریط وتقصیر او الی فرط وغلو ولا یبالی بایهما ظفر وقد قطع کثیرا من
حکم ہی سو اوسمین شیطان کی دو جہکی ہین یا بطرف کوتاہی اور تقصیر کی یا بطرف زیادتی اور افزایش کی اور یہہ پروا نہین کرتا کسپر فتحیاب ہو اور اکثر
الناس فی هذین الوادیین وادی التفریط والتقصیر ووادی الافراط والتجاوز والثابت منهم علی الطریق
لوگون پر شیطان نی اون دونو میدان مین رہزنی کی ہی ایک میدان تفریط اور تقصیر کا اور ایک میدان افراط اور تجاوز کا اور ان لوگون مین سی اوس
الذی کان علیه رسول الله علیه السلام واصحابه قلیل جدا اذ منهم الذین یبنون المساجد والمدارس
رستہ پر قایم جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اونکی اصحاب کا ہی بہت ہی کمتر ہین اسلئی کہ بعضی ایسی شخص ہین کہ مسجدین اور مدرسی
والقناطر والرباط من اموال جمعوها من الظلم بالغصب والنهب والرشوة والجهات المحظورة ویظنون انهم
اور پل اور خانقاہ ایسی مال سی بناتی ہین کہ جو ظلم سی اور چہین چہپٹ اور رشوت اور بیجا طریق سی جمع کیا ہی اور خیال باندہ رکہا ہی کہ ہم
استحقوا بذلك مغفرة من الله تعالی وثوابا کثیرا ولا یعرفون انهم تعرضوا لسخط الله تعالی فی جمعها وانفاقها
اسکی بدلے مین اللہ کی طرف سی سزاوار مغفرت کی اور بڑی ثواب کی ہین اور یہہ نہین سمجہتی کہ وہ قابل غضب الہی کی ہین اس مال کی جمع کرنی مین بہی اور خرچ کرنی مین
اذ کان الواجب علیهم الامتناع عن جمعها علی هذا الوجه فلما عصوا الله تعالی بجمعها علی هذا الوجه کان الواجب
بہی اسواسطی کہ اونپر یہہ واجب تہا کہ اس وجہ سی مال جمع نکرتی پہر اگر اونہون نی اس وجہ سی جمع کرنی مین نافرمانی کی تو اب اونپر یہہ واجب تہا
علیهم التوبة والرجوع الی الله تعالی وردها الی اصحابها ان امکن والا فالی ورثتهم ان وجدوا والا کان الواجب
کہ توبہ اور خدا کی طرف رجوع کرتی اور مال مالکون کو ہٹا دیتی اگر ہو سکتا اور نہین تو اونکی وارثون کو اگر پاتی اور نہین تو یہہ واجب تہا
علیهم تفریقها علی الفقراء بنیة ان تکون ودیعة عند الله تعالی یوصلها الی اصحابها یوم القیمة وهم لعدم
کہ فقراء پر اس نیت سی تقسیم کرتی کہ اللہ تعالی کیہان امانت رہی قیامت کی روز مالکون کو پہنچا دیوی اور وہ مال جو فقراء پر
تفریقها علی الفقراء بقیت علیهم وتوخذ من اعمالهم یوم القیمة ومنهم من یستغفر الله تعالی ویسبحه ویحمده
تقسیم نہوی تو اونکی ذمہ باقی رہی قیامت کی روز اونکی اعمال مین سی لئی جاوینگی اور بعضی لوگ خدا سی مغفرت مانگتی ہین اور زبان سی ہر روز سبحان اللہ
بلسانه فی الیوم مائة مرة ثم لا یزال یغتاب الناس ویشتمهم ویمزق اعراضهم ویتکلم بما لا یرضاه الله تعالی
سو سو مرتبہ پڑہتی ہین پہر متصل لوگون کی غیبت کرتی ہین گالیان سناتی ہین اور اونکی بی آبروئی کئی جاتی ہین اور برخلاف رضامندی خدا تعالی کی

۱۴/۱۱/۱۲

طول نهاره من غير حصر ولا عد ويظن ان حسناته اكثر من سياته لعدم محاسبة نفسه وعدم تفقد معاصيه
تمام دن بی انتہا اور بے شمار باتین بکی جاتی ہین اور گمان یہہ رکہتی ہین کہ ہماری حسنات گناہون سی زیادہ ہین کیونکہ اپنی نفس کا محاسبہ اور گناہون کی تلاش نہین کرتی

ویکون نظره الی عدد تسبیحه وتهلیله ویغفل عن هذیانه الذی لو کتب لکان مثل تسبیحه وتهلیله مائة
اب اپنی تسبیح اور تہلیل کی گنتی پر تو نگاہ ہی اور بیہودہ باتون کا اگر لکہی جاوین تو تسبیح اور تہلیل کی برابر سو بار بلکہ ہزار بار ہو جاوین

مرة بل الف مرة وقد کتبه کرام الکاتبون ووعد الله تعالی علی کل کلمة عقابا حیث قال ما یلفظ من قول الا لدیه
کچہہ خیال نہین اور بیشک کرام الکاتبین اوسکو لکہہ چکی ہین اور اسد تعالی ہر ہر کلمہ پر عقاب کا وعدہ کر چکا ہی چنانچہ فرمایا نہین بولتا ایک بات جو نہین اوس پاس

رقیب عتید فهو ابدا یتامل فی فضائل التسبیحات والتهلیلات ولا یلتفت الی ما ورد فی عقوبة المغتابین والنمامین
ایک راہ دیکہتا طیار سو وہ شخص ہر دم تسبیحات اور تہلیلات کی فضایل تو سوچتا رہتا ہی اور ادہر خیال نہین کرتا کہ غیبت کرنیوالون اور سخن چینون

والکذابین وغیر ذلک ممن لا یحترز من افات اللسان ولعمر الله لو کان الکرامون الکاتبون یطلبون منه اجرة لما
اور جہوٹون کی لئی کیا عقاب تجویز ہوا ہی اور سوا اسکی اور زبان کی آفات جن سی احتراز نہین ہی اور قسم ہی اگر کرام کاتبین اوسی اجرت لیا کرتی کہ جو جو

یکتبونه من هذیانه الذی زاد علی تسبیحه وتهلیله الف مرة لکان یکف لسانه حتی عده جملة من مهماته وکان یعد
اوسکی بیہودہ باتین کہ تسبیح اور تہلیل سی ہزار گونہ زیادہ ہوتی ہین اور وہ لکہتی ہین تو بیشک اپنی زبان بند رکہتا اور اوسکو اپنا ضروری کام سمجہتا اور بولنی کو

ما نطق به فی فتراته ویحسبه ویوازنه بتسبیحاته حتی لا یفضل علیه اجرة الکتابة فیا عجبا لمن یحاسب نفسه
اپنی لغزش مین گنتا اور حساب کرتا اور تسبیحات کی برابر رکہتا ایسا نہو کہ کتابت کی مزدوری زیادہ دینی آجاوی پہر بڑا تعجب ہی کہ اپنی نفس کا حساب

ویحتاط خوفا من ذهاب قیراط فی الاجرة ولا یحتاط خوفا من فوات فردوس الاعلی جنة الماوی فی الاخرة ولیس هذه
اور احتیاط اس خوف کا مارا کری کہ کوئی کوڑی اجرت مین نہ جاتی رہی اور اس خوف کی احتیاط نکری کہ فردوس اعلی اور جنت الماوی آخرت مین ہاتہہ نہ آویگا اور یہہ

الغفلة الا مصیبة عظیمة لمن یتفکر فیها وقد وقعنا فی امر ان شککنا فیه نکون من الکفرة الجاحدین وان صدقنا
غفلت تو بڑی مصیبت ہی اسمین کوئی فکر کری اور ہم ایسی بلا مین آگئی ہین کہ اگر اسمین شک کرین تو منکر کافر ہوتی ہین اور اسکی تصدیق کرین

به نکون من الجهلة المغرورین ولیس هذا عمل من صدق بما جاء به القران ورسول رب العلمین المجلس الثانی و
تو جاہل مغرور ہین اور یہہ کام اوسکا نہین ہی جو احکام قرآن اور رسول رب العالمین کی تصدیق کرتا ہی بانوین مجلس

التسعون فی بیان عدم المواخذة بالوسوسة مالم تعمل بها او تتکلم قال رسول الله صلی الله علیه وسلم
اس بیان مین کہ وسوسہ پر کچہہ مواخذہ نہین ہی جبتک عمل مین نہ آوی اور یا زبان پر نگذری رسول اسد صلی اسد علیہ وسلم نی فرمایا

ان الله تعالی تجاوز عن امتی ما توسوست به صدورها مالم تعمل به او تتکلم هذا الحدیث من صحاح المصابیح رواه
بیشک اسد تعالی نی میری امت کو معاف کیا ہی جو اونکی دلون مین خیالات آوین جبتک عمل نہ کرین یا زبان پر نہ لاوین یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی

ابو هریرة وفیه دلیل علی ان المرفوع عن هذه الامة لم یکن مرفوعا من الامم السالفة لان التخصیص بالذکر لا بد له
ابو ہریرہ کی روایت سی اور اسمین یہہ دلیل ہی کہ جو اس امت کو معاف ہی پہلی امتون کو معاف نتہا اسلئی کہ اس امت کی خاص مذکور ہونیکا کوئی فائدہ چاہئی

من فائدة والمعنی انه تعالی عفی عن هذه الامة ما یخطر فی قلوبهم من الخواطر المذمومة واحادیث النفس فان ما یقع فی
اور معنی یہہ ہین کہ اسد تعالی نی اس امت کو خیالات بد اور نفسانی وہم جو اونکی دلون مین گذرتی ہین معاف کردئی ہین پہر دلین جو خیالات نکی

القلب من الخواطر الدنیة المذمومة یسمی وسوسة وما یقع فیه من الخواطر المرضیة الحسنة یسمی الهاما ثم الوسوسة
بدگذرتی ہین وسوسہ کہلاتی ہین اور دلین جو خیال پسندیدہ نیک آتی ہین الہام کہلاتا ہی پہر کو

اما ضروریة او اختیاریة فالضروریة هی الخواطر التی تدخل فی القلب من غیر اختیار وهذا معفو عن جمیع الامم لکونه
یا تو ضروری ہوتا ہی یا باختیار پہر ضروری تو وہ خیالات ہین جو دلین بی اختیار آجاتی ہین اور یہہ تو تمام امتون کو معاف ہوئی ہی اسواسطی

خارجا عن حد الاستطاعة والاختيار فهي الخواطر التي تدخل في القلب وتستجلبها الطبع وتتبعها النفس وتردها
کہ حد استطاعت سے باہر ہے اور اختیاری وہ خیالات ہیں جو دل میں آتی ہیں اور طبیعت اونکو کھینچ لاتی ہے اور نفس اونکے پیچھے لگا رہتا ہے اور بار بار اونکا

وتلتذ بها فتميل الى العمل والتكلم بها وهذا النوع هو الذي عفي عن هذه الامة دون سائر الامم تشريفا لنبينا وتفضيلا

تتردد متجاذبة بين هذين الجدالين الى ان يغلب على قلب الانسان ما هو اولى به فان كان الغالب عليه الصفات الشيطانية
اسی رو و دلی مین کبہی ادہر کبہی اودہر تردد کئی جاتا ہی آخر انسان کی دل پر وہ ہی غالب آجاتا ہی جو اوسکی حال کی مناسب ہو اگر اوسپر صفات شیطانی غالب ہوئین

يميل الى الشر ويجرى على جوارحه بسابق القضاء ما هو سبب لبعده من الله تعالى وان كان الغالب عليه الصفات الملكية
تو شر کی طرف متوجہ ہوا اور اوسکی اعضا سی بسبب سابقہ تقدیر کی وہ ہی ہوتا ہی جو اللہ تعالی سی دور ڈالدی اور اگر اوسپر صفات ملکی غالب ہوئین

يميل الى الخير ويظهر على جوارحه بسابق القضاء ما هو سبب لقربه من الله تعالى وهذه الطاعات والمعاصى اذا ظهرت تكون
تو خیر کیطرف جہکتا ہی اور اوسکی جوارح سی بسبب سابقہ تقدیر کی وہ ہی عمل مین آتا ہی جس سی قرب الہی حاصل ہو اور یہہ طاعات اور معاصی جب ظاہر ہوتی ہین

علامات يعرف بها سوابق القضاء والقدر وهى انما تظهر من خزائن الغيب بواسطة خزائن القلب فانه خزائن الملكوت
تو یہہ نشانیان ہین کہ انسی قضا اور قدر کا حکم معلوم ہوجاتا ہی اور طاعات اور معاصی خزانہ غیب سی بواسطہ خزانۂ دلکی ظاہر ہوا کرتی ہین کیونکہ دل خزانہ

فمن خلق للجنة يسرت له الطاعات واسبابها ومن خلق للنار يسرت لها المعاصى واسبابها فانه تعالى خلق الجنة وخلق
باطنی ہی پس جو شخص جنتی پیدا ہوا ہی اوسکو طاعات اور اسباب طاعات میسر ہوجاتی ہین اور جو شخص دوزخی پیدا ہوا ہی اوسکو معاصی اور اسباب معاصی سہل ہوجاتی ہین

لها اهلا فاستعملهم بالطاعات وخلق النار وخلق لها اهلا فاستعملهم بالمعاصى ثم عرف للخلق علامة اهل الجنة واهل النار
بیشک اللہ تعالی نی جنت پیدا کیا اور جنتی پیدا کرکر طاعات مین لگادئی ہین اور دوزخ پیدا کیا اور دوزخی پیدا کرکر معاصی مین لگادئی ہین پہر خلقت کو نشانی جنتی اور

فقال ان الابرار لفى نعيم وان الفجار لفى جحيم نسال الله تعالى ان يجعلنا من اهل الجنة ولا يجعلنا من اهل النار المجلس
دوزخی کی بتادی ہی فرمایا بیشک نیک لوگ آرام مین ہین اور بیشک گنہگار دوزخ مین ہین الہی ہمکو جنتی کرنا اور نہ گردان ہمکو اہل نار مجلس

الرابع والتسعون فى بيان ظهر الاسلام غريبا وسيعود غريبا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم بدأ
چورانوین اس بیان مین کہ اسلام غریب شروع ہوا تہا اور پہر ہوجاویگا جیسا ظاہر ہوا تہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا اسلام ابتدا مین

الاسلام غريبا وسيعود غريبا كما بدأ فطوبى للغرباء هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابو هريرة ومعناه ان
غریب شروع ہوا تہا پہر غریب ہوجاویگا جیسی شروع ہوا تہا اب غریبون کو خوشی ہووی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین سی ابو ہریرہ کی روایت سی

الاسلام فى ابتدائه ظهر فى احاد من الناس وقلة منهم ثم انتشر وشاع وصار قويا وبعد ذلك سيلحقه النقص والاختلال
اسکی معنی یہہ ہین کہ اسلام ابتدا مین کسی کسی آدمی سی ظاہر ہوا اور بہت تہوڑا پہر پہیل گیا اور مشہور ہوا اور قوی ہوگیا اور بعد اسکی پہر اوسپر نقصان اور خلل آویگا

حتى لا يبقى الا فى احاد من الناس وقلة منهم وهم الغرباء وقد جاء تفسير الغرباء فى حديث اخر انهم النزاع من القبائل يعنى
یہان تک کہ نہین رہیگا مگر کسی کسی مین بہت تہوڑا یعنی غربا مین اور غربا کی تفسیر ایک اور حدیث مین یون آئی ہی کہ وہ تہوڑی ہین قبیلون مین سی یعنی

انہم الذین کانوا قلیلا فلا یوجد فی کل قبیلۃ منہم الا الواحد او الاثنان بل لا یوجد واحد منہم فی القبائل والبلدان
یہہ وہ لوگ ہین جو تہوڑی تہی سو ہر قبیلہ مین ایک ہی تہی سوا ایک یا دو کی نہین ہوتی بلکہ ایک ہی انہین کا قبیلون اور شہرون مین نہین ہوگا

کما کان کذلک فی اول الاسلام وفی حدیث اخر انہم الذین یصلحون اذا فسد الناس یعنی انہم قوم صالحون عاملون بالسنۃ
جیسی اول اسلام مین نہین تہی اور ایک اور حدیث مین ہی کہ یہہ وہ لوگ ہین جو بہلائی کرتی ہین جب لوگ بگڑ جاتی ہین مراد یہہ ہی کہ وہ اصلاح پر ہین سنت پر عمل کرتی ہین

فی زمن فساد الناس وفی حدیث اخر انہم الذین یصلحون ما افسدہ الناس بعدی من سنتی فہؤلاء ہم الغرباء الممدوحون
جس زمانہ مین لوگ فساد کرتی ہین اور ایک اور حدیث مین ہی کہ یہہ وہ لوگ ہین جو درست کرینگی جو کہ اور لوگ میری بعد میری سنت کو بگاڑ ڈالینگی سو یہہ جماعت غربا کی ہی

المغبوطون ولقلتہم فی الناس جدا سموا غرباء وہم قسمان احدہما من یصلح نفسہ عند فساد الناس والثانی من یصلح
جسکی مدح ہوئی اور اونکی سی مرتبہ کی آرزو ہوگی اور چونکہ یہہ لوگ بہت کمتر ہین تو انکا نام غربا ہوا انکی دو قسم ہین ایک تو وہ جو اپنا حال درست کرلی جب لوگ بگڑ جاوین دوسری قسم کا وہ

ما افسدہ الناس من السنۃ وہو اعلی القسمین وہم القائمون بوظیفۃ الامر بالمعروف والنہی عن المنکر فہؤلاء اقل الناس
جو اور لوگون کی بگاڑی ہوئی سنت کو درست کرین اور یہہ دونون مین اعلی درجہ کی ہین یہہ ہی لوگ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی وظیفہ پر قایم ہونگی سو یہی لوگ

فی اخر الزمان ولذلک وصفوا بالغربۃ لقلتہم کما جاء فی بعض الروایات انہم قوم صالحون قلیل فی قوم سوء کثیر من
آخر زمانہ مین بہت کمتر ہونگی اور اسہی لئی غربت انکا وصف ٹہرا ہی کیونکہ قلیل ہین چنانچہ بعضی روایات مین آیا ہی کہ وہ لوگ صالح ہین اور کمتر بری قوم کی اندر

یبغضہم اکثر ممن یطیعہم وفی ہذا اشارۃ الی قلتہم وقلۃ المستجیبین لہم وکثرۃ المخالفین لہم والعاصین لامرہم وہذا
جو بہت ہون اونکی بدخواہ بہ نسبت اطاعت کرنیوالون کی بہت زیادہ اور اسمین اونکی اور انکی توابع کی قلت کا اور دشمنون کی اور نافرمانون کی کثرت کا اشارہ ہی اور اس

الفضل العظیم الموعود لاہل الغربۃ انما ہو لغربتہم بین الناس وتمسکہم بالسنۃ بین ظلم الاہواء فاذا رای المؤمن ما کان
فضل بزرگ کا جو اہل غربت کی لئی وعدہ ہوا ہی تو اسہی لئی کہ وہ لوگ سب لوگون مین غریب ہین اور ہوا و ہوس کی تاریکی مین وہ سنت کو پکڑتی ہین پس جب کوئی مؤمن اس زمانہ کی لوگون کا

علیہ الناس فی ہذا الزمان من البدع والضلالات وعدولہم عن الصراط المستقیم الذی کان علیہ رسول اللہ علیہ السلام
حال دیکہی یعنی بدعتین اور بی راہیان اور سیدہی راہ سی الگ چلنا جسپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

واصحابہ ودعاہم الیہ وقدح فیما ہم علیہ من المنکرات فہناک تقوم قیامتہم وینصبون لہ الحبائل ویجلبون
اور اوسکی اصحاب ہتی اور اونکو اوس راہ مستقیم پر بلائی اور اونکی عمل منکرات کو توڑی پس اوس وقت اونمین قیامت برپا ہوگی اور اوس مؤمن کی لئی جال بچہاوینگی اور اوسپر

علیہم بخیلہم ورجلہم فہو غریب فی دینہ لفساد ادیانہم غریب فی تمسکہ بالسنۃ لتمسکہم بالبدع غریب فی اعتقادہ
اپنی سوار اور پیادی چڑہاوینگی اب وہ شخص اپنی دین مین غریب ہی کیونکہ اونکی دین سب فاسد ہین اور یہہ شخص سنت سی تمسک کرنی مین غریب ہی کیونکہ وہ سب لوگ بدعتون سی

لفساد عقائدہم غریب فی طریقہ لفساد طرقہم غریب فی معاشرتہ معہم لانہ لا یعاشرہم فیما تہوی نفوسہم وبالجملۃ
تمسک کرتی ہین اپنی اعتقاد مین غریب ہی کیونکہ اونکی عقائد فاسد ہین اپنی طریق مین غریب ہی کیونکہ اونکی سب طریق فاسد ہین اونکی ساتہہ گذران مین غریب ہی کیونکہ اونکی ساتہہ نہین

فہو غریب فی امور دنیاہ واخرتہ لا یجد مساعدا ولا معینا وقد قال اللہ تعالی تعاونوا علی البر والتقوی ولا تعاونوا
کہ وہ تمام امور دنیا مین اور اخروی مین غریب ہی نہ اوسکا کوئی مددگار ہی اور نہ کوئی معین اور بی شک اللہ تعالی فرماتا ہی آپسمین مدد کرو نیک کام پر اور پرہیزگاری پر اور مدد نکرو

علی الاثم والعدوان فہو عالم بدینہ بین قوم جاہلین بدینہم صاحب سنۃ بین اہل بدع داع الی اللہ تعالی ورسولہ
گناہ پر اور زیادتی پر پس وہ ہی ایک ایسی قوم مین جو اپنا دین نہین جانتی اپنی دین کا عالم ہی بدعتیون مین صاحب سنت ہی اللہ اور اوسکی رسول کی طرف

بین دعاۃ الی البدع والضلال امر بالمعروف ناہ عن المنکر بین قوم المعروف عندہم منکر والمنکر معروف ولہذا قال النبی علیہ السلام
بلاتا ہی اوس قوم مین جو بدعتون اور گمراہیون پر بلاتی ہین امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتا ہی اون لوگون مین کہ معروف اونکی عندیہ مین بری اور بد اونکی عندیہ مین نیک

یاتی علی الناس زمان الصابر فیہم علی دینہ کالقابض علی الجمر فانہ علیہ السلام بین فی ہذا الحدیث ان الذی یاخذ النار
لوگون پر ایک زمانہ آویگا کہ اونمین دین پر صبر کرنیوالا ایسا ہی جیسی ہاتہہ مین چنگاری ہوئی بیشک نبی علیہ السلام نی اس حدیث مین بیان فرمایا کہ جو شخص ہاتہہ مین آگ لیوی

بالکف کما لا یمکنہ الاخذ بالسہولۃ الا بالصبر الشدید فکذلک من یتمسک بالسنۃ ویعمل بہا فی اخر الزمان لا یمکنہ المحافظۃ
جیسی اوسکو آگ کا لینا بدون سخت صبر کی سہل نہین ہی ایسی ہی وہ جو سنت سی تمسک کرتا ہی اور سنت پر عمل کرتا ہی آخر زمانہ مین اوسکو دین کی محافظت

علی دینہ بالسہولۃ الا بالصبر الشدید ولذلک کان اجرہ کثیرا کما قال النبی علیہ السلام من تمسک بسنتی عند فساد
بدون بڑی صبر کی سہل نہین ہی اسہی واسطی اوسکا ثواب بہی بہت بڑا ہی چنانچہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو شخص میری سنت کو اختیار کری جب میری امت

امتی فلہ اجر مائۃ شہید وروی عن ابی امامۃ انہ علیہ السلام قال ان لکل شئ اقبالا وادبارا وان من اقبال الدین ما کنتم
فاسد ہوجاوی تو اوسکی ہی سو شہید کا ثواب ہی اور ابو امامہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ہر شی کا اقبال ہوتا ہی اور ادبار اور بیشک دین کا اقبال یہہ ہی

علیہ من العمی والجہالۃ وما بعثنی اللہ بہ وان من اقبال الدین ان تفقہ القبیلۃ باسرہا حتی لا یوجد فیہا الا الفاسق
کہ تم سب اندہی اور جاہل تہی مجہکو اللہ نی بہیجا اور اقبال دین کا یہہ ہی کہ تمام قبیلہ دانا ہوگیا یہان تک کہ اوسمین فاسق سوای ایک

والفاسقان فہما مقہوران ذلیلان وان من ادبار الدین ان تجفو القبیلۃ باسرہا حتی لا یری فیہا الا الفقیہ او الفقیہان
یا دو کی نہین ہی سوئی مغلوب اور خوار اور دین کا ادبار یہہ ہی کہ تمام قبیلہ مین ڈہونڈہو تو اوسمین سوای ایک یا دو فقیہون کی نہ ملی

وہما مقہوران ذلیلان لا یجدان علی ذلک اعوانا ولا انصارا فانہ علیہ السلام وصف المؤمن العامل بالسنۃ الفقیہ
اور وہ بہی مغلوب اور خوار اس حال پر نہ پاوینگی کوئی مددگار اور نہ یار پس نبی علیہ السلام نی مؤمن کا وصف جو سنت پر عمل کری دین کا فقیہ ہو

فی الدین بانہ یکون فی اخر الزمان عند الناس مقہورا ذلیلا لا یجد معینا ولا نصیرا ولذلک قال الثوری اذا رایت العالم
یہہ بیان کیا کہ وہ آخر زمانہ مین جب تمام لوگ فاسد ہوجاوینگی مغلوب ہوگا اور خوار نہ معین پاویگا اور نہ مددگار اور اسہی لئی ثوری نی کہا ہی جب تم دیکہو کہ عالم کی

کثیر الاصدقاء فاعلم انہ مخلط لانہ ان نطق بالحق ابغضوہ وعن کعب الاحبار انہ قال لیاتینکم زمان تکرہ فیہ الموعظۃ
بہت دوست ہین تو سمجہلو کہ وہ خالص نہین ہی کیونکہ اگر وہ حق بولتا تو اوسکی سب دشمن ہوجاتی اور کعب احبار سی روایت ہی کہ اونہون نی کہا البتہ تمپر ایک ایسا زمانہ آویگا

حتی یختفی المؤمن بایمانہ کما یختفی الفاجر بفجورہ ویعیر المؤمن بایمانہ کما یعیر الفاجر بفجورہ وانما یعظم ذل المؤمن فی
یہان تک کہ مؤمن اپنا ایمان لیکر ایسی چہپتا پہریگا جیسی بدکار بدکاری لیکر چہپتا ہو اور مؤمن اپنی ایمان مین مطعون ہوگا جیسی بدکار فجور سی مطعون ہوتا ہی اور مؤمن کی ذلت آخر

اخر الزمان لکثرۃ اہل الفسق والظلم والبدع ویکون بینہم غریبا کلہم یکرہونہ ویؤذونہ لمخالفۃ طریقہ لطریقہم
زمانہ مین اسہی لئی بڑہ جاویگی کہ فاسق اور ظالم اور بدعتی بہت ہوجاوینگی اور وہ اونمین تنہا ہوویگا سب کی سب اوسکی تحقیر کرکر ایذا دینگی کیونکہ اوسکا رستہ

ومباینۃ مقصودہ لمقصودہم وعدم موافقتہ لہم فیماہم علیہ لاسیما ان امرہم بمعروف ونہاہم عن منکر کما قال حذیفۃ
اونکی رستہ سی مخالف اور اوسکا مقصود اونکی مقصود سی الگ ہوویگا اور اونکی چال چلن کی موافق نہین ہوگا خاص کر اوس وقت کہ معروف کا اونکو حکم اور برائی سی اونکو منع کری

الیمانی یاتی علی الناس زمان یکون فیہم جیفۃ حمار احب الیہم من مؤمن یامرہم بالمعروف وینہاہم عن المنکر وروی عن ابن عباس
بن الیمان نی کہا ہی کہ لوگون پر ایسا زمانہ آویگا کہ اونکو مردار گدہا زیادہ محبوب ہوگا ایسی مؤمن سی کہ اونکو نیک بات بتادی اور گناہ سی بند کری اور ابن عباس سی

انہ علیہ السلام قال یاتی علی الناس زمان یذوب فیہ قلب المؤمن کما یذوب الملح فی الماء قیل بم ذلک یارسول اللہ قال
روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ لوگون پر ایسا زمانہ آویگا کہ مؤمن کا دل ایسا گہل جاویگا جیسی پانی مین نمک گہل جاتا ہی کسینی عرض کیا کسلئی یارسول اللہ فرمایا

مما یری من المنکر فلا یستطیع تغییرہ فان من السلف من رای منکرا فلم یقدر علی ازالتہ فبال دما ومنہم من مرض
اسلئی کہ منکرات دیکہیگا اور بدل نہ سکیگا بیشک بعضی متقدمین نی منکر کو دیکہا اور ممانعت کی قدرت نہین ہوئی تو خون موتنی لگا اور بعضا مدت

ایاما وقد قال النبی علیہ السلام اشد الناس بلاء الانبیاء ثم الصالحون فکما ان الانبیاء لم یخلو عن الابتلاء بالجاحدین
اور بیشک نبی علیہ السلام نی فرمایا تمام لوگون سی زیادہ بلاء مین انبیاء ہین پہر صلحاء سو جیسی انبیاء منکرون کی ابتلاء سی خالی نہین ہوتی

کذلک لا یخلو العلماء والصلحاء والامرون بالمعروف والناہون عن المنکر عن الابتلاء بالمصرین علی المعاصی فان من
ایسی ہی علماء اور صلحاء اور معروف کی امر کرنیوالی اور منکرات سی روکنی والی اون لوگون کی ابتلاء مین ہین جو معاصی پر اڑی ہوئی ہین بیشک جو شخص

امر بالمعروف ونهى عن المنكر في هذا الزمان يكون قائما بالركن الاعظم في الدين والمهم الذي بعث الله به جميع
اس زمانہ میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرے تو گویا دین کا بڑا ہی رکن سنبھال رکھا ہے اور بڑا ضروری کام جسکی لئے اللہ تعالی نے تمام مرسلین کو بھیجا ہے

المرسلين ولذلك قال النبي عليه السلام من امر بالمعروف ونهى عن المنكر فهو خليفة الله في ارضه وخليفة
اور اسی لئے نبی علیہ السلام نے فرمایا جسنے امر بالمعروف کیا اور منکر کی ممانعت کی تو وہ زمین میں اللہ کا خلیفہ اور اوسکی کتاب

كتابه ورسوله وانما كان كذلك لان الانبياء ما بعثوا الا للامر بالمعروف والنهي عن المنكر وذلك وظيفتهم التي
اور رسول کا خلیفہ ہے اور یہہ درجہ اسلئے ہے کہ انبیاء اسی واسطے بھیجی گئے ہیں کہ نیک بات بتادیں اور بدی سے منع کریں اور یہہ ہی اونکا وظیفہ ہے جو

جاءوا بها فمن تبعهم فيها وامر ونهى يكون نائبا عنهم في هذا الامر العظيم وتلي منزلته منزلتهم في هذا الخطب الجسيم
لیکر آئے ہیں پھر جو شخص انکا تابع ہوا اس باب میں اور امر کیا اور نہی کی تو اس امر عظیم میں انکا نائب ہوا اور اسکا مرتبہ اونکے مرتبہ سے اس کار بزرگ میں قریب ہوجاویگا

كما اشير اليه في قوله تعالى ان الذين يكفرون بايت الله ويقتلون النبيين بغير حق ويقتلون الذين يامرون
چنانچہ اسکا اشارہ اس آیت میں ہے جو لوگ منکر ہیں اللہ کی آیتوں سے اور مار ڈالتے ہیں نبیوں کو ناحق اور مار ڈالتے ہیں جو کوئی کہے

بالقسط من الناس فبشرهم بعذاب اليم فانه تعالى ذكر الذين يامرون بالعدل بعد الانبياء في الترتيب وقد
انصاف کو لوگوں میں سے سو انکو خوشخبری سنا دکھ والی مار کی سو اس نے اون لوگوں کا جو عدل کا حکم کرتے ہیں بعد انبیاء کی ترتیب سے ذکر کیا اور اس

ذكر في تفسير هذه الاية انه عليه السلام قال قتل بنو اسرائيل ثلثة واربعين نبيا في اول النهار في ساعة واحدة
آیت کی تفسیر میں مذکور ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ بنی اسرائیل نے تینتالیس نبی اول روز ایک ساعت میں قتل کئے پھر

فقام مائة واثنا عشر رجلا من عباد بني اسرائيل فامروهم بالمعروف ونهوهم عن المنكر فقتلوهم جميعا في اخر
ایک سو بارہ شخص بنی اسرائیل کی عابد مستعد ہوئے اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنا شروع کیا سو آخر وقت اون سبکو قتل کیا

النهار وهم الذين ذكرهم الله تعالى في قوله ويقتلون الذين يامرون بالقسط من الناس فان اهل الدين من الامرين
یہہ وہ لوگ تھے جنکا ذکر اللہ تعالی نے اس آیت میں کیا اور مار ڈالتے ہیں جو کوئی کہے انصاف کو لوگوں میں سے بیشک دیندار امر با معروف

بالمعروف والناهين عن المنكر قلما ينفك عن ضروب الاذى وانواع البلاء بالاخراج من البلاد والسعاية
اور نہی عن المنکر کرنیوالے اقسام تکلیفوں سے اور انواع بلیات سے بہت کم بچتے ہیں شہر والے انکا نکالتے ہیں

الى السلاطين والحكام والشهادة عليهم بالكفر والخروج عن الدين ونسبتهم الى ما يوجب فسقهم من البدع والمعاصي
سلاطین اور حکام کی پاس اونکی چغلی کہاتے ہیں اور ان پر کفر کی اور دین سے نکل جانیکی گواہی دیتے ہیں اور ایسے امور کی نسبت کر دیتے ہیں جسمیں اونکا فسق ہوجاتا ہے

وغير ذلك مما هو خير لهم في الدنيا والاخرة فعلى هذا ينبغي للامر بالمعروف والناهي عن المنكرات يوطن نفسه على الصبر
ہو جاتی بدعتیں اور معاصی وغیرہ جو کہ اونکی حق میں دنیا اور آخرت میں بہتر ہے سو اس بنا پر لائق ہے جو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرے سو وہ اپنے دلکو لازم ہے

على ما يصيبه من اذى الخلق لانه تعالى قد ذكر الصبر في مواضع من كتابه وامر به في بعضها وقال يايها الذين
کہ خلقت کی ہاتھ سے جو تکلیف پہنچی اوسپر خوب صبر کری اسلئے کہ اللہ تعالی نے صبر کو اپنی کتاب میں کئی جگہہ ذکر کیا ہے اور بعضی جگہہ صبر کا حکم فرمایا اے ایمان والو

امنوا اصبروا وصابروا ورابطوا واتقوا الله لعلكم تفلحون وقال في اية اخرى واصبروا ان الله مع الصبرين
ثابت رہو اور مقابلہ میں مضبوطی کرو اور لگے رہو اور ڈرتے رہو اللہ سے شاید تم مراد کو پہنچو اور ایک اور آیت میں فرمایا اور ٹھہرے رہو اللہ ساتھ ہے ٹھہرنیوالوں کی

وقد جمع الله تعالى للصابرين من الاجور ما لم يجمعها لغيرهم وقال اولئك عليهم صلوت من ربهم ورحمة و
اور اللہ نے صبر کرنیوالوں کی لئے اتنا ثواب جمع کیا ہے جو اوروں کی لئے جمع نہیں کیا اور فرمایا ایسی لوگ اون ہی پر شاباشیں ہیں اپنی ربکی اور مہربانی اور

اولئك هم المهتدون قال العلماء كفى بالصبر اجرا ان الاعمال كلها تضاعف بعشر امثالها الى سبعمائة الا
وہ ہی ہیں راہ پر علماء کہتے ہیں صبر کا یہہ ہی اجر بہت ہے کہ تمام اعمال دس گونہ ہوجاتی ہیں سات سو تک سوا

الصبر فان اجره يوفي بغير حساب كما قال الله تعالى انما يوفي الصابرون اجرهم بغير حساب وقد جاء الامر
صبر کی کہ اسکا ثواب بے حساب ہے چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہے صبر والوں ہی کو ملتا ہے انکا نیگ ان گنت اور بیشک صبر کا حکم

بالصبر مقارنا بالامر بالمعروف والنهي عن المنكر مصرحا في قوله تعالى وأمر بالمعروف وانه عن المنكر واصبر على ما
امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے ساتھہ اس آیت میں صاف ہوا ہے اور سکہلا بھلی بات اور منع کر برائی سے اور سہار جو

اصابك ان ذلك من عزم الامور وفي هذه الاية اشارة الى ان من يامر بالمعروف وينهى عن المنكر قد يؤذى فاذا
تجھ پر پڑے بیشک یہہ ہیں ہمت کی کام اور اس آیت میں یہہ اشارہ ہے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنیوالی کو تکلیف دیتے ہیں جب

اوذي يجب عليه ان يصبر ويعلم ان ما يجري عليه من اذى الخلق فهو بمشية الله تعالى وقضائه وقدره فيراه كالتاذي
اسکو تکلیف دیں تو اسکو واجب ہے کہ صبر کرے اور سمجھے کہ جو اسپر خلقت کیطرف سے تکلیف گذرتی ہے سو موافق مشیت اور قضا اور تقدیر الہی کی ہے سو اسکو ایسا سمجھے جیسی

بالحر والبرد والمرض فاذا شاهد هذا يستريح ويتيقن ان ذلك كائن لا محالة لان ما شاء الله تعالى يكون ويجب وجوده
تکلیف گرمی جاڑے کی یا بیماری کی جب یہہ سمجھیگا تو رنج نہو دیگا اور یقین کریگا کہ یہہ تکلیف بالضرور ہونی ہی تھی کیونکہ جو اللہ چاہتا ہے ہوکر رہتا ہے اوسکا ہونا ضروری

وما لم يشأ لا يكون بل يمتنع وجوده فليس للجزع منه وجه بل لا بد له فيه من الصبر لان من لا يصبر على ما يصيبه
اور جو نہیں چاہتا ہرگز نہیں ہوتا بلکہ اوسکا ہونا محال ہے اب گھبراہٹ کی کوئی وجہ نہیں ہے بلکہ اسمیں صبر ضروری ہے اسلئے کہ جو شخص مصیبت پر بالاختیار صبر نہیں کرتا

اختيارا وهو محمود يصبر على اكثر منه اضطرارا وهو مذموم فينبغي له ان يصبر ويترك الانتقام لانه ان لم يترك
حالانکہ محمود ہے تو وہ اوس سے بڑی مصیبت پر لاچار ہوکر صبر کرتا ہے اور یہہ مذموم ہے سو یہہ ہی چاہئے کہ صبر کرکے انتقام کی درپے نہو اسلئے کہ اگر انتقام معاف

الانتقام بل اشتغل به يعقبه الخوف والذل والندامة اذ يحصل بسببه العداوة والعاقل لا يامن من عدوه ولو كان
نکریگا بلکہ انتقام میں مصروف ہوویگا تو اوسکے بعد خوف اور ذلت اور ندامت ہوویگی اسلئے کہ عداوت پیدا ہو جاتی ہے اور مرد عاقل دشمن سے اگرچہ حقیر ہووے نڈر نہیں رہا کرتا

حقيرا فاذا غفر وعفى ولم يشتغل بالانتقام يامن من حصول العداوة ويتحرز من وقوع الندامة مع ان في العفو
اور اگر بخشدیگا اور معاف کردیگا اور انتقام پر متوجہ نہوگا تو عداوت سے کچھہ خوف نہوگا اور ندامت سے بھی بچیگا باوجودیکہ عفو میں

عزة اذ قد صح انه عليه السلام قال ما زاد الله عبدا يعفو الا عزا بل ينبغي له ان يقابله بالاحسان اليه لانه قد
بڑی عزت ہے اسلئے کہ ثابت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ تعالی معاف کرنیوالے بندہ کو عزت ہی دیتا ہے بلکہ اوسکو چاہئے کہ اوسپر کچھہ احسان کردے کیونکہ اوسنے

اهدى اليه حسناته ونقلها من صحيفته الى صحيفة نفسه ويرى ان اساءته اليه نعمة من الله تعالى عليه حيث
اپنی حسنات تحفہ دی ہیں اور اپنی نامہ اعمال میں سے اوسکی نامہ اعمال میں بدل دی ہیں اور یہہ سمجھے کہ میری ساتھہ اسکی برائی میری حق میں اللہ کی نعمت ہے کیونکہ

جعله مظلوما يرتقب النصر في الدنيا والاجر في العقبى ولم يجعله ظالما يرتقب المقت في الدنيا والاخرة والعاقل لو
مجھکو مظلوم بنایا کہ دنیا میں اوسکی لئے نصرت ہے اور عقبی میں ثواب اور ظالم نہیں بنایا کہ دنیا اور آخرت میں ہلاکت ہوتی اور جس عاقل کو

خير بين هاتين الحالتين لاختار ان يكون مظلوما لان ما يصيبه من اذى الخلق تكون كفارة لخطاياه اذ لا يصيب
ان دونو حالت کا اختیار دیں تو البتہ مظلومیت کو پسند کرے اسلئے کہ اسکو جو تکلیف خلقت سے پہنچی ہے اوسکی گناہوں کا عوض ہوویگا کیونکہ مومن کو

المؤمن هم ولا غم ولا اذى الا كفر الله تعالى به من خطاياه وذلك في الحقيقة دواء يستحسن به ادواء الخطايا لان ما
جو ہم یا غم یا کوئی تکلیف ہوتی ہے تو اللہ تعالی اوسکی بدلہ اوسکی گناہ اوتار دیتا ہے اور حقیقت میں یہہ اوسکی دوا ہے کہ اسکی گناہوں کی دکھہ نکلتے ہیں کیونکہ

يصيبه من اذى الخلق يكون له كالدواء المر الكريهة فينبغي له ان لا ينظر الى مرارة الدواء وكراهته ولا الى من
اسکو جسقدر خلقت سے تکلیف ہوگی گویا وہ بیمار دوا ہے سو یوں چاہئے کہ دوا کی تلخی اور بدمزگی پہ نظر نہ کرے اور نہ اوسپر جسکی طرف سے آتی ہے

يصل اليه من جهته بل ينبغي له ان ينظر الى نفعه ووصوله اليه من جهة من ينفعه بمضرته المجلس الخامس
بلکہ یوں چاہئے کہ نفع پہ نگاہ کرے اور جسکی طرف سے آئی وہ اپنی مضرت سے فائدہ دیتا ہے پچانویں مجلس

والتسعون فی بیان نعمۃ الصحۃ والفراغ وبیان مغبونیۃ صاحبہما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
اس بیان مین کہ تندرستی اور فراغت نعمت ہی اور اس بیان مین کہ صحت اور فراغت والیکو کیا غبن ہوتا ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا
وسلم نعمتان مغبون فیہما کثیر من الناس الصحۃ والفراغ ہذا الحدیث من صحاح المصابیح رواہ ابن عباس
دو نعمتین ہین کہ اونمین اکثر لوگ خسارہ ہی اوٹھاتی ہین تندرستی اور فراغت یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی ابن عباس کی روایت سی
ومعناہ ان الصحۃ والفراغ نعمتان عظیمتان لکن لا یعرف کثیر من الناس قدرہما ما داموا فیہما حیث لا یعملون
اسکی یہہ معنی ہین کہ تندرستی اور فراغت دو بڑی نعمتین ہین پر اکثر لوگ انکی قدر نہین جانتی جبتک تندرست اور فارغ رہتی ہین کیونکہ نہ اعمال صالح
الصالحات ولا یتہیأون لیوم الممات فان الانسان فی حال صحتہ یقدر علی کسب الخیرات ببدنہ ومالہ
کرتی ہین اور نہ موت کی دن کا کچھہ سامان کیونکہ انسان تندرستی کی حالت مین اپنی بدن اور مال دونو سی خیرات حاصل کرسکتا ہی
واذا مرض یضعف بدنہ عن العمل ویقصر یدہ عن مالہ فیما زاد علی الثلث فلا یقدر علی الطاعۃ ببدنہ ولا بمالہ
اور جب بیمار ہوا تو بدن تو عمل سی تھکا رہتا ہی اور ہاتھہ تہائی مال کی زیادہ سی کوتاہ ہوجاتا ہی اب نہ بدن کو طاعت پر قدرت ہوتی ہی اور نہ
التصرف فی مالہ الا مقدار ثلثہ فینبغی لہ ان یغتنم صحتہ ویجتہد فی اکتساب الخیرات ببدنہ ومالہ وکذا فی
مال پر قابو سوای تہائی حصہ کی سو لایق یہہ ہی کہ اب صحت کو غنیمت جان کر بدن اور مال سی خیرات کرلی اور ایسی ہی
حال فراغ یقدر علی الطاعۃ بلا مانع فاذا ابدل الفراغ بالاشتغال یظہر الموانع فلا یقدر علی الطاعۃ فان
فراغت مین طاعت پر بی روک ٹوک قدرت ہوتی ہی پہر اگر فراغت کی بعد دہندی مین لگ گیا تو موانع پیدا ہوجاوینگی پہر طاعت کا اختیار کہان رہتا ہی کیونکہ
الانسان قد یکون صحیحا لکن لا یکون متفرغا بل یکون مشتغلا بامر المعاش وقد یکون مستغنیا لکن لا یکون
انسان کبہی بہلا چنگا ہوتا ہی لیکن فارغ نہین ہوتا بلکہ کمائی کی کاربار مین لگا ہوتا ہی اور بعضی وقت تونگر ہوتا ہی پر تندرست نہین ہوتا
صحیحا فاذا اجتمع فیہ الصحۃ والفراغ فغلب علیہ الکسل عن الطاعۃ فہو مغبون بیان ذلک ان الدنیا مزرعۃ
اور جب اوسکو صحت اور فراغت دونو ہون پہر سستی کی مدی طاعت نکری تو وہ ٹوٹی مین ہی اسکا بیان یہہ ہی کہ دنیا آخرت کی کہیتی
الاخرۃ وفیہا التجارۃ التی یظہر ربحہا فی الاخرۃ فمن استعمل فراغہ وصحتہ فی طاعۃ اللہ تعالی فہو المضبوط لان
ہی اور دنیا مین ایسی تجارت ہوتی ہی جسکا فائدہ آخرت مین ملتا ہی پہر جسنی اپنی فراغت اور تندرستی کو اللہ تعالی کی عبادت مین صرف کیا تو وہ ضبط والا ہی
الفراغ یعقبہ الشغل والصحۃ یعقبہا السقم ومن استرسل فی الصحۃ مع نفسہ الامارۃ بالسوء الخالدۃ الی الراحۃ
کہ فراغت کی بعد کاربار لگجاتی ہین اور تندرستی کی بعد بیماری لگی ہوئی ہی اور جو شخص صحت مین ہمراہ نفس امارہ کی جو ہمیشہ آرام طلب ہی بی مہار پہرتا رہا
فترک المحافظۃ علی الحدود والمواظبۃ علی الطاعات یکون مغبونا وکذلک اذا کان فارغا فان المشغول قد یکون
اور نگہبانی حدود پر اور مداومت طاعات پر نکی تو وہ خسارہ اوٹہاویگا اور ایسی ہی اگر فارغ ہووی کیونکہ کاری کو بعضی وقت
لہ معذرۃ بخلاف الفارغ اذ یرتفع عنہ المعذرۃ ویقوم علیہ الحجۃ فینبغی لہ ان یغتنم فراغہ ویسعی فی
عذر ہوتا ہی برخلاف فارغ کی اسلئی کہ فارغ کو کوئی عذر نہین ہوتا اوسپر حجت قایم ہوتی ہی اب لایق یون ہی کہ فراغت کو غنیمت سمجہکر صالح اعمال مین
تحصیل الاعمال الصالحات ولا یضیع عمرہ فیما لا یعنیہ فان کل نفس من انفاس العمر جوہرۃ نفیسۃ لا قیمۃ لہا لانہا
خوب سعی کری اور عمر کو بیہودہ برباد نکری کیونکہ عمر مین سی ہر ہر دم ایک نفیس بی بہا جوہر ہوتا ہی اسواسطی
صالحۃ لان توصلہ الی سعادۃ الابد وتنقذہ من شقاوۃ السرمد فای جوہرۃ انفس من ہذہ الجوہرۃ فاذا ضیعہا
کہ اوسکی وسیلہ سی سعادت ابدی میسر ہوسکتی ہی اور ہمیشہ کی بدبختی سی بچ سکتا ہی پہر اس جوہر سی کونسا جوہر بہتر ہوگا پہر اگر اسکو غفلت مین کہو دیا
فی الغفلۃ قد خسر خسرانا عظیما واذا صرفہا الی المعصیۃ فقد ہلک ہلاکا مبینا فان عمر الانسان میدان الاعمال
تو بڑا ہی ٹوٹا اوٹہایا اور جب اسکو معصیت مین لگایا تو بیشک ظاہر مارا گیا کیونکہ آدمی کی زندگی صالح اعمال کی نی فراخ میدان ہی

الصالحة المقربة له من الله تعالى والموجبة له جزايل الثواب في يوم الحساب وهذه هي السعادة التي ليس
جو اللہ تعالی سی نزدیک اور قیامت کی دن بڑائی ثواب واجب کردی اور یہہ ہی وہ سعادت کہ انسان کی لئی

للانسان منها الا ما سعى كما قال الله تعالى وان ليس للانسان الا ما سعى فكل وقت يفوت من عمره خاليا من عمل صالح
اسمین سی وہ نہیں ہوتا ہی جو کر چکی چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی اور یہہ کہ آدمی کو وہ ہی ملتا ہی جو کمایا پہر جو دم زندگی کا عمل صالح سی خالی گذرتا ہی

يكون حسرة وندامة عليه يوم القيمة على ما جاء في الخبر ما من ساعة ياتي على العبد لا يذكر الله تعالى فيها الا كانت
وہ پہر قیامت کی روز افسوس اور ندامت ہوگی چنانچہ حدیث میں آیا ہی کہ جب آدمی پر ایسی ساعت گذرتی ہی کہ اوسمین اللہ کی یاد نہیں کرتا وہ ہی اوسپر

عليه حسرة وروي عن ابي هريرة انه عليه السلام قال ما من احد يموت الا ندم قالوا وما ندامته يا رسول
حسرت ہوگی اور ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو آدمی مرتا ہی سو نادم ہوویگا عرض کیا یا رسول اللہ ندامت کیا ہوگی

الله قال ان كان محسنا ندم ان لا يكون ازداد وان كان مسيئا ندم ان يكون نزع وروي عن ابن عباس انه قال
فرمایا اگر وہ نیکو کار ہی تو یوں نادم ہوگا کہ زیادہ کیوں نکیا اور اگر بد کار ہی تو یہہ ندامت ہوگی کہ اوسمین باز آتا اور ابن عباس سی روایت ہی

في تفسير النفس اللوامة ما من احد الا ويلوم نفسه يوم القيمة يلوم المحسن نفسه ان لا يكون ازداد احسانا ويلوم
کہ نفس لوامہ کی تفسیر میں کہا ہی جو کوئی ہی سو قیامت کی دن اپنی آپکو ملامت کریگا محسن تو اپنی آپکو یہہ ملامت کریگا کہ حسنات زیادہ کیوں نکئی اور بد کار

المسيئ نفسه ان لا يكون رجع عن اساءته فيا ايها العاقل لا تضيع عمرك في الغفلة فاجتهد في تحصيل امتعة الاخرة قبل
اپنی آپکو یہہ ملامت کریگا کہ بدی سی باز کیوں نہ آیا سو ای عاقل اپنی عمر غفلت میں مت کہو اور آخرت کا سامان حاصل کرنیمین کوشش کر اوس وقت سی پہلی

ان يجيء يوم لا تقدر على تحصيلها في ذلك اليوم فانك عن قريب تعاين ذلك اليوم فتندم على ما فات من عمرك في غير طاعة
کہ ایسا دن آجاوی کہ تو اوس روز کچہہ حاصل نہ کر سکیگا اور اب تو جلد اوس دن کو دیکہہ لیگا اور گذری ہوئی عمر پر جو رب کی عبادت سی خالی گئی ہی

ربك ولا ينفعك الندم فان العبد اذا كان في شغل من اشغال الدنيا وكان شغله يمنعه من العمل واحال ذلك العمل على فراغه
ندامت اوٹہائیگا اور ندامت سی کچہہ فائدہ نہوگا بیشک جب آدمی دنیا کی کسی دہندہ میں لگا رہتا ہی اور وہ مشغلہ عمل سی روک رکہی اور اوس عمل کو فراغت کی وقت پر ٹالتا ہی

وقال اذا فرغت عملت فذلك من حماقته من وجهين احدهما ايثار الدنيا على الاخرة وليس هذا من شان العقلاء قط
یعنی کہے کہ جب فرصت ہوگی تو کرونگا سو یہہ اوسکی حماقت ہی دو وجہ سی ایک دنیا کا اختیار کرنا آخرت پر یہہ عقلاء کی شان سی نہیں ہی

قال الله تعالى بل تؤثرون الحيوة الدنيا والاخرة خير وابقى وثانيهما تسويفه العمل الى اوان فراغه فانه قد لا يجد مهلة
اللہ تعالی فرماتا ہی کوئی نہیں تم آگی رکہتی ہو دنیا کا جینا اور پچہلا گہر بہتر ہی اور رہنی والا اور دوسری وجہ عمل کو فراغت کی وقت تک مہلت دینی رکہنا کیونکہ بعضی وقت

بل يختطفه الموت قبل فراغه او يزداد شغله لان اشغال الدنيا يستلزم بعضها بعضا فيبقى بلا زاد ليوم المعاد
فرصت نہیں ملتی بلکہ موت فرصت سی پہلی اچک لیتی ہی یا دہندہ بڑہ جاتا ہی کیونکہ دنیا کی کاروبار آپسمیں ملی ہوئی مسلسل ہوتی ہین پہر یہہ شخص معاد کی لئی خالی ہاتہہ رہ جاتا ہی

فالواجب على العبد ان يبادر الى الاعمال الصالحات على اي حال كان قبل وصول الموت وحصول الفوت لقوله تعالى
پس آدمی پر واجب ہی کہ اعمال صالحہ میں جلدی کری کیسا ہی وقت ہووی موت سی پہلی اور فوت ہونی سی آگی کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہی

وسارعوا الى مغفرة من ربكم وجنة عرضها السموات والارض اعدت للمتقين فان من تعلق قلبه بالدنيا و
اور دوڑو بخشش پر اپنی رب کی اور جنت پر جسکا پہیلاؤ ہی آسمان اور زمین تیار ہوئی ہی واسطی پرہیزگاروں کی بیشک جسکا دل دنیا میں الجہتا ہی اور

اخذ منها القدر الزائد على حاجته من الطعام والشراب واللباس يكون مضرة عليه الا ان يستعين به على
دنیا میں سی حاجت سی زیادہ کہانا پینا لباس حاصل کرچکتا ہی تو اسکی حق میں مضر ہوتی ہی ان اگر اوسی طاعت الہی کی استمداد لی

طاعة الله تعالى لان كل ما احبه الانسان وظفر به لا بد ان يفارقه فان كان احبه لغير الله تعالى يعذب
تو مضر نہیں کیونکہ جو چیز آدمی کو محبوب ہوتی ہی اور حاصل کرلیتا ہی تو بالضرور اوسی جدا ہوویگا اگر اوسکی محبت سواء اللہ کی اور وجہ سی تہی تو اوسکا فوت ہونا

به بفواته اذ يحصل له من الالم قدر ما تعلق به قلبه فان من معه ما يكفيه فهو فارغ القلب فلو وجد مائة
بہی عذاب ہووےگا اسلئی کہ دیتا ہی الم ہوتا ہی جتنا اوسکی دل کو لگاؤ ہوتا ہی کیونکہ جسکی پاس سرمایہ بقدر کفایت ہوتا ہی تو فارغ دل ہوتا ہی پہر اگر سو

دينار ينبعث من قلبه عشر شهوات يحتاج كل شهوة منها الى مائة دينار فلا يكفيه ما وجده بل يحتاج
اشرفیان اوسکو ہاتہہ لگ جاوین تو اوسکی دلین شہوت کی دس شاخین ایسی پیدا ہوتی ہین کہ ہر شہوت مین سو سو دینار کی حاجت ہووی اپس جو اتہہ آیا اتنا کافی نہین ہوا بلکہ

الى تسعمائة اخرى وقد كان قبل وجود المائة مستغنيا فالان وجدها وظن انه صار غنيا بها ولا يشعر انه
نوسو کی اور حاجت ہوتی ہی اور حال یون ہی کہ جب یہہ سو نہتی تو مستغنی تہا اب جو وہ پائی توگمان کرتا ہی کہ غنی ہوگیا اور یہہ نہین سمجہتا

صار محتاجا الى تسعمائة اخرى ليشترى دارا ويعمرها ويشترى جارية ولباسا فاخرا ولنفسه وكل منها
کہ نوسو کا اور محتاج ہوگیا تاکہ مکان خریدی یا چنوا دی اور لونڈی مول لیوی اور اوسکی اور اپنی لیی ستہری ستہری پوشاک بنلوا اور ہر ایک کی لیی

يستدعى ما يناسب ويليق به مما لا آخر له فيقع فى هاوية آخرها قعر جهنم ولا آخر لها سواه وقد حكى ان واحدا
لوازم جو اوسکی مناسب اور لایق ہو بیشمار چاہین سو یہہ ایسی گڑہی مین گرتا ہی جسکا انجام دوزخ کا گہراو ہی سوا اوسکی کوئی انتہا نہین ہی اور حکایت ہی کہ ایک

من الملوك حمل اليه قدح من فيروزج وكان ذلك القدح مرصعا بالجواهر ولم ير مثله ففرح به الملك فرحا شديدا
بادشاہ کی پاس فیروزہ کا پیالہ آیا اور اوسمین جواہرات جڑی ہوئی تہی اوسکی مثل دیکہی مین نہین آیا تہا بادشاہ اوسی بہت خوش ہوا

وكان عنده حكيم فقال له الملك كيف ترى ذلك قال اراه عليك مصيبة وفقرا قال كيف قال لان كل ما يملكه
اور اوسکی پاس ایک حکیم تہا بادشاہ نی فرمایا حکیم جی تم کہو کیسا ہی عرض کیا مجہکو تو تیری حق مین مصیبت اور فقر معلوم ہوتا ہی کہا کیونکر عرض کیا اسلئی کہ انسان کی ملک

الانسان فى الدنيا لا يدوم فهذا القدح ان ضاع او انكسر تصير محتاجا اليه ولا يوجد مثله ويكون عليك مصيبة
دنیا مین جو ہوتی ہی ہمیشہ نہین رہتی پہر یہہ پیالہ اگر جاتا رہا یا ٹوٹ گیا تو تمکو اسکی حاجت ہووےگی اور ایسا نہین ملیگا تو تمپر ایسی مصیبت ہووےگی

لا جبر لها وقد كنت قبل ان يحمل اليك فى امن من المصيبة والفقر ثم فى يوم من الايام قد اتفق ان القدح قد انكسر فعظمت
جسکا کچہہ علاج نہین ہی اور بیشک تم اسکی پہلی کہ یہہ پیالہ تمہاری پاس آوی مصیبت اور احتیاج سی امن مین تہی پہر ایک روز اتفاقا وہ پیالہ ٹوٹ گیا تو

فيه مصيبة الملك وقال ما قال الحكيم كان حقا ليته لم يحمل الى وامثال هذه المصيبة بل اعظم منها تنزل بكل
بادشاہ کو بڑا ہی رنج ہوا اور کہا حکیم جی سچ کہتی تہی کاشکی یہہ پیالہ میری پاس نہ آتا اور ایسا ہی رنج ہوتا ہی بلکہ اس سی بہی بہت زیادہ جو شخص دنیا سی

من له علاقة بالدنيا فانهم معذبون بالحرص عليها والتعب العظيم فى تحصيلها والحسرة الشديدة عند فواتها
علاقہ رکہتی ہین یہہ لوگ بہی اوسکی حرص مین جلا کرتی ہین اور اوسکی لئی سخت محنت اوٹہاتی ہین اور اوسکی حسرت مین تڑپا کرتی ہین جب جاتی رہتی ہی

ولهذا قال بعض السلف من احب الدنيا فليوطن نفسه على تحمل المصائب فان محبتها لا تنفك عن ثلث مصائب
اور اسہی لئی بعض متقدمین کا قول ہی کہ جسنی دنیا کو دوست کیا تو اپنی جان کو مصیبتوں کی لئی تیار رکہی کیونکہ دنیا کا دوست تین مصیبتوں سی خالی نہین ہوتا

هم لازم وتعب دائم وحسرة لا تنقضى فلو لم يكن لمحبها من العذاب العاجل الا هذا يكفى له مصيبة فكيف اذا حيل
فکر ہر وقت کا اور تعب دایمی اور حسرت بی انتہا اگر دنیا کی دوست کو حال کا عذاب سوا آیندہ کی کچہہ نہوتا تو یہہ ہی مصیبت کافی تہی پہر کیا حال ہوگا جب بیچ مین

بينه وبين محبوباته ولذاته كلها بالموت وصار معذبا بنفس ما كان متلذذا به على قدر لذته التى شغلته عن
اور اوسکی تمام محبوبات اور لذات مین موت حایل ہوجاویگی اور عذاب دیکہیگا جتنی لذت اوٹہاتا تہا موافق اوسہی لذت کی جسنی زاد اخروی کی سعی سی روک رکہا تہا

سعيه فى طلب زاده ليوم معاده اذ لو كان لاحد الف محبوب ينزل به عند الموت فى وقت واحد الف مصيبة لانه
اسلئی کہ اگر کسیکی ہزار محبوب ہوں تو مرتی وقت ایکدم مین اوسپر ہزار مصیبتین پڑ جاوینگی کیونکہ اوسکی محبوب

كان يحب جميعها ويسلب عنه فى لحظة واحدة كلها ويبقى فى حسرة وندامة بعد موته وهذا اول ما يلقاه عقيب
محبوب تہی اور ایک لحظہ بہر مین سب سی جدا ہوگیا اور موت کی بعد حسرت اور ندامت مین پڑا رہیگا اور یہہ تو وہ الم ہی جو مرتی ہی پیش آویگا

مونه من الالم فضلا عما اعده الله تعالى من عذاب النار للذين استحبوا الحيوة الدنيا ورضوا بها والحاصل
علاوہ اوسکی جو اللہ تعالی نی دوزخ کا عذاب تیار کر رکہا ہی اونکی لئی جو دنیا کی زندگی دوست رکہتی ہیں اور پسند کرتی ہیں غرض یہہ ہی

ان من احب شيئا سوى الله تعالى ولم يكن محبته له لله تعالى ولا لكونه معينا له على طاعة الله تعالى يحصل
کہ سوای اللہ کی جو کسی شی کو محبوب رکہتا ہی اور اوسکی محبت واسطی اللہ کی نہو اور نہ اسلئی کہ وہ طاعت الہی پر امداد کرتی ہی تو اوسی ضرر حاصل ہوتا ہی

له به الضرر سواء ظفر به او لم يظفر فانه ان لم يظفر به يعيش بغصته ولا يستريح من التعب وان ظفر به
برابر ہی کہ وہ شی حاصل ہو جاوی یا نہ حاصل ہو کیونکہ اگر نہ ہاتہ آئی تو غصہ میں رہتا ہی اور تعب سی آرام نہیں پاتا اور اگر میسر آگئی

يكون ما حصل له من الالم قبل حصوله ومن الحسرة عليه بعد فواتها اضعاف اضعاف ما حصل له من اللذة ولو نال
تو میسر آنیسی پہلی کا الم جو ہو چکا اور بعد اوسکی گم ہونی کی حسرت جو لذت سی چند در چند ہوگی اور اگر آدمی کو

العبد كل حظ من حظوظ الدنيا وكل لذة من لذاتها ومضى عمره عليها ولم يسع فى تحصيل سعادة الاخرة يصير
دنیا کی تمام عیش اور دنیا کی ساری لذتیں میسر آئیں اور عمر اسی میں تمام کر دی اور سعادت اخروی کی تحصیل میں سعی نکی تو مرتی ہی

عند الموت كانه لم يظفر بشئ من حظوظها ولذاتها وتعود تلك الحظوظ واللذات عذابا له ويصير معذبا
گویا کچہہ نہ تہا نہ کوئی عیش تہا اور نہ کچہہ لذت تہی اور وہ ہی عیش اور چین عذاب ہو جاویگی اور دو وجہ سی عذاب

بنفس ما كان متنعما به من جهتين من جهة فوته مع شدة تعلق قلبه به ومن جهة عدم حصول ما هو انفع له
بہگتیگا جسکا آرام پاتا تہا اس جہت سی کہ وہ فوت ہوئی اور دلکو اوسی بڑا لگاؤ تہا اور اس جہت سی کہ جو بہت نافع

وادوم فالمحبوب الحاصل يفوت عنه والمحبوب الاعظم لا يحصل له فهذا اول ما يلحقه عقيب موته من
اور دوام کی لئی تہا حاصل نہوا سو محبوب اتنہ آیا ہوا جاتا رہیگا اور بڑا محبوب حاصل نہوگا یہہ تو وہ عذاب ہی جو مرتی ہی دوزخ کی عذاب سی پہلی

العذاب قبل عذاب النار لان الموت ليس بعدم محض وفناء صرف بل هو مفارقة الدنيا وقدوم على الله تعالى و
بہگتیگا اسلئی کہ موت عدم محض اور صرف فناء نہیں ہی بلکہ موت دنیا کی مفارقت ہی اور اللہ کی سامہنی ہونا اور

لا يبقى مع العبد عند الموت الا شيئان العلم والعمل وهما للعبد من المنجيات والباقيات الصالحات ويوصلانه
آدمی کی ساتہہ مرتی دم دو ہی چیزیں رہتی ہیں علم اور عمل اور یہہ کہ آدمی کو نجات دیتی ہیں اور نیک پس ماندہ ہیں اور اللہ تعالی کی

الى الله تعالى والى لذة لقائه وهذه هى السعادة التى تتعجل له عقيب الموت ويصير قبره روضة من رياض
دیدار کی لذت تک پہنچا دیتی ہیں اور یہہ ہی سعادت ہی کہ مرنی کی بعد جلدی سی حاصل ہوتی ہی اور اسکی گور ایک چمن بہشت کا بن جاتی ہی

الجنة الى ان يدخل اوان الرؤية فى الجنة والمراد بالعلم العلم بالله تعالى وصفاته وافعاله وملئكته وكتبه ورسله وسائر
یہاں تک کہ وقت جنت میں کی دیدار کا آجاتا ہی اور علم سی مراد علم معرفت الہی کا ہی اور صفات کا اور افعال کا اور فرشتوں کا اور کتابوں کا اور رسولوں کا

ما يجب العلم به من الاعتقاديات والعمليات والمراد بالعمل العبادة الخالصة لوجه الله تعالى الموافقة لكتاب
اور اور جو جو علم واجب ہیں اعتقادیات اور عملیات کا اور عمل سی مراد عبادت ہی جو خالص للہ اور کتاب اللہ

الله تعالى وسنة رسوله ثم كل من العلم والعمل لا يحصل الا ببقاء البدن وصحته وبقاؤه وصحته لا يتيسر الا
اور سنت رسول کی موافق ہو پہر کوئی علم اور عمل حاصل نہیں ہو سکتا بغیر باقی رہنی بدن اور تندرستی کی اور بدن کی بقا اور تندرستی نہیں میسر ہوتی

بالقوت واللباس والمسكن وكل منها يحتاج الى اسباب فالقدر الذى لا بد منه من هذه الثلثة ان اخذه
بدون کہانی پہنی اور گہر کی اور ان سبکی لئی اسباب چاہئی پہر وہ مقدار جو ان تینوں کی لئی کافی ہو اگر آدمی نی دنیا میں سی

العبد من الدنيا لاخرته لا يكون من ابناء الدنيا بل يكون الدنيا فى حقه مزرعة الاخرة فان الدنيا والاخرة
آخرت کی لئی لیا ہی تو یہہ شخص دنیا داروں میں نہیں ہی بلکہ دنیا اسکی حق میں آخرت کی کہیتی ہی کیونکہ دنیا اور آخرت

عبارتان عن حالتين من احوال الانسان فالقريب الداني يسمي دنيا وهو كل ما ينقضي لذته قبل الموت والمتاخر
انسان کی دو حالتیں ہوتی ہیں۔ سو اول حالت نزدیک کی دنیا کہلاتی ہی یعنی جسکی لذت موت سی پہلی ہو اور پچھلی حالت

المتاخر يسمي اخرة وهو كل ما لا ينقضي لذته بعد الموت فعلي هذا ان جميع ما يكون للانسان اليه ميل ويكون له
درنگ کی آخرت کہلاتی ہی یعنی جسکی لذت بعد موت کی تمام نہووی اس بیان کی موافق جو جو چیزیں کہ آدمی کو ادھر رغبت ہوتی ہی اور اونکا

حظ عاجل ليس بمذموم بل كل ما كان له فيه حظ عاجل قبل الموت ولا يبقي له ثمرته بعد الموت فهو من الدنيا في حقه
حظ ابھی ہی سب مذموم نہیں ہیں بلکہ جسمیں کہ ابھی حظ ہو دنیا موت سی پہلی اور اوسکا ثمرہ موت کی بعد نہ رہی وہ سب اوسکی حق میں دنیا ہی

وكل ما يكون له فيه حظ عاجل قبل الموت ويبقي ثمرته بعد الموت كالطاعات والعبادات وما يكون له اعانة عليها فهو
اور جسکا حظ ابھی موت سی پہلی ہو اور اوسکا ثمرہ موت کی بعد بھی باقی رہی جیسی طاعات اور عبادات اور جو اسباب عبادت کی مددگار ہیں سو وہ

ليس من الدنيا في حقه بل هو من الاخرة اذ روي انه عليه السلام قال حبب الي من دنياكم ثلث الطيب والنساء
اوسکی حق میں دنیا نہیں ہیں بلکہ آخرت میں داخل ہیں اسواسطی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا مجھکو تمہاری دنیا میں سی تین چیزیں محبوب ہیں خوشبو اور عورتیں

وقرة عيني في الصلوة فانه عليه السلام جعل الصلوة من جملة ملاذ الدنيا ولذلك اضافها اليها لان التلذذ بتحريك
اور ٹھنڈک میری آنکھوں کی نماز میں ہی اب نبی علیہ السلام نی نماز کو دنیا کی لذتوں میں ٹھہرایا اسہی لئی دنیا کی طرف نسبت کیا اسلئی کہ تلذذ ذاتہ ہاتھ پانو ہلانیکا

الجوارح في الركوع والسجود انما يكون في الدنيا وكل ما يدخل في الحس والمشاهدة فهو من عالم الشهادة فيكون من الدنيا
رکوع اور سجود میں دنیا ہی میں ہوتا ہی اور جو چیز محسوس اور مشاہد ہو آتی ہی موافق ارشاد کی سو وہ عالم ظاہری سی ہی دنیا ہی کی ہوگی

لكن لا يعد منها بل يعد من الاخرة لبقاء ثمرته يسرنا الله تعالي المجلس السادس والتسعون في بيان نهي من اكل
لیکن آخرت میں شمار ہوتی ہی کیونکہ اوسکا ثمرہ باقی رہتا ہی الہی ہمکو عمل موافق اپنی پسند کی آسان کر چھیانویں مجلس بیچ بیان ممانعت اوس شخصکی جو

ما فيه رائحة كريهة من دخول المسجد قال رسول الله صلي الله عليه وسلم من اكل من هذه الشجرة المنتنة فلا يقربن
بودار چیز کہاوی مسجد میں آنی سی رسول الله صلی الله علیہ وسلم نی فرمایا جو شخص اس درخت بدبو کی کہاوی تو ہماری مسجد کی نزدیک

مسجدنا فالملئكة تتاذي مما يتاذي منه الانس هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابو هريرة واسم الاشارة
ہرگز نہ آوی کیونکہ فرشتی ایذا پاتی ہیں جس سی آدمیوں کو ایذا ہوتی ہی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اور اسم اشارہ یعنی لفظ

الواقعة فيها اشارة الي جنس ما له رائحة كريهة والمعني ان من اكل شيئا مما له رائحة كريهة فلا يقربن مسجدنا والظاهر من
ہذہ جو اسحدیث میں آیا ہی اشارہ ہی طرف جنس بدبو کی اور مراد اس سی یہہ ہی کہ جو شخص بودار چیز کہاوی تو ہرگز ہماری مسجد کی نزدیک نہ آوی اور اضافت سی

الاضافة ان يكون المراد من المسجد مسجد النبي عليه السلام لكن الجمهور قالوا هو عام لكل مسجد لقوله عليه السلام
ظاہر یہہ ہی کہ مسجد سی مراد مسجد نبوی کا ہی صلی الله علیہ وسلم لیکن تمام علما کہتی ہیں کہ یہہ سب مساجد کی حق میں عام ہی اسلئی کہ ایک اور

في حديث اخر فلا يقربن المساجد بل الحقوا به كل مجمع الخير كمجلس العلم ومصلي العيد والجنازة وغيرها لوجود العلة
حدیث میں یوں آیا ہی وہ مسجدوں کی نزدیک نہ آوی بلکہ علماء نی تمام انبوہ خیر کو جیسی مجلس علم کی اور عیدگاہ اور جنازہ وغیرہ کو مساجد میں داخل کیا ہی کیونکہ علت

التي هي تاذي الملئكة والناس فيها ثم ان هذا ليس نهيا عن دخول المسجد وحضور الجماعة لان الجماعة سنة مؤكدة تشبه
موجود ہی یعنی ملائکہ کی اور آدمیوں کی تکلیف پھر یہہ مسجد میں آنی سی اور جماعت میں ملنی سی ممانعت نہیں ہوئی ہی اسلئی کہ جماعت سنت موکدہ واجب سی ملتی ہوئی ہی

الواجب فلا ينبغي تركها باستعمال ما يمنع من حضورها بل هو نهي عن تناول ما يمنع من دخول المسجد وحضور الجماعة
سو جماعت کا ترک کرنا ایسی چیز کی استعمال سی جو جماعت سی بند رکھی لایق نہیں ہی بلکہ یہہ ممانعت ہی ایسی چیز کی کہانی کی جو مسجد میں آنی اور حضور جماعت سی منع کری

وقد روي انه عليه السلام كان اذا وجد من رجل في المسجد ريح البصل او الثوم امر به فاخرج الي البقيع ولهذا قال
اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام اگر کسی شخص میں سی بو پیاز یا لہسن کی پاتی تو حکم کرتی کہ اوسکو بقیع میں نکال دیں اسہی لئی فقہاء کہتی ہیں

الفقهاء کل من وجد فیه رائحة کریهة یتاذی به الانسان یلزم اخراجه من المسجد ولو بجره من یده او رجله
جسمین سی ایسی بو آتی ہو کہ آدمیوں کو تکلیف ہوتی ہو اوسکا مسجد مین سی نکالدینا لازم ہی اگرچہ ہاتھہ یا پاؤن کھینچکر

دون اللحیة وشعر راسه فعلی هذا یلزم ان یمنع من قربات المسجد من یتناول الدخان الذی ظهر فی هذا الزمان
پر ڈاڑہی اور سر کی بال نہ کھینچی سو اس بیان کی موافق لازم ہی کہ مسجد مین آنی سی جو لوگ دہوان کھینچتی ہین یعنی حقہ نوش منع کئی جاوین کہ اس زمانہ مین

من قبل الکفرة العدوة لاهل الایمان وابتلی به کافة الانام من الخواص والعوام لکراهة رائحته اشد من کراهة
کفار کی طرف سی جو اہل ایمان کی دشمن ہین پیدا ہوا ہی اور تمام خلقت خاص اور عام اوسمین مبتلا ہوگئی ہین کیونکہ اسکی بو پیاز اور لہسن کی بوسی بدتر ہی

رائحة البصل والثوم بل یلزم اخراجه من المسجد ولو بجره من یده او رجله کما هو رای الفقهاء فی کل من یوجد
بلکہ اوسکا مسجد مین سی نکالدینا لازم ہی اگرچہ ہاتھہ یا پاؤن سی کھینچکر چنانچہ فقہاء کی یہہ ہی رای ہی ہر شخص مین کہ ایسی بو آتی ہو

فیه رائحة کریهة یتاذی به الخلق واما عند عدم اتیان المسجد فهل یحل استعماله کما یحل اکل البصل والثوم ام لا
کہ خلقت کو ایذا ہوئی اور جس صورت مین کہ مسجد مین نہ آوی تو آیا اوسکا استعمال حلال ہی یا نہین جیسی پیاز لہسن کہانا حلال ہی

لا شك انه لیس کالبصل والثوم لانهما من مصلحات الطعام ومما یکون للفقراء الغذاء والادام وهذه الدخان
اسمین کچھہ شک نہین کہ حقہ مثل پیاز اور لہسن کی نہین ہی کیونکہ پیاز لہسن سی تو کہانا سنورتا ہی اور فقرا کی لئی غذا اور سالن ہی اور حقہ مین ہرگز

لا یصلح لشیء من ذلك اصلا وقد کثر فیه الاقاویل والحق الذی علیه التعویل ان الفعل الاختیاری الصادر عن المکلف
کچھہ بہی نہین ہوسکتا اور اسمین گفتگو بہت ہی اور حق بات جسپر اعتماد ہی یہہ ہی کہ اختیاری کام جو آدمی عاقل بالغ سی عمل مین آوی

ان لم یترتب علیه فائدة دینیة او دنیویة فهو دائر بین العبث واللعب واللهو وفی کتاب اللغة لم یفرق بین هذه الثلثة
اگر اوسمین کوئی فائدہ دینی یا دنیوی نہین ہوتا تو وہ یا عبث ہی یا لعب ہی یا لہو ہی اور لغت کی کتابون مین ان تینون مین کچھہ فرق نہین

لکن لا بد من الفرق لعطف بعضها علی بعض فی القران وهو علی ما ذکره بعض العقلاء وکان حقیقا بالقبول ان العبث
بیان کیا لیکن فرق ضرور چاہیی کیونکہ قران مین ایک کو ایک پر عطف کیا ہی اور وہ فرق موافق ذکر بعضی علماء کی کہ قابل قبول کی ہی یہہ ہی کہ عبث وہ کام ہوتا ہی

الفعل الذی لیس فیه لذة ولا فائدة واما الذی فیه لذة بلا فائدة فهو لعب ومثله اللهو الا ان فیه زیادة حظ
جسمین نہ لذت ہوتی ہی اور نہ فائدہ اور جس کام مین لذت ہو بلا فائدہ وہ لعب کہلاتا ہی اور ایسا ہی لہو ہوتا ہی پر اسمین حظ نفس

النفس بحیث تشتغل به عما یهمها والکل حرام لانها لم تذکر فی القران الا علی طریق الذم فلما علم حرمة اللعب واللهو
زیادہ ہوتا ہی ایسا کہ اسمین ضروری کام رہ جاتی ہین اور یہہ سب حرام ہین اسواسطی کہ جہان قرآن مین آئی ہین سو بطریق ہجو کی آئی ہین پہر جب لعب اور لہو

والعبث علم حرمة استعمال الدخان لدخوله اما فی اللعب او العبث او فی اللهو بل هو بالعبث انسب لخلوه
اور عبث کی حرمت معلوم ہوئی تو حقہ کی بہی حرمت معلوم ہوئی اسلئی کہ حقہ یا لعب ہی یا عبث ہی یا لہو ہی بلکہ وہ عبث سی زیادہ مناسب ہی کیونکہ اسمین

عن اللذة التی فی اللعب او اللهو اللهم الا ان یستلذه نفوس بعض المستعملین له بتسویل شیطان فحینئذ یدخل فی
لذت نہین ہی یا الہی شاید کہ کسی حقہ پینی والی کو بسبب تسویل شیطانی کی کچھہ لذت آتی ہو اب لعب مین داخل ہوگا

اللعب او فی اللهو مع کونه عاریة عن الفائدة الدینیة وهو ظاهر وعن الفائدة الدنیویة ایضا لانه لا یصلح لشیء من
یا لہو مین باوجودیکہ فائدہ دینی سی خالی ہی یہہ تو ظاہر ہی اور فائدہ دنیاوی سی بہی کیونکہ ہرگز کچھہ نہین بن سکتا

الغذاء والدواء اصلا بل هو مضر لاتفاق الاطباء علی ان مطلق الدخان مضر قال ابن سینا لولا الدخان والقتام
نہ غذا اور نہ دوا بلکہ مضر ہی اسواسطی کہ تمام طبیب متفق ہین کہ مطلق دہوان یعنی سب مضر ہین شیخ ابن سینا کہتا ہی اگر دہوان اور گرد غبار نہوتا

لعاش ابن ادم الف عام وقال جالینوس اجتنبوا ثلثة وعلیکم باربعة ولا حاجة لکم الی الطبیب اجتنبوا الدخان والغبار والنتن
تو آدمی ہزار برس تک جیتا اور جالینوس کہتا ہی کہ تین چیز سی بچو اور چار چیز اپنی اوپر لازم کرلو اب تمکو طبیب کی حاجت نہوگی دہوین اور غبار اور بدبو سی بچو

وعليكم بالدسم والحلوى والطيب والحمام وذكر في القانون ان جميع اصناف الدخان مجفف بجوهره الارضي وفيه
اور چکنائی اور مٹھائی اور خوشبو اور حمام لازم کرلو اور قانون مین مذکور ہی کہ تمام قسم کی دہوئین اجزاء ارضی کی تاثیر سی خشکی کرتی ہین اور آسمین
نارية يسيرة قال بعض الفضلاء فاذا كان جميع اصناف الدخان مجففا يكون هذا الدخان مجففا للرطوبات البدنية
کچہہ تہوڑی نارية یعنی حرارت ہوتی ہی بعضی فضلاء کہتی ہین جب تمام قسم کا دہوان مجفف یعنی خشکی کرتا ہو تو حقہ رطوبات بدنیہ کو خشک کرتا ہوگا
فيكون موديا لحصول امراض كثيرة فلا يجوز استعماله لوجوب صيانة النفس عن لحوق الضرر وقد ذكر في نصاب الاحتساب
پہر تو اسی بہت ہی امراض پیدا ہونگی بس تو اسکا پینا جایز نہین ہی اسلئی کہ ضرر سی جان کا بچانا واجب ہی اور نصاب الاحتساب مین مذکور ہی
ان استعمال المضر حرام فان قيل بعض الاطباء قد يعالجون بعض الامراض ببعض اصناف الدخان ويشاهد نفعه
کہ مضر شی کا برتنا حرام ہی پہر اگر کوئی اعتراض کری کہ بعضی طبیب کبہی کبہی بعضی مرضون کا کسی قسم کی دہوین سی علاج کیا کرتی ہین اور اوسکا فائدہ ظاہر ہوتا ہی
فكيف يصح المنع عن استعمال جميع اصنافه فالجواب انهم يعالجون لحظة يسيرة لا على الدوام حتى يحصل ما ذكر من التجفيف فان
پہر ممانعت تمام قسم کی دہوئین سی کیونکر درست ہی سو جواب یہہ ہی کہ وہ دم بہر کی لئی علاج کرتی ہین ہمیشہ کی لئی نہین کرتی تاکہ اوسین خشکی پیدا ہوجاوی پہر اگر
قيل ما ذكر من التجفيف لا يضر في البلغمي لكثرة رطوباته وانتفاعه بتجفيفها فما وجه المنع عن هذا الدخان فالجواب
کوئی کہی کہ خشکی بلغمی مزاج والی کو ضرر نہین کرتی کیونکہ رطوبت بہت ہوتی ہی اور خشکی سی نفع ہوتا ہی اب حقہ کی ممانعت کی کیا وجہ ہی تو جواب یہہ ہی
ان حد الانتفاع به مجهول فلا بد من معرفة ذلك من طبيب حاذق عارف بالامزجة والقدر الذي ينتفع به والا فالاقدام
کہ انتفاع کی حد معلوم نہین ہی سو اسکا معلوم کرنا ایسی طبیب حاذق سی ہی جو مزاجونسی واقف ہو اور اوس مقدار کا معلوم کرنا جسمین نفع ہو ضرور چاہئی ورنہ اوسکا پینا
عليه حرام مطلقا لوقوع التردد بين السلامة وعدمها فان العدول ممن كان يستعمله قد اختلفوا فيه فمنهم من يقول بضرره
مطلق حرام ہی کیونکہ سلامتی اور عدم سلامتی مین تردد ہی بیشک عادل اشخاص جو حقہ پیتی ہین اختلاف کرتی ہین بعضا ضرر کا قایل ہی
ومنهم من يقول بعدم ضرره ومنهم من يشك فيه لكن الفريق الاغلب الذي جانب الحق اليه اقرب لمزيد ديانتهم يقول
اور کوئی کہتا ہی ضرر نہین کرتا اور کسیکو اسمین شک ہی لیکن فریق اغلب جنکی طرف باعتبار افزونی دیانت کی حق پایا جاتا ہی کہتا ہی
انه يحدث في ابتداء قوة في الجسم وحدة في البصر ونشاطا في الاعضاء وهضما في الطعام فاذا حصلت المداومة يورث
کہ ابتدا مین تو جسم مین قوت اور بینائی مین تیزی اور اعضا مین نشاط اور طعام مین ہضم پیدا کرتا ہی اور جب عادت پڑجاتی ہی تو بینائی پر
غشاوة في البصر وثقلا في الاعضاء وامساكا في الهاضمة وضعفا في البدن لانه كما قال الاطباء يجفف مع نوع حرارة
پردہ سا اور اعضا مین بوجہہ اور ہاضمہ مین امساک اور بدن مین سستی آجاتی ہی اسلئی کہ موافق قول طبیبون کی حرارت کی ساتہہ خشکی کرتا ہی
فيفعل في ابتدائه ما ذكروه اولا وفي انتهائه ما ذكروه اخرا على انه لو تحقق نفعه فبعد النفع يمنع من استعماله لانه حينئذ
سو اول اول تو وہی تاثیر ہوتی ہی جو اول بیان کیا اور انجام کو وہ ہی ہوتا ہی جو پہر بیان کیا علاوہ بریں ہی اگر نفع ثابت بہی ہو تو بعد نفع کی پینا منع ہی اسلئی کہ اب
يكون دواء ولا يجوز استعمال الدواء بعد زوال المرض لانه اذا لم يجد مرضا يزيله ياخذ من البدن الا ترى ان الخمر المحرمة بالنص
دوا ہوگا اور دوا کا استعمال کرنا بعد زوال مرض کی جایز نہین ہی اسلئی کہ جب مرض نہین ہوتا جسی دور کری تو بدن مین اثر کرتی ہی دیکہہ تو شراب قطعی حرام ہی اور قرآن
قد اخبر القران بنفعها كما قال الله تعالى يسئلونك عن الخمر والميسر قل فيهما اثم كبير ومنافع للناس واثمهما اكبر من نفعهما
سی اوسکا نفع ثابت ہی چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی تجہسی پوچہتی ہین حکم شراب اور جوئی کا تو کہہ انمین گناہ بڑا ہی اور فائدہ بہی لوگون کو اور انکا گناہ فائدی
لكن جانب النفع اذا قابله جانب الضرر يمحى جانب الضرر حتى قال الفقهاء لو كان في شيء وجوه كثيرة توجب الحل والجواز ووجه
سی بڑا ہی لیکن نفع کی جانب جب ضرر کی مقابل پر آتی ہی تو ضرر کا لحاظ کیا کرتی ہین یہان تک کہ فقہا کہتی ہین اگر ایک شی مین کئی وجہ حلت اور جواز کی ہون اور ایک
[illegible] يوجب الحرمة وعدم الجواز يرجح جانب الحرمة احتياطا ثم في معرفة حرمة الاشياء واباحتها وجه حسن يرجع الى
[illegible] جواز [illegible] حرمت [illegible] ہو تو احتیاط کی لئی حرمت کی جانب کو [illegible] ہر شی کی حرمت اور اباحت دریافت کرنی کی اچہی وجہ ہی کہ

الی الاصول وهو ان الحق فی الاشیاء قبل البعثة ان لا یکون فیها حکم وبعد البعثة اختلف العلماء فیها علی ثلثة اقوال

اوسکا اصولون کی طرف ہی یعنی حق یون ہی کہ اشیاء مین نبوت سی پہلی پہلی کسیطرح کا خاص حکم نہو اور بعد نبوت کی علماء کی مختلف تین قول ہین قول اول یہہ ہی

الاول انها متصفة بالحرمة الا ما دل دلیل الشرع علی اباحته والثانی انها متصفة بالاباحة الا ما دل دلیل الشرع علی

تو یہہ اختیار نہین ہی ہان اگر عورت پر کوئی واقعہ گذری اور خاوند اوسکو نہ پوچہہ دیوی تو اب مضایقہ نہین ہی کہ بی مرضی خاوند کی چلی جاوی اسلئی کہ علم کی تلاش

فیما یحتاج الیه فرض علی کل مسلم ومسلمة فیقدم علی حق الزوج وان سئل الزوج من العالم واخبرها بذلك لا یسعها

حاجت کی وقت ہر مسلم مرد اور عورت پر فرض ہی سو یہہ تلاش خاوند کی حق پر مقدم ہی اور اگر خاوند نی کسی عالم سی پوچہہ کر بتا دیا تو اب نکلنی کا اختیار نہین ہی

الخروج وان لم یقع لها نازلة لکن ارادت ان تخرج الی مجلس العلم لتعلم مسئلة من مسائل الوضوء والصلوة ان

اور اگر عورت کو کوئی واقعہ تو پیش نہیں آیا پر مجلس علم مین اسلئی جانا چاہتی ہی کہ کچہہ مسئلہ وضوء اور نماز کی سیکہہ لی اگر

کان الزوج یحفظ المسائل ویذکرها عندها فله ان یمنعها وان کان لا یحفظ فالاولی ان یاذن لها احیانا

اوسکا خاوند مسائل یاد رکہتا ہی اور اوسکو بتا دیتا ہی تو خاوند کو اختیار ہی کہ نجانی دی اور اگر اوسکو مسائل نہیں آتی تو بہتر ہی کہ کبہی کبہی جانی دیا کری

وان لم یاذن لا شئ علیه ولا یسعها الخروج ما لم یقع علیها نازلة وان خرجت من بیت زوجها بغیر اذنه یلعنها

اور اگر نہ جانی دیوی تو اوسکو کچہہ گناہ نہین ہی اور نہ اوسکو جانیکا اختیار ہی جبتک کوئی واقعہ پیش نہ آوی اور اگر وہ خاوند کی گہر مین سی اوسکی بی اجازت چلی جاوی

کل ملك فی السماء وکل شئ تمر علیه الا الانس والجن فخروجها من بیته بغیر اذنه حرام علیها قال ابن الهمام وحیث

تو آسمان و زمین کی فرشتی اور ہر شئی جسپر گذرتی ہی وہ لعنت کرتی ہین سوائی انسان اور جن کی سو عورت کا نکلنا خاوند کی گہر مین سی بی اجازت حرام ہی ابن ہمام کہتا ہی

ابیح لها الخروج فانما یباح بشرط عدم الزینة وتغییر الهیئة الی ما لا یکون داعیا الی نظر الرجال واستمالتهم قال الله تعالی

اور عورت کو جہان جانا مباح ہی تو بشرط نہونی زیب زینت کی ہی اور بدون ایسی صورت کی جس سی مردوں کو اوسکی دیکہنی کی رغبت ہو اور جاوی ہو اسلئی کہ اللہ تعالی فرماتا

ولا تبرجن تبرج الجاهلیة الاولی والتبرج علی ما ذکره فی الصحاح اظهار المراة زینتها ومحاسنها للرجال فالمراة کلما

اور دکہاتی نہ پہرو جیسی دیکہانا دستور تہا پہلی وقت نادانی کی اور تبرج موافق بیان صحاح کی عورت کا ظاہر کرنا اپنی زینت اور خوبی کو سامنی مردوں کی سو عورت جبتک

کانت مخفیة من الرجال کان دینها اسلم لما روی انه علیه السلام قال لابنته فاطمة ای شئ خیر للمراة قالت ان

مردوں سی پوشیدہ ہی تو اوسکا دین سلامت ہی اسلئی کہ نبی علیہ السلام نی اپنی بیٹی فاطمہ سی پوچہا عورت کی لئی کیا بات بہتر ہی عرض کیا

لا ترى رجلا ولا يراها رجل فاستحسن قولها وضمها اليه وقال ذرية بعضها من بعض وكان اصحاب
نہ وہ کسی مرد کو دیکھی اور نہ کوئی مرد اوسکو دیکھی اور آپنی اونکا قول پسند کر کر سینہ سی لگالیا اور فرمایا اولاد ایک کی ایک سی ہی اور اصحاب
النبي صلى الله عليه وسلم يسدون الثقب والكوى في الحيطان لئلا تطلع النساء على الرجال ورأى معاذ امرأته
نبی علیہ السلام کی دیواروں کی سوراخ اور جہروکی بند کردیا کرتی تہی تاکہ عورتیں مردوں کی سامنی نہ آوین اور معاذ نی اپنی بی بی کو دیکہا
تطلع في كوة فضربها فينبغي للرجل ان يفعل كذلك ويمنع امرأته عن مثل ذلك ثم ان كان في قلبها بدعة يزيلها
کہ سوراخ سی جہانکتی تہی سو اوسکو مارا اب مرد کو چاہی کہ ایسا ہی کیا کری اور اپنی بی بی کو ایسی حرکات سی منع کری پہر اگر عورت کی دل مین کوئی بدعت ہو دی تو دفع
ويلقنها اعتقاد اهل السنة والجماعة ويعلمها من احكام الصلوة والحيض والنفاس ما تحتاج اليه وان تساهلت
کردی اور اوسکو عقیدہ اہل سنت اور جماعت کا بتادی اور احکام نماز کی اور حیض اور نفاس کی جتنی حاجت ہو سکہادیوی اور اگر عورت دین کی
في امر الدين او كانت تاركة للصلوة يؤدبها لكن يتدرج في تاديبها فيقدم اولا الوعظ والتخويف بالله تعالى
باب مین سستی کری یا بی نماز ہووی تو اوسکو ادب دیوی لیکن آہستہ آہستہ ادب دیوی پہلی سمجہادی اور خدا سی ڈراوی
فان لم ينجع يولي اليها ظهره في المضجع او ينفرد عنها بالفراش ويهجرها الى ثلث ليال فان لم ينجع يضربها ضربا
اگر وہ نمانی تو سوتی ہوئی اوسکی طرف سی منہہ پہیر کر بیٹہہ کردی یا اوسی جدا سوئی اور تین رات تک چہوڑی رکہی پہر بی نہ مانی تو اوسکو اتنا ماری
غير مبرح ولا يضرب وجهها لورود النهي عنه فان لم ينجع يطلقها كما قال قاضيخان في فتاويه رجل له امرأة
کہ ہڈی نہ ٹوٹی اور منہہ پر نماری اسکی ممانعت آئی ہی پہر بہی نمانی تو طلاق دیدیوی چنانچہ قاضیخان اپنی فتاوی مین کہتا ہی ایک مرد ہی کہ اوسکی بی بی
لا تصلي يطلقها وان لم يكن له مال يوفي مهرها وقال البزازي لان يلقى الله تعالى ومهرها في عنقه اولى من
بی نماز ہی طلاق دیدی اگر چہ اتنا مال نہووی کہ اوسکا مہر پورا کردی اور بزازی کہتا ہی اگر مہر گردن پر لیکر اللہ سی ملی تو اس سی بہتر ہی کہ بی نماز عورت سی وطی کری
ان يطئ امرأة لا تصلي وقد مدح الله تعالى اسمعيل النبي عليه السلام بقوله وكان يامر اهله بالصلوة والزكوة
اور بیشک اللہ تعالی نی اسماعیل نبی علیہ السلام کی اس آیت مین مدح کی ہی اور حکم کرتا تہا اپنی گہر والون کو نماز اور زکوۃ کا
وقالوا حمل اهل بيته على الصلوة سبب لافتتاح باب الرزق وقال صاحب الخلاصة للزوج ان يضرب المرأة على
اور کہتی ہین اپنی اہل بیت کو نماز پر قایم کرنا سبب کشادگی دروازۂ رزق کا ہی اور خلاصہ والا کہتا ہی خاوند کو اختیار ہی کہ بی بی کو چار عادتون پر
اربع خصال وما هو في معنى الاربع احدها خروجها عن منزله بغير اذنه بعد ايفاء مهرها والثانية ترك الزينة
ماری یا کوئی اور بات ان چار کی مانند ہو ایک تو خاوند کی گہر سی بی اجازت باہر جانا بعد مہر لینی کی دوسری سنگار نہ کرنا
اذا اراد الزوج الزينة والثالثة ترك الاجابة اذا اراد الزوج الجماع وهي طاهرة والرابعة ترك الصلوة وبمنزلة
اگر خاوند کا دل سنگار کو چاہی تیسری کہانہ ماننا جسوقت خاوند جماع کا ارادہ کری اور وہ عورت پاک ہو چوتہی نماز نہ پڑہنی اور قایم مقام
ترك الصلوة ترك الغسل عن الجنابة والحيض ثم انه ان اراد ان يتزوج باخرى وعلم انه يعدل بينهما يجوز له ذلك
ترک نماز کی ہی جنابت یا حیض سی غسل نہ کرنا پہر مرد اگر اور عورت سی نکاح کیا چاہی اور جانی کہ مین دونو مین عدالت کرونگا تو یہہ امر جایز ہی
لكن ان لم يفعل فهو ماجور لتركه ادخال الغم عليها لاسيما اذا كانت امرأة صالحة فان صلاحها وعفتها نعمة عظيمة
لیکن اگر نکری تو ثواب پاویگا کیونکہ اپنی بی بی کو غم نہین دیا خاص ایسی صورت مین کہ وہ بی بی صالحہ ہو بیشک عورت کی صلاحیت اور عفت بڑی نعمت ہی
لا يكافيها شكر وان خاف انه لا يعدل بينهما لا يجوز له ان يفعل ذلك لان الله تعالى وان جعل له ذلك حلالا حيث
اسکا شکر ادا نہین ہو سکتا اور اگر یہہ خوف ہو دی کہ دونو مین عدالت نہو سکیگی تو دوسرا نکاح جایز نہین ہی اسلئی کہ اللہ تعالی نی اگر چہ حلال قرار دیا ہی چنانچہ
قال فانكحوا ما طاب لكم من النساء مثنى وثلث ورباع الا انه تعالى عقيب ذلك قال فان خفتم ان لا تعدلوا فو
فرمایا ہی تو نکاح کرو جو تمکو خوش آوین عورتین دو دو تین تین چار چار لیکن اسکی بعد فرماتا ہی پہر اگر ڈرو کہ برابر نرکہوگی تو ایک ہی بس ہی

فان

فان من كانت له امرأتان او اكثر يجب عليه ان يقسم ويعدل بينهن سواء كان صحيحا او مريضا فيكون عند

بیشک جسکی نکاح مین دو عورتین یا زیادہ ہون تو اوسپر واجب ہی کہ اونمین وقت کی تقسیم اور عدالت کری برابر ہی کہ اچھی بھلی ہو یا بیمار سو ہر ایک کی پاس

كل واحدة منهن يوما وليلة او ثلثة ايام ولياليها ولا يقيم عند احديهن اكثر من ذلك الا باذنهن والثيب و

ایک دن رات یا تین دن رات رہا کری اور کسی کی پاس اس سی زیادہ نہ رہا کری مگر اورون کی اجازت سی اور اس تقسیم وقت مین

البكر والمراهقة والبالغة والعاقلة والمجنونة والمسلمة والكتابية والصحيحة والمريضة سواء في القسم وكذا

رانڈ اور کواری اور قریب بجوانی اور جوان اور ہوشیار اور باؤلی اور مسلمہ اور کتابیہ اور اچھی بھلی اور بیمار سب برابر ہین اور ایسی ہی

الجديدة والعتيقة سواء في القسم عندنا سواء كانت الجديدة بكرا او ثيبا فانه ان اقام عند الجديدة ثلثة ايام

نئی اور پرانی تقسیم مین ہماری نزدیک برابر ہین برابر ہی کہ نئی باکرہ ہو یا رانڈ اگر چاہی کہ نئی کی پاس تین دن

او سبعة ايام يقيم عند العتيقة كذلك ولا يميل الى بعضهن لما روي انه عليه السلام قال من كانت له امرأتان

یا سات دن رہی تو پرانی کی پاس بھی وتنا ہی رہی اور کسی ایک کی طرف زیادہ میلان نرکھی کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جسکی نکاح مین دو جوروئین

فمال الى احدهما دون الاخرى وفي رواية ولم يعدل بينهما جاء يوم القيمة واحد شقيه ساقط يعني ان احد جنبيه

ہوئین پھر ایک طرف پیار رکھی سوا دوسری کی اور ایک روایت مین ہی اور دونون مین برابر نکری تو قیامت کی دن آویگا اور اوسکی ایک کروٹ گری ہوئی ہوگی مراد یہہ ہی کہ ایک

يكون مجروحا ساقطا بحيث يراه اهل العرصات ليكون له هذا زيادة في التعذيب فان الافتضاح اشد العذاب

کروٹ زخمی ہوگی گری ہوئی ایسا کہ اوس میدان والی سب دیکھین گی تاکہ یہہ اور زیادہ عذاب ہووی کیونکہ بیعزتی کا بڑا عذاب ہوتا ہی

لكن ينبغي ان يعلم ان القسم والعدل انما يجب في العطاء والمبيت دون الحب والوقاع لان الحب لا يدخل تحت الاختيار

لیکن جاننا چاہئی کہ تقسیم اور برابری خرچ دینی مین اور سونی مین واجب ہی محبت مین اور صحبت مین واجب نہین ہی اسلئی کہ محبت اختیاری نہین ہوتی

والوقاع يبتني على النشاط فلا يقدر على التسوية فيهما لما روي انه عليه السلام كان يقسم بين نسائه فيعدل ثم

اور صحبت کرنا نشاط پر موقوف ہی سو ان دونون مین برابری اختیار مین نہین ہی اسلئی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام اپنی ازواج مین عدالت سی تقسیم کرتی تھی

يقول اللهم هذا قسمي فيما املك فلا تلمني فيما تملك ولا املك قيل اراد به الحب لان عائشة رض كانت احب نسائه

پھر فرماتی الہی یہہ میری تقسیم ہی جسمین مین مختار ہون سو مجھکو ملامت نکرنا جسکا تو مالک ہی اور مین مالک نہین ہون کہتی ہین اس سی مراد ہی محبت اسلئی کہ عائشہ رض آپکو سب ازواج

اليه وكانت سائر نسائه يعرفن ذلك الا انه عليه السلام كان يقسم بينهن ويعدل في العطاء والبيتوتة حتى

سی زیادہ محبوب تہین اور تمام ازواج اس حال سی آگاہ تہین لیکن نبی علیہ السلام سب کو دینی مین اور سونی مین برابر برابر رکھتی تھی یہان تک

في مرضه الذي توفي فيه اذ روي انه عليه السلام كان يطاف به محمولا في مرضه في كل يوم وليلة فيبيت عند كل

کہ اوس مرض مین بہی جسمین وفات پائی اسلئی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام کو مرض کی اندر ہر روز و شب اوٹہائی پھرتی تہی پھر اونمین سی ایک ایک کی پاس شب باش ہوتی

واحدة منهن وكان يقول اين انا غدا فعلمت ازواجه انه يريد يوم عائشة فاذن له ان يكون حيث شاء فقا

تہی اور پوچھا کرتی کل کہان کی باری ہی سو ازواج مطہرہ سمجھ گئین کہ عائشہ کی باری پوچھتی ہین پھر سب نی اجازت دیدی کہ جہان چاہین رہین پھر آپنی

فقد رضيتن بذلك فقلن نعم قال حولوني الى بيت عائشة فكان في بيتها حتى مات عندها ومما يجب على الزوج من

پوچھا تم سب اسپر راضی ہو سب نی عرض کیا ہان فرمایا مجھکو عائشہ کی گہر لی چلو سو عائشہ کی گہر رہی یہان تک کہ اونکی پاس رحلت کی صلی اللہ علیہ وسلم اور ایک حق بی بی کا خاوند پر

حقها ان يؤدي اليها مهرها كاملا ان كان قادرا على ادائه وان لم يكن قادرا على ادائه ينوي ان يؤدي اليها اذا قدر

یہہ ہی کہ اوسکا مہر پورا ادا کردی اگر ادا کرسکتا ہی اور اگر ادا نہین کرسکتا تو ادا کرنی کی نیت رکھی جب طاقت پاوی اسلئی کہ اللہ تعالی فرماتا ہی

لانه تعالى قال واتوا النساء صدقاتهن نحلة اي فريضة من الله تعالى فان اعطاء النساء مهورهن مما فرضه الله تعالى

اور دی ڈالو عورتون کو مہر اونکی خوشی سی یعنی اللہ کا فرض کیا ہوا ہی بیشک عورتون کا مہر دیدینا اللہ تعالی نی ملت اور دین مین

في الملة والدين فمن نوى ان لا يؤدي اليها مهرها يجيء يوم القيمة زانيا لما روي انه عليه السلام قال ايما رجل تزوج
فرض کیا ہے پھر جسکی یہہ نیت ہووی کہ بی بی کا مہر ادا نکری تو قیامت کی دن زانیوں کی صورت مین آویگا اسلئی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ جو شخص عورت
امرأة على اقل من المهر او اكثر وليس في نفسه ان يؤدي اليها حقها لقي الله تعالى يوم القيمة وهو زان ولا يطلب منها
سی نکاح کری مقدار مہر کی کمتر پر یا اتنی زیادہ پر کہ ادسکا حق ادا کرنیکی قدرت نہو تو قیامت کی دن خدا کی سامنی ایسا ہوویگا جیسا زانی اور بی بی سی ادای مہر کی
المهلة لاداء مهرها الا ان يكون فقيرا او توجله المرأة طوعا لا كرها ولا يكلفها ان تهب له مهرها لان الله تعالى بعدما
لئی مہلت نہ مانگی ہان اگر کنگال ہو یا بی بی اپنی خوشی سی مہلت دیدی زوری سی نہین اور بی بی کو تکلیف نکری کہ بخشو الی اسواسطی کہ الله تعالی بعد اس آیت کی
قال وآتوا النساء صدقاتهن نحلة فان طبن لكم عن شيء منه نفسا فكلوه هنيئا مريئا فمعناه على ما في التيسير وانوار
اور دی ڈالو عورتون کو مہر اونکی خوشی سی بیشک فرماتا ہی پھر اگر وہ اوسمین سی کچہہ چھوڑ دین تمکو خوشی سی تو وہ کہاؤ رچتا پچتا سو اسکی معنی موافق تیسیر اور انوار
التنزيل انهن ان وهبنا لكم بعضا من الصداق عن غاية الرضا وطيب القلب بلا اكراه ولا افتداء من سوء العشرة فانتفعوا
التنزیل کی یہہ ہین کہ عورتین اگر تمکو کچہہ مہر مین سی اپنی عین رضامندی اور دلکی خوشی سی بی زور اور بی خوف بدمعاملگی کی بخشدین تو کہاؤ پیو
به بلا تبعة فعلم من هذا ان الاستكثار في الاستيهاب مكروه لانه تعالى كما جعل عقد النكاح بيد الزوج ان شاء
پیچہی نپڑو اس سی معلوم ہوا کہ بہت کچہہ کہہ کر بخشوانا مکروہ ہی اسواسطی کہ الله تعالی جیسی عقد نکاح کو خاوند کی اختیار مین رکہا ہی جاہی
يمسكها وان شاء يرسلها بلا اختيار منها كذلك جعل حلقة سلسلة المهر في رقبته وذمته فعقد النكاح يجرها اليه
عورتکو رکہی اور جاہی چہوڑ دی عورت کو کچہہ اختیار نہین ایسی ہی حلقہ مہر کی زنجیر کا اوسکی گردن مین اور ذمہ پر رکہا ہی سو عقد نکاح سی عورت کو خاوند
وسلسلة المهر تجره اليها فاستيهاب كل المهر ابطال لحقها وابقاء لحقه وفيه ترك المعادلة وهو نوع من الظلم ولا يطلقها
کہینچتا ہی اور مہر کی زنجیر سی عورت خاوند کو کہینچتی ہی سو تمام مہر کا بخشوا لینا اوسکی حق تلفی اور اپنا حق باقی رکہنا ہی اور اسمین بی انصافی ہی اور یہہ طرح کا ظلم ہی اور بی ضرورت
بغير ضرورة الا ان تكون سيئة الخلق فاسدة الدين تاركة الصلوة لان الطلاق وان كان مباحا لكنه من ابغض
بی بی کو طلاق ندی ہان اگر بدخو بددین بی نماز ہووی اسلئی کہ طلاق اگرچہ مباح ہی پر یہہ مباح الله کی ان
المباحات عند الله تعالى لما فيه من ايذاء للغير ولا يباح ايذاء الغير من غير ضرورة الا بجناية من جانبها فاذا عزم
بہت ناپسند ہی اسلئی کہ اسمین غیر کی ایذا ہی اور بی ضرورت کسیکو ایذا دینی مباح نہین ہی ہان اگر اوسکی کچہہ خطا ہووی پہر اگر کسی
على تطليقها بسبب الضرورة ينبغي له ان يراعي عدة امور احدها ان يطلقها في طهر لم يجامعها فيه لان الطلاق في الحيض
ضرورت سی طلاق کا ارادہ کری تو لایق یون ہی کہ کئی باتون کا لحاظ رکہی ایک یہہ کہ اوسکو ایسی طہر مین طلاق دلوی جسمین جماع نکیا ہو اسلئی کہ طلاق حیض مین
والطهر الذي جامعها فيه حرام والثاني ان يقتصر على طلقة واحدة ولا يجمع الثلث لانه بدعي قبيح والطلقة الواحدة
اور جس طہر مین کہ جماع کیا ہو حرام ہی دوسری یہہ کہ ایک ہی طلاق پہ اکتفا کری تین طلاق نہ جمع کر دی اسلئی کہ طلاق قبیح ہی اور ایک طلاق مین بہی
بعد انقضاء العدة تفيد المقصود مع انها ابعد من الندم لتمكنه من التدارك بالرجعة في العدة وتجديد النكاح بعد
بعد گذر جانی عدت کی مقصود حاصل ہوسکتا ہی باوجودیکہ ندامت سی بچہ ہی کیونکہ عدت کی اندر رجعت سی اور بعد عدت کی از سر نو نکاح سی تدارک کا اختیار
العدة واما اذا طلقها ثلثا فربما يندم ولا يمكنه التدارك الا بالحلة وعقد الحلة منهي عنه ويكون هو الساعي فيه
باقی رہتا ہی اور اگر اوسکو تین طلاق دین تو بعضی وقت شرمسار ہوتا ہی اور اوسکا تدارک بیحلالہ کی نہین ہوسکتا اور عقد حلالہ ممنوع ہی اور اس عقد کا یہہ ہی ساعی ہوگا
ويحتاج الى الصبر مدة مع كون قلبه معلقا بزوجة الغير يرجو ان يطلقها حتى تعود اليه بعد انقضاء عدتها وكل
اور مدت تک صبر کرنا پڑتا ہی اس حال مین کہ اسکا دل بیگانی بی بی سی لگا رہتا ہی اس امید پر کہ طلاق دی تو بعد عدت کی میری پاس آوی یہہ تمام خرابی
ذلك ثمرة الجمع وفي الواحدة يحصل المقصود من غير محظور والثالث ان يتلطف في تطليقها من غير عنف ولا استخفاف
طلاق جمع کرنیکا پہل ہی اور ایک طلاق مین بلا کراہت مقصود حاصل ہوتا ہی اور تیسری یہہ کہ طلاق دینی مین لطف برتی خشونت اور حقارت نکری

ويطلق

ویطیب قلبها بان یعطیها شیئا زایدا علی مهرها علی سبیل المتعة وهی درع وخمار وملحفة عوضا عن ایحاشها
اور اوسکا دل خوش کردے اسطور کہ مہر سے زیادہ کچھہ جوڑہ وغیرہ بطور متعہ کی یعنی کرتا اور دوپٹہ اور چادرہ وحشت اور رنج کی بدلہ مین دیدے

والرابع ان لا یفشی سرها ثم انه ان طلقها علی مال وهو خلع یکره له ان یاخذ ذلک المال ان کان النشوز من
اور چوتھی یہہ کہ اوسکا بھید نہ ظاہر کرے پھر اگر اپنی مال کی بدلہ طلاق دے جسے خلع کہتے ہین تو خاوند کو مکروہ ہے کہ اوس مال کو لیلے اگر بدخوئی ناسازگاری

جانبه لانه اوحشها بالارسال فلا یزید فی ایحاشها باخذ المال وقد قال الله تعالی وان اردتم استبدال زوج مکان
خاوند کی طرف سے ہی آئی کہ اوسکو چھوڑنے سے ایک تو رنج دیا پھر اوسکا مال لیکر وحشت نہ بڑہاوے اور اللہ تعالی فرماتا ہے اور اگر بدلا چاہو ایک عورت کی جگہ

زوج واتیتم احداهن قنطارا فلا تاخذوا منه شیئا فانه تعالی نهی عن اخذ الشیء الیسیر من القنطار الذی هو المال
دوسری عورت اور دے چکے ہو ایک کو ڈھیر مال تو پھیر نہ لو اوسمین سے کچھہ بیشک اللہ تعالی نے قنطار مین سے جو بہت مال ہوتا ہے تھوڑا سا بھی لینے سے منع کیا ہے

الکثیر فضلا عن الکثیر وان کان النشوز من جانبها یکره له ان یاخذ الزائد علی ما دفع الیه من المهر ثم انه ان
بہت لینے کا تو کیا بات ہے اور اگر ناسازگاری عورت کی جانب سے ہے تو اوس سے زیادہ لینا جو مہر اوسکو دے چکا ہے مکروہ ہے پھر اگر مرد نے

اکرهها علی الخلع والزمت ان تعطیه مالا للخلاص منه واسقطت ما علیه من المهر ونحوه یقع الطلاق بلا لزوم
اوسپر خلع کی زبردستی کی اور عورت نے اپنا پلہ چھڑانے کو مال لیا کہ مال دونگی یا جو خاوند کی ذمہ مہر وغیرہ تہا ساقط کردیا تو بدون لازم ہونے

ما التزمته من المال وبلا سقوط ما علیه من المهر ونحوه لان الرضا شرط فی لزوم المال وسقوطه والاکراه یعدم
مال مانی ہوئی کی اور بدون ساقط ہونے مہر وغیرہ کی جو خاوند کی ذمہ تہا طلاق پڑجاوے گی اسلئے کہ مال لازم ہوجانے مین اور ساقط ہونے مین رضامندی شرط ہے اور

الرضا علی ما بُیّن فی موضعه هذا الذی ذکر الی هنا ما کان علی الزوج من حقوق الزوجة واما ما کان علی الزوجة
زبردستی مین رضامندی نہین ہوتی چنانچہ اپنی جگہ مین بیان ہوچکا ہے یہان تک وہ حقوق بیان ہوئے جو بی بی کی حق خاوند کی ذمہ ہین اور رہے خاوند کی حقوق

من حقوق الزوج فالقول الشافی فیه ان النکاح نوع رق والزوجة رقیقة الزوج کما قال النبی علیه السلام
جو بی بی کی ذمہ ہین سو قول شافی اوسمین یہہ ہے نکاح غلامی کی قسم ہے اور زوجہ خاوند کی لونڈی ہوتی ہے چنانچہ نبی علیہ السلام نے فرمایا

النکاح رق فلینظر احدکم این یضع کریمته فانه علیه السلام بین فی هذا الحدیث ان الاحتیاط فی حقها اهم
کہ نکاح غلامی ہے سو تم دیکھہ لو کہ اپنی پیاری بچی کو کہان دیتے ہو بیشک نبی علیہ السلام نے اس حدیث مین بیان فرمایا کہ عورت کی حق مین احتیاط ضرور تر ہے

لکونها رقیقة بالنکاح لا مخلص لها بوجه من الوجوه الا بتطلیق الزوج واما الزوج فهو قادر علی الخلاص منها
کیونکہ وہ نکاح کی سبب سے لونڈی ہوجاتی ہے بدون خاوند کی چھوڑنے کسیطرح نہین چھوٹ سکتی اور رہا خاوند سو طلاق دیکر عورت سے آپ چھوٹ سکتا ہے

بتطلیقها فاذا کانت المرأة رقیقة الزوج یلزمها ان تصبر علی غیرته وترجو علی ذلک من الله الثواب فان ذلک
پھر جب عورت خاوند کی لونڈی ہوئی تو لازم ہے کہ خاوند کی غیرت پر صبر کرے اور اوسپر اللہ تعالی سے ثواب کی امیدوار رہے اور بیشک اوسکا یہہ ہی

جهادها لما ورد فی الحدیث ان جهاد المرأة حسن التبعل وهو حسن المعاشرة مع زوجها فعلیها ان تطیعه فی کل
جہاد ہے اسلئے کہ حدیث مین آیا ہے کہ عورت کا جہاد حسن تبعل ہے یعنی خاوند کی ساتھہ نیک گذران پس عورت کی ذمہ ہے کہ خاوند کی اطاعت کرے

ما یامرها مما لا معصیة فیه اذ قد ورد فی عظیم حقه علیها اخبار کثیرة من جملتها ما روی انه علیه السلام قال
جو کہے جسمین گناہ نہووے اسواسطے کہ حدیثین بہت وارد ہوئی ہین کہ خاوند کا بی بی پر بڑا حق ہے از انجملہ وہ کہ روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا

لو کنت امرا احدا ان یسجد لاحد لامرت المرأة ان تسجد لزوجها من عظم حقه علیها وقالت عائشة اتت فتاة
اگر مین کسیکو سجدہ کا حکم دیتا کسیکی لئے تو البتہ عورت کو حکم دیتا کہ خاوند کو سجدہ کیا کرے کیونکہ خاوند کا بی بی پر بڑا حق ہے اور عائشہ رضہ کہتی ہین ایک جوان عورت

الی النبی صلی الله علیه وسلم فقالت یا نبی الله انی فتاة اخطب فما حق الزوج علی الزوجة فقال النبی علیه السلام لو
نبی علیہ السلام کی پاس آئی عرض کیا اے نبی اللہ کی مین جوان عورت ہون نکاح کیا چاہتی ہون سو خاوند کا بی بی پر کیا حق ہے پس نبی علیہ السلام نے فرمایا

كان من قرنه الى قدمه صديدا فلحسته ما ادت شكره وقال ابن عباس اتت امراة الى النبي صلى الله عليه وسلم
اگر خاوند کی سر سی پانو تک پیپ بہتی ہو پہر بی بی چاٹ لی تو بہی اوسکا شکرادا نہین کیا اور ابن عباس کہتی ہین ایک عورت نبی علیہ السلام کی پاس آئی

وقالت یا نبی الله انی امراة ايم وانی اريد ان اتزوج فما حق الزوج على المراة فقال النبی علیه السلام من حق الزوج
عرض کیا یا نبی اللہ کی مین عورت بی خاوند ہون میرا ارادہ نکاح کا ہی سو خاوند کا بی بی پر کیا حق ہی ۔ نبی علیہ السلام نی فرمایا ایک حق خاوند کا

على المراة اذا ارادها فی نفسها وهی على ظهر البعير ان لا تمنعه ومن حقه ان لا تعطی شيئا من بيته الا باذنه
بی بی پر یہہ ہی کہ اگر خاوند اوسکی طرف رغبت کری اور وہ عورت اونٹ کی پیٹہ پر ہو تو انکار نکری اور خاوند کا ایک یہہ حق ہی کہ اوسکی گہر مین سی اوسکی بی اجازت

فان فعلت كان الوزر عليها والاجر له ومن حقه ان لا تصوم تطوعا الا باذنه فان فعلت جاعت وعطشت
کچہہ نہ دی اگر دیگی تو وہ گنہگار ہو گی اور ثواب خاوند کو ہو گا اور اوسکا حق یہہ ہی کہ نفل روزہ اوسکی بی اجازت نرکہی اگر روزہ رکہی گی تو بہوکی پیاسی مریگی

ولم يقبل منها ومن حقه ان لا تخرج من بيته الا باذنه فان فعلت لعنتها الملئكة حتى ترجع الى بيتها وروی
اور قبول نہو گا اور اوسکا حق یہہ ہی کہ اوسکی گہر مین سی بی اجازت باہر نجاوی اگر جاویگی تو جبتک ہپہر آویگی اوسکو فرشتی لعنت کیا کرینگی اور روایت ہی

انه عليه السلام قال انی رايت ليلة اسری بی امراة معلقة بلسانها فقلت يا جبرئيل ما شانها فقال انها
کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ معراج کی شب کو مین نی ایک عورت دیکہی کہ زبان کو مروڑتی ہی مین نی پوچہا یا جبرئیل اسکی کیا خطا ہی عرض کیا یہہ عورت

كانت تؤذی زوجها وجيرانها بلسانها ورايت امراة اخری معلقة بثديها وهی التی ترضع بغير اذن زوجها و
زبان سی اپنی خاوند اور ہمسایون کو ستاتی تہی اور ایک اور عورت دیکہی کہ اپنی پستان کہسوٹتی ہی وہ ایسی تہی کہ خاوند کی بی اجازت دودہ پلاتی تہی اور

رايت اخری معلقة برجليها وهی التی تخرج بغير اذن زوجها ورايت اخری معلقة بيديها وهی التی تفسد مال زوجها
ایک اور عورت دیکہی کہ اپنی پانو کہینچتی تہی وہ خاوند کی بی اجازت گہر سی چلی جاتی تہی اور ایک اور دیکہی کہ اپنی ہاتہہ کہسوٹتی ہی وہ وہ تہی کہ خاوند کا مال خراب کرتی تہی

نسخہ یا زبان سی لٹکائی ہوئی تہی

نسخہ یا پستان سی لٹکائی ہوئی تہی

نسخہ یا پانو سی لٹکائی ہوئی تہی یا ہاتہہ سی لٹکائی ہوئی تہی

وروی عن ابی هريرة انه عليه السلام قال اذا دعا الرجل امراته الى فراشه فابت فبات غضبان لعنتها الملئكة
اور ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جب کوئی مرد اپنی بی بی کو اپنی بستر پر بلاوی اور وہ نمانی پہر وہ مرد خفہ ہو کر سو رہی تو صبح تک فرشتی اوسپر لعنت

حتى تصبح وفی رواية انه عليه السلام قال والذی نفسی بيده ما من رجل يدعو امراته الى فراشه فتابی الا
کرتی ہین اور ایک روایت مین ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا قسم ہی اپنی مالک کی کہ جو مرد اپنی بی بی کو اپنی بستر پر بلاوی اور وہ نمانی تو

كان الذی فی السماء ساخطا عليها حتى يرضى عنها والحاصل ان اللازم لها ان تطلب رضاه ولا تمنع نفسها عنه
جو کہ آسمان مین ہی اوس سی بیزار ہو گا جبتک خاوند راضی ہو دی خلاصہ یہہ ہی کہ بی بی کو لازم ہی کہ خاوند کی رضا طلب کرتی رہی اور آپکو اوسکی حوالہ کر دی

ولا تتعلل بالحيض ولا تؤخر الاجابة بل تطيعه فور طلبه ان كانت طاهرة عن الحيض واما فی حال الحيض فتخبر
اور حیض کا بہانہ نکری اوسکی حکم پہیر پہر نہ رکہی بلکہ ترت کہتی ہی اطاعت کری اگر حیض سی پاک ہو دی اور حیض کی حالت مین اپنا حال

عن حالها وتلبس اخلاق ثيابها تقليلا لميل الزوج اليها ويستحب لها اذا دخل وقت الصلوة ان تتوضأ وتجلس فی
جتاوی اور پرانی کپڑی پہن لی تاکہ خاوند کا دل اودہر نہ لوبہاوی اور حائضہ کو مستحب ہی کہ جب نماز کا وقت آوی تو وضو کرکر گہر مین

مسجد بيتها وتسبح وتهلل قدر اداء الصلوة كيلا يزول عنها عادة العبادة وقد روی انه عليه السلام قال اذا استغفرت
نماز کی چبوتری پر جتنی دیر نماز کو لگتی ہی سبحان اللہ اور لا الہ الا اللہ پڑہا کری تاکہ عبادت کی عادت نہ جاتی رہی اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جب حائضہ عورت

الحائض فی وقت كل صلوة سبعين مرة كتب له الف ركعة وغفر لها سبعون ذنبا ورفع لها درجة واعطى لها بكل
ہر نماز کی وقت ستر بار استغفار پڑہتی ہی تو اوسکو ہزار رکعت کا ثواب ہوتا ہی اور ستر گناہ معاف ہو جاتی ہین اور اوسکا درجہ بڑہ جاتا ہی اور استغفار کی

حرف من استغفارها نور وكتب بكل عرق فی جسدها حج وعمرة وفی غير حال الحيض تلبس احسن ثيابها وتظهر
ہر ہر حرف کی بدلہ نور ملتا ہی اور بدن کی رگون کی شمار پر حج اور عمرہ لکہا جاتا ہی اور اگر پاک ہو تو اچہا لباس پہنا کری اور جہان تک ہو سکی

المودة الى زوجها ما استطاعت وتكون معطرة متنظفة في نفسها ومستعدة في الاحوال كلها لاستمتاع الزوج
خاوند سے پیار ظاہر کیا کرے اور خوشبو اور پاکیزہ اور ہر وقت خاوند کی تمتع کی لئے جب وہ خواہش کرے تیار رہا کرے

بها متى شاء وتكون قاعدة في قعر بيتها ملازمة لمغزلها من حين زفت اليه الى ان تزف الى القبر ولا تخرج من بيتها
اور گھر کی اندر تنہا بیٹھی رہا کرے اوس دن سے کہ خاوند کے ہاں گئی ہے یہاں تک کہ قبر میں جاوے اور گھر میں سے خاوند کی بے اجازت

الا باذن زوجها واذا خرجت باذنه تخرج مخفية في هيئة رثة وتطلب المواضع الخالية دون الشوارع والاسواق
نہ جایا کرے اور اگر باجازت جاوے تو چھپ کر بری صورت بناکر اور خالی اوجاڑ رستے کو جاوے بڑک اور بازاروں میں کو

ولا تخرج عطرة متبرجة ولا تتحدث مع رجل في الطريق لما روي ان عمر رأى امرأة مع رجل يتحدثان في الطريق
اور خوشبو لگاکر زیب زینت سے نہ جاوے اور رستہ میں کسی مرد سے بات نکرے کیونکہ روایت ہے کہ عمر رضی نے ایک عورت کو مرد سے رستہ میں بات کرتی ہوئی دیکھا

فضربهما بالدرة فقال رجل يا امير المؤمنين هي امرأتي فقال له عمر لو كانت امرأتك فلم لم تدخلها في بيتك
سو دونو کو تعزیر دی اوس مرد نے عرض کیا یا امیر المؤمنین یہہ میری بی بی ہے عمر نے جواب دیا اگر تیری بی بی ہے تو اپنے گھر میں کیوں نہیں بیٹھاتا

حتى لا يتهمك احد في الطريق ولا تخرج الى الحمام وان اذن لها زوجها لما روي عن عائشة انه عليه السلام قال الحمام
تاکہ رستہ میں تجھہ پر کوئی تہمت نہ لے اور حمام میں نہ جاوے اگرچہ خاوند اجازت دیدے کیونکہ عائشہ رض سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا حمام

حرام على نساء امتي فان اقتضت الضرورة الى دخولها في الحمام لعذر المرض والنفاس يشترط ان تدخل بمئزر ولا تكون
میری امت کی عورتوں پر حرام ہے اور اگر بسبب مرض یا نفاس کی حمام میں جانیکی ضرورت آگئی تو شرط یہہ ہے کہ ازار پہن کر جاوے اور حمام میں کوئی

فيه احد من النساء مكشوفة العورة ولا تخرج بزينة فاذا لم يوجد واحد من هذه الشروط لا يحل لها الخروج الى الحمام
عورت ننگی نہووے اور سنگار کرکر نہ نکلے اور ان شرطوں میں سے ایک بھی فوت ہووےگی تو حمام میں جانا حلال نہیں ہے

ولكن لا يحل لها الخروج الى المقابر لما ذكر في نصاب الاحتساب ان القاضي سئل عن جواز خروج المرأة الى المقابر فقال لا
اور ایسے ہی عورت کو گورستان میں جانا حلال نہیں کیونکہ نصاب الاحتساب میں مذکور ہے کہ قاضی سے کسینے پوچھا کیا عورت کو گورستان میں جانا جایز ہے جواب دیا

تسئل عن الجواز في مثل هذا وانما تسئل عن مقدار ما يلحقها من اللعن فانها لما نوت الخروج كانت في لعنة الله تعالى
اس باب میں جواز کو کیا پوچھتا ہے یہہ پوچھہ اوسپر کتنی لعنت پڑتی ہے کیونکہ عورت جب جانیکا ارادہ کرتی ہے تو خدا کی اور فرشتوں کی

وملئكته واذا خرجت تحفها الشياطين من كل جانب واذا اتت القبر يلعنها روح الميت واذا رجعت كانت في
لعنت میں ہوتی ہے اور جب چلی تو ہر طرف سے شیطان اوسکے ساتھہ ہوتے ہیں اور جب قبر پر پہنچی تو مردہ کی روح لعنت کرتی ہے اور جب ہٹتی ہے تو

لعنة الله تعالى وملئكته حتى تعود الى منزلها وفي الخبر ايما امرأة خرجت الى مقبرة يلعنها ملئكة السموات
اللہ تعالی کی اور فرشتوں کی لعنت میں ہوتی ہے جبتک اپنے گھر میں آوے اور حدیث میں ہے کہ جو عورت گورستان میں جاتی ہے تو اوسکو فرشتے ساتوں آسمان

والارضين السبع وتمشي في لعنة الله تعالى وايما امرأة دعت للميت بخير ولم تخرج من بيتها يعطيها الله تعالى
اور زمین کی لعنت کرتے ہیں اور خدا کی لعنت میں جاتی ہے اور جو عورت گھر میں بیٹھی ہوئی مردے کی حق میں دعاء خیر کرتی ہے تو اوسکو اللہ تعالی ثواب حج

ثواب حجة وعمرة وعن سلمان وابي هريرة انه عليه السلام ذات يوم خرج من المسجد فوقف على باب دار فاطمة فاتت
اور عمرہ کا دیتا ہے اور سلمان اور ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام ایک روز مسجد سے نکل کر اپنے گھر کی دروازہ پر ٹھہر گئے پھر حضرت فاطمہ رض آگئیں

فاطمة فقال لها من اين جئت قالت خرجت من منزلة فلانة التي ماتت فقال عليه السلام هل ذهبت
آپ نے فرمایا تو کہاں سے آئی عرض کیا فلانی عورت جو مرگئی ہے اوسکی گھر سے آئی ہوں پھر نبی علیہ السلام نے پوچھا کیا اوسکی قبر بھی گئی ہے

قبرها قالت معاذ الله افعل بعد ما سمعت منك فقال عليه السلام لو زرت قبرها لم تري تحفة الجنة
عرض کیا خدا کی پناہ کیا آپ سے سنکر جو سنا ہے ایسا کرتی پھر نبی علیہ السلام نے فرمایا اگر تو اوسکی قبر پر جاتی تو جنت کی بو نہ سونگھتی

وروي انه عليه السلام لما قدم المدينة خرج الى جنازة فراى النساء يتبعن الجنازة فقال لهن اتحملن معمن

اور روایت ہی کہ جب نبی علیہ السلام مدینہ مین آئی تو ایک جنازہ کی ساتھہ چلی پہر عورتون کو دیکہا کہ جنازہ کی پیچہی آتی ہین آپ نی اونسی پوچہا کیا تم سب کی ساتہہ

يحمل فقلن لا فقال عليه السلام اتصلين مع من يصلي فقلن لا فقال عليه السلام انصرفن مازورات

جنازہ اوٹھاؤ گی عرض کیا نہین پہر نبی علیہ السلام نی فرمایا کیا تم سب کی ساتہہ نماز پڑہو گی عرض کیا نہین پہر آپنی فرمایا گنہگار ہوکر بی ثواب جاؤ

غير ماجورات فدل ذلك على ان المراة لا يباح لها الخروج الى المقبرة ولا تشييع الجنازة بل يلزمها ان يكون من همتها

اس سی معلوم ہوا کہ عورت کو گورستان مین جانا جایز نہین ہی اور نہ جنازہ کی ہمراہ جایا کری بلکہ عورت کو لازم ہی کہ تمام ہمت

اصلاح شانها وتدبير منزلها ولا تدخل في بيت زوجها من يكره دخوله فيه من الرجال والنساء وتقدم حقه على

اپنا حال درست اور گہر کا کاربار کیا کری اور خاوند کی گہر مین کسی مرد یا عورت کو جسکا آنا خاوند ناپسند کرتا ہو نہ آنی دی اور اپنی اور تمام سکی سودہرونکی

حق نفسها وسائر اقاربها ولا ترفع صوتها فوق صوته ولا تجهر له بالقول ولا تكون منفعتها عن كسبه اذا

حق پر خاوند کا حق مقدم رکہی اور اپنی آواز خاوند کی آواز پر بلند نہ کری اور خاوند کی پیچہی چیخ کر نہ لگی اور اپنا خرچ خاوند کی حرام کمائی مین سی نکری

كان حراما اذ قد كانت النساء في السلف اذا خرج الرجل من منزله تقول له امراته وابنته اياك وكسب الحرام فانا

کیونکہ سلف کی عورتین ایسی تہین کہ جب مرد گہر مین سی باہر جاتا تو اوسکی جورو بیٹی کہدیتیان حرام کمائی سی پرہیز کرنا ہمیں بہوک پر صبر ہوسکتا ہی آگ پر

نصبر على الجوع ولا نصبر على النار وتكون قانعة من زوجها بما رزقه الله تعالى ولا تكلفه ما لا يطيقه ولا تدخل

صبر نہین ہوسکتا اور جو خدا تعالی نی خاوند کو رزق دیا ہی اوسپر قناعت کری اور خاوند کو طاقت سی زیادہ تکلیف ندی اپنی خرچ کا غم نڈالدی

غما في امر النفقة بل تكون صابرة متوكلة كما حكي ان رجلا من السلف هم بالسفر فكره جيرانه سفره فقالوا لزوجته

بلکہ صبر اور توکل پر رہی چنانچہ حکایت ہی کہ ایک شخص نی سلف مین سفر کا ارادہ کیا ہمسایون کو اوسکا سفر پسند نہ آیا ہمسایون نی اوسکی بی بی سی کہا

لم ترضين بسفره ولم يدع لك نفقة فقالت زوجي عرفته اكالا وما عرفته رزاقا ولي رزاق يذهب الاكال ويبقى

تو اوسکی سفر پر کیون راضی ہوگئی اور کچہہ تیری لئی خرچ نہین دی جاتا اوسنی جواب دیا مین اوسکو کہانی والا جانتی ہون رزاق نہین جانتی اور میری لئی رزاق اور ہی ہوا کال جاتا ہی

الرزاق ولا تتفاخر بجمالها بل تكون كما روي عن الاصمعي انه قال دخلت البادية فرايت امراة من احسن الناس وجها

اور رزاق باقی ہی اور اپنی جمال پر ناز نکیا کری بلکہ ایسی ہی جیسی اصمعی سی روایت ہی کہ وہ کہتا ہی کہ مین جنگل مین گیا تو مینی ایک عورت نہایت خوبصورت پاس

تحت رجل قبيح الوجه في الغاية فقلت يا عجبا مثلك تحت مثله فقالت يا هذا قد اخطات في قولك لعله احسن

ایک مرد نہایت بدصورت کی دیکہی مین نی کہا کیا عجب ہی تجہسی پری ایسی دیو کی پاس وہ بولی ای شخص تونی بیجا کہا شاید کہ اسنی اپنی خالق کی

فيما بينه وبين خالقه فجعلني ثوابه ولعلي اسات فيما بيني وبين خالقي فجعله عقوبتي افلا ارضى الله لي فمما

کوئی عبادت کی ہی سو مجہکو اوسکی لئی اوس عبادت کا ثواب ٹہرایا ہی اور شاید مجہسی اپنی خالق کی کوئی خطا ہوگئی ہی سو اسکو میری لئی عذاب مقرر کیا ہی پہر اللہ سی

يجب من حقه عليها ديانة ان تفعل كل خدمة في داخل الدار من الطبخ والخبز وغسل الثياب وغيرها حتى لو لم تفعل

کیون نہ پسند کرون اور جو حق خاوند کا بی بی پر ازروی دیانت کی واجب ہی یہہ ہی کہ گہر مین تمام کاروبار جیسی سالن روٹی پکانا کپڑی دہونی وغیرہ کیا کری یہان تک کہ اگر کچہہ

شيئا منها تكون اثمة وان لم تجبر عليها وترى تقصيرها في خدمته ولا تسال طلاق ضرتها لان لها ما قدر لها ولا

بہی نکری گی تو گنہگار ہوگی اگرچہ اسمین کچہہ اوسپر زور نہین ہی اور خاوند کی خدمت مین اپنی آپکو مقصر سمجہتی رہی اور اپنی سوکن کی طلاق خواہش نکری کیونکہ جو اوسکی قسمت کا ہی

تمنعه عن نكاح ثلث سواها لانه تعالى جعل له ذلك حلالا بشرط العدل حيث قال فانكحوا ما طاب لكم من النساء

سو ملیگا اور خاوند کو اور تین نکاح سی منع نکری کیونکہ اللہ تعالی نی اوسکو یہہ اختیار دیا ہی بشرط عدالت حلال ہی چنانچہ فرمایا ہی تو نکاح کرو جو تمکو خوش آوین عورتین

مثنى وثلث وربع فان خفتم الا تعدلوا فواحدة وتصبر على غيرة الضرائر راجية من الله تعالى الثواب كما صبرت

دو دو تین تین چار چار پہر اگر ڈرو کہ برابر نرکہو گی تو ایک ہی اور سوکنون کی رشک پر صبر کر کر اللہ تعالی سی امیدوار ثواب کی رہی جیسی نبی علیہ السلام کی

ازواج النبي عليه السلام حتى وهب سودة نوبتها لعائشة حين يئست وعلمت محبته عليه السلام لعائشة ولا
ازواج نی صبر کیا یہان تک کہ سودہ نی بڑہاپی مین اپنی باری عائشہ ؓ کو دیدی جب اوسکو عائشہ کی حق مین نبی علیہ السلام کی محبت معلوم ہوئی اور

تسال الطلاق من غير ياس وفاقة لما روي انه عليه السلام قال ايما امراة سالت زوجها الطلاق فحرام عليها
بیدون نا امیدی اور فاقہ کی طلاق نہ مانگی اسلئی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو عورت اپنی خاوندسی طلاق مانگی تو اوسپر جنت کی بو حرام ہی

رائحة الجنة ولا تظهر زينتها لغير زوجها ومحارمها لانه تعالى قال في حق المؤمنات ولا يبدين زينتهن
اور سوا اپنی خاوند اور محرمون کی اپنا سنگار نہ دکہاوی اسلئی کہ اسد تعالی نی مؤمنات کی حق مین فرمایا ہی اور نہ کہولین اپنی سنگار

الا لبعولتهن او اٰبائهن او اٰباء بعولتهن او ابنائهن او ابناء بعولتهن او اخوانهن او بني اخوانهن
مگر اپنی خاوند کی آگی یا اپنی باپ کی یا سسری یا اپنی بیٹی کی یا سوتیلی بیٹی کی یا اپنی بہائی کی یا اپنی بہتیجون کی یا اپنی بہانجون کی

او نسائهن والزينة ما تتزين به المراة من الثياب والحلي وغيرهما وهي ظاهرة وباطنة اما الظاهر فلا يجب
یا اپنی عورتون کی اور زینت وہ ہی جو عورت کپڑون اور زیور وغیرہ سی سنگار کرتی ہی اور زینت ایک ظاہر کی ہی اور ایک باطن کی ظاہر کی زینت کا چہپانا تو واجب نہین ہی

سترها ولا يحرم للاجنبي النظر اليها لقوله تعالى ولا يبدين زينتهن الا ما ظهر منها لكن اختلف فيها فقيل هي
اور اجنبی مرد کو اودہر دیکہنا بہی حرام نہین ہی بدلیل اس آیت کی اور نہ دکہاوین اپنا سنگار مگر جو کہلی چیز ہی لیکن اسمین اختلاف ہی کوئی کہتا ہی کہ زینت

الثياب وهذا قول ابن مسعود وقيل هي الكحل والخاتم وهذا قول ابن عباس وروي عن اصحابنا انه اراد بهما
ظاہری صرف کپڑی ہین یہہ قول ابن مسعود کا ہی اور کوئی کہتا ہی سرمہ اور انگوٹہی یہہ قول ابن عباس کا ہی اور ہماری علماء سی روایت ہی کہ ان دونو سی مراد

الوجه والكفين لان الكحل من زينة الوجه والخاتم من زينة الكف فلما ابيح النظر الى زينة الوجه والكف كان
چہرہ اور دونو ہاتہ ہین اسلئی کہ سرمہ چہرہ کی زینت ہی اور انگوٹہی ہاتہ کی زینت ہی جب چہرہ اور ہاتہ کی زینت کا دیکہنا مباح ہوا تو یہہ ہی

اباحة النظر الى الوجه والكف وهذا اذا كان النظر بغير شهوة واما اذا كان بالشهوة فلا يجوز الا عند العذر وهو
اباحت چہرہ اور ہاتہ دیکہنی کی ہی اور یہہ اباحت اوس صورت مین ہی کہ بغیر شہوت نظر کری اور اگر نگاہ شہوت سی ہووی تو جایز نہین ہی مگر عذر کی وقت اور وہ عذر

القضاء من القاضي والشهادة من الشاهد والعلاج من الطبيب وكذلك اذا اراد الرجل ان يتزوج امراة فيجوز
قضا قاضی کی ہی اور گواہی گواہ کی اور علاج طبیب کا اور ایسی ہی اگر کوئی مرد کسی عورت سی نکاح کا ارادہ کری تو اوسکو جایز ہی

له ان ينظر اليها لكن لا يجوز له ان ينظر اليها حاسرة ولا الى شئ مما هو عورة في حقه بل انما يباح له ان ينظر الى وجهها
کہ اوس عورت کو دیکہہ لی پر یہہ جایز نہین ہی کہ ننگی کر کر دیکہی اور نہ ایسا عضو جو اوسکی حق مین عورت ہو بلکہ اتنا ہی مباح ہی کہ فقط چہرہ

وكفيها فقط لانها ليست بعورة في حقه وذكر في شرح الكرخي ان النظر الى وجه الاجنبية ليس بحرام لكن يكره
اور دونو ہاتہ دیکہہ لی کیونکہ اوسکی حقمین عورت نہین ہی اور شرح کرخی مین مذکور ہی کہ اجنبی عورت کا مہنہ دیکہنا حرام نہین ہی لیکن بی ضرورت مکروہ ہی

بغير حاجة اذ لا يؤمن عن الشهوة وذكر في نصاب الاحتساب ان الحرة تمنع من كشف الوجه والكف والقدم فيما
اسلئی کہ شہوت کا ڈر ہی اور نصاب الاحتساب مین مذکور ہی کہ حرہ کو مہنہ اور ہاتہ پانؤ کہولنا جسپر اجنبی کی نظر پڑی منع ہی

يقع عليه نظر الاجنبي لانها لا تامن عن شهوة بعض الناظرين اليها الا ان يكون عجوزا فحينئذ يجوز النظر الى وجهها
کیونکہ یہہ ڈر ہی کہ بعضی دیکہنی والی شہوت سی نظر کرینگی ہان اگر بڑہیا ہو تو اب اوسکا چہرہ دیکہنا جایز ہی

ويحل مصافحتها عند الامن عن الشهوة لكن لا تخلو برجل شابا او شيخا لان الخلوة بالاجنبية وان كان معها غيرها
اور بی شہوت اوس سی مصافحہ کرنا بہی حلال ہی لیکن ہمراہ کسی مرد کی خلوت مین نہ جاوی جوان ہو یا بوڑہا اسلئی کہ خلوت اجنبی عورت کی ساتہہ اگر چہ اوسکی ساتہہ اور

من النساء مكروه كراهة تحريم لما روي عن ابن عباس [illegible] لا يخلون رجل بامراة الا ومعها محرم
عورتین ہون مکروہ تحریمی ہی کیونکہ ابن عباس سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا [illegible] خلوت مین ہووی مگر [illegible]

واما الزينة الباطنة فهي القرط والقلادة والدملج والخلخال واختلف في السوار فروي عن عائشة رض انها من
اور باطنی زینت بالی اور ہار اور بازوبند اور پازیب اور کنگن میں اختلاف ہی سو عائشہ رضی سی روایت ہی کہ کنگن

الزينة الباطنة وهو الاشبه لمجاوزتها الكف وهذه الزينة الباطنة يحرم ان ينظر اليها الاجانب لا المحارم
باطنی زینت میں ہی اور یہہ ہی ٹہیک معلوم ہوتی ہی اسواسطی کہ کف سی دور ہوتا ہی اور اس زینت باطنی پر اجنبی مرد پر نظر کرنا حرام ہی محرم کو حرام نہیں

لانه تعالى قد سوى في ذلك بين الزوج ومن ذكر معه فاقتضى ذلك اباحة النظر الى مواضع الزينة لهؤلاء المذكورين
اسواسطی کہ اللہ تعالی نی اس بات میں خاوند کو اور جو اوسکی ساتہہ آیت میں مذکور ہیں سبکو برابر کردیا ہی یعنی ان لوگوں کو موضع زینت پر نظر کرنی مباح ہی

كما صح للزوج والمراد من نسائهن المؤمنات قال ابن عباس رض ليس للمسلمة ان تتجرد بين نساء اهل الذمة ولا تبدي
جیسی خاوند کو جایز ہی اور مراد نسائهن سی مؤمنات ہیں ابن عباس رض کہتی ہیں مسلمہ کو جایز نہیں ہی کہ اہل ذمہ کی عورتوں میں کپڑی اوتاری اور کافر عورت کی

للكافرة الا ما تبدي للاجانب الا ان تكون امة لها ان تظهر زينتها الباطنة للاجانب فانها ان اظهرها لهم لا يكون لها
سامنی وہی ظاہر کری جو اجنبی مرد کی لئی جایز ہی ہاں اگر لونڈی ہو تو اوسکو جایز ہی کہ اپنی باطنی زینت اجنبی مرد سی ظاہر کردی لونڈی اگر باطنی زینت اجنبی مرد کو دکہاویگی تو حرام

حرمة كما روي عن ابي بكر الاعمش انه خرج الى بعض الرستاق وكانت النساء على شط النهر كاشفات الرءوس والذراع
نہیں ہی چنانچہ ابو بکر اعمش سی روایت ہی کہ وہ کسی شہر میں گیا وہاں عورتیں نہر کی کنارہ پر سر ننگی اور باہیں کہولی ہوئی تہیں

وهو جعل يخالطهن ولا يتحامى عن النظر اليهن فقيل له كيف فعلت هذا فقال لا حرمة لهن انما اشك في ايمانهن
اور یہہ اونکی ساتہہ مل رہا تہا اور اونکی دیکہنی سی پرہیز نہیں کرتا تہا کسینی اوس سی کہا تو نی یہہ کیا کیا جواب دیا انکی حرمت نہیں ہی مجہکو انکی ایمان میں شک ہی

كلهن حربيات وروي عن عمر انه هجم في المدينة على نائحة وضربها بالدرة حتى سقط خمارها فقيل له يا امير المؤمنين
یہہ تمام حربی عورتیں ہیں اور عمر رض سی منقول ہی کہ وہ مدینہ میں کسی نوحہ کر عورت کو جا پکڑا اور درہ سی اتنا مارا کہ اوڑہنی اوتر گئی کسینی کہا یا امیر المؤمنین

قد سقط خمارها فقال لا حرمة لها في الشريعة فقوله لا حرمة لها في الشريعة قيل معناه انها لما اشتغلت بما لا يحل
اسکی اوڑہنی اوتر پڑی ہی جواب دیا اسکی شریعت میں کچہہ حرمت نہیں ہی پس اس عبارت سی کہتی ہیں مراد یہہ ہی کہ جب اس عورت نی ایسا کام کیا جو

في الشريعة اسقطت حرمة نفسها والتحقت بالاماء فلا يلزم الاحتراز عن النظر اليها

المجلس التاسع والتسعون والمائة

شریعت میں حلال نہیں ہی تو اسنی اپنی حرمت آپ کہو دی لونڈیوں میں مل گئی سو اسکی دیکہنی سی احتراز ضروری نہیں ہی ننانویں مجلس اس حدیث کی بیان میں

في بيان قوله عليه السلام استوصوا بالنساء الخ قال رسول الله صلى الله عليه وسلم استوصوا بالنساء خيرا
اچہی وصیت کرو عورتوں کی حق میں آخر تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا عورتوں کی باب میں اچہی وصیت پکڑو

فان المراة خلقت من ضلع فان اعوج شيء في الضلع اعلاه فان ذهبت تقيمه كسرته وان تركته لم يزل اعوج
کیونکہ عورت پسلی سی پیدا ہوئی ہی بیشک پسلی میں ٹیڑہی جگہہ اوپر کی ہی اگر تو اوسکو سیدہی کرتا ہی تو توڑ دیگا اور اگر اوسی حال پر رکہا تو ٹیڑہی رہیگی

هذا الحديث منه رواه ابو هريرة ومعنى الاستيصاء قبول الوصية فكانه عليه السلام قال اني اوصيكم بالنساء
یہہ حدیث بقیہ سہا کا ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اور معنی استیصاء کی وصیت قبول کرنی سو گویا نبی علیہ السلام نی یہہ فرمایا میں تمکو عورتوں کی باب میں

خيرا فاقبلوا وصيتي فيهن واعملوا لهن خيرا ولا تغضبوا عليهن اذا فعلت فعلا غير مرضي عندكم ما لم تكن فيه
اچہی وصیت کرتا ہوں اونکی حق میں میری وصیت پوری کرو اور اونکی ساتہہ بہلائی کرو اور اگر تمہاری خلاف مرضی کوئی کام کر بیٹہیں تو اوپر غصہ مت کرو جبتک اوس کام میں

اثم فانهن خلقن من شيء اعوج وهو الضلع لما ثبت في الاخبار ان اول النساء وهي حوا خلقت من ضلع آدم النبي
گناہ نہو کیونکہ عورتیں ٹیڑہی چیز سی پیدا ہوئی ہیں یعنی پسلی سی پسلی کہ حدیثوں سی ثابت ہی کہ پہلی عورت یعنی حوا آدم نبی علیہ السلام کی پسلی سی پیدا ہوئی ہی

كما قال الله تعالى خلقكم من نفس واحدة وخلق منها زوجها فيكون في هذا الحديث اشارة الى المراة خلقت خلقا
چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی بنایا تمکو ایک جان سی اور اوسی سی بنایا اوسکا جوڑا سو اس حدیث میں یہہ اشارہ ہی کہ عورت کی ایسی پیدایش ہی

فيه اعوجاج لا يستطيع احد ان يقيمها او يغيرها عما خلقت عليه فلا ينكر اعوجاجها لانها من ابتداء خلقتها

کہ جسمین کجی ہی کسیکی بہہ طاقت نہین ہی کہ اوسکو سیدہ ہی کردی یا اوسکی عادت بدلدی سو اوسکی کجی برکا نہین ہی کیونکہ ابتداء پیدائش

واصل فطرتها ركب فيها الاعوجاج فلا يمكن الانتفاع بها الا بمداراتها والصبر على اعوجاجها اذ لو شرعت ان تقيمها

اور اصل فطرت سی عورت کی ذات مین کجی داخل ہی سو عورت سی منفعت حاصل کرنی بدون مدارات کی اور اوسکی کجی پر صبر کرنیکی نہین ہوسکتی اسلئی کہ تو اوسکو راست

وتجعلها مستقيمة في افعالها واقوالها لا يمكنك الانتفاع بها بل يؤدي الى كسرها وهو طلاقها فلما علم من هذا

درست کیا چاہی اور تمام افعال اور اقوال مین سیدہ ہی بنادی تو ممکن نہین کہ تو اوس سی نفع لی سکی بلکہ آخر کو ٹوٹ جاویگی یعنی طلاق ہوگی پہر جب اس حدیث سی عورتون

الحديث حال النساء في ابتداء خلقتهن لزم للرجل حسن المعاملة معهن ورعاية حقوقهن والانفاق عليهن بالمعروف

کی ابتداء پیدائش کا حال معلوم ہوا تو مرد کو لازم ہی کہ انکی ساتہہ معاملہ نیک اور حقوق کی رعایت کیا کری اور انکا خرچ اچہی طرح اوٹہادی

اذ قال الفقهاء يجب على الرجل نفقة زوجته سواء دخل بها او لم يدخل بها وسواء مسلمة او ذمية او فقيرة او غنية

اسواسطی کہ فقہاء کہتی ہین کہ خاوند پر بی بی کا خرچ واجب ہی خواہ وطی کی ہو یا نہ کی ہو اور برابر ہی کہ وہ مسلمہ ہو یا ذمیہ ہو یا کنگال ہو یا تونگر

لان غناها لا يبطل حقها في النفقة سواء كانت كبيرة او صغيرة قابلة للوطي وان لم تكن قابلة للوطي لا يجب عليه

اسلئی کہ تونگری سی اوسکا حق نفقہ کا باطل نہین ہوتا خواہ بالغہ ہو یا نابالغہ قابل وطی کی ہو اور اگر قابل وطی کی نہو تو خرچ واجب نہین

نفقتها والنفقة الواجبة الطعام والكسوة والسكنى على ما روى عن هشام انه قال سالت محمدا عن النفقة فقال هي الطعام

ہی اور نفقہ واجب کہانا ہی اور کپڑا اور رہنی کا گہر موافق روایت ہشام کی کہ وہ کہتا ہی مین نی محمد سی مقدار نفقہ کی پوچہی جواب دیا کہانا

والكسوة والسكنى اما الطعام فالدقيق والماء والحطب والملح والدهن فان قالت المرأة لا اطبخ ولا اخبز قال قاضيخان في

اور کپڑا اور رہنکا گہر کہانی مین تو آٹا اور پانی اور ایندہن اور نمک اور روغن پہر اگر بی بی کہی کہ مین سالن روٹی نہین پکاتی تو قاضیخان اپنی

فتاواه لا تجبر على الطبخ والخبز بل على الرجل ان يأتيها بطعام مهيئا او يأتيها بمن يعمل لها عمل الطبخ والخبز هذا في القضاء و

فتاوی مین کہتی ہین سالن روٹی پکانی پر زبردستی نہ ہی بلکہ خاوند کا ذمہ ہی کہ پکا پکایا دیا کہانا حاضر کیا یا ایسا آدمی دی کہ اوسکی لئی سالن روٹی تیار کیا کری

اما في ديانة فيجب عليها ان تفعل كل خدمة في داخل الدار من الطبخ والخبز وغسل الثياب وغيرها حتى لو لم تفعل شيئا

اور بہی دیانت سو عورت کو واجب ہی کہ گہر کی اندر کی تمام کاروبار سالن روٹی پکانا کپڑی دہونی وغیرہ سب کیا کری اگر کچہہ بہی نہ کیا کریگی

منها تكون اثمة وان لم تجبر عليها وان كان لها خادم يجب على زوجها نفقة خادمها ان كان الخادم يطبخ ويخبز لان نفقته

تو گنہگار ہوگی اگرچہ اوسپہ کچہہ زور نہین ہی اور اگر بی بی کی پاس کوئی خادم ہو تو خاوند پر اوس خادم کا خرچ بہی واجب ہی اگر وہ خادم سالن روٹی پکاتا ہو اسلئی کہ

في مقابلة خدمته واذا لم يطبخ ولم يخبز لا يجب عليه نفقته بخلاف المرأة فان نفقتها ليست في مقابلة الخدمة بل في

اسکا خرچ بعوض خدمت کی ہی اور اگر سالن روٹی نہ پکاوی تو اوسکا خرچ نہین بخلاف عورت کی کیونکہ بی بی کا خرچ بعوض خدمت کی بدلہ نہین ہی بلکہ

مقابلة الاحتباس فقد حبست نفسها لحق زوجها فكانت نفقتها على زوجها وينبغي ان يوسع عليها في النفقة اذا وسع الله

رک رہنی کی بدلہ ہی سو وہ اپنی تئین خاوند کو دی چکی اب اوسکا خرچ خاوند کی ذمہ ہی اور لایق ہی کہ جب اللہ تعالی خاوند کو وسعت دی تو عورت کا خرچ

تعالى عليه ويعتدل فيها بلا تقتير ولا اسراف اذ قال الله تعالى كلوا واشربوا ولا تسرفوا واهم ما يجب عليه ان يطعمها من

بہی زیادہ کری اور بدون کمی زیادتی کی اعتدال پر رکہی کہ اللہ تعالی فرماتا ہی کہ کہاؤ اور پیو اور مت اوڑاؤ اور ضروری خاوند پر بہہ ہی کہ اوسکو

الحلال ولا يدخل مداخل السوء لاجل نفقتها فان ذلك خيانة عليها لا رعاية لحقها وينبغي له ان يامرها بالتصدق

حلال کہانا کہلاوی اور اوسکی خرچ کی لئی برا طریقہ یعنی چوری چکاری نہ اختیار کری کیونکہ یہہ اوسکا حق تلفی ہی اوسکی حق کی رعایت نہین ہی اور خاوند کو چاہئی کہ اجازت دی

ببقايا الطعام وما يفسد لو ترك واما الكسوة فقد قدرها محمد بدرعين وخمارين وملحفة في كل سنة والمراد بالدرع

بچتا کہانا اور ایسی چیز جو رکہی رکہی بگڑ جاوی خیرات کر دیا کری اور کپڑی کا اندازہ امام محمد نی یہہ کیا ہی کہ دو کرتی اور دو اوڑہنی اور ایک چادر ہر سال اور مراد کرتہ

والخمار صيفيا وشتويا فالصيفي ما يكون رقيقا يصلح في زمان الحر والشتوي ما يكون ثخينا يصلح لدفع البرد ونعم يلبس
اور دوا اوڑہنی سی گرمی جاڑی کی ہین گرمی کا باریک ہو جو گرمیون مین کام آدی اور جاڑی کا وہ جو گاڑہا ہو جسمین سردی دور ہو اور موزی
الخف والكعب لان ذلك انما يحتاج اليه للخروج وليس على الزوج تهيئة اسباب الخروج ولم يذكر السراويل ولا بد منه في الشتاء
اور جوتی کا ذکر نہین کیا اسلئی کہ انکی حاجت باہر جانیکی لئی ہوتی ہی اور خاوند کی ذمہ نہین ہی کہ باہر پہرنیکا سامان تیار کیا کری اور ازار کا بہی ذکر نہین کیا اور ازار جاڑی مین
حتى قال قاضيخان في فتاواه هذا في عرفهم واما في ديارنا فيجب السراويل وثياب اخر كالجبة والفراش الذي تنام عليه
ضرور چاہئی یہان تک کہ قاضی خان نی اپنی فتاوی مین کہا ہی یہہ اونکا چلن ہی اور ہمارا ملک سو ازار بہی واجب ہی اور اور کپڑی جیسی جبہ اور بچہونا جسپہ سووی
واللحاف وما يدفع الحر والبرد ويجب لخادمها قميص وازار وكسد وخف لانها تحتاج الى الخروج للمصالح الخارجة من الرسالة
اور لحاف اور اور جس سی گرمی جاڑا دفع ہو اور خادم کی واسطی قمیص اور ازار اور چادر اور جوتی واجب ہی کیونکہ خادم کو باہر کی کاروبار کی واسطی باہر جانی کی حاجت ہی
الى الابوين ونحو ذلك ولا يجب لها الخمار لان شعرها ليس بعورة واما السكنى فحقها في الدار بيت على حدة تامن على متاعها
جیسی بی بی کا ماں باپ کی پاس بہیجنا اور مانند اسکی اور اسکی لئی اوڑہنی واجب نہین ہی کیونکہ اوسکی سر کی بال عورت نہین ہین اور رہنی کا گہر سو اوسکا حق احاطہ کی اندر الگ کوٹہا ہی اپنی اسباب کی حجرہ
ولا تستحي عن غيرها في معاشرة زوجها فان كان للزوج احماء من والدة او اخت او ولد من غيرها فقالت اجعلني في بيت على
بی فکر رہی اور خاوند کی ساتہہ رہنی مین غیر سی حیا نہ آوی پہر اگر خاوند کی احیا فی بہائی ہوں یا بہن ہو یا اور بی بی کا اولاد ہو اور بی بی کہی مجہکو اور گہر تجویز کر دی
حدة كان لها ذلك لانها لا تامن على متاعها وتستحي عن المعاشرة مع زوجها ان كان البيت في الدار واحدا وان كان متعددا
تو بی بی کا حق ہی اسلئی کہ چیز بست کا ڈر رہتا ہی اور خاوند کی ساتہہ رہنی مین حیا آتی ہی اگر وہ کوٹہا احاطہ مین ایک ہی ہووی اور اگر کئی کوٹہی ہون
فاعطاها بيتا يغلق ويفتح لم يكن لها ان تطلب بيتا اخر ان لم يكن في الدار من احماء الزوج من يؤذيها الا ان يكون
اور اسکو ایسا کوٹہا حوالہ کیا جسمین کہولنی بند کرنیکا بلا شرکت اختیار ہو تو اب اسکا حق نہین کہ اور گہر مانگی اگر اوس احاطہ مین خاوند کی بہائی بند ستانیوالی نہون مگر اوس صورت مین
الزوج يضربها ويؤذيها فشكت الى القاضي وسئلت ان يسكنها بين قوم صالحين يعرفون احسانه واساءته فالقاضي
کہ خاوند اوسکو مارتا اور ستاتا ہو اور وہ قاضی کی پاس فریاد کر کر یہہ کہی کہ مجہکو بہی صالح قوم مین مکان دی کہ اسکی بہلائی برائی دیکہتی رہین پہر قاضی کو
ان علم ان الامر كما قالت يزجره عن ذلك ويمنعه عن التعدي وان لم يعلم ان الامر كما قالت ينظر الى جيران الدار فان كانوا
اگر یقین ہو کہ عورت سچی ہی تو خاوند کو دہمکا دی اور تعدی سی منع کر دی اور اگر یقین نہو کہ عورت سچی ہی تو اوسکی گہر کی ہمسایوں کو دیکہی اگر وہ
قوما صالحين يسئلهم هل هذا الامر كما قالت فان قالوا ان الامر كما قالت يزجره عن ذلك ويمنعه عن التعدي وان قالوا
قوم صلحا ہوں تو اونسی یہہ حال جو عورت بیان کرتی ہی دریافت کری پہر اگر وہ گواہی دین کہ عورت سچی ہی تو خاوند کو دہمکا دی اور تعدی سی منع کر دی اور اگر وہ
